ہزاروں مسائل شرعیہ کا
بیش بہا خزانہ

فتاویٰ اجملیہ

بدرالفقہاء حضرت علامہ مفتی شاہ
مولانا محمد اجمل قادری رضوی علیہ الرحمۃ

مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِى الدِّيْنِ ؕ الحدیث

اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اُسے دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے۔

ہزاروں فتاویٰ پر مشتمل مسائل شرعیہ کا بیش بہا خزانہ

اجمل الفتاویٰ

المعروف بہ

فتاویٰ اجملیہ

جلد چہارم

عمدۃ المحققین سلطان المناظرین اجمل العلماء بدر الفضلاء

حضرت علامہ مفتی الشاہ محمد اجمل صاحب قادری رضوی اشرفی نعیمی علیہ الرحمۃ والرضوان

شبیر برادرز

۴۰۔ اردو بازار۔ زبیدہ سنٹر ○ لاہور

نام کتاب •=•=•=• **اجمل الفتاویٰ** المعروف بہ **فتاویٰ اجملیہ** (جلد چہارم)

مصنف •=•=•=• اجمل العلماء حضرت علامہ مفتی الشاہ محمد اجمل صاحب سنبھلی

تبییض و ترتیب •=•=•=• محمد حنیف خاں رضوی بریلوی صدر المدرسین جامعہ نور بریلی شریف

محرک •=•=•=• حضرت علامہ مولانا محمد منشاء تابش قصوری (صدر ادارہ ریاض المصنفین پاکستان)

مؤید •=•=•=• مولانا صاحبزادہ سید وجاہت رسول قادری (چیئرمین ادارہ تحقیقات رضا انٹرنیشنل کراچی)

پروف ریڈنگ •=•=•=• محمد عبد السلام رضوی - محمد حنیف خاں رضوی

کمپوزنگ •=•=•=• محمد غلام مجتبیٰ بہاری - محمد زاہد علی بریلوی - محمد منیف رضا خاں بریلوی

•=•=•=• زین العابدین بہاری - محمد عفیف رضا خاں بریلوی

سن اشاعت •=•=•=• فروری ۲۰۰۵ء

تعداد •=•=•=• ۵۰۰

ناشر •=•=•=• شبیر برادرز اُردو بازار لاہور

مطبع •=•=•=• اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

قیمت •=•=•=• فی جلد 250 روپے (مکمل سیٹ 1000 روپے 4 جلد)

ملنے کے پتے

ادارہ تحقیقات رضا انٹرنیشنل رضا چوک ریگل (صدر) کراچی

ادارہ پیغام القرآن زبیدہ سنٹر 40 اُردو بازار لاہور

مکتبہ اشرفیہ مریدکے (ضلع شیخوپورہ)

مکتبہ غوثیہ ہول سیل پرانی سبزی منڈی کراچی

احمد بک کارپوریشن کمیٹی چوک راولپنڈی

ضیاء القرآن پبلی کیشنز اُردو بازار کراچی

مکتبہ ضیائیہ بوہڑ بازار راولپنڈی

مکتبہ رضویہ آرام باغ روڈ کراچی

مکتبہ قادریہ عطاریہ موتی بازار راولپنڈی

مکتبہ رحیمیہ گوالی لین اُردو بازار کراچی

فہرست مسائل جلد چہارم

باب الحظر ۳

ٹوٹکا سراسر جہالت ہے ---------- ۳

مسرف و مبذر کے معنی ---------- ۴

اسراف عام ہے اور تبذیر خاص ---------- ۵

من تشبہ بقوم کا مطلب ---------- ۵

کونسا تشبہ ممنوع ہے ---------- ۵

شعبان کے مہینے میں آتش بازی حضور کے زمانہ اقدس میں نہیں تھی ---------- ۶

زمانہ اقدس میں شعبان کے معمولات واہمیت ---------- ۶

سادات کرام کی محبت علامت ایمان ہے ---------- ۷

جو اہل بیت سے بغض رکھے وہ منافق ہے ---------- ۷

اہل بیت فساق کے افعال غیر مشروعہ سے بغض رکھا جائے گا۔ ان کی ذات سے نہیں۔ کہ نسبت اب بھی باقی ہے ---------- ۸

سیدنا غوث اعظم کے فضائل ومناقب، اور آپ سے متعلق ایک واقعہ کا حال ---------- ۹

کتاب مقاصد الصالحین معتبر و مستند نہیں ---------- ۱۱

قیامت کے بعض احوال اور حضور کے تصرفات، ---------- ۱۱

تصویر کشی اور تصویر داری شریعت اسلامیہ میں ممنوع و ناجائز ہے ---------- ۱۲

تعزیہ داری ممنوع و ناجائز ہے اور تعزیہ داروں کا حکم ---------- ۱۵

کسی دنیوی غرض سے ایک امام کے تقلید بلا دلیل چھوڑ کر دوسرے مذہب کو اختیار کرنا باعث گناہ ہے ---------- ۱۶

ایسے شخص کا ایمان سلب ہونے کا خطرہ ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۱۷
لوازمہ جولڑ کے والے سے اہل محلہ شادی کرانے کے عوض لیتے ہیں رشوت ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۱۸
لوازمہ کب رشوت نہیں ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۱۸
نجدیوں کے عقائد باطلہ پر مطلع ہوکران کی تعریفیں کرنا اور کسی مقام پر ان میں سے کسی کی آمد پر استقبال واعزاز کرنے والے توبہ واستغفار کریں۔ ۔۔۔۔۔۔ ۲۰
خود بخود کسی بزرگ کا خلیفہ اور سجادہ نشین بن جانا غلط اور باطل ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۲۲
کسی کے گھر کسی مجلس میں جوتا گم ہوجائے تو صاحب خانہ سے تاوان نہ لیا جائے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۲۳
جھوٹی گواہی دینا گناہ کبیرہ ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۲۴
کسی قوم کی طرف فعل بد کی نسبت ساری قوم کے تمام افراد کو شامل نہیں ہوتی ۔۔۔۔۔۔ ۲۵
احکام شرع کا استہزا کفر ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۲۶
ہماری شریعت میں سجدۂ تعظیمی جائز نہیں۔ ۔۔۔۔۔۔ ۲۷
جس مال کی زکوۃ ادا نہ ہوئی اس سے حج کرنے کا حکم ۔۔۔۔۔۔ ۲۸
دھوبی خوہ کوئی دوسری قوم جب وہ مسلمان ہیں تو ان کے ساتھ کھانا پینا جائز ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۲۸
کسی تجارت کی آمدنی میں خیرات کی نیت کی پھر ضرورت پر اپنے مصرف میں لایا تو کوئی حرج نہیں ۔۔۔ ۲۹
محرمات کی اشاعت معصیت ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۳۰
کسی نے بچوں کی پرورش سے تنگ آکر کہا مجھے اللہ میاں پر بھی غصہ آتا ہے، ایک ہی اولاد دیدی ہوتی تو اچھا تھا۔ ایسی عورت توبہ واستغفار کرے اور تجدید نکاح کر لینا بھی مناسب ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۳۰
کسی نے کہا۔ احادیث کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دینا چاہئے یہ قول کفر ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۳۱
بینک اور ڈاکخانہ کے منافع کا حکم ۔۔۔۔۔۔ ۳۱
ہولی کے تہوار میں شریک ہونے والا توبہ کرے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۳۲
کسی جرم پر مالی جرمانہ جائز نہیں ۔۔۔۔۔۔ ۳۳
حرام مال کا مصرف بغیر نیت ثواب فقراء ومساکین ہیں ۔۔۔۔۔۔ ۳۴
شمس تبریزی کا بغیر ماں باپ کے پیدا ہونا غلط ہے ۔۔۔۔۔۔ ۳۴
کوئی عورت کہے کہ خدا اور رسول آکر کھڑے ہوجائیں جب بھی نہیں مانوں گی یہ قول کفر ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۳۵

قوالی مع مزامیر ناجائز ہے۔ مصنف کی اس سلسلہ میں ایک تصنیف ۔۔۔۔۔۔ ۳۶
کسی سنی کو وہابی وکافر کہنا سخت دلیری ہے اس پر توبہ واجب ۔۔۔۔۔۔ ۳۷
محرم میں ڈھول تاشہ ناجائز وحرام ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۳۷
بجائے ﷺ (صلعم) لکھنا محروموں کی عادت ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۳۸
ڈھول، ستار۔ تاشہ اور ہر قسم کا ہاتھ اور منہ سے بجنے والا آلہ حرام وناجائز ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۳۹
معمہ بھرنا اور اس میں فیس داخل کرنا اور انعام کی ہوس یہ سب جوا ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۴۰
حضور غوث اعظم کا علم ونشان غیر معتبر ہے اور اس نسبت سے علموں کا گھمانا جائز نہیں ۔۔۔۔۔۔ ۴۱
تابعین اور تبع تابعین پر حضور غوث اعظم کی فضیلت کا حکم ۔۔۔۔۔۔ ۴۱
شریعت کے غلط مسائل بیان کرنا گناہ عظیم ہے ۔۔۔۔۔۔ ۴۲
تعزیوں کا گشت من گڑھت ہے ۔۔۔۔۔۔ ۴۲
دسویں محرم کو ایصال ثواب جائز ہے لیکن مصنوعی کربلا پر جاکر فاتحہ دینا من گڑھت ۔۔۔۔۔۔ ۴۳
قرآن ہاتھ میں لیکر جھوٹا حلف اٹھایا تو سخت گنہگار اور توبہ واستغفار لازم ۔۔۔۔۔۔ ۴۴
ہندؤں کے یہاں بحالت مجبوری کھانا جائز ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۴۵
جامعہ عربیہ ناگپور کے تعلق سے ایک فتوی اور جامعہ کے فتوی کی گھڑی کی چین سے متعلق تصدیق ۔۔ ۴۶
کافر کو کافر جاننا ایمان کی دلیل ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۴۷
مروجہ مخملی ٹوپی جائز ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۴۹
کوئی فاسق یہ کہے کہ میرے پاس غوث اعظم کی سواری آتی ہے تو اس کا یہ قول شرعا غیر معتبر ہے۔ اور اس کی تعظیم شرعا ممنوع ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۵۰
اسراف اور فضول خرچی کے معنی ۔۔۔۔۔۔ ۵۲
ہندوستان میں قومیت اور پیشہ کا لحاظ واعتبار کہاں تک درست ہے ۔۔۔۔۔۔ ۵۶
عرف بعض پیشے اور کسب کو قابل عار قرار دیتا ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۵۷
حقیقی عزت وشرافت عالم دین کو ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۶۰
داڑھی منڈوانا حرام ہے اور ایسے اشخاص سے میلاد شریف وغیرہ پڑھوانا مکروہ ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۶۴
عشقیہ اشعار کی راگنی اور لہجوں کی مشابہت سے نعت ومنقبت پڑھنا مکروہ ہے۔ ۔۔۔۔۔۔ ۶۵

سیپ کا چونا پان میں حرام ہے ۔ ------ ۶۶
مروجہ تعزیہ داری ناجائز ہے، ------ ۶۸
صحیح العقیدہ سنی مسلمان کو بلاثبوت منافق یا دین سے پھرا ہوا کہنا گناہ عظیم ہے ------ ۶۹
بے ثبوت شرعی کسی بزرگ کا چلہ یا گدی شو کرنا درست نہیں ------ ۶۹
جس مجلس میں مشروع مرثیہ پڑھا جائے اور کوئی خلاف شرع امر نہ ہو تو وہ درست ہے ------ ۶۹
کھانے میں شرکت کی گزارش پر یہ کہنا کہ ’’بسم اللہ کرو‘‘ غلط اور منافی ادب ہے ------ ۷۰
جس کی ساری کمائی یا اکثر کمائی حرام کی ہو اس کا نذرانہ لینا کیسا ہے ------ ۷۱
بیویوں کے درمیان عدل و برابری فرض ہے ------ ۷۲
سجدۂ تعظیمی کا حکم ------ ۷۳
شادی کی کچھ مخصوص رسوم کا حکم اور چند ہدایات ------ ۷۵
مرد کا اجنبیہ کے ساتھ خلوت میں ہونا گناہ ہے لیکن اس سے اس پر زنا ثابت نہیں ہوگا ------ ۷۶
عمامہ میں گوٹہ لچکا لگانے کا حکم ------ ۷۶
مسجد میں سوال کرنا حرام ہے اور سائل کو دینا مکروہ، ------ ۷۷
مغرقی کام کی بنی ہوئی ٹوپی کا حکم ------ ۷۷
مسکرا اشیا کی فروخت کا حکم ------ ۷۷
ظروف پر اپنا نام لکھوانا کیسا ہے ------ ۷۷
جس برتن پر ہندی میں کچھ لکھا ہوا ہو اسمیں کھانا پینا کیسا ہے، ------ ۷۷
شادی کی تقریب میں لہو ولعب اور عورتوں اور مردوں کی باہمی ہنسی مذاق کی مذمت اور ایسی تقریب میں شرکت کا حکم ------ ۷۹
داڑھی کا یکمشت ہونا سنت ہے یکمشت سے کم کرنا ناجائز ہے، ------ ۸۲
بیوی سے جماع کرنا فرض ہے یا سنت ------ ۸۲
میری شفاعت اہل کبائر کیلئے ہے اور تارک سنت میری شفاعت نہیں پائیگا۔ ان احادیث کا کیا مطلب ہے۔؟ ------ ۸۲
کربلا کا صحیح نقشہ بنا کر مکان میں لگانا جائز ہے۔ اور مروجہ تعزیہ داری ناجائز ہے، ------ ۸۳

سنی عالم کو بلا کسی وجہ شرعی کے برا بھلا کہنا گناہ ہے، ------ ۸۴
ایک شعر کا حکم، ------ ۸۴
جو لوگ غیر مقلدین سے تعلقات رکھیں ان کے مولویوں سے تقریر کرائیں سنی ان سے تعلق نہ رکھیں۔ ------ ۸۵
جس تقریب میں گانا بجانا ہو وہاں دعوت کھانے کے لئے جانا کیسا ہے ------ ۸۶
ایک شخص کا تفسیر سننے کی غرض سے مسجد محلہ چھوڑ کر نماز عشا دوسری مسجد میں پڑھنا کیسا ہے ------ ۸۶
جھوٹی گواہی دینے والا فاسق ہے اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے ------ ۸۷
مروجہ تعزیہ داری اور رسم عزاداری کا حکم ------ ۸۸
ایسے شخص کو قوم کا سردار بنانا کیسا ہے جو پابند صوم وصلوۃ نہ ہو، ------ ۸۹
حاملہ عورت اپنے حمل کو غیر شوہر کی طرف منسوب کرے تو کیا حکم ہے؟ ------ ۹۰
جو پابند صوم وصلوۃ نہ ہو اس کی گواہی غیر مقبول ہے، ------ ۹۱
ناجائز فیصلہ کرنا گناہ ہے ------ ۹۱
شادی بیاہ میں ناچ گانے اور رقص وسرور کا حکم ------ ۹۱
گانے بجانے والوں کو بیعت کرنا ان سے نذرانہ لینا کیسا ہے۔؟ ------ ۹۳
مزرات پر ناچ گانے اور قوالی کا حکم، ------ ۹۳
جس مجلس میں ناچ گانا ہو وہاں کھانے کے لئے جانا کیسا ہے ------ ۹۳
جزامی کے گھر والے اس کے ساتھ رہتے اور کھاتے پیتے ہیں یہ کوئی جرم نہیں، ------ ۹۴
سیپ کا چونا کھانا کیسا ہے ------ ۹۵
بدعملی کی وجہ سے کسی کے سید ہونے کا انکار نہیں کیا جاسکتا، ------ ۹۹
تبدیل ملک سے صدقہ کا حکم بدل جاتا ہے۔ حدیث سے اس کا ثبوت، ------ ۹۹
مسلمان عورت کو سیندور لگانا کیسا ہے، ------ ۱۰۱
میلاد النبی ﷺ یا گیارہویں شریف کے جن جلسوں میں بے شرع مسلمان لیڈر تقریر کریں ان میں کسی عالم دین کو شریک ہونا کیسا ہے، ------ ۱۰۱
داڑھی رکھنا واجب ہے ------ ۱۰۴
جو دوسرے کی بیوی سے نکاح کرلے اس کی امامت کا حکم، ------ ۱۰۴

جوداڑھی منڈواتا ہویا ایک مشت سے کم کراتا ہو وہ فاسق معلن ہے۔ ـــــــ ۱۰۴
مزارات بزرگان دین پر چادر ڈالنا جائز ہے ـــــــ ۱۰۵
مہر کی ادائیگی کا وعدہ کیا اور وفا نہ کیا تو اس سے نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑیگا ـــــــ ۱۰۵
تعزیہ بنانے والے کی امامت کا حکم ـــــــ ۱۰۵
جوشخص وہابیوں کو بیدین سمجھتے ہوئے ان کے پیچھے نماز پڑھے اس کی امامت کا حکم ـــــــ ۱۰۶
جھوٹی گواہی دینے والے کی امامت درست نہیں ـــــــ ۱۰۶
وہابی قاضی سے نکاح پڑھوایا نکاح ہوا یا نہیں؟ ـــــــ ۱۰۶
حضور مجسم نور بشکل انسان تشریف لائے۔ جیسے کہ ہم انسان ہیں لیکن حضور سب سے افضل ہیں۔ یہ قول آپ کی توہین ہے یا نہیں، ـــــــ ۱۰۶
داڑھی منڈائے یا حد شرع سے کم کرائے اس سے میلاد نہ پڑھوایا جائے ـــــــ ۱۰۶
عمر کے اس قول کا رد کہ داڑھی رکھنا ضروری نہیں بلکہ اختیاری ہے، ـــــــ ۱۰۷
قرآن مجید سے پردہ کا ثبوت، ـــــــ ۱۰۷
اس قول کا رد کہ کھڑے ہوکر پیشاب کرنا خلاف شرع نہیں۔ حدیث سے ثابت ہے، ـــــــ ۱۰۹
ذکر میلاد شریف کے جواز واستحباب کا اثبات ـــــــ ۱۱۱
جوشخص عربی دینی مدرسہ کو ختم کر کے اس کی جگہ انگریزی اسکول قائم کرے اس کے لئے کیا حکم ہے ـــــــ ۱۱۳
خضاب کے احکام ـــــــ ۱۱۳
زانی وزانیہ کی سزا اور ان کی نماز جنازہ کا حکم ـــــــ ۱۱۶
جوشخص زانی یا زانیہ کے اہل خاندان سے میل جول رکھے اس کی امامت کا حکم ـــــــ ۱۱۶
زانی کے اہل خاندان کی دعوت کرنا اور انہیں شادی بیاہ میں بلانا کیسا ہے، ـــــــ ۱۱۶
غیر مسلم کو اس شرط پر روپیہ دینا کہ جب تک روپیہ ادا نہ کروگے دونوں فصلوں میں اتنا غلہ دینا پڑیگا اس کا کیا حکم ہے، ـــــــ ۱۱۶
زنا سے روکنے کی وجہ سے زانی کا حقہ پانی اور بھشتی بھنگی بند کرنا کیسا ہے، ـــــــ ۱۱۶
بزرگوں کے مزارات کو سجدہ کرنا حرام وگناہ ہے، ـــــــ ۱۱۷
جس پنچایتی نظام کی بنیاد ترقی واصلاح، اتحاد واعانت پر ہو اور اس کے اصول خلاف شرع نہ ہوں اس

سے علاحدگی اور اسے نقصان پہونچانا درست نہیں، ـــــــ ۱۲۰
وہابیوں دیوبندیوں کے یہاں شادی بیاہ کرنا۔ ان کے پیچھے نماز پڑھنا، ان سے اپنے بچے پڑھوانا کیسا ہے ـــــــ ۱۲۲
بلاقصور کسی کا حقہ پانی بند کردینا جرم ہے ـــــــ ۱۲۴
جاندار کی تصویر بنانا شائع کرنا اور گھر میں رکھنا گناہ ہے خواہ بزرگوں کی تصویریں ہوں ـــــــ ۱۲۵
کسی عالم کو مہادیو کہنا کیسا ہے، ـــــــ ۱۲۶
کیا سنیما کی آمدنی دینی لائبریری یا دینی مدرسہ میں خرچ کی جاسکتی ہے، ـــــــ ۱۲۶
ہمزاد اور مسمیریزم کے متعلق قصے مبالغہ آمیز معلوم ہوتے ہیں ـــــــ ۱۲۸
تعزیہ داری اور سماع کا حکم ـــــــ ۱۲۸
داڑھی منڈانا یا ایک مشت سے کم کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ اور مرتکب عادی فاسق معلن ہے ـــــــ ۱۲۸
تحقیر امام وتوہین عالم دین بڑا جرم ہے، ـــــــ ۱۳۰
جوشخص بے علم مسائل بتائے عالم کا مقابلہ کرے اس کو موذن رکھنا مناسب نہیں ـــــــ ۱۳۱
جوشخص روافض کی مجلس میں اور ان کے ساتھ تبرا میں شریک ہو۔ حضرت غوث پاک کو برا بھلا کہے وہ بدعقیدہ ہے اس کی اہانت اور اس سے ترک تعلق ضروری ہے ـــــــ ۱۳۲
مسلمان سے بے وجہ تعلق توڑنا ممنوع ہے، ـــــــ ۱۳۳
بلا وجہ شرعی دنیاوی عداوت کے وجہ سے امام کے پیچھے نماز نہ پڑھنا غلط ہے ـــــــ ۱۳۳
جرمانہ لینا حرام ہے اور مال خبیث ہے مسجد ومدرسہ میں صرف نہیں ہوسکتا، ـــــــ ۱۳۴
جادو وسحر حرام ہے۔ اس میں کلمات شرک ہوتے ہیں اور شیاطین سے مدد لی جاتی ہے ـــــــ ۱۳۵
مسلمانوں کے مابین تفریق پیدا کرنا جرم عظیم ہے، ـــــــ ۱۳۷
غیر عربی میں خطبہ پڑھنا مکروہ وخلاف سنت متوارثہ ہے ـــــــ ۱۳۸

کتاب المیراث

عورت نے شوہر، والد، بیٹا، اور بیٹی چھوڑی پھر بیٹے کا انتقال ہوگیا، اس طرح کے تین بطن کا مناسخہ ـــــــ ۱۴۸
بیوی ایک ہو یا چند ان کو آٹھواں حصہ ملنے کی صورت، ـــــــ ۱۵۶

دین مہر میں مکان دے دیا تو وہ شوہر کی ملک نہیں رہا ---------- ۱۵۸
زیور کا عرف یہی ہے کہ لڑکے والے لڑکی کو عاریۃً پہننے کے لئے دیتے ہیں ---------- ۱۵۹
بیوی لاولد فوت ہو تو شوہر نصف کا وارث ہے ---------- ۱۶۰
ترکہ میت کا مال متروکہ ہے زندگی میں کسی کو دے دیا تو وہ ملک سے پہلے ہی خارج ہو چکا ---------- ۱۶۲
ایک لڑکی ہو تو نصف ترکہ کی وارث ہوگی ---------- ۱۶۳
علمائے دیوبند کے فتوی کا رد ---------- ۱۶۶
ظلما مال لینے کا وبال ---------- ۱۷۷
مفتی ابوذر صاحب سنبھلی کے ۱۴ سوالات کے مناظرانہ جوابات ---------- ۱۸۴
اجمل العلما کی طرف سے ایک سو سوالات ---------- ۱۹۱
ایک گجراتی اشتہار کے متعلق سوالات اور جوابات ---------- ۲۰۱

رسالہ طوفان نجدیت وسبع آداب زیارت ---------- ۲۰۵

سعودیہ عربیہ سے شائع شدہ کتاب (منسک واضح) کے چند اقتباسات کا تفصیلی رد ---------- ۲۰۵ تا ۳۰۳
خواجہ غریب نواز کے سلسلہ میں ایک شعر کا حکم ---------- ۳۰۴
اذان کے بعد صلوۃ کے سلسلہ میں ایک کانپوری فتوی کا رد ---------- ۳۰۷
بزم قادری رضوی کانپور کے اشتہار کی تصحیح وتصویب ---------- ۳۱۲
جمعیۃ العلما دیوبندیوں کی جماعت ہے۔ مذہبی معاملات میں حکومت کی طرف سے ان کے قاضی مقرر کرنا دین میں مداخلت ہے ---------- ۳۱۶
بعد نماز مصافحہ کے عدم جواز پر شاہی مرادآباد کے فتوی کا رد ---------- ۳۲۲
روز محشر لوگ ننگے بدن، ننگے پاؤں ہونگے۔ یہ روایات صحیح ہیں ---------- ۳۳۱
نغمۃ الروح، مدائح اعلی حضرت نامی کتاب کے چند اشعار پر اعتراضات کے جواب ---------- ۳۳۵
بالتبع غیر نبی پر درود وسلام جائز ہے ---------- ۳۴۱

رسالہ اسلامی تبلیغ والیاسی تبلیغ ---------- ۳۴۲

تبلیغی جماعت سے متعلق سوالات پر حضرت مصنف کا مفصل تاریخی حقائق وشواہد پر مبنی رسالہ ---------- ۳۴۲

مسئلہ قیام ومیلاد وغیرہ کے تعلق سے پھلواری کے امیر شریعت کی ہفوات کا رد ---------- ۴۲۱

رسالہ بارش سنگی ---------- ۴۰۵

ایمان فروش کانگریسی دیوبندی مولویوں کا بھنگیوں سے ملاپ اور اس کا رد ---------- ۴۰۳

رسالہ افضل الانبیاء (جوابات سوالات عیسائی) ---------- ۴۰۷

رسالہ قول فیصل ---------- ۵۰۹

حضور نبی کریم ﷺ کے والدین کریمین مومن وموحد تھے ---------- ۵۰۹

تحائف حنفیہ (غیر مقلدین کے گیارہ سوالات کے مدلل جوابات) ---------- ۵۲۷

مفتی کفایت اللہ شاہجہانپوری کے فتوی کا رد ---------- ۵۵۵
حضور ﷺ غیب داں ہیں تفصیلی بحث ---------- ۵۵۷
حضور ﷺ حاضر وناظر ہیں ---------- ۵۶۵
مسئلہ علم غیب ---------- ۵۸۶
سماع موتی ---------- ۵۹۹

باب مسائل شتی

لفظ مسلم کا اطلاق اگلی امتوں پر بھی آیا ہے ---------- ۶۲۵
سلسلہ بیعت کی اصل قرآن واحادیث سے ثابت ہے ---------- ۶۲۷
حضرات حسنین رضی اللہ تعالی عنہما کے تعلق سے فاروق اعظم کا واقعہ صحیح یا غلط؟ ---------- ۶۲۹
مجدد کے بارے میں حدیث اور چودہویں صدی کے مجدد ---------- ۶۳۰
حضرت مفتی محبوب علی خاں صاحب قبلہ علیہ الرحمہ کی توبہ کے تعلق سے توضیح ---------- ۶۳۱
سورج کا عرش معلی کے نیچے رہنا یا سجدہ کرنا ---------- ۶۳۴
مجدد کا ہزار سال کے بعد ہونا کسی حدیث میں نہیں، پانچویں صدی تک مجددین کی فہرست ---------- ۶۳۶
کسی پیر پر اللہ میاں۔ یا اللہ ہو میاں کا اطلاق کفر ہے ---------- ۶۳۷
دیوبند کو بیت الخلا کہنے کا حکم ---------- ۶۳۹

﴿۸۵﴾

باب الحظر

مسئلہ (۸۷۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید کا لڑکا بیمار تھا اور عمر نے زید کو یہ بتلایا کہ علی الصباح سورج سے پہلے بھنگیوں کے محلہ میں جا کر بچہ کو جس مکان میں جنگلی یعنی سور بند ہوتے ہیں اس مکان میں بچہ کو جنگلیوں کی صورت دکھلاؤ، زید نے ایسا ہی کیا اتفاق سے واپسی میں مرگیا۔ ایسی حالت میں اس سے مرید ہونا اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا اور اس سے میلاد پڑھوانا جائز ہے یا نہیں؟ اور زید پیرامریدی بھی کرتا ہے۔ فقط

آل علی جگت سنبھل ضلع مرادآباد ۱۳/ رشعبان المعظم ۱۳۶۰ھ

الجواب

نحمده ونصلى على رسوله الكريم

عمر کا زید کو یہ ٹوٹکا بتانا سراسر جہالت اور انتہا درجہ کی نادانی ہے۔ زید کا اس پر عمل کرنا اور اس کو بچہ کی موت کا سبب سمجھنا بھی اسی قبیل سے ہے۔ اب رہا اس سے مرید نہ ہونا یا اس کے پیچھے نماز نہ پڑھنا یا میلاد شریف نہ پڑھوانا وہ اگر بنظر اصلاح یا بر سبیل تنبیہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

مسئلہ (۸۷۷،۸۷۸)

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مسرف اور مبذر کون کون اشخاص ہیں؟۔

(۲) "۔ تشبہ بقوم فهو منهم" کے مصداق کون کون حضرات ہو سکتے ہیں؟ چونکہ آپس

میں تنازع واقع ہو رہا ہے لہذا ان دونوں سوالوں کو بالتفصیل بیان کر دیجئے بدلائل عقلیہ ونقلیہ۔

الجواب

نحمده ونصلى على رسوله الكريم

(۱) مسرف اور مبذر اسم فاعل کے صیغے ہیں لغت کے اعتبار سے اسراف وتبذیر ایک دوسرے کے معنی میں مستعمل ہیں۔

قاموس میں ہے۔ الاسراف التبذير او ماانفق فی غیر طاعة۔ بسیار بیجا خرچ کردن یا خرچ کردن در غیر طاعۃ۔

اور غیاث میں ہے۔ اسراف بالکسر۔ زیادہ از حاجت خرچ کردن وتبذیر بے اندازہ خرچ کردن۔

نزھۃ القلوب فی تفسیر غریب القرآن میں ہے۔

التبذير فی النفقة هو الاسراف فيها وتفريقها فی غير مااحل الله۔

سید المفسرین حضرت عبداللہ بن مسعود سے تبذیر کے معنی دریافت کئے گئے۔

فقال انفاق المال فی غير حقه (تفسیر معالم)

اور تفسیر خازن میں۔ هو انفاق المال فی العمارة علی وجه السرف۔

اور تفسیر مدارک میں ہے۔ ولا تبذروا تبذیرا۔ کے تحت میں فرماتے ہیں:

ولا تسرفوا اسرافا۔

ان عبارتوں سے ظاہر ہو گیا کہ تبذیر اور اسراف دونوں ایک دوسرے کی جگہ میں استعمال کئے جاتے ہیں لیکن ان دونوں کلموں میں ایک لطیف فرق ہے۔

چنانچہ مجمع البحار جلد اول میں ہے:

التبذير الانفاق فی مالاينبغی والاسراف الصرف زيادة مالاينبغی۔

اور اسی کی جلد ثانی میں ہے۔

الغالب فی الاسراف الوارد فی الحديث الاكثار من الذنوب والخطايا۔

تفسیر مدارک میں ہے۔

التبذير تفريق المال فی غير الحل والمحل۔

لہذا ان عبارتوں سے ظاہر ہو گیا کہ اسراف عام ہے اور تبذیر خاص ہے اور مسرف وہ شخص بھی کہلائے گا جو بکثرت کسی گناہ کو کرے اور کسی خطا کا عادی ہو اور مبذر وہ ہے جو اپنے مال کو غیر محل میں بلا قصد طاعۃ خرچ کرنے والا ہو، یہاں تک کہ اگر کسی شخص نے بلا قصد طاعۃ ایک درہم بھی خرچ کیا تو وہ مبذر ہے اور اگر بقصد طاعۃ سارا مال خرچ کر دے تو مبذر نہیں۔

تفسیر خازن میں ہے۔

لو انفق الانسان ماله كله في الحق لم يكن مبذرا ولو انفق درهما او مداً في باطل كان مبذراً كذا في المعالم ۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۲) حدیث شریف میں مطلق تشبہ کا ذکر ہے۔

چنانچہ مجمع البحار میں ہے۔

من تشبه بقوم فهو منهم ـ اي من تشبه بالكفار في اللباس وغيره، او بالفساق او باهل التصوف او بالصلحاء فهو منهم ۔

لہذا جس گروہ کے شعار و خصوصیات مذہبی کو اختیار کرے گا وہ اس گروہ میں شامل مانا جائے گا اہل تصوف اور صلحاء کے ساتھ مشابہت کرنی چاہئے اور فساق و کفار کی مشابہت سے پرہیز لازم ہے خصوصاً کفار کی مشابہت بہت خطرناک ہے کہ بسا اوقات اس سے بھی افعال کفریہ کر بیٹھتا ہے مگر کفار کے ساتھ ہر تشبہ ممنوع نہیں۔

درمختار اور بحر الرائق میں ہے۔

التشبه بهم لايكره في كل شئ بل في المذموم وما يقصد به التشبه ۔

اور شرح فقہ اکبر میں ہے۔

فانا ممنوعون من التشبه بالكفرة واهل البدعة المنكرة في شعارهم لامنهيون عن كل بدعة ولو كانت مباحة سواء كانت من افعال اهل السنة او من افعال الكفرة واهل البدعة فالمدار على الشعار۔

لہذا کفار کے ساتھ ہر بری بات میں اور جو ان کا شعار ہو اس میں تشبہ بقصد مشابہت ممنوع ہے ۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۸۸۹)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ۱۴ ر شعبان المعظم کو جو حلوے اور آتشبازی کا اہتمام ہوتا ہے اس کی وجہ کیا ہے؟ آیا یہ حضور کے زمانہ سے ہے یا صحابہ کرام یا تبع تابعین یا امام حسین کے زمانہ سے جاری ہے۔ اس کا جواب بحوالہ کتب دیا جائے۔

محمد ایسار حسین ساکن کھگوسرائے سنبھل

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

شعبان نہایت خیر و برکت و عمل و کسب کا مہینہ ہے، حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت پاک پر نظر کرنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ سوائے رمضان شریف کے حضور اقدس اس مہینہ بھر میں جتنے اعمال صالحہ کرتے تھے اور کسی مہینہ میں نہیں کرتے اور خصوصاً نصف شعبان یعنی شب برات کو تو حضور اعمال کے لئے خاص فرماتے۔

(یہ جواب ناتمام دستیاب ہوا)

مسئلہ (۸۹۰)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید عمر بکر وغیرہ آل رسول و اولاد علی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی توہین کرتے اور گالیاں دیتے ہیں، اور تکلیف اور نقصان پہنچانے کی تدبیر وکوشش کرتے ہیں، اور بغض وحسد وعداوت قلبی رکھتے ہیں، اور جو لوگ ان کے شریک ہیں اور اپنے آپ کو پکا مسلمان اور ایماندار سمجھتے ہیں اور جو لوگ ان سے کہتے ہیں کہ سادات کی شان میں گستاخی کے لفظ کہنا نہ چاہئے۔ تو اس کا جواب دیتے ہیں کہ سادات کے فعل خراب ہیں اس وجہ سے ہم اچھا نہیں سمجھتے، اور یہ غلط ہے کہ رسول مقبول انکے گناہوں کے شفیع ہوں گے، کیا یہ لوگ ایسے الفاظ گستاخانہ کہنے والے اور بغض وحسد عداوت رکھنے والے تکلیف پہنچانے والے کسی قسم کے گنہگار نہ ہوں گے، کیا یہ پختہ مسلمان سمجھے جائیں گے؟ کیا یہ کہنا اور جواب ان کا کافی ہے کہ سادات کے فعل خراب ہیں؟ اس وجہ سے ہم ایسا کہتے ہیں کیا نماز روزہ دعا ان کی ایسی حالت میں مقبول ہوگی۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جولوگ واقعی سادات واولاد وآل نبی علیہ الصلوۃ والسلام ہیں ان کی محبت علامت ایمان ہے۔

مواہب لدنیہ میں ہے۔

محبة جملة اهل بيته المعظم وذريته ۔

یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام اہل بیت اور ذریت کی محبت فرض کی گئی بکثرت احادیث محبت آل حضور میں وارد ہیں اگر ان کو جمع کیا جائے تو مستقل رسالہ تیار ہو جائے۔ تبرکا ایک حدیث نقل کردی جاتی ہے یہ مسلمان کے لئے بہت کافی ووافی ہوگی۔

ترمذی شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی کہ انہوں نے کہا حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

احبونی لحب الله واحبوا اهل بیتی لحبی ۔ (مشکوۃ شریف ص ۵۷۳)

یعنی مجھ سے اللہ کی محبت کی وجہ سے محبت کرو اور میری اہل بیت سے میری محبت کی بنا پر محبت کرو۔

جب ان کی محبت ایسی ضروری ہے تو ان کی توہین اور گستاخی کرنے اور ان کو گالیاں دینے اور ان کو تکلیف ونقصان پہچانے اور ان سے عداوت قلبی یا بغض وحسد رکھنے کی مخالفت تو ثابت ہوگئی۔ لیکن مزید اطمینان خاطر کے لئے ایک دو احادیث بھی پیش کردوں۔

حضرت امام احمد نے مرفوعا روایت کی۔

من ابغض اهل البیت فهو منافق ۔ (صواعق محرقہ ص ۱۰۴)

یعنی جس نے اہل بیت سے بغض رکھا وہ منافق ہے۔

ایک حدیث میں یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من مات علی بغض آل محمد جاء یوم القیمة مکتوبا بین عینیه آیس من رحمة الله ۔

(صواعق ص ۱۴۳)

یعنی جو آل پاک سے بغض رکھتے ہوئے مرا تو بروز قیامت اس طرح آئے گا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان میں یہ لکھا ہوا ہوگا "آیس من رحمة الله" یعنی اللہ کی رحمت سے مایوس ہونے

والا۔ اسی لئے علامہ ابن حجر مکی نے کثیر احادیث نقل کرنے کے بعد فرمایا۔

علم من الاحادیث السابقة وجوب محبة اهل البیت وتحریم بغضهم ۔

(صواعق ص ۱۰۴)

یعنی سابق احادیث سے اہل بیت کی محبت کا واجب ہونا اور ان کے ساتھ بغض کا حرام ہونا جان لیا گیا۔ یہاں تک کہ اہل بیت کے فاسق وفاجر کے حق میں بھی علامہ تحریر فرماتے ہیں۔

ان الفاسق من اهل البیت لبدعته اوغیرها انما تبغض افعاله لاذاته لانها بضعة منه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وانکان بینه وبینها وسائط ۔ (صواعق ص ۱۰۴)

یعنی اہل بیت کے فاسق کے افعال غیر مشروعہ سے ضرور بغض رکھا جائے اس کی ذات سے نہیں کہ اس کی ذات تو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسد اطہر کا ایک ٹکڑا ہے اگر چہ حضور کے اور اس کے درمیان میں چند واسطے ہوں۔

طبرانی اور دار قطنی وغیرہ میں یہ حدیث شریف مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

اول من اشفع له من امتی اهل بیتی الاقرب فالاقرب ۔ (صواعق ص ۱۴۰)

یعنی سب سے پہلے میں اپنی امت میں اپنے اہل بیت کی شفاعت کروں گا۔ پھر درجہ بدرجہ اقارب کی۔

حاصل جواب یہ ہے کہ سادات کی عظمت ضروری ہے ان کی محبت لازمی ہے۔ ان کے ساتھ دشمنی وعداوت کرتے ان کی شان میں کسی طرح کی بے ادبی اور گستاخی کے ساتھ پیش آنے سے بہت پرہیز کرنا چاہئے، ان کے غیر مشروع افعال کو ناجائز ہی سمجھا جائے گا۔ ان کو ان کے ارتکاب سے روکا جائے گا ان پر تنبیہ کی جائے گی، لیکن ان کا ادب واحترام ضرور ملحوظ رہے گا۔ یہ جو کچھ معروض ہوا ان سادات کا حکم ہے جو واقعی اولاد رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوں اگر چہ فاسق فی العمل ہوں۔ اس سے روافض مراد نہیں کہ وہ اعتقادات میں حد کفر تک پہونچ گئے تو وہ قابل احترام وتعظیم نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

مسئلہ (۸۹۱)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین ان کرامتوں مفصلہ ذیل میں۔

ایک مرید حضرت غوث اعظم قدس سرہ نے انتقال کیا، اس کا بیٹا روتا ہوا آپ کے پاس آیا، آپ نے اس کے حال پر رحم فرما کر آسمان چہارم پر جا کر ملک الموت نے روح مرید کو مانگا۔ ملک الموت نے جواب دے دیا خدائے تعالیٰ کے حکم سے روح آپ کے مرید کی قبض کی ہے آپ نے فرمایا کہ میرے حکم سے چھوڑ دے جب ملک الموت نے نہ دی زبردستی تمام روحیں جو اس دن قبض کی تھیں چھین لیں تمام روحیں پرواز کر کے اپنے اپنے جسم میں داخل ہوئیں۔ ملک الموت نے خدائے تعالیٰ کے پاس فریاد کی کہ ایک شخص مجنوں نے زبردستی روحوں کو چھین لیا فرمایا: وہ ادھر کو تو نہیں آتا، عرض کیا کہ نہیں آتا، کہا اچھا ہوا واپس گیا، ورنہ وہ اگر ادھر کو آتا تو حضرت آدم سے لیکر اس وقت تک جتنے مرے ہیں سب کے زندہ کرنے کو کہتا، تو مجھے سب کو زندہ کرنا پڑتا۔

کرامت دوم

ایک عورت حضرت عبدالقادر جیلانی قدس سرہ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور کہا یا حضرت مجھے بیٹا دو۔ آپ نے فرمایا تیری تقدیر میں لوح محفوظ میں نہیں ہے، اس نے عرض کیا اگر لوح محفوظ میں ہوتا تو تمہارے پاس کیوں آتی۔ آپ نے اللہ تعالیٰ سے کہا: یا خدا تو اس عورت کو بیٹا دے، حکم ہوا اس کی قسمت میں لوح محفوظ میں بیٹا نہیں ہے، کہا ایک نہیں تو دو دے، جواب آیا ایک نہیں تو دو کہاں سے دوں، کہا تو تین دے، کہا جب ایک بھی نہیں تو تین کہاں سے، اس کی تقدیر میں بالکل نہیں۔ جب وہ عورت ناامید ہوئی تو غوث اعظم نے غصہ میں آ کر اپنے دروازہ کی خاک تعویذ بنا کر دیدی اور کہا تیرے سات لڑکے ہوں گے، وہ عورت خوش ہو کر چلی گئی اور اس کے سات لڑکے ہوئے۔ یہ کرامتیں صحیح ہیں یا غلط۔ بینوا توجروا

السائل خاکسار احمد علی

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کثیر الکرامات وصاحب مقامات ہیں ان کی قدرت اور تصرفات ان کی طاقت اور اختیارات ناقابل انکار ہیں۔ ان کو درگاہ الٰہی میں جو خصوصیت ومقبولیت جو قرب ومحبوبیت حاصل ہے وہ مابین الاولیاء ممتاز ہیں لیکن یہ دونوں واقعات کسی معتبر ومستند کتاب میں نظر سے نہ گذرے، اور بظاہر بے اصل اور لغو معلوم ہوتے ہیں ان سے احتراز کرنا چاہئے اور ”بہجۃ الاسرار“ مصنفہ حضرت علامہ نورالدین ابوالحسن علی ابن یوسف لخمی شطنوفی سے حضرت کی کرامات بیان

کرنی چاہئیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (٨٩٢)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مضامین ذیل کتاب ”مقاصد الصالحین صفحہ ٣٦“ میں نقل ہے کہ جب قیامت قائم ہوگی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم کریں گے تم دوزخ کی راہ گھیر کر کھڑے ہو جاؤ۔ اگر کسی شخص کو میری امت سے دوزخ میں لے جائیں گے تم ہرگز نہ جانے دیجیو۔ جب تک میں نہ پہونچوں اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم ہوگا کہ میزان کے پاس جا کر کھڑے رہو اور خبردار ہو کہ اعمال میری امت کے اچھے تولے جاویں۔ اگر کسی کا پلہ عبادت کا ہلکا ہو تو اس کا تولنا موقوف رہے جب تک کہ میں نہ آجاؤں۔ جب حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود تشریف لے جاویں گے حکم ہوگا کہ ان کی عبادت میرے روبرو وزن کرو فرشتہ آپ کا حکم بجالاوین گے جب تولنے کے وقت پلہ کسی کی عبادت کی طرف مائل ہوگا آپ اپنے دست مبارک سے دبادیں گے کہ پلہ بھاری ہوجاویگا۔ تب فرشتوں کو حکم باری پہونچے گا کہ اے میرے فرشتو! میرے دوست کے خلاف مرضی کوئی کام نہ کرنا آج اس کو میں نے اختیار دے دیا ہے جو چاہے سو کرے۔ اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ حوض کوثر پر مامور ہوں گے کہ سب سے پہلے میری امت سیراب ہوئے اور حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہ دوزخ کے دروازے پر متعین کر دیئے جائیں گے کہ کوئی امتی میرا دوزخ میں نہ جانے پائے۔ جب تک میں نہ آجاؤں اور آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سایہ عرش میں جا کر اپنے عاصیان امت کی شفاعت میں مصروف ہوں گے۔ اس حالت میں جبریل علیہ السلام سراسیمہ آپ کے پاس آئیں گے، آپ ان سے سبب سراسیمگی کا پوچھیں گے۔ وہ عرض کریں گے یا رسول اللہ! کل اس وقت میرا گذر دوزخ کی طرف ہوا میں نے دیکھا کہ ایک شخص آپ کی امت کا عذاب میں گرفتار ہے اور رو رو کر کہتا ہے کہ افسوس کوئی ایسا نہیں کہ میرا حال پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرے اور آپ کو میری خبر دے۔ اس کی فریاد میں میرا حال متغیر ہوا، آپ یہ سنکر روتے ہوئے دوزخ کی طرف تشریف لیجائیں گے اور اس کو عذاب سے چھڑائیں گے۔ مالک کو حکم ہوگا ہرگز میرے حبیب کے امور میں دخل نہ دینا اور چون چرانہ کرنا۔ بعد اس کے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میزان کے پاس تشریف لیجائیں گے اور اعمال کے تولنے والوں کو حکم دیں گے کہ اعمال میری امت کے اچھی طرح تولنا، پھر کنارے دوزخ پر جا کر فرمائیں گے کہ اے مالک! اگر کوئی شخص میری امت کا آئے تو اس پر سختی نہ کرنا جب تک کہ میں نہ آجاؤں آخر کو یہاں تک

نوبت پہونچے گی کہ جس شخص کو ملائکہ کے ہاتھ میں دیکھیں گے جناب باری میں عرض کریں گے کہ بارے خدا اس کو میری التماس سے بخش دے یا مجھ کو بھی اس کے ساتھ جانے کا حکم دے۔ انتہا اے عزیز کچھ جانتے ہو کہ احکام الٰہی میں کیا کیا اسرار ہیں فقط۔ اس کا پڑھنا پڑھانا اور اعتقاد کا کرنا ان روایات کا صحیح ہے یا غلط؟ اور موضوع۔ بینوا توجروا۔

السائل خاکسار احمد علی

الجواب

نحمده و نصلى على رسوله الكريم

کتاب "مقاصد الصالحین" کسی معتبر و مستند عالم کی تصنیف نہیں ہے۔ مسلمانوں کو ہمیشہ پڑھنے پڑھانے کے لئے وہ کتابیں اپنے پاس رکھنی چاہیں جو کسی معتبر و مستند اور محتاط و محقق سنی صحیح العقیدہ عالم کی تصنیفات سے ہوں۔ انہیں پر اعتماد کیا جاسکتا ہے کہ ان کی روایات میں صحت کا التزام ہوتا ہے۔ یہ حدیث چند کتب واحادیث وسیر میں تلاش کی گئی مگر میری نظر سے نہیں گذری۔ مواہب لدنیہ میں حضرات خلفاء راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے متعلق یہ حدیث تو نظر سے گذری جس کو ابو سعید خدری نے شرف النبوۃ میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

لحوضى اربعة اركان الاول بيد ابى بكر الصديق والثانى بيد عمر الفاروق والثالث بيد عثمان ذو النورين والرابع بيد على بن ابى طالب الحديث۔

(مواہب لدنیہ شریف ج ۲ ص ۴۰۹)

میرے حوض کی چار جانبیں ہیں، ایک جانب حضرت ابو بکر کے قبضہ میں، اور دوسری جانب حضرت عمر فاروق کے قبضہ میں، اور تیسری جانب حضرت عثمان ذی النورین کے قبضہ میں، اور چوتھی جانب حضرت علی ابن ابی طالب کے قبضہ میں۔

اور گنہگاران امت کو دوزخ سے رہا کرنے کے متعلق یہ حدیث خصائص کبری میں نظر سے گذری طبرانی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ۔

قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اتى جهنم فاضرب بابها فيفتح لى فادخلها فاحمد الله بمحامد ما احمده لا قبلى مثله ولا يحمده احد بعدى ثم اخرج منها من قال لا اله الا الله ملخصا۔

(خصائص کبری ص ۲۲۳)

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں دوزخ کی طرف آونگا اور اس کا دروازہ کھلوؤں گا وہ میرے لئے کھول دیا جائے گا تو اس میں داخل ہو کر اللہ تعالیٰ کی حمد کروں گا کہ جس کی مثل مجھ سے پہلے اور میرے بعد کسی نے نہیں کی ہوگی پھر میں دوزخ سے اس شخص کو جس نے باخلاص "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کہا نکال لوں گا۔

مسئلہ (۸۹۳)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ حاجی علی احمد وارثی۔ بابو لطافت حسین وارثی۔ مولوی گل محمد خاں نقشبندی مجددی پٹیالہ اسٹیٹ (پنجاب) نے ایک اشتہار طبع کیا ہے۔ جس میں عکس تصویر کے جواز پر یہ فتاوی واقوال پیش کیے ہیں۔ اس اشتہار کی پوری عبارت ذیل میں نقل ہے۔ مصر کے علماء میں سے مفتی عبدہ مرحوم نے اس کے جواز کا فتوی دیا ہے۔ اور علامہ سید رشید رضا مصری نے المنار کے متعدد فتاوی میں اس کو جائز بتایا ہے، مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے علماء نے ۱۹۲۰ء میں کتاب راہنمائے حجاج اپنے زیر اہتمام لاکھوں کی تعداد میں چھپوا کر کل دنیائے اسلام میں روانہ کی ہے جس میں کثرت سے ادھوری اور پوری انسانی فوٹو موجود ہیں اور اس وقت مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے تقریباً ہر گھر اور ہر دوکان میں انسانی فوٹو آویزاں نظر آتے ہیں ہندوستان کے علماء جنہوں نے فوٹو کے جواز کا فتوی دیا اور اپنے اپنے فوٹو کھنچوائے وہ یہ ہیں، مولانا شبلی نعمانی، سید مولنا عبدالحی ناظم ندوۃ العلماء مولنا ابوالکلام آزاد۔ مولنا حبیب الرحمٰن خاں شیروانی، مولنا سید سلیمان ندوی۔ اور ثابت کردکھایا ہے کہ فوٹوگرافی مصوری نہیں ہے درحقیقت عکاسی ہے (دیکھو کتاب جواز عکس تصاویر ص ۳۰) مصنفہ سید سلیمان ندوی جانشین مولانا شبلی نعمانی۔ نیز ضرورت وقت کے لحاظ سے بھی علماء نے فوٹو کے جواز کا فتوی دیا ہے کیونکہ غیر ممالک کا سفر بغیر پاسپورٹ ناممکن ہے اور پاسپورٹ بغیر فوٹو حاصل نہیں ہوسکتا۔ اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ آیا عکس تصویر جائز ہے یا نہیں اور جو عکس تصاویر کے قائل لوگ اس اشتہار میں ہیں یہ کیسے لوگ ہیں۔ بینوا توجروا

الجواب

نحمده و نصلى على رسوله الكريم

تصویر کشی اور تصویر داری شریعت اسلامیہ میں ممنوع فرمائی گئی ہے، احادیث کثیرہ اس کی ممانعت میں وارد ہیں بخاری شریف اور مسلم شریف میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اصحاب ھذہ الصور یعذبون یوم القیامۃ یقال لھم احیوا ماخلقتم وقال ان البیت الذی فیہ الصورۃ لاتدخلہ الملئکۃ ۔

(مشکوۃ شریف ص ۳۸۵)

بخاری شریف اور مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں۔

سمعت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول اشدالناس عذابا عنداللّٰہ المصورون۔ (مشکوۃ شریف ص ۳۸۵)

بخاری شریف میں حضرت سعید بن ابی الحسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

کنت عند ابن عباس اذجاءہ رجل فقال یاابن عباس انی رجل انما معیشتی من صنعۃ یدی وانی اصنع ھذہ التصاویر فقال ابن عباس الا احدثک الا ماسمعت من رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم سمعتہ یقول من صور صورۃ فان اللّٰہ یعذبہ حتی ینفخ فیہ الروح ولیس بنافخ فیھا ابدا فربا الرجل ربوۃ شدیدۃ واصفر وجھہ فقال ویحک ان ابیت الا ان تصنع فعلیک بھذا الشجر وکل شئ لیس فیہ روح ۔ (مشکوۃ شریف ص ۳۸۶)

روایات کثیرہ ممانعت تصویر میں وارد ہیں بخیال اختصار یہاں پر صرف تین احادیث پیش کیں، لیکن احادیث میں تصویر ذی روح کی ممانعت عام ہے اب چاہے دستی ہو یا عکسی، کوئی اس سے مستثنیٰ نہیں اور بے استثناء دعوی جواز حکم شرع سے عدول اور دین کی مخالفت ہے اور احادیث شریفہ اور کتب فقہ سے صاف انکار ہے، اور مجوزین کی جرات ودلیری اور بے دینی اور گمراہی کی بین دلیل ہے۔ اعاذنااللّٰہ تعالیٰ عنہ۔

جن اشخاص کے نام وارثی صاحبان نے تحریر کیے ہیں ان میں کوئی بھی علماء معتمدین اور معتبرین سے نہیں ہیں۔ رشید رضا ایڈیٹر "المنار" ایک بے شرع نیچری طبع انسان ہے جس کی صورت تک اسلامی وضع وشعار سے معرا ہے، لہذا لامذہب ہے، یہی بیقیدی عقائد وخیالات کی شبلی اور ندوی کے خصوصیات سے ہے مولوی حبیب الرحمٰن خانصاحب ایک معزز رئیس ہیں ان کی نسبت یقین نہیں ہوتا کہ وہ جواز تصویر کے قائل ہوں، ابوالکلام کی تو صورت سیرت عقائد واعمال بھی اسلام سے بہت دور ہیں۔ انکا بے قیدوآزاد ہونا تو کسی بیان کا محتاج نہیں۔ ایسے لوگوں کے افعال فساق کے لئے فسق میں سند ہوں تو ہوں

دین میں تو یہ لوگ ماخوذ ومغضوب ہیں، ان کی بے قیدیاں انہیں خود مجرم بناتی ہیں نہ کہ دوسروں کے لئے ان کے افعال قبیحہ روا کرسکیں۔

ولاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم ۔

کتاب "رہنمائے حجاج" کو علماء حرمین کی طرف منسوب کرنا بڑا ہی مغالطہ ہے یہ کتاب علماء حرمین نے شائع نہیں کی حکومت نجدیہ وہابیہ کے اہلکاروں نے شائع کی ہوگی، ان کا فعل نہ حجت ہے نہ سند، وارثی صاحبان کو دنیائے اسلام میں کوئی ایسا دیندار عالم نہیں ملا کہ جواز تصویر میں جس کا نام لے سکتے، بدمذہب غیر متشرع بدافعال لوگوں کے نام لکھدیئے، اور لطف یہ ہے کہ ان کے افعال واقوال خود وارثی صاحبان کے نزدیک بھی معتبر نہیں، اور اگر یہ اپنے ان شہود کو مقتدا بنالیں اور ان کے اقوال وافعال قابل تسلیم مانیں تو ان کی تمام صوفیت ووارثیت کا خاتمہ ہوجائے اور ان کی کفر وشرک کی دستاویزیں ان کے انہیں مقبولین کے قلم سے برروئے کار آجائیں، آپنے ابھی نجدیوں کے دین میں صرف جواز تصویر ہی پر نظر ڈالی ہے اور ان کے جہانگیری شرک کا مطالعہ نہیں کیا جس سے صوفیوں اور درویشوں کی جماعت کا کوئی فرد سلامت بچکر نہیں جاسکتا اسی طرح وارثی صاحبان کے دوسرے مقبولین بھی ہیں اگر ان کے تمام افعال کو سند قرار دیدیا جائے تو وارثی صاحبان کے لئے صرف تصویر ہی جائز نہ ہوگی بلکہ داڑھی منڈانا مے نوشی کرنا نمازوں کی پابندی چھوڑنا وغیرہ گناہ کبیرہ سب کچھ جائز ہوجائینگے پاسپورٹ میں تصویر کا لازم ہونا حکم حرمت کو نہیں اٹھاتا اور حج کے سفر کے لئے پاسپورٹ میں تصویر لازم بھی نہیں بہرحال جواز تصویر کا دعوی بالکل بے سند وباطل ہے اسلام نے بت پرستی مٹائی ہے ذی روح کی تصویر ممنوع فرمائی ہے حلقہ بگوشان اسلام نفس پرستی سے توبہ کریں اور اسلام کے حضور عقیدت واطاعت کی گردنیں خم کریں۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۸۹۴)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہمارے گاؤں میں اہلسنت وجماعت کے لوگ تعزیہ بناتے ہیں، اس تعزیہ میں کسی جاندار کی تصویر کو نہیں رکھتے بلکہ ایک روضہ کا نمونہ بناتے ہیں سوایسا تعزیہ بنانا جائز ہے یا نہیں، اور اگر جائز ہے تو جو شخص تعزیہ بنانے والے کو کافر کہتا ہے وہ گنہگار ہوتا ہے یا نہیں، اس کا آپ فتوی دیکر اور بھی علماء کی تصدیق کراکر روانہ فرمائیں۔

خاکسار پیش امام جامع مسجد دوارکا تھیاوار اسمٰعیل پٹنی۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) تعزیہ کی اتنی اصل تھی کہ روضہ مبارک سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا صحیح نقشہ بنا کر بہ نیت تبرک اس کو مکان میں رکھنا اس میں کوئی شرعی طور پر حرج نہیں تھا کہ غیر جاندار کی تصویر بنانا رکھنا درست وجائز ہے۔ لیکن اب چونکہ تعزیہ داری بہت ممنوعات شرعیہ اور امور ناجائز پر مشتمل ہے لہذا اب ایسی صحیح نقل بھی نہیں بنانی چاہیئے ہاں اس کے جواز میں کوئی شک نہیں کہ اگر روضہ کا صحیح نقشہ کاغذ پر بنا کر کتبہ کے طور پر رکھے جس طرح کعبہ معظمہ اور مسجد نبوی شریف وغیرہ مقامات متبرکہ کے نقشے رکھے جاتے ہیں تو اسے بقصد تبرک اپنے مکان میں رکھ سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۲) تعزیہ بنانے والے کو جو صرف تعزیہ بنانے کی بنا پر کافر کہتا ہے اسے خود استغفار اور توبہ کرنی چاہیئے کہ وہ ایک مسلمان کو بلا ارتکاب کفر کے کافر کہتا ہے۔

ابوداؤد شریف میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ روایت ہے کہ۔

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثلاث من اصل الایمان الکف عمن قال لا الہ الا اللہ ولا نکفرہ بذنب ولا نخرجہ من الاسلام بعمل الحدیث۔ (مشکوۃ شریف ص ۱۸)

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین باتیں اصل ایمان سے ہیں "لا الہ الا اللہ" پڑھنے والے کی تکفیر نہ کریں، کسی گناہ کی بنا پر تکفیر نہ کریں، کسی بدعملی کی بنا پر اسلام سے خارج نہ کریں۔

حدیث شریف میں ہے جس کو بخاری شریف ومسلم شریف نے حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایما رجل قال لاخیہ کافر لقد باء بہا احدہما انکان کما قال والا رجعت علیہ۔ (مسلم شریف ص ۵۷ از مشکوۃ شریف ص ۴۱۱)

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کو کافر کہے ان دونوں میں ایک پر یہ بلا ضرور پڑے اگر جسے کہا تھا وہ حقیقۃً کافر تھا جب تو خیر ورنہ فقط اسی کہنے والے پر پلٹ آئے گا۔

ان احادیث سے ثابت ہوگیا کہ کسی مسلمان کی گناہ یا ناجائز عمل کی وجہ سے تکفیر نہیں کی جا سکتی اور جو کوئی اس وجہ سے تکفیر کرے تو وہ اپنا حکم اس دوسری حدیث سے معلوم کرے فقط۔ واللہ

تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۸۹۵)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص جو اپنے دنیوی نفع کی غرض سے مذہب حنفی چھوڑ کر مذہب شافعی اختیار کرے تو عند الشرع اس کا کیا حکم ہے۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مذاہب اربعہ میں سے ایک مذہب کو کسی دنیوی غرض کی وجہ سے بلا دلیل چھوڑنے والا اور دوسرے مذہب کو محض خواہش نفسانی کی بنا پر اختیار کرنے والا گنہگار اور سزا کا مستحق ہے۔

ردالمحتار میں ہے۔

اما انتقال غیرہ من غیر دلیل بل لما یرغب من غرض الدنیا وشہوتہا فہو المذموم الاثم المستوجب للتادیب والتعذیر لارتکاب المنکر فی الدین واستخفافہ بدینہ ومذہبہ۔ (ج ۳ ص ۱۹۶)

اس کا خلاصہ مضمون یہ ہے کہ غیر مجتہد کا بلا دلیل ایک مذہب سے دوسرے کی طرف دنیوی غرض کی رغبت کی وجہ سے منتقل ہونا قابل ذم ہے اور وہ شخص گنہگار ہے اور وہ دین میں برے کام کے ارتکاب اور اپنے دین ومذہب کے استخفاف کی وجہ سے سزا وسرزنش کے لائق ہے۔

اور اسی میں قنیہ سے ناقل ہیں:

قیل من انتقل الی مذہب الشافعی لیتزوج لہ اخاف ان یموت مسلوب الایمان لاہانتہ للدین لجیفۃ قذرۃ۔ (ج ۴ ص ۲۹۷)

جو شخص شافعی مذہب کی طرف اس لئے منتقل ہوا کہ نکاح کرے تو اس کے حق میں کہا گیا کہ میں خوف کرتا ہوں کہ وہ ایمان سلب ہونے کی حالت میں مرے کیونکہ اس نے دین کی توہین ایک مردار بودار پلید چیز کی وجہ سے کی۔

اور اسی میں تاتارخانیہ سے ناقل ہیں۔

حکی ان رجلا من اصحاب ابی حنیفۃ خطب الی رجل من اصحاب الحدیث ابنتہ فی عہد ابی بکر الجوزانی فابی الا ان یترک مذہبہ فیقرأ خلف الامام ویرفع یدیہ عند

الانحطاط ونحو ذلك فاجابه فزوجه فقال الشيخ بعد ماسئل من هذه واطرق رأسه النكاح جائز ولكن اخاف عليه ان يذهب ايمانه وقت النزع لانه استخف بمذهبه الذى هو حق عنده وتركه لاجل جيفة منتنة۔ (ج ۳ ص ۱۹۶)

حکایت بیان کی گئی کہ امام ابوبکر جوزانی کے زمانہ میں امام ابوحنیفہ علیہ الرحمہ کے اصحاب سے ایک شخص نے ایک محدث کی لڑکی کے لئے منگنی کا پیام بھیجا، تو اس محدث نے انکار کردیا، مگر یہ شرط لگائی کہ وہ اگر اپنا مذہب چھوڑ دے اور امام کے پیچھے قرأت کرلے اور رفع یدین کرلے اور اس کے مثل کام کرلے، اس حنفی نے اس کی شرط تسلیم کی تو محدث نے اس سے نکاح کردیا، لوگوں نے اس کے متعلق حضرت امام ابوبکر سے سوال کیا، حضرت شیخ نے سر جھکا کر جواب دیا کہ نکاح جائز ہے، لیکن میں اس پر اس کے نزع کے وقت ایمان جانے کا خوف کرتا ہوں، کیونکہ اس نے وہ مذہب جو اس کے نزدیک حق تھا اسے ہلکا جانا اور بودار مردار کی وجہ سے اسے چھوڑ دیا۔

حاصل جواب یہ ہے کہ شخص مذکور کا مذہب حنفی کو چھوڑ کر مذہب شافعی ایک دنیوی وجہ سے اختیار کرنا گناہ ہے، شرع ایسے شخص کو تبدیل مذہب کی اجازت نہیں دیتی، اور اس شخص کو یہ بات قابل لحاظ ہے کہ اس میں ایمان سلب ہونے کا خطرہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۸۹۶)

لوازمہ ہمارے عرف میں وہ پان چھالیاں شکر مٹھائی وغیرہ جو لڑکے والے سے اہل محلّہ لیتے ہیں اور منگنی کے دن ہی محلے والے لڑکے والے سے جبراً ٹھراتے ہیں ان چیزوں میں لڑکی کے والدین کو کوئی حق حاصل نہیں ہوتا اور اہل محلّہ ایک شخص کو صدر محلّہ بنالیتے ہیں برات کے دن جب لوازمہ لڑکے والے لاتے ہیں تو وہ صدر محلّہ کے سپرد کردیا جاتا ہے وہ صدر بمطابق عہد و پیمان کے ایک ایک چیز کو شمار کرتا ہے اور یہ جائزہ لیتا ہے کہ لڑکے والا پورا سامان لایا کہ نہیں اور اگر اس میں سے کوئی چیز کم ہوتی ہے تو بہت فساد برپا ہوتا ہے اور یہ چیزیں محلے والوں پر تقسیم ہوتی ہیں نیز اس لڑکی نے جس استاد سے پڑھا ہے اس استاد کے لئے بھی لڑکے والے سے جبراً کچھ دام لئے جاتے ہیں اور نیز جو نائی خط بنانے کے لئے سالانہ تنخواہ دیکر محلے میں رکھا جاتا ہے اسے بھی لڑکے والے سے کچھ دام دلواتے ہیں۔ نیز لڑکی کے والدین چند روپے لڑکے والے سے لڑکی کے کپڑے جوڑے۔ وغیرہ خریدنے کے لئے لیتے ہیں اور ان اخراجات سے کچھ دام بچالیتے ہیں لہذا یہ امور شرعاً جائز ہیں یا نہیں اور ان لوگوں کے لئے یہ چیزیں لینا جائز ہیں

یا نہیں۔

الجواب

نحمده ونصلى على رسوله الكريم

اگر اہل محلّہ لڑکی والے پر اسقدر اختیار رکھتے ہیں کہ لڑکے والا لوازمہ دیگا تو یہ نکاح ہونے دینگے اور لڑکی والا بلا ان کی رضا کے نکاح نہ کرسکیگا تو یہ لوازمہ رشوت ہے۔

ردالمحتار میں ہے۔

ان اعطى الى رجل شيئا لاصلاح مصالح المصاهرة ان كان من قوم الخطبية اوغيرهم الذين يقدرون على الاصلاح والفساد وقال هو اجرة لك على الاصلاح لايرجع وان قال على عدم الفساد والسكوت يرجع لانه رشوة۔ (ردالمحتار ص ۳۷۶)

یا لڑکے والا اس لئے اہل محلّہ کو لوازمہ دیتا ہے کہ یہ لوگ اس کے لالچ سے فساد سے باز رہیں گے اور باآسانی نکاح ہوجائے گا جب بھی یہ لوازمہ رشوت ہے۔

انفق على طمع ان يتزوجها قال الاستاذ قاضيخان الاصح انه يرجع عليها زوجت نفسها او لم يتزوج لانها رشوة اه ملخصا۔

اور اگر اہل محلّہ کو ایسا اختیار حاصل نہ ہو اور لڑکے والا لحاظ عرف و رسم کے بطور صلہ و ہبہ کے اہل محلّہ کو لوازمہ دے تو یہ لوازمہ نہ رشوت ہے نہ حرام۔

شامی میں ہے۔

وان كان ممن لايقدرون على ذالك ان قال هو عطية او اجرة لك للذهاب والاياب او الكلام او الرسالة بيني وبينها لايرجع وان لم يقل شيئا منها يكون هبة له الرجوع فيها ان لم يوجد مايمنع الرجوع۔ (شامی ص ۳۷۶)

بالجملہ یہ لوازمہ پہلی دونوں صورتوں میں رشوت ہے تو اہل محلّہ کو اس کا نہ لینا جائز نہ کھانا حلال اور تیسری صورت میں ہبہ ہے تو اسکا لینا بھی جائز اور کھانا بھی حلال، اسی طرح لڑکی کے استاد کے لئے لڑکے والے سے دام لینا پہلی دو صورتوں میں رشوت ہے، اور تیسری صورت میں ہبہ اور احسان ہے، اور نائی کو لڑکے والے کا کچھ دینا عرفاً بطور تبرع اور احسان کے ہوتا ہے تو اس میں لڑکے والا مختار ہے، اور لڑکی کے والدین کو لڑکی کے جوڑے وغیرہ کے لئے لڑکے والے کی طرف سے جو روپیہ ملا ہے وہ خاص لڑکی کے

واسطے ہبہ ہے، تو والدین کا اس سے بچا لینا جائز اور حلال نہیں۔

درمختار میں ہے: ویباح لوالدیه ان یاکل من ماکول وھب له وقیل لا انتھی فافاد ان غیر الماکول لایباح لھما۔ (درمختار ص ۵۳۶) واللہ تعالی اعلم بالصواب

مسئلہ (۸۹۷، ۸۹۸، ۸۹۹، ۹۰۰)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ احمد یوسف ذکریا مسجد بمبی نے بروز جمعہ ذکریا مسجد میں ابن سعود کے بیٹوں کا خود استقبال کیا، آداب بجالایا اور مصلیوں سے استقبال کرایا، اور نجدی حکومت اور ابن سعود نجدی کی اور اس کے لڑکوں کی تعریفیں کیں، نجدیوں کی شان میں قصیدے پڑھے، ان کی حفاظت کی سلامتی کی دعا کی اور ایک تقریر کی جس میں کہا کہ اللہ عزوجل کے بہت بڑے شکر کا سبب یہ ہے کہ حکومت نجدیہ کے دعوے اور دعوت صحیح اور ایسی دعوت جس میں کجی اور نقصان نہیں اور نجدی حکومت کو حضرت امام حنبل رضی اللہ تعالی عنہ کا مقلد بتایا اور کہا کہ نجدیوں کے جھنڈے پر لا اله الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا ہے جو اشارہ کرتا ہے کہ انکا اور تمام اہل زمین کا ایک ہی کلمہ ہے جس کی بنا پر ہم سب پر لازم ہے کہ فروعات کی بحث چھوڑ دیں اور ایک صف ہو جائیں اور ایسے امور اور مسائل میں مشغول نہ ہوں جس کا نقصان نفع سے زیادہ تر ہے نیز اپنی تقریر میں ابن مسعود کے بڑے لڑکے سے مخاطب ہو کر کہا کہ اے بلند تر امیر، نیکی کے تارے، ہم سب نے نزدیک کر دیا جانوں کو، اور نزدیک کر دیا ہم نے تیرے لئے نظر کو، اگر تو کسی روز میدان جنگ میں سحر کے وقت بھی بلائے گا تو ہم تنہا تنہا اور جماعتیں بنا کر بلندی حاصل کرنے کے لئے تیرے پاس حاضری دینگے، اس کے بعد کہا کہ میں زیادہ تقریر کرنا پسند نہیں کرتا اس آیت پر ختم کرتا ہوں۔

قل یا اھل الکتاب الی اخرہ۔

اس کے بعد نہایت تعظیم وتکریم سے ابنائے سعودی کو رخصت کیا اور ابنائے سعودی نے انعام دیا، یہ تمام حالات بمبی کے عربی اخبار الشرہ ۲۳ مئی ۱۹۴۰ء میں شائع ہو گئے ہیں، اس کے بعد شہر کے چند سنی مسلمانوں نے ایک اشتہار شائع کرا کر ان حالات پر تمام سنیوں کی توجہ مبذول کرائی، پھر ہماری انجمن نے ایک اشتہار بعنوان ''دشمنان اسلام کی آمد پر بمبی میں ایک فتنہ عظیم'' شائع کرایا۔ جو آپ کی خدمت میں ارسال ہے۔

(۱) عرض یہ ہے کہ اس امام کے متعلق شرعا کیا حکم کیا ہے؟

(۲) اس کی امامت درست ہے یا نہیں اور جو نمازیں اس کے پیچھے پڑھی جائیں وہ واجب الاعادہ ہیں یا نہیں۔ اور اگر اعادہ نہ کیا جائے تو فرض ذمہ سے ساقط ہوگا یا نہیں؟۔

(۳) اگر امام توبہ کرنا چاہے تو کس طرح کرے کیا امام کو اپنی غلطی اور توبہ علی الاعلان بر سر منبر عام مسلمانوں کے سامنے کرنا اور اس کو اپنی تقریر کی طرح شائع کرانا ضروری ہے اور کیا توبہ کے ساتھ تجدید اسلام بھی ضروری ہے؟۔

(۴) اگر امام چند معتمد اشخاص کے سامنے توبہ کرے تو کیا شرعا اس کی توبہ قابل قبول ہوگی اور ایسی خفیہ توبہ کے بعد اس کی امامت درست ہوگی یا نہیں؟۔

راقم اشتہار نے جو کچھ اپنے اشتہار ''دشمنان اسلام کی آمد پر بمبی ایک فتنہ عظیم'' میں لکھا ہے۔ وہ حق وصواب ہے یا نہیں؟ بحوالہ کتب معتبرہ ارشاد فرمائیں اور مولی تبارک وتعالی سے اجر پائیں۔

المستفتیان اراکین انجمن تبلیغ صداقت رحمت منزل کامبیکر اسٹریٹ چھاپہ بمبی ۳

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسوله الکریم

(۱) بلا کسی معذوری ومجبوری کے ابن سعود اور اس کے بیٹوں کے عقائد باطلہ حرکات نالائقہ پر مطلع ہو کر ان کی نہ فقط ایسی تعریفیں اور استقبال واعزاز کرنا بلکہ ان کے باطل مذہب کو صحیح قرار دینا ان کے اصولی اختلافات کو فروعی اختلافات بتانا کسی صحیح العقیدہ سنی المذہب شخص سے ممکن نہیں تجربہ شاہد ہے کہ ایسی حرکات ایسے افعال واقوال کسی گمراہ وبددین نجدی سیرت سے صادر ہوں گے۔

ردالمحتار میں ہے۔

اجمع المسلمون ان شاتمه کافر حکمه القتل ومن شك فی عذابه وکفرہ کفر۔
(ردالمحتار ص ۳۹۹)

شرح فقہ اکبر میں ہے۔

الرضا بالکفر کفر سواء کان بکفر نفسه او بکفر غیرہ۔
(شرح فقہ اکبر مصری ص ۱۴۰)

امام زکریا مسجد پر نجدی کے کفری عقائد کو معمولی اختلافات کہنے اور باوجود اس کی ایسی ناپاک گستاخیوں کے اسے قابل ملامت وطعن اور لائق توہین وتذلیل نہ ٹھہرانے کا جرم کم از کم ضرور عائد ہوتا ہے

جوخود اس کے نجدی ہم عقیدہ ہونے اور صحیح معنی میں سنی المذہب نہ ہونے کا صاف اظہار کر رہا ہے، لہذا اس امام مذکور پر توبہ واستغفار لازم وضروری ہے۔

(۲) بلاتوبہ کے نہ اس کی امامت صحیح نہ اس کی اقتداء درست۔ نہ فریضہ مقتدی ذمہ سے ساقط ہو۔ کما ہو مصرح فی کتب الاصول والفروع۔

(۳) امام مذکور کو باعلان عام علی روس الاشہاد توبہ کرنا اور تجدید ایمان کرنا اور اس کا تقریراً تحریراً اظہار کرنا ضروری ہے۔

شرح فقہ اکبر میں ہے۔

یحتاج الی التوبة فی ثلثة مواضع احدها ان یرجع الی القوم الذین تکلم بالبهتان عندهم فیقول انی قد ذکرته عندکم کذا فاعلموا انی کنت کاذبا فی ذلك (ص ۱۴۵)

لہذا جس طرح ارتکاب جرم کیا اسی طرح توبہ کرے۔

(۴) علانیہ جرم کی خفیہ طور پر توبہ کرنا اور اس کا صرف چند شخصوں پر اظہار کرنا کافی نہیں۔ لہذا امام مذکور خفیہ طور پر تائب ہو کر امامت نہیں کرسکتا بلکہ ایسے شخص کو بلا تجربہ کے صرف توبہ بالاعلان پر اعتماد کرتے ہوئے پھر امامت کے لئے مقرر کرنا مناسب نہیں ہے کہ امامت کی بڑی ذمہ داری ہے۔

(۵) اشتہار مندرجہ فی السوال کا مضمون صحیح وصواب ہے۔ اہل اسلام اس پر عمل کریں اور اس کو حق جانیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۹۰۱)

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اگر کسی بزرگ نے اپنی حیات میں کسی کو اپنا سجادہ یا جانشین نہیں بنایا اور نہ کسی کو اپنا خلیفہ کیا اور یہ بزرگ لاولد وصال کر گئے۔ ان کا عرس وفاتحہ ان کا ایک مرید کرتا رہا۔ تقریبا پچاس ساٹھ سال تک ایسا ہوتا رہا، پھر اس مرید نے اپنے وارث کو یہ وصیت کی کہ آئندہ میرے بعد یہ عرس وفاتحہ برابر ہوتا رہے اور اس نے کچھ وقف کیا اور اس میں مرید کا بھی انتقال ہوگیا، اس وارث نے اپنی جانب سے خدمت مزار کے لئے ایک خادم مقرر کیا اور خادم تبدیل ہوتے رہے اب کچھ زمانے کے بعد یہ خادم سجادہ ہوسکتا ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

(۲) جو اشخاص کسی درگاہ شریف ونیز مسجد درگاہ کو بند رکھتے ہوں اور مسجد میں بوجہ بند رہنے کے نماز نہ ہوتی ہو اور درگاہ شریف میں زائرین کو موقع فاتحہ خوانی کا نہ ملتا ہو تو وہ اشخاص قابل خدمت متصور

ہوں گے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

المستفتی احقر العباد حاجی صوفی ولایت حسین ساکن مراد آباد

الجواب

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

اولیائے کرام کے نزدیک سجادہ نشین یہ ہے کہ مرشد کسی ایسے مرید خاص کو جسے مرشد صالح ارشاد اور لائق تربیت سمجھ کر اخذ بیعت وتلقین اذکار واشغال وتربیت طالبین کے لئے اپنی حیات میں اپنا خلیفہ ونائب کر چکا ہو مرشد کے وصال کے بعد مرشد کی مسند خاص پر جلوس کرے اور تمام امور انتظام۔ عزل ونصب وخدام۔ تولیت اوقاف درگاہی۔ مصالح ومصارف خانقاہی میں اس کی جگہ قائم ہو۔ اسی کو خلافت خاصہ بھی کہتے ہیں۔

صورت مسئولہ میں جب ان بزرگ نے اپنے مریدین میں سے کسی کو اپنا خلیفہ ہی نہیں کیا تو خود اس بزرگ کے کسی مرید کو بھی سجادہ نشین کے دعویٰ کا کوئی حق حاصل نہیں چہ جائیکہ کسی خادم مزار کا یہ دعوی قابل ذکر اور لائق التفات ہو۔ اس لئے کہ سجادہ نشینی خلافت خاصہ ہے اور خلافت خاصہ بلا خلافت عامہ کے متحقق نہیں ہوسکتی اور خلافت یا اجازت صحیحہ حاصل نہیں ہوتی۔ لہذا اس خادم مزار کا یہ دعوی سجادگی بالکل غلط اور سراسر باطل ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۲) بلاضرورت مسجد اور درگاہ کو اتنا بند رکھنا جس سے ان کی اغراض اور عامۃ المسلمین کے منافع فوت ہوتے ہیں نامناسب ہے اور اس کے مرتکب قابل ملامت اور لائق تنبیہ ہیں۔

درمختار میں ہے۔ کره غلق باب المسجد الالخوف علی متاعه به یفتی۔

شامی بحر الرائق سے ناقل ہیں۔ وانما کره لانه یشبه المنع من الصلوة۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۹۰۲)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید کے یہاں مجلس میلاد شریف منعقد ہوئی جس میں تقریبا چار سو آدمی شامل تھے اور آٹھ دس آدمی نعت خواں موجود تھے اور ایک مولوی صاحب کو بھی مدعو کیا تھا جس میں انہوں نے بیان فرمایا اور درود شریف پر ختم کردیا، نعت خوانوں کو نعت خوانی کا موقع نہیں دیا، نہ پڑھنے کو کہا، نعت خوانوں نے اپنے شوق میں آکر خود سلام پڑھنا شروع

کردیا، مولوی صاحب کو یہ بھی ناگوار گزرا، بعد ختم میلاد شریف ایک طالب علم نے جوان کے ساتھ آیا تھا کہا کہ میرا جوتا جاتا رہا، دوسرے دن مولوی صاحب کو طالب علم ساتھ لیکر آئے اور کہا کہ مبلغ آٹھ روپے کا اس کا جوتہ تھا اس کا انتظام کردیا جائے، چنانچہ مولوی صاحب متواتر تین روز تک آکر یہی تقاضہ کرتے رہے، بالآخر صاحب خانہ نے مجبور ہوکر پانچ روپے جوتے کی قیمت دیدی، یہ بات بھی خیال فرمانے کے لائق ہے کہ طالب علم صاحب نے مولوی صاحب کا روپیہ سوا روپے کا جوتا تو محفوظ جگہ رکھدیا اور انا آٹھ روپیہ کا جوتا ویسے ہی چھوڑ دیا کیا یہ ڈنڈ کسی صورت میں جائز ہے؟

(۳) ایسے مولوی جو خود ڈنڈ دلوائیں ان کے لیے کیا حکم ہے؟

(۴) نعت خوانی اور سلام پڑھنے سے گریز کیا معنی رکھتا ہے؟ مولوی صاحب نے یہ بھی فرمایا تھا کہ جوتا بکر نے چرایا ہے، بکر نے کلام مجید کی قسم کھائی کہ میں نے نہیں چرایا، مجھ پر الزام ہے۔ مگر مولوی صاحب نے کلام پاک کی قسم کا بھی اعتبار نہیں کیا، اس اعتبار نہ کرنے پر مولوی کے صاحب کے لیے کیا حکم ہے؟۔

المستفتی اسلام مصطفی خان ضلع میرٹھ۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) ایسی مجالس عامہ جن میں عرفاً حاضرین کے جوتوں کا صاحب خانہ محافظ نہیں ہوتا اگر اس میں کسی کا جوتا ضائع ہوجائے تو اس کا تاوان صاحب خانہ سے جائز نہیں۔

علامہ شامی فتاوی ہندیہ سے ناقل ہیں۔

وضع شیئا فی بیتہ بغیر امرہ فلم یعلم حتی ضاع لا یضمن لعدم التزام الحفظ۔ وان العبرۃ للعرف۔ (ردالمحتار ج۴ ص۵۱۶) واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

(۲) مولوی صاحب موصوف صاحب خانہ کو وہ دام واپس کرائیں اور یہ بات علماء کے شایان شان نہیں۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب

(۳) بلا عذر نعت خوانی یا سلام پڑھنے سے انکار کرنا قبیح ومذموم ہے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب

(۴) بلا ثبوت شرعی کسی مسلمان کی طرف یہ گمان کرنا گناہ ہے۔

قرآن کریم میں ہے۔ ان بعض الظن اثم۔

اور جب ثبوت نہ ہو تو منکر کی قسم معتبر ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔ البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر۔

بالجملہ مولوی صاحب کو بغیر ثبوت شرعی کے محض اپنے گمان پر اعتماد کرتے ہوئے ایسا طریقہ اختیار کرنا شان علماء کے خلاف ہے لیکن عوام پر علماء کا اعزاز کرنا ضروری ہے اگر بشریت کی بنا پر ان سے کوئی غلطی بھی ہوجائے تو اس سے چشم پوشی کرنا فریضہ نیازمندی ہے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۹۰۳)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص سنی العقیدہ حنفی المذہب ہے، اور ایک خاص مسجد کا پیش امام ہے، اسنے عدالت میں قرآن شریف ہاتھ میں اٹھا کر بالکل جھوٹ اور دروغ بیان دیا آیا ایسا فعل شرع کے خلاف ہے یا نہیں؟ اور اس سے اسلام کی توہین ہوتی ہے یا نہیں؟ اب ایسے شخص کے ساتھ اسلامی سلوک اور مواخات برتا جائے یا نہیں اور امام بنایا جائے یا نہیں؟۔ شریعت مطہرہ میں اس کے متعلق جو کچھ مرقوم ہے بحوالہ کتب ارقام فرمایئے۔

المستفتی چودھری صابر علی خاں صاحب ساکن محلہ چودھری سرائے بلدہ سنبھل ضلع مرادآباد ۱۴ رجب المرجب ۱۳۶۰ھ

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جھوٹا بیان گناہ کبیرہ ہے، قرآن واحادیث میں اس کی مذمت وقباحت بکثرت مذکور ہے، اور قرآن مجید ہاتھ میں اٹھا کر جھوٹا بیان دینا اور زیادہ مذموم ہے اور خلاف شریعت۔ اگر شخص مذکور نے فی الواقع ایسا کیا تو وہ فاسق ہے اور فساق کے ساتھ شریعت جن جن امور میں اجتناب کا حکم دیتی ہے شخص مذکور بھی ان ساری باتوں کا مستحق ہوگیا، شخص مذکور پر توبہ لازم ہے، بلا توبہ کے یہ شخص متقین وصالحین کی امامت نہ کرے، فساق کی امامت کرسکتا ہے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۹۰۴)

بسم اللہ الرحمن الرحیم حامدا ومصلیا ومسلما قولکم رحمکم اللہ تعالی۔

زید جو مسجد قصابان کے امام ہیں اور درس نظامی کے منتہی طالب علم ہونے کی حیثیت سے وقتاً فوقتاً جمعہ کے اجتماع اور دیگر مجالس وعظ میں تقریر بھی فرماتے رہتے ہیں، ایک مرتبہ جمعہ کے خطبہ سے پہلے حسب معمول وعظ فرمارہے تھے دوران تقریر یہ فرمایا: کہ قصاب حضرات مینڈے کے گوشت میں بکرے

کی دم لگا کر خریداروں سے بکرے کا گوشت ثابت کرنے کے لئے سینکڑوں خدا کی قسمیں کھا جاتے ہیں۔ اگر ان سے لڑکے کی قسم کھانے کے لئے کہا جائے تو ان کا رد کر دیتے ہیں (یعنی خدا پر لڑکے کو ترجیح دیتے ہیں) اہل برادری قصابان کا یہ اعتراض ہے کہ امام صاحب نے ہماری پوری قوم قصابان کی توہین کی ہے

(۱) کیا امام صاحب موصوف کا یہ اعتراض متذکرہ بالا الفاظ میں محرمات وممنوعات شرعیہ کے بیان کے ذیل میں کہہ دینا پوری قوم قصابان کی توہین کرنے کے مترادف ہے؟ اور معترض کا یہ کہنا صحیح ہوگا کہ امام صاحب نے ہماری پوری قوم قصابان کی توہین کی؟۔

(۲) بعض اشخاص نے امام صاحب موصوف کے پیچھے جماعت سے نماز پڑھنا ترک کر دیا ہے۔ ان چند اشخاص کی نسبت جنہوں نے امام صاحب کے پیچھے نماز باجماعت پڑھنا چھوڑ دیا ہے۔ حکم شرعی کیا ہے۔ براہ کرم جواب مفصل ومدلل عنایت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں فقط۔

المستفتی احقر العباد عبدالوحید چاند پورل بازار راستہ منشی جے لال کریم منزل جے پور سٹی راجستھان

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ہر زبان کا عرف عام ہے کہ ناصح لوگ کسی فعل کی پوری قوم کی طرف نسبت کر دیا کرتے ہیں باوجودیکہ وہ فعل ساری قوم کا نہیں ہوتا بلکہ بعض اشخاص اس کے مرتکب ہوتے ہیں قرآن کریم میں بھی ایسی نسبت وارد ہے چنانچہ قوم لوط کے لئے فرمایا گیا

انتم قوم عادون ۔ یعنی تم حد سے بڑھنے والی قوم ہو۔

تو اس میں پوری قوم لوط کو حد سے بڑھنے والا قرار دیا۔ باوجودیکہ سب قوم حد سے بڑھنے والی نہ تھی بلکہ اس کے بعض اشخاص تھے۔ اسی طرح قوم قریش کے لئے فرمایا گیا

ہم قوم خصمون۔ یعنی وہ جھگڑالو قوم ہے۔

تو اس میں پوری قوم قریش کو جھگڑالو ٹہرایا باوجودیکہ سب قریش جھگڑالو نہ تھے بلکہ بعض افراد قوم تھے۔ تو ثابت ہو گیا کہ بعض افراد قوم کے فعلوں کی نسبت پوری قوم کی طرف کر دی جاتی ہے۔ لہذا اہل زبان ایسی قبیح نسبتوں کو یہی سمجھا کرتے ہیں یہ فعل اس قوم کے بعض اشخاص کا ہے۔ تو صورت مسئولہ میں امام صاحب کے الفاظ سے پوری قوم قصابان کی توہین ثابت نہیں ہوئی بلکہ قوم کے انہیں اشخاص کی

توہین مقصود ہوئی جنہوں نے اس قبیح فعل کا ارتکاب کیا ہے۔

تو ان کا امام پر پوری قوم قصابان کی توہین کا الزام رکھنا نامناسب وغلط ہے۔ واللہ تعالی اعلم

(۲) جن صاحبوں نے محض اسی غلط بنیاد پر ان امام کے پیچھے نماز پڑھنا ترک کر دی ہے یہ ان کی سخت غلطی ہے۔ کہ غلط بنیاد پر نتیجہ بھی غلط ہی مرتب ہوتا ہے۔ ہاں امام پر جب کوئی الزام شرعی عائد ہوتا ہو اور اس کا فسق حد شہرت تک پہونچ گیا ہو تو شرعاً اس کے پیچھے نماز ترک کر دینے کا حکم ہوتا ہے۔ اور اس واقعہ سے وہ امام شرعا فاسق معلن ثابت نہیں ہو سکا تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا کس طرح جائز وممنوع ہو سکتا ہے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔ ۱۸ محرام الحرام ۷۶/۱۳۷۶ھ

مسئلہ (۹۰۵)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں

(۱) ہمارے موضع میں ایک صاحب نے میلاد شریف کرایا، زید نے مسلسل ڈیڑھ گھنٹے کی تقریر میں نماز کے قوانین ونمود وریا سے پاک، محبت وخلوص کے ساتھ ادائیگی قرآن وحدیث واعمال اولیاء اللہ کی روشنی میں بیان فرمایا، نیز یہ بھی بیان فرمایا کہ نماز، روزہ، حج، زکوۃ، اس وقت تک بیکار ہیں جب تک حضور سرور عالم جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو تمام عالم سے زیادہ ترمحبوب نہ مان لے، آخر میں اوقات، نماز واذان وفوائد جماعت بیان کر کے صلوۃ وسلام پر محفل میلاد ختم ہوئی۔ بکر نے ۲ بجے شب میں غلطی۔ سے فجر کی اذان دے دی، پھر معلوم ہونے پر ۴ بجے صبح کو اذان دی، خالد نے نو بجے دن میں بکر سے کہا کہ آپ لوگوں نے بے وقت اذان دیکر گاؤں گڑھا کر دیا، اس پر بکر نے کہا کہ میں نے بڑے بڑے وقت والوں کو دیکھا ہے، پھر خالد نے کہا کہ ابھی رات نماز وغیرہ کے بارے میں تقریر ہوئی ہے مگر آپ اپنے برابر کسی کو نہیں سمجھتے، تو بکر نے فوراً نہیں الفاظ کہا کہ تقریر کی ایسی کی تیسی۔ لہذا دریافت طلب امر یہ ہے کہ بکر پر قرآن حدیث سے کیا حکم ہوتا ہے اور اس سے مسلمانوں کو کیا برتاؤ کرنا چاہئے؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

بکر نے اس تقریر کی توہین کی جو احکام شرع پر مشتمل تھی اور قرآن وحدیث سے جس میں استدلال کئے گئے تھے، تو اس نے تقریر کی توہین نہیں کی بلکہ احکام شرع کے ساتھ استہزاء کیا اور احکام شرع کا استہزا کفر ہے۔ فتاوی عالمگیری میں ہے " الاستھزاء باحکام الشرع کفر " لہذا اس بکر پر

توبہ لازم ہے اور وہ جب تک توبہ نہ کرے مسلمان اس سے احتیاط و پرہیز کریں اور تعلقات قطع کریں۔
واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۹۰۶)

اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو سجدہ کا حکم حضرت آدم کے لئے دیا تھا وہ تعظیمی تھا یا تعبدی؟ اگر تعظیمی تھا تو اب منسوخ ہوگیا ہے یا اب بھی اس کا کا حکم باقی ہے؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

حضرت آدم علیہ السلام کے لئے جو اللہ تعالیٰ نے فرشتون کو سجدہ کا حکم دیا وہ سجدہ تعظیمی تھا اور یہ پہلی شریعتوں میں جائز تھا۔ فتاویٰ قاضی خاں میں ہے۔

سجود التعظیم لا یکون کفرا عرف ذلك بامر الله تعالیٰ الملائکه سجود آدم علیه السلام والله لایامرا حدا بعبادة غیره و کذلك اخوة یوسف سجد والیوسف علیه السلام۔

لیکن ہماری شریعت میں کسی غیر خدا کے لئے سجدہ تعظیمی جائز نہیں۔ چنانچہ فتاویٰ عالمگیری میں ہے " لا یجوز السجود الا لله تعالیٰ " تو اس شریعت میں اس سجدہ تعظیمی کے جواز کی منسوخی خود ہی ظاہر ہوگئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ (۹۰۷)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کیا ارشاد فرماتے ہیں کہ رسالہ سنی ماہ ذیقعدہ ۱۳۷۵ھ صفحہ ۱۳ مضمون حج بیت اللہ پر جو آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ "جس روپیہ کی زکوۃ ادا نہیں ہوئی اس روپیہ سے حج کرنا حرام ہے۔ (درمختار)

تو کیا وہ روپیہ محفل میلاد شریف، گیارھویں شریف، یا نذر نیاز وغیرہ کار خیر میں خرچ کرنا بھی حرام ہے، تو کیا ایسا جائز ہے کہ خرچ ہونے والے روپیہ کی زکوۃ ادا کرے تب امور خیر میں خرچ کرے، یا انجام دے تو جائز ہے یا نہیں؟ اور جو لوگ بغیر زکوۃ ادا کیے ہوئے حج کر آئے ہیں ان کے لئے کفارہ کیا ہے تحریر فرمایا جاوے۔ فقیر الحاج عبدالجبار کنتور ضلع بارہ بنکی ۲۲/ اکتوبر ۵۶ء

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

درمختار میں تو مجھے اس مسئلہ (جس روپیہ کی زکوۃ ادا نہیں ہوئی اس روپیہ سے حج کرنا حرام ہے) کی تصریح باوجود کافی جستجو و تلاش کے بھی نہیں ملی، اور زکوۃ نہ دینے کی وجہ سے مال میں کچھ خبث وقذر کا شائبہ ہو جاتا ہو لیکن غیر زکوتی مال کی حرمت سمجھ میں نہیں آتی، اور جب اس کی حرمت کی کوئی تصریح میری نظر میں نہیں، تو ایسے مال سے نہ حج کا حرام ہونا متحقق ہوا نہ امور خیر میلاد شریف نذر و نیاز وغیرہ میں خرچ کرنا حرام قرار پایا۔ لہذا جنہوں نے غیر زکوتی مال سے حج کرلیا ہے تو دنیا میں تو ان کے ذمہ فریضہ حج یقیناً ساقط ہوگا کہ حرام مال سے بھی فریضہ حج ذمہ سے ساقط ہو جاتا ہے اگرچہ وہ درجہ قبولت کو نہیں پہونچتا ہے اور ثواب کا مستحق قرار نہیں پاتا۔ ردالمحتار میں ہے:

لا یقبل بالنفقة الحرام کما ورد فی الاحادیث مع انه یسقط عنه معها۔

تو اس غیر زکوتی مال کی حرمت تو ابھی محل کلام ہی میں ہے تو اس سے فریضہ حج کا ادا ہو جانا یقینی طور پر ثابت ہو گیا۔ البتہ حج کے لئے اور ہر امر خیر کے لئے پاک وحلال مال کی سعی کی جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ ۱ جمادی الاخریٰ ۶/ ۱۳۷۶ھ

مسئلہ (۹۰۸)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین حسب ذیل مسئلے میں

کہ ہمارے گاؤں میں چند مسلمان دھوبی رہتے ہیں اور بعض ان میں سے اپنا پیشہ بھی کرتے ہیں اور بعض نہیں، اور بعض ان میں سے نماز بھی پڑھتے ہیں اور بعض نہیں۔ اب ضروری اور دریافت طلب یہ ہے کہ ان کے ساتھ کھانا پینا جائز ہے یا نہیں؟ اور جو لوگ کھاتے پیتے ہیں ان پر شرعی حکم کیا ہے اور جو لوگ روکتے ہیں ان پر شرعی حکم کیا ہے؟۔ بینوا توجروا۔ المستفتی محمد شفیع حسن عباسی موضع شیروان ضلع میرزاپور

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جو دھوبی مسلمان ہیں تو وہ یقیناً تمام اسلامی حقوق کے حقدار ہیں، اور ان کے ساتھ کھانا پینا بھی انہیں حقوق میں داخل ہے، تو جو لوگ ان کے ساتھ کھاتے پیتے ہیں ان کا یہ فعل شرعا صحیح ودرست اور جو لوگ اس سے مسلمانوں کو روکتے ہیں ان کا یہ روکنا غلط وخلاف شرع ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۹۰۹)

۷۸۶

جناب قبلہ وکعبہ محترم کرم فرما مولینا صاحب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جناب والا! کیا فرماتے ہیں علماء دین وشرع متین اس مسئلے کے بارے میں

ایک شخص مسمی زاہد حسین اردو مدرسہ میں مدرس ہے، تنخواہ اسی روپئے ماہوار ہے، اس کا کنبہ ۶ بڑے اور ۳ چھوٹے منجملہ ۹ افراد پر مشتمل ہے، تنگ دستی اور غربت کیوجہ سے اس نے ''دین دنیا'' اور ''آستانہ'' وغیرہ رسائل کی ایجنسی لے رکھی ہے، ایجنسی لیتے وقت یہ نیت کی تھی کہ ایجنسی سے جو کچھ بھی آمدنی ہو وہ تمام کی تمام نیک وخیراتی کاموں میں صرف کرے۔ چنانچہ اس شخص نے آج تک نیت کے بموجب ایجنسی کی تمام آمدنی کار خیر میں صرف کرتا رہا۔ چونکہ اب مہنگائی دن بدن بڑھ رہی ہے جس کے باعث مندرجہ بالا تنخواہ میں اتنے کنبہ کا خرچ بمشکل تمام بہت ہی تنگی سے ہوا ہے۔ اس پر ساڑھے چار سو روپیہ قرض بھی ہوگیا ہے، فرزند نرینہ میں پانچ لڑکوں کی تعلیم وتربیت شادی بیاہ وغیرہ کرنا ہے، بڑا فرزند جو قابل معاش تھا عمر ۲۴ سال کی تھی وہ جھگڑا کر کے علیحدہ ہوگیا ہے، جس کا بھی سہارا جاتا رہا، اسکی ملازمت مدرسی ۲۸ سال کی ہو چکی ہے، چند سال میں پنشن پر نکلنے والا ہے، وہ شخص ادائیگی قرض اور تنگ دستی کے باعث اپنی نیت تبدیل کرسکتا ہے یا نہیں، یعنی وہ ایجنسی کی آمدنی اپنے خانگی مصارف میں لاسکتا ہے یا نہیں، ایجنسی کرتے وقت اس نے خیرات کرنے کی نیت سے شروع کی تھی اور ابھی تک وہ اپنی نیت نیک پر قائم۔ مگر اب چونکہ وہ مقروض اور تنگ دست ہوگیا ہے، اس لئے جناب سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ شرع شریعت کا حکم تفصیلی تحریر فرمائیں تاکہ وہ گناہ گار نہ ہو۔

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اس شخص کے پاس دین دنیا آستانہ، بیسویں صدی، خاتون مشرق، پیام مشرق وغیرہ رسائل کی ایجنسی ہے کوئی پانچ کوئی نو دس رسالہ آتے ہیں اب وہ شمع رسالہ کی اجنسی لینے کا متمنی ہے۔ کیا وہ شریعت کی رو سے شمع کی ایجنسی لے سکتا ہے، دوسرے مولوی صاحب کہتے ہیں نہیں لے سکتے۔

خیر اندیش طالب دعا ماسٹر شیخ حمید ولد شیخ عباد اللہ اردو اسکول مقام پوسٹ چکھلی ضلع بلڈانہ برار

جواب سوال اول:

صورت مسئولہ میں وہ شخص اس آمدنی کو اپنے اہل وعیال کے مصارف میں بھی صرف کرسکتا ہے

کہ اہل وعیال پر خرچ کرنا بھی خیرات میں داخل ہے، تو اس پر تبدیل نیت کا جرم عائد نہیں ہوتا بلکہ اپنی نیت ہی پر قائم رہا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

جواب سوال دوم:

رسالہ شمع کا ریل کے سفر میں دیکھا تو اس کو دیکھ کر یہ معلوم ہوا کہ یہ رسالہ تصاویر اور معمہ جات جیسے محرمات کا ٹھیکدار بنا ہوا ہے، تو ظاہر ہے کہ یہ ان محرمات کی اشاعت کرکے اعانت علی المعصیۃ کررہا ہے تو اس کی ایجنسی میں بھی اعانت علی المعصیۃ ہے، تو اس کی ایجنسی کب جائز ہوسکتی ہے۔

لہذا جن مولوی صاحب نے اس کی ایجنسی کو منع کیا ان کا قول صحیح اور موافق شرع ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

۳ رمضان المبارک ۱۳۸۶ھ

مسئلہ (۹۱۰)

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان شرع اس بارے میں

کہ ناہیدہ اپنے بچوں کی خدمت گذاری میں مصروف تھی اور کچھ پریشان بھی تھی، اسی پریشانی کے عالم میں اس نے کہا اللہ میاں پر بھی مجھے غصہ آتا ہے ایک ہی اولاد دیدی ہوتی تو اچھا تھا، یعنی وہ کئی بچوں کی خدمت گذاری سے پریشان تھی، تب اس نے ایسا کہا۔ دوسرے دن اس کے شوہر نے بڑی سنجیدگی سے اسے سمجھایا اور کہا کہ تم اللہ سے توبہ کرو۔ ناہیدہ نے بار بار کے اصرار پر بس یہی کہا کہ کرلینگے ناہیدہ کے شوہر نے پھر کہا: کہ تم توبہ میرے روبرو کرو، ناہیدہ خاموش رہی، اسکا شوہر اٹھ کر چلا ناہیدہ کے لئے شرعی حکم کیا ہے۔ بینوا توجروا

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

صورت مسئولہ میں مسماۃ ناہیدہ پر توبہ واستغفار کرنا لازم ہے، اس کو اس میں بالکل تامل نہ کرنا چاہئے اور بعد توبہ کے تجدید نکاح بھی کر لینا چاہئے کہ اس کی زبان سے شان الوہیت میں سخت بے ادبی کے کلمات نکلے، مولی تعالیٰ اس کو توبہ کی توفیق دے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

مسئلہ (۹۱۱)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسائل ذیل میں

(۱) بکر کہتا ہے کہ اب زمانہ پہلے کا نہیں رہا ہے، زمانہ ترقی کررہا ہے اور مسلمان اپنی تیرہ چودہ سو

برس کی باتوں کو لئے بیٹھے ہیں، یہ حدیثیں اسی وقت کے لئے تھیں اب حدیثوں کو ردی کی ٹوکری میں ڈالدینا چاہئے۔ حدیثیں پرانی ہوگئی ہیں، بکر کے اس قول وعقیدہ کی وجہ سے اس کا عقد قائم رہا یا نہیں؟ اگر عقد قائم نہیں رہا اور بکر نے تجدید نکاح نہیں کی تو بیوی سے مجامعت جائز ہے یا نہیں؟ اور جو اولاد اس حالت میں ہوگی وہ حلالی ہوگی یا حرامی۔ جواب مفصل وبحوالہ حدیث دیا جائے

(۲) کسی مسلمان کا یا کسی مسجد کا روپیہ بینک میں جمع ہے یا ڈاکخانہ میں جمع ہے تو بینک یا پوسٹ آفس میں جو سود کا روپیہ ملتا ہے اس کا کیا کرنا چاہئے اس کو لینا چاہئے یا نہیں؟ اگر چھوڑتے ہیں تو دیگر قوم کو یہ روپیہ جاتا ہے آخر کیا کیا جائے؟۔

(۳) شب برأت اور شب قدر میں فرق ہے یا دونوں یکساں ہیں؟۔ مفصل اور اطمینان بخش جواب دیا جائے، معہ حوالہ حدیث دیا جائے۔

المستفتی، مولوی محمد عبداللہ خاں صاحب از اون ضلع ایوت محل (برلام)

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) بکر کا مطلقا احادیث کریمہ کو یہ کہنا کہ "ان کو ردی کی ٹوکری میں ڈالدینا چاہئے وہ پرانی ہوگئی ہیں" یقیناً احادیث کا کھلا ہوا انکار ہے، بلکہ اس میں احادیث کی کمال توہین اور استحقار ہے۔ لہٰذا اس قول کے کفر ہونے میں کوئی شبہ ہی نہیں ہے۔ عقائد کی مشہور کتاب شرح فقہ اکبر میں ہے:۔

وفی الخلاصۃ من رد حدیثا قال بعض مشائخنا یکفر وقال المتاخرون ان کان متواترا کفر۔ اقول: ھذا ھو الصحیح الا اذا کان من الاخبار لاعلی وجہ الاستخفاف والاستحقار والانکار۔

تو یہ بکر اپنے اس ناپاک قول وعقیدہ کی بنا پر کافر ہوگیا تو پھر اس کا نکاح کیسے باقی رہ سکتا ہے؟۔ اب بلاتوبہ اور تجدید نکاح کے اس عورت سے صحبت کرنا حرام ہے، اور اس حرام صحبت سے جو اولاد ہوگی وہ یقیناً حرامی ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۲) بینک اور ڈاکخانہ سے جو زائد روپیہ ملتا ہے وہ ناجائز وحرام نہیں، اس کو وصول کرلیا جائے اور اگر خود خرچ نہ کرنا چاہے تو فقراء اور غرباء کو دیدے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۳) شب برأت کا نام قرآن کریم میں لیلۃ مبارکہ ہے اسی سے اس رات کی فضیلت معلوم ہو

گئی احادیث میں بھی اس کے بکثرت فضائل مذکور ہیں۔ اور شب قدر کے فضائل میں تو بہت کافی احادیث مروی ہیں۔ قرآن کریم نے اس کی یہ فضیلت خاص بیان فرمائی۔

لیلۃ القدر خیر من الف شھر۔ یعنی شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے

اسی لئے سال بھر کی شبوں میں یہ افضل شب ہے۔

جامع العلوم میں ہے۔

لیلۃ القدر افضل السنۃ واشرفھا خصھا اللہ تعالیٰ بھذہ الامۃ المرحومۃ وھی باقیۃ الی یوم القیمۃ۔

لہٰذا شب قدر کی شب برأت پر افضلیت ثابت ہوگئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

۲۳ رمضان المبارک ۱۳۷۶ھ

مسئلہ (۹۱۲)

کیا فرماتے ہیں علمائے عظام ومفتیان کرام مندرجہ ذیل مسئلوں میں

زید جو اپنے مسلمان اور پابند شرع ہونے کا دعویدار ہے اس نے اپنے ایک مرض سے تنگ آکر ایک برہمن سے اوجھائی کرائی اور خود بھی ہندؤں کے تہوار ہولی کی رات میں برہنہ ہوکر ٹوٹکے کے طور پر آگ کے جلتے میں کچھ چیزیں ڈالیں دریافت طلب امر یہ ہے کہ مسلمانوں کا اس کے ساتھ کیا برتاؤ ہونا چاہئے اور احکام اسلام کی رو سے زید کس گناہ کا مرتکب ہوا۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

صورت مسئولہ میں زید پر ان ناپاک حرکات کی بنا پر توبہ اور تجدید ایمان ضروری ہے پھر اگر وہ بالاعلان توبہ کرکے تجدید ایمان کرلے تو اس کے ساتھ سارے اسلامی معاملات کرنے درست ہیں۔ اور اگر وہ معاذ اللہ توبہ ہی نہ کرے تو پھر اس کے ساتھ میل جول سلام وکلام اور تمام اسلامی تعلقات ترک کر دینے چاہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

مسئلہ (۹۱۳)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں

کہ ایک شخص نے بحالت مجبوری ایک آدمی کے مکان میں مع بیوی بچوں کے پناہ لیا اور مالک

مکان پردیس میں تھا فقط اس کی بیوی مکان پر رہتی تھی، اس دوران میں مالک مکان کی بیوی اور پناہ گزیں میں ناجائز تعلقات پیدا ہو گئے اور ناجائز حمل سے ایک لڑکا بھی پیدا ہو گیا اور لڑکا آٹھ روز پر مر گیا، اور یہ بات لوگوں کو معلوم ہوئی تو پنچائت ہوئی، اس میں دونوں نے ناجائز تعلقات کا اقرار کیا، اب مالک مکان اپنی بیوی کو رکھنا نہیں چاہتا ہے۔ لہذا شرعی حکم سے آگاہ فرمائیے کی شوہر طلاق دے تو مہر دین کا کیا حکم ہے عورت کا بیان ہے کہ میرے ساتھ زبردستی بدفعلی کیا اور بعد میں مجھ کو سیکھا دیا کہ تم کہہ دوگی کہ اسکے لڑکے کا حمل ہے جو پناہ گزیں کا لڑکا ہے پنچائت نے پناہ گزیں مرد پر پچیس روپیہ جرمانہ کیا جو پانچ ماہ بعد ادا کرے گا۔ اور عورت کے منہ کا لک چونا لگوا کر خوب پٹوایا عورتوں سے مار کھلوایا پناہ گزیں اسی موضع کا رہنے والا ہے اور کھانے پینے سے خوشحال ہے برسات میں مکان گر جانیکی وجہ سے اس کے مکان میں پناہ لیا تھا شرعا مرد و عورت کے لیے کیا سزا ہے اور جس پنچائت نے الگ الگ رعایتی فیصلہ کیا اسکا کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مالک مکان باوجود اپنی بیوی کے اس جرم عظیم کے بعد اسکی توبہ کے اگر اپنی زوجیت میں اس کو رکھنا چاہے تو رکھ سکتا ہے کہ اس ناجائز تعلق کی بنا پر وہ اسکی زوجیت سے خارج نہیں اور اگر چاہے تو اس کو طلاق بھی دے سکتا ہے لیکن اس صورت میں اس پر شرعا مہر کی ادائیگی واجب ہے البتہ اگر عورت ہی اپنے اس حق کو معاف کر دے تو معاف ہو جائیگا۔ واللہ اعلم بالصواب

ایسے شادی شدہ مرد و زن کی سزا شرعا رجم یعنی سنگسار کرنا ہے۔ لیکن اس سزا کا حق بادشاہ یا قاضی شرع کو ہے، پنچائت نہ ایسی سزا دے سکتی ہے اور نہ اس کے لیے سزا میں روپیہ کا جرمانہ مقرر کرنا جائز ہے ہاں پنچائت معمولی زد و کوب کر سکتی ہے، حقہ پانی بند کر سکتی ہے اور ترک معاملات کی سزا دے سکتی ہے لیکن رعایتی فیصلہ کا اس کو حق حاصل نہیں واللہ تعالی اعلم بالصواب　شوال المکرم ۶ ۷۳ اھ

مسئلہ (۹۱۶،۹۱۵،۹۱۴)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارے میں

(۱) کہ ایک شخص شراب کا پیشہ کرتا ہے وہ شخص رفاہ عام کے واسطے کنڈ کروا سکتا ہے یا نہیں؟۔

(۲) قبرستان کے دروازہ یا کنڈ برائے پانی پینے لوگوں کے وہ دام روپیہ لگا سکتا ہے یا نہیں؟۔

(۳) حرام روپیہ کا بنا ہوا کنڈ کا پانی عام لوگوں کے لئے جائز ہے یا نہیں؟۔ یہاں ہر برسات کے پانی کو جمع کر کے پینے میں اس کے لئے کنڈ بنانے میں پانی جمع کرنے کے لئے وہ پانی آئندہ برسات تک چلتا ہے۔ اس مسئلہ کا جواب جلدی عطا فرما دیں

المستفتی محمد صدیق خلیفہ بمقام تارانگر ضلع چورو راجستھان

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۲،۱) اگر شخص مذکور کی آمدنی صرف تجارت شراب ہی کی ہے تو یہ آمدنی حرام مال ہوا اور حرام مال کا مصرف بغیر نیت ثواب کے صرف فقراء و مساکین ہیں۔ تو کنڈ و قبرستان وغیرہ ایسے امور میں یہ حرام آمدنی ہرگز نہ لگائے جن کی غرض رفاہ عام ہو اور اس میں ثواب مقصود ہو اور جنہیں عموما فقرا و غیرہ سب استعمال کرتے ہیں۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب

(۳) حرام مال کے بنائے ہوئے کنڈ کے پانی کو صرف فقرا و مساکین استعمال کریں اور جو فقیر و مسکین نہ ہوں۔ انہیں ایسے پانی کے استعمال سے اجتناب اور پرہیز ہی کرنا چاہئے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔ ۸ ذیقعدہ ۶ ۷۳ اھ

مسئلہ (۹۱۷)

ایک عالم صاحب نے بیان تقریر میں یہ فرمایا کہ جب یزید کے سامنے حضرت امام علیہ السلام کا سر مبارک لا کر رکھا تو یزید نے حضور کے بوسہ دیئے ہوئے سر مبارک کے ٹھوکریں لگائیں اور امام حسین علیہ السلام کے دہن مبارک میں شراب ڈالی گئی اور یہ بھی بیان کیا کہ شمش تبریز صاحب بغیر باپ کے پیدا ہوئے، جیسے ہمارے عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والتسلیم، ایسے عالم کے لئے کیا حکم ہے مفصل تحریر فرما دیں عین نوازش ہوگی بینوا توجروا۔ مع حوالہ کے تحریر فرما دیں۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

شمس تبریزی کا بغیر باپ کے پیدا ہونا غلط ہے، بلکہ حضرت شمس اور ان کی والدہ پر ناجائز تہمت ہے۔ معاذ اللہ یزید لعین فاجر اور فاسق تھا اس سے ایسی حرکتیں ممکن ہیں لیکن ان حرکتوں کی تصدیق نہیں

مسئلہ (۹۱۸،۹۱۹،۹۲۰،۹۲۱)

باسمہ سبحانہ

بعالی خدمت حضرت مولینا مفتی شاہ محمد اجمل صاحب قادری رضوی دامت برکاتھم دار الافتاء سنبھل ضلع مراد آباد------------- السلام علیکم

عارض خدمت والا بابرکت ہوں کہ حسب ذیل پر فتوئی میں کفارہ اور سزا بہ واپسی ڈاک ارشاد فرماویں، یہاں مسلمانوں میں بڑی بے چینی پھیلی ہوئی ہے۔ چونکہ یہ دیہات ہے اس لئے یہاں پر کوئی مفتی نہیں موجود ہے اس لئے بڑی پریشانی ہے۔ مسائل حسب ذیل ہیں۔

(۱) زید ایک بازاری عورت سے تقریبا ایک سال تک حرام کاری کرتا رہا لوگوں کے کہنے پر کہا کہ میں کیا کروں میں جب کلام پاک تلاوت کو بیٹھتا ہوں تو ہر حرف میں مجھکو کلام پاک میں وہ عورت نظر آتی ہے۔

(۲) اس میں بازاری عورت کو جب لوگوں نے سمجھایا تو اس نے کہا کہ تم لوگ ہرگز کچھ نہ کہو۔ اگر خدا اور رسول آ آ کر کھڑے ہو جاویں اور زید موجود ہو تو میں خدا اور رسول کو کچھ نہ مانونگی سوائے زید کے۔

(۳) زید نے عورت مذکور کے ساتھ عقد کر لیا ہے، کوئی فتوئی اپنی سیاہ کاریوں کے لئے حاصل کیا اونہ کوئی کفارہ ادا کیا ہے۔ لوگوں نے اس کے ساتھ کھانا پینا ترک کر دیا ہے۔

(۴) زید نے اور اس عورت نے اب تک اپنے ان الفاظ کفر کے متعلق نہ توبہ کی ہے اور نہ کوئی کفارہ ہی ادا کیا۔

المستفتی، فقیر حقیر راقم الحروف محمد افضل خاں فاخری چشتی عفی عنہ
از موضع گنیش پور ڈاکخانہ بابا گنج ضلع بہرائچ

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

زید اور اس عورت نے قرآن کریم اور خدا اور رسول جل جلالہ ﷺ کی صریح توہین کی۔ لہذا ان گستاخیوں کی بنا پر جلد از جلد توبہ اور تجدید ایمان لازم وضروری ہے۔ پھر جب تک یہ توبہ نہ کریں مسلمان ان کے ساتھ ترک معاملات وتعلقات ضرور بالضرور کرتے رہیں یعنی نہ ان سے سلام وکلام کریں نہ ان کے ساتھ بیٹھیں اٹھیں۔ نہ ان کے ساتھ کھائیں پئیں۔ نہ اور تعلقات باقی رکھیں، ہاں اگر یہ بالاعلان

توبہ واستغفار اور تجدید ایمان کرلیں تو دوبارہ ان کا عقد نکاح کرادیا جائیگا فقط واللہ تعالی اعلم بالصواب

۱۵ محرم الحرام ۱۳۷۷ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۲۲،۹۲۳،۹۲۴)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل میں

(۱) ایک شخص مسمی محمد حسین صاحب ساکن بھنیسوڑی ضلع بریلی ساتھ مزامیر کے قوالی سنتے ہیں، نیز ان کے مریدین ومتعلقین رقص یعنی ناچ کو بھی کرتے ہیں اور اگر ان کے مریدین سے سوال کیا جاتا ہے کہ مزامیر کے ساتھ قوالی سننا کیسا ہے؟ تو کہتے ہیں کہ جب ہم دس گناہ کرتے ہیں تو یہ بھی سہی، اور اگر ان کے پیر نہیں ہوتے تو یہ لوگ تکیہ سامنے رکھکر اور چادر ڈال کر اس کو چومتے وغیرہ ہیں۔ اور دیگر خاندان کے لوگوں کو زبردستی مرید کرتے ہیں۔

مطلع فرمائیں ایسا پیر قابل بیعت ہے یا نہیں ونیز ان افعال کو جائز جان کر کرنے والا کس حکم کا ماتحت ہے مفصل جواب سے تسکین خاطر فرمائیں۔

(۲) زید ایک مخلص سنی شخص کو وہابی وکافر کہتا ہے اس کے لئے کیا حکم ہے؟۔

(۳) قوالی ساتھ مزامیر کے سننے والے کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟۔

حضرت سید العلماء امام المناظرین قبلہ مفتی صاحب سلام مسنون۔ عرض خدمت اقدس ہے کہ حضرت استاذنا مولینا المفتی مظفر احمد صاحب کا رسالہ وہابیہ ملاؤں کے فتاوی مختلفہ پر ایک شرعی نظر وہ ارسال ہے تصدیق کر کے ارسال فرمائیں حضرت استاذی سلام فرمارہے ہیں

المستفتی، خادم حامد علی قادری غفرلہ فرید پور بریلی

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

(۱،۳) قوالی مزامیر کا مسئلہ مختلف فیہ مسائل سے ہے، ہماری تحقیق کی بنا پر ایسی قوالی ناجائز وحرام ہے۔ اس میں میرا ایک مبسوط رسالہ بھی ہے۔ لیکن اس کے اختلاف ہونے کی بنا پر ہم اسے جائز جاننے والوں اور کسی خاص پیر کی بیعت اور اقتدا کرنے والوں پر عدم جواز کا فتوئی صادر کرنے سے اجتناب کر

تے ہیں۔ واللہ تعالیٰ بالصواب

(۲) کسی سنی مسلمان کو بلا وجہ وہابی وکافر کہنا زبردست زیادتی اور دلیری ہے زید اپنے اس قول کی بنا پر توبہ کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

رسالہ ''شرعی نظر'' کا میں نے مطالعہ کیا اس میں جن الفاظ پر سرخ نشان ہے وہ میری تحقیق کے خلاف ہے، اس بنا پر میں اس رسالہ کو بلا تصدیق ہی کے واپس کرتا ہوں فقط والسلام۔ محمد اجمل قادری غفرلہ: میں مکان پر نہیں تھا اس لئے جوابات میں تاخیر ہوئی۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۲۵)

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں

سوال ڈھول تاشہ محرم وغیرہ میں بجانا ماتم کرنا خصوصاً جب کہ مسجد بھی قریب ہو زیر مسجد ڈھول کا بجانا کیسا ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ تعزیہ کا ادب قرآن کی برابر ہے یہ خیال کیسا ہے۔

السائل مستری محمد یامین رکن الدین سرائے

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

محرم میں ڈھول تاشہ بجانا اور ماتم کرنا حرام وناجائز ہے اور مسجد کے قریب ان کا بجانا اشد حرام اور شرمناک جرأت ہے، پھر خصوصاً اوقات نماز وجماعت میں ان کو بجاتے رہنا انتہائی شدید ترین حرام کا ارتکاب کرنا اور عبادت میں خلل اندازی کرنا ہے جو مسلمان کی شان سے بہت زیادہ بعید ہے۔ پھر جو لوگ اس تعزیہ کا ادب قرآن کریم کی برابر خیال کرتے ہیں وہ سخت جری و دلیر ہیں کہ کلام الٰہی کی برابر اس منگھڑت تعزیہ کو خیال کر کے اپنی دین سے بے تعلقی اور انتہائی جہالت کا اظہار کرتے ہیں، العیاذ باللہ۔ لہٰذا ان لوگوں پر شرعاً توبہ واستغفار لازم ہے بلکہ انہیں تجدید ایمان ونکاح بھی کرنا ضروری ہے، مولیٰ تعالیٰ ہمیں اور انہیں دین حق پر عمل کرنے کے توفیق دے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: الفقیر الی اللہ عزوجل، العبد محمد اجمل غفرلہ الاول

مسئلہ (۹۲۶)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید مدرسہ اشفاقیہ بریلی میں مدرس دوم اردو رہا پھر مدرسہ وہابیہ میں داخل ہوا اور مسجد روضہ محلہ دیپا سرائے سنبھل میں رہا اور وہیں نماز پڑھتا رہا اور اپنے والدین کے رکھے ہوئے نام کو نامسعود اور حرف غلط کی طرح قرار دیتا ہے اور جابجا تحریر وعبارت میں وغیرہ تحریر کرتا ہے اور شیعہ کا مترجم قرآن اور اس کی تفسیر مطالعہ کرتا ہے، زید کی تحریر کردہ عبارت درج ذیل ہے۔

فقہ میں میری نظر جتنی وسیع ہوتی جاتی ہے اتنی ہی امام اعظم سے بدظنی بڑھتی جاتی ہے۔ باب الغسل وباب المیاہ کی احادیث سے عقائد میں انقلاب برپا ہوتا چلا جارہا ہے شیعوں کے اعتراضات معقول معلوم ہوتے ہیں۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید صحیح العقیدہ سنی حنفی ہے یا نہیں رافضی ہے یا غیر مقلد ہے اور جو شخص زید کا شریک ہو وہ سنی حنفی ہے یا رافضی غیر مقلد اور زید پر تجدید ایمان ونکاح لازم ہے یا محض توبہ۔

سائل کلن خلیفہ ٹانڈہ حرمت نگر بلاسپور رامپور

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

زید مذکور کی جب یہ عادت ہی بن چکی ہے کہ وہ بجائے ﷺ صلعم اور بجائے علیہ السلام کے ؑ اور بجائے رضی اللہ عنہ کے ؓ اور بجائے رحمۃ اللہ علیہ ؒ لکھتا ہے، تو اس کا قلب حضرات انبیاء عظام علیہم السلام وصحابہ کرام واولیاء وعلمائے اسلام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی محبت وعظمت سے خالی معلوم ہوتا ہے کہ مفتیان دین ایسی عادت کو محروموں کی عادت بتاتے ہیں۔ چنانچہ خاتم المحدثین علامہ ابن حجر مکی کے فتاویٰ حدیثیہ میں فرماتے ہیں:

ولا یختصر کتابتها (ای ﷺ) بنحو صلعم فانه عادة المحرومین۔

(فتاویٰ حدیثیہ مصری صفحہ ۱۶۴)

پھر مزید اس کی حضرت امام رحمۃ اللہ علیہ سے بدظنی کا بڑھنا اور اعتراضات روافض کو معقول اور صحیح سمجھنا خود اس کے بدمذہب اور بدعقیدہ اور گمراہ وضال ہونے کی روشن دلیل ہے کہ کسی صحیح العقیدہ سنی حنفی کے قلب میں حضرت امام اعظم کی بدظنی بڑھ سکتی ہے نہ اعتراضات روافض کی معقولیت

پیدا ہو سکتی ہے۔ لہٰذا یہ زید ہرگز ہرگز صحیح العقیدہ سنی حنفی نہیں ہے۔ بظاہر اس کی حضرت امام اعظم سے بدظنی اس کی غیر مقلدیت کا پتہ دیتی ہے، اور اعتراضات روافض کو معقول کہنا اس کے رفض وشیعت کی دلیل معلوم ہوتی ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ رافضی ہی ہو کہ رافضی بھی حضرت امام اعظم سے بدظن ہوتے ہیں بالجملہ یہ زید گمراہ وضال ہے، اس پر توبہ واستغفار ضروری ہے اور اس پر تجدید ایمان ونکاح لازمی ہے پھر جو کوئی اس شخص کے اقوال وخیالات فاسدہ پر مطلع ہونے کے بعد اس کا شرک رہیگا وہ بھی اس کے حکم میں شریک ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۲۷)

کیا فرماتے ہیں علماء دین وشرع متین ومفتی ہند
کہ زید اپنے مرید کو لیکر ذکر الٰہی کی مجلس میں ڈھول تاشہ لیکر اور ستار اور ایک تاڑ اور دو تاڑ بجا بجاتا ہے اور ذکر الٰہی کرتا اور مرثیہ کے گانے گاتا ہے لہٰذا یہ سب کرنا شرع شریف میں جائز ہے یا نہیں مع دلائل قرآنی احادیث سے ثبوت ہو۔ بینوا توجروا۔

احقر الوریٰ عبد الواحد مدرسہ ڈھولڈا کخانہ ضلع درنگ آسام

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ڈھول ستار، تاشہ، اور ہر قسم کا ہاتھ اور منہ سے بجنے والا آلہ ہو شرعاً حرام ناجائز ہے، اس کی حرمت پر کثیر آیات واحادیث موجود ہیں، اس میں مستقل کتابیں اور رسائل مبسوط مدلل مطبوعہ موجود ہیں، جس کے بعد کسی مسلمان کو ان کے جائز کہنے کی جرأت ہی نہیں ہو سکتی، اور پھر ذکر الٰہی میں باجوں کا داخل کرنا اور ذکر اللہ کے ساتھ اس کا بجانا نہایت ہی اشد حرام بلکہ توہین ذکر اللہ کو بعض صورتوں میں مستلزم ہے، لہٰذا اس زید پر توبہ واستغفار کرنا ضروری ہے اور اگر وہ اس سے توبہ نہ کرے اور اپنی اس ناپاک عادت پر قائم رہے تو کوئی شخص اس کو پیر نہ سمجھے اور اس کا مرید نہ ہو کہ ایسے فاسق کی بیعت

نہیں کی جا سکتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۲۸)

کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین نسبت مسائل کے حوالہ جات قرآن واحادیث سے جواب عنایت فرمایا جائے۔
کیا معمہ جات کا حل کرنا اور ان کا انعام لینا شرعاً جائز ہے۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

اصل میں معمہ جات کا صرف حل کرنا تو جائز تھا لیکن اب جو اس میں فیس داخل کرنے اور انعام ملنے کا معاملہ متعین ہو گیا تو یہ شرعاً ناجائز ہے اور کھلا ہوا جوا ہے۔ پھر یہ مشغلہ چونکہ منجر الی الحرام ہو جاتا ہے تو صرف اس کو حل کر دینے کی عادت سے بھی اجتناب ہی کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۲۹، ۹۳۰، ۹۳۱_۹۳۲، ۹۳۳، ۹۳۴)

کیا فرماتے ہیں علماء دین مسائل ذیل میں

(۱) پیران پیر دستگیر رحمۃ اللہ علیہ کے نشان یعنی علم صرف ہندوستان ہی میں ہیں یا دوسرے ملکوں میں بھی ہیں؟

(۲) ان نشانوں کا بنانا رکھنا بروز عیدین واعراس بزرگان دین۔ کسی دینی کام کی خوشی کے وقت مسلمانوں کی جماعت کے ہمراہ مع دف ودائرے کے شہر میں ان نشانوں کا گھمانا پھرانا جائز ہے یا نہیں؟

(۳) عربی قصائد جن میں قرآن کے الفاظ بھی ہوتے ہیں دف ودائرے کے ساتھ پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔؟

(۴) تابعین وتبع تابعین کا مرتبہ پیران پیر دستگیر سے بڑھکر ہے؟

(۵) ان نشانوں علموں کو فقیروں نے بھیک مانگنے کو نکالا ہے یہ بات کہاں تک درست ہے؟

(۶) ان نشانوں کے بارے میں جو پیش امام مذکورہ باتیں کہے اس کے پیچھے نماز کا کیا حکم ہے؟

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے نشان وعلم کا ذکر جب کسی معتبر کتاب میں نہیں دیکھا تو ان کی اجازت کسی ملک کے لئے نہیں دی جاسکتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۲) جب ان نشانوں علموں کا ثبوت ہی نہیں ملتا تو پھر ان کو رواج ہی نہ دیا جائے اور عیدین واعراس میں یا کسی دینی کام کے خوشی کے وقت میں دفوں اور دائرونکے ساتھ ان علموں کے گھماتے پھرانے کا طریقہ نکالنا شرعا کوئی پسندیدہ فعل اور اچھی بات نہیں ہے، ایسی باتون سے احتیاط اور پرہیز ہی کرنا چاہئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۳) دف ودائرہ پر گانا بھی ممنوع ہے پھر جن اشعار میں قرآن وحدیث کے الفاظ ہوں ان کا ان پر پڑھنا اور زائد قباحت شرعیہ کا موجب ہے۔

(۴) حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو تابعین وتبع تابعین پر ہرگز فضیلت نہیں دی جاسکتی کہ ان حضرات کی خیریت احادیث میں وارد ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۵) ممکن ہے ان نشانوں علموں کے موجد یہ ہی بھکاری لوگ ہوں لیکن انکا چونکہ کہیں ذکر نہیں تو کوئی بات جزم سے نہیں لکھی جاسکتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۶) جس امام کا قول حد گمراہی تک منجر ہو یا وہ بالاعلان فسق وفجور کرتا ہو جب تو اس کی اقتداء نہ کی جائے ورنہ اس کی اقتدا کی جاسکتی ہے۔ اگر امام مذکور بھی اس حد تک پہونچ چکا ہو تو اس کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ ۲ ربیع الآخر ۱۳۷۷ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۳۵)

جناب مفتی جی صاحب ہادی دین وجامع علوم ظاہری ومنبع فیوض باطنی بعد مسنون السلام علیکم کے واضح ہو کہ آپ برائے مہربانی مسائل ذیل کے جواب باقاعدہ مہر کے تحریر فرمادیجئے گا عین مہربانی ہوگی۔

بندہ کو ممنون ومشکور فرمایئے گا (نوٹ) خط صاف ہو تا کہ پڑھنے میں مشکوکی نہ ہو۔

(۴) غلط مسائل جو شخص بیان کرے امام یا امام کے سوا اس کے حق میں شرع نے کیا حکم دیا ہے حل کردیجئے گا۔

خادم الاسلام کمترین بہار حسین موضع سیرن پور ڈاکخانہ سمولی ضلع مرادآباد۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۴) شریعت کے غلط مسائل بیان کرنا سخت گناہ عظیم ہے، جو ایسی دلیری کرے اور غلط مسائل بتائے اس پر توبہ واستغفار ضروری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۔ ۳۰ ذیقعدہ ۱۳۷۷ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۳۶، ۹۳۷، ۹۳۸)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں

(۱) کہ بعض آدمی محرموں کے سامنے کھڑے ہوکر مرثیہ پڑھتے ہیں زید کہتا ہے یہ طریقہ غلط ہے بکر صحیح بتاتا ہے قول زید صحیح ہے یا قول بکر؟۔

(۲) محرم کو بعض آدمی کاندھا لگانا ثواب سمجھتے ہیں عام آدمیوں کو بھی کاندھا لگانا چاہئے یا نہیں؟۔

(۳) میں محرم کی دس تاریخ کو شام کے وقت کربلا میں پہونچکر فاتحہ روٹیوں پر دیکر تقسیم کردیتا ہوں یہ روٹیاں توشہ کی کہی جاتی ہیں زید کہتا ہے یہ طریقہ غلط ہے مگر میں کہتا ہوں صحیح ہے جواب سے مطلع فرمایئے گا۔

المستفتی، برہان حسن ومنشی عبدالرحمن حسن پور کلاں

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) اس زمانہ میں تعزیون کا بنانا شرعا ممنوع ہے پھر اس کو نقل روضہ شہید کربلا قرار دیکر اور اس کے سامنے کھڑے ہوکر روافض کے مرثیے پڑھنے غلط عقیدہ وفعل ہے لہذا قول زید صحیح ہے۔

(۲) تعزیوں کا گشت کرانا یا منگھڑت کربلا کی طرف دفن کے لئے لے جانا سب جاہلانہ رسم ہے پھر اس کے کاندھا لگانے کو ثواب سمجھنا جاہلانہ خیال اور روافض کا طریقہ ہے، شریعت میں ان امور کی کوئی

اصل نہیں۔ لہذا انہیں ہرگز کا ندھا نہ لگانا چاہئے۔

(۳) دسویں محرم کو حضرات شہداء کربلا کے لئے ایصال ثواب وفاتحہ کرنا جائز ہے چاہے روٹیوں پر ہو یا چاولوں پر یا مٹھائی پر ہو لیکن ان روٹیوں پر منگوھت کربلا میں جا کر فاتحہ دینا اور ان کو توشہ کی روٹیاں سمجھنا ان کی بھی شرع میں کوئی اصل نہیں تو یہ طریقہ بھی بے اصل اور غلط ہے۔

۲۹ ذی الحجہ ۷۷ھ۱۳

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۳۹)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ

مشن اسکول بریلی کی ملکیت کی ایک دوکان بذریعہ متولی مشن اسکول عبدالرحیم نے پگڑی پر نوسو روپیہ میں لی۔ دکان پر قبضہ عبدالرحیم کا ایک سال تک رہا، بعد ایک سال کے متولی مذکور نے دکان مذکور دوسرے شخص کو دیدی۔ عبدالرحیم نے کرایہ کے تین سو روپیہ ایک دوسرے شخص کی معرفت متولی مذکور کو ادا کیئے، لیکن جب عبدالرحیم کو دوبارہ دکان کرایہ پر نہیں ملی تو عبدالرحیم نے ان تین سو روپیہ کی نالش مشن اسکول پر قراصفہ کی عدالت مجاز میں دائر کردی، اور درمیانی شخص سے گفتگو کے درمیان کچھ سخت کلامی ہوگئی اور ضد وبحث پڑگئی، متولی مذکور نے کہا کہ درمیانی شخص قرآن کی رو سے کہدیں کہ تین سو روپیہ مجھے قرضہ دیا گیا ہے کرایہ میں نہیں دیا ہے اس پر درمیانی شخص کو غصہ آگیا اور غصہ کی حالت میں بلا سوچے سمجھے بواسطہ قرآن شریف بیان کر دیا کہ تین سو روپیہ متولی مشن اسکول کو بطور قرضہ دیا گیا ہے اس بیان پر عبدالرحیم کی تین سو روپیہ کی ڈگری عدالت سے برخلاف متولی مشن اسکول ہوگئی چونکہ عجلت اور غصہ میں درمیانی شخص سے یہ غلط بیانی ہوگئی ہے پس ایسی صورت میں یعنی اس غلط بیانی کا درمیانی شخص پر شریعت کی رو سے کیا اثر پڑتا ہے اور اس کا کیا کفارہ ہے۔

المستفتی، عبدالرحیم ساکن بریلی محلہ باغ احمد علی

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

صورت مسئولہ میں جب اس درمیانی شخص نے بواسطہ قرآن شریف کے قصداً جھوٹا بیان دیا تو وہ سخت گنہگار رہوا، شرعاً اس پر توبہ واستغفار ضروری ہے اور کفارہ لازم نہیں۔ ردالمحتار میں ہے" فتلزمہ التوبۃ اذلا کفارۃ فی الغموس ویرتفع بھا الاثم فتعینت التوبۃ للتخلص منہ فقط " واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ ۶ ربیع الاول ۷۸ھ۱۳

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۴۱،۹۴۰)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین ان مسائل مندرجہ ذیل میں

(۱) ایک مسلمان حنفی اپنی کسی مجبوری سے ایک ہندو مالی یعنی باغبان کے اپنا کھانا پکوا کر کھاتا ہے جائز ہے یا ناجائز۔ یا کسی گناہ کا مرتکب ہے تو اس کا کیا کفارہ ہے۔

(۲) جو ہندو اپنا مسلمانوں سے دنیاوی تعلق رکھتے ہیں تو اپنی شادیوں میں یا اپنے کسی تیوہار میں یا اپنی کسی مردے کی تیرہویں میں مسلمانوں کو مٹھائی یا اپنے گھر کا تیار شدہ کھانا دیتے ہیں اس کا لینا اور کھانا جائز ہے یا ناجائز ہے مہربانی فرما کر ان مسئلوں کو مفصل تحریر فرمائیں فقط والسلام، محمد نور احمد مرادآباد

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) مسلمانوں کو چاہئے کہ کسی ہندو سے اپنا کھانا نہ پکوائے اور جہاں تک ممکن ہو اس کا پکایا ہوا کھانا نہ کھائے کہ ان کی طہارت اور ان کے برتنوں کی پاکی قابل اعتماد نہیں۔ ہاں اگر کسی مجبوری کی بنا پر اس کا پکا ہوا کھانا کھالیا ہے تو وہ شرعاً گنہگار نہیں تو پھر اس میں کسی کفارہ کی حاجت ہی نہیں۔

(۲) ہندو کے تیوہار کی مٹھائی یا کھانا اس دن نہ لے دوسرے دن لے سکتا ہے اسی طرح شادی کا کھانا بھی لے سکتا ہے لیکن بہتر اور اولیٰ یہ ہے کہ اس کے کھانے سے احتیاط کرے۔ مطلقاً اس کے

کھانے یا لینے کو ناجائز کہنا زیادتی ہے اور سخت جرأت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۴۲،۴۳)

حضرت مولانا المکرم والمحترم مفتی اعظم صاحب زید مجدہ

(۱) گذارش ہے کہ ناگپور میں جو جامعہ عربیہ دار العلوم ہے۔ وہ موافق عقیدہ اہل سنت کے ہے یا نہیں۔ اس دار العلوم میں مولانا مفتی عبد المتین صاحب اور مفتی عبد الرشید صاحب فتحپوری سنی ہیں یا نہیں۔ اس دار العلوم سے یہاں مسجدوں کے لئے دینی مسائل کے پوسٹر آئے ہیں ان پوسٹروں کو مسجدوں میں چسپاں کردیں تو کوئی غلطی تو نہیں۔ ظاہراً کوئی غلط مسائل ان میں نہیں اور نہ ان میں کسی قسم کا اختلاف ہے۔

(۲) مفتی عبد المتین صاحب جامعہ عربیہ ناگپور نے اپنے دونوں پوسٹرں میں یہ لکھا ہے کہ گھڑیوں کی چینیں (دست بند) لوہے تانبا پیتل سونے چاندی کی مردوں کو اپنے ہاتھ پر باندھنا منع ہے۔ اور چمڑے کا پٹہ گھڑی میں ڈالکر وہ گھڑی ہاتھ میں باندھنا جائز ہے۔

اس مسئلہ پر ایک صاحب نے یوں کہا کہ عرب کا بادشاہ سعود جو کہ اسلامی ملک کا بادشاہ ہے اس کے ہاتھ میں تو وہ گھڑی کی سونے کی چین (دست بند) باندھتا تھا۔ اگر یہ چین سونے چاندی کی باندھنا حرام ہوتا تو خود اسلامی ملک کا مشہور بادشاہ بھلا کب سونے کی چین اپنے ہاتھ میں باندھتا۔ یہ جامعہ عربیہ کے غلط مسئلے ہیں ان کو مسجد میں مت چسپاں کرو، ایسا کہتے ہیں۔ آپ سے جواب ہے کہ آیا سونے چاندی تانبا پیتل لوہے کی چینیں ناجائز ہیں یا جائز، اور عرب کا بادشاہ جو پہنتا ہے تو اس کا سونے کی چین پہننا حجت ہوسکتا ہے یا نہیں؟ عرب کے بادشاہ کو سونے کی یا چاندی کی گھڑی کی چین باندھنا ہاتھ میں حرام ہے یا نہیں۔

المستفتی، قاضی سید غیور علی

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) جامعہ عربیہ ناگپور ہمارے اہل سنت وجماعت ہی کا دار العلوم ہے، اس کے شیخ الجامعہ مولانا مولوی مفتی الحاج عبد الرشید خاں صاحب فتحپوری اور ان کے صاحب زادہ مولوی عبد المتین صاحب ہمارے ہم عقیدہ وہم مسلک سنی عالم ہیں، میں نے اس جامعہ کے مطبوعہ مسائل کے پوسٹروں کو کبھی پڑھا

نہیں ہے لیکن غالب گمان یہ ہے کہ ان کے مسائل غلط نہ ہونگے کہ مفتی صاحب معتمد علماء اور ذمہ دار مفتیوں میں سے ہیں۔ تو ان کے یہاں کا مطبوعہ پوسٹر غالباً صحیح ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۲) جامعہ عربیہ کے پوسٹر کا گھڑیوں کی چین کا مسئلہ بالکل صحیح ہے، رد المحتار، فتاوی عالمگیری، فتاوی قاضی خاں، وغیرہ سے اس کو اخذ کیا گیا ہے، کہ سونے چاندی کی چیزیں صرف عورتوں کے لئے جائز ہیں اور مرد کے لئے صرف چاندی کی ایک نگ کی انگھوٹی اور وہ بھی ساڑھے چار ماشہ سے کم ہو تو جائز ہے اور لوہے تانبا پیتل کی کوئی چیز مرد عورت کسی کے لئے جائز نہیں، چین جیسی گھڑی کی ہو یا دستی کی لوہے تانبے کی ہو یا پیتل یا بھرت کی، تو یہ کسی مرد عورت کے لئے جائز نہیں۔ اور سونے چاندی کی مرد کے لئے حرام و ناجائز ہے۔ کم از کم اردو کی نہایت معتبر و مستند کتاب بہار شریعت جلد ۱۶ باب اللباس کے صفحہ ۵۱ کو دیکھ لیا جاتا تو اس میں بھی یہ پوسٹر والا مسئلہ بالکل اسی طرح موجود ہے۔

اب باقی رہا شاہ نجد کا سونے کی چین کو ہاتھ پر باندھنا تو وہ ایک اس فعل حرام کا مرتکب نہیں بلکہ وہ بہت سے محرمات کے ارتکاب کا عادی ہے، جو اس سے واقف ہیں ان پر یہ امر پوشیدہ نہیں ہے، علاوہ بریں یہ تو اس کے محرمات کا ذکر ہوا اس سے بڑھ کر اس کے عقائد ہیں جو تمام اہل اسلام سے علیحدہ ہیں سنئے۔ نجدی انبیاء علیہم السلام کی حیات نہیں مانتا، روضۂ مطہرہ کی زیارت کا اور اس کی طرف سفر کرنے کو بدعت اور زنا کے برابر جانتا ہے، وہ اولیاء کے سلاسل اور ذکر واشغال کو بدعت وضلالت کہتا ہے، وہ خاص ایک امام کی تقلید کو شرک ٹھہراتا ہے، وہ خدا کے لئے جہات وجسم ثابت کرتا ہے، وہ استعانت بغیر اللہ اور یا رسول اللہ کہنے کو شرک کہتا ہے، وہ مواجہ میں درود وسلام کو قبیح ومکروہ جانتا ہے، وہ تمبا کو کھانے اور پینے والے کو اعلیٰ درجہ کا فاسق شمار کرتا ہے، اور حقہ سگریٹ بیڑی وغیرہ کو زنا اور چوری سے زیادہ حرام کہتا ہے، وہ شفاعت انبیاء علیہم السلام کا بالکل انکار کرتا ہے، وہ شان رسالت میں گستاخی کرتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ ہمارے ہاتھ کی لاٹھی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات سے زیادہ نفع دینے والی ہے، کہ ہم اس سے کتے کو دفع کرسکتے ہیں اور ان کی ذات سے تو یہ بھی نہیں کرسکتے، وہ اپنے نجدیوں کے سوا تمام اہل اسلام کو مشرک کہتا ہے، تو کیا اس نجدی کے ان خبیث و ناپاک عقائد کو بھی وہ شخص قابل حجت قرار دیگا العیاذ باللہ۔ بالجملہ کوئی مسلمان بھی تو ایسے بدعقیدہ و بیدین اور بدعمل کی کسی بات کو سند نہیں قرار دے سکتا۔ حجت ایسے شخص کا عمل ہوگا جو خوش عقیدہ اور نیک صالح ہو لہذا اس شاہ نجد کو بھی سونے یا چاندی کی گھڑی کی چین ہاتھ پر باندھنا بلاشبہ حرام ہے۔ اور وہ اس فعل کی بنا پر گنہگار مرتکب حرام ہوا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

بالصواب۔

۲۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۷۲ھ

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۴۴)

معظمی مفتی اعظم صاحب سنبھل سلام ومسنون گذارش خدمت والا میں ہے کہ مندرجہ مسائل کا جواب ارسال فرمائیں عین کرم ہوگا۔ ایک شخص یہ کہتا ہے کہ کافر کو کافر نہ کہنا چاہئے اس بحث میں کافی حجت ہورہی ہے جواب مدلل حدیث وفقہ اور قرآن کریم سے تحریر فرما کر ارسال فرمائیں۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

کافر کو کافر جاننا خود ایمان کی دلیل ہے اب باقی رہا کافر کو کافر کہنا تو اگر یہ اس کافر کے کفر پر یقینی طور پر مطلع ہوچکا ہے اور پھر اس کے متعلق اس سے سوال کیا جاتا ہے کہ وہ کافر ہے یا نہیں، تو اس کو کافر کہنا ایسا ضروری ہے کہ اگر اسے یہ کافر نہ کہیگا تو خود کافر ہوجائیگا۔

درمختار میں ہے جو فقہ کہ نہایت معتبر ومشہور کتاب ہے۔

"من شك في عذابه وكفره كفر" (ردالمحتار جلد۳ صفحہ۲۹۹)

جس شخص نے کافر کے کافر ہونے اور اس پر عذاب کئے جانے میں شک کیا وہ خود کافر ہوگیا۔ پھر اس شخص مذکور کا یہ قول کہ کافر کو کافر نہ کہنا چاہئے نہایت ہی جہالت اور نادانی کا قول ہے ہر ادنی تعلیم یافتہ شخص جانتا ہے کہ جس نے جس فعل کا ارتکاب کیا اس کو اسی فعل کے ساتھ متصف کیا جائیگا۔ مثلاً جو اسلام لایا اس کو مسلم، جس نے علم سیکھا اس کو عالم، جس نے عبادت کی، اس کو عابد، جس نے نماز پڑھی اس کو نمازی، جس نے فسق کیا اس کو فاسق، جس نے زنا کیا اس کو زانی، جس نے چوری کی اس کو چور ہی کہا جاتا ہے اسی طرح جس نے کفر کیا اس کو کافر ہی کہا جائیگا، پھر اگر بقول اس جاہل کے کافر کو کافر نہ کہا جائے تو پھر مسلم کو مسلم اور عالم کو عالم او عابد کو عابد اور فاسق کو فاسق اور زانی کو زانی اور چور کو چور بھی نہ کہا جائیگا، پھر اس جاہل سے دریافت کرو کہ اگر کسی فعل کے کرنے والے پر اس فعل کا صیغہ اسم فاعل اطلاق نہ کیا جائیگا تو پھر آخر اس کو کیا کہا جائے گا؟۔ مثلاً کسی میں علم ہے اور اسکو عالم نہ کہا جائے یا اس میں فسق ہے اور اس کو فاسق نہ کہا جائے یا اس میں اسلام ہے اور اس کو مسلم نہ کہا جائے تو اس پر اس کی ضد صادق آجائیگی کہ

ارتفاع ضدین تو محال ہے۔ جس طرح ایک شخص عالم ہے اور اس کو عالم نہ کہا گیا تو باوجود علم کے بھی اس کو جاہل کہنا پڑیگا۔ جس میں فسق ہے اور اس کو فاسق نہ کہا گیا تو اس کو باجود فسق کے صالح کہنا پڑیگا یا اس میں اسلام ہے اور اس کو مسلم نہ کہا تو باوجود اسلام کے اس کو کافر کہنا پڑیگا اسی طرح سمجھ لیجئے کہ جب زید سے کفر صادر ہوا اور اس کو کافر نہ کہا جائے تو پھر باوجود کافر ہونے کے اس کو مسلمان کہنا پڑیگا۔ تو اب نہایت واضح طور پر ثابت ہوگیا کہ جس طرح عالم کو عالم کہا جائیگا اور فاسق کو فاسق کہا جائے گا اور مسلم کو مسلم کہا جائیگا، اسی طرح کافر کو بھی کفر کہا جائیگا، ورنہ کافر کو مسلمان کہنا پڑجائے گا، اور یہ خود اپنے کفر کو مستلزم ہے جیسے کہ اوپر درمختار سے ظاہر ہوگیا۔ علاوہ بریں شخص مذکور کا یہ قول کہ کافر کو کافر نہ کہنا چاہئے نہ کسی آیت قرآن کا ترجمہ ہے نہ کسی حدیث کا مضمون ہے نہ کسی امام وفقیہ کا قول ہے بلکہ یہ نہایت جہالت وبے علمی کا گندہ وناپاک جملہ ہے اس عقل کے دشمن کو قرآن کریم میں نظر نہ آیا

﴿ قل يا ايها الكافرون ﴾ یعنی اے حبیب آپ فرمائیے کہ اے کافرو

، تو اس میں خود اللہ تعالیٰ نے کافر کو کافر کہا پھر اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ کافر کو کافر کہہ کر پکارو، تو جب خدا کافر کو کافر کہے اس کے رسول علیہ السلام کافر کو کافر فرمائیں تو جو اس کے خلاف کہے اس کا قول کیا صحیح ہوسکتا ہے اور پونے چودہ سو برس سے ساری امت کے سلف وخلف کافر کو کافر کہتے چلے آئے ہیں تو کیا ان سب کا حکم غلط ہوسکتا ہے، ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ تو ظاہر ہوگیا کہ اس شخص مذکور کا قول ہی بالکل غلط ہے اور ایسا غلط ہے کہ اس سے کفر اور اسلام کا فرق ہی مٹ جاتا ہے باوجودیکہ اس کے فرق کرنے کے لئے انبیاء کو مبعوث کیا گیا۔ کتب آسمانی نازل کی گئیں، تو اس کے قول سے بعثت انبیاء اور نزول کتب آسمانی کا مقصد ختم ہوجاتا ہے لہٰذا اس کو توبہ کرنی چاہئے مولیٰ تعالیٰ اس کو عقل وفہم عطا فرمائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۴۵)

مخملی ٹوپی جو کہ مشہور (رامپوری کیپ ہے) اس کا پہننا جائز ہے یا نہیں؟ اور مخمل یا ریشم کا ایک ہی حکم ہے یا نہیں؟ رام پور کی کیپ میں تو سوت اور مخمل شامل ہوتا ہے آپ جواب دیں کہ یہ ٹوپیاں اوڑھنی جائز ہیں یا نہیں؟ عموماً یہ ٹوپیاں رائج ہیں۔

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

وہ مخمل جسکا تانا بانا ہردو اصلی ریشم کا ہو یا صرف بانا اصلی ریشم کا ہو تو اس مخمل کا استعمال مرد کے لئے جائز نہیں اس کی ٹوپی پہننا بھی جائز نہیں (۲) وہ مخمل جس کا بانا سوت کا ہو اور تانا ریشم اور بظاہر دیکھنے میں وہ ریشم کا معلوم ہو تو اس مخمل کا استعمال مرد کے لئے جائز تو ہے مگر مکروہ ہے تو اسکی ٹوپی بھی مکروہ قرار پائیگی۔ فتاوی عالمگیری میں ہے:

"ما كانت لحميه حريرا و سداه حريرا حرام على الرجال في جميع الاحوال عند ابي حنيفة وقال ابو يوسف ومحمد لا يكره في حالة الحرب اما ما كان سداه حريرا ولحمته غير حرير فلا باس بلبسه بلا خلاف بين العلماء هو الصحيح وعليه عامة المشائخ وذكر شيخ الاسلام في شرح السير الثوب اذا كان لحمته من قطن وكان سداه من الابريسم فان كان الابريسم يرى كره للرجال لبسه وان كان لا يرى لا يكره لهم لبسه هذا هو الكلام في غير حالة الحرب ملخصا"۔ (عالمگیری قیومی جلد۴ صفحہ۹۹)

(۳) وہ مخمل جسکا بانا سوت کا ہو اور تانا ریشم کا ہو اور اسکا ریشم زیادہ دکھائی نہ دے یا اس کے روئیں اصلی ریشم کے نہ ہوں تو وہ بلا کراہت جائز ہے، ایسے مخمل کی ٹوپی مکروہ بھی نہیں۔ ٹوپیاں رامپوری ہوں یا کہیں اور کی ہوں اگر مخمل (۱) کی ہوں تو انکا اوڑھنا ناجائز اور مخمل (۲) کی ہوں تو جائز مع الکراہت (۳) کی ہوں بغیر کراہت کے جائز ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۴۶)

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام مسئلہ ہذا میں

کہ ایک صاحب ساکن مرادآباد محلہ گل شہید اکثر مواضعات مرادآباد میں علاج کرتے ہیں اور ان کے علاج کرنے کا طریقہ یہ ہے، کہ ان پر سواری حضرت غوث اعظم دستگیر رحمۃ اللہ علیہ کی آجاتی ہے اور اکثر وبیشتر یہ شخص اس قسم کی باتیں بھی بتلا دیتا ہے کہ جو غیب سے تعلق رکھتی ہیں جب اس پر سواری آتی ہے ان کے موجودہ متعلقین ان کے ہاتھ وپیر کو بوسہ دیتے ہیں اور مرادیں مانگتے ہیں، یہ شخص غیر متشرع

انسان ہے روزہ نماز بھی ادا نہیں کرتا ہے اور فیشن ایبل ہے حتی کہ جمعہ تک کی نماز نہیں پڑھتا ہے۔ الغرض دریافت طلب امر یہ ہے کہ ایسے انسان پر اس طرح حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ یا حضرت صابر کلیری کا یا حضرت معین الدین چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی سواری آسکتی ہے یا نہیں؟ اور اس سواری کی کوئی حقیقت یا نظیر سنین ماضیہ میں پائی جاتی ہے یا نہیں؟ اگر اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے تو اس کو کیا کہا جا سکتا ہے؟ مفصل جواب ومدلل جواب کرم فرماویں۔ نوازش وکرم۔ فقط والسلام

المستفتی، تنویر احمد ہاشمی از سرائے ترین ضلع مرادآباد

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

اگر فی الواقع وہ شخص فاسق وغیر متشرع ہے تو شرعا اس کا قول خود ناقابل اعتبار ہے اور غیر معتبر قول کسی واقعہ کے ثابت کرنے کیلئے کافی نہیں ہوسکتا۔ تو ایسے قول کی بنا پر کسی طرح یقین نہیں کیا جاسکتا کہ اس کے پاس سرکار غوثیت کی سواری آتی ہے، لہذا جو لوگ اس وقت اس بنا پر اس کی قدمبوسی ودست بوسی کرتے ہیں تو وہ غلط فعل کرتے ہیں کہ تعظیم فساق شرعا ممنوع ہے۔ ردالمحتار میں "قد وجب عليهم اهانة الفاسق شرعا" اس سے ظاہر ہوگیا کہ فاسق کی اہانت واجب ہے، تو اس کی دست وقدمبوسی ممنوع ہوئی۔

اب باقی رہا یہ امر کہ سرکار غوثیت کی سواری اس کے پاس آسکتی ہے یا نہیں، تو اس کے عدم امکان پر کوئی دلیل شرعی اب تک میری نظر سے نہیں گذری۔ اور امکان پر کافی واقعات پیش کئے جاسکتے ہیں۔ خود مانعین کے پیشوا مولوی محمد اسمعیل دہلوی نے اپنے پیر جی سید احمد کے متعلق کتاب صراط مستقیم میں لکھا ہے۔

"اما نسبت قادریہ ونقشبندیہ پس بیانش آنکہ سبب برکت بیعت ومن تو جہات آنجناب ہدایت مآب روح مقدس جناب حضرت غوث الثقلین وجناب حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند متوجہ حال حضرت ایشاں گردیدہ وتا قریب یکماہ فی الجملہ تنازع در مابین روحین درحق ایشان منازعت کردند زیراکہ ہر واحد ازیں ہر دو امام تقاضائے جذب حضرت ایشان بتمامہ بسوئے خودمی فرمود تا اینکہ بعد انقراض زمانہ تنازع ووقوع مصالحت برشرکت روزے ہر دو روح مقدس بر حضرت ایشاں جلوہ گر شدند وتا قریب یک پاس ہر دو امام برنفس نفیس حضرت ایشاں توجہ قوی وتاثیر زورآوری فرمودند"۔

(از صراط مستقیم مجتبائی صفحہ ۱۶۶)

اس عبارت کا خلاصہ مضمون یہ ہے کہ سید احمد صاحب کو تعلیم وتربیت دینے کے لئے حضرت غوث الثقلین جیلانی اور حضرت خواجہ بہاء الدین نقش بندی کی روحیں آئیں، تو ان میں ایک ماہ تک یہ تنازع ہوتا رہا کہ کون سید صاحب کو اپنی طرف جذب کرے اور تربیت دے، تو ان میں ایک ماہ کی جنگ کے بعد یہ مصالحت ہوئی کہ دونوں حضرات سید صاحب کی تربیت کریں۔ تو اس واقعہ سے ظاہر ہوگیا کہ سید صاحب کے پاس حضور غوث پاک اور حضرت خواجہ نقشبند کی روحیں روزانہ آیا کرتی تھیں، تو اگر اس واقعہ کی کوئی حقیقت ہے تو مندرجہ فی السوال کے واقعہ کی بھی حقیقت ہوسکتی ہے، اور اگر اس سے انکار ہے تو اس سے بھی انکار کرنا ضروری ہے۔ بلکہ اس مذکور فی السوال شخص کو بھی اسی درجہ میں رکھا جائے جس درجہ میں مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی کو رکھا جاتا ہے۔ اور اگر ان میں کچھ فرق کیا جائے تو وجہ فرق کا ظاہر کرنا ضروری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۱۰ رجب المرجب ۱۳۷۷ھ

كتبه: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۴۷)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں

کہ اسراف اور فضول خرچی کی شرعی تعریف کیا ہے؟ خدا اور سول جل وعلا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نزدیک یہ فعل جائز ہے یا ناجائز؟ ناجائز ہے تو گناہ کبیرہ ہے یا صغیرہ؟ اگر گناہ کبیرہ ہے تو کیا کسی دلیل شرعی سے اسے حرام بھی کہا جاسکتا ہے؟ اسراف اور فضول خرچی میں آتشبازی بنانا بیچنا خریدنا اور اس کا استعمال کرنا داخل ہے یا نہیں؟ آتش بازی بنانے والا بیچنے والا خریدنے والا اور اس کا استعمال کرنے والا حرام فعل کا مرتکب ہوا یا نہیں؟ جو شخص اس مذموم فعل کو ناجائز نہ سمجھے بلکہ جن آیات کریمہ اور احادیث نبویہ سے اس کا مردود اور حرام ہونا ثابت ہو ان کو جان بوجھ کر نہ ماننے والے انکار کرنیوالے اور اس پر اصرار کرنیوالے پر شرعی حکم کیا ہے؟ نیز یہ بھی فرمادیں۔ کہ زید نے بکر سے حکم شرعی سنکر یہ کہا کہ بڑے بڑے علماء دین ان باتوں کو ناجائز نہیں کہتے ہیں، کیا آپ ان سے بھی بڑھ گئے؟ اس کا یہ کہنا کیسا ہے؟ جو عالم دین یا مفتی کسی مصلحت دنیوی کی بنا پر اس مسئلہ کے متعلق حکم شرعی نافذ کرنے سے پرہیز کرے اس پر

شرعی حکم کیا ہے؟ براہ کرم نہایت واضح مدلل ومکمل جواب ایک ایک شق کا کتب دینیہ کی روشنی میں عنایت فرما کر سائل کو مشکور کریں اور عند اللہ ماجور ہوں۔ اپنے فتویٰ کو دیگر علماء کرام کے دستخط ومہروں سے بھی جہاں تک ممکن ہو مزین فرما کر ممنون فرمائیں۔ بینوا توجروا والسلام

محمد موسیٰ غفرلہ پٹنہ سٹی محلہ منگلپورہ مورخہ ۲۰ شعبان المعظم ۱۳۷۷ھ

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

اسراف کے معنی حاجت سے زائد خرچ کرنا اور غیر طاعت الٰہی میں صرف کرنا ہے مجمع البحار میں ہے " الاسراف والتبذير في النفقة لغير حاجة او في غير طاعة الله " جامع العلوم میں ہے " الاسراف انفاق المال الكثير في الغرض الخسيس " چنانچہ اکثر وبیشتر اسراف وفضول خرچی کو اس معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ اور بلاشبہ اسراف گناہ کبیرہ اور ناجائز وحرام ہے۔ قرآن کریم میں ہے " ان المبذرين كانوا اخوان الشياطين " یعنی فضول خرچی کرنے والے شیطانوں کے بھائی ہیں، اور فرمایا " ان الله لا يحب المسرفين " یعنی بے شک اللہ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

ان آیات سے اسراف کی مذمت اور برائی ظاہر ہوگئی آتشبازی کا چھوڑنا بلاشک اسراف اور فضول خرچی ہے۔ لہٰذا اس کا ناجائز وحرام ہونا اور اسی طرح آتش بازی کا بنانا اور بیچنا خریدنا سب شرعا ممنوع ہیں، پھر اس امر کا کوئی پیسہ اور رقم کسی کار خیر میں صرف کرنا بھی ممنوع ہے خصوصا مسجد میں ایسے خبیث مال کو ہرگز ہرگز صرف نہ کیا جائے۔ رد المحتار میں ہے۔

" لو انفق في ذالك ما لا خبيثا ومالا سببه الخبيث والطيب فيكره لا ن الله تعالىٰ لا يقبل الاالطيب فيكره تلويث بيته مالا يقبله " پھر جو شخص قرآن وحدیث کے بیان کردہ مذموم فعل کو جان بوجھ کر نہ مانے اور اس کو ناجائز نہ سمجھے اس پر توبہ لازم ہے، نیز جو اسراف کو ناجائز نہ کہے وہ علماء دین ہی میں سے نہیں۔ اور جو مفتی کسی مصلحت دنیوی کی بنا پر حکم شرع کے ظاہر کرنے سے پرہیز کرے۔ اس کے لئے حدیث شریف میں وارد ہے " اذا ظهرت الفتن فليظهر العالم علمه فمن لم يفعل لعنه الله والملائكة والناس اجمعين لا يقبله الله منه صرفا ولا عدلا " اور فرمایا " من كتم عن علمه الجمه يوم القيامة لجاما من نار " واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۶ رشوال المکرم ۱۳۷۷ھ

كتبه: الفقیر الی اللہ عزوجل، العبد محمد اجمل غفرلہ الاول

مسئلہ (۹۴۸،۹۴۹،۹۵۰،۹۵۱،۹۵۲،۹۵۳،۹۵۴)

﴿ بسم اللہ الرحمن الرحیم ﴾

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین ان سوالات کے جواب میں جو کہ نیچے درج ہیں براہ کرم معہ حوالہ حدیث شریف اور تواریخ واقوال ائمہ جواب عنایت فرمایا جائے۔ جواب مفصل معہ ثبوت ہو۔

ہندوستان میں ہماری برادری یعنی وہ لوگ جو حلاقی کرتے ہیں یا کہ برادری سے تعلق رکھتے ہیں مختلف مقامات پر مختلف ناموں سے مشہور ہیں ۔حجام۔ نائی۔ خلیفہ۔ حلاق۔ صدیقی۔ ابراہیمی۔ لقمانی سلمانی۔ وغیرہ۔

(۱) حجام اس پیشہ کرنیوالے کو عام طور پر کہا جاتا ہے لیکن درحقیقت حجام پچھنا لگانیوالے کو کہتے ہیں۔ اس لئے یہ لوگ اس کے خلاف ہیں۔

(۲) نائی۔ یہ پیام موت سنانے والے کو کہتے ہیں۔ ''نے'' بجانے والے کو کہتے ہیں، یہ سب اس نام کے خلاف ہیں۔

(۳) خلیفہ۔ بعض کا خیال ہے کہ حضرت آدم علیہ الصلوۃ والسلام کو " انی جاعل فی الارض خلیفہ " فرمایا ہے اور سب سے پہلے حلاقی حضرت آدم علیہ السلام پر حضرت جبریل علیہ السلام نے فرما کر داخل جنت کیا ہے۔ اسلئے ہم کو یہ نسبت خلیفہ کی ہے۔

(۴) حلاق۔ درحقیقت اس پیشہ کرنیوالے کی نسبت لفظ حلاق ہی آیا ہے۔ مگر ہندوستان میں جنکے آباواجداد نے بھی اس پیشہ کو نہیں کیا ہے اور وہ حکمت یا جراحی یا ملازمت کرتے ہیں وہ حلاق کہلانا پسند نہیں کرتے۔

(۵) صدیقی۔ بعض کا خیال ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ نے حضور اکرم ﷺ کی تراش کی ہے، اس لئے نسبت صدیقی ہے۔

چونکہ حلق کرانا، لبوں کا کٹوانا، ختنہ کرانا وغیرہ یہ سب سنتیں ابراہیمی ہیں۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسبت تو قرآن پاک ''انہ کان صدیقا نبیا'' آیا ہے، اسلئے نسبت صدیقیہ ہے۔ ہم صدیقی ہیں۔

(۶) ابراہیمی۔ ان لوگوں کا خیال ہے کہ جو سنتیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل ہوئی ہیں وہ

ہماری روزی کا ذریعہ بنا گئی ہیں۔ اسلئے ابراہیمی نسبت لیتے ہیں۔

(۷) لقمانی۔ کہتے ہیں کہ حضرت لقمان علیہ السلام حکیم تھے اور حلق کرانا اور جراحی اور فصد اور حکمت سب انہی سے ہے، اسلئے ہمکو نسبت لقمانی ملی۔

(۸) سلمانی۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ پرانے زمانہ کے ہمارے آباواجداد اپنے آپکو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالی عنہ سے تبرکا نسبت لیتے تھے اور ان کی فاتحہ دلاتے تھے۔

نیز ''فیض الرحمٰن فی فضائل السلمان'' میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص اس پیشہ کو کرنیوالے کا فرض ہے کہ صلاح وتقوی کی کسوت باندھیں اور ان امور طریق کار سے وقفیت پیدا کریں جس نے اسکا یہ کام کرنا حلال اور روزی حاصل کرنے کا باعث ورنہ کام کو بے قاعدہ کرنے والا گنہگار ہے۔ جو شخص اس پیشہ کو با قاعدہ کریگا وہ مفلس محتاج نہیں رہے گا اور اس کا منہ قیامت کے دن چودہویں رات کے چاند کی طرح چمکے گا۔

(۲) ہمیں شجرۂ نسب ملانا ہرگز منظور نہیں، بلکہ اپنی قوم کی شناخت ہے، اللہ کے حبیب کے محبوب صحابی سے تبرکا نسبت ہے تا کہ شناخت میں آسانی ہو، نیز اسی نام کی سنی انجمنیں قائم ہیں، با قاعدہ نام ہے اور ہر برادری سے تعلق رکھنے والوں کے دوسری جماعتوں کے ہم پلہ موزوں نام بھی ہے، نیز ہم سلمانی حضرات یہ بھی ڈرتے ہیں کہ کسی دوسرے نبی سے ہم نے نسبت لی تو ہمیں ڈر ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو ناگوار نہ ہو، اور جیسا کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ جبکہ تورات شریف پڑھتے تھے تو حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے چہرہ اقدس پر آثار غصہ نمایاں ہوتے تھے، اس لئے ہم لقمانی ۔ابراہیمی۔ صدیقی نسبتوں کے خلاف ہیں۔

اب جناب والا ان تمام مندرجہ بالا سوالات کے اوپر غور فرما کر ہمیں قرآن وحدیث کی روشنی میں فرمایئے کہ جب شجرۂ نسب ملانا منظور نہیں ہے، کفو کی شناخت منظور ہے۔ قوم کے بکھرے ہوئے شیرازہ کو جمع کرنا مقصود ہے، اور سلمانی نام پر منتظم ہیں جو ہم کو کسی ایسے نام پر جو ہماری شناخت میں دھوکہ ڈالے جیسے کہ صدیقی جب کہ ہندوستان میں کلال، رنگ ریز، رنگ ساز، چوڑی ساز، اپنے آپکو صدیقی کہتے ہیں۔ نیز حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی اولاد تو صدیقی اصلی ہے، تو کیا شناخت کفو کی رہی، ابراہیمی معمار بھی اپنے آپکو ابراہیمی بتاتے ہیں۔ نیز حضرت ابراہیم علیہ السلام کا یہ پیشہ نہ تھا۔ دوسرے پارسی، عیسائی وغیرہ بھی نسبت ابراہیمی پر پابند ہیں۔ ختنہ وغیرہ کراتے ہیں، نیز تراشی وغیرہ کراتے ہیں۔

لقمانی۔ ہندو مسلم جو بھی اس پیشہ کو کرتے ہیں اگر نسبت لقمانیہ ہی لیتے ہیں تو اسکا اطلاق ہر طبیب جراح پر اور بال ترشنے والے پر ہوسکتا ہے، تو ہمکو کیا امتیاز رہا۔ ا ن سب وجوہات کی بنا پر ہم سلمانی کو بہتر اور مناسب سمجھتے ہیں ۔اور اپنے شیرازہ کو کسی دوسرے نام سے شروع کر کے منتشر کرنا نہیں چاہتے۔ جبکہ اسی نام سے ہم گورنمنٹ سے اپنے بہت سے حقوق منوا چکے ہیں۔فقط

خادم قوم ڈاکٹر مشتاق نبی اشرفی سلمانی ناظم اعلی نشر واشاعت انجمن سلمانیہ۔صوبہ یو۔پی

چوکی حسن خاں مرادآباد مورخہ ۱۳ فروری۔ ۲۹ ۱۰ ء۔

الجواب

نحمده و نصلی علی رسوله الكريم

نحمده و نصلی علی رسوله الکریم وعلی اله التحية و التسليم ۔

پہلے چند مقامات پیش کرتا ہوں تا کہ جواب کے سمجھنے میں آسانی اور سہولت ہو۔

مقدمہ اولی۔ ہندوستان کے مسلمانوں میں قومیت کا لحاظ دو امور سے ہے ۔ایک نسب دوسرا پیشہ۔نسب بمعنی قرابت و نسل کے ہے۔اور نسب کے اعتبار سے چار قومیں مشہور ہیں۔

(۱) سید۔مغل۔پٹھان۔شیخ۔ پھر شیخ دو طرح کے ہیں ایک قریشی۔جنہیں صدیقی۔شیخ فاروقی شیخ عثمانی۔شیخ علوی۔شیخ عباسی۔شیخ جعفری کہتے ہیں۔دوسرے غیر قریشی جو شیخ انصاری کہلاتے ہیں۔ یہ اقوام اپنا اپنا نسب ثابت کرتی ہیں اور اپنے آپکو ان کی نسل و اولاد میں کہتی ہیں۔

پیشہ جو بمعنی کسب و ہنر کے ہے تو پیشہ ہی کے لحاظ سے ہر پیشہ والے کا نام اس پیشہ کے لحاظ سے مقرر کیا گیا۔مثلاً تیل نکالنے والے کو تیلی، روغن گر، عطار۔لوہے کے کام کرنے والے کو لوہار۔آہنگر حداد۔روئی دھننے والے کو دھنا پنبہ زن، نداف ۔کپڑا بننے والے کو جولاہا، جامہ باف، حائک۔ کپڑا رنگنے والے کو رنگ ریز۔صباغ۔ جانور چرانے والے کو چرواہا۔شباں راعی۔مٹی کے برتن بنانے والے کو کمہار، کاسہ ساز۔فخار۔کما ن بنانے والے کو۔کمان گر، کمان ساز، قواس۔خط بنانے والے کو حجام ۔موتراش، حلاق۔تو اردو۔فارسی۔عربی۔میں بلحاظ پیشہ قوم کا نام رکھا گیا۔

بالجملہ قومیت کا اسی بناء کا لحاظ اس قدر ضروری ہے کہ اگر کوئی بھی شخص ان میں سے کسی پیشہ کو کریگا تو پیشہ کی بنا پر اس کی قومیت پر کچھ اثر نہیں کہ نہ نسبی قوم اس کو اپنی قوم سے خارج کرے، نہ پیشہ کی قوم اپنے اندر اس کو داخل کرے، اس طرح جو پیشہ ور قوم میں سے جو شخص اپنے پیشہ کو چھوڑ دیتے تو اس کی پیشہ والی

قومیت نہیں بدلتی۔نہ کوئی نسبی قوم اس کو اپنے اندر شامل کرے، نہ اس پیشہ والی قوم اس کو اپنے اندر اپنی قوم سے خارج کرے تو ثابت ہوگیا۔کہ نسبی اقوام اور پیشہ ور اقوام میں بنیادی طور پر امتیاز حاصل ہے۔

مقدمہ ثانیہ۔نسبی اقوام کو اپنے سلسلہ نسب پر اعتماد حاصل کرنا ضروری ہے، اب وہ اعتماد یا تو شجرۂ نسب پر ہو، یا بطریقہ وشہرتو تواتر کے ہو، یا کسی مشہور خاندان سے اسے صحیح اتصال ہو۔اور بلا کسی ثبوت کے اپنا نسب خلفائے راشدین یا صحابہ کرام یا کسی بزرگ کی طرف نسبت کر دینا ممنو ع ہے۔

بخاری شریف، مسلم شریف، داؤد شریف وغیرہ کتب واحادیث میں یہ حدیث مروی ہے۔

من انتمى الى غيرابيه فالجنة عليه حرام ۔ ''یعنی جو اپنے باپ کے سوا کسی دوسرے کو اپنا باپ بنالے دانستہ تو اس پر جنت حرام ہے۔

دوسری حدیث صحاح ستہ کی یہ ہے۔'' من ادعى الى غيرابيه فعليه لعنة الله والملئكة والنا س اجمعين ۔ لا يقبل الله منه يو م القيا مة صرفا ولا عدلا ۔

یعنی جو دوسروں کو اپنا باپ بنائے اس پر اللہ، فرشتوں اور آدمیوں کی لعنت ہے، اللہ تعالی قیامت کے دن اسکا فرض قبول کرے نہ نفل۔

احادیث سے ثابت ہوگیا کہ بغیر تحقیق وثبوت کے اپنے آپ کو کسی سے منسوب کرنا لعنت کا سبب ہے اور حرمان جنت کا باعث ہے، اس کے فرض اور نفل غیر مقبول، تو بلا ثبوت کے جو اپنے آپکو سید یا مغل یا پٹھان ٹھرائے۔یا قریشی یا شیخ صدیقی یا شیخ فاروقی یا شیخ عثمانی یا شیخ علوی با شیخ عباسی یا شیخ جعفری۔کہلا ئے یا شیخ انصاری قرار دے اور اس کے پاس ان حضرت تک اتصال نسب کا کوئی ثبوت نہ ہو اور وہ محض حصول عزت کی بناء پر ان با عزت اقوام کی طرف نسب کو منسوب کرے تو وہ اپنا حکم ان احادیث میں دیکھے، اور دنیا کی ناپائدار عزت کے مقابلہ میں حقیقی اخروی عزت کو نہ کھوئے۔بلاشبہ حقیقی عزت اللہ تعالی اور اس کے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت میں ہے۔نہ ان کی مخالفت میں۔

مقدمہ ثالثہ۔کسب۔پیشہ۔خدمت یہ سب مترادف الفاظ ہیں اور کسب کے معنی جو حصول نفع کے لئے کام کیا جائے۔جامع العلوم میں ہے۔''هو الفعل المفضى الى اجتلا ب نفع الى اخره ۔ تو شرعی اعتبار سے ہر کسب و پیشہ جائز ہے جس میں کوئی قباحت شرعی نہ ہو۔فتاوی عالم گیری میں ہے۔

وافضل اسباب كسب الجهاد ثم التجارة ثم المزارعة ثم الصناعة

یعنی اسباب کسب میں سب سے بہتر جہاد ہے پھر تجارت پھر زراعت پھر ہنر کا کام۔اور جن

کسب وپیشہ میں کسی طرح کی شرعی قباحت لازم آئے وہ کسب خبیث اور قابل عار ہے۔

ردالمحتار میں ہے۔

ما خبث من المکاسب فلزم عنه العار۔ درالمحتار مصری ج ۵ (ص۴۸۱)

یعنی جو کسب خبیث ہیں ان سے عار لازم آتی ہے تو شرعی اعتبار سے کسب وپیشہ کے افضل وقبیح ہونے بلکہ عار اور غیر عار ہونے کا مدار اسی نظریہ پر ہے۔

اب رہا عرف تو اہل عرف نے بعض پیشوں کو باعزت قرار دیا ہے اور بعض کو ذلیل اور قابل عار ٹھرایا ہے۔ لہذا بعض پیشے ایسے ہیں جو عرفی اعتبار سے ذلیل اور قابل عار ہیں لیکن شرعی اعتبار سے نہ ذلیل نہ قابل عار۔ اور بعض ایسے ہیں جو عرفی اعتبار سے باعزت ہیں لیکن شریعت انہیں خبیث وذلیل اور قابل عار قرار دیتی ہے۔ تو اب یہ لازم نہیں کہ ہر پیشہ جس کو عرف ذلیل اور قابل عار دے وہ شرعی اعتبار سے بھی ذلیل وقابل عار ہو۔ بالجملہ جن پیشوں کو عرف ذلیل اور قابل عار رکھتا ہے تو اس پیشہ کی ذلت کی بنا پر اس پیشہ کرنے والوں کو بھی ذلیل قرار دیتا ہے، تو اس ذلت وعزت کا دارومدار عرف کی بنا پر ہے نہ کہ شریعت کے اعتبار سے۔

مقدمہ رابعہ۔ عرفی اعتبار سے بھی وہ پیشہ وکسب ذلیل اور قابل عار ہوتا ہے جو دوسرے کیلئے کسی اجرت ونفع کے عوض کیا جائے اور جو کام اپنے لئے کیا جائے وہ اسکا پیشہ کہلاتا ہے نہ اسے اہل عرف ذلیل وعار سمجھتے ہیں۔ مثلا کوئی شخص دوسرے کی اجرت پر بکریاں چرائے تو یہ پیشہ عیب وعار ہے۔ اور جو شخص خود اپنی بکریں چرائے وہ عیب نہیں۔ چنانچہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی بکریاں چرائیں۔ شرح شفا شریف میں ہے۔

قال المحققون انه علیه السلام لم یرع لا حدبا لا جرة وانما رعی غنم نفسه وهذا لم یکن عیبا۔ (شرح شفا مصری ص۴۴۸)

یعنی علماء محققین نے فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے کسی کی اجرت پر بکریاں نہیں چرائیں۔ بلکہ خود اپنی بکریاں چرائیں اور ایسا چرانا عیب نہیں۔ اسی طرح اور انبیاء کرام نے جو بھی کام کیئے ہیں وہ خود اپنے کام ہیں کسی دوسرے کے اجرت پر نہیں کئے۔ تو یہ امر ثابت ہو گیا کہ وہ پیشہ عیب وعار ہے جو دوسرے کے اجرت ونفع کے عوض میں کیا جائے۔ اور جب خود اپنی کام کیا تو عرف میں نہ وہ پیشہ کہلاتا ہے نہ عیب وعار ہوتا ہے۔

بالجملہ کوئی پیشہ ور حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام کے کسی فعل کو اپنے پیشہ کی سند میں نہیں لاسکتا۔ کہ پیشہ ور کے فعل اور حضرات انبیائے کرام کے افعال میں چند وجہ سے فرق ہے۔

(۱) یہ حضرات اپنا کام کرتے ہیں اور ہر پیشہ ور دوسرے کے لئے کرتا ہے

(۲) ان حضرات کے فعل کو اجرت سے کوئی علاقہ نہیں اور پیشہ ور اجرت ونفع کے لئے ہی کام کرتا ہے۔

(۳) ان حضرات کا فعل نہ دوسرے کے لئے ہے نہ بغرض اجرت ہے وہ عیب وعار نہیں، اور پیشہ ور دوسرے کیلئے بغرض اجرت کرتا ہے تو وہ عرفا عار وعیب قرار پایا۔

(۴) حضرات انبیاء کرام کے افعال کثیر فوائد اور حکمتوں پر مبنی ہوتے ہیں۔

چنانچہ شرح شفاء شریف میں ہے:

فان قیل: فهل ارعی الانبیاء للغنم من فائدة؟ فیقال: نعم فی ذلك ای رعی الغنم للانبیاء حکمة بالغة لا یدرکها الا الاصفیاء۔ (شرح شفاء ص۴۶)

اور پیشہ ور کے فعل میں وہ فوائد اور حکمتیں نہیں ہو سکتیں۔ تو اغراض ومقاصد کے بدل جانے سے فعل کے احکام بھی بدل جاتے ہیں، لہذا کسی پیشہ ور کو اپنے پیشہ کی سند میں حضرات انبیاء کرام کے کسی فعل کے ذکر کرنے کا حق حاصل نہیں۔

مقدمہ خامسہ۔ اگرچہ شریعت مطہرہ میں اکثر مقامات میں پیشہ اور پیشہ ور کی عرفی ذلت اور عیب وعار کا اعتبار نہیں کیا ہے، لیکن بعض مقامات ایسے بھی ہیں جن میں شریعت نے عرفی ذلت اور عیب وعار کا اعتبار کیا ہے، جیسے مسئلہ کفاءت اور مبحث تعظیم انبیاء کرام کہ شان انبیاء کرام میں عرفی ذلت ودنائت اور عیب وعار کو بھی معتبر قرار دیکر احکام صادر فرمائے۔

چنانچہ فتاوی عالمگیری میں ہے:

رجل قال مع غیره ان آدم علیه السلام نسیج الکرباس پس ماہمہ جولاہا بچگاں باشیم فهذا کفر۔ (عالمگیری مجیدی ص۳۸۳ ج۴،)

یعنی ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ آدم علیہ السلام نے سوتی کپڑے بنائے تو ہم سب جولا ہے ان کے بچے ہوئے تو یہ کفر ہے۔

شفاء شریف میں ہے:

رجل عير رجلا بالفقر فقال تعير نی وقد رعی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الغنم فقال مالك قد عرض بذكر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی غیر مو قعه اری ان یو دب۔ (شرح شفاء ص ۴۴۸)

یعنی ایک شخص نے دوسرے پر فقر کی ملامت کی، اس نے کہا: تو نے مجھے ملامت کی حالانکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بکریاں چرائیں۔ تو امام مالک نے فرمایا: کہ اس نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر غیر لائق مقام پر پیش کیا، تو میں یقیں کرتا ہوں کہ اسے سزا دی جائے۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ عرف نے جس پیشہ کو ذلیل اور قابل عیب و عار قرار دیا اس کی نسبت حضرات انبیائے کرام کی طرف کرنا بے ادبی اور گستاخی ہے، اسی طرح اہل بیت کرام اور صحابہ عظام کی طرف نسبت کرنا اور انہیں اپنی سند میں پیش کرنا ان کی عزت ووقار کے خلاف ہے۔

حضرت شیخ عبد الحق صاحب محدث دہلوی اشعۃ اللمعات میں حدیث شریف کا ترجمہ تحریر فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

بترسید خدا را در حق اصحاب من، و یاد کنید ایشاں را بتعظیم وتوقیر۔ وادا کنید حق صحبت ایشاں را بمن، سہ بار مکرر فرمود برائے تاکید ومبالغہ، نگیرد و نسازید ایشاں را مثل ہدف بعد از من کہ بیندازید بجانب ایشاں تیر ہائے دشنام وعیوب۔ (اشعۃ اللمعات ص ۶۳۲ ج ۴)

یعنی حضور نے فرمایا کہ تم لوگ میرے اصحاب کے بارے میں خدا سے ڈرو اور انہیں تعظیم وتوقیر کے سوا یاد نہ کرو اور ان کے ساتھ میری صحبت کا حق ادا کرو۔ حضور نے یہ تاکید ومبالغہ کے لئے تین بار فرمایا: اور انہیں میرے بعد مثل نشانہ کے نہ بناؤ کہ ان کی جانب گالیوں اور عیبوں کے تیر مارو۔

اس حدیث سے ثابت وظاہر ہو گیا کہ ان حضرات کو بھی ہمیشہ تعظیم وتوقیر کے ساتھ یاد کیا جائے۔ ان کی جانب کسی عیب کی نسبت نہ کی جائے۔ انکا کسی محل عار میں ذکر نہ کیا جائے۔ ان کے لئے کسی حقیر وذلیل شے کا ثابت کرنا حسن ادب کے خلاف ہے۔

مقدمہ سادسہ: عزت وشرافت کسی قوم کے ساتھ خاص نہیں کہ جسمیں علم دین ہو وہی باعزت وشریف ہے۔

قران کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

قل ھل یستوی الذین یعلمو ن والذین لا یعلمو ن ۔

یعنی فرمادو کیا علم والے بے علم والوں کے برابر ہیں۔

اس آیۂ کریمہ سے معلوم ہوا کہ حقیقی عزت وشرافت عالم دین کو حاصل ہے۔ اب چاہے وہ کسی قوم کا ہو، اسی لئے تو عالم دین علوی قریشی کا کفو ہے۔

قاضی خاں میں ہے:

العالم العجمی یکون کفوا للجاھل العربی والعلوی لا ن شرف العلم فوق شرف النسب ۔

اسی طرح دین داری اور پرہیزگاری بھی شرافت وعزت کا سبب ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے:

ان اکرمکم عنداللہ اتقاکم ۔

یعنی تم میں زیادہ مرتبہ والا اللہ کے نزدیک وہ ہے جو زیادہ تقوی رکھتا ہے۔

اس آیت کریمہ سے یہ ثابت ہوا کہ باعزت وشریف وہ ہے جو متقی و پرہزگار رہو۔ اب وہ چاہے کسی قوم کا ہو۔ اسی بناء پر ذلیل وحقیر پیشوں کے کرنیوالے اگر متقی و پرہیزگار رہوں تو ان کی شہادت ان فاسق وفجار سے بہتر ہے جو عرفی اعتبار سے باعزت ہوں۔

شامی میں ہے:

جعلوا العبرۃ لعدالۃ لا للحرفۃ فکم من دنی صناعۃ اتقاء من ذی منصب وجا ہ ۔

(شامی ص ۳۹۴ ج ۴)

اسی میں فتح القدیر سے ناقل ہیں:

اما اھل الصناعۃ الدنیۃ کا لقنوانی والزوال والحائك والحجام فقیل لا تقبل لانھا قدتو لا ھا قوم الصالحون فما لم یعلم القادح لا یبنی علی ظاھر الصناعۃ ۔

بالجملہ علم دین اور تقوی اور پرہیزگاری شرافت کا سبب ہے اور ہر دو عالم کی عزت کا باعث ہے اور دونوں کسی قوم پر منحصر نہیں۔ تو جو اقوام عزت وشرافت کی طالب ہیں انہیں علم وعمل میں ترقی کرنی چاہیے۔ مخصوص نام کا بدل دینا عزت وشرافت کا باعث نہیں ہوسکتا ہے، پھر یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ مسلمان کو نہ محض اپنی شرافت قومی پر فخر کرنا جائز ہے نہ دوسری قوم پر طعنہ کرنا روا۔ بلکہ کسی مسلمان کو حقارت کی نگاہ سے دیکھنا حرام ہے۔ اور اسے چھیڑ کر اسکا دل دکھانا ممنوع ہے۔

حدیث شریف میں ہے:

من اذی مسلما فقداذانی ومن اذانی فقداذی اللہ ۔

یعنی جس نے کسی مسلمان کواذیت دی اس نے مجھے اذیت دی، اور جس نے مجھے اذیت دی اس نے اللہ کواذیت دی۔

یہانتک کہ اگر کوئی بھنگی یا چمار مسلمان ہوگیا تو اسے بھی نظر حقارت سے دیکھنا حرام ہے۔ کہ اب وہ ہمارا دینی بھائی ہے۔ اللہ تعالی قرآن کریم میں فرماتا ہے: انما المومنون اخوۃ ۔ یعنی مسلمان بھائی بھائی ہیں۔ اور اسلام سے دونوں جہاں کی عزت حاصل ہوجاتی ہے۔ الحاصل ان مقدمات پر بحث کرتے کے بعد سوالوں کا جواب بآسانی سمجھ میں آگیا ہوگا کہ قوم مذکور فی السوال کا نام صدیقی ۔ ابراہیمی ۔ لقمانی ۔ سلمانی ۔ اس بنا پر نام رکھا کہ ابراہیمی اور صدیقی میں حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی طرف نسبت ہے، اور صدیقی میں افضل البشر بعد الانبیاء خلیفہ اول حضرت صدیق اکبر کی طرف۔ اور سلمانی میں حضرت سلمان فارسی صحابی کی جانب، اور لقمانی میں حضرت لقمان رضی اللہ عنہم اجمعین کی طرف نسبت ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ ان حضرات کی طرف نہ تو نسبی اعتبار سے نسبت ثابت ہوسکتی ہے، نہ پیشہ کے لحاظ سے۔ تو ان حضرات کی طرف قوم کی نسبت غلط و بے اصل ہے، علاوہ بریں جب یہ پیشہ عرف میں بنظر حقارت دیکھا جاتا ہے تو اس پیشہ کی اصل کسی نبی یا صحابی یا ولی کو قرار دینا بے ادبی و گستاخی ہے۔ جسکی تفصیل مقدمہ رابعہ وخامسہ میں مذکور ہوئی۔

اب باقی رہی سائل کی یہ توجیہ کہ ہمیں شجرہ نسب ملانا ہرگز منظور نہیں ہے بلکہ اپنے کفو کی شناخت کیلئے اللہ کے حبیب صحابی سے تبرکا نسبت لی ہے، صحیح نہیں ہے۔

اولا: اگر ہم یہ تسلیم بھی کرلیں کہ سائل کی ابراہیمی ۔ صدیقی ۔ سلمانی ۔ لقمانی سے نسبی نسبت مراد نہیں ہے لیکن اس قوم کے بہت سے ناخواندہ لوگ بھی کیا یہی سمجھتے رہیں گے؟ نہیں نہیں بلکہ وہ اپنے آپ کو ان حضرات کی اولاد میں بتائیں گے اور آیندہ آنیوالی نسل اپنا نسب ہی ان حضرات سے ثابت کریگی تو سائل بتائے کہ اسکا سارا وبال اور گناہ کس کی گردن پر پڑے گا۔

ثانیا: سائل کا دعوے تو یہ ہے کہ ان حضرات کی طرف تبرکا نسبت کی جاتی ہے۔ لیکن حقیقۃ اس نسبت کے ضمن میں ان حضرات کو اس پیشہ کی اصل قرار دیا جارہا ہے، تو یہ حضرات بھی پیشہ کی عرفی ذلت سے ملوث ہوجاتے ہیں۔ والعیاذ باللہ تعالی ۔

ثالثا: مقدمہ خامسہ سے ثابت ہوچکا کہ جس پیشہ کو عرف نے ادنی وحقیر ٹھہرالیا اس کی نسبت ان حضرات کی طرف حسن ادب کے خلاف ہے، تو ایسی نسبت جسمیں ان کی طرف ادنی حقارت کا وہم پیدا ہوجائے شریعت مطہرہ اس کی کس طرح اجازت دے سکتی ہے؟ ۔ اور اس نسبت کو تبرکا کس طرح کہا جاسکتا ہے؟ ۔ اسی طرح لفظ خلیفہ کی نسبت کیلئے سائل نے جو لکھا ہے بہت بیجا ہے۔

پھر آیت سے استدلال کرنا اور حضرت جبریل علیہ السلام کیلئے حلاقی ثابت کرنا اور زیادہ دلیری وجرأت ہے۔ مولی تعالی حضرت انبیائے کرام علیہم السلام اور صحابہ واہل بیت عظام کیساتھ حسن ادب کی توفیق فرمائے۔ سائل کو چاہئے کہ ہر ایسے لفظ کو اپنا طرۂ امتیاز بنائے جس میں بزرگوں کی شان ارفع واعلی میں کسی عیب ونقص کا وہم بھی نہ پیدا ہو۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۵۵)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین ان مسائل میں

(۱) آجکل میلاد شریف ایسے لوگوں سے پڑھوانا جو داڑھی مونڈاتے ہیں، صوم وصلوۃ کی پابندی نہیں کرتے اور نعت شریف اسطرح پڑھتے ہیں کہ ایک مصرع ایک شخص نے خوب گلے بازی کے ساتھ پڑھا۔ دوسرا مصرع اسی طرح دوسرے نے، تیسرا مصرع تیسرے نے، چوتھا مصرع چوتھے نے، اور پانچویں مصرع کو سب نے ملکر پڑھا تو اس صورت سے پڑھنا کیا ہے، اور ایسے لوگوں سے میلاد شریف پڑھوانا جائز ہے یا نہیں؟ ۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

داڑھی کا مونڈانا حرام ہے، درمختار میں ہے:

یحرم علی الرجل قطع لحیتہ۔ (درمختار ص۴۶۹ ج۵)

اور نماز کو سستی سے قصدا چھوڑنے والا فاسق ہے۔

تنویر الابصار ودرمختار میں ہے:

وتارکھا (الصلوۃ) عمدا مجانۃ ای تکاسلا فاسق۔ (درمختار مصری ص۲۴۶ ج۱)

اسی طرح روزہ کا بلا عذر قصداً چھوڑنے والا فاسق ہے۔

کما فی الدرالمختار ۔والصوم کالصلوۃ علی الاصح ۔

تو داڑھی منڈوانے والا۔صوم وصلاۃ کو چھوڑنے والا فاسق قرار پایا،اور فاسق کو میلاد شریف کے لئے بلانے اور پڑھوانے میں اسکی تعظیم ہوتی ہے،کہ جس سے میلاد شریف پڑھواتے ہیں اس کی ہر طرح کی مدارات کی جاتی ہے،اس کو عزت سے تخت پر بیٹھایا جاتا ہے،اس کی کسی طرح کی تحقیر وتوہین منظور نہیں ہوتی اور حالانکہ شرعا فاسق کی توہین وتحقیر ضروری ہے،یہی وجہ ہے کہ اگر کوئی عالم فاسق ہو تو اس کو بھی امامت کیلئے نہ بڑھائیں کہ امامت میں تعظیم ہوتی ہے اور اس کی شرعا اہانت واجب ہے۔

مراقی الفلاح میں ہے:

کرہ امامۃ الفاسق العالم لعدم اهتمامه بالدین فتجب اهانته شرعا فلا یعظم بتقدیمه للامامۃ۔ (مراقی الفلاح۔ص١٧٦ج٧)

عالم فاسق کی امامت اس کے دینی اہتمام نہونے کی وجہ سے مکروہ ہے،تو شرعا اس کی اہانت واجب ہے تو اس کو امامت کیلئے بڑھا کر عزت نہ کی جائے۔

لہذا فاسق کو بلا کر اس سے میلاد شریف پڑھوانا کس طرح مکروہ نہ ہوگا۔اسی بنا پر فقہاء کرام نے مذکر کیلئے صالح اور متقی ہونے کی تصریح کی۔فتاوی برہنہ میں ہے:

بقول ابی سلمہ فقیہ دریں زمان واجب ست وباید کہ مذکر صالح باشد تا عاقلاں از وے گریزند وورع باشد تا سخن نادرست نگوید (فتاوے برہنہ ص٤٧ج١)

فقیہ ابوسلمہ کے قول کی بنا پر اس زمانہ میں واجب ہے کہ واعظ نیک صالح ہوتا کہ دیندار اس سے پرہیز نہ کریں اور متقی پرہیزگار ہوتا کہ وہ کوئی خلاف شرع بات نہ کہے۔

اس عبارت سے ظاہر ہوگیا کہ جب واعظ کیلئے نیک وپرہیزگار ہونا ضروری ہے تو میلاد خواں بھی واعظین ہی میں داخل ہیں۔تو ان کا نیک ومتقی ہونا کیوں ضروری نہوگا۔اب باقی رہا گلے بازی کے ساتھ پڑھنا تو اس میں اگر کوئی مقصد صحیح نہیں ہے بلکہ اس میں موسیقی کے وزنوں اور لحنوں کی ایسی رعایت مقصود ہے کہ وہ لہجہ درست ہوجائے،چاہے الفاظ میں تغیر اور حروف کی شان ہی بدل جائے۔یا اس میں فساق وفجار کے مخصوص عشقیہ اشعار کی راگنی اور لہجوں کی موافقت منظور ہے اور بے تکلف سننے والا اسے کہدے کہ میلاد شریف میں یہ کیسی راگنی اور گانا ہورہا ہے۔تو ایسی گلے بازی اور لہجہ کا حمد ونعت میں پڑھنا

مکروہ ہے۔

علامہ محقق علی الاطلاق فتح القدیر میں فرماتے ہیں:

المختار ان کان الالحان لا یخرج الحروف عن نظمها وحد ذواتها فمباح والا فغیر مباح کذا ذکر وقد قدمنا فی باب الاذان ما یفید ان التلحین لا یکون الا مع تغیر مقتضیات الحروف فلا معنی لهذا التفصیل ونقلنا هنالك عن الامام احمد انه قال للسائل فی القراءۃ التلحین وقد اجاب بالمنع ما اسمك فقال محمد فقال ایعجبك ان یقال لك یا محامد۔ (فتح القدیر کشوری ص٣٢٤ج٣)

اور مختار مذہب یہ ہے کہ اگر خوش آوازیاں ایسی ہوں کہ جو حروف کو ان کی شان اور اصل حال سے خارج نہ کریں تو مباح ہیں ورنہ مباح نہیں۔اسی طرح مذکور ہے اور ہم باب الاذان میں بیان کر چکے جسکا مفاد یہ ہے کہ گلے بازی حروف کے مقتضی کو بدل کر ہی ہو تو اس اوپر کی تفصیل کی حاجت نہیں۔اور ہم نے امام احمد کا واقعہ نقل کیا کہ انہوں نے قرأت میں گلے بازی کے متعلق دریافت کرنے پر جواب دیا کہ منع ہے۔تیرا کیا نام ہے؟اس نے کہا محمد،تو امام نے فرمایا:کیا تجھے یہ پسند ہے کہ تجھے کہا جائے اے محامد، یعنی گانے سے الفاظ کا بدل جانا ناپسند چیز ہے۔

طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے:

التغنی بحیث یودی الی تغییر کلمات الاذان وکیفیاتها الحرکات والسکنات ونقص بعض حروفها او زیادۃ فیها فلا یحل فیه ولا فی قرأۃ القرآن ولا یحل سماعه لان فیه تشبها بفعل الفسقة فی حال فسقهم فانهم یترنمون ۔ (طحطاوی مصری۔ص١١٤)

اسی طرح گانا کہ اس سے اذان کے کلمے،یا حرکت وسکون کی کیفیتیں بدل جائیں۔اور بعض حروف میں کمی یا زیادتی کرنی پڑے تو ایسا گانا اذان اور قرأت قرآن میں جائز نہیں۔نہ اسکا سننا جائز ہے۔کیونکہ اس میں فعل فساق سے مشابہت ہے کہ وہ فساق اپنی فسق کی حالت میں گلے بازی سے گاتے ہیں۔

فتاوے قاضی خان میں ہے۔

انما یکرہ ذلك (التطریب) فیما کان من الاذکار (اسی میں دلیل ذکر کی) لانه تشبه بالفسقة لما یفعلونه فی فسقهم ۔ (قاضی خان ص٧٦ج١)

قرأت قرآن واذان کے علاوہ اذکار میں بھی خوب گلے بازی کرنا مکروہ ہے، اسلئے کہ یہ فساق سے مشابہت کرنا ہے کہ وہ اپنے فسق میں اس طرح گاتے ہیں۔

علامہ محمد طاہر مجمع بحارالانوار میں طیبی وکرمانی سے ناقل ہیں:

اما لاوزان المو سیقی فاشبۃ ببدع۔ (مجمع بحارالانوار ص ۷۹ ج ۲)

اوزان موسیقی بدعات سے زیادہ مشابہت رکھنے والے ہیں۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں:

امابہ تکلف بالحان موسیقی مکروہ ہست۔

(اشعۃ اللمعات کشوری ص ۱۴۷ ج ۴)

اور موسیقی کی راگنیون میں بہ تکلف گانا مکروہ ہے۔

ان عبارات سے ثابت ہوگیا کہ جو خوش آوازی اور گلے بازی حرف کی اصلی حالت اور حرکت وسکون کی کیفیت کو بدل دے اور کسی حرف کی کمی یا زیادتی پیدا کردے، اور یہ سب کچھ موسیقی کے وزنوں اور لحنوں کی رعایت کی بناپر کیا جائے، نیز اسمیں فساق کے خاص عشقیہ اشعار کی راگنی اور لہجوں کی مشابہت مقصود ہو تو ایسی خوش آوازی اور گلے بازی کے ساتھ حمد ونعت کا پڑھنا مکروہ ہے کہ حمد ونعت اذکار میں داخل ہیں۔ لہذا میلاد شریف میں ایسی گلے بازی کرنا مکروہ ثابت ہوئی اور پڑھنے والے اور پڑھوانے والے اور سننے والے سب مرتکب مکروہ ہوئے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۵۶)

(۱) کیا فرماتے ہیں مفتیان دین اس مسئلہ میں کہ

بنگال کے علاقہ میں اکثر لوگوں سے سیپ کا چونا پان میں لگا کر کھاتے ہیں۔ سیدنا اعلحضرت امام اہلسنت علیہ الرحمہ نے فتاوی رضویہ جلد اول ص ۱۰۷ میں تحریر فرمایا کہ سیپ کا چونا کھانا حرام ہے، یعنی جس پان پر سیپ کا چونا لگایا جائے تو وہ پان کھانا حرام ہے۔ دیوبندی خبیث اس مسئلہ کو غلط بتاتے ہیں، تو یہ مسئلہ کہاں تک صحیح ہے، مع دلیل تحریر فرمایا جائے۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) سیپ ایک دریائی جانور ہے، فقہ کی معتبر ومشہور لغت مغرب میں ہے" صدف الدرۃ غشاء ھا وفی کتب الطب انہ من حیوان البحر۔ (ص ۳۹۹)

علامہ محمد طاہر مجمع البحار میں حدیث شریف "اذا مطرت السماء فتحت الاصداف افواھھا۔" کے افادہ میں فرماتے ہیں" ھو جمع صدف وھو خلاف اللؤلؤ واحدتہ صدفۃ وھی من حیوان البحر۔ (ص ۳۳۷ ج ۲)

لہذا جب سیپ کا دریائی حیوان ہونا ثابت ہوا تو اسکا کھانا بلاشبہ حرام ہے کہ دریائی جانوروں میں سوائے مچھلی کے ہر جانور کا کھانا حرام ہے۔ فتاوی عالمگیری میں ہے (فجمیع ما فی البحر من الحیوان یحرم اکلہ الا السمک خاصۃ۔ (ص ۷۵ ج ۴)

تو امام اہلسنت اعلی حضرت قدس سرہ کا حکم بالکل صحیح ہے۔ دیوبندی اس حقیقت سے جاہل ہیں اور انکا انکار محض جہالت پر مبنی ہے واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۵۷، ۹۵۸، ۹۵۹، ۹۶۰، ۹۶۱، ۹۶۲، ۹۶۳،)

السلام علیکم جناب مفتی صاحب مدظلکم العالی علی رؤس المسلمین

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین ان مسائل میں

(۱) تعزیہ بنانا، اس کو لے کر گشت کرنا، ساتھ ساتھ مرثیہ نانشے پڑھنا، اور غم تازہ کرنا، اس کی زیارت کو ثواب سمجھنا۔ پھر ندی۔ یا نالے میں۔ یا تالاب وغیرہ میں ڈالدینا اور اس طرح پیسہ ضائع کرنا۔ ان باتوں پر شریعت کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

(۲) ایک شخص کا مولوی ہونے کا دعوی ہے۔ لوگوں نے ان باتوں کا سوال کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ تعزیہ بنانے میں کوئی گناہ نہیں، اور اس کی زیارت کرنا پھر زمین میں دفن کردینا بالکل جائز ہے۔ شاہ کرامت اللہ صاحب، شاہ ولی اللہ صاحب، شاہ عبدالحق صاحب، عبدالعزیز صاحب علیہم الرحمۃ نے بھی اس کو منع نہیں کیا۔ اور عالمگیر جو پابند شرع تھا اس نے بھی منع نہیں کیا۔ پھر مرثیہ شہادت نامے بھی

جائز ہیں۔اور غم تازہ کرنا تو ایمان کی دلیل ہے۔کہ غم حسین ہر ایمان دار کو رہے گا اور امام حسین کوثر کے
مالک ہیں۔کوثر سے سیراب ہونا چاہتے ہو تو امام حسین کا غم نہ بھولو۔پھر فرماتے ہیں ان باتوں کا انکار کر
نے والا یزیدی بلکہ فضلۂ یزید ہے۔اور یہ دیو بندی کا ایمان اور عقیدہ ہے، اور ابن عبدالوہاب نجدی کا
چیلا ہے۔اس کے پیچھے نماز نہیں ہوتی۔اگر تم سنی ہو تو اس کے پیچھے نماز مت پڑھو۔تمہاری نمازیں برباد
ہونگی۔پیش امام دنیا میں بہت ملتے ہیں یہ پیش امام تمہاری قبر میں نہیں سوئے گا۔غرض اس مضمون کے
اشتہار بھی مولوی صاحب نے شائع کر دئے جن سے لوگوں میں ہیجان پیدا ہو گیا ہے۔ہم نے مولوی
صاحب کے سامنے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رسالہ تعزیہ داری پیش کیا اس پر بھی
اعتبار نہیں کیا۔لہذا

شریعت مطہرہ کا ان کے حق میں کیا حکم ہے؟۔بینوا توجروا

(۳) ایسے مولوی کے ساتھ مسلمانوں کو کیا برتاؤ کرنا چاہئے۔مولوی مذکور ان کی عزت کرنا ان
کے وعظ سننا۔انکا مرید بننا کیسا ہے؟۔بینوا توجروا

(۴) کسی صحیح العقیدہ سنی مسلمان کو بغیر کسی ثبوت شرعی کے دین سے پھرا ہوا ہونا اور منافق کہہ دینا
اور چھاپ کر شائع کر دینا، اس کی توبہ کا کیا طریقہ ہے؟ اگر دل میں خفیہ توبہ کر لے تو کافی نہیں ہوگی یا تو
بہ شائع کرنی پڑے گی؟۔بینوا توجروا۔

(۵) کسی جگہ پیران پیر صاحب کا چلہ بنالینا اور گدی مقرر کر لینا اور وہاں فاتحہ وایصال ثواب
کیواسطے جانا کیسا ہے؟۔بینوا توجروا۔

(۶) پیران پیر کے نشان اٹھانا اور دف بجا کر نعت شریف پڑھنا اور باجے کے ساتھ سلام پڑھنا
کیسا ہے؟۔ایک مولوی صاحب ایسا کہتے ہیں کہ علم نشان کے جو قائل نہیں وہ عقائد اہل سنت والجماعت
کے نزدیک کافر ہیں۔کیا یہ ٹھیک ہے؟۔بینوا توجروا۔

(۷) مرثیہ خوانی کی مجلس ہو اور رنڈی کے گھر ہو وہاں شریک جماعت ہونا پھر کار خیر دلیل محبت
حسین خیال کرنا اس سے دین میں کیا خرابی ہے؟ بینوا توجروا۔

ان سب سوالوں کے جواب نہایت ضروری ہیں۔مسلمانوں میں تفرقے اور خانہ جنگیاں واقع ہو
رہی ہیں۔

مرسلہ از موضع آمود ضلع بھڑوچ مسجد کمیٹی کے سکریٹری کی طرف سے۔۱۶/ مارچ ۵۱ء

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

سوال میں جن سات امور کا ذکر ہے ان کے خرافات اور جاہلانہ رسومات ہونے میں کسی ادنیٰ مسلما
ن کو بھی کلام نہیں ہوسکتا۔اس کے تفصیلی جوابات بار ہا دئے جا چکے ہیں۔واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۲) جو شخص عالم دین ہے وہ ایسا جواب نہیں دیا کرتا جو اصول مذہب کے خلاف ہو۔اگر سائل
ان کا جواب بعینہ نقل کرتا تو اس جواب کا حسن وقبح معلوم ہو جاتا۔لیکن سائل نے انکے اصل جواب کو پردہ
میں رکھا۔جب اس عالم دین نے شاہ کرامت اللہ۔شاہ عبدالحق۔شاہ ولی اللہ۔شاہ عبدالعزیز کے اسماء کو
شمار کیا کہ یہ تعزیہ بنانے کو جائز کہتے ہیں۔تو اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ اس تعزیہ کو کہتا ہے جس میں حضور
سید الشہداء امام عالی مقام کے روضۂ انور کی صحیح نقل بنائی جائے۔کہ یہ ایک غیر جاندار کی تصویر ہے اور مکا
ن کا نقشہ ہے تو اس میں کوئی شرعی قباحت نہ گناہ لازم ہے۔اور جب اس روضۂ پاک کا صحیح نقشہ ہے تو اس
کی زیارت کے جواز میں بھی کوئی کلام نہیں ہوسکتا۔اگر وہ بوسیدہ ہو جائے، یا اس کے باقی رہنے میں کسی
بے ادبی اور ترک تعظیم کا خوف ہو تو اس کے دفن کرنے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔اسی طرح وہ مرثیے اور
شہادت نامے جو موافق شرع ہوں جیسے کہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب خود ذکر شہادت کرتے۔یا بعض
مرثئے ان کی موجودگی میں پڑھے جاتے تھے ان کے جواز میں بھی کیا کلام ہے۔

اسی طرح جب ان واقعات کو سنکر دل بھر آئے اور آنکھوں سے بلا قصد اشک رواں ہوں اور ر
قت طاری ہو تو یہ رونا نہ فقط جائز بلکہ رحمت وایمان کی علامت ہے اور اہلبیت کرام کے ساتھ ایسی دلیل
محبت ہے جو روز قیامت باعث نجات ومغفرت ہے۔اور یہ واقعہ ہے کہ جو ان شہدا کے ذکر شہادت کو
مطلقاً ناجائز کہے اور شربت ونیاز کو حرام لکھے اور ان کے مصائب کے واقعات کو سنکر بھی اس پر کوئی اثر مر
تب نہ ہو تو اس نے یزید کا قلب اور شمر کا جگر پایا ہے۔اور یہ چیزیں دیو بندی جماعت کی علامت ہیں
۔ابن عبدالوہاب نجدی کے متبعین کا شعار ہیں کہ خوارج کی اہل بیت سے دشمنی ناقابل انکار چیز ہے۔

لہذا ایسے نجدی صورت، یزیدی سیرت کے پیچھے نماز ہرگز ہرگز درست نہیں ہوسکتی۔رسالہ تعزیہ
داری میں بھی روضۂ اقدس کی صحیح نقل بنانے اور اس کو بہ نیت تبرک مکان میں رکھنے کو ناجائز نہیں لکھا۔الحا
صل یہ کہ عالم دین اگر ایسا ہی کہتے ہیں تو اہل سنت ہیں ان پر کوئی الزام شرعی عائد نہیں ہوتا۔واللہ تعالیٰ
اعلم بالصواب۔

(٣) اگر یہ مولوی صاحب یہی کہتے ہیں جو جواب دوم میں مذکور ہوا تو عالم دین کی مسلمانوں پر عزت ضروری، انکا وعظ سننا ثواب، انکا مرید ہونا امر خیر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(٤) واقعی کسی صحیح العقیدہ سنی مسلمان کو بلا ثبوت منافق، یا دین سے پھرا ہوا کہنا، یا چھاپنا گناہ عظیم ہے، جس کی توبہ لازم۔ اور خفیہ گناہ کی خفیہ توبہ کافی ہے اور علانیہ کی علانیہ ضروری ہے۔ مگر اس زمانہ میں تو گمراہ و بدعقیدہ بھی اپنے آپ کو سنی صحیح العقیدہ بتانے لگے ہیں تو ان کی گمراہی کے ثبوت کے بعد ان کو دین سے پھرا ہوا اور منافق کہنا۔ یا گمراہ و بیدین چھاپنا عالم دین کا فریضہ ہے، کہ لوگ اس کے دام فریب میں نہ پھنس جائیں۔

حدیث شریف میں ہے:

اذا ظهرت الفتن و سب اصحابي فليظهر العالم علمه الحديث رواه الخطيب البغدادي في جامعه ـ والله تعالىٰ اعلم ـ

(٥) کسی جگہ کوئی بزرگ کا چلہ، یا ان کی گدی محض بنانے یا مقرر کر لینے سے تو یہ نہیں ہو سکتا جب تک اسکا کوئی ثبوت شرعی نہ ہو۔ اور جب اس کا کوئی ثبوت ہو تو اس جگہ کو ان بزرگ سے نسبت حاصل ہو گئی، اور جب نسبت حاصل ہوگئی تو وہاں جانا اور ایصال ثواب کرنا، اس جگہ کی تعظیم کرنا، بلاشک جائز ہے اور اقوال وافعال سلف صالحین سے ثابت ہے، جس کے بکثرت حوالجات پیش کئے جا سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(٦) کوئی عالم دین ہو کر ایسی بات کیسے کہہ سکتا ہے؟۔ ہاں نعت شریف پڑھنا، سلام پڑھنا بلا شک جائز اور باعث اجر و ثواب ہے۔ اور جھنڈے کا اٹھانا جب کسی مقصد خیر کیلئے ہو وہ کوئی ممنوع نہیں، دف اور باجے کا بجانا ممنوعات سے ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(٧) جب مشروع مرثیہ کی مجلس ہو اور اس میں کوئی امر مشروع نہ ہو اگر چہ وہ رنڈی کے گھر پر ہو تو وہ بھی مجلس ذکر ہے۔ اس کی محض سماعت کرنے میں کوئی شرعی الزام عائد نہیں ہوتا۔ ہاں جب اس میں کوئی خلاف مشروع چیز لازم آئے، یا کسب حرام کے روپیہ سے خرید کردہ شیرینی لے تو ضرور ممنوع ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (٩٦٤)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع عظام دامت برکاتہم العالیہ مسئلہ حسب ذیل میں چند آدمی یا ایک آدمی کھاتے ہوں یا کھانا کھانے بیٹھے ہوں اور کوئی غیر شخص آئے۔ قاعدہ ہے کہ جب کوئی آتا ہے اور کھانا کھاتے ہوں یا کھانے بیٹھے ہوں تو اس آئے ہوئے شخص سے کہہ دیتے ہیں کہ آؤ کھانا کھالو وہ شخص جواب میں کہتا ہے بسم اللہ کرو۔ سوال یہ ہے کہ ان دونوں صورتوں میں کھانا کھاتے ہوں یا بیٹھے ہوں تو اس دوسرے شخص سے یہ کہنا کہ آؤ کھانا کھالو جواب میں وہ بسم اللہ کرو۔ یہ کہنا درست و صحیح ہے یا نہیں۔ اگر نہیں تو جو یہ کہتا ہے اس پر شرعا کیا حکم ہے؟

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

قرآن کریم کے کسی جملہ کا آپس کی گفتگو میں کسی سوال کے جواب میں استعمال کرنا بے ادبی ہے اور عظمت قرآنی کے خلاف ہے۔ اسی بنا پر بسم اللہ شریف جو آیت قرآنی ہے اس کو بھی ایسی جگہ ہرگز ہرگز استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ لیکن اگر کسی مسلمان نے کھانا کھانے کے لئے بلانے والے کے جواب میں کہہ یا کہ تم بسم اللہ کرو تو یہ اس کی غلطی ہے۔ مگر اس پر اس کی تکفیر نہیں کیجائے گی اور اس کے قول کی تاویل کر دی جائے گی۔ یعنی حکم بسم اللہ کے موقع اجازت میں کہنے کا ہے۔

شرح فقہ اکبر میں ہے:

قال البدر الراشد او صاحب الفتاوى التسمية سمعت عن بعض الاكابر انه قال موضع الامر للشئي او قال موضع الاجازة بسم الله مثل ان يقول احدا دخل او اقوم او اصعد او اسير او اتقدم فقال موضع المستشار بسم الله يعني به آذنتك فيما استاذنت كفر يعني حيث وضع كلام الله موضع مهانة توجب اهانة و هذا تصوير مسئلة الاجازة واما تصوير مسئلة الامر للشئي فهو ان صاحب الطعام يقول من حضر بسم الله وهذه المسئلة كثير الوقوع في هذا الزمان وتكفيرهم حرج في الاديان والظاهر المتبادر من صنيعهم هذا انهم يتأدبون مع المخاطب حيث لا يشافهونه بالامر يتاركون بهذه الكلمة مع احتمال تعلقه بالفعل المقدارى كل بسم الله فهو دخل باسم الله على ان متعلق البسملة في غالب احوال يكون محذوفا من الافعال فالمقصود انه لا ينبغي

للمفتی ان یعتید علی ظاھر ھذا النقل۔ واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۶۵)

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید اپنے آپ کو پیر کامل کا خلیفہ کہتا ہے نیز اپنی بزرگی اور پارسائی کا مدعی ہوتے ہوئے اپنی ایک مریدہ جو فلم ایکٹرس ہے اور عام طور پر وہ یونہی پیشہ کرتی ہے جو اکثر طوائفیں کیا کرتی ہیں زید اس کا دیا ہوا روپیہ بطور نذرانے کے قبول کرتا ہے۔ تو کیا زید ان روپیوں کو اپنی اور اپنے خاندان والوں کی ضروریات میں صرف کرسکتا ہے؟ اگر ایسا کرسکتا ہے تو کیا اس کی پیری اور بزرگی قائم رہ سکتی ہے؟ اگر رہ سکتی ہے تو اس کی دلیل اور اگر نہیں رہ سکتی ہے تو اس کا خلاصہ قرآن وحدیث کی روشنی میں صاف صاف تحریر کیجئے تاکہ منتشر خیالات سے یکسوئی حاصل ہو۔

(۲) عمر اپنے آپ کو شریعت کا پابند کہتے ہوئے اپنی بزرگی اور پارسائی کا ڈھنڈھورا پیٹتا ہے مگر ساتھ ہی ساتھ دنیاداری میں اس کا عمل یہ ہے کہ اس کی دو بیویاں ہیں، ایک شادی کی، دوسری نکاحی۔ مگر عمر اپنی بیوی سے قطع تعلق کئے ہوئے ہے اور دوسری بیوی کے ساتھ ایک ہی مکان میں ازدواجی زندگی گزارتا ہے۔ نہ تو اس بیوی سے ٹھیک طور پر بات چیت کرتا ہے اور نہ تو اسے اپنے قریب ہی آنے دیتا ہے۔ تو کیا اس کا یہ فعل جائز ہے؟ اگر وہ ایسا کرتا ہے تو کیا اس کی بزرگی اور پیری قائم رہ سکتی ہے؟ اگر وہ حق پر ہے تو اس کی دلیل قرآن وحدیث کی روشنی میں تحریر فرمائیں۔ اور اگر ناحق پر ہے تو شریعت کے قانون میں ایسا کرنے والے کی کیا سزا ہے؟۔ برائے کرم صاف صاف لکھئے بے حد عنایت ہوگی۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) صورت مسئولہ میں اگر اس مریدہ کی ساری آمدنی اسی کسب حرام ہی سے ہے جب تو زید کو اس کا ایک پیسہ بھی قبول کرنا ناجائز وحرام ہے۔ اور اگر اس کی اکثر آمدنی کسب حرام سے ہو جب بھی اس کا نذرانہ قبول نہ کرنا چاہئے۔ ہاں اگر اسے علم یقینی سے یہ معلوم ہو کہ جو رقم نذرانے میں پیش کی ہے وہ از قسم حلال ہے تو اس کا قبول کرلینا جائز ہے۔

فتاوی عالمگیری میں ہے:

"کسب الحرام اھدی الیہ او اضافہ وغالب مالہ حرام لا یقبل ولا یاکل مالم یحسبہ ان ذالک المال اصلہ حلال ورثہ او استقرضہ"

پھر جو کسب حرام ہو اور اس نذرانے کا قبول کرنا ہی ناجائز ہو تو اسے اپنے اوپر اور اپنے اہل وعیال پر صرف نہیں کرسکتا۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

"یا ایھا الذین امنوا لا تاکلوا اموالکم بینکم بالباطل" اے ایمان والو آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ۔

پھر اگر زید ایسے کسب حرام کو جانتے ہوئے اپنے یا اپنے خاندان کے صرف میں لائے تو یہ اس کا فسق ہے جو اس کے تقوے پارسائی اور بزرگی کے منافی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۲) دو بیویوں کے درمیان عدل اور برابری کرنا فرض ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے:

"فان خفتم الا تعدلوا فواحدۃً"

پھر اگر ڈرو کہ دو بیویوں کو برابر نہ رکھ سکو گے تو ایک ہی کرو۔

علامہ احمد جیون تفسیر احمدی میں تحت آیت کریمہ فرماتے ہیں:

"فعلم من ھھنا ان العدل بین الازواج فرض سواء کانت جدیدۃ او قدیمۃ بکرا او ثیباً مسلمۃ و کتابیۃً وذلک العدل فی الکسوۃ والنفقۃ والسکنی والبیتوتۃ معھا لا فی محبۃ القلب لان ذلک غیر مقدور البشر ولا فی الجماع ولا فی حق السفر ملخصاً"

(تفسیر احمدی مطبوعہ دہلی ص ۱۲۸)

یہیں سے معلوم ہوا کہ بیویوں کے درمیان برابری کرنا فرض ہے۔ اب چاہے وہ بیویاں نئی ہوں یا پرانی۔ بغیر شادی شدہ ہوں یا شادی شدہ۔ مسلمان ہوں یا اہل کتاب۔ یہ برابری کپڑے دینے نفقہ اور مکان دینے اور اس کے پاس رہنے میں ہے، نہ کہ دل سے محبت کرنے میں کہ یہ قدرت بشر سے باہر اور نہ جماع کرنے میں اور نہ سفر کرنے میں۔

آیت: "ولن تستطیعوا ان تعدلوا بین النساء ولو حرصتم فلا تمیلوا کل المیل فتذروھا کالمعلقۃ" (سورۂ نساء رکوع ۹)

اورتم سے ہرگز نہ ہوسکے گا کہ عورتوں کو برابر رکھو اور چاہے کتنی ہی حرص کرو تو یہ تو نہ ہو کہ ایک طرف پورا جھک جاؤ کہ دوسری کو ادھر میں لٹکتی چھوڑ دو۔

حدیث: "من کان له امرأتان یمیل الی احدهما جاء یوم القیامة واحد شقیه مائل"
جس کے پاس دو عورتیں ہوں اور وہ ایک کی طرف مائل ہو تو روز قیامت اس حال میں آئے گا کہ اس کی ایک جانب مائل ہوگی۔

ان آیات سے اور حدیث سے ثابت ہوگیا کہ عمر کا اپنی ایک بیوی سے قطع تعلق کرنا یہاں تک کہ اس سے بات چیت نہ کرنا، اسے اپنے قریب نہ آنے دینا اس کا صریح ظلم وجور ہے اور اس کا یہ فعل قرآن حدیث کے احکام کے خلاف ہے اور یہ اس کی پیری اور بزرگی کے منافی ہے۔ اس کی سزا حدیث میں مذکور ہوئی اور بحکم آیت ظالم کی سزا کا مستحق ہے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۷/ ذی الحجہ ۷۳ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۶۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ شریعت محمدیہ نے سجدہ تعظیمی کو بھی جائز قرار دیا ہے کہ نہیں؟ قرآن پاک میں جو سورہ یوسف میں حضرت یوسف علیہ السلام کو ان کے برادران نے سجدہ کیا تھا تو وہ کونسا سجدہ تھا اور کیا یہ آیت منسوخ ہوگئی۔

سائل فتح محمد جمال الدین چتوڑگڑھی

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

سجدہ تعظیمی پہلی امتوں کے لئے جائز تھا جیسا کہ سیدنا آدم علیہ السلام کے لئے فرشتوں کا سجدہ تعظیمی کرنا اور سیدنا یوسف علیہ السلام کے لئے ان کے بھائیوں اور والدین کا سجدہ تعظیمی کرنا لیکن ہماری اس شریعت محمدیہ علی صاحبہا التحیہ میں یہ سجدہ تعظیمی منسوخ وحرام اور بجائے اس کے بغرض تعظیم سلام مقرر فرمادیا گیا۔

تفسیر مدارک التنزیل میں ہے: "الجمهور علی ان المأمور به وضع الوجه علی الارض وکان السجود تحیة لآدم علیه السلام فی صحیح اذ لو کان لله تعالی لماامتنع عنه

ابلیس وکان سجود التحیة جائزا فیما مضی ثم نسخ بقوله علیه السلام لسلمان حین اراد ان یسجدله لا ینبغی لمخلوق ان یسجد لاحد الا الله تعالی"

(از تفسیر مدارک مصری ص ۳۳ ج ۱)

جمہور علماء کا یہ قول ہے کہ جس سجدہ کا حکم دیا گیا تھا وہ زمین پر چہرہ کا رکھ دینا تھا اور صحیح مذہب میں یہ سجدہ آدم علیہ السلام ہی کے لئے تعظیمی تھا۔ کیونکہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہوتا تو شیطان اس سے انکار نہ کرتا۔ اور سجدہ تعظیمی پہلے زمانہ میں جائز تھا پھر وہ اس حدیث سے منسوخ ہوگیا جو حضرت سلمان سے مروی ہے جب انہوں نے حضور کو سجدہ کرنے کا ارادہ کیا تھا تو حضور نے فرمایا کسی مخلوق کو مناسب نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو سجدہ کرے۔

حضرت محی السنۃ علامہ علاء الدین خازن تفسیر خازن میں فرماتے ہیں:

وفی هذا السجود قولان اصحهما انه کان لآدم علی الحقیقة ولم یکن فیه وضع الجبهة علی الارض وانما هو الانحناء وکان سجود تحیة وتعظیم لاسجود عبادة کسجود اخوة یوسف له فی قوله وخروا له سجدا فلما جاء الاسلام ابطل ذلك بالسلام"

(تفسیر خازن مصری ص ۴۱)

اس سجدہ میں دو قول ہیں، ان ہر دو میں صحیح قول یہ ہے کہ حقیقۃً وہ سجدہ حضرت آدم ہی کے لئے تھا، اور اس میں زمین پر پیشانی کا رکھنا نہیں تھا بلکہ صرف جھکنا ہی تھا اور وہ سجدہ تعظیمی تھا سجدہ عبادت نہیں تھا جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے لئے ان کے بھائیوں کا سجدہ کرنا جو اس آیت میں ہے "وخروا له سجدا" اور ان کے لئے سجدہ کرنے جھکے۔ جب اسلام یعنی شریعت محمدیہ آئی تو سلام سے اسے باطل کردیا۔

ان تفاسیر سے ثابت ہوگیا کہ سیدنا آدم علیہ السلام کے لئے جو فرشتوں نے سجدہ کیا اور سیدنا یوسف علیہ السلام کے لئے جو ان کے بھائیوں اور والدین نے سجدہ کیا تو یہ سجدے تعظیمی تھے نہ کہ سجدہ عبادت۔ اور سجدہ تعظیمی پہلی امتوں کے لئے جائز تھا اور جب ہماری شریعت آئی تو یہ سجدہ تعظیمی ہمارے لئے منسوخ اور حرام ہوگیا۔ اور ان آیات کا حکم منسوخ ہوگیا اور ان کے بجائے سلام کو مقرر فرمادیا گیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۱۶ ذوالقعدہ ۱۳۷۱ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۶۷)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ بموقع شادی نوشہ پر تیل اتارنا ۔ مہندی لگانا ، گلے میں طوق پہننا ، باجوں کا بجنا ، عورتوں کا ڈھولک کے ساتھ گیت گانا ، کنگن کا باندھنا ، کپڑے پیلے پہننا ۔ سہرے کا باندھنا ۔ یہ سب باتیں شریعت سے کیسی ہیں؟ ان کاموں کو نہ کیا جائے تو کیا

الجواب

نحمد ونصلی علی رسولہ الکریم

شادی کی یہ تمام رسمیں ناجائز ہیں انہیں ہر ہرگز نہ کیا جائے ۔ ہاں جو سہرا صرف پھولوں کا ہو وہ جائز ودرست ہے اس کو نوشہ کے سر پر باندھ سکتے ہیں: ''کما فصلناہ فی فتاونا الاجملیۃ'' نوشہ جب عاقل بالغ ہو تو وہ رسوم شادی سے تمام خلاف شرع امور کو حسب مقدور روکے ۔ شادی میں اعزہ ۔ پڑوسی ۔ ہم قوم اہل محلہ کو بلائے ۔ ان میں جو روٹھے ہوئے ہوں انکو منائے ۔ حسب استطاعت انکی تواضع اور مدارات کرے ۔ صحیح العقیدہ دیندار قاضی سے نکاح پڑھوائے ۔ وغیرہا امور مستحبہ ۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل ، الفقیر الی اللہ عزوجل ،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول ، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۶۸)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ

زید ایک شخص کے گھر میں جو اس کا کوئی نہیں ہے، بارہ بجے رات کو اس طرح پکڑا گیا کہ اس کے گھر میں ایک بیوہ عورت رہتی ہے، جب رات کو کچھ لوگوں کو شبہ ہوا تو دروازہ پر دستک دی عورت نے دروازہ کھول دیا اور دروازہ پر بیٹھ گئی، جب لوگوں نے پوچھا کہ تمہارے گھر میں کون ہے، اس پر عورت نے جواب دیا کہ کوئی نہیں ہے، لیکن جب دروازہ کھلنے پر ٹارچ جلا کر دیکھا گیا تو چارپائی کے نیچے ایک شخص یعنی زید چھپا ہوا تھا ۔ لہذا ایسی صورت میں زنا ثابت ہوا کہ نہیں؟ کیونکہ بستی والے زید کو مجرم ٹھہراتے ہیں ، اور ایسی حالت میں شریعت کی طرف سے زید کو کیا سزا دینے کا حکم ہے؟۔

بینوا توجروا ۔

الجواب

نحمد ونصلی علی رسولہ الکریم

صورت مسئولہ میں زید کو فقط چارپائی کے نیچے چھپا ہوا دیکھ لینے سے اس پر شرعا زنا ثابت نہیں ہوتا ، لیکن زید کا اس اجنبیہ کے گھر خلوت میں موجود ہونا ہی اس کے مجرم وگنہگار ہونے کو کافی ہے ۔ تو اگر بستی والے اس بنا پر بھی زید کو مجرم ٹھہراتے ہیں اور اس کو زدوکوب کریں یا کم ازکم اس سے ترک سلام وکلام کریں ۔ یا اسکا حقہ پانی بند کردیں تو انہیں حسب مقدور اتنی سزا دینے کا حق حاصل ہے ۔ فتاوی عالمگیری میں ہے: لکل مسلم اقامۃ التعزیر حال مباشرۃ المعصیۃ ۔ فقط واللہ تعالی اعلم بالصواب ۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل ، الفقیر الی اللہ عزوجل ،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول ، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۶۹۔۹۷۰۔۹۷۱۔۹۷۲۔۹۷۳۔۹۷۴۔۹۷۵)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین ان مسائل میں

(۱) عمامہ میں گوٹہ لچکا لگانا جائز ہے یا نہیں؟ اور جو امام گوٹہ لچکا لگاتا ہو اس کے پیچھے نماز بلا کراہت ادا ہوگی یا کراہت کے ساتھ؟۔

(۲) مسجد میں سوال کرنا اور جو شخص سوال کرے اس کو کچھ دینا دلانا شرعا جائز ہے یا نہیں؟۔

(۳) مغرق کام کی ہوئی ٹوپی اوڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ اور جو امام ایسی ٹوپی اوڑھتا ہو اس کے پیچھے نماز بلا کراہت جائز ہوگی یا نہیں؟۔

(۴) افیون ۔ سلفہ ۔ چرس ۔ چنڈا اور دیگر نشے کی چیزیں فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں؟۔

(۶) برتن وغیرہ پر اپنا نام اپنے برتن وغیرہ کی پہچان کیلئے کھدوانا جائز ہے یا نہیں؟۔

(۷) جس رکابی پر ہندی میں لکھا ہو اس میں کھانا کھانا پانی پینا کیسا ہے جائز ہے یا نہیں؟۔

المستفتی اعجاز احمد پیلی بھیتی عفی عنہ ۱۹ رذی الحجہ ۱۳۷۱ھ

الجواب

نحمد ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) عمامہ میں گوٹہ لچکا چار انگل سے زائد لگانا ممنوع ورنہ جائز ہے ۔

درمختار میں ہے:

المنسوج بذهب يحل اذا كان هذا المقدار اربع اصابع و الا لا يحل للرجل ۔

تو جو عمامہ میں گوٹہ چار انگل سے زائد لگا کر نماز پڑھائے گا اس کے پیچھے نماز بکراہت ادا ہوگی اور چار انگل ہو تو نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۲) مسجد میں سوال کرنا حرام ہے اور سائل کو دینا مکروہ ہے۔ درمختار میں ہے: و يحرم فيه السوال و يكره الاعطاء مطلقا ۔ اگر کسی کو کچھ دینا ہو تو مسجد سے باہر نکل کر دیدے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۳) مغرقی کام کی ہوئی ٹوپی پر اگر کام ایسا تھا کہ جس میں وہ کام ہی نظر آئے اور نیچے کا کپڑا نظر نہ آتا ہو اور وہ کام چار انگل سے زائد پر ہو تو ناجائز ہے جس کی عبارت جواب نمبر ا میں منقول ہوئی تو اگر امام ایسی ٹوپی کو پہنکر نماز پڑھائے تو اس کے پیچھے نماز بکراہت ادا ہوگی ورنہ کراہت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۴) افیون، چرس، چنڈو، کوکین، شراب وغیرہ چیزوں کا بیچنا مکروہ تحریمی ہے۔

درمختار میں ہے ان ما قامت المعصية بعينه يكره بيعه تحريما و الا تنزيها ۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۶) پہچان کیلئے برتن پر اپنا نام لکھوا سکتا ہے لیکن وہ عربی فارسی کے حروف میں نہ ہو۔ عالمگیری میں ہے: لان لتلك الحروف الحرمة ۔ ہاں انگریزی یا ہندی میں اپنا نام کندہ کرالے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۷) جس برتن پر ہندی میں کچھ لکھا ہوا سکا استعمال کرنا اور اس میں کھانا پینا ممنوع نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۷۶)

کیا فرماتے علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ

ہمارے یہاں کی رسم ہے کہ جو لوگ چاہے عورت ہو یا مرد۔ دادا دادی۔ دادا اور دادی کے بھائی بہن سے۔ نانا اور نانی کے بھائی بہن سے۔ بیوی کی بھابھی سے۔ اس کے بھائی کی بیوی اس کی بہن

سے۔ شوہر کے بھائی کی بیوی اور اس کی سالی سے۔ اور اس کی سالی کے شوہر سے اس کا سالا۔ اور سالے کی بیوی سے۔ بہن کی نند کا شوہر سے۔ مندرجہ خرافات مذاق کیا کرتے ہیں۔ اکثر بے علم مذاق کی زیادتی میں شادی بیاہ میں مرد مرد ہوں۔ یا عورت عورت۔ یا مرد عورت ہوں۔ دست درازی بھی کرتے ہیں، علاوہ ازیں شادی بیاہ میں ان مذکورہ بالا رشتے کے مذاقی لوگ مرد عورت آیا کرتے ہیں، پردہ وغیرہ کا کوئی خاص انتظام بھی نہیں ہوتا ہے۔ آپس میں مرد عورت کے رونمائی بھی ہوتی ہے، اکثر و بیشتر مرد عورت محرمات یا محرمات غیر محرمات مرد عورت سے بات چیت بھی بغیر حجاب کے کرلیا کرتے ہیں، اور خاص کر ان مذکورہ بالا مذاقی لوگ دولہا دلہن کے ابٹن لگنے کے وقت، ابٹن لیکر مرد مرد سے، عورت عورت سے، اور مرد عورت کے بھی لہولعب کرلیا کرتے ہیں، اس وقت اگر کوئی مردوں یا عورتوں میں سے اپنی عفت کو محفوظ رکھنے کے لئے آڑ بنائیں تو بھی مرد باہر دیگر مردوں سے اور عورت گھر میں گھس کر ان محفوظہ عورتوں سے کھیل کیا کرتے ہیں جس کو جہاں موقع مل جائے، غرضیکہ ان موقوں پر پچیس فیصدی محفوظ رہنے کا تصور لیا جا سکتا ہے، اس جگہ میں جہاں کہ شدت کے ساتھ ان خرافات سے رکاوٹ ہوتی ہے ورنہ اتنا بھی محفوظ رہنا غیر ممکن ہے، اور گیت کا گانا عام طریقہ سے جاری ہے اگرچہ سب کے سب نہیں گاتیں، غرضکہ یہ تسی خرافات ہیں کیا عرض کروں، یہاں مقامی مولوی صاحبان اپنی اپنی بیوی بہن ماں اہل خاندان کو ایسی جگہوں پر بھجا کرتے ہیں، ان حضرات سے اگر دریافت کیا جاتا ہے کہ ایسی خرافات جگہوں میں جاکر کیوں بھیجتے ہو۔ وہ صاحبان جواب دیتے ہیں کہ کسی کی بیوی سے اپنی ماں کے ساتھ نانا نانی کے گھر یا خور رشتہ داروں کے گھر جاتے ہیں تو کیا حرج ہے، چونکہ ماں کے ساتھ رہنے میں کیا خرافات بول سکتی ہے، یا کیا بے پردگی ہوسکتی ہے۔ ماں کے ساتھ جاسکتی ہے کوئی حرج نہیں ہے، حالانکہ ان کی ماں خود ان خرافات مجلس میں چھٹکارہ نہیں ہے، بات سمجھ میں نہیں آتی ہے کہ ایسی جگہوں میں خفتہ راخفتہ کے کند بیدار کیسے ہو سکتا ہے، علاوہ ازیں جو ماں بہن کے بارے میں کہا جاتا ہے تو فرماتے ہیں کہ (الضرورة تدفع فی المحزورات) کہکر نبھا دیتے ہیں، حالانکہ عورتوں کو جو دائی اپنے گھر بلاتے ہیں کسی خانہ داری کے خیال سے نہیں محض تزئین شادی کی نیت ہوتی ہے۔ چہل پہل مقصود ہوتا ہے، اور جو عورتیں جاتی ہیں محض نفس پرستی و جواہراتی سنگار وغیرہ دکھانا مقصود ہوتا ہے۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ ان مذکورہ صورتوں میں عورتوں کو ایسی جگہوں میں جانا یا بھیجنا یا شرکت کروانا از روئے شرع جائز ہے یا نہیں، اور مولوی صاحبان کا قول درست ہے یا نہیں؟۔ اگر مولوی صاحبان کا قول صحیح درست نہیں ہے تو ان کی وجہ

سے جولوگ ایسی بلا میں مبتلا ہو گئے ہیں انہیں کیا کرنا چاہئے؟۔ مدلل کتب میں فقہ اور حوالہ نمبر کتب سے جلد جواب تحریر فرمادیں۔ کیوں کہ یہاں وہاں ان لوگوں میں مبتلا ہے ساتھ ہی ساتھ مہر ڈلوادیں عین نوازش ہوگی مشکور ہونگا تحفظ کرنا آپ لوگوں کا ذمہ ہے۔ فقط والسلام۔ المستفتی محمد قمرالدین

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

یہ رسم قرآن کریم اور حدیث کے بالکل مخالف ہے، اس میں چند ممنوعات شرعی ہیں۔ غیر محارم کے ساتھ اختلاط ہے۔ نہایت بے ہودہ تمسخر و مذاق ہے، شرم ناک دست درازی اور مس ہے، سخت بے ہودگی اور بے حیائی ہے۔ قرآن کریم میں تو اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے:

قل للمؤمنين يغضوا من ابصارهم ويحفظوا فروجهم ـ ذلك ازكى لهم ـ ان الله خبير بما يصنعون ـ وقل للمؤمنات يغضضن من ابصارهن ويحفظن فروجهن ولا يبدين زينتهن الا ما ظهر منها وليضربن بخمرهن على جيوبهن ولا يبدين زينتهن الا لبعولتهن اوآبائهن او آباء بعولتهن او ابنائهن او ابناء بعولتهن او اخوانهن او بني اخوانهن او بني اخواتهن او نسائهن او ما ملكت ايمانهن او التابعين غير اولي الاربة من الرجال او الطفل الذين لم يظهروا على عورات النساء ولا يضربن بارجلهن ليعلم ما يخفين من زينتهن وتوبوا الى الله جميعا ايه المؤمنون لعلكم تفلحون ـ

(ازسورۃ النور ع ۹ ج ۱۸)

مسلمان مردوں کو حکم دو کہ اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں یہ ان کے لئے بہت ستھرا ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ کو ان کے کاموں کی خبر ہے اور مسلمان عورتوں کو حکم دو اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھیں اور اپنی پارسائی کی حفاظت کریں اور اپنی زینت نہ دکھائیں مگر جتنی خود ہی ظاہر ہے اور اپنے دوپٹہ کو اپنے گریبانوں پر ڈالے رہیں اور اپنا سنگار ظاہر نہ کریں مگر اپنے شوہروں پر، یا اپنے باپ، یا شوہروں کے باپ، یا اپنے بیٹے، یا اپنے شوہروں کے بیٹے، یا اپنے بھائی، یا اپنے بھتیجے، یا اپنے بھائی، یا اپنے دین کی عورتیں اور اپنی کنیزیں جو اپنے ہاتھ کی ملک ہوں یا نوکر بشرطیکہ شہوت والے مرد نہ ہوں۔ یا وہ بچے جنہیں عورتوں کی شرم کی چیزوں کی خبر نہیں اور زمین پر زور سے پاؤں نہ رکھیں کہ ان کا چھپا ہوا سنگار جان لیا جائے اور اللہ کی طرف توبہ کرو اے مسلمانو! سب کے سب اس امید پر کہ تم فلاح پاؤ۔

بخاری شریف و مسلم شریف میں حضرت عقبہ بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ایاکم والدخول علی النساء فقال رجل یا رسول اللہ ارأیت الحمو قال الحمو الموت ـ (مشکوۃ شریف ص ۲۶۸)

تم اپنے آپ کو اجنبی عورتوں پر داخل ہونے سے دور رکھو۔ ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں خبر دیجئے دیور کے متعلق۔ فرمایا دیور تو موت ہے۔

مسلم شریف میں حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی انہوں نے فرمایا:

سألت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن نظر الفجاء فامرني ان اصرف بصري" (مشکوۃ شریف ص ۲۶۸)

میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیگانہ عورت پر اچانک نظر پڑنے کے متعلق دریافت کیا تو حضور نے مجھ کو یہ حکم فرمایا کہ میں اپنی نظر فورا پھیر لوں۔

امام بیہقی شعب الایمان میں حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لعن اللہ الناظر والمنظور الیہ (مشکوۃ شریف ص ۲۷۰)

اللہ تعالیٰ غیر کی عورت پر نظر کرنے والوں کو اور ان پر بقصد و رغبت نظر کرنے والوں پر لعنت فرماتا ہے۔

اس آیت کریمہ اور احادیث شریفہ سے ثابت ہو گیا کہ مردوں کا اجنبی عورتوں کے سامنے بے تکلف آنا جانا اور بلا ضرورت شرعی ان کے چہرہ یا کسی حصہ بدن کو بقصد و رغبت دیکھنا، اسی طرح عورتوں کا غیر محارم کو اپنا بناؤ سنگھار ظاہر کرنا اور بلا ضرورت بے پردہ و حجاب ہو کر انہیں اپنے چہرہ یا کسی حصہ کا بدن دکھانا اور بلا حاجت اپنی آواز سنانا شرعا ممنوع وناجائز ہے۔ ہاں عورتیں اپنے شوہر یا اپنے باپ دادا یا شوہر کے باپ یا اپنے بیٹے پوتے یا شوہر کے بیٹے یا اپنے بھائی یا بھتیجے یا بھانجے یا اپنے ماموں چچا یا رضائی باپ دادا کے بھائی یا چچا یا نابالغ نادان بچے یا ایسے صالح بوڑھے جن میں اصلا شہوت باقی نہ رہی ہو وغیرہ محارم کے سامنے آنے جانے اور ان سے کلام کرنے میں حرج نہیں۔ اور جیٹھ دیور کو تو حدیث شریف میں موت فرمایا گیا ہے تو اور غیر محارم رشتہ داروں اور برادری کے لوگوں اور پڑوسیوں اور اجنبیوں کا کیا ذکر۔ پھر ان سے مذاق کرنا ان کے ساتھ کھیل کود کرنا ان سے دست درازی کرنا حرام اور سخت بے

حیائی اور انتہائی بے غیرتی کی بات ہے۔لھذا ایسی خلاف شرع وجاہلانہ رسم کو جلد از جلد بند کیا جائے اور جب تک یہ رسم بند نہ ہو اس وقت تک مسلمان اپنی مستورات کو ایسے مواقع پر ہرگز ہرگز نہ بھیجیں۔اور خاص کر علمائے کرام جو حاملین شرع ہیں وہ اپنے اہل خانہ کو ایسی جگہوں میں بھیجنے میں اجتناب کریں پرہیز کریں۔چونکہ ان کو محظور وممنوع تو وہ بھی جانتے ہیں، اور جس نے نہایت بیبا کی اور دلیری سے یہ کہدیا کہ "الضرورات تدفع فی المحظورات" تو یہ نہ کوئی آیت ہے نہ حدیث نہ قول فقہاء۔تو اس سے استدلال کس بنا پر ہے۔علاوہ بریں یہ جملہ خود مستدل کے بھی خلاف ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ حرام چیزوں میں ضرورتیں ختم کر دیجاتی ہیں یعنی ضرورت کسی حرام کی حرمت کو باطل نہیں کرتی۔تو اس جملہ سے خود مستدلین پر اقبالی ڈگری ہوگئی۔رہا فقہاء کرام کا مشہور قاعدہ "الضرورات تبیح المحظورات" اس میں ضرورت سے مراد ضرورت شرعی ہے تو ان مستدلین سے دریافت کرو کہ اس رسم میں کونسی ضرورت شرعی ہے جس نے محرمات کو حلال کر دیا۔اور اگر اس قول فقہاء سے بھی ایسا غلط استدلال کیا جائے اور اس کو معتبر قرار دیا جائے تو ہر مرتکب حرام محض اپنی طرف سے ضرورت کا عذر پیش کر کے ہر حرام کو حلال ٹھہرائے گا پھر تو کوئی حرام حرام ہی باقی نہ رہے گے۔العیاذ باللہ تعالی۔مولی تعالی ہمیں اور سب مسلمانوں کو اتباع شریعت کی توفیق عطا فرمائے۔

۵/ شعبان المعظم ۱۳۷۳ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۷۷-۹۷۸-۹۷۹)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ

(۱) داڑھی کتنی رکھنا واجب ہے۔زید کا یہ کہنا ہے کہ داڑھی اتنی ہو کہ چالیس قدم سے بال معلوم ہو جائیں خواہ وہ ایک مشت ہو یا اس سے کم، اتنی داڑھی رکھنا واجب ہے ایک مشت واجب نہیں ہے۔نیز عمرو یہ کہتا ہے کہ داڑھی اتنی ہو کہ جلد چمکے جلد معلوم ہو خواہ ایک انگشت ہو اتنی داڑھی رکھنا واجب ہے اس سے زائد واجب نہیں، کیا حکم شرعی ہے؟۔بینوا توجروا۔

(۲) بیوی سے جماع کرنا واجب ہے یا فرض یا سنت۔اگر فرض ہے تو تمام عمر میں کتنے مرتبہ جماع کرنا فرض ہے۔اور اگر واجب ہے تو عمر بھر میں کتنی مرتبہ جماع کرنا واجب ہے۔اور اگر سنت یا مستحب ہے تو ایک ہفتہ میں یا ایک ماہ میں کتنی مرتبہ جماع کرنا سنت یا مستحب ہے۔شوہر جماع نہ کرتا ہو،

بیوی ہم بستر ہونا چاہتی ہے اپنی خواہش شوہر سے ظاہر کرتی ہے تو ایسی صورت میں شوہر کو جماع کرنا فرض ہے یا واجب یا سنت یا مستحب؟۔اگر بیوی ہم بستر ہونے کی خواہش کرتی ہو اور شوہر جماع نہ کرے تو شوہر پر شرعا کیا حکم ہے؟۔تو شوہر گنہگار ہوگا یا نہیں شرعا جو حکم ہو ارشاد کیا جائے۔بینوا توجروا

(۳) حدیث میں ہے کہ شفاعتی لاهل الكبائر من امتي " حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری شفاعت امت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے ہے۔دوسری حدیث شریف میں ہے ارشاد فرماتے ہیں کہ "من ترك سنتي لم ينل شفاعتي" یعنی جس نے میری سنت چھوڑ دی میری شفاعت اس کے لئے نہیں۔

سودریافت طلب امر یہ ہے کہ پہلی حدیث میں شفاعت کبیرہ گناہ کرنے والے کے لئے خاص فرمایا اور دوسری میں فرمایا کہ جو سنت ترک کرتا ہو اس کو میری شفاعت نہیں۔کیا سنت ترک کرنا گناہ کبیرہ نہیں؟۔اگر ہے تو پھر کونسی حدیث صحیح ہے ان میں پہلی حدیث صحیح مانی جائے تو دوسری اس کے خلاف۔اگر دوسری صحیح مانی جائے تو پہلی اس کے خلاف ہوتی ہے۔کیا حکم شرعی ہے۔بینوا توجروا۔

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

(۱) زید عمرو دونوں کے اقوال باطل اور خلاف شرع ہیں۔داڑھی کا یکمشت ہونا سنت ہے۔درمختار میں ہے: "هي والسنة فيها القبضة" اشعۃ اللمعات میں ہے: "اعفاء اللحیۃ وافر گردانیدن ریش ست ومشہور حد یکمشت ست چنانچہ کمتر ازیں نباید۔

ان عبارات سے ظاہر ہو گیا کہ یکمشت سے کم داڑھی رکھنا خلاف سنت اور ناجائز ہے۔زید وعمر کو مسائل شرع میں ایسی جرأت ہرگز نہیں کرنی چاہئے۔واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

(۲) اپنی بیوی سے پہلا جماع کرنا تو فرض ہے اور اس کے بعد کے تو سب سنت ہیں۔فتاوی برہنہ میں ہے: وطی اول فرض است وباقی سنت است۔اور کثرت جماع مضر صحت اور سبب ضعف ہے۔جماع طبیعت کی نشاط پر مبنی ہے اگر نشاط نہ ہو تو شوہر پر کچھ گناہ نہیں۔ہاں ہر ایک دوسرے کی خواہش کا لحاظ رکھے۔واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

(۳) دونوں حدیثیں صحیح ہیں اور ان میں ایک دوسرے کے خلاف نہیں ہے۔پہلی حدیث شریف میں شفاعت عظمی کا بیان ہے جو ہر کبیرہ والے کو عام ہے، تارک سنت بھی ان میں داخل ہے۔اور دوسری

حدیث شریف سے شفاعت خاصہ مراد ہے اور شفاعت خاصہ سے تارک سنت محروم ہے تو دونوں حدیثوں میں نہ تعارض ہے نہ ان کے مضامیں میں کوئی مخالفت۔

ردالمحتار میں حدیث ثانی کے تحت میں فرماتے ہیں: لعله للتنفير عن الترك او شفاعة الخاصة بزيادة الدرجات اما الشفاعة العظمى فعامة لجمع الخلائق ۔

(ص۴۳۷ ج۱) واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۸۰_۹۸۱)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ

(۱) مروجہ تعزیہ داری جائز ہے یا ناجائز۔ اگر کربلائے معلی کا صحیح نقشہ بنا کر ایام محرم میں رکھا جائے۔ تو ایسا تعزیہ دیکھنا روا ہے یا نہیں؟۔ وہ علماء جو مسئلہ تعزیہ داری میں خاموش ہیں، وہ راہ حق پر ہیں یا نہیں؟۔ از راہ کرم جواب جلد از جلد مرحمت فرمائیں۔

(۲) جس شخص نے عالم دین کو برا کہا جاہل بتایا یا اسکی شان میں سب کے سامنے دینی مسئلہ کا انکار کرتے ہوئے گستاخی کی اور یہ کہا کہ نماز روزہ کو اسلام نہیں کہتے ہیں اور جتنے آجکل ہندوستان کے عالم ہیں، ان میں کوئی اسلام والا نہیں ہے۔ وہ شخص از روئے شرع شریف کیسا ہے؟ مسلمانوں کو اس کے ساتھ کیا معاملہ برتاؤ کرنا چاہیے؟۔ المستفتی ،۔ سخاوت حسین۔

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

(۱) صرف کربلائے معلی کا صحیح نقشہ بنالینا اور اس کا مکان میں لگانا یا رکھنا جائز ہے۔ لیکن عرف ورواج میں جس کا نام تعزیہ داری ہے، وہ بکثرت ممنوعات شرعی پر مشتمل ہے، تو ایسی تعزیہ داری ناجائز ہے۔ علماء اہلسنت نے ہمیشہ سے مروجہ تعزیہ داری کے ناجائز ہونے ہی کا حکم دیا ہے اور اظہار حق میں کبھی خاموشی اختیار نہیں کی ہے۔ مولی تعالی ہمیں اور آپ کو شرع پر عمل کرنے کی توفیق دے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

(۲) سنی عالم حقانی کو بلا کسی شرعی وجہ کے برا کہنا، یا اسکی شان میں گستاخی کرنا یا اسے جاہل بتانا

ممنوع وناجائز ہے۔ اور کسی دینی مسئلہ کا بغیر کسی دلیل شرعی کے انکار کرنا اور نماز روزہ کے لئے ایسا لفظ کہنا سخت بات ہے جس سے اس شخص پر توبہ لازم وضروری ہے، اور جب تک وہ توبہ نہ کرے مسلمان اس سے معاملات میں بالکل اجتناب اور پرہیز کریں۔ فقط واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۸۲_۹۸۳_۹۸۴)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین بابت اس مسئلہ کے کہ

(۱) ایسے لوگوں کے ساتھ تعلق رکھتا ہو جن لوگوں نے اپنی کتاب میں یہ شعر تحریر کیا ہو۔

جب مسیحا دشمن جان ہو تو ہو کیونکر
کون رہبر بن سکے جب خضر بہکانے لگے

کیا شعر مذکور میں حضرت مسیح وخضر علیہم السلام کی شان میں گستاخی نہیں کیجا رہی ہے؟ کیا نبیوں کی شان میں ایسی گستاخی کرنیوالا خارج از اسلام نہیں ہوتا؟ اگر ہو جاتا ہے تو ایسے لوگوں کے ساتھ دینے والے کی امامت جائز ہے یا نہیں؟ اس کو امام بنایا جاسکتا ہے یا نہیں؟

(۲) شعر مذکور بالا تحریر کرنے والوں کی بابت بھی مفصل طور سے حکم صادر فرمایا جائے کہ وہ لوگ مسلمان رہتے ہیں یا نہیں اور ایسے لوگوں سے ربط وضبط سلام وکلام رکھنے کا کیا حکم ہے؟

(۳) اور جو لوگ غیر مقلد بددین مولوی کی تقریر منعقد کراتے ہوں اور ان کو اپنے یہاں بلواتے ہوں اور تعلقات رکھتے ہوں ایسے لوگوں کے ساتھ سنی مسلمان کو کیسا تعلق رکھنا چاہیے؟ از روئے شرع شریف حکم صادر فرمایا جائے۔ فقط امید کہ جواب جلد از جلد مرحمت فرمائیں گے۔

المستفتی محمد عابد قریشی منڈی مدار ٹکری جبل پور ۱۲ راگست ۵۴ء

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

(۱۔۲) شعر مذکور میں حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کی شان میں ضرور سوء ادبی ہے مگر نہ اس قدر کہ شاعر پر حکم کفر دیدیا جائے۔ تو ایسے شاعر بیباک سے تعلقات کا نہ رکھنا ہی بہتر ہے مگر نہ اس حد تک کہ تعلق رکھنے والے کی امامت ناجائز ہوجائے

(۳) جو لوگ غیر مقلدین سے تعلقات رکھتے ہوں، ان کے مولویوں کو دعوت دیکر بلاتے ہوں

،ان کی تقریر کراتے ہوں تو انہوں نے گمراہوں کی توقیر کی۔ان سے میل جول کو روا رکھا۔لہذا ایسے
لوگوں سے سنی مسلمانوں کو تعلق نہ رکھنا چاہئے۔

حدیث شریف میں ہے:ایا کم و ایا ھم لا یضلو نکم و لا یفتنو نکم ۔ واللہ تعالیٰ
اعلم بالصواب۔ ۲۶ر ذی الحجہ ۱۳۷۳ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۸۵۔۹۸۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین دامت برکاتہ العالیہ مسائل حسب ذیل میں

(۱) موجودہ زمانے میں بعض بیاہ شادی اور عقیقہ میں لاؤڈ اسپیکر لگاتے ہیں اور اس پر رکاڈ اور دیگر
مزامیر کے ساتھ گانا کراتے ہیں، لہذا ایسی جگہ تقریب وغیرہ میں شرکت دینا کھانا کھانا نیز فاتحہ پڑھنے
کیلئے بلائے تو فاتحہ پڑھنے جانا شرعا جائز ہے کیا نہیں۔ اگر عوام شریک ہوں کھانا کھائیں فاتحہ پڑھنے
جائیں تب کیا حکم ہے۔عوام اور متقی اور پرہیزگار اور عالم و مفتی کے لئے ایک حکم ہے یا جدا جدا۔اگر کوئی
شخص جو عالم و مفتی یا متقی پرہیزگار ہو اور وہ جس وقت شریک ہو یا کھانا کھانے جائے یا فاتحہ پڑھنے جائے
تو اتنی دیر کو جتنے وقت پر یعنی جتنے دیر تک جتنے وقت تک وہ وہاں رہے لاؤڈ اسپیکر پر ہر مزامیری گانا بند
رہے اس کے جانے پر بند کر دیا جائے واپس آئے پر مزامیری کا نا لاؤڈ اسپیکر پر شروع کیا جائے۔
تو اس صورت میں ایسی جگہ کسی عالم و مفتی و متقی پرہیزگار کو جانا شرکت دینا اور کھانا کھانا یا فاتحہ
پڑھنے جانا جب کہ اس کے جانے پر اس کی موجودگی تک مزامیری گانا بند رہے ہاں اس کے واپس آنے پر
شروع کیا جائے کیسا ہے جائز ہے یا نہیں؟ شرعا حکم ہے۔بینوا توجروا۔

(۲) زید جو قریب مسجد رہتا ہے وہ نماز عشاء دوسری مسجد میں جو اسکے گھر سے کچھ فاصلہ پر اور
دوسرے محلہ میں ہے جاتا ہے اس سے جب کہا کہ تم قریب محلہ کی مسجد چھوڑ کر دوسری مسجد میں کیوں
جاتے ہو اس پر زید نے کہا ہم کو یہاں جماعت نہیں ملتی ہے اس لئے جاتا ہوں، اس پر زید نے کہا کہ
یہاں اور وہاں دونوں مسجدوں میں ایک ہی وقت پر جماعت ہوتی ہے بلکہ اس مسجد میں یہاں سے بھی
پہلے ہو جاتی ہے۔ پر زید نے کہا کہ بعد نماز عشاء وہاں مولوی صاحب قریب نصف گھنٹہ تفسیر قرآن
شریف ہیں میں تفسیر سنتا ہوں اسلئے وہاں جا کر نماز پڑھتا ہوں اس پر اس نے کہا نماز پڑھنے کے بعد وہاں

جا کر تفسیر سن سکتے ہو۔لہذا زید نے جواب دیا کہ یہاں سے پھر جانا دشوار ہے دریافت طلب امر یہ ہے کہ
زید پر شرعا کیا حکم ہے۔کہ وہ قریب محلے کی مسجد چھوڑ کر صرف نماز عشاء دوسری مسجد میں پڑھتا ہے اس
کے ثواب میں کچھ کمی تو نہیں ہوگی اور تفسیر کے سننے کا ثواب اس صورت میں اس کو ملے گا یا نہیں۔
بینوا توجروا۔ المستفتی حقیر محمد عمر ابن قادری رضوی مصطفی ٹولہ محلہ منیر خان پیلی بھیت۔
۱۶۔ذی الحجہ ۱۳۷۳ھ

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

(۱) شادی، ولیمہ، عقیقہ میں رکاڈ کا مزامیر گانا اور اسمیں لاؤڈ اسپیکر لگا دینا ناجائز وحرام ہے، ان
میں شریک کرنا اور دعوت کھانے کیلئے جانا ممنوع ہے اور اگر وہاں کے گانے اور لہو لعب کا پہلے ہی سے علم
ہے تو انکی دعوتوں میں نہ جائے ۔ نہ شرکت کرے نہ کھانا کھائے نہ فاتحہ کیلئے جائے۔اور اسمیں متقی و مفتی
اور عوام سب کیلئے ایک حکم ممانعت ہے درمختار میں ہے۔

وان علم اولا باللعب لایحضر اصلا سواء کان ممن یقتدی بہ اولا۔

ہاں اگر کسی متقی یا مفتی کی موجودگی کے وقت وہ گانا بند کر دیا جائے اور انکی روانگی کے بعد پھر
شروع کر دیا جائے تو نہیں اجازت ہے۔فتاوی عالمگیری میں ہے۔ان علم المقتدی بہ بذالک قبل
الدخول وھو محترم یعلم انہ لو دخل بتر کون ذالک فعلیہ ان یدخل۔

اور اگر انہیں اس کا بھی پہلے ہی سے علم ہو کہ وہ ایسا کرینگے۔تو متقی و مفتی کیلئے وہاں نہ جانا ہی اولی
اور بہتر ہے۔واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

(۲) زید جب صرف نماز عشاء میں اپنے قریب کی مسجد کو چھوڑ کر دور کی مسجد میں صرف اس غرض
کیلئے نماز پڑھنے جاتا ہے کہ وہاں بعد نماز عشا تفسیر قرآن کریم ہوتی ہے اور یہ زید اپنی قریب والی مسجد
کے ان لوگوں میں سے نہیں ہے جن پر جماعت کا قیام یا کثرت موقوف ہو تو زید کیلئے اس غرض خاص کی بنا
پر دور والی مسجد میں نماز پڑھنے میں ثواب کی کمی نہ ہونی چاہئے اور تفسیر سننے کا ثواب اس کو انشاء اللہ تعالی
کامل ملیگا۔واللہ تعالی اعلم بالصواب ۱۴ر صفر المظفر ۱۳۷۳ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ
(۹۸۷)

حاجی الحرمین الشریفین قبلہ وکعبہ جناب مولانا مفتی شرع متین محمد اجمل شاہ صاحب دام ظلکم۔

گزارش خدمت والا میں کم ترین کی یہ ہے کہ کیا فرماتے ہیں اس مسئلہ میں علماء سنت والجماعت یعنی ایک مسلمان سے ہندو روپیہ مانگتا تھا، جب اس مسلمان نے اسکے روپیہ ادانہیں کیے تو اس نے عدالت مین دعوی کردیا۔ جب اس مسلمان کو معلوم ہوا تو اپنا مکان ایک دوسرے مسلمان کو بیچ کردیا، اور اسکی رجسٹری بالا بالا کرالی، اس رجسٹری میں دو مسلمانوں کی سائین کرالی گئی تھی۔ اب اس مقدمہ کی کاروائی عدالت میں جاری ہوکر جھوٹے سائین کی تھی اسکے نام سمن سرکار کی طرف سے نکل گئے اور پیشی گواہوں کی مقرر ہوگئی، اب جس نے مکان بیچا ہے وہ کہتا ہے کہ تم اپنے بیانوں میں یہ کہدینا کہ روپے ہمارے سامنے دیدئے، گوکہ روپیہ گواہوں کے روبرنہیں دیئے اور اس نے یہ بھی ظاہر کیا کہ اگر تم میرے کہنے کے موافق شہادت دیدو تو دوسو روپیہ میں مسجد میں اپنی خوشی سے دیدونگا، ان گواہوں میں ایک مسجد کا پیش امام بھی ہے، یہ بات دیگر مسلمانوں نے جب سنی تو چند آدمی یوں کہتے ہیں اگر اس طرح پیش امام نے جھوٹی گواہی دیدی تو اسکے پیچھے نماز جائز نہیں ہوگی اور ایسے رشوت کہ روپیہ مسجد میں کسی ضرورت میں لگانا جائز نہیں۔ اسلئے آپکی خدمت میں یہ عریضہ پیش ہے اسکا جواب شرع شریف کی رو سے جلدی عنایت فرماکر مشکور فرمادیں، جواب کے لئے لفافہ ہذا میں ٹکٹ رکھدئے ہیں۔ فقط

المکلف کمترین عباس علی عرف شوکت

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

اگر امام مذکور نے جھوٹی گواہی دی تھی تو وہ فاسق ہوگیا۔ اور فاسق کے پیچھے نماز مکروہ ہوتی ہے۔ جسکا اعادہ واجب ہے ردالمحتار میں ہے: کل صلوۃ ادیت مع کراھۃ تجب اعادتھا۔

اور مسجد میں رشوت کا ناپاک مال لگانا مکروہ ہے۔ اما لو انفق ذلك ما لا خبيثا وما لا سببه الخبيث والطيب فيكره لا ن الله تعالى لا يقبل الا الطيب فيكره تلو يث بيته بما لا يقبله ۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب ۔ ۱؍ربیع الاول ۷۷ھ۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ
(۹۸۸_۹۸۹_۹۹۰)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ امام حسین عالی مقام کی یادگار کے سلسلہ میں جو عزاداری ہندوستان یا دیگر مقامات پر ہوتی ہے اسکی کیا اصلیت ہے اور اسکی بابت کیا جواز ہے اور رسم جواز عزاداری میں کن کن احکامات کے ذریعہ استدلال کرتے ہیں برائے مہربانی یہ عبارت احادیث یا نص قطعی بہرحال مدلل طریقہ پر کل سوالوں کا جواب تحریر فرمایئے۔ ایک یہ سوال عرض کیا اور ذیل میں مندرج ہیں۔

(۲) کیا تعزیہ ہر سال دفن کرنا جائز ہے اگر ہے تو کہاں سے ثبوت ہے؟۔

(۳) بروقت ادا کرنے رسم عزاداری امام عالی مقام ننگے سر ہونا، منہ پیٹنا، سیاہ پوش ہونا، میلا اور بوسیدہ لباس زیب تن کرنا کہانتک درست ہے؟۔ اور سات تاریخ محرم الحرام کو حضرت عباس علمدار کا علم نکالنا، اسکے ہمراہ ننگے پیر پھرنا، نوحہ کرنا اور اقسام اقسام کے مرثیے پڑھنا کیسا ہے؟ نیز ڈھول اور تاشہ وغیرہ بجانا، یا تعزیہ کو سجدہ تعظیمی کرنا، تعزیہ کے سامنے جاکر دلی مرادیں طلب کرنا، عورتوں کو اس کی زیارت کرنا جیسا کہ آج کل عموما طریقہ ہوتا ہے جناب کے نزدیک کیا حکم رکھتا ہے؟ مزار اور قبر پر سجدہ تعظیمی کرنا یا بوسہ دینا کہاں تک جائز ہے؟۔

اگر یہ فعل کسی امام یا مولوی سے وقوع میں آتے ہیں یا وہ اسکی تاکید کرتا ہے تو اس کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں اور اس کے ہاتھ پر بیعت جائز ہے یا نہیں؟۔ گوکہ جناب نے بعض جگہ فرمایا بھی ہے اور ارشاد فرمانے کے بعد اکثر تنبیہ فرماتے رہے ہیں مگر ثبوت تحریری درکار ہے اسلئے تحریری جواب معہ حوالہ کتب معتبرہ فرمایا جائے۔ ۶؍ربیع الآخر ۷۷ھ

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

تعزیہ کی نقل چونکہ غیر جاندار کی تصویر ہے۔ لھذا اس کا بہ نیت تبرک مکان مین رکھنا شرعا جائز ہے لیکن عوام نے اس کے سلسلہ میں تعزیہ داری میں اس اصل جواز کو محو کرکے بہت سی خرافات تراش لیں کہ اب نہ تو روضہ شریف کی صحیح نقل ہی کا نام ہے، پھر مزید براں کسی میں پریاں کسی میں براق کی تصویریں اپنے دل سے گڑھکر اور اضافہ کردی گئیں۔ نہ اس میں بہ نیت تبرک مکان میں رکھنا ہی باقی رہا بلکہ اسکو

کوچہ بکوچہ گشت کرانا۔ اور اس کے ساتھ باجے تاشے ڈھول کا بجانا، طرح طرح کے کھیل تماشے کرنا۔ علم
نکالنا۔ مہندی چڑھانا۔ اظہار غم کرنا۔ ننگے سر ہونا۔ روافض کے مرثیے پڑھنا۔ نوحہ گانا۔ سینہ زنی اور ماتم
کرنا۔ سیاہ پوش ہونا۔ بوسیدہ لباس پہننا۔ ننگے پیر پھرنا۔ اس تعزیہ کو جھک کر سلام کرنا۔ سجدہ تعظیمی کرنا۔
اس سے مراد مانگنا۔ اس کو حاجت روا جاننا۔ عورتوں کو اس کی زیارت کو آنا۔ مردوں اور عورتوں کا خلط ہونا۔
لنگر لٹانا۔ روٹیوں کا اوپر سے پھینکنا۔ یہاں تک کہ اس کے لئے ہر آبادی اور ہر شہر کے قریب ایک کربلا
گڑھکر اس مین تعزیہ کو توڑ تاڑ کر دفن کر دینا وغیرہ خرافات و رسوم سب نا جائز و حرام ہیں اور قرآن و
احادیث کے خلاف ہیں۔

ہاں عشرہ میں حضرات شہدائے کربلا کے لئے سبیلیں کرنا مٹھائی۔ کھانے کھلانا یا تقسیم کرنا بلا شک
جائز اور فعل ثواب ہے، اور فضائل حضرات حسنین کریمین رضوان اللہ علیہم اجمعین اور ذکر واقعات
شہادت کی محلفیں کرنا اور بروایات صحیحہ یا لنظم میں یا نثر میں واقعات شہادت پڑھنا یا پڑھوانا بھی جائز ہے
اور امر مستحسن ہے۔ اس کی تفصیل ہمارے فتاوی مین مع جوابات کے موجود ہے، اور اس امام یا مولوی کا
ایسے نا جائز امور کو خود کرنا گناہ عظیم اور بڑی جرات ہے، اور دوسروں کو ان نا جائز امور کے کرنے کی تاکید
کرنا اور سخت دلیری ہے، اور اسکے فسق و فجور کی بین دلیل ہے۔ لھذا ایسے شخص کی اقتدا میں نماز نہ پڑھی
جائے نہ اس کے ہاتھ پر بیعت کرنی چاہئے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔ ۸ ربیع الاخر ۱۳۷۴ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ

(۹۹۱_۹۹۲_۹۹۳_۹۹۴_۹۹۵)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

(۱) یہ کہ سردار قوم کے مرجانے کے بعد نیا سردار جو صوم وصلوۃ کا پابند نہ ہو اس کو بالمقابل ایسے
لوگوں کے جو قوم میں پڑھے لکھے صوم صلوۃ کے پابند احکام شرعیہ کے ضروریات مسائل سے واقف ہیں
سردار بنانا جائز یا نہیں؟۔

(۲) کوئی حاملہ عورت خاوند والی کسی غیر مرد کو جس کے بال بچے بیوی موجود ہوں اپنے خاوند کا
نام لئے بغیر دوسرے مرد کا حمل بتلائے تو بغیر ثبوت شرعی کے اس کا کہنا جائز ہے یا نا جائز؟۔

(۳) یہ کہ کوئی حاملہ عورت و اسکا مرد جس غیر مرد کا یہ نام لیتی ہے یہ تینوں کوئی پنچایت کراویں اور

یہ تینوں کسی پنچایت میں کہیں کہ اس حاملہ عورت نے اس غیر مرد کا حمل بتلایا ہے تو کیا پنچوں کو اور سردار کو یہ
بات گواہوں کی بات مان کر غیر مرد کے خلاف منصوبہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟۔

(۴) یہ کہ پنچایت حمل کی بابت ہو اس کے سزا میں مبادی زمانہ کے بابت کراتے جاوے کہ
فلاں عورت سے فلاں شخص نے زنا کیا ہے اس شخص سے سب لوگ موالات سلام وکلام کھانا پینا لین دین
موت مٹی بند کر دیں، کیونکہ اس کو پنچوں نے بند کر دیا ہے ایسے اشخاص کے ذریعہ خاص کرنا جائز ہے یا نا
جائز؟

(۵) یہ کہ جس قوم میں دوسو آدمی ہوں اور پچاس آدمی کوئی نا جائز فیصلہ کرلیں تو کیا ان دوسو
آدمیوں کو فیصلے ماننا چاہئے یا نا ماننا چاہئے؟۔

خدا اور سول کے موافق کیا حکم ہے۔ احقر حافظ محمد منور جبل پوری محلہ ڈھاک گرملوئی گنج

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

(۱) جو شخص صوم وصلوۃ کا پابند نہ ہو وہ فاسق ہے۔

اور ہدایہ میں ہے: الفا سق من اھل الا ھا نۃ ۔

یعنی فاسق اہل اہانت ہے۔ بلکہ لوگوں کو فاسق کی اہانت واجب ہے۔

درمختار میں ہے: و جب علیھم اھا نۃ الفا سق شر عا ۔

اور ظاہر ہے کہ اس کے سردار بنانے میں فاسق کا اکرام ہوتا ہے تو فاسق کا سردار بنانا مکروہ ہوا
اور جب وہ ناخواندہ بھی ہو تو اور زیادہ غلط ہے اور جان بوجھ کر جب قوم میں سردار بنانے کیلئے خواندہ پابند
شرع شخص موجود ہو تو اس کے مقابلہ میں ایسے ناخواندہ فاسق کو سردار بنانا مکروہ ہوا۔ اور عرفا سخت ناعاقبت
اندیشی ہے۔

(۲) اس حاملہ عورت کا جب شوہر بھی ہے تو وہ حمل اسی شوہر ہی سے ہے جب تک کہ وہ شوہر اس
کا انکار نہ کرے اور وقت نکاح سے چھ ماہ سے دوسال تک جو بچہ پیدا ہوگا وہ اسی شوہر کا ہی ہوگا۔

حدیث شریف میں ہے: الو لد للفرا ش و للعا ھر الحجر ۔

تو صرف عورت کا قول نہ بچہ کو غیر صحیح النسب ثابت کرسکتا ہے نہ اس سے دوسرے پر الزام شرعی قا
ئم ہوسکتا ہے۔

(۳) جو گواہ پابند صوم وصلوۃ نہ ہونے کی بنا پر فاسق ہوں ان کی شہادت غیر مقبول ہے۔

ہدایہ میں ہے: و تشترط العدالة لان قول الفاسق فی الدیانات غیر مقبول۔

تو ایسی غیر مقبول شہادتوں پر پنچوں یا سرداروں کو فیصلہ کرنا ممنوع ہے۔

(۴) ناجائز فیصلہ اگر ساری قوم بھی کردے تو ایسا ناجائز فیصلہ ہرگز ماننے کے قابل نہیں۔

حدیث شریف میں ہے: لا طاعة لاحد فی معصية الله انما الطاعة فی المعروف۔

یعنی خدا کی معصیت میں کسی کی اطاعت نہیں کہ اطاعت تو صرف نیکی میں ہوتی ہے۔

(۵) جو لوگ ناجائز فیصلہ کریں یا کرائیں یا اسکو مانیں ان سب کو توبہ واستغفار کرنا ضروری ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ یکم جمادی الاخرٰی ۱۳۷۴ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۹۹۹_۹۹۸_۹۹۷_۹۹۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین ان مسائل میں کہ

(۱) آج کل بیاہ شادی کے موقعوں پر جو باجہ اور ناچ وغیرہ بلائے جاتے ہیں اور رقص وسرور کی محفلیں کی جاتی ہیں آیا یہ شرعاً کہاں تک درست ہے؟ مفصل جواب مرحمت فرمائیں۔

(۲) شیخ نقارچی جو گانے بجانے کا کام کرتے ہیں ان کو بیعت کرنا ان سے مراسم رکھنا نذرانہ وغیرہ لینا جائز ہے یا نہیں؟۔

(۳) مزارات پر جو قوالی یا ناچ ہوتے ہیں وہ کسی حیثیت سے جائز ہیں یا نہیں؟۔

(۴) جن لوگوں کے یہاں شادی میں ناچ یا گانا یا باجہ ہوتا ہے ان کے یہاں کھانا کھانا درست ہے یا نہیں؟ جوابات مع عبارات نقل فرمائیں۔

المستفتی: سید لئیق احمد محلہ جگت سنبھل۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) باجہ، ناچ، گانا، ناجائز وحرام ہیں۔ قرآن کریم میں ہے:

واستفزز من استطعت منهم بصوتك۔

تفسیر مدارک التنزیل میں زیر آیت کریمہ ہے: بالوسوسة او بالغناء او بالمزمار۔

تفسیر احکام القرآن میں ہے: روی عن مجاهد انه الغناء و اللهو۔

انکا خلاصہ مضمون یہ ہے کہ حرکت دے ان میں سے اے شیطان جس پر قدرت پائے اپنی آواز سے وسوسہ کے ساتھ، یا گانے کے ساتھ، یا مزامیر کے ساتھ۔ تو گانے بجانے کو اللہ تعالیٰ نے شیطانی آواز قرار دیا۔

حدیث شریف میں ہے: نهى عن الغناء والاستماع الى الغناء۔ رواه الطبرانی فی الكبير و الخطيب عن ابن عمر رضی الله عنهما۔

حدیث: نهى عن ضرب الدف و لعب الصنج و ضرب المزمار۔ رواه الخطيب عن علی رضی الله تعالیٰ عنه۔

حدیث: قال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم التغنى حرام۔ رواه التفسير الاحمدی و غيره۔

ان احادیث کا خلاصہ مضمون یہ ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گانے کے سننے سے منع فرمایا، اور دف بجانے اور چنگ سے کھیلنے اور مزامیر بجانے کو منع فرمایا۔ اور حضور نے فرمایا کہ گا حرام ہے تو گانے بجانے کی حرمت احادیث سے بھی ثابت ہے اور فقہ کی مشہور کتاب درمختار میں ہے:

و الاطلاق شامل لنفس الفعل و استماعه كالرقص والسخرية والتصفيق وضرب الاوتار من الطنبور والبربط والرباب والقانون والمزمار والصنج والبوق فانها مكروه (تحريمة) و انها زی الكفار و استماع ضرب الدف و المزمار و غير ذلك حرام۔

یعنی اور لہو کا اطلاق فعل کے کرنے اور سننے دونوں کو شامل ہے۔ جیسے ناچنا، مذاق کرنا، تالی بجا ساز کے تار بجانا، طنبور، عود، رباب، قانون، مزامیر، چنگ بوق، ہے کہ یہ مکروہ تحریمی ہیں اور بے شک کفار کی عادت وعلامت ہے اور دف اور مزامیر وغیرہ باجوں کا سننا حرام ہے۔

تفسیر احمدی میں ہے:

اما ما رسمه اهل زماننا من انهم يهيئون المجالس و يرتكبون فيها بالشراب والفواحش ويجتمعون الفساق و الاراذل و يطلبون المغنين و الطوائف و يسمعو منهم الغناء و يتلذذون بها كثيرا من الهواء النفسانية و الخرافات الشيطانية

یحمدون علی المغنین باعطاء النعم العظیم و یشکرون علیھم بالاحسان العمیم فلا شك ان ذلك ذنب کبیر و استحلاله کفر قطعا یقینا ۔ (تفسیر احمدی ص ۳۳۵)

لیکن وہ جو ہمارے زمانے کی رسم ہے کہ وہ مجلس منعقد کرتے ہیں اور ان میں شراب پیتے ہیں اور بے حیائیوں کا اظہار کرتے ہیں اور فاسقوں اور امردوں کو جمع کرتے ہیں اور گانے والوں اور طوائف کو بلاتے اور لاتے اور گانے سنتے ہیں، اور اس سے ہوائے نفسانی اور خرافات شیطانی سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور ان لوگوں کو یہ بڑے انعام دیکر تعریف کرتے ہیں اور ان کے عام احسان پر شکر گزار ہوتے ہیں تو اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ امور کبیرہ گناہ ہیں اور انکا حلال کرنا قطعا یقینا کفر ہے۔

اس آیت کریمہ اور احادیث شریفہ اور تفاسیر وفقہ سے ثابت ہو گیا کہ جو باجے وناچ وغیرہ رقص و سرور کی محفلیں کیجاتی ہیں یہ شرعا حرام وناجائز ہیں۔ اب چاہے بیاہ وشادی میں ہوں یا عقیقہ وختنہ میں اور انکا حلال کہنے والا اپنا حکم اس میں دیکھ کر تائب ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۲) جن کی آمدنی صرف گانے بجانے ہی کی ہو ان سے بوقت بیعت توبہ آئندہ کیلئے اس فعل حرام کے نہ کرنے کا عہد لینا چاہئے پھر باجود اس کے بھی وہ ہی کسب کرے تو وہ فاسق ہے۔ اور اس کے ساتھ شرعا فساق کے معاملات کے احکام ہیں وہی کیے جائیں اور اس کی آمدنی سے نذرانہ لینا جائز نہیں۔ کہ وہ کسب حرام ہے۔

ردالمحتار میں ہے: کسب المغنیة کالمغصوب لم یحل اخذہ ۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۳) مزارات پر ناچ یا عام طور پر جو قوالی ہوتی ہے وہ ناجائز ہے۔

ردالمحتار میں ہے: والحاصل انه لا رخصة فی السماع فی زماننا ۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۴) اگر بوقت کھانے کے اس مکان میں ناچ گانا ہو رہا ہو تو کھانا کھانے کیلئے نہ جائے۔

ردالمحتار میں ہے: والامتناع اسلم فی زماننا لا اذا علم یقینا ان لا بدعة و لا معصیة ۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ یکم شعبان المعظم ۱۳۷۴ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۰۰)

سوال کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک آدمی کو مرض برص یعنی جزام ہے اور وہ بستی کے اندر رہتا ہے سارے گھربار کے ساتھ کھاتا پیتا ہے، گاؤں کے لوگوں نے بہت کوشش کی اور اس گھر کا حقہ پانی بھی بند کیا مگر کچھ نتیجہ نہ نکلا۔ اس آدمی کے لئے شرعی حکم کیا ہے؟۔ آیا اس کو بستی میں رہنے دیا جائے یا نہیں؟۔ جواب واضح طریقہ پر فرمایا جائے۔ فقط والسلام عبدالمجید

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسوله الکریم

جزام منجملہ اور بیماریوں کے ایک بیماری ہے۔ تو جزام سے عوام جتنا پرہیز کرتے ہیں تو اس قدر پرہیز کرنا کوئی شرعی حکم نہیں، نہ شریعت اس کو بستی سے نکال دینے کا حکم دیتی ہے۔ متوکلین صاحبان صدق ویقین اس سے اجتناب وپرہیز نہیں کرتے تو اگر اس کے گھر والے اس کے ساتھ کھاتے پیتے ہیں تو وہ شرعا اس بنا پر مجرم نہیں ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے وارد ہے کہ آپ نے جزامی کو اپنے ساتھ کھلایا۔

حدیث شریف یہ ہے جو ابن ماجہ شریف میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے:

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اخذ بید مجزوم فوضعها معه فی القصعة وقال کل ثقة باللہ و توکلا علیه ۔ (مشکوۃ شریف ص ۳۹۴)

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جزامی کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ کھانے کے پیالے میں رکھدیا اور حکم دیا کہ تو کھالے میں تو اپنے خدا پر اعتماد اور توکل کرتا ہوں۔

لہذا لوگوں کو اس کے گھر والوں کو محض اس بنا پر شکایت کرنا خود اپنے مذہب سے ناوقف ہونے کی دلیل اور ان کے حقہ پانی بند کرنا مزید اپنی جہالت کا ثبوت پیش کرنا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
۳ رشعبان المعظم ۱۳۷۴ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۰۱)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسائل ذیل میں کہ

ہمارے ضلع پورنیہ میں سیپ کا چونے سے عام وخاص لوگ پان کا استعمال رکھتے ہیں۔ پتھر کا چونا سوائے شہروں کے دیہاتوں میں بہت ہی کم حاصل ہوتا ہے، اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ بریلوی مقیم بانس بریلی اپنی تصانیف میں سیپ کے چونے کو مکروہ تحریمی فرماتے ہیں، یہاں کے باشندے بڑی حیرت میں ہیں کہ ہم پان کے استعمال کرنے والوں کا کیا حشر اور کیا حال ہوگا۔ بعض بڑھے بوڑھوں سے دریافت کیا کہ مسئلہ موجود پر آپ لوگ کیوں استعمال میں لاتے ہیں، تو وہ جواب دیتے ہیں، کہ الضرورات تبیح المحظورات ، ۔ضرورت حرام کو مباح کردیتی ہے، اور بعض پڑھے لکھے خاموشی اختیار کرتے ہیں، اور بعض لوگ پرہیز کرتے ہیں، اس تشابہ سوال کا جواب خلاصہ تحریر فرمائیں۔ کیوں کہ سیپ عین نجس نہیں ہے، اور ہر ہڈی جلنے کے بعد پاک ہوتی ہے، سوائے سور کی ہڈی کے۔ تو پھر کیا معنی کہ سیپ جلنے کے بعد پاک نہ ہو۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

سیپ ایک دریائی جانور ہے، فقہ کی مشہور ومعتبر کتاب لغت المغرب میں ہے۔ صدف الدرۃ غشاء ھا وفی کتب الطب من حیوان البحر۔ (ص ٣٩٩)

علامہ محمد طاہر مجمع البحار میں حدیث شریف اذا مطرت السماء فتحت الا صدا ف افوا ھھا کے افادہ میں فرماتے ہیں۔ ھو جمع صدف وھو غلاف اللؤلؤ واحد تہ صدفۃ وھی من حیوان البحر۔ (ج ٢۔ص ٢٣٧)

لہذا جب سیپ کا دریائی جانور ہونا ثابت ہو چکا تو اس کا حرام ہونا ظاہر ہے، کہ دریائی حیوانات میں سوائے مچھلی کے ہر جانور کا کھانا حرام ہے۔ فتاوی عالمگیری میں ہے: فجمیع ما فی البحر من حیوان یحرم اکلہ الا السمک خاصۃ۔ (ج ٢۔ص ٧٥)

تو جب سیپ کے کھانے کی حرمت ثابت ہو چکی تو اس کے چونے کی حرمت بھی اسی پر متفرع ہے۔ لہذا اعلیٰ حضرت قدس سرہ نے جو فتاوی رضویہ جلد اول میں یہ فرمایا ہے، (کہ سیپ کا چونا حرام ہے، جس پان پر وہ چونا لگا ہو اس کا کھانا حرام ہے۔) بالکل صحیح وحق ہے۔

اب باقی رہا سائل کا بعض مولوی کا پیش کردہ فقہا کرام کا یہ قاعدہ، الضرورات تبیح المحظورات۔ تو اس قول کے اگر یہی معنی مراد لئے جائیں کہ ہر حال میں حرام کو ہر ضرورت مباح کردیتی ہے، تو ہر مرتکب

حرام کے لئے حرام کو مباح کر کے کرنیکا عذر مل جائے گا۔ مثلاً طوائف کسب زنا کے مباح کرنے کے لئے یہ ضرورت پیش کردیں گی کہ ہم ضرورت خورد نوش کی مجبوری سے کسب زنا کرتی ہیں۔ چور چوری کے جائز کرنے کے لئے یہ کہہ سکتا ہے کہ میں ضرورت زندگی کی بنا پر مجبوراً چوری کرتا ہوں۔ سود خور سود کے مباح کرنے کے لئے یہ کہہ سکتا ہے، کہ اس زمانے کی تجارت یا مراسم کی ضرورتیں مجھے سود کے لئے مجبور کردیتی ہیں۔ اسی طرح ہر مرتکب حرام کسی نہ کسی ضرورت کو پیش کر کے اور اس قول فقہا الضرورات تبیح المحظورات سے استدلال کر کے حرام کو حلال ثابت کرسکتا ہے۔ تو دین اپنے جذبات سے کھیلنے کا نام ہو جائے گا۔ العیاذ باللہ تعالیٰ منہ۔ لہذا اس قول فقہا میں ضرورت سے مراد ہر ضرورت نہیں ہے بلکہ وہ ضرورت ہے جو عند الشرع ضرورت ہو۔ اور اسکی اباحت بھی مطلقاً نہیں بلکہ بقدر ضرورت ہے۔ کہ اس قول کے ساتھ دوسرا قول فقہا کا یہ بھی ہے۔

ما ابیح للضرورۃ یتقدر بقدرھا. چنانچہ جو شخص بھوک کی شدت سے مر رہا ہو اور اس وقت سور یا مردار کا گوشت ملا تو یہ جان بچانے کی ضرورت کی بنا پر اس حرام گوشت کو بقدر ضرورت صرف اتنا کھا سکتا ہے کہ اس سے جان بچ جائے، نہ اس کو پیٹ بھر کر کھانا مباح ہوگیا۔ تو یہ ثابت ہوگیا کہ اس قول میں ضرورت سے شرعی ضرورت مراد ہے، اور اس حرام کی اجازت بھی بقدر ضرورت ہے۔ لہذا جو شخص اس قول فقہا سے سیپ یا اسکے چونے کی حلت پر استدلال کرتا ہے، تو وہ اس قول سے عوام کو فریب دیتا ہے، اور معلوم ہوتا ہے کہ اس کے پاس اس حلال ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے۔

اب باقی رہا عموم بلوے تو یہ ہر اس جگہ معتبر ہے جس میں ضرورت شرعی متحقق ہو، اور وہ کثیر الاستعمال ہو۔ اور اس سے پرہیز کرنا دشوار ہو۔ اور اس میں حرج عظیم واقع ہوتا ہے۔ چنانچہ کبیری میں ہے۔ واکثر المشائخ علی انہ لایطلق التسویہ فی کل موضع بل تعتبر فیہ الضرورۃ العامۃ البلوی ان کان فیہ ضرورۃ یتعذر الا حتراز عنہ ووقع الحرج فی الحکم بالنجاسۃ۔

(ص ١٥٩)

تو اس سیپ کے اور اس کے چونے کے کھانے میں کسی طرح عموم بلوے متحقق نہیں ہوا۔ اور اس میں ضرورت شرعی کیا ہے؟ اور اس سے پرہیز کرنے میں کونسی ایسی دشوری ہے جس سے حرج عظیم واقع ہو جاتا ہے۔ مولیٰ تعالیٰ ایسے گمراہ مفتیوں سے اس امت مرحومہ کو محفوظ رکھے۔

اب باقی رہا اس سیپ کو ہڈی کے جلنے پر قیاس کرنا تو یہ قیاس مع الفارق ہے کہ ہڈی تو جلنے کے

بعد ہی کیا بلکہ جلنے سے پہلے بھی پاک ہے، چنانچہ مراقی الفلاح میں ہے: العظم فی ذاته طاهر ۔علاو
بریں کسی چیز کا پاک ہونا، اس کے کھانے کے حلال ہونے کو کب مستلزم ہے کہ ایسی بہت سی چیزیں ہیں ج
پاک ہیں لیکن انکا کھانا حرام ہے۔

درالمنتقی شرح ملتقی میں ہے: الطهارة لا تستلزم حل الا كل كالتراب ۔ تو اگر سیپ کو جلنے
کے بعد پاک کہا جائے تو اس کے پاک ہونے سے یہ کب لازم ہو گیا کہ سیپ کا کھانا بھی حلال ہو گیا،
دیکھو مٹی پاک ہے لیکن اس کا کھانا حرام ہے، اور حقیقت تو یہ ہے کہ جلنا دو طرح کا ہے۔ ایک تو جلنے کی
شان ہے کہ آگ نے اس کے اجزائے رطبہ و یابسہ میں ایسی تفریق کر دی کہ جسم اپنی شان پر باقی نہیں ر
۔اس کے اجزاء بکھر گئے یا چھونے سے بکھر جائیں۔ جیسے راکھ اور خاکستر ہو جاتی ہے۔ تو اس جلنے
انقلاب حقیقت ہو گیا تو ناپاک شئی پاک ہو جائے گی۔

فتاوی عالمگیری میں ہے: السرقين اذا احرق حتى صار رمادا فعند محمد يحك
بطهارته و عليها الفتوى۔

مراقی الفلاح میں ہے: احترقت بالنار فتصير رمادا طاهرا على الصحيح لتبدل
الحقيقة ۔

ردالمحتار میں ہے۔لو احترقت العذرة و صارت رمادا طهرت للاستحالة۔

اور۔ جلنے کی دوسری شان یہ ہے کہ آگ نے اسکے اجزاء رطبہ و یابسہ میں ایسی تفریق نہیں
جس سے وہ خود بکھر جائے یا چھونے سے بکھر جائے، بلکہ اس کے صحیح جسم میں کچھ فرق نہیں آیا، اور ا
میں گرفت رہی جیسے چونا تو اس میں انقلاب حقیقت نہیں ہوتی ہے، بلکہ انقلاب وصف ہوتا ہے۔ ل
ایسے جلنے سے ناپاک پاک نہیں ہوتا۔

ردالمحتار میں ہے:

اعلم ان العلة عند محمد هي التغير و انقلاب الحقيقة وانه يفتى به للبلوى ك
علم مما مر ۔اسی میں ہے:ان الدبس المطبوخ اذا كان زبيبة متنجسا ليس فيه انقلاب حقي
لانه عصير جمد بالطبخ ففيه تغير وصف فقط كلبن صار جبنا و بر صار طحينا و طح
صار خبزا۔

اور ظاہر ہے کہ سیپ کا جلنا قسم دوم ہی کا ہے، کہ جل کر حجم جسم میں فرق نہیں آتا، اور اس کے ا

میں اتنی گرفت باقی رہتی ہے کہ وہ راکھ کی طرح نہ خود بکھرے نہ چھونے سے بکھرے تو اس جلنے سے اس کا
صرف انقلاب وصف ہوا نہ انقلاب حقیقت تو سیپ جس طرح جلنے سے پہلے حرام تھا اسی طرح چونہ ہو
جانے کے بعد بھی حرام ہی رہا۔ لہذا اس تحقیق سے سیپ کا حرام ہونا اور اس کے چونے کا حرام ہونا روشن
کے طور پر ثابت ہو گیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عز و جل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۰۲-۱۰۰۳-۱۰۰۴)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ

(۱) آجکل کے اغلب عوام دعوائے سادات کرتے ہیں کہ ہمارا سلسلہ نسب امام زین العابدین
رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے متصل ہے اس وجہ سے ہم سادات ہیں، باطنت میں تو اپنے کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم کی اولاد میں داخل کرتے ہیں، لیکن جب ظاہریت کو ملاحظہ کریں تو سادات تو دور کنار مسلمان ہونے
کا اندیشہ درپیش ہوتا ہے، باطن میں تو سید بنے بیٹھے ہیں اور ظاہر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے
اسوۂ حسنہ سے مطلقا بعید ہیں، کہ ایسے لوگوں کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ انکا سلسلہ نسب جناب سرکار دو
عالم مختار کل مدنی ہاشمی آقا و مولا اللہ کے حبیب احمد مجتبی محمد مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک متصل ہے اور
سادات کرام کی علامات و نشانیاں کیا ہیں جن سے سادات کرام کا تصور ہو جائے؟ اس چودھویں صدی
کے زمانہ مین تقریبا تمام حضرات ہی خود کو سید بتاتے ہیں اور ظاہر میں نصف مسلمان بھی اسوۂ حسنہ کے پا
بند نہیں ہیں۔ کیا ایسے حضرات کے متعلق یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ حضرات سید ہیں۔ سادات کرام کی علامت
کیا ہے؟ علامت کو دیکھ کر یہ خبر ہو جائے کہ ان کا سلسلہ جناب زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے متصل
بلاشک ہے۔

(۲) ایک صحابی کے مکان پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے، صحابی کے پاس صدقہ
تھا۔ حضور نے صحابی سے فرمایا یہ مال جو تمہارے پاس ہے مجھے دیدو۔ صحابی نے فرمایا کہ حضور یہ مال صدقہ
ہے آپ کے لئے حرام ہے آپ اسے نہ لیں، تو حضور نے فرمایا کہ یہ میرے لئے صدقہ نہیں ہے بلکہ ہدیہ
ہے۔ صدقہ تو تمہارے لئے تھا۔ اب تم مجھے ہدیہ کے طور سے دیدو یہ مال میرے لئے صدقہ نہیں ہوگا۔ آیا
یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں؟۔ یا کہیں اس حدیث میں تغیر ہے، تغیر کو بدل کر کے اس حدیث کی تصحیح فرما دیں۔

اس حدیث کے باعث زید کہتا ہے کہ صدقہ کا حیلۂ شرعی اس حدیث سے اخذ کیا گیا ہے۔ اور بکر کہتا
نہیں اس حدیث سے اخذ نہیں کیا گیا ہے۔ اس وجہ سے کہ جس شخص نے صحابی کو صدقہ دیا تھا اس شخص
کہا تھا کہ یہ صدقہ میں تم کو دیتا ہوں، تم حضور کو دیدینا یہ تو کہا نہیں تھا۔ اس لئے اس حدیث سے صد
شرعی حیلہ اخذ نہیں کیا گیا ہے۔ آیا صدقہ کا شرعی حیلہ اس حدیث سے اخذ کیا گیا ہے؟ اگر کیا گیا ہے تو
دلائل قاہرہ سے ثبوت دیکر یہ چیز واضح فرمادیں کہ اس حدیث سے حیلہ کا حکم اخذ کیا گیا ہے۔

(۳) ابوالکلام آزاد۔ حفظ الرحمٰن۔ خواجہ حسن نظامی۔ محمد مستحسن فاروقی اڈیٹر آستانہ۔ مفتی آ
زاہد القادری۔ شوکت علی فہمی اڈیٹر دین ودنیا۔ ملا واحدی۔ جوش ملیح آبادی۔ حفیظ جالندھری۔ شیر
عثمانی۔ انور صابری۔ شبلی نعمانی مصنف سیرۃ النبی وگنجینہ ہدایہ ترجمہ اردو کیمیائے سعادت۔ یہ اسما
کئے گئے ہیں ان پر کیا کفر کا فتوی ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کیوں کس وجہ سے ہے؟ ان سب پر کیا
کا فتوی عائد ہے یا ان میں بعض پر کفر کا فتوی نہیں؟ وہ کون کون ہیں انکے اسماء تحریر فرمادیں اور جن
کفر کا فتوی ہے وہ کس فرقہ کے آدمی ہیں؟۔

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

(۱) سادات کرام کی کوئی ایسی مخصوص علامت کسی کتاب میں نظر سے نہیں گزری جسکو دیکھ
کے سید ہونے یا نہ ہونے کا یقینی طور پر حکم دیدیا جائے۔ اور جب اس کا قطعی علم نہیں تو بلاوجہ شرعی حکم
سیادت سے کس طرح انکار کرنا روا رکھا جائے؟ اور جب ایک مسلمان شخص اپنے آپکو سید کہتا ہے
بتاتا ہے کہ میرا سلسلہ نسب حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالی عنہ سے متصل ہے تو اس کی تکذ
کس دلیل سے کی جائے محض بدعملی کو انکار نسب سیادت کی دلیل قرار دینا کوئی شرعی حکم نہیں؟ جس
حسن عمل نسبی سید ہونے کی دلیل نہیں۔ ہاں جو حقیقۃ سید نہ ہو اور وہ اپنے آپ کو دانستہ سید بتائے
حدیث شریف کی وعید کے عموم میں داخل ہے:" من انتمى الى غيرا بيه فالجنة عليه حرام "
اپنے باپ کے سوا دوسرے کو دانستہ اپنا باپ بنائے اسپر جنت حرام ہے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

(۲) حدیث شریف تو اس قدر ہے۔ بخاری شریف میں حضرت انس رضی اللہ تعالی ع
مروی اور اسی طرح مسلم شریف میں مروی ہے۔ " ان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اتی
تصدق به على بريرة فقال هو عليها صدقة وهو لنا هدية ۔ (بخاری ص۲۰۲ ج۱)

بیشک نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی خدمت میں وہ گوشت حاضر کیا گیا جو حضرت بریرہ پر بطور صدقہ آیا تھا تو
حضور نے فرمایا یہ ان پر تو صدقہ ہے اور ہمارے لئے ہدیہ ہے۔

علامہ نووی شرح مسلم میں اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔

ان الصدقة اذا قبضها المتصدق عليه زال عنها وصف الصدقة وحلت لكل احد
ممن كانت الصدقة محرمة عليه۔ (ص۳۴۵ ج۱)

صدقہ کو جب وہ شخص جس پر صدقہ کیا گیا ہے قبضہ کرلیتا ہے تو پھر اس پر صدقہ ہونا ختم ہوجاتا
ہے۔ اور ہر اس شخص کے لئے جس پر صدقہ حرام تھا صدقہ حلال ہوجاتا ہے۔

علامہ محقق اشعۃ اللمعات میں " هو عليها صدقة ولنا هدية " کے تحت میں فرماتے ہیں:

آنحضرت گفت: ایں گوشت بر بریرہ صدقہ است وبرائے ما ہدیہ است یعنی اگر کسے چیزے
بفقیر بروجہ زکوۃ دہد، وآں فقیر بہ کسے دیگر دہد کہ زکوۃ گرفتن اورا جائز نیست، آں چیز برائے ایں کس حلال
است زیرا کہ آں چیز ملک فقیر شد بہر کہ بدہد رواست۔ (اشعۃ اللمعات ص۲۷ ج۲)

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ گوشت بریرہ پر تو صدقہ ہے اور ہمارے لئے
ہدیہ ہے یعنی اگر کسی نے کوئی چیز فقیر کو زکوۃ کے طور پر دی اور اس فقیر نے کسی دوسرے ایسے شخص کو وہ چیز دی
جس کو زکوۃ لینا جائز نہیں تو وہ اس کے لئے حلال ہے اس لئے کہ وہ چیز فقیر کی ملک ہوگئی اس کو جائز ہے کہ
وہ جس کو چاہے دیدے۔ تو فقہاء کرام نے اس حدیث شریف سے تبدیل ملک ہوجانے پر صدقہ کو انکے
لئے حلال ثابت کیا جنکے لئے پہلے حرام تھا۔ یہ حدیث صحیح ہے اور صحیحین میں مروی ہے۔ تو زید کا قول تو صحیح
ثابت ہوگیا اور بکر کا قول لغو اور غلط قرار پایا۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

(۳) ان میں آستانہ کے اڈیٹر اور حفیظ جالندھری پر کسی کا حکم کفر دینا میرے علم میں نہیں، نہ
انکے اقوال کفریہ ہی میرے علم میں مگر پھر بھی ان کا اہلسنت کے معتمد ومستند علماء میں شمار نہیں۔

اب رہے باقی لوگ ان میں کچھ تو پختہ دیوبندی وہابی ہیں۔ کچھ سخت نیچری ہیں جو اپنے اکابر کے
اقوال کفریہ کو صحیح مان کر کافر ہوگئے۔ بعض آزاد اور لامذہب ہیں جو کفریات کو کفریات ہی نہیں جانتے۔ اور
اپنی لاعلمی سے جو انکی زبان پر آیا کہہ دیا یا جو دل میں آیا لکھ دیا۔ لھذا یہ لوگ نا قابل اعتماد ہیں۔ واللہ تعالی
اعلم بالصواب۔ ۷ رشوال ۷۴ھ

مسلمان عورتوں کو سندور پیشانی میں لگانا کیسا ہے اس کی حرمت یا جواز کی دلیل بھی ارشاد ہوا۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مسلمان عورتوں کو پیشانی پر ہرگز سیندور نہیں لگانا چاہئے کہ اس میں تشبہ بالمشرکات ہے اور تشبہ ممنوع ہے۔حدیث میں ہے: من تشبه بقوم فهو منهم۔واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۰۵)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ

آجکل یہ عام طور پر رسم ورواج قائم ہوگیا ہے کہ اکثر مقامات پر خالص اسلامی مذہبی جلسے میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا مجالس متبرکہ گیارہویں شریف کے منعقد ہوا کرتے ہیں، اور ان جلسوں میں علمائے ذوی الاحترام اور انکے ہمراہ ایسے مسلم لیڈران جو شریعت مطہرہ کے احکام کے قطعی پابند نہیں ہوتے بعض بالکل داڑھی مونچھوں کا صفایا کئے ہوئے ہوتے ہیں اور ننگے سر کھڑے ہوکر تقریریں کرتے ہیں، عموماً ان لوگوں کی تقریر میں سیاست کی باتیں بھی ہوا کرتی ہیں، بعض تو بغیر بسم اللہ اور بغیر حمد بجالائے بولنا شروع کردیتے ہیں، غیر ذمہ داری اس قدر ہے کہ تقریروں میں بزرگوں کے خلاف بھی ڈالتے ہیں۔لہذا ایسی تقریروں اور جلسوں میں کسی عالم دین کی شرکت جائز ہے یا نہیں، اور اگر وہ شرکت سے انکار کردے تو شرعاً اس پر کچھ جرم ثابت ہوگا یا نہیں۔بعض ایسے بھی جلسے ہوتے ہیں کافروں مشرکوں کو بھی اس اسٹیج پر لیجا کر بٹھایا جاتا ہے۔اور وہ سیرت رسول پر تقریریں کرتے ہیں کرم ایسے مسلمانوں کے لئے جو اس قسم کے جلسے منعقد کرتے ہیں، صحیح شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہے، جواب مدلل بحوالہ احادیث وفقہ مرحمت ہو۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

وعظ گوئی وسیرت رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اولیائے کرام پر تقریر کرنا محدث مفسر عالم ہی کا کام ہے۔چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی ''القول الجمیل'' میں فرماتے ہیں۔کہ

اما المذکر فلا بد ان یکون مکلفا عد لا کما اشترطوا فی راوی الحدیث

الشاهد محدثا مفسرا عالما بجملة كافية من اخبار السلف الصالح و سيرهم ونعنى بالمحدث المشتغل بكتب الحديث بان يكون قرأ لفظها وفهم معناها و عرف صحتها و سقمها ولو باخبار حافظ و استنباط فقيه و كذلك بالمفسر المشتغل بشرح غريب كتاب الله و توجيه مشكله و بما روى عن السلف فى تفسيره (و فيه ايضا) و اما استمداده فليكن من كتاب الله على تاويله الظاهر و سنة رسول الله المعروفة عند المحدثين و اقاويل الصحابة والتابعين وغيرهم من صالح المومنين و بيان سيرة النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ولا يذكر القصص المجازفة فان الصحابة انكر و اعلى ذلك اشد الانكار و اخرجوا اولئك من المساجد وضربوهم ۔ (القول الجميل)

واعظ کے لئے ضروری ہے کہ وہ مسلمان عاقل بالغ ہو۔اس میں ایسی عدالت ہو جیسی عدالت راوی حدیث اور شاہد کے لئے شرط کی ہے۔وہ محدث مفسر ہو۔سلف صالحین کی سیرتوں کا حسب ضرورت جاننے والا ہو۔ہماری محدث سے مراد وہ شخص ہے جو کتب حدیث کا شغل رکھتا ہو اس طرح پر کہ اس نے الفاظ حدیث پڑھ کر اس کے معنی سمجھے ہوں اور احادیث کی صحت وضعف کی پہچانتا ہو اگرچہ یہ معرفت اسے کسی محدث کی بتانے یا فقیہ کے ذریعہ سے حاصل ہو۔اور مفسر سے مراد وہ ہے جو قرآن کریم کے مشکل حکم کی شرح اور آیات مشکلہ کی تاویل اور سلف کی تفاسیر سے شغل رکھتا ہو۔لیکن واعظ کا ماخذ قرآن کریم موافق تفسیر وتاویل ظاہر ہو۔اور وہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہو جو عند المحدثین معروف ہو۔ اور صحابہ وتابعین اور مومنین اور صالحین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے اقوال ہوں، اور فضائل وسیرۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہو۔اور وہ بے ثبوت قصے ذکر نہ کریں کہ صحابہ نے ایسے قصوں کے بیان کرنے پر بہت سختی سے انکار کیا ہے اور قصہ خوانوں کو مساجد سے نکالدیا ہے اور انہیں مارا ہے۔

ان عبارات سے ثابت ہوگیا کہ واعظ ومقرر کے شرائط سے مسلمان ہونا، عاقل ہونا، بالغ ہونا ،عادل ہونا، ایسی عدالت ہو، تا جو راوی حدیث وگواہ میں معتبر ہو۔اسکا ایسا محدث ہونا جو کتب احادیث کا ماہر ہو احادیث کے ضعف وصحت کو پہچانتا ہو۔اس کا ایسا مفسر ہونا جو آیات مشکلہ کی توجیہ وتاویل سے واقف ہو اور تفاسیر اسلاف پر اطلاع ہو۔وہ سیرۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اچھا واقف ہو۔اقوال صحابہ وتابعین وسلف صالحین پر مطلع ہو۔وہ قرآن وحدیث اور اقوال سلف وخلف سے تقریر ووعظ کہتا ہو۔تو اس سے صاف ظاہر ہوگیا کہ واعظ اور مقرر کیلئے عالم اور دیندار ہونا ضروری ہے۔تو جو مسلمان فاسق فاجر

اور احترام مجلس کے خلاف ننگے سر ہو اور وعظ کو خلاف سنت بلا بسم اللہ اور بغیر حمد الٰہی کے شروع کرتا ہو۔ اور
بجائے قرآن وحدیث کے سیاست کی باتیں بیان کرے اور غیر ذمہ دارانہ باتیں بتائے اس کو مسلمانوں
میں وعظ وتقریر کا کوئی حق حاصل نہیں، اور بانیان مجلس کو ایسے فاسق لیڈر کو مقرر بنا کر تخت پر کھڑا کرنا جائز
نہیں۔ کہ اس میں تعظیم فساق ہے حالانکہ وہ اہل اہانت سے ہے۔ ہدایہ میں ہے۔ والفاسق من اهل
الاهانة۔ تو جب مسلمان فاسق مقرر کا وہ حکم ہے تو کافر ومشرک کا تخت پر کھڑا کر کے سیرت رسول پاک پر
تقریر کرانا نہ فقط ناجائز وحرام بلکہ اسکو کفریات بکنے اور سامعین کو کفریات سننے کے لئے تیار کرنا ہے۔
العیاذ باللہ تعالیٰ اور پھر کافر ومشرک سیرۃ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کیا تقریر کرسکتا ہے۔ زائد سے زائد
وہ اخلاق نبی کے ثابت کرنے کی سعی کرے گا تو یہ سیرت بشر ہوئی سیرت رسول کہاں ہوگی کہ جب وہ
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان ہی نہیں لایا تو وہ نہ فضائل رسول سے واقف، نہ خصائص رسالت
سے خبردار ہے تو وہ سیرت پاک پر کس طرح تقریر کرسکتا ہے۔ علاوہ بریں وہ جو بیان کریگا خلاف تحقیق
ہوگا۔ لغو اور غلط باتوں پر مشتمل ہوگا جس کے سننے کی مسلمانوں کو اجازت نہیں۔

بالجملہ بانیان مجلس کا ایسے فاسق لیڈروں اور کافروں مشرکوں کا دینی مجالس میں تقریر کے لئے بلانا
اور ان سے تقریریں کرانا ناجائز ہے اور کثیر فتنوں کا سبب وموجب ہے۔ اس میں کسی عالم دین کا شرکت
کرنا گویا تمام غلط امور کی تائید کرنا ہے۔ تو عالم دین کے لئے ایسی غیر ذمہ دار مجالس کی شرکت بہت زیادہ
اجتناب کے لائق ہے۔ اور جو عالم دین غیر ذمہ دار مجالس کی شرکت سے منع کرتا ہے اور صاف انکار کرتا
ہے وہ شرع کے موافق کہتا ہے اور احکام دین کا احترام کرتا ہے، اور جو بانیان مجالس ایسی غیر ذمہ دار
مجالس کراتے ہیں وہ سخت مجرم وگنہگار ہیں، اور غیر ذمہ دار مقرروں کی غلطیوں کی گناہوں کے سبب انکے
کفریات خلاف شرع باتوں کے باعث قرار پاتے ہیں۔ مولی تعالیٰ ایسے لوگوں کو عقل سلیم عطا فرمائے
اور ایسے لوگوں کو گناہوں سے محفوظ رہنے کی توفیق دے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ

(۱۰۰۶۔۱۰۰۷۔۱۰۰۸۔۱۰۰۹۔۱۰۱۰۔۱۰۱۱)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ
(۱) داڑھی رکھنا شرعا واجب ہے یا نہیں؟ کیا اسپر قرآن وحدیث کی کوئی دلیل ہے؟۔

(۲) زید نے بکر کی بیوی سے شادی کر لی ہے، بکر کہتا ہے کہ میں نے طلاق نہیں دی ہے، کیا زید
کے پیچھے نماز جائز ہے۔ اس کو امامت سے ہٹانا چاہئے یا نہیں۔ زید قرآن سے دلیل مانگتا ہے۔
(۳) زید کہتا ہے کہ اگر ایک مشت داڑھی نہیں ہے تو وہ فاسق معلن ہے۔ اس کے پیچھے جو نماز
پڑھی جائے وہ واجب اعادہ ہے۔ بکر فاسق ہونے کی دلیل مانگتا ہے۔
(۴) بزرگان دین کے مزارات پر چادر چڑھانا جائز ہے یا نہیں؟۔
(۵) ایک لڑکی کا نکاح ہوا، لڑکے نے بعد نکاح کہا مہر نقد ادا کر دوں گا۔ لیکن جب لڑکی سسرال
گئی لڑکے نے مہر ادا نہیں کیا۔ لڑکی اپنے میکے آگئی، اور عرصہ دو ماہ کا ہوگیا ہے لڑکے نے مہر ادا نہیں کیا ہے
۔ ایسی صورت میں وہ اپنا دوسرا نکاح کر سکتی ہے یا نہیں؟۔ یا وہیں جانا چاہیے جہاں پہلے نکاح ہوا ہے۔ مہر
ادا نہ کرنے کا کفارہ کیا ہے؟۔
(۶) تعزیہ بنانے والے کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں؟۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

الجواب

نحمده ونصلي ونسلم على رسوله الكريم

(۱) داڑھی کو منڈانا حرام ہے اور انگریزوں ومشرکوں کا طریقہ ہے۔ اور داڑھی کو یکمشت کی
مقدار رکھنا واجب ہے، اور اسکو سنت کہنا بایں معنی ہے کہ یہ ثابت بالسنۃ ہے۔ جیسے نماز عید کو سنت کہہ دیا
جاتا ہے باوجود کہ وہ واجب ہے۔ (اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ شریف) واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔
(۲) بکر کی طلاق جب شہادت سے بھی ثابت نہ ہو سکے تو پھر زید زانی قرار پائے گا، اور زانی
فاسق ہے اور جب اس کا یہ فعل سب پر ظاہر ہے تو وہ فاسق معلن ہوگیا، اور فاسق معلن کے پیچھے مکروہ
تحریمی واجب الاعادہ ہوتی ہے۔ اور جب وہ فاسق ہوا تو اہل اہانت سے قرار پایا لہذا امامت کا اہل نہیں
کہ امامت میں تعظیم وتکریم ہے۔ قرآن کریم میں ہے۔ ان اكرمكم عند الله اتقكم ۔ تو زید حکم قرآنی
سے بھی امامت کا اہل نہیں ہوا کہ یہ فاسق معلن ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔
(۳) قول زید صحیح ہے اس کے فاسق معلن ہونے کی دلیل خود اس کا داڑھی کو یکمشت سے کم رکھنا
ہے کہ وہ بالاعلان ترک واجب ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۴) بزرگان دین کے مزارات پر چادر ڈالنا جائز ہے۔ شامی میں اسکی تصریح موجود ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۵) صورت مسئولہ میں وہ لڑکی بغیر طلاق حاصل کئے اپنا نکاح کسی سے ہرگز نہیں کرسکتی اس کو شوہر ہی کے یہاں جانا ضروری ہے۔ مہر کے بارے میں شوہر کی وعدہ خلافی کا نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۶) تعزیہ بنانے والے کے پیچھے محض تعزیہ بنانے کی وجہ سے نماز پڑھنا ناجائز نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عز وجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۱۲_۱۰۱۳_۱۰۱۴_۱۰۱۵_۱۰۱۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین اس مسئلہ میں کہ

(۱) زید وہابی دیوبندی کے پیچھے کبھی کبھی نماز پڑھتا ہے اور خود کہتا ہے کہ جس کا عقیدہ ایسا ہو کہ حضور انور کی شان مین گستاخی کرے یا توہین کرے میں اسکو بیدین ملعون کہتا ہوں، تو زید کے پیچھے نماز ہوسکتی ہے یا نہیں، جواب صرف ہاں یا نہ میں ہونا چاہیے تاکہ ہر شخص سمجھ سکے۔

(۲) زید نے ایک مقدمہ فوجداری میں ماخوذ ہوجانے کی بنا پر اپنا بیان عدالت میں جھوٹا دیا اور دو گواہوں سے جھوٹی گواہی دلوائی تو زید کے پیچھے نماز ہوسکتی ہے یا نہیں۔ اور زید کے ذمہ حقوق العباد رہے کہ نہیں؟۔

(۳) ہمارے قصبہ میں اہل سنت قاضی نکاح پڑھانے والا عرصے سے ہے مگر ایک شخص نے اپنے لڑکے کا نکاح لڑکی کے والد کے کہنے پر وہابی ۲۴ سے پڑھوادیا اور جب لڑکے کے والد سے کہا گیا کہ یہ نکاح ناجائز ہے تو جواب دیا کہ نکاح تو ہوگیا ناجائز ہونے کی حالت میں گناہ ہوا، عمر کہتا ہے کہ ناجائز ہے۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ نکاح نہیں ہوا۔ اس میں قول عمر درست ہے یا زید لڑکے کے والد کا؟۔

(۴) زید کہتا ہے کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجسم نور دنیا میں بشکل انسان تشریف لائے جیسے کہ اسوقت ہم بھی انسان ہیں لیکن بلحاظ مرتبہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو سب سے بالا و افضل پیدا کیا۔ ایسی حالت میں عمر کہتا ہے کہ زید حضور انور کی توہین کرتا ہے، آیا توہین ہے یا نہیں؟۔

(۵) میلاد خواں جو داڑھی منڈواتے ہیں یا کٹواتے ہیں ان سے میلاد پڑھوانا کیسا ہے، اللہ تعالیٰ آپکو اجر عظیم عطا فرمائے۔ اس کا جواب دوسری جانب مختصر تحریر فرمائیں تاکہ سمجھ میں دقت نہ ہو۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) اس غلطی کی بنا پر زید کے پیچھے بھی نماز نہیں پڑھنی چاہیے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۲) جھوٹا بیان کرنا یا جھوٹی گواہی دلوانا یقیناً فسق ہے، تو زید فاسق ہوا، اور فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہوتی ہے۔ اور اگر زید نے اس میں کسی مسلمان کا حق بھی باطل کیا ہے تو حق العبد کا ذمہ دار ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۳) اتنا قول عمر صحیح ہے۔ فی الواقع جس سے شرعاً نکاح ناجائز ہے تو اس سے رسمی طور پر نکاح کردینے سے ہرگز ہرگز نکاح نہیں ہوجاتا۔ باقی رہا یہ امر کہ جب زوجین صحیح العقیدہ ہوں تو قاضی نکاح خوال کی وہابیت سے انکا نکاح ناجائز نہیں ہوا بلکہ نکاح صحیح ہوگیا اگرچہ اس سے نکاح نہ پڑھوانا چاہئے تھا۔

(۴) زید کے صرف اس کلام سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین لازم نہیں آتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۵) جو میلاد خواں داڑھی منڈواتا ہے یا داڑھی حد شرعی سے کم رکھتا ہے اس سے میلاد شریف نہ پڑھوانا چاہیے کہ وہ شرعاً فاسق ہے اور اسکو تخت پر بٹھانے میں اسکی تعظیم ہے۔ والفاسق من اهل الاهانة کما فی الهداية۔ والله تعالىٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عز وجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۱۷_۱۰۱۸_۱۰۱۹_۱۰۲۰_۱۰۲۱)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسائل مندرجہ ذیل میں

(۱) عمر نے اپنی تقریر میں یہ بھی کہا کہ داڑھی رکھنا کوئی ضروری چیز نہیں بلکہ اختیاری ہے۔ لہذا اگر نہ رکھی جائے تو کوئی حرج نہیں ہوگا، عمر کا یہ قول صحیح ہے یا غلط اور عمر کا کیا حکم ہے؟۔

(۲) عمر نے اپنی تقریر میں یہ بھی کہا کہ پردہ عورتوں کے لیے کوئی ضروری چیز نہیں، پردہ کا کوئی حکم نہیں دیا گیا ایسی حالت میں عمر کا حکم کیا ہوگا؟۔

(۳) عمر نے اپنی تقریر میں یہ بھی کہا کہ کھڑے ہوکر پیشاب کرنا بھی خلاف شرع نہیں
۔احادیث سے ثابت ہے۔کیا یہ عمر کا قول صحیح ہے؟۔

(۴) بکر نے اپنی تقریر میں محفل میلاد شریف کے منعقد کرنے کو شرک اور اس میں شریک ہونے
والے کو مشرک اور گناہ کبیرہ کا مرتکب کہا۔کیا بکر کا یہ قول صحیح ہوسکتا ہے،اور بکر کا شرعی کیا حکم ہے؟۔

(۵) عمر نے اپنے شہر کے ایک عربی دینی مدرسہ کو جو بہت مدت سے دینی خدمات انجام دے ر
تھا اپنے حکم سے درہم برہم کردیا۔طلبہ اور مدرسین بھی وہاں سے چلے گئے،اور اسکی جگہ انگیریزی اسکول
قائم کردیا۔مسلمانوں میں عمرو کی اس حرکت پر سخت بے چینی ہے،تو بتایا جائے کہ عمر کا یہ فعل عند الشر
محمود ہے یا مذموم؟ اور عمر اپنی اس حرکت کی وجہ سے کس حکم کا مرتکب ہوا،اور مسلمان اس کے ساتھ کیا برتا
کریں،۔ان تمام سوالات کے جوابات مع حوالہ کتب ارسال فرمائیں۔

الجواب

نحمد و نصلی علی رسوله الکریم

(۱) عمر کا یہ قول غلط ہے،بلاشک داڑھی کا یکمشت رکھنا واجب ہے،جس کا تارک فاسق ہے او
اس مقدار سے کم رکھنا یا منڈوانا حرام ہے۔شعۃ اللمعات میں ہے حلق کردن لحیہ حرام است وروش
افرنج وہنود وجوالقان است وگزاشتن آن بقدر قبضہ واجب است۔(اشعۃ اللمعات،ج۱ص۲۱۲)

تو جب داڑھی کو رکھنا شرعاً واجب ثابت ہوا تو اسکا رکھنا اور یکمشت رکھنا ضروری چیز ہے۔لہٰذ
اسکو اختیاری کہنا گویا اسکے وجوب سے انکار کرنا ہے اور جب یکمشت سے کم رکھے گا یا منڈوائے گا
ترک واجب اور حرام ہوگا،اس پر عمر کا یہ کہنا اگر نہ رکھی جائے تو کوئی حرج اور گناہ نہیں،گویا ترک واجب
اور حرام میں حرج اور گناہ کا انکار کرنا ہے،تو یہ عمر احکام شرع کا منکر اور مخالف بھی قرار پایا اور اس کا قول بھی
بالکل غلط اور باطل ٹھہرا۔واللہ تعالیٰ اعلم،

(۲) عمر کا یہ قول کہ عورتوں کے لئے پردہ کا کوئی حکم نہیں دیا گیا قرآن کریم اور حکم الٰہی کا صریح
انکار ہے۔قرآن کریم سورۃ احزاب میں آیۃ حجاب موجود۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

یا ایها الذین امنوا لا تدخلوا بیوت النبی الا ان یوذن لکم الآیۃ۔

و قال اللہ تعالیٰ: یا ایها النبی قل لا زواجک و بنتک و نساء المومنین ید نین علیهن
من جلابیبهن ذالک ادنی ان یعرفن فلا یوذین و کان اللہ غفورا رحیما۔

اے ایمان والو نبی کے گھروں میں نہ حاضر ہو جب تک اذن نہ پاؤ۔
نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا:اے نبی اپنی بیویوں اور صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرمادو
کہ اپنی چادروں کا ایک حصہ اپنے منہ پر ڈالے رہیں یہ اس سے نزدیک تر ہے کہ انکی پہچان ہو،تو ستائی نہ
جائیں،اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

علامہ احمد جیون تفسیر احمدی میں تحت آیہ کریمہ فرماتے ہیں:

الآیۃ و ان کان خاصا فی حق ازواج رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لکن
الحکم عام لکل من المومنات فیفهم من ان یحتجب جمیع النساء من الرجال ولا یبدین
انفسهن۔

آیت اگرچہ خاصکر ازاواج مطہرات کے حق میں وارد ہوئی ہے لیکن اسکا حکم مسلمان عوتوں میں
سے ہر ایک کے لئے ہے،تو اس سے یہ مفہوم ہوا کہ عورتیں مردوں سے پردہ کریں،اور اپنے آپ کو ان
کے سامنے بے حجاب نہ کریں۔

حجۃ الاسلام امام ابوبکر رازی احکام القرآن میں تحت آیۃ کریمہ فرماتے ہیں

فی هذه الآیۃ دلالۃ علی ان المرأۃ الشابۃ مامورۃ بستر وجهه عن الاجنبین واظهار
الستره والعفاف عند الخروج لئلا یطمع اهل ریب فیهن۔

(احکام القرآن،ج۳،ص۹۸)

اس آیت میں اس بات پر دلالت ہے کہ جوان عورت کو اجنبیوں سے اپنے چہرہ کے چھپانے
اور نکلتے وقت پارسائی اور پردہ کے ظاہر کرنے کا حکم دیا گیا تاکہ شک والے کو ان میں کوئی طمع کی راہ نہ
ملے۔

ان آیات وتفاسیر سے ثابت ہوگیا کہ عورتوں کو اجنبی مردوں سے پردہ کرنے کا حکم خود اللہ تعالیٰ
نے دیا۔فقہ کی کتابوں میں بھی ہے۔فتاوی عالمگیری میں ہے۔

النظر الی وجه الاجنبیۃ اذا لم یکن عن شهوۃ لیس بحرام لکنه مکروه کذا فی
السراجیۃ وان غلب علی ظنه انه یشتهی فهو حرام کذا فی الینابیع

(عالمگیری ص۹۸ ج۴)

اجنبی عورت کے چہرہ کی طرف نظر کرنا جب شہوت سے نہ ہو تو حرام تو نہیں لیکن مکروہ تحریمی ہے۔

اسی طرح فتاوی سراجیہ میں ہے اور اسکا اگر غالب گمان یہ ہے کہ وہ دیکھنا بشہوت ہے تو حرام ہے، یہی ینابیع میں ہے۔

بالجملہ قرآن کریم، تفاسیر، کتب فقہ میں عورتوں کو پردہ کا حکم دیا گیا، اب اس پر عمر کا یہ قول کہ پردہ عورتوں کے لئے کوئی ضروری چیز نہیں، پردہ کا کوئی حکم نہیں دیا گیا، کس قدر غلط اور باطل ہے اور حکم قرآنی کا کیسا صاف انکار اور مسئلہ شرعی کی کیسی کھلی ہوئی مخالفت ہے۔ تو یہ منکر عمر منکر حکم قرآنی و مخالف حکم شرعی قرار پایا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۳) کھڑے ہوکر پیشاب کرنا ممنوع ہے اور یہ ممانعت احادیث میں مروی ہے۔ ترمذی شریف، ابن ماجہ، حاکم، مسند عبدالرزاق میں حضرت امیر المؤمنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی۔

حدیث ۱۔ قال رانی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وانا ابول قائما فقال یا عمر لاتبل قائما فما بلت قائما بعد۔ (مشکوۃ شریف، ص ۴۳)

انھوں نے فرمایا کہ مجھکو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ملاحظہ فرمایا کہ میں کھڑے ہوکر پیشاب کر رہا ہوں تو فرمایا اے عمر! کھڑے ہوکر پیشاب مت کر۔ تو میں نے اسکے بعد کھڑے ہوکر پیشاب نہیں کیا۔

ترمذی شریف، مسند امام احمد میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی

حدیث ۲۔ قالت من حدثکم ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یبول قائما فلا تصدقوہ ماکان یبول الا قاعدا۔ (مشکوۃ شریف، ص ۴۳)

انھوں نے فرمایا جو شخص تم سے بیان کرے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوکر پیشاب کرتے تھے تو اسکی تصدیق مت کرو۔ کہ حضور تو بیٹھ کر ہی پیشاب کرتے تھے۔

حاکم و بیہقی شریف میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے

حدیث ۳۔ تقسم باللہ ما رأی احد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یبول قائما منذ انزل علیہ القرآن۔ (بیہقی۔ ج ۱۔ ص ۱۰۸)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بقسم فرماتی ہیں کہ کسی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب سے ان پر قرآن کا نزول ہوا کھڑے ہوکر پیشاب کرتا ہوا نہیں دیکھا ہے۔

ابن ماجہ بیہقی شریف میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی

حدیث ۴۔ قال نہی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان یبول الرجل قائما۔ (بیہقی، ج ۱، ص ۲۰۸)

انھوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آدمی کو کھڑے ہوکر پیشاب کرنے سے منع فرمایا۔

یہ دس کتب حدیث سے گویا دس احادیث پیش کیں جس سے آفتاب سے زیادہ روشن طور پر ثابت ہوگیا کہ کھڑے ہوکر پیشاب کرنا منع و مکروہ تحریمی ہے۔

چنانچہ حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق صاحب محدث دہلوی شرح مشکوۃ شریف اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں، وامت ہمہ اتفاق دارند بر کراہت ایستادہ کردن بول تحریمی یا تنزیہی بجہت لازم آمدن کشف عورت وتنجس تن وجامہ وترک مروت (اشعۃ اللمعات کشوری۔ ج ۱۔ ص ۲۰۷)

تو اب ثابت ہوگیا کہ عمر کا قول غلط و باطل ہے اور اتفاق امت کے خلاف ہے۔ اب باقی رہا عمر کا حدیث حضرت حذیفہ سے استدلال کرنا تو وہ اسکی حدیث سے ناواقف ہونے کی بین دلیل ہے کہ اس حدیث میں بعذر کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کا ذکر ہے۔

چنانچہ اسی اشعۃ اللمعات میں ہے۔ گفتہ شدہ است در توجیہ این حدیث کہ بود ایں بول کردن آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایستادہ بجہت عذرے وان عمل درعہد جاہلیت بود۔ اما عذریکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم را اثبات آن میکنند بعض گویند دردے بودہ در استخوان صلب وے کہ بدان نشستن دشوار بود، وطاقت نشستن نداشت وبعض گویند عذر آں بود کہ برائے نشستن جاے نہ بود بحکم ضرورت ایستادہ کرد۔ (اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۲۰۷)

لہذا عمر کا حالت عذر سے بغیر عذر کے لئے استدلال کرنا اسکی سخت جہالت ولاعلمی ہے۔ اسی اشعۃ اللمعات کے اسی ذکر میں ہے۔ وآنچہ مبنی بر اعذار است بیرون از دائرہ اعتبار است۔ تو اب ظاہر ہو گیا کہ یہ عمر سخت جاہل اور بے علم بھی ہے اور اپنے اس قول (کہ کھڑے ہوکر پیشاب کرنا خلاف شرع نہیں۔ احادیث سے ثابت ہے) میں سخت جھوٹا، اور مفتری بھی ہے، کہ احادیث سے کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی ممانعت بھی ثابت ہوگئی اور اسکا بالاتفاق خلاف شرع ہونا بھی ثابت ہوگیا۔ لہذا قول عمر کا غلط و باطل ہونا آفتاب سے زیادہ روشن طور پر ثابت ہوگیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۴) ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر بعثت و بیان ولادت کیلئے سب سے پہلے مجلس

خود اللہ نے یوم میثاق میں منعقد کی جس میں تمام حضرات انبیا و مرسلین نے شرکت کی جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ میں فرمایا۔

و اذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما اتیتکم من کتب و حکمة ثم جاء کم رسول مصدق لما معکم لتومنن بہ ولتنصر نہ قال أ أقررتم و اخذ تم علی ذلکم اصری قالوا اقررنا قال فاشھد و او انا معکم من الشاھدین۔ (ال عمران ٨)

اور یاد کر جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو تم ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور اسکی مدد کرنا۔ فرمایا کیوں تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا؟ سب نے عرض کی کہ ہم نے اقرار کیا۔ فرمایا تو ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ میں آپ تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں۔

اس آیۂ کریمہ سے ثابت ہو گیا کہ یوم میثاق خود اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام کو جمع کر کے ایک مجلس منعقد کی جس میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری اور پیدا ہونے کا ذکر کیا اور ان پر ایمان کا عہد لیا۔ تو یہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری اور پیدائش کے ذکر اور ان پر ایمان لانے کے عہد ہی کے لئے تو مجلس منعقد ہوئی، لہذا اس مجلس ذکر آمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا منعقد کرنے والا خود اللہ تعالیٰ ہے اور اس میں شرکت کرنے والے حضرات انبیا و مرسلین ہیں۔ پھر اسی عہد ہی کی بنا پر ہر نبی و رسول اپنے اپنے زمانہ میں ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذکر بعثت و ولادت و فضائل و مناقب کی محافل و مجالس منعقد کرتے رہے اور اپنی اپنی امت سے ان پر ایمان لانے اور انکی مدد کرنے کا عہد لیتے رہے۔ چنانچہ علامہ سیوطی خصائص کبری میں اس آیت کی تفسیر بروایت ابن ابی حاتم اور امام سدی سے اس طرح نقل فرماتے ہیں۔

لم یبعث نبی قط من لدن نوح الا اخذ اللہ میثاقہ لیومنن بہ و ینصرنہ ان خرج وھو حی والا اخذ علی قومہ ان یومنو ابہ و ینصروہ ان خرج وھم احیاء۔

زمانہ نوح علیہ السلام سے کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا مگر اللہ نے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں عہد لیا کہ اگر یہ اس نبی کی زندگی میں مبعوث ہوا۔ تو وہ ان پر ایمان لائے اور ان کی مدد فرمائے اور اپنی امت سے یہ عہد لے کہ اگر وہ تشریف لائے اور وہ لوگ زندہ ہوں تو ان پر ایمان لائیں اور ان کی مدد کریں۔

یہاں تک کہ خود ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے ذکر مبعث و بیان ولادت کے لئے مجلس منعقد کی اور منبر پر کھڑے ہو کر اپنا ذکر میلاد اس طرح مجمع صحابہ کرام میں بیان فرمایا۔ چنانچہ ترمذی شریف میں حضرت مطلب بن ابی وداعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

قال جاء العباس الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وکانہ سمع شیئا فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی المنبر فقال من انا فقالوا انت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال انا محمد بن عبداللہ بن عبد المطلب، ان اللہ خلق الخلق فجعلنی فی خیرھم ثم جعلھم فرقتین فجعلنی فی خیرھم فرقة ثم جعلھم قبائل فجعلنی فی خیر ھم قبیلة ثم جعلھم بیتا فجعلنی فی خیرھم بیتا و خیرھم نفسا۔

(ترمذی شریف۔ ج ٢ ص ٢٠١)

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور سید عالم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ انہوں نے کچھ حضور کے نسب کے بارے میں طعن سنا تھا تو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا: میں کون ہوں صحابہ نے عرض کیا کہ آپ رسول اللہ ہیں، آپ پر سلام ہو۔ فرمایا: میں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہوں۔ بیشک اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا اور مجھے انکے بہترین میں پیدا کیا۔ پھر انکو دو گروہ میں کیا تو مجھے انکے بہتر گروہ میں پیدا کیا، پھر ان کے قبیلے بنائے تو مجھے انکے بہتر قبیلہ میں پیدا کیا پھر انکے خاندان بنائے تو مجھے انکے بہتر خاندان میں اور بہتر ذاتوں میں پیدا کیا۔

پھر ہر قرن میں صحابہ و تابعین، سلف صالحین اولیائے کاملین علماء عاملین تمام اہل اسلام نے ذکر ولادت و بعثت و بیان فضائل و مناقب و محافل و مجالس منعقد کیں۔ چنانچہ علامہ حلبی سیرۃ حلبیہ میں نقل فرماتے ہیں۔

لا زال اھل الاسلام من سائر الاقطار والمدن الکبائر یعملون المولد و یتصدقون فی لیالیہ بانواع الصدقات و یعتنون ھذہ مولدہ الکریم یظھر علیہ من برکاتہ کل فضل عمیم،

تمام بڑے شہروں کے اہل اسلام ہمیشہ سے میلاد شریف کرتے ہیں، اور ولادت کی شبوں میں طرح طرح سے صدقات دیتے ہیں اور میلاد شریف پڑھتے ہیں، اہتمام کرتے ہیں، تو ان پر ہر فضل عمیم کی برکتیں ظاہر ہوتی ہیں۔

لہذا اس بکر کے نزدیک ساری امت مشرک ہوئی بلکہ اس کے قول سے سب علماء عاملین

کاملین مرتکب گناہ کبیرہ ومشرک قرار پائے بلکہ اس کی ناپاک بات سے تمام سلف صالحین وصحابہ وتابعین بھی مشرک وکافر ٹھہرے بلکہ اس کے غلط حکم سے انبیاء ومرسلین بھی شرک سے نہ بچ سکے بلکہ اسکے باطل فتویٰ سے خود اللہ تعالیٰ بھی مشرک قرار پایا۔

کیونکہ ان سب نصوص وعبارات سے ظاہر ہوگیا کہ ان سب نے ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محفل میلاد منعقد کی اور خود انہوں نے اس محفل پاک میں شرکت کی۔ لہذا اس بیدین بد بخت بکر کے قول سے کوئی بھی مشرک ہونے سے نہ بچ سکا تو اب اس قول بکر کا غلط اور باطل ہونا اور خود اسکا گمراہ بیدین ضال ومضل ہونا آفتاب سے زائد روشن طور پر ثابت ہوگیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۵) جب ان جوابات سے عمر کی بد مذہبی وگمراہی ظاہر ہوگئی تو اسکا عربی مدرسہ کو میٹ دینا اور سکے بجائے انگریزی اسکول کا قائم مقام کر دینا اسکی مزید دین سے آزادی اور مذہب سے بے تعلقی کی بین دلیل ہے۔ لہذا مسلمان ایسے بیدین وگمراہ شخص سے ترک تعلقات کریں، اس کی باتوں کو نہ مانیں، اس کے حکم پر عمل نہ کریں، اسکی صحبت سے بچیں، اس سے سلام وکلام نہ کریں، کہ ایسوں کے متعلق حدیث شریف میں وارد ہے۔ ایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم۔ اور اسلامی عربی مدرسہ کو پھر جاری کریں وراس میں دین پاک کی تعلیم شروع کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۲۲-۱۰۲۳)

کیا فرماتے ہیں علماء دین مسئلہ ذیل میں۔

(۱) زید مولوی اور عالم ہیں، امامت کرتے ہیں داڑھی پر خضاب لگاتے ہیں، کیا خضاب لگانا جائز ہے؟۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یا کسی صحابی نے کیا کبھی خضاب لگایا ہے؟۔

(۲) اگر خضاب لگانا جائز ہے، تو کس قسم کا خضاب جائز ہے؟۔ حوالہ کتب معتبر سے جواب عنایت فرمائیں۔

الجواب

نحمد ونصل علی رسولہ الکریم

(۱) مہندی کا خضاب تو جائز بلکہ مستحب ہے اور سیاہ خضاب مکروہ تحریمی بلکہ حرام ہے۔ بخاری و

مسلم شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ان الیھود و النصاری لا یصبغون فخالفوھم۔ یعنی یہود ونصاری خضاب نہیں کرتے ہیں پس تم ان کی مخالفت کرو یعنی مہندی کا خضاب کرو۔

حضرت شیخ محقق اشعۃ اللمعات میں اسکی شرح میں فرماتے ہیں۔

مراد غیر خضاب بسیاہی ست وخضاب بسیاہی حرام ست وصحابہ وغیرہم خضاب سرخ بحنائی کردند وزرد نیز میکردند ودر خضاب بحنا احادیث وارد شدہ ست وگفتہ اند کہ خضاب بحنا از سیمائے مومناں ست و جواز آن علما متفق علیہ ست وبعضے از فقہا آنرا مستحب داشتہ۔

اس سے سیاہی کے علاوہ خضاب مراد ہے کہ سیاہ خضاب تو حرام ہے، صحابہ کرام وغیرہم مہندی کا سرخ خضاب اور کبھی زرد بھی کرتے تھے اور مہندی کے خضاب کیلئے احادیث وارد ہیں، اور کہا گیا ہے کہ مہندی کا خضاب اہل اسلام کے علامات سے ہے اور علما میں اس کا جواز متفق علیہ ہے، اور بعض فقہا نے اس کو مستحب کہا۔

اور مسلم شریف میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں ہے۔ واجتنبوا السواد۔ یعنی سیاہ خضاب سے پرہیز کرو۔

یعنی خلاصہ کلام یہ ہے کہ مہندی کا خضاب باتفاق جائز ہے اور سیاہ خضاب میں مذہب مختار یہ ہے کہ وہ مکروہ وحرام ہے۔ اسی بنا پر سیاہ خضاب کرنے والے پر حدیث میں وعید شدید وارد ہے۔ ابوداؤد ونسائی شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

یکون قوم فی آخر الزمان یخضبون بھذا السواد کحو اصل الحمام لا یجدون رائحۃ الجنۃ۔

یعنی اخیر زمانہ میں ایک قوم ہوگی جو سیاہ خضاب کبوتروں کے سیاہ پوٹوں کی طرح کریں گے، یہ لوگ جنت کی بو کو بھی نہ پائیں گے۔

ان احادیث اوران کی شرح سے یہ ثابت ہوگیا کہ مہندی کا خضاب تو باتفاق علما جائز ہے اور احادیث وفعل صحابہ کرام سے ثابت ہے اور بعض صحابہ کرام سے جو سیاہ خضاب کا استعمال وارد ہے، وہ صرف مجاہدین وغازیوں کے لئے ہے جنہیں دشمنان دین کے لئے بہ نیت ہیبت اجازت دی گئی، ورنہ

سیاہ خضاب حرام ہے، اس کی ممانعت قول رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم،

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۲۴۔۱۰۲۵۔۱۰۲۶۔۱۰۲۷۔۱۰۲۸۔۱۰۲۹)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین سوالات ذیل میں:

(۱) زانی اور زانیہ اگر زنا کرنے اور کرانے سے باز نہ آئیں تو انکے لئے کیا حکم ہے، اگر ان دونوں میں سے کوئی مرجائے، تو ان کی جنازے کی نماز پڑھنا پڑھانا چاہیے یا نہیں؟۔

(۲) امام مسجد زانی یا زانیہ کے خاندان والوں سے میل جول رکھتا ہے، کیا ایسے کو امام بنانا اور اس کے پیچھے نماز پڑھنے کا حکم شرع ہے یا نہیں، اگر نماز پڑھی دوہرائی نہیں تو ہو جائے گی؟۔

(۳) زید نے کہا کہ امام مسجد ان لوگوں سے میل جول رکھتا ہے جو زانی سے میل رکھتے ہیں اور زانی کے والدین وغیرہ سے میل رکھتے ہیں مگر زانی سے میل نہیں رکھتا ہے، تو اسمیں کیا نقصان ہے۔ بکر نے کہا کہ زانی زنا کو کب چھوڑ سکتا ہے، جب امام مسجد زانی کے خاندان والوں سے اور زانی کے ملنے والوں سے ملتا ہے تو زانی کی اہمیت بڑھ جائے گی، اور کہے گا کہ اب میرا کوئی کیا کر سکے گا، بکر نے کہا میں ایسے امام کے پیچھے نماز نہیں پڑھونگا، مجھے شک ہے، جب ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنے کا فتوی آجائے گا نماز پڑھوں گا،؟۔

(۴) بکر وغیرہ زانی خاندان والوں کو دعوت کرتے ہیں اور تقریب وغیرہ میں بلاتے ہیں جو انکو دعوت اور تقریب وغیرہ میں بلاتے ہیں انکے لئے شریعت کا کیا حکم ہے؟۔

(۵) غیر مسلم نے مسلم سے بغرض ضرورت کچھ روپیہ طلب کئے، مسلم نے کہا روپیہ دینے میں مجھے کچھ انکار نہیں ہے مگر شرط یہ ہے کہ جب تک میرا روپیہ ادا نہ کروگے تب تک فصل ربیع اور فصل خریف میں میرے تمہارے درمیان میں جتنا اناج ٹھہر جائے گا اسی قدر لیا کروں گا۔ اور جب میرا روپیہ ادا کردو گے تم سے اناج لینا موقوف کر دوں گا، غیر مسلم نے اناج دینے کا اقرار کرلیا، اور کہا یہ بات تمہاری مجھے منظور ہے، اس طرح کے لین دین کا شریعت میں کیا حکم ہے؟۔

(۶) اہل محلہ سے کہا جاتا ہے کہ زانی سے زنا چھڑانے کی کوشش کرو اور اسکا حقہ پانی، بھشتی بھنگی

بند کرو تو وہ کہتے ہیں کون بدمعاش سے لڑائی لڑے، اور کون جوتیاں کھائے، ایسی صورت میں اہل محلہ کو کیا کرنا چاہیے۔ اور حکم شرع کیا ہے؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) زانی یا زانیہ کی شرعی سزا سنگسار کرنا یا کوڑے مارنا ہے جب انکا زنا شہادت شرعی سے ثابت ہوجائے، اور یہ سزا دینے کا حق حاکم شرع کو ہے، نہ کہ عوام مسلمین کو۔ ہاں عوام اس سے بغرض تنبیہ اجتناب پرہیز کرسکتے ہیں، اور جب زانی یا زانیہ میں سے کوئی مرجائے، تو اسکی نماز جنازہ پڑھی جائے گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم،

(۲۔۳) امام مسجد کے پیچھے فقط خاندان زانی یا زانیہ سے میل جول رکھنے کی بنا پر نہ نماز پڑھنا شرعا ممنوع ہے نہ وہ نماز قابل اعادہ ہے، قول بکر کوئی شرعی حکم نہیں، وہ اسپر اصرار نہ کرے۔ واللہ تعالیٰ اعلم،

(۴) خاندان زانی سے تو ترک تعلقات کا حکم نہیں، تو انہیں دعوت تقریب میں بلایا جاسکتا ہے، البتہ خود زانی سے ترک تعلقات کیا جاسکتا ہے، واللہ تعالیٰ اعلم،

(۵) ایسا لین دین اور ایسا فصلانا اناج کا تقرر سود ہے، اور سود مطلقا حرام ہے، قران کریم میں ہے۔ و احل اللہ البیع و حرم الربوا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۶) اگر نا قابل برداشت دشواری و پریشانی ہو تو اہل محلہ زانی کا حقہ پانی بھنگی بھشتی کے بند کر دینے کی سزا دے سکتے ہیں، واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۳۰)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین ومفتیان اس مسئلہ میں کہ

بعض حضرات کے یہ فعل کسی حد تک درست ہیں کہ وہ بزرگان دین کے مزارات پر حاضر ہوکر صاحب مزار کو سجدہ کرتے ہیں کیا یہ فعل صحیح ہے؟، اگر سجدہ کا حکم سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کسی کے لئے ہوتا تو سب سے پہلے حضور اقدس کی ذات مقدس کو اس شرف سے نوازا جاتا، لیکن اس بابت کوئی حکم نہیں ہے۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ہماری شریعت میں سوائے خدا کے کسی کو سجدہ جائز نہیں ہے، فتاوی عالمگیری میں ہے۔ ولا
یجوز السجود الا للہ تعالیٰ، لہذا اب کسی صاحب مزار کے لئے بخیال عزت وتحیۃ سجدہ کیا جائے تو و
ناجائز وحرام ہے، اور اگر بہ نیت عبادت سجدہ کیا جائے تو وہ کفر وشرک ہے۔ بالجملہ مزارات بزرگان دین
پر کسی نیت سے سجدہ کرنا جائز نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عز وجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ

(۱۰۳۱_۱۰۳۲_۱۰۳۳_۱۰۳۴_۱۰۳۵_۱۰۳۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسائل ذیل میں۔

(۱)۔ راعی برادری میں پنچائتی نظام صدیوں سے رائج ہے، یہ نظام برادری میں ضبط ونظم اتحاد و
یکجہتی قائم رکھنے نیز تعلقات وتقریباتی امور انجام دینے کے لئے ہے۔ ضبط ونظم توڑنے والوں کی مقررہ
پنچائتی اصولوں کے مطابق تنبیہ وتادیب کرتا ہے، بحمد اللہ چودھریان قوم تعمیر وترقی اور اصلاح کے حامی
ہیں۔ نعوذ باللہ کسی مسلمان کو اچھوت نہیں کہتے، اور نہ زید وغیرہ کو برادری سے خارج یا الگ سمجھتے ہیں
بلکہ زید وغیرہ اس قدیم جماعتی نظام سے خود الگ ہوگئے ہیں۔

(۲)۔ زید اور اس کے چند احباب ایک چودھری کی زمین پر جو دستاویزی ثبوت ملکیت بھی رکھتا
تھا اس کی مرضی کے خلاف تدفین میت کیلئے اپنے چودھری کا مشورہ واجازت ضروری ہے۔ اس لئے قبول
نہ کیا کہ متوفی یا زید وغیرہ اعزو ہاں دفن ہو چکے ہیں اس طرح زید وغیرہ نے ہر دو چودھری کی اجازت و
مشورہ کے خلاف میت دفن کی۔ بعد ازاں تدفین میت کی اجازت نہ ملنے کے سلسلے میں ناراض ہوکر افراد
برادری کو جمع کیا اور لوگوں کو بحوالہ رکاوٹ تدفین میت ابھارا اور پنچائتی نظام وچودھریان سے علیحدہ
ہونے کی ترغیب دلاکر دستخط بھی ثبت کرائے۔ اس معاملہ میں دور بین معاملہ فہم حضرات معقول
اعتراضات کرکے بالآخر کنارہ کش ہوگئے۔ لیکن زید وغیرہ نے چودھریان وپنچائتی نظام کے خلاف ایک
آزاد پارٹی انجمن جمعیۃ الراعی نام سے قائم کرلی اور اطلاعی تحریریں بھی بھیج دیں۔ بعد ازاں ذریعہ اخبار
بیان سوال کیا کہ قوم پر بارہ چودھریان کا اقتدار اب تک کیوں باقی ہے۔ پھر چودھریان نظام کو بوسیدہ

غلط بتاتے ہوئے آزاد پارٹی میں شرکت کی اعلانیہ دعوت دیکر دیدہ ودانستہ افتراق وانتشار پھیلایا گیا، اس
طرح زید وغیرہ کا اصلاح دین ودنیا کی طرف رجوع کرنے کا مقصد تو بلا اجازت تدفین میت اور اسی بناپر
پارٹی بازی سے صاف ظاہر ہے۔ نیز زید وغیرہ کی اصلاحی اصلیت یا سیاست بھی پوشیدہ نہیں۔

(۳)۔ چودھریان وبزرگان قوم نے متفق الرائے ہوکر خانہ ساز پارٹی کا قیام خلاف اصول نیز
برادرانہ نظم ونسق کے خلاف ٹھہرایا، اور زید وغیرہ کو بطور تنبیہ تادیب پہنچائی، حقوق سے محروم کر دیا۔ اور
حساب دستور قدیم تلافی کے طور پیہ لازم شرط عائد کردی کی زید وغیرہ ڈھائی آنہ فی کس نقد پیسہ ادا کریں
اور اپنی سابقہ جگہ واپس ہوں نیز تعمیر وترقی یا کسی اصلاح کیلئے اپنے اپنے چودھریان نظام میں واپس ہوکر
اتفاق رائے سے کوئی قدم اٹھائیں۔ اور اس طرح قوم کا نظام درہم برہم نہ کریں۔ اور دور اندیشی و
مصالحانہ روش سے کام لیں۔

(۴)۔ زید وغیرہ نے اس پر کوئی توجہ کے خلاف اس کے تنبیہ وتادیب کو بذریعہ غلط پروپگنڈیوں
سے مشہور کیا کہ جمیعتی افراد کا چلن بند کر دیا گیا اور انہیں اچھوت سمجھا گیا حالانکہ یہ لوگ ذریعہ تحریر وتحریک
خود علیحدہ ہوئے۔ اور واقعہ یوں ہے کہ ارباب برادری واعزا واقربا سے ان کے سارے تمدنی ومعاشرتی
تعلقات حسب سابق بدستور ہیں، صرف پنچائتی حقوق سے یہ محروم ہیں، اور حسب دستور قدیم ڈھائی آنہ
فی کس تو نقدی پیسہ ادا کر کے پنچائتی حقوق بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اور یہ عمل انکے لئے اختیاری ہے۔
جس سے وہ عمداً گریزاں ہیں۔

(۵)۔ زید وغیرہ نے آٹھ نو ماہ بعد چودھریان پنچائتی نظام کربدنام کرنے کے لئے علمائے کرام
سے اپنے استفتاء میں یہ اظہار کیا کہ چودھریوں نے ہمیں اچھوت سمجھا اور ہمارا چلن بند کرایا نیز بحوالہ
اصلاح اپنی موافقت میں فتاوی حاصل کر کے ایک کتابی شکل میں بقیمت فروخت اور مفت بھی تقسیم کئے۔
اس طرح فتووں کو اپنے پارٹی کیلئے سبب منفعت بنایا لیکن زید وغیرہ اس طرح بھی اپنے مقصد میں
کامیاب نہیں ہو سکے کیوں کہ ایک فتوی میں مسلمانون کو اچھوت کہنا وسمجھنا گناہ بتایا گیا ہے۔ اور جمیعۃ کو
چودھرائیت قایم رکھنے نیز جماعت کے افراد کے طے کردہ قوانین چودھریان کے واسطے بنائے جانے کی
ہدایت دی۔

(۶)۔ بالآخر پنچائتی نظام وپنچائت کے حامیوں نے ارباب انجمن یعنی آزاد پارٹی سے مختلف
ذریعہ وطریقوں سے متعدد بار کوشش کی کہ زید وغیرہ پارٹی بازی وغلط روی کو ترک کریں نیز اگر واقعی تعمیر

وترقی کا کوئی جذبہ یا مقصد اصلاح ہے تو انکی تکمیل پنچایت میں شریک اور بزرگان قوم سے متفق کریں زید وغیرہ نے ان کوششوں اور مدعائے مصالحت ووقت کی اہمیت کو متواتر نظر انداز اور رد کیا پنچائت میں شریک اور شامل ہونے کی بجائے تخریبی روش پر مصر ہیں۔لیکن پنچائتی نظام و پنچائت حامیوں کی بحث وتمحیص اور مفاہمتی پیشکس بالخصوص علمائے کرام کی مذکورہ بالا ہدایت کی وجہ سے ارباب انجمن کے نظریات میں کچھ تبدیلی پائی جاتی ہے۔بیشتر لوگ تو صرف پابندی عہد وحلف میں غلطاں پیچاں ہیں حلف جو کہ انجمن میں رہتے ہوئے دستور العمل کی پابندی کا ہے اور آزاد خیال اور جاہ افراد صرف ضد اور توہین اور سبکی کی وجہ سے دوسروں کو بھی مجبور کئے ہوئے ہیں اور کسی راہ عمل کے ہیں۔اندریں حالات حکم شرع شریف سے آگاہ فرمائیں لہذا خلاصہ سوالات یہ ہے۔

(۱) زید اور اسکے احباب کے لئے ایسی صورت میں قدیم پنچائتی نظام سے علیحدہ ہونا تنبیہ تادیب کے باوجود مخالف انجمن و پارٹی بنانا درست ہے یا نہیں؟۔

(۲) زید اور اسکے چند احباب کی بلا اجازت تدفین میت پارٹی سازی کیلئے پروپگنڈہ قدیم پنچائتی نظام چودھریاں کیخلاف برادری کو ورغلانا اور امادہ بغاوت کرنا افتراق وانتشار پھیلانا کیسا فعل ہے؟۔اپنے اشخاص کیلئے کیا حکم ہدایات ہے؟۔

(۳) چودھریان کا پارٹی اور قیام پارٹی کو غلط قرار دینا زید وغیرہ کی تنبیہ وتادیب وقدیم پنچائتی نظام میں تلافی کے ساتھ واپسی کا حکم درست ہے یا نہیں؟۔

(۴) چودھریان کی تنبیہ وتادیب کو اچھوت سمجھنا نیز چلن بندی سے تعبیر کرنا قدیمی جماعتی نظام سے علیحدہ ہو کر اس سے گریز کرنا کیا مناسب ہے؟۔

(۵) پنچائتی نظام وسرداران قوم کے خلاف اس طرح فتاوی حاصل کر کے پارٹی سازی کے لئے مفید مقصد بنانا کیسا فعل ہے؟۔

(٦) پنچائتی تعمیر وترقی واصلاح کے لئے گفتگو کو متواتر ٹھکرانا، ضد اور احساس توہین وسبکی نیز غیر متعلق عہد وحلف کی بنا پر دوسروں کو مجبور کرنا، نیز مغالطہ میں رکھنا، اور خود بھی پنچائتی نظام کی تعمیر وترقی اصلاح میں شامل وشریک نہ ہونا کیا درست ہے؟۔ایسی صورت میں زید وغیرہ کے لئے خلاصہ طور پر شرعی حکم وہدایت سے آگاہ فرمادیں؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(آ) جس پنچایتی نظام کی بنیاد ترقی واصلاح۔اتحاد واعانت۔اخوت ومساوات اسلامی کیلئے ہو اور اسکے اصول خلاف شرع نہ ہوں حتی کے اس کے تادیبی امور بھی مطابق شرع ہوں تو اگر اس رائی برادری کا نظام واصول ایسا ہی ہے تو زید کا اس سے علیحدہ ہونا اور اسکے خلاف کوئی انجمن بنانا درست نہیں، کہ حقیقۃ اس میں شرع سے علیحدگی اور اسکی مخالفت لازم آتی ہے جو کسی طرح درست نہیں ہوسکتی، اور اگر اس برادری کا کوئی اصول یا تادیبی امر خلاف شرع ہے تو اسکی مخالفت اور اس سے علحدگی نہ فقط درست بلکہ ضروری ہے۔

(۲) زید کو ملک غیر میں اپنی میت کے دفن کرنے کا شرعا کوئی حق حاصل نہیں۔تو زید کا بغیر اجازت مالک کے میت کو دفن کر دینا تو خود شرعی جرم اور اسی شرعی جرم کی بنا پر پارٹی بنانا اور قدیم پنچائتی نظام کے خلاف پروپیگنڈہ کرنا اور برادری میں افتراق وانتشار پیدا کرنا زید کا شرعی جرم ہوا۔تو زید اور اس کے احباب سخت گنہگار ہوئے۔

(۳) چودھریان کا کسی کو کسی شرعی جرم کی بنا پر بعد تادیب پنچائتی نظام میں واپس کر لینا نہ فقط درست بلکہ فعل مستحسن ہے لیکن پیسہ اور روپیہ کا ملی جرمانہ کرنا ناجائز ہے اگر غلطی سے ملی جرمانہ کر دیا تو اس کو واپس کر دے۔واللہ تعالیٰ اعلم

(۴) چودھریان کی تادیب خلاف شرع نہ ہو تو کسی کا اس کو برا کہنا یا اس کے غلط نام دھرنا یا خود انکو مورد الزام بنا کر اتفاق سے گریز کرنا خود شرعی مجرم بن جاتا ہے۔لیکن پنچائتی حقوق حاصل کرنے کیلئے مالی جرمانہ کو دارومدار بنا دینا غلط ہے علاوہ بریں جب تادیب ہی کرنا ہے اور اسکو صرف پنچائتی حقوق تک محدود کر دینے پر بھی تادیب کا فائدہ نہیں ہوتا۔تو پھر اسکو ساری تمدنی ومعاشرتی تعلقات کے ترک کرنے کی سزا دی جائے۔واللہ تعالیٰ اعلم،

(۵) جب پنچائتی نظام خلاف شرع نہ ہو اور سرداران قوم خلاف شرع حکم نہ دیتے ہوں تو انکے خلاف جھوٹے سوالات گڑھ کر غلط فتاوے حاصل کرنا اور انہیں غلط فتاوی کو اپنی پارٹی سازی کی بنیاد ٹھہرانا سخت ممنوع اور قبیح فعل ہے۔

(٦) مصالحت ومفاہمت کو بار بار نظر انداز کرنا اور اسکو ٹھکرا دینا اور ترقی واصلاح کی دعوت کو

مسترد کر دینا اور بجائے شمول پنچائت کے اسکے لئے تخریبی روش اختیار کرنا اور دوسروں کو براہ فریب وحلف لیکن پنچائت کے خلاف پر مجبور کرنا مذموم افعال ہیں اور تعلیم اسلامی کے خلاف محرکات ہیں حاصل کلام یہ ہے کہ زید کی پنچائت سے علیحدگی اور اسکے خلاف نئی پارٹی سازی کی بنیاد اگر وہی ملک میں تدفین میت ہے یا اور کوئی خلاف شرع امر ہے تو زید کی یہ ساری حرکات اور خاصکر افتراق اور نئی پار[ٹی] کی تحریک یقیناً موجب گناہ عظیم ہے۔لہذا اسکو فوراً ایسے قبیح افعال سے باز آ کر قومی نظام میں شامل ضروری ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۳۷_۱۰۳۸_۱۰۳۹)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ذیل کے مسئلہ میں۔

(۱) کچھ روز قبل زید کی شادی بکر کی لڑکی سے ہونا طے پائی۔زید سنی اور بکر وہابی یعنی اہل حدیث ہے۔زید نے جب مذہبی کتابیں دیکھیں، اور علمائے دین سے دریافت کیا تو اس کو یہ بات معلوم ہوئی وہابی اور دیوبندی جو میلاد وقیام نیاز و فاتحہ کو بدعت شرک اور حرام کہتے ہیں۔ان کے یہاں شادی بیاہ کھانا پینا سب ناجائز وحرام ہے۔چنانچہ زید اب بکر کی لڑکی سے شادی کرنے سے انکار کرتا ہے۔اور کے خویش واقارب کہتے ہیں کہ کتنے دنوں سے ایسی شادیاں ہوتی چلی آرہی ہیں۔آج تک کسی عا[لم] مولوی نے ناجائز نہیں کہا۔تم تو ایک نئی بات کہتے ہو۔اس کا ثبوت کیا ہے۔لہذا خدمت میں عرض ہے اس استفتاء کا جواب عام فہم زبان میں قرآن شریف و حدیث شریف کے حوالے کے ساتھ ارسا[ل] فرمائیں۔نیز یہ بھی واضح فرمائیں کہ جن لڑکے و لڑکیوں کی شادی وہابی کے یہاں ہو چکی ہے اسے کیا جائے۔فتوی عام فہم مع سند کے دیں تاکہ زید اپنے خویش واقارب کو سنا کر ان کی تشفی کر سکے۔

(۲) وہابی اہل حدیث و دیوبندی جو میلاد وقیام نیاز فاتحہ کو بدعت حرام و شرک اور ناجائز کہتے ہیں ان کے پیچھے نماز درست ہوگی یا نہیں۔ان سے بچوں کی تعلیم دلوانا ان کے وعظ ونصیحت میں شر[یک] ہونا ان سے سلام وکلام کرنا جائز ہے یا ناجائز؟۔

(۳) صلح کلی کون سا فرقہ ہے اور ان لوگوں کے پیچھے نماز ہوگی یا نہیں، جو ان کے پیچھے نماز پڑھے، اس کے لئے حکم شرعی کیا ہے؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) بدمذہبوں، گمراہوں، وہابیہ، دیوبندیہ، رافضیوں، قادیانیوں وغیرہ گمراہ فرقوں سے بلاشک ترک موالات بلکہ معاملات اٹھنا بیٹھنا ان کے ساتھ کھانا پینا، انکے ساتھ بیاہ شادیاں کرنا، ان سے سلام کلام کرنا۔ان کے پیچھے نماز پڑھنا، ان کی بیمار پرسی کرنا۔ان کے جنازے میں شامل ہونا، سخت ممنوع و ناجائز ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔فلا تجالسوھم ولا تشاربوھم، ولا تواکلوھم ولا تناکحوھم رواہ العقیلی۔ یعنی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تم ان کے ساتھ مت بیٹھو، انکے ساتھ مت پانی پیو، ان کے ساتھ مت کھانا کھاؤ۔ان کے ساتھ مت نکاح کرو۔

دوسری حدیث میں ہے۔ لا تصلوا علیھم ولا تصلوا معھم رواہ ابن حبان، یعنی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انکے جنازے کی نماز نہ پڑھو۔انکے ساتھ نماز نہ پڑھو۔

تیسری حدیث میں ہے۔وان لقیتموھم فلا تسلموا علیھم رواہ ابن ماجۃ، یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تم ان سے ملو تو انکو سلام نہ کرو۔

چوتھی حدیث میں ہے۔وان مرضوا فلا تعودوھم وان ماتوا فلا تشھدوھم رواہ ابو داؤد۔یعنی حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اگر بیمار پڑیں، تو تم پوچھنے نہ جاؤ۔اور اگر وہ مر جائیں تو تم جنازے میں شامل نہ ہو۔

پانچویں حدیث میں ہے۔ ایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم، رواہ مسلم، یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم ان سے الگ رہو، انہیں اپنے سے دور رکھو۔کہ کہیں وہ تمہیں بہکا نہ دیں۔اور وہ تمہیں فتنہ میں نہ ڈالدیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ گمراہوں سے جدا رہنے کی تاکید میں کثیر احادیث وارد جن میں سے چالیس حدیثیں میرے رسالہ ''اسلامی تبلیغ'' میں مع سند کے جمع ہیں۔نیز یہی حکم قران کریم میں بھی ہے۔

فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظالمین۔یعنی یاد آنے پر ظالم قوم کے پاس نہ بیٹھو،

تو جو قوم میلاد وقیام اور ایصال ثواب کو جس کا جواز قرآن کریم اور بکثرت احادیث سے ثابت ہے۔یہ ان کو بدعت حرام وناجائز وشرک کہے، اس سے زائد ظالم قوم کون ہے۔اور حقیقت میں یہ کتنا بڑا

ظلم ہے کہ جن چیزوں کا قرآن وحدیث حکم دے، یہ ظالم وہابی قوم انکو محض اپنی رائے سے ناجائز وحرام اور بدعت وشرک کہتی ہے۔ تو ان ظالموں کے نزدیک ساری امت سلف صالحین، ائمہ مجتہدین، صحابہ وتابعین سب فاسق اور بدعتی ومشرک قرار پائے۔ تو اب صلح کلی وہی لوگ ہیں جو ان قرآن وحدیث کے احکام کے خلاف گمراہوں سے میل جول رکھتے ہیں، اور ان وہابیہ ظالموں کے پاس اٹھتے بیٹھتے ہیں، اور انکو سلام کرنے، ان سے شادی بیاہ کرنے، ان سے اپنے بچوں کو پڑھا کر گمراہ بنانے، انکا وعظ سن کر اپنا عقیدہ بگاڑنے، ان کے پیچھے نماز پڑھکر اپنی نمازوں کے برباد کرنے کی جرأت کرتے ہیں۔ ان کو اپنے ان اعمال سے توبہ کرنی چاہیے۔ اور قرآن وحدیث کے مطابق تمام گمراہوں سے جدا رہنا چاہیے۔ مولی تعالی انکو قبول حق کی توفیق دے۔ واللہ تعالی اعلم۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۴۰۔۱۰۴۱۔۱۰۴۲۔۱۰۴۳)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین اس مسئلہ میں کہ

زید کے چچیرے خسر ریاست جودھپور سے زید کی بیوی کی رخصتی کرانے کے لیے آئے۔ زید نے کہا دو ماہ بعد روانہ کردوں گا، مگر زید کی بیوی بلا اجازت زید کے گھر سے اپنے چچا کے ساتھ اپنے میکہ جودھپور کو چلی گئی، کچھ دن کے بعد زید کے خسر نے زید کے موضع میں آکر برادری کے چند لوگوں کو بلا کر پنچایت مقرر کیا جس میں زید کے خسر نے ظاہر کیا کہ میری لڑکی کو رخصت کرنا نہیں چاہتے ہیں۔ پنچوں نے کہا بغیر اجازت زید کے آپ لڑکی کو کیوں لے آئے۔ لہذا آمد ورفت کا کرایہ زید کو دیجئے، زید آپ کی لڑکی لے جائے گا۔ اس شرط کو دونوں فریقین نے منظور کرلیا مگر جودھپور جانے کے بعد دونوں طرف کا کرایہ روانہ کرنے کے بجائے ایک طرف کا بھی پورا کرایہ نہ روانہ کیا۔ اس وجہ سے زید نے کرایہ واپس کر دیا اور اپنی بیوی کو نہیں لینے گیا۔ پنچوں کی حکم عدولی زید نے کی یا زید کے خسر نے؟۔

(۲) مگر زید کے خسر کے چند عزیز دار زید کے موضع میں رہتے ہیں جو کہ زید کے بھی عزیز ہیں ان لوگوں نے زید کا حقہ پانی بند کرادیا۔ زید نے دریافت کیا کہ کس جرم میں زید کا حقہ پانی بند کیا گیا پنچوں میں سے عبدالرزاق چشتی اور مظہر نے کہا کہ لڑکی پنچ کے سپرد کردی گئی، تو زید نے کہا کہ لڑکی اور لڑکی کے چچا جودھپور میں ہیں تو آپ کے سپرد کب اور کیسے ہوگئی؟۔ مگر ان لوگوں نے زید کی بات کی سماعت

نہیں کی۔ اور زید کے حقہ کو ابھی تک بند کر رکھا ہے۔ تو کیا شرعا زید کا حقہ پانی بند کرنا جائز ہے؟۔

(۳) جب کہ بلاقصور زید کو مجرم قرار دیا جارہا ہے تو زیادتی کرنے والوں پر شرعا کیا حکم ہے؟۔

(۴) اگر زیادتی کرنے والے شرعا مجرم ہیں تو ان پر کیا کفارہ ہونا چاہیے۔ یا کہ توبہ کرنا چاہیے۔

کیا فرماتے ہیں؟۔

محمد اسماعیل، پورہ۔ ضلع اناؤ۔ ۱۴؍اپریل ۱۹۵۶

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) بلاشک پنچوں کی حکم عدولی زید کے خسر نے کی، زید نے نہیں کی۔

(۲) اگر واقعہ یہی ہے تو زید کا بلاکسی قصور کے حقہ پانی بند کردینا پنچوں کا جرم ہے۔ جس کو شرع میں ممنوع قرار دیا ہے۔

(۳) زید جبکہ حقیقۃً مجرم نہیں ہے پھر اس کو زبردستی مجرم ٹھہرانے والے شرعا ظالم لوگ ہیں۔

(۴) ان زیادتی کرنے والوں کو شرعا توبہ بھی کرنی چاہیے۔ اور اپنی زیادتی کی زید سے معافی بھی مانگنی چاہیے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔ ۱۷؍رمضان ۷۵ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۴۴)

محترم جناب مفتی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین وشرع متین ان مسائل میں فتوی دیجئے گا،

ایک مرتبہ رسالہ آستانہ دہلی نے ایک نمبر (غوث پاک نمبر) شائع کیا تھا۔ اس کے ٹائٹل پر حسب ذیل بزرگان دین کے فوٹو شائع کیے گئے تھے۔ اور ان فوٹوؤں کے نیچے یہ عبارت تحریر تھی۔ کہ (یہ عکسی مرقع حضرت شاہ جہاں کے ذاتی کتب خانہ سے حاصل ہوا ہے اور ہم اس کو عقیدت کے ساتھ شائع کررہے ہیں) اسماء گرامی ان بزرگان دین کے جن کے فوٹو شائع کیے گئے تھے اور ان کے اوپر ان کے اسمائے گرامی تحریر ہیں۔

حضرت محبوب سبحانی، خواجہ معین الدین چشتی، خواجہ قطب الدین، بابا گنج شکر، حضرت بوعلی شاہ

پانی پت، حضرت نظام الدین اولیا۔ اب دریافت طلب یہ ہے کہ یہ فعل اڈیٹر رسالہ آستانہ کا شرعا درست ہے؟ جبکہ ہماری شریعت ہر جاندار کی تصویر بنانا اور اس کا مکان میں بخیال برکت رکھنا اور اسکی تعظیم وغیرہ کرنا قطعا حرام قرار دیتی ہے۔ چاہے اس میں کسی نبی یا ولی یا شہید کسی کی تصویر ہو سب کی بابت یکساں حکم ہے۔ اب جو حضرات ایسا فعل کریں اور حکم شریعت سے روگردانی کریں تو انکی بابت کیا حکم ہے۔

نوٹ جس سوال پر استفتاء کیا گیا ہے اور جس رسالہ کا ذکر کیا ہے اس رسالہ کا اصل ٹائٹل بندے کے پاس بغرض ثبوت موجود ہے۔

المستفتی لیاقت حسین انصاری۔ بلاری مراد آباد

۱۳ رمضان المبارک ۷۵ھ

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

بلاشک شریعت مطہرہ نے ہر جاندار کی تصویر بنانے کو ناجائز و حرام قرار دیا ہے۔ حضرات انبیائے کرام و اولیائے عظام کی تصاویر بھی اس حکم سے مستثنی نہیں۔ مکان میں بخیال برکت کسی تصویر کا رکھنا اور اسکی تعظیم کرنا بھی بلاشبہ ممنوع ہے، جو اسکے خلاف کہے اور کسی فوٹو کو شائع کرے اور اس سے عقیدت کی تعلیم دے۔ اور اسکے مکان میں رکھنے کو باعث برکت بتائے۔ وہ سخت گنہگار و مجرم اور مرتکب حرام ہے۔ وہ حکم شرع سے روگردانی کرنے والا ہے۔ اس پر توبہ لازم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۴۵)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ

زید نے حسب ذیل الفاظ میں اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی تعریف کی کہ آپ کے علمی تبحر کو کوئی کیا بیان کرے، عرب و عجم کے علماء انکے علم کا سکہ مان گئے۔ اور فتوی لکھنے میں ان کو وہ کمال حاصل ہوا کہ انکے ہم عصر نامی گرامی علمائے اہلسنت کی مہادیویت ختم ہوگئی۔ اور تنہا وہی مہادیو مانے جانے لگے۔ بکر نے زید کو اس کے اس کلام پر کافر کہہ دیا۔ اور وجہ یہ بتائی کہ مہادیو کہنے سے یہ لازم آرہا ہے کہ زید نے انہیں معبود مانا۔ انہیں سرچشمہ کفر بتایا۔ اور ان سے فتوی پوچھنے والوں کو ان کا پجاری اور فتوی پوچھنے کو پوجا قرار دیا۔ تو سوال یہ ہے کہ زید و بکر کے لئے کیا حکم ہے۔ اور زید کے کلام کی کوئی تاویل ہوسکتی ہے یا

نہیں؟۔ اور ہوسکتی ہے تو کیا ہوسکتی ہے؟، جلد تر واپسی ڈاک سے جواب مرحمت فرمائیں یہ سوال مختلف مقامات پر بھیجا گیا ہے۔

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

صورت مسئولہ میں فی الواقع زید نے بہت زیادتی کی اور سخت ناپاک جملہ اپنی زبان سے نکالا تو اسکو توبہ کرنی ضروری ہے اور اس پر تجدید ایمان و تجدید نکاح کا حکم بھی ہے۔ رہی اس کے کلام میں تاویل تو صریح بات کی تاویل نہیں کی جاتی۔ شفا شریف میں ہے۔ وادعاء التاویل فی لفظ صراح لا یقبل ۔ لہذا بلا تاخیر کے توبہ لازم ہے۔ اور رہا بکر اس نے بھی تشدد سے کام لیا کہ لازم کلام کو اپنی طرف سے پیش کر کے اپنی دبی ہوئی عداوت کا اظہار کیا جو اسکو نہ چاہئے تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۴۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ

ایک سینما کے کھیل کو ٹھیکہ پر لیا جائے۔ تو اس کے منافع کی رقم لائبریری میں جس میں: دینیات کی کتابیں رکھی جاتی ہیں، اور ایک مدرسہ میں جس میں غریب مسلمانون کے بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں، کیا اس سینما کے منافع کی رقم اس لائبریری کی کتابوں کے لئے یا اسی مدرسہ کی امداد کی صورت میں، یا وہ بچے جو غریب ہیں، انکی خدمت کے سلسلہ میں خرچ کی جاسکتی ہے یا نہیں۔ مفصل طریقہ سے بحوالہ کتب وحدیث جواب سے سرفراز فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔ رحیم بخش، مدینہ لائبریری بیکانیر راجستھان

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

سینما لہو و لعب و گانے بجانے کا مجمع ہے، تو اس سے جو منفعت حاصل ہوگی وہ مال خبیث اور حرام ہے۔ فتاوی عالمگیر میں ہے۔ اذا کان الاخذ علی الشرط کان المال بمقابلۃ المعصیۃ فکان الاخذ معصیۃ والسبیل فی المعاصی ردھا وھھنا برد الماخوذ ان تمکن من ردہ بان عرف صاحبہ و بالتصدق منہ ان لم یعرفہ۔

ردالمحتار میں ہے۔ قال مشائخنا کسب المغنیة کالمغصوب لم یحل اخذہ۔ سنیما
منفعت جب مال حرام وخبیث ہے تو مال حرام باوجود تبدیل ملک واختلاف دست بدست کے بھی حرا
ہی باقی رہتا ہے۔

ردالمحتار میں ہے۔ الحرام ینتقل ای ینقل حرمته وان تداولته الایدی و تبد
الاملاك ۔ لہذا منافع سنیما سے دینی کتابیں خرید کر لائبریری میں رکھنا یا مدرسہ کی امداد میں دینا گویا مال
حرام وخبیث سے دینی کتابیں خریدنا اور مدرسہ کی امداد کرنا ہے۔ جو شرعا ممنوع و ناجائز ہے۔ بلکہ مال
خبیث کا مصرف صرف صدقہ ہی کر دینا ہے۔ جو بغیر نیت ثواب کے غریب فقیر کو دے دیا جائے۔

ردالمحتار میں ہے تصدقو بها لان سبیل الکسب الخبیث التصدق اذا تعذر الرد علی
صاحبه ۔ ہاں ان منافع سنیما کو مدرسہ کے غریب طلبہ اور بچوں پر بغیر نیت ثواب صدقہ کر دیا جائے۔ واللہ
تعالیٰ اعلم،

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۴۷)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ
ہمزاد۔ مسمریزم ۔ لوگ ان دو چیزوں کے بھی بہت معتقد ہیں اور بہت لمبی چوڑی باتیں کر
ہیں کہ ہمزاد ایسا کرتا ہے، یوں کرتا ہے، ہزاروں میل کے فاصلہ کی خبر دم زدن میں لاتا ہے۔ ایسے
مسمریزم کے متعلق کہتے ہیں کہ دور دراز کی خبر مسمریزم کے ذریعہ منٹوں میں معلوم ہو جاتی ہے، کیا
مشکل کام ہو مسمریزم کے ذریعہ جلد ہی حل ہو جاتا ہے۔ حاضرات کے متعلق خیال ہے کہ اسکے ذری
بھی دور کے فاصلہ کا حال معلوم ہوتا ہے کوئی چیز کیسی ہی پوشیدگی میں ہو معلوم ہو جاتی ہے۔ غرض کہ ا
تینوں چیزوں کی حقیقت کیا ہے کیا اصل میں یہ بھی کوئی فن اور ہنر سے ہیں انکے متعلق بھی اطمینان بخش
جواب دیا جائے۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ہمزاد، مسمریزم ۔ حاضرات کا مفصل بیان میری نظر سے کسی معتبر کتاب میں نہیں گزرا

اطمینان بخش طریقہ پر انکی پوری حقیقت کا اظہار کس طرح کیا جائے، لیکن اس قدر تو ظاہر ہے کہ لوگوں
کے انکے متعلق قصے مبالغہ آمیز اور بے اصل معلوم ہوتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۴۸-۱۰۴۹)

(۱) تعزیہ داری اور ڈھول تاشہ وغیرہ کے جواز کی کوئی صورت ہے یا یہ چیزیں قطعا منع ہیں گانا
بجانا اور سمع کی حقیقت بھی بتائیے؟۔

(۲) ڈاڑھی کی شرعا تعریف کیا ہے اکثر لوگ ڈاڑھی کترواکر خشخاشی ڈاڑھی رکھتے ہیں ان کے
لئے کیا حکم ہے؟۔

احقر محمد سلیمان معرفت محمد بشیر خلیفہ۔ دھوبی تلائی۔ بیکانیر راجستھان

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) تعزیہ داری اور ڈھول تاشہ اور مونھ اور ہاتھ سے بجانے کے باجے شرعا ممنوع وناجائز ہیں
گانا اور سماع اگر بغیر مزامیر کے ہو اور قواعد موسیقی پر نہ ہو تو جائز ہے۔ اس مسئلہ میں میرا مبسوط رسالہ موجود
ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۲) داڑھی کا منڈوانا تو حرام ہے اور اس کا یکمشت رکھنا واجب ہے تو یکمشت سے کم رکھنا
مکروہ تحریمی ہے جو حرام کے قریب ہے۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں۔

حلق کردن لحیہ حرام است وروش افرنج وہنود وجوالقیان است کہ ایشاں را قلندریہ گویند وگذاشتن
آں بقدر قبضہ واجب است۔

اس عبارت سے ثابت ہو گیا جو لوگ یکمشت سے داڑھی کم رکھتے ہیں یا اس سے کم کو کترواتے
ہیں یا داڑھی کو خشخاشی رکھتے ہیں وہ ترک واجب کے عادی ہو کر فاسق معلن قرار پاتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ
اعلم بالصواب ۲۲۔ جمادی الاخری ۱۳۷۸ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۵۰)

کیا فیصلہ کرتے ہیں علمائے دین اسلام عدالت کی ان باتوں میں کہ

ڈومن میاں ساکن ایچاک نے دریافت کیا مولوی ناظم صاحب حیدری امام مسجد موری جنکشن سے کہ میں اپنی لڑکی کی شادی کرنا چاہتا ہوں موضع کوکی میں آپ شریک ہوسکتے ہیں یا نہیں ؟ مولوی صاحب نے کہا کہ اس گھر میں ابراہیم اپنی بیوی کو طلاق مغلظہ دے کر پھر اپنے پاس رکھے ہوئے ہے عرصہ دو سال کا ہوتا ہے اس کا فتوی سنبھل سے منگوا کر اعلان کر چکا ہوں کہ ابراہیم کو اس عورت سے ہوجانا چاہئے بغیر حلالہ کئے ابراہیم کے لئے وہ بیوی حرام ہے مگر پھر بھی وہ ابھی رکھے ہوئے ہے اسی برادری میں وہ بایئکاٹ ہے اور وہیں تم شادی کرتے ہو ہم شریک نہیں ہوسکتے۔ اس پر ڈومن نے کہا اچھا جب تک ابراہیم بیوی کو جدا نہ کردے پاک نہ کرے میں وہاں شادی ہرگز نہیں کرونگا۔ دوسری لڑکی کی شادی موضع سندری میں جو ہوگی وہ تاریخ مقرر کر لیتے ہیں اس میں شریک ہونگے یا نہیں مولوی صاحب نے وعدہ کیا کہ اس میں ضرور شریک ہونگا لیکن کل ہوکر معلوم ہوا کہ ڈومن نے کوکی والے کو تاریخ دے دیا ہے مولوی صاحب نے اس بستی والے کو ایک خط لکھا کہ اس کو پڑھ کر لوگوں کو سنا دیں مولوی صاحب نے اس خط میں لکھا تھا مسلمانوں ڈومن نے مجھ سے وعدہ کر کے پھر وہی کام کیا جو اس نہیں کرنا چاہئے لہذا میں اس میں شریک نہیں ہوں۔ اس میں شریک ہونا۔ انجمن کے بندھن کو توڑنا شریعت کی دیوار کو گرانا ہے، ڈومن کی روح ناپاک اور دل گندہ ہو چکا ہے، وہ اچھائی کی طرف آنہیں سکتا اگر چہ وہ کتنا ہی قرآن لیکر قسم کھائے۔ اس اعلان کو سنکر کچھ مسلمان شریک اور بہت نہیں شریک ہوئے جس کو قریب دو مہینہ ہوا لیکن ابھی فی الحال ڈومن نے ایک بنگلہ میں پوسٹر چھاپ کر شائع کیا ہے جس میں اصل حقیقت کو چھپا کر یوں لکھا ہے کہ مولوی ناظم حیدری بغیر عدت پورے ہوئے نکاح پڑھاتا ہے لوگوں سے گھوس لیتا ہے آپس میں جھگڑا کراتا ہے منافق ہے شیطان کا چیلہ ہے نہایت گندی باتیں لکھکر پیش امام صاحب کی ذلت اور توہین کی ہے جس کی وجہ کر دیندار مسلمانوں کو نہایت افسوس اور ملال ہے حالانکہ مولوی صاحب خدا کے فضل سے ان سب باتوں سے پاک ہیں۔ پوسٹر میں قریب دس آدمی کا دستخط ہے جس میں ہمارے علاقہ کے تین چار مسلمانوں سے آدمی ہیں۔ لہذا اس جاہل مطلق نے جو اس طرح بے وجہ ایک عالم دین کی ذلت اور توہین کی ہے جس کو نماز روزہ سے بھی واسطہ نہیں، اس کے ساتھ اور اس کے

ساتھی جو دستخط کرنے والے ہیں برادری والے کیسا برتاؤ کریں، ازروئے شریعت کے جواب سے مطلع کیا جائے اگر اس میں پیش امام صاحب کی بھی کوئی غلطی ہو تو اس کو بھی تحریر کیا جائے۔ فقط والسلام

تحریر کنندہ بھیدو میاں کا نٹاڈیہ۔ جیتو میاں۔ کلواڈیہ۔ عبدل میاں۔ محمد اکبر انصاری جوری۔ لال محمد میاں بڑی معدی رانچی مورخہ ۱۲ اپریل ۵۹ء

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

اگر واقعات کی تفاصیل بالکل اسی طرح ہے جس طرح سوال میں مذکور ہے تو اس میں بظاہر امام صاحب کی تو قابل گرفت کوئی غلطی نہیں معلوم ہوتی ہے اور مسمی ڈومن میاں کے ذمہ چند محرمات شرع کا ارتکاب ثابت ہو رہا ہے۔ جس میں تحقیر امام صاحب وتوہین عالم دین کا بہت بڑا جرم ہے۔ تو اس کو جلد از جلد توبہ کرنی چاہئے اور امام صاحب سے غلط الزام اور اتہام کے جرم کی بنا پر معافی طلب کرنی چاہئے اور چونکہ یہ غلط الزامات بذریعہ پوسٹر کے مشتہر کئے گئے ہیں تو ان کی توبہ وصفائی بھی بذریعہ اشتہار کے ہی طبع ہو کر شائع ہونا ضروری ہے کہ۔

حدیث شریف میں وارد ہے۔ توبة السر بالسر والعلانية بالعلانية فقط۔

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ ۲ ذیقعدہ ۱۳۷۸ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۵۱۔۱۰۵۲۔۱۰۵۳۔۱۰۵۴)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین

(۱) موذن کے لئے محلہ میں سب سے عداوت رکھتا ہے اور دونوں میاں بیوی دن بھر لوگوں کی غیبت کرتے ہیں روز یہی کام رکھتے ہیں۔

(۲) پیش امام ایک شخص کو نماز پڑھانے کے لئے کہے اس کو یہ روکنے کا کیا حق رکھتا ہے؟۔

(۳) ہمارے یہاں ایک شخص مسئلہ سے کچھ واقفیت رکھتے ہیں انہوں نے کوئی کام یعنی اذان پڑھنے میں خلاف دیکھا تو۔ مسئلہ کی بات کہنا چاہا تو یہ بولتا ہے چپ رہو، طبیعت کے مطابق کام کرتا ہے، کوئی کہے تو اس کو چپ رہنے کے لئے بولتا ہے، اس مضمون کو غور پڑھنا۔ مولانا کو چپ رہنے کے لئے بولا

تو مولانا نے جواب دیا کہ تو کون ہوتا ہے مسئلہ کی بات کو چپ کرنے والا یہ بات مولانا کے منہ سے
زور سے نکلی تھی، تو ایک دوسرا شخص بولتا ہے کہ اتنے زور زور سے کیوں بولتے ہو تو مولانا نے کہا یہ کو
ہے جو مسئلہ کی بات کہے اس کو چپ کرنے والا اتنی بات کے بعد عشاء کی نماز پڑھنے کے لئے جما
کھڑی ہوگئی سب نماز پڑھنے لگے نماز پڑھنے کے بعد کچھ لوگ تو چلے گئے تھے اور کچھ لوگ رہ گئے
انہوں نے مولانا سے کہا کہ میں جو کہہ رہا تھا سو کتاب میں موجود ہے لہذا مولانا نے کتاب منگ
کتاب دیکھنا شروع نہیں کیا اتنے میں پھر وہی شخص جو کہ مولانا کو بولنے سے منع کرتا تھا وہی شخص پھر
سے ضد کرنا شروع کیا تو عشاء کی نماز کے بعد سے گیارہ بجے کا ٹائم ہوگیا مگر اس نے مولانا سے ضد
میں کمی نہیں کی۔ لہذا اس کا بھی جواب دینا کہ مولانا نے غلطی کی یا کہ اس چپ کرنے والے نے۔

(۴) اسی موذن کے مکان میں ایک معلم رہتے ہیں جو کہ مدرسہ اسلامیہ میں بچوں کو تعلیم
ہیں، یہ معلم صاحب یاد الٰہی بھی کرتے ہیں اور پیری مریدی بھی کرتے ہیں۔ تو لہذا ان پیر صاحب
یہاں کوئی اسی محلہ کا آتا تھا تو اس نے کہا کہ ان کو مت آنے دو اور اگر آنے دیتے ہو تو مکان خالی کر
صاحب نے یعنی معلم صاحب نے مکان خالی کردیا اور اب دوسری جگہ رہتے ہیں تو لہذا ایسے موذن
لئے کیا حکم ہے جواب دیں شریعت کی رو سے؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ایسا شخص جو مسائل سے ناواقف ہو اس کو یہ جرأت کرنا بے علم مسائل بتانا شرعا ممنوع ہے ا
کو کسی عالم کا مقابلہ کرنا بہت بڑی دلیری ہے۔ لہذا ایسے شخص کو موذن رکھنا شرعا نامناسب ہے، او
وہ ایسی بے حیا کو اپنے مکان میں رکھتا ہے تو اس سے احتیاط واجتناب کرنا چاہئے اور خلاف شر
سے منع کرنا اور روکنا ضروری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۵۵-۱۰۵۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسائل ذیل میں۔
(۱) کہ زید نے اپنی لڑکی پر مبلغ ۳ر سو روپیہ عمر سے لیکر اسی کے ساتھ شادی کردی ہے ز

مبارک بھی پڑھتا ہے۔ ازراہ کرم مطلع فرمایا جاوے کہ زید سے میلاد پڑھوانا جائز ہے یا نہیں۔

(۲) زید عشرۂ محرم کو دیگر مواضعات مین جا کر اہل تشیع کی مجالس میں شریک ہو کر مرثیہ سوز وسلام
پڑھتا ہے، اور معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ زید شیعہ حضرات کی تمام حرکات تبرا وغیرہ میں قطعی شریک
کار رہتا ہے یعنی تبرا کہتا ہے۔

سیدنا غوث اعظم پیران پیر دستگیر شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالی عنہ کو برا بھلا کہتا ہے،
رمضان المبارک کی سنت تراویح کا قائل نہیں ہے تینوں خلفاء کو برا کہتا ہے اور اہل تسنن مین شریک ہو کر
سنی بن جاتا ہے اور میلاد پڑھتا ہے۔ ازراہ نوازش مطلع فرمائیے کہ زید سے میلاد پڑھوانا جائز ہے یا نہیں
اور مسلمانوں کو زید کے ساتھ کس قسم کے تعلقات رکھنے چاہئے؟۔ فقط کمترین بکر سنبھل

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

اگر زید میں فی الواقع یہ امور فسق وبدعقیدگیاں ہیں تو اس سے شرعا ترک تعلق کیا جائے اور سلام
وکلام سے اجتناب کیا جائے، اور ایسے شخص سے ہرگز ہرگز میلاد مبارک نہ پڑھوایا جائے، کہ اس میں اس
کی تعظیم واکرام لازم آتا ہے اور شرعا وہ قابل تعظیم واکرام نہیں بلکہ مسلمانوں پر اس کی اہانت وتحقیر لازم
ہے۔ ہدایہ میں ہے۔ والفاسق من اہل الاہانۃ ص ۲۸۶ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۵۷)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ دینی میں کہ
محلّہ کے اندر ۱۰ محرم ۱۳۷۹ھ کو مرثیہ خوانی پر ۴۔۵ لڑکوں نے مسخرا پن کیا، اس پر دوسرے فریق
کو طیش آیا اور نوبت گالی گفتار تک پہونچی، سمجھدار لوگوں نے معاملہ کو رفع دفع کردیا۔ دونوں پارٹیوں کے
ورثاء نے اپنا اپنا اقتدار بھی استعمال میں لاکر ناجائز طریقہ اختیار کیا تھا مگر خیر معاملہ طول نہ پکڑ سکا۔ اس
کے بعد فریق اول نے ایک پارٹی قائم کر کے فریق دوئم سے قطع تعلق کردیا، حتی کہ محفل میلاد میں فریق دوئم
کے ایک عزیز کے یہاں شریک نہ ہوئے، حالانکہ مسجد میں ظہر سے پہلے عشاء تک اعلان کیا گیا اور عشاء
میں یہ بھی کیا گیا کہ ایسا سنا گیا ہے کہ اہل محلہ میلاد میں شریک نہ ہونگے معمولی تنازعہ پر محفل میلاد میں

شریک نہ ہونا بہت بری بات ہے مگر کسی نے کوئی حوالہ نہیں دیا اور نہ شریک ہوئے اس کے بعد
فریق اول کی طرف کھچڑے کے تبرک میں فریق دوئم کے ایک عزیز نے جو مسجد محلہ میں پنجوقتہ
پڑھاتا تھا شرکت نہیں کی اور یہ کہلایا کہ ایک مرتبہ ہم بھی ایسا کرینگے جیسا کہ تم لوگوں نے کیا ہے
میلاد میں شریک نہ ہوئے ہو یہ بات فریق اول کو ناگوار گذری کہ اس فریق نے ایسا کیوں کیا یہ تو
تعداد ہم پلہ بھر کا مقابلہ کررہے ہیں۔ بعد میں فوراً ایسی اسکیم پاس کی کہ پیش امام بغض رکھتا ہے ا
پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں اور اپنا دوسرا امام مسجد مقرر کرلیا، جب کہ سابقہ امام ۲ سال سے مسلسل
اجرت کے پابندی کے ساتھ پنجوقتہ نماز پڑھاتا تھا اور اسی کے جدامجد نے یہ کہکر یہ مسجد محلہ میں تعم
تھی بعد مٹن ونل وحجرا بھی اسی سابقہ امام کے ورثاء کا بنوایا ہوا ہے کیا یہ طرز عمل اہل محلہ کا حد شریعت
ہے یا ناجائز؟ اس نکتہ کے علاوہ جو عرض کیا گیا اہل محلہ کوئی اور اعتراض سابقہ امام بناسکتے ہیں او
کوئی گرفت کرچکے ہیں۔

فضل الدین محلہ دہلی دروازہ

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مسلمانوں سے بلاوجہ شرعی کے قطع تعلق کرنا ممنوع ہے پھر ناجائز بات کو غلط استعمال کرنا
میلاد شریف جیسی متبرک بات سے اجتناب کرنا اور اپنی اسلامی رواداری کے خلاف کوئی طریقہ ا
کرنا خلاف شرع ہے اور مسلمان کی دل آزاری ہے، اور پھر فریق دوئم کا اس کے مقابلہ میں
کارروائی کرنا نامناسب ہے۔ باقی رہا پیش امام کے پیچھے نماز نہ پڑھنا کہ اس امام کی کسی شرعی خا
پر نہیں ہوا بلکہ اس دنیاوی عداوت سے اور ناجائز اختلاف کی بناپر غلط وباطل ہے۔ خصوصاً امام جب
امام جو جدی اعتبار سے امامت کا حقدار ہے۔ اس کا علیحدہ کرنے کا اس کو شرعاً حق حاصل نہیں۔ واللہ
اعلم بالصواب۔ ۲۰ ربیع الاول ۱۳۷۹ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۵۸)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ
جرمانہ جو اصلاح قوم کے لئے ہو یعنی ایسے فعل جو شرعاً ناجائز ہیں ان کو روکنے پر جرمانہ کیا

اور قوم کو ڈرانے کے لئے اور اس روپیہ کو کسی مدرسہ میں جو قوم کے نام سے موسوم ہو لگایا جائے جیسے اس
وقت جو قومی پنچایت قائم کی گئی ہے اور لوگوں کو اسراف اور غلط رسموں سے بچانے کے لئے جرمانے مقرر
کئے ہیں جائز ہیں یا ناجائز؟ کتب معتبرہ کے حوالے سے جواب سے مطلع فرمایا جاوے۔

مولوی حکیم محمد حسین موضع سہرپر گنتہ امروہہ۔ مراد آباد

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

کسی کو مال لیکر سزا دینا جس کا نام عوام نے جرمانہ رکھ لیا ہے یہ شرعاً ناجائز وحرام ہے۔
ردالمحتار میں ہے۔

ان المذهب عدم التعزير باخذ المال فلا يجوز لاحد من المسلمين اخذ مال احد
بغير سبب اقول: وعدم جوازه لما فيه من تسليط الظلمة على اخذ مال الناس فياكلونه ـ

لہذا جن اقوام میں سزا مالی جرمانہ سے کی جاتی ہے وہ ناجائز ہے اور وہ مال خبیث ہے اور مال
خبیث مسجد ومدرسہ میں صرف نہیں کیا جاسکتا۔ اس جرمانہ کا مدرسہ میں صرف کرنا بھی جائز نہیں۔ فقط واللہ
تعالیٰ اعلم بالصواب ۶ ربیع الثانی ۱۳۷۹ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۵۹)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ڈائن۔ جادو۔ سحر کا علم ومنتر کیا
ہے جو کہ جاہل سے جاہل گنوار عورتیں اس کو سیکھ لیتی ہیں۔ ہر ایک بستی میں یہ شکایت ہے کہ فلاں عورت
ڈائن ہے۔ اور ڈائن کہنے کی خاص وجہ یہ ہوتی ہے کہ بعض عورتیں جبکہ جناتی وشیطانی حالت میں ہوتی ہے
وہ جھاڑ پھونک کے وقت کھلاتی ہے (یعنی بکتی ہے) کہ میں فلاں ہوں اور فلاں عورت نے بھیجا ہے جس
سے عام لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے گھر میں جو بیماری یا موت ہوئی ہے ڈائن کے فعل وکرشمہ سے ہوئی
ہے، اس لئے کہ فلاں شب میں ایک بھیجا ہوا کیڑا گھر میں آیا۔ اور چراغ کو بجھادیا۔ بعد کو معلوم ہوا کہ کسی
نے بدن میں سوئی چبھو دیا۔ اسی روز سے بیماری شروع ہوئی۔ اور موت بھی ہوگئی۔ اور جو عامل صاحبان
آتے ہیں وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ ڈائن کا کرشمہ ہے اور ہم ڈائن کو ضرور نکال دیتے مگر آپس میں جنگ

وجدال شروع ہوجائے گا۔ بہرکیف دریافت طلب امر ہے کہ ڈائن ہونے کی شرعا کوئی شناخت ہے
یانہیں اس طرح سے بغیر تحقیق کسی کو ڈائن کہہ دینا شرعا کیسا ہے؟۔ بحوالہ کتب بالتشریح تحریر فرمایا جائے
فقط۔ عبدالکمال پوکھریروی مظفرپوری کیے از خریداری سنی لکھنؤ

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جادو وسحر کے علم اور منتر کا پورا حال معلوم نہیں اس قدر معلوم ہے کہ اس کے اندر الفاظ شرکی ہو
ہیں اور شیاطین وغیرہ خبیث ارواح سے استمداد اور اعانت طلب کیجاتی ہے، اسی بنا پر اسلام نے اس
حرام وناجائز قرار دیا ہے۔ عورت ومرد ہر دو کے لئے شریعت نے اجازت نہیں دی جو عورت اس کو کر
اس کو ڈائن کہتے ہیں یہ عرف ہماری طرف کا نہیں ہے جس طرح جادو وسحر کرنا ناجائز وحرام ہے، اسی طر
لوگوں کو اس کو کرانا بھی ممنوع وناجائز ہے۔ کسی بیماری کو یہ خیال کرلینا کہ فلاں عورت کے فعل سے ہے
بات غلط وخلاف شرع ہے۔ ایسے اعتقادات کرنا غلط ہے اور اس غلط تخیل کی بنا پر آپس میں جنگ وجدا
کرنا سخت جہالت ہے۔ ڈائن کی کوئی شناخت کسی کتاب میں نظر سے نہیں گذری اور بلا ثبوت کے کسی
جادو یا سحر کے کرنے کا الزام لگانا بھی شرعا ممنوع ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۹ رجمادی الاولیٰ ۱۳۷۹ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۶۰۔۱۰۶۱۔۱۰۶۲)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین ان مسائل ذیل میں

(۱) کہ کوٹہ میں ایک مولوی صاحب باہر سے پھرتے پھراتے آگئے ان کا نام مولوی اسرار الحق
صاحب ہے۔ مولوی صاحب نے کوٹہ میں سیرت کمیٹی قائم کی۔ کچھ حضرات نے تھوڑے عرصہ میں ا
مولوی صاحب وسیرت کمیٹی کے ممبران اور ان کے ہمنوا مولوی عبدالغفور صاحب (بوندی والے چھ
قادری) کے کارنامے مذہب اہلسنت کے مطابق نہ پائے تو علیحدگی اختیار کرلی۔ ان کی پارٹی بازی ا
غلط تقریروں کو دیکھتے ہوئے جامع مسجد کوٹہ میں عام طور پر بغیر اجازت تقریر کرنے پر پابندی لگادی گئی
اس پر یہ تمام ممبران برہم ہوگئے حسب معمول عادت ان لوگوں نے تینوں میں تفریق پیدا کر کے متولیا

جامع مسجد کے خلاف بہتان بازیاں شروع کردیں۔ امام جامع مسجد کوٹہ مولوی ضیاء الرحمن صاحب قادری
رضوی حشمتی کے خلاف ان کو مرعوب کرنے کے لئے افترا پردازیوں وبہتان بازیوں سے کام لینے لگے
یہاں تک کہ محلہ ندیشیان کی مسجد کو جو جامع مسجد کوٹہ سے دو سو قدم کے فاصلے پر واقع ہے الگ جامع مسجد
شہر کوٹہ کا اعلان کردیا تا کہ پرانی اسی برس پہلے کی مشہور جامع مسجد سے لوگوں کی توجہ ہٹ جائے تاریخ
۱۴ ر ستمبر ۱۹۶۲ء کو تو اعلان علیحدگی کیا اور ۲۱ ستمبر ۶۲ء کو بروز جمعہ مولوی سلیم اللہ بنارسی کو اپنا مہمان بنا کر اس
مسجد ندیشیان میں جمعہ کا خطبہ پڑھوایا، امام بنایا اور تقریر کروائی جبکہ ان مولوی سلیم اللہ بنارسی کے متعلق
حضرت مولانا محمد اجمل شاہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی مفتی اعظم سنبھل کا فتوی کفر شائع ہوچکا ہے جونوری
کرن ماہنامہ میں ۳۹ مئی ۱۹۶۲ء کو صفحہ بارہ وتیرہ پر موجود تھا۔ اس فتوی مبارکہ کی کوئی اہمیت نہ سمجھتے ہوئے
یہ کارروائی کی گئی۔

(۲) ہر سال عیدگاہ کوٹہ کے علاوہ جامع مسجد کوٹہ میں عید کی نماز ادا کی جاتی ہے مولوی اسرار الحق
وان کے ساتھیوں نے جامع مسجد کے دو سو قدم کے فاصلے پر اہل قریش صاحبان کی مسجد میں نماز عید ادا
کرنے کا اعلان کیا اور اعلان کرایا کہ نماز ال انڈیا صدر مسلم متحدہ محاذ پڑھائینگے اس سے صاف ظاہر ہے
کہ مسلمانوں کو مرعوب کرکے اپنا اقتدار قائم کرنے اور چندہ کمانے کے علاوہ کچھ نہیں۔ متولیان مسجد اہل
قریش نے جدید عیدگاہ قائم کرنے سے انکار کردیا تو اپنے بیس پچیس ساتھیوں کو لیکر ایک مکان میں نماز عید
ادا کی یہ مقام جامع مسجد اہل شہر کوٹہ سے قریب دو سو قدم پر تھا یہاں ان کی تفریق بازی کام نہ آئی۔

(۳) اگر کوئی سنی عالم دین کسی دوسرے مقام پر کوٹہ میں تشریف لے آتے ہیں تو اس نام نہاد
سیرت کمیٹی کے اراکین مخالفت میں غلط افواہیں پھیلا کر لوگوں کو مخالفت پر تیار کر کے لوگوں کو علمائے دین
سے بدگمان کرتے ہیں ایسی حالت میں سنیت کے معاملات میں کافی نقصان پہنچا ہے تفریق بین المسلمین
اہلسنت والجماعت سے مسلمانان کوٹہ پریشان ہیں جلد از جلد حکم شرعی کا اظہار فرما کر عندالناس مشکور
وممنون ہوں۔ المستفتیان۔ مسلمانان اہلسنت والجماعت کوٹہ راجستھان ۳ ر اپریل ۱۹۶۳ء

احقر العباد حافظ محمد ابراہیم قریشی۔ عبدالرزاق۔ ضیاء الرحمن قادری رضوی
الحق حشمتی عفی عنہ۔ فضل الرحمن متولی جامع مسجد کوٹہ۔ محمد ظفر قادری رضوی حشمتی
شمس الدین عفی عنہ

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

تفریق بین المسلمین کرنا شرعا جرم عظیم وممنوع ومذموم ہے قرآن وحدیث میں جابجا اس کی
مذمت وممانعت وارد ہے۔ مندرجہ فی السوال حضرات سے میں کچھ واقف ہوں۔ مجھے امید نہیں تھی کہ ایسی
خلاف شرع حرکت کریں۔ لہذا اگر فی الواقع ان سے یہ فعل صادر ہوا ہے اور اس پر کوئی شہادت شرعی
موجود ہے تو انکا یہ فعل قابل عمل نہیں۔

کہ حدیث شریف میں ہے: لاطاعة لمن لم يطع الله۔

کہ خلاف شرع میں کسی کی اطاعت نہیں۔

دوسری حدیث شریف میں ہے: لاطاعة لا حد في معصية الله۔

یعنی گناہ میں کسی کی اطاعت نہیں۔

تو ان کے ماننے والوں کو اس سے سبق لینا چاہئے یہ ظاہر ہے کہ قدیم جامع مسجد میں جمعہ قدیم
عیدگاہ میں نماز عید عرصہ دراز سے قائم ہے ان کی بلاضرورت شرعی کے مخالفت شرعا جائز نہیں کہ ان میں
جمعہ وعیدین کو کسی پیشوائے دین یا اکثریت مسلمین کو بدنے قائم کیا ہوگا، تو جب ان میں کوئی نقص شرعی نہیں
ہے تو ان کی مخالفت اور جدید جگہ امامت تفریق بین المسلمین ہے جس میں کسی مسلمان کو شرکت نہیں کرنی
چاہئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

محمد اجمل غفی عنہ المفتی فی بلدۃ سنبھل ۲۴ رذیقعدہ ۱۹۸۲ء

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۶۳)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید کہتا ہے کہ خطبہ جمعہ صرف
عربی میں ہونا چاہئے۔ بکر کہتا ہے کہ نہیں مقتضائے زمانہ یہی ہے کہ بعد عربی اس جگہ کی زبان میں خطبہ
پڑھنا چاہئے تاکہ لوگ احکام شرعیہ سے واقف ہوں، زید نے کہا کہ منشاء خطبہ حمد وثنا ہے۔ حضور صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں بھی عجم وغیرہ فتح ہو چکے تھے لیکن حضور نے کبھی وہاں کی زبان میں خطبہ کا
حکم نہیں فرمایا۔ بکر نے کہا کہ حضور کے زمانہ میں قرآن کے اعراب کب لگے تھے۔ یہ باتیں تو زمانہ سے

تعلق رکھتی ہیں جس قدر زمانہ گذرے اسی قدر کام بھی بڑھے۔ زید نے کہا کہ مجدد وقت اعلیٰ حضرت امام
اہل سنت مولانا مولوی شاہ احمد رضا خاں صاحب قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ملفوظات شریف میں
یہی فرمایا ہے کہ خطبہ صرف عربی میں ہو۔ بکر نے کہا کہ انھوں نے کیا دلیل لکھی ہے۔ زید نے کہا کہ اولاً تو
ملفوظات میں دلیل کا سوال ہی بیکار ہے۔ ثانیاً میرے لئے اعلیٰ حضرت کا بے دلیل فرمادینا ہی دلیل ہے
کہ اتنا زبردست محقق کوئی بات بے تحقیق ہرگز نہیں لکھ سکتا۔ اگر آپ کو دلائل ہی مطلوب ہوں تو اعلیٰ
حضرت علیہ الرحمۃ کے فیض رسانیدہ بحمدہ تعالیٰ بہت ہیں ان سے دریافت فرمالیجئے، وہ بحمدہ تعالیٰ دلائل
کے انبار لگادیں گے۔ بکر نے کہا کہ تم ہی دریافت کرو لیکن جواب فقہ سے ہونا چاہئے۔ اگر انھوں نے عقل
سے جواب دیا تو ہم بھی عقل سے ٹھونس ٹھانس کر سکتے ہیں۔ لہٰذا حضور سے التماس ہے کہ جواب شافی
وکافی فرما کر عنداللہ وعندالرسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ماجور وعندالناس مشکور ہوں فقط بینوا توجروا۔

المستفتی، عبد سید الخلائق والبشر محمد ریاض الحسن نیر جودھپوری

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

قول زید قابل عمل اور موافق تحقیق ہے کہ غیر عربی میں خطبہ پڑھنا مکروہ وخلاف سنت متوارثہ
ہے۔ اس کی تائید میں اس وقت چند امور پیش کرتا ہوں تاکہ مسئلہ کما حقہ واضح ہو جائے۔

امر اول۔ زبان عربی کو دیگر زبانوں پر ایک خاص فضیلت حاصل ہے۔ فقہ کی مشہور کتاب ہدایہ
میں ہے:

ان لغة العرب لها من المزية ما ليس لغيرها۔ (ہدایہ ص ۸۶)

بیشک زبان عربی کو دینی فضیلت حاصل ہے جو اور زبانوں کو حاصل نہیں۔

حدیث صحیح مرفوع میں ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

احبو العرب بالثلث فاني عربي و كلام الله عربي ولسان اهل الجنة عربي۔
(موضوعات کبیر ص ۵۵)

تم عرب کو تین باتوں کی وجہ سے محبوب رکھو ایک یہ کہ میں عربی ہوں دوسرے یہ کہ کلام اللہ عربی
ہے تیسرے یہ کہ اہل جنت کی زبان عربی ہے۔

اس حدیث شریف سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ زبان عربی کو اس درجہ فضیلت حاصل ہے کہ اسی کو

اہل جنت کی زبان بنادیا جائیگا۔

نیز یہ بھی ثابت ہے کہ قبر میں میت سے اسی زبان عربی میں سوال وجواب ہوگا۔

چنانچہ علامہ جلال الدین سیوطی نے شرح الصدور میں نقل فرمایا۔

سئل الحافظ ابن حجر عن ذلك فقال ظاهر الحديث انه بالعربي ۔

(شرح الصدور ص ۶۱)

حافظ ابن حجر سے یہ سوال کیا گیا کہ قبر میں میت سے کس زبان میں سوال وجواب ہونگے فرمایا ظاہر حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عربی میں ہونگے۔

علامہ شامی نے ردالمحتار میں نقل فرمایا۔

رائيت فى الولو الجية فى بحث التكبير بالفارسية ان التكبير عبادة الله تعالىٰ والله تعالىٰ لا يحب غير العربية ولهذا كان الدعاء بالعربية اقرب الى الاجابةفلا يقع غير ها من اللغات فى الرضا والمحبة لها مو قع كلام العرب ۔

(شامی جلد ۱ ص ۳۶۵)

میں نے کتاب ولوالجیہ کی بحث تکبیر بالفارسیہ میں دیکھا کہ تکبیر اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے اور اللہ تعالیٰ غیر عربی کو محبوب نہیں رکھتا اسی لئے دعاء کا عربی زبان میں ہونا اجابت کے لئے قریب تر ہے تو عربی کے سوا اور زبانیں رضا ومحبت میں کلام عربی جگہ پر واقع نہ ہوں گی۔

ان عبارات سے صاف طور پر معلوم ہوگیا کہ زبان عربی کو باقی زبانوں پر ایک خاص فضیلت حاصل ہے کہ اس میں کلام الٰہی نازل ہوا یہی اہل جنت کی زبان ہوگی قبر میں سوال جواب اسی میں ہوگا یہی زبان اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب وپسندیدہ ہے۔ اس مضمون میں بکثرت تصریحات نقل کی جاسکتی ہیں۔

امر دوم: جو عربی زبان پر قادر ہے اس کا فارسی یا اردو وغیرہ زبانوں میں قرأت کرنا اس میں حضرت امام محمد وامام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہما کا یہی مذہب ہے کہ غیر عربی میں نماز اور غیر نماز میں قرأت جائز نہیں ہے اور حضرت امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ مروی ہے کہ جائز ہے لیکن امام صاحب نے ان دونوں حضرات کے قول کی طرف رجوع فرمایا۔

رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمہ میں ہے۔

قال ابو حنيفة ان شاء قرأ بالعربية وان شاء بالفارسية وقال ابو يو سف ومحمد ان

كان يحسن الفاتحة بالعربية لم يجزئه بغيرها ۔ (رحمۃ الامہ ص ۴۴)

امام اعظم نے فرمایا اگر چاہے عربی میں قرأت کرے اور اگر چاہے فارسی میں قرأت کرے اور امام یوسف وامام محمد نے فرمایا اگر سورۂ فاتحہ عربی میں خوب پڑھ سکتا ہے تو اس کو غیر عربی میں پڑھنا کفایت نہ کریگا۔

علامہ شعرانی میزان الشریعۃ میں فرماتے ہیں۔

ومن ذلك قول الامام ابى حنيفة انه ان شاء المصلى قرأ بالفاسية وان شاء قرأ بالعربية مع قول ابى يوسف ومحمد ان كان يحسن الفاتحة بالعربية لم يجزئه غير ها الىٰ ان قال قال بعض اصحاب ابى حنيفة انه صح رجوعه الى قول صاحبيه ۔

(میزان مصری جلد ۱ ص ۱۴۳)

منجملہ ان کے امام اعظم کا یہ قول ہے کہ نمازی اگر چاہے فارسی میں قرأت کرے اور اگر چاہے عربی میں قرأت کرے مع امام ابو یوسف وامام محمد کے اقوال کے کہ اگر سورۂ فاتحہ عربی میں اچھی طرح پڑھ سکتا ہے تو اس کو غیر عربی میں پڑھنا کافی نہ ہوگا یہاں تک کہ بعض احناف نے کہا کہ صاحبین کے قول کی طرف امام صاحب کا رجوع فرمانا صحت کو پہنچا ہے۔

تفسیر احمدی میں ہے۔

ابو يو سف ومحمد والشافعى فلم يجوزوا القرأة بالفارسية الا فى حالة عدم القدرة على العربية بخالف ابى حنيفة فانه جوز ها فى الحالين حجتهماهو وصف القرآن بالعربية فى قوله تعالىٰ قرأنا عربيا (الى ان قال) فينبغى ان لايجوز الا بلسان عربى وقد صحح رجوعه الى قولهما وعليه الاعتماد ۔

(تفسیر احمدی ص ۳۲۶)

امام ابو یوسف، امام محمد، اور امام شافعی قرأت کو فارسی میں جائز نہیں قرار دیتے ہیں مگر عربی میں قدرت نہ ہونے کی صورت میں برخلاف امام اعظم کہ وہ دونوں حالتوں میں جواز کے قائل تھے، صاحبین کی دلیل قرآن کا عربی زبان میں نزول ہے، لہذا سوا عربی زبان کے جائز ہی نہ ہو۔ اور صاحبین کے قول کی طرف امام اعظم کا رجوع کرنا صحت کو پہنچا اور اسی قول پر اعتماد ہے۔

اسی طرح ہدایہ میں اس اختلاف کو ذکر فرماتے ہوئے حضرت امام کے رجوع کرنے کی تصریح

کرتے ہیں۔

ویروی رجوعه فی اصل المسئلة الی قولهما وعلیه الاعتماد۔

(ہدایۃ جلد ا ص ۸۶)

اور صاحبین کے قول کی طرف امام صاحب کا اصل مسئلہ میں رجوع کرنا مروی ہے اور اسی پر اعتماد ہے۔

تنویر الابصار و در مختار میں ہے۔

قرأ بها (بالفارسیة) عاجزا فجائز اجماعا قید القرأة بالعجز لان الاصح رجوعه الی قولهما وعلیه الفتوی ۔

(از شامی جلد ا ص ۳۳۹)

فارسی میں بحالت عجز قرأت کی تو باتفاق جائز ہے قرأت میں عجز ہونے کی قید اس لئے زائد کی کہ صاحبین کے قول کی طرف امام صاحب کا رجوع کرنا صحیح ہے اور اسی پر فتوے ہے۔

ان عبارات سے ظاہر ہوگیا کہ قول مفتی بہ صاحبین کا قول ہے اور حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے صاحبین کے قول کی طرف رجوع فرمایا بلکہ امام صاحب کا اصح قول ہی یہ ہے کہ غیر عربی میں قرأت جائز نہیں ہے۔

تفسیر احمدی میں ہے:

ثم الاصح من قول ابی حنیفة ان نظم القرآن رکن لازم فی صلوة حتی لا یجوز قرأة القرآن بغیر العربیة بغیر عذر وان کان قد اجاز بالعبارة الفارسیة فی حالة العذر وذلک القرآن اسم للنظم والمعنی جمیعا لا للمعنی فقط سواء کان فی الصلوة او غیر ها وهو قولهما وقد صحح انه رجع الیه ابو حنیفة وکیف لا یکون وقد وصف الله القرآن بکونه عربیا ولا یدری ما قال ابو حنیفة او لا من عدم لزوم النظم العربی۔

(تفسیر احمدی ص ۳۹۶)

اصح قول امام اعظم یہ ہے کہ نظم (لفظ) قرآن نماز میں رکن لازم ہے یہاں تک کہ بلا عذر غیر عربی میں قرآن کریم کی قرأت جائز نہیں ہے اگرچہ عذر کی حالت میں فارسی عبارت کے ساتھ جائز رکھا اور یہ اس لئے کہ قرآن نظم اور معنی دونوں کا نام ہے نہ فقط معنی کا برابر ہے کہ نماز میں ہو یا غیر نماز میں اور

یہی صاحبین کا قول ہے اور اس قول کی طرف امام کا رجوع کرنا صحیح ہوا اور یہ کیونکر نہ ہوگا اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو عربی ہونے کے ساتھ موصوف کیا ہے اور امام اعظم نے جو پہلے عربی نظم کے غیر لازم ہونے کو فرمایا وہ نہیں جانا گیا۔

مراقی الفلاح میں ہے:

ولا قرأته بها فی الاصح فی قول الامام الاعظم موافقة لهما لان القرآن اسم للنظم والمعنی ۔ (طحطاوی ص ۱۶۳)

اور نمازی کا فارسی میں قرأت کرنا امام اعظم کے صحیح قول میں جائز نہیں اور یہ قول صاحبین کے قول کے موافق ہے اس لئے کہ قرآن نظم اور معنی دونوں کا نام ہے۔

طحطاوی میں اسی کی شرح میں فرماتے ہیں۔

وعلیٰ هذا القول الفتوی۔ (طحطاوی ص ۱۶۳)

اسی قول پر فتوے ہے:

ان عبارات سے نہایت واضح طور پر ثابت ہوگیا کہ بلا عذر زبان پر قادر کے لئے سوائے عربی کے فارسی یا کسی اور زبان میں نماز اور غیر نماز میں قرأت جائز نہیں یہی مفتی بہ قول ہمارے ائمہ ثلاثہ سے منقول ہے۔

امر سوم: تکبیر افتتاح تسمیہ ذبح اور نماز کے تمام ذکر ثنا تعوذ، درود شریف، دعاء، تسبیح وغیرہ یہ سب چیزیں صاحبین کے نزدیک غیر عربی میں اس وقت جائز ہیں کہ وہ عربی سے عاجز ہو اور امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ سب چیزیں عربی پر قادر ہوتے ہوئے بھی غیر عربی میں جائز ہیں

ہدایہ متن بدایہ میں ہے۔

فان افتتح الصلوة بالفارسیة او قرأ فیها بالفارسیة او ذبح وسمی بالفارسیة وهو یحسن العربیة اجزأه عند ابی حنیفة وقالا لا یجوز به ۔ (ہدایہ صفحہ ۸)

اگر فارسی سے نماز شروع کی (یعنی تکبیر تحریمہ بزبان فارسی کہہ کر شروع کی) یا نماز میں فارسی کے ساتھ قرأت کی یا ذبیحہ پر فارسی میں تسمیہ کہا اور وہ عربی جانتا ہے تو امام صاحب کے نزدیک اس کو کافی ہے اور صاحبین نے کہا اسے کافی نہیں۔

ردالمحتار میں ہے۔

اما صحة الشروع بالفارسية و كذ اجميع اذكار الصلوة فهي على الخلاف فعنده تصح الصلوة بها مطلقا خلا فالهما ۔ (شامی جلد اص ۳۶۶)

لیکن بزبان فارسی تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز کے شروع ہو جانے کی صحت اور ایسے ہی نماز کے سب ذکر یہ سب اسی خلاف پر ہیں کہ امام صاحب کے نزدیک مطلقا فارسی سے نماز صحیح ہو جائیگی بخلاف صاحبین کے کہ ان کے نزدیک صحیح نہ ہوگی۔

جوہرہ نیرہ شرح قدوری میں ہے۔

ولو افتتح بالفارسية وهويحسن العربية اجزاه عند ابی حنيفة ويكره عند هما لا يجزئه الا اذا كان لا يحسن العربيه۔ (جوہرہ نیرہ ص ۵۰)

اگر نماز فارسی میں شروع کی اور وہ عربی کو جانتا ہے تو امام صاحب کے نزدیک جائز مکروہ ہے اور صاحبین کے نزدیک کافی نہیں مگر جب عربی کو اچھی طرح نہ جانتا ہو۔

ان عبارات سے معلوم ہوگیا کہ امام اعظم علیہ الرحمۃ ان سب چیزوں کو بلا عجز غیر عربی میں جائز کہتے ہیں اور ان کے متعلق صاحبین کے قول کی طرف امام صاحب کا رجوع ثابت نہیں چنانچہ شامی میں ہے۔

انما المنقول انه رجع الى قولهما فی اشتراط القراة بالعربية الا عندالعجز واما مسئلة الشروع فلامذكور فی عامة الكتب حكاية الخلاف فيها بلا ذكر رجوع اصلا ۔ (شامی جلد اص ۳۴۰)

امام صاحب کا صاحبین کے قول کی طرف رجوع کرنا جو منقول ہے وہ بغیر عجز قرأت کو عربی کے ساتھ شرط کرنے میں ہے لیکن نماز کے شروع کرنے کا مسئلہ عام کتابوں میں اس میں بھی ان کے مابین وہی اختلاف مذکور ہے اور رجوع کا ذکر بالکل نہیں ہے۔

لہذا امام اعظم علیہ الرحمۃ کے نزدیک ان باتوں میں جواز ہی معتبر ہے لیکن یہ جواز بکراہت ہے جیسا کہ ابھی جوہرہ نیرہ کی عبارت میں گذرا اور طحطاوی حاشیہ مراقی الفلاح میں اس کراہت کو کراہت تحریمی قرار دیا۔

يصح الشروع عنده بغير العربية ولو كان قادرا عليه مع الكراهة التحريمة۔

(طحطاوی ص ۱۶۳)

امام صاحب کے نزدیک نماز کا غیر عربی کے ساتھ شروع کرنا صحیح ہے اگر چہ عربی پر قادر ہو مع اس بات کے کہ قادر کے لئے ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

شامی میں ہے۔

والظاهر ان الصحة عنده لا تنفی الكراهة وقد صرحو ابها فی الشروع واما بقية اذكا ر الصلوة فلم ار من صرح فيها بالكراهة سوى ما تقدم ولا يبعد ان يكون الدعاء بالفارسية مكروها تحريما فی الصلوة وتنزيها خارجها ۔

(شامی ص ۳۶۶)

یہ ظاہر بات ہے کہ امام صاحب کے نزدیک صحیح ہو جانا، اس کی کراہت کی نفی نہیں کرتا اس کی مسئلہ شروع نماز میں فقہا نے تصریح بھی کی ہے لیکن نماز کے باقی ذکر تو ان میں میں نے کراہت کی تصریح نہیں دیکھی سوا جو مقدم ہو چکا اور بعید نہیں ہے کہ فارسی کے ساتھ نماز میں مکروہ تحریمی ہو اور خارج نماز میں مکروہ تنزیہی ہو۔

ان عبارات سے واضح ہوگیا کہ تکبیر افتتاح، تسمیہ ذبح، اذکار نماز و دعا وغیرہ کو عربی زبان میں پر قادر ہو کر غیر عربی میں پڑھنا صاحبین کے نزدیک ناجائز اور امام اعظم علیہ الرحمہ کے نزدیک بعض مکروہ تحریمی اور بعض مکروہ تنزیہی ہیں۔ حاصل کلام یہ ہے کہ خطبہ کا عربی زبان پر قادر ہو کر غیر عربی میں پڑھنا بھی صاحبین کے نزدیک ناجائز اور حضرت امام اعظم علیہ الرحمۃ کے نزدیک بکراہت جائز ہے۔

ردالمحتار میں ہے۔

لم يقيد الخطبة بكونها بالعربية اكتفاء بماقدمه ، فی باب صفة الصلوة من انها غير شرط ولو مع القدرة على العربية عنده خلافا لهما بحيث شرطا ها الا عند العجز كالخلاف فی الشروع فی الصلوة ۔ (شامی جلد اصفحہ ۵۶۷)

مصنف نے خطبہ کے عربی میں ہونے کی قید نہیں لگائی اس لئے کہ باب صفۃ الصلوۃ میں بیان گذر چکا کہ امام صاحب کے نزدیک عربی میں ہونا شرط نہیں اگر چہ وہ عربی پر قادر نہ ہو بخلاف صاحبین کے کہ انھوں نے عربی کو شرط کیا ہے مگر بوقت عجز کے اور یہ خلاف نماز کے شروع کرنے کے اختلاف کی طرح ہے۔

درمختار میں ہے۔

وعلی ھذا الخلاف الخطبة مع اذکار الصلوۃ ۔ (ردالمحتار جلد ا ص ۳۳۹)

اورامام اعظم وصاحبین کا اختلاف خطبہ اور تمام نماز کے اذکار کو غیر عربی میں پڑھنے
اختلاف ہے۔

ہدایہ میں ہے۔والخطبة والتشهد علی ھذا الخلاف ۔(ہدایہ ص ۸۶)

خطبہ اورتشہد کا غیر عربی میں پڑھنے کا حکم امام وصاحبین کے مابین اسی طرح مختلف فیہ ہے

ان عبارات سے نہایت روشن طور پر ثابت ہوگیا کہ عربی زبان پر باوجود قدرت کی
فارسی اردو وغیرہ زبانوں میں خطبہ پڑھنا صاحبین کے نزدیک ناجائز اور حضرت امام صاحب کے
بکراہت جائز ہے علاوہ بریں خطبہ کے غیر عربی اردو فارسی وغیرہ میں ہمیشہ پڑھنے کی عادت
اور موانع بھی ہیں۔

اول یہ ہے کہ زبان عربی کو ایک خاص فضیلت حاصل ہے کہ یہ زبان اللہ تعالیٰ کی محبوب
ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبوب زبان اہل جنت کی زبان ہے، مرنے کے
زبان ہو جائیگی کلام اللہ واحادیث وفقہ وغیرہ تمام مذہبی کتابیں اصلا اسی زبان میں ہیں لہذا
میں خطبہ کا ہونا زیادہ بہتر ہے مسلمان اپنی مذہبی ضروریات کے لئے حقیقۃ عربی کا بہت محتاج
دنیوی ضرورت کے لئے انگریزی ہندی وغیرہ زبانیں سیکھی جاتی ہیں۔تو کیا دینی ضروریات کو ا
اہمیت نہیں ہندوؤں کو دیکھو کہ وہ اردو کو چھوڑ کر ہندی زبان کا کس قدر رواج دے رہے ہیں
مدعیان اسلام اپنی مذہبی زبان کو مٹانے کی فکر میں ہیں آج اردو میں خطبہ پڑھنے کی کوشش ہو رہی
نماز اور دیگر عبادات میں بھی یہ سعی کی جائے گی العیاذ باللہ۔

دوم زبان اقدس اور دور صحابہ میں بکثرت بلاد عجم فتح ہوئے اور وہیں جمعے قائم ہو
باوجود ان کے احتیاج تعلیم کے خطبوں کا ان کی عجمی زبان میں پڑھنا ثابت ہے

میزان الشریعۃ میں حضرت امام شعرانی فرماتے ہیں۔

فان الباب لم یفتحه الشارع فلیس لاحد ان یفتحه ۔(میزان جلد ا صفحہ ۱۴۳)

جو دروازہ شارع اسلام نے نہیں کھولا ہے تو کسی کو یہ حق نہیں ہے کہ اس دروازے کو کھو

سوم قرون ثلٰثہ زمانہ سلف وخلف میں آج تک کہیں خطبہ کا غیر عربی میں پڑھنے کا اہتم

ہوا تو آج اس سنت متوارثہ اور طریق مسلمین کی کیوں مخالفت کی جائے۔

ہدایہ میں اسی بحث میں تو بحالت عجز بھی یہ حکم دیا گیا۔

یجوز عند العجز الا انه یصیر مسیا لمخالفة السنة المتوارثة ۔

(ہدایہ ص ۸۶)

عربی سے عاجز ہو کر غیر عربی میں پڑھنا جائز ہے مگر وہ سنت متوارثہ کی مخالفت کی وجہ سے گنہگار ہوگا۔

چہارم خطبہ عبادت الٰہی ہے اور اللہ تعالیٰ غیر عربی کو محبوب نہیں رکھتا۔لہٰذا خطبہ کا عربی میں ہونا اولیٰ ہوا اور غیر عربی میں خلاف اولیٰ۔

چنانچہ شامی میں ولوالجیہ کی بحث تکبیر بالفارسیۃ سے ناقل ہیں۔

ان التکبیر عبادۃ اللہ تعالیٰ واللہ تعالیٰ لا یحب غیر العربیة ۔

(شامی جلد ا ص ۳۶۵)

تکبیر اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے اور اللہ تعالیٰ غیر عربی کو محبوب نہیں رکھتا۔

پنجم: خطبہ میں قرأت قرآن سنت ہے اور ادائے سنت کے لئے کم از کم ایک آیۃ کی تلاوت تو کی جائے گی۔چنانچہ شامی میں اس کی تصریح صاف موجود ہے۔

فالاخبار قد تواترت ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

اس میں حدیثیں متواتر وارد ہو چکیں ہیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(یہ جواب ناقص ہی دستیاب ہوا)

کتاب الفرائض

﴿۸۶﴾

باب المیراث

مسئلہ (۱۰۶۴)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ
مسماۃ علیمن کا انتقال ہوا اور اس نے ایک ''زوج'' مسمی غریب اللہ اور ایک ''اب'' مسمی قدرت اللہ اور ایک ''ابن'' مسمی کرامت اللہ اور ایک ''بنت'' مسماۃ اصغری ورثہ چھوڑے۔اس کے بعد کرامت اللہ کا انتقال ہوا۔اس نے ایک ''اب'' مسمی غریب اللہ اور ایک خاتون اخیافی مسماہ اصغری بیگم ورثہ کو چھوڑا اور بعدہ مسماۃ اصغری کا انتقال ہوا۔اس نے ''جد فاسد'' مسمی قدرت اللہ اور دو چچا مسمیاں ''تولا و بھولا'' ورثہ چھوڑے۔شرع شریف میں مسماۃ علیمن کا ترکہ کس طرح تقسیم ہوگا؟۔بینوا توجروا

الجواب

مسماۃ علیمن — مسئلہ:-۱۲ × ۳ = ۳۶ × ۲ = ۷۲

زوج	اب	ابن		بنت
غریب اللہ	قدرت اللہ	کرامت اللہ		اصغری
۳	۲	۱۴	۷	۷
۹	۶			
۱۸	۱۲			

مسمی کرامت اللہ — مسئلہ ۱ — مافی الید ۱۴

اب	اخت اخیافی	جد فاسد
غریب اللہ	اصغری	قدرت اللہ
۱	م	م

۱۴ ۱۴

۲۸

۲۸

مسماۃ اصغری مسئلہ ۲ × ۷ = ۱۴ وفق ۲ مافی الید

جد فاسد	عم	عم
قدرت اللہ	تولا	بھولا
م	۱	۱
	۷	۷

الاحیاء

غریب اللہ	قدرت اللہ	تولا	بھولا
۴۶	۱۲	۷	۷

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

بعد ما یجب علی الارث بشرط صدق بیان سائل وبشرط خلو از موانع ارث کل ترکہ ۷۲ پر منقسم ہوا۔ مسمی غریب اللہ کو ۴۶ سہام، اور قدرت اللہ کو ۱۲ سہام اور مسمی تولا کو ۷ سہام اور مسمی بھولا کو ۷ سہام پہنچتے ہیں۔ اور مسمی قدرت اللہ، مسمی کرامت اللہ اور مسماۃ اصغری دونوں کے ترکہ سے محروم ۔ اور اصغری اپنے اخیافی بھائی کرامت اللہ کے ترکہ سے محروم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل، العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۶۵)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسمی چھوٹے کا انتقال ہوا اس نے ایک اپنی مسماۃ نیازن اور ایک لڑکا مشتاق اور دو لڑکی شبیرن وسعیدن چھوڑے۔ پھر مسماۃ سعیدن کا انتقال انھوں نے اپنی ماں نیازن اور ایک اخ مشتاق اور ایک بہن بشیرن اور دو چچا مناخاں چناخاں چھوڑ اور اس کے بعد مسمی مشتاق کا انتقال ہوا اور اس نے اپنی ماں نیازن کو ایک بہن شبیرن اور دو چچا منا وچناں خاں چھوڑے۔ اس کے بعد مسماۃ نیازن کا انتقال ہوا۔ اس نے اپنا خاوند مناخاں اور ایک ابراہیم اور ایک لڑکی شبیرن چھوڑے پھر اس کے بعد مسماۃ شبیرن کا انتقال ہوا۔ اس نے اپنا خاوند اور ایک اخیافی بھائی ابراہیم اور دو چچا مناخاں وچناخاں چھوڑے۔ اب دریافت طلب یہ امر ہے

روئے شرع اس کے حصے کتنے کتنے ہوئے مفصل تحریر فرمائیے۔

الجواب

چھوٹے مسئلہ ۳۲ × ۱۸ = ۵۷۶ × ۶ = ۳۴۵۶ × ۲ = ۶۹۱۲ × ۶ = ۴۱۴۷۲

زوجہ	ابن	بنت	بنت
نیازن	مشتاق	شبیرن	سعیدن
۴ / ۷۲ / ۴۳۲	۱۴ / ۲۵۲	۷ / ۱۲۶ / ۷۵۶ / ۱۵۱۲	۷

سعیدن میت مسئلہ ۶ × ۳ = ۱۸ تباین مافی الید ۷

ام	اخ	اخت	عم	عم
نیازن	مشتاق	شبیرن	مناخاں	چناخاں
۱ / ۲۱ / ۱۲۶	۱۰ / ۷۰	۵ / ۳۵ / ۲۱۰ / ۴۲۰	م	م

مشتاق میت مسئلہ ۶ مافی الید ۳۲۲

ام	اخت	عم	عم
نیازن	شبیرن	مناخاں	چناخاں
۲ / ۶۴۴	۳ / ۹۶۶ / ۱۹۳۲	۱۶۱ / ۳۲۲ / ۱۹۳۲	۱۶۱ / ۳۲۲ / ۱۹۳۲

نیازن میت مسئلہ ۴ توافق بالنصف مافی الید ۱۲۰۲

زوج	ابن	بنت
مناخاں	ابراہیم	شبیرن
۱ / ۶۰۱ / ۳۶۰۶	۲ / ۱۲۰۲ / ۷۲۱۲	۱ / ۶۰۱

شبیرن میت مسئلہ ۶ تباین مافی الید ۴۴۶۵

زوج	اخ اخیافی	عم	عم
عیوض	ابراہیم	مناخاں	چناخاں
۳ / ۱۳۳۹۵	۱ / ۴۴۶۵	۱ / ۴۴۶۵	۱ / ۴۴۶۵

الاحیاء

مناخاں	چناخاں	ابراہیم	عیوض
۱۰۰۰۳	۶۳۹۷	۱۱۶۷۷	۱۳۳۹۵

بعد تقدیم ما یجب علی الارث بشرط خلواز موانع ارث وانحصار ورثہ در مذکورین وبشرط
صدق بیان سائل ترکہ مسمی چھوٹے (۶۱۶۷۲) سہام پر منقسم ہوگا۔ مسمی مناخاں کو (۱۰۰۰۳) سہام
مسمی چناخاں کو (۶۳۹۷) سہام اور مسمی ابراہیم کو (۱۱۶۷۷) سہام اور مسمی عیوض کو (۱۳۳۹۵) سہام
ملتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۶۶) از محلہ ٹھگو سرائے سنبھل

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ رحیم اللہ کا انتقال ہوا۔ اس نے دولڑکے میت
ونذیر چھوڑے۔ پھر میت کا انتقال ہوا، اور اس نے ایک بیوی مسماۃ رحیمن اور دولڑکیاں نصیرن وہاجرہ
اور ایک بھائی نذیر چھوڑے۔ پھر نذیر کا انتقال ہوا انھوں نے ایک بیوی مسماۃ وزیرن اور دولڑکے حسن
ونذیر اور ایک لڑکی مسماۃ چھوٹی ورثہ چھوڑے۔ پھر مسماۃ وزیرن کا انتقال ہوا۔ اس نے ایک لڑکی مسماۃ
چھوٹی اور ایک باپ مسمی جیب اللہ اور ایک بھائی اور تین بہنیں ورثہ چھوڑے۔ اب دریافت طلب یہ
ہے کہ ازروئے شرع ان کو کتنے کتنے سہام پہونچتے ہیں؟۔ بینوا توجروا

الجواب

رحیم اللہ میت مسئلہ ۲ × ۲۴ = ۴۸ × ۴۰ = ۱۹۲۰ × ۲ = ۳۸۴۰

ابن میت	ابن نذیر
۱	۱

میت میت مسئلہ ۲۴ مافی الیلہ ۱

زوجہ رحیمن	بنت نصیرن	بنت ہاجرہ	اخ نذیر
۳	۸	۸	۵
۱۲۰	۳۲۰	۳۲۰	
۲۴۰	۶۴۰	۶۴۰	

نذیر میت مسئلہ ۸ × ۵ = ۴۰ مافی الیلہ ۲۹

زوجہ وزیرن	ابن حسن	ابن نذر	۵	بنت چھوٹی
۵	۱۴	۱۴		۷
۱۴۵	۴۰۶	۴۰۶		۲۰۳
	۸۱۲	۸۱۲		۴۰۶

وزیرن میت مسئلہ ۲ مافی الیلہ ۱۴۵

اب جبیب اللہ	بنتا چھوٹی	اخ	اخت	اخت	اخت
۱	۱	م	م	م	م
۱۴۵	۱۴۵				

الاحیاء

رحیمن	نصیرن	ہاجرہ	حسن	نذر	جبیب اللہ	چھوٹی
۲۴۰	۶۴۰	۶۴۰	۸۱۲	۸۱۲	۱۴۵	۵۵۱

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

بعد تقدیم ما یجب علی الارث بشرط خلواز موانع ارث وانحصار ورثہ در مذکورین وبشرط
صدق بیان سائل ترکہ رحیم اللہ کا (۳۸۴۰) سہام پر منقسم ہوگا۔ مسماۃ رحیمن کو (۲۴۰) سہام اور ہاجرہ کو
(۶۴۰) سہام اور مسماۃ نصیرن کو (۶۴۰) سہام اور مسمی حسن کو (۸۱۲) سہام اور مسمی نذیر کو (۸۱۲) سہام
اور مسماۃ چھوٹی کو (۵۵۱) سہام اور مسمی جیب اللہ کو (۱۴۵) سہام پہونچتے ہیں۔ اور وزیرن کی تینوں
بہنیں اور بھائی محروم ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۶۷)

ازقصبہ چندوسی ضلع مرادآباد

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ
مسمی عظیم اللہ عرف بلی کا انتقال ہوا اور اس نے ایک بیوی مسماۃ سکینہ اور دو لڑکے مسمیان کفایت اللہ ورحمت اللہ اور دو لڑکیاں ایک مسماۃ مرادن اور دوسری مسماۃ چھوٹی ورثہ چھوڑے۔ پھر رحمت اللہ کا انتقال ہوا۔ اور اس نے ایک بیوی مسماۃ بشیرن اور اپنی والدہ مسماۃ سکینہ اور دو لڑیاں مسماۃ تفسیرن ومسماۃ وحیدن اور اپنا ایک بھائی کفایت اللہ اور دو بہنیں مسماۃ مرادن اور مسماۃ چھوٹی ورثہ میں چھوڑی پھر مسماۃ سکینہ کا انتقال ہوا اس نے ایک لڑکا کفایت اللہ اور دو لڑکیاں مسماۃ مرادن اور مسماۃ چھوٹی ورثہ میں چھوڑے۔ پھر کفایت اللہ کا انتقال ہوا۔ اور اس نے اپنی ایک بیوی مسماۃ فریدن اور دو بہنیں مسماۃ مرادن اور مسماۃ چھوٹی ورثہ میں چھوڑے۔ پھر مسماۃ مرادن کا انتقال ہوا اور اس نے اپنا خاوند عبدالحق (جو اس کا پہلے بہنوئی تھا) عبدالحق عرف سیرا اور دو بھتیجیاں مسماۃ تفسیرن اور مسماۃ وحیدن ورثہ چھوڑے۔ اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ از روئے شرع مسمی عظیم اللہ کا ترکہ کتنے حصوں پر منقسم ہوگا؟۔ بینوا توجروا

الجواب

مسئلہ ۸×۶=۴۸ × ۴۸ = ۲۳۰۴ × ۴ = ۹۲۱۶ × ۲ = ۱۸۴۳۲ × ۴ = ۷۳۷۲۸

بلی میت

زوجہ سکینہ	ابن رحمت اللہ	ابن کفایت اللہ	بنت مرادن	بنت چھوٹی
۱/۶ — ۲۸۸	۱۴	۱۴ — ۶۷۲	۷ — ۳۳۶ — ۱۳۴۴	۷ — ۳۳۶ — ۱۳۴۴ — ۲۶۸۸

مافی الیلہ ۱۴/۷

رحمت اللہ میت — مسئلہ ۲۴×۴=۹۶/۴۸ — توافق بالنصف

زوجہ بشیرن	ام سکینہ	بنت تفسیرن	بنت وحیدن	اخ کفایت اللہ	اخت مرادن	اخت چھوٹی
۳ — ۱۲ — ۸۴ — ۳۳۶ — [illegible]	۴ — ۱۶ — ۱۱۲	۸ — ۳۲ — ۲۲۴ — ۸۹۶ — ۱۷۹۲ — [illegible]	۸ — ۳۲ — ۲۲۴ — ۸۹۶ — ۱۷۹۲ — [illegible]	۲ — ۱۴	۱ — ۷ — ۲۸	۱ — ۷ — ۲۸ — ۵۶

سکینہ میت — مسئلہ ۴ر — تداخل — ۴/۲۰۰

ابن کفایت اللہ	بنت مرادن	بنت چھوٹی
۲ — ۲۰۰	۱ — ۱۰۰ — ۴۰۰	۱ — ۱۰۰ — ۴۰۰ — ۸۰۰

مافی الیلہ ۲۸۸/۴۸

کفایت اللہ میت — مسئلہ ۴×۲=۸/۴ — توافق بالربع

زوجہ فریدن	اخت مرادن	اخت چھوٹی
۱ — ۲ — ۸۸۶ — ۱۷۷۲ — ۷۰۸۸	۳ — ۱۳۲۹	۳ — ۱۳۲۹ — ۲۶۵۸

مافی الیلہ ۳۱۰۱

مرادن میت — مسئلہ ۲

زوج عبدالحق	اخت چھوٹی
۱ — ۳۱۰۱ — ۱۲۴۰۴	۱ — ۳۱۰۱

مافی الیلہ ۹۳۰۳

چھوٹی میت — مسئلہ ۲×۲=۴

زوج عبدالحق	بنت الاخ تفسیرن	بنت الاخ وحیدن
۱ — ۲ — ۱۸۶۰۶	۱ — ۹۳۰۳	۱ — ۹۳۰۳

الاحیاء

بشیرن	تفسیرن	وحیدن	فریدن	عبدالحق
۲۶۸۸	۱۹۴۷۱	۱۹۴۷۱	۷۰۸۸	۳۱۰۱۰

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

بعد تقدیم ما یحب علی الارث بشرط خلو از موانع ارث وانحصار ورثہ در مذکورین وبشرط صدق بیان سائل ترکہ مسمی عظیم اللہ کا (۷۳۷۲۸) سہام پر منقسم ہوکر ہر ایک کو اس مقدار میں پہنچتے ہیں جس کی تفصیل الاحیاء کے تحت میں مندرج ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۶۸)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ مسمی عبد العلی کا انتقال ہوا اور اس نے دو بیٹیاں مسماۃ برکت فاطمہ و مسماۃ تصدق فاطمہ اور دو پوتی مسماۃ حفیظہ فاطمہ و مسماۃ حمیدہ فاطمہ اور دو بھتیجے مسمی ایوب علی و مسمی ابراہیم علی ورثہ میں چھوڑے۔ تو از روئے شرع شریف ترکہ عبد العلی کا کس طرح تقسیم ہوگا۔

الجواب

مسئلہ ۳/۶

بنت	بنت	ابن الاخ	ابن الاخ	بنت الابن	بنت الابن
برکت فاطمہ،	تصدق فاطمہ	ایوب علی	ابراہیم علی	حفظ فاطمہ	حمید فاطمہ

بعد تقدیم ما یجب علی الارث بشرط خلو از موانع ارث وبشرط صدق بیان سائل وانحصار ورثہ در مذکورین ترکہ عبد العلی کا چھ سہام پر تقسیم ہوگا۔ ۲/۲ بیٹوں کو اور ایک ایک بھتیجوں کو پہنچتے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

مسئلہ (۱۰۶۹)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع اس مسئلہ میں کہ مسماۃ الفت کا انتقال ہوا اور وہ لاولد تھی، اس کا شوہر اور والدین اس سے پہلے فوت ہو چکے ہیں۔ لہذا اس نے اپنا وارث ایک بھائی پیر بخش اور چار بھتیجے عبد الکریم و رحیم بخش و عبد الغنی و کفایت حسین اور ایک بھتیجی مسماۃ بشیرن چھوڑی۔ لہذا دریافت طلب یہ امر ہے کہ مسماۃ الفت کے وارث کون کون ہیں؟۔

الجواب

میت الفت　مسئلہ ۱

اخ	ابن الاخ	ابن الاخ	ابن الاخ	ابن الاخ	بنت الاخ
۱	م	م	م	م	م

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۷۰)

ایک شخص کی پہلی بیوی سے دو لڑکے ہیں۔ عرصہ بیس (۲۰) سال ہوا کہ اس شخص نے پہلی بیوی کو طلاق دیدی اور دوسرا نکاح کر لیا پہلی بیوی نے اپنا دین مہر وصول کر لیا۔ اب اس شخص کا انتقال ہو گیا، دوسری بیوی سے کوئی اولاد نہیں ہے، ایسی صورت میں دوسری بیوی کہ جس سے کوئی اولاد نہیں ہے چہارم پانے کی مستحق ہے یا آٹھواں حصہ پانے کی مستحق ہے؟۔ فقط

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

صورت مسئولہ میں جب یہ دو لڑکے حیات ہیں تو میت کی چاہے ایک بیوی ہو یا زیادہ وہ آٹھواں حصہ ہی پائیگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۷۱)

بخدمت شریف جناب قبلہ حضرت مولینا بزرگوار صاحب مدظلہ العالی السلام علیکم حضور والا

(۱) فدوی کی دو دادی تھیں پہلی دادی سے میرے والد بزرگوار نیز بڑے ابا اور دوسری دادی سے میرے چچا صاحب ہیں دوسری دادی پہلی دادی کی وفات کے بعد نکاح میں آئیں۔ پہلی دادی کی وفات کے بعد دادا صاحب مقروض ہو گئے لہذا انہوں نے دوسرا نکاح پڑھوا کر مکان مہر نامہ لکھوا دیا تاکہ مکان قرض والوں کی نذر نہ ہو سکے اس طرح مکان بچ سکا دادا صاحب مکان چھوڑ کر کرایہ سے دوسری جگہ رہنے لگے وہاں ان کی شادی ہوئی نیز بچے بھی تقریبا چودہ پندرہ برس بعد جب کہ میرے والد بزرگوار صاحب کا انتقال ہو چکا چچا صاحب میرے پاس آئے اور مجھ سے کہا کہ رہنے کے لئے مکان کا کچھ حصہ دیدو جو مناسب جگہ ملنے پر خالی کر دیا جائیگا۔ میں نے ان کی بات پر کوئی اعتراض نہ کیا اور وہ مکان میں رہنے لگے مگر مکان خالی کرنا تو درکنار کچھ عرصہ بعد مجھے مندرجہ ذیل نوٹس ملا۔

(۱) میں نے چچا صاحب کی ۵۰۰ سو روپے کی جائیداد پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہے۔

(۲) میرے والد بزرگوار کو رہنے کے لئے مکان کا کچھ حصہ اس لئے دیا گیا تھا کہ ہم چچا صاحب کے قریبی رشتہ دار ہیں ان کا کہنا ہے چونکہ ہم نے مکان کی مرمت وغیرہ ٹھیک طور سے نہیں کرائی اس لئے مکان خالی کر دیں۔

(۳) مکان چونکہ دوسری دادی کے مہر نامہ میں لکھا ہے اس لئے صرف میرے چچا صاحب ہی اس کے واحد مالک ہیں۔ اور وہ ہمیشہ سے اس پر قابض ہیں۔ اب میں حضور سے چند باتوں کی بابت شرعی احکامات معلوم کرنا چاہونگا ایک بات ذہن نشیں رہے میرے چچا صاحب حافظ ہیں۔

(۱) اگر کوئی حافظ اپنے کئے ہوئے وعدے کو فراموش کر دے شرعی احکامات جانتے ہوئے قانون کا غلط سہارا لینا چاہے۔

(۲) اپنے سوتیلے بھائیوں کو صرف قریبی رشتہ دار ٹھہرا کر جائیداد کا واحد وارث بننے کا دعویٰ دائر کر دے۔

(۳) چودہ پندرہ برس دوسری جگہ سکونت اختیار کرنے کے باوجود یہ کہے ہمیشہ سے اسی مکان پر قابض ہیں حضور اگر میرے چچا صاحب کی والدہ (میری دوسری دادی) کے مہر نامہ میں مکان درج ہے کیا میرے والد بزرگوار صاحب کا اس میں کوئی حق نہیں رہتا۔ آخر وہ بھی تو ان کی والدہ ہی کہلائیگی چاہے سوتیلی کیوں نہ ہوں۔

پھر دادا صاحب کی وفات کے بعد وہی تو ان کی سرپرست تھیں۔ پھر ان کی جائیداد میں بیٹے کو حق محروم کیا جانا کیا معنی رکھتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ دادا صاحب کی موت کے وقت دادی صاحبہ نے مہر معاف کیا جو ایک مذہبی اصول ہے۔ اس بات کے لئے میں گواہ بھی پیش کرسکتا ہوں وہ مستورات جو اس وقت موجود تھیں اور اب بھی زندہ ہیں۔ اب جب کہ مہر معاف ہوگیا تو پھر مکان پر صرف دادی صاحبہ یا چچا صاحب ہی کا حق کیونکر رہا۔ حضور اب تک دو تین پیشی پڑ چکی ہیں اور آئندہ پیشی ۲۳ فروری ۱۹۵۷ء کو ہے چچا صاحب کے پاس مہر نامہ موجود ہے اور میرے پاس تحریری ایسے کوئی کاغذات نہیں جس سے مقدمہ میں آسانی پیدا کی جاسکے۔ اس لئے فدوی حضور سے دست بستہ التجا کرتا ہے کہ حضور اس کو اپنی نیک وزریں ہدایتوں سے نواز کر بندہ کو مشکوریت کا موقعہ عنایت فرمائیں گے عین نوازش ہوگی۔ فقط

آپ کا ایک ادنیٰ غلام عبدالستار (بیڑی میکر)

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

صورت مسئولہ میں جب نور محمد مرحوم نے بوقت نکاح ثانی اپنی دوسری بیوی کے دین مہر میں اپنا مکان لکھ دیا تھا تو ظاہر ہے کہ وہ مکان نور محمد کی ملکیت سے خارج ہوگیا اور اس کی مالک یہی دوسری بیوی ہوگئی پھر اگر یہ دوسری بیوی نور محمد سے پہلے فوت ہوگئی ہے تو اس کے ترکہ کا چوتھا حصہ نور محمد کو شوہر ہونے کی بنا پر پہنچتا ہے اور اس صورت میں اس نور محمد کی پہلی بیوی کی اولاد بھی اس چوتھائی ترکہ میں بقدر حصص شرعی حقدار ہے اور اگر نور محمد کی موت کے بعد یہ دوسری بیوی فوت ہوئی ہے تو اس صورت میں یہ کل مکان ترکہ مادری میں صرف حافظ عبدالعزیز کو پہنچتا ہے کہ یہی اس کا واحد وارث ہے لہذا شرعا اس مکان کا تنہا مالک یہی حافظ عبدالعزیز قرار پایا تو اس کا یہ دعوی شرعی وقانونی ہر حیثیت سے صحیح ہوا۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب

جمادی الاخری ۶ ۱۳۷۶ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عز وجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۷۲)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین درمیان اس مسئلہ کہ

مورث زید کی پہلی بیوی سے ایک لڑکا ہے اس کے انتقال کے بعد زید نے عقد ثانی کیا دوسری بیوی سے تین لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں مورث زید کا پانچ سال قبل انتقال ہوگیا۔ اس نے اپنی حیات میں تین لڑکوں اور ایک لڑکی کی شادی کر دی تھی ایک لڑکی کی شادی بعد وفات زید ہوئی پہلی لڑکی مطلقہ ہوگئی۔ چونکہ ورثاء میں اب علحدگی کا جھگڑا ہے۔ اس لئے تقسیم ترکہ کا سوال پیدا ہوتا ہے زیورات از قسم سونا چاندی پہلی مرحومہ بیوی۔ دوسری موجودہ بیوی۔ دونوں لڑکیوں اور تینوں بہوں کا ہے۔ مگر کوئی ایسا ثبوت موجود نہیں ہے کہ زید نے کسی طریقہ پر ان کو زیورات دیئے تھے۔ اس لئے فرمایا جائے کہ ہر ایک کے زیور کے بارے میں شرعی حکم کیا ہوگا تقسیم وراثت کے ترکہ میں کس کا زیور شامل ہوگا۔ اور کس کا نہیں؟ پہلی بیوی کا لڑکا اپنی ماں کے زیورات کا تنہا حقدار ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا

اے اعظمی مدنپورہ بمبئی نمبر ۸ مورخہ ۲۳ جنوری ۱۹۵۷ء

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

زیور کے متعلق ہر قوم کا عرف علحدہ ہے مگر باوجود اس کے اکثر اقوام میں لڑکی کو جو باپ زیور د
کرتا ہے تو اس کا مالک اسی لڑکی کو بنا دیتا ہے۔ اگر قوم زید کا بھی یہی عرف ہے تو اس کی لڑکیوں کے زیو
میں اس کے ورثہ کو کسی طرح کا کوئی حق حاصل نہیں۔ اور اگر زید نے زیور کا لڑکی کو مالک ہی نہیں بنایا نہ اس
کی قوم کے عرف میں لڑکی کو زیور کا مالک بنایا جاتا ہے بلکہ اسے عاریۃ دیا جاتا ہے تو اس صورت میں لڑکی ک
ایسا زیور بھی یقیناً ترکہ زید میں شامل ہو جائیگا اور اس کے تمام ورثہ حقدار بن جائینگے اب باقی رہا زید کا اپ
ہر دو زوجات کو چڑھایا ہوا زیور اور اپنے لڑکوں کی بیبیوں کو چڑھا ہوا زیور تو اگر زید کی قوم کے عرف میں اس
زیور کا بیبیوں کو مالک نہیں بنایا جاتا ہے بلکہ انہیں محض پہننے کے لئے وہ زیور عاریۃً دیا جاتا ہے اس صورت
میں تو زید کی ہر دو زوجات اور تینوں بہوں کا کل زیور اسی کا ترکہ قرار دیا جائیگا اور وہ بقدر حصص شرعیہ ورثہ
ملیگا اور اگر ان میں سے ہر ایک کو زید نے زیور چڑھاتے وقت ہی اس زیور کا مالک بنا دیا تھا یا زید کی قو
کے عرف میں وہ زیور ملک زوجہ تک . . ج تا ہے تو اس صورت میں ان سب کا زیور ترکہ زید میں ہرگز ہرگ
داخل نہیں ہوگا۔ پھر اس صورت میں زید کی زوجہ اولیٰ کا زیور اس کی موت کے بعد بحق شوہری زید
چوتھائی ملیگا اور باقی زیور کا حقدار اس کا صرف لڑکا ہوگا جواب میں مسئلہ کے ہر دو پہلو کے احکام بیان ک
دیئے گئے ہیں۔ تو زید کا جیسا عمل ہو یا قوم زید کا جیسا عرف ہو اسی کے مطابق حکم پر عمل کیا جائے۔ پھر ج
اس تفصیل کے بعد قصداً غلطی کریں اس کا فتویٰ پر کوئی اثر نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۲۶ رجب المرجب ۱۳۷۶ھ

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عز وجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۷۳)

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی بیوی کے نام سے زی
کو بیوی نے وکیل بھی نہیں بنایا تھا ایک قطعہ خالی زمین خریدی اور شادی کے سولہ سال بعد اس زمین پر زی
نے ایک مکان پختہ بلڈنگ بنایا اور جتنا سامان اس عمارت کے سلسلے میں خریدا گیا سب زید نے اپنے خرچ

اور اپنے نام سے خریدا عمارت بنجانے کے بعد مکان کرایہ پر دیدیا گیا اور اسکا کرایہ زید خود وصول کرتا رہا
اور اس عمارت کا سارا خرچ گورنمنٹ کا ٹیکس بھی ادا کرتا رہا اور کرایہ کی رسید زید اپنے ہی نام سے چھپی
ہوئی رسیدیں کرایہ داروں کو دیتا رہا بیوی کے میکے والے بہت دنوں تک اپنی عمر زید ہی کے یہاں
گذارتے رہے کچھ زمانہ کے بعد اس کی بیوی کے میکے والے بہت دنوں کے بعد زید کے یہاں سے
اپنے گھر چلے گئے اور کچھ عرصہ بعد زید کی بیوی بھی اپنے میکے چلی گئی اور سسرال سے جب گئی تو زید مبلغ اسی
ہزار (۸۰۰۰۰) مع زیور نقد روپیہ لیکر ہمراہ گئی وہاں جاکر اس کا انتقال ہو گیا۔ جب یہ خبر یہاں زید کو معلوم
ہوئی تو فوراً سسرال پہنچا اور اپنے نقدیات کا مطالبہ کیا جس میں تیس ہزار کے زیورات تھے جس کا ثبوت
بھی ہے مگر اس مطالبہ پر زید کے ساتھ اس کے سسرال والے بری طرح پیش آئے اور زید واپس آ گیا اس
کے بعد زید کے خسر صاحب انتقال کر گئے۔

اور ان کے مرجانے کے بعد ان کے لڑکوں نے دعویٰ کر دیا کہ یہ مکان ہمارا ہے اور یہ مقدمہ
کورٹ میں تین سال سے چل رہا ہے وہ لوگ مقدمہ اسی سال سے لڑ رہے ہیں جو زید کی بیوی اپنے ہمراہ
لے کے گئی تھی شادی سے قبل زید کے سسرال والے بیحد غریب و مفلس تھے اور زید ہی کے یہاں گذارہ کر
تے تھے لہذا دریافت طلب امر یہ ہے کہ از روئے شریعت مطہرہ مکان مذکورہ کا صحیح حقدار کون ہے صاف
صاف براہ کرم شریعت کے حکم سے مطلع فرمایا جائے۔ بینوا توجروا

المستفتی، گوبری میاں باڑی والا کرک روڈ مکان نمبر ا کمرہٹی ضلع ۲۴ پرگنہ بنگال

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

صورت مسئولہ میں صرف خالی زمین کی مالکہ تو زید کی بیوی قرار پائے گی۔ پھر جب اس کا
انتقال ہو گیا تو اگر لاولد مری ہے تو زید بحق شوہری اس زمین کے نصف کا حقدار قرار پایا۔ اور اگر اس نے
اولاد چھوڑی تو جب بھی یہ چوتھائی زمین کا حقدار بنا۔ اب باقی رہے زید کے سالے یعنی اس کی بیوی کے
بھائی تو اس کے لاولد ہونے کی صورت میں تو بھی نصف زمین کے حقدار ٹھہرے اور اس کے اولاد ہونے
کی صورت میں اگر وہ صرف لڑکیاں ہیں تو یہ شوہر اور لڑکیوں کے باقی حصے کے حقدار ہیں اور اگر اولاد میں
کوئی لڑکا بھی ہے تو پھر یہ زمین کے کسی حصے کے حقدار نہیں۔ اب رہی اس زمین پر تعمیر تو اس کا حقدار اور
مالک صرف زید ہی ہے اس تعمیر میں اس کی بیوی کا کوئی حق ثابت نہیں ہوا تھا تو اس کے یہ سالے کسی طرح

اس تعمیر کے حقدار نہیں ہوسکتے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۸ شوال المکرم ۱۳۷۶ھ

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل ، الفقیر الی اللہ عزوجل

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول ، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۷۴)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

کیا فرماتے ہیں علماء دین شرع متین اس بارے میں کہ ایک شخص مسمیٰ جان عالم نے بگذا
ایک لڑکی مسمیہ نجمہ خاتون نابالغہ اور ایک ہمشیر حقیقی اور ایک برادر علاتی (جو دوسری ماں سے ہے) انتق
اور جائیداد ہائے متروکہ مندرجہ ذیل ہے ۔

(۱) ایک قطعہ مکان رہائشی اور ایک قطعہ زمین پرتی لائق سکنہ اور دو قطعات زمین بحکر
تین روپے سالانہ جس پر عملہ دوسروں کا آراستہ ہے جس میں خریداری خاص اور بقیہ موروثی علی
زبانی مرحوم کو حاصل ہوئی تھی ۔ (۲) آثاث البیت ذاتی ۔ (۳) کچھ ظروف ۔ اور نقرئی زیورات
لڑکی نابالغہ کی شادی و جہیز کے لئے اپنی زندگی ہی میں مرحوم نے اپنی ہمشیر حقیقی کے پاس امانت رکھ
جواب بھی بالکل محفوظ ہے ۔ (۴) اپنے بھانجے مسمیٰ لیاقت حسین کو جن کی والدہ کا انتقال مرحوم
اپنے والد کے وقت ہی میں ہوگیا تا (یعنی محجوب الارث) کو ایک قطعہ پرتی زمین لائق سکنہ مذکو
دینا چاہتے تھے مگر مرحوم نے کوئی کاغذ وغیرہ قانونی طور پر نہیں لکھا اور نہ وصیت ہی کر سکے اور اس
جائداد مذکور انہیں کے قبضہ و دخل میں کے انتقال ہوگیا تھا ۔ (۵) زوجہ جان عالم مرحوم (یعنی والد
نابالغہ نجمہ خاتون) نے چونکہ سال قبل اپنے شوہر کی زندگی ہی میں بغیر ادائیگی دین مہر شرع بگذاشت
شوہر ایک دختر نابالغہ نجمہ خاتون اور ایک بھائی حقیقی اور دو ہمشیروں کے انتقال کیا تھا (۶) تمام جا
سولہ آنہ نام محمد جان عالم مرحوم کا میونسپل کارپوریشن اور سروے وغیرہ میں بلا شرکت دیگرے قبضہ
میں چلا آرہا ہے جس کو عرصہ تیس سال کا ہوتا ہے کہ محمد جان عالم مرحوم کے والد مرحوم نے اپنی زندگ
دیدیا تھا ۔ ایسی حالتوں میں حکم شرع کن کن لوگوں کا کتنا کتنا حصہ ترکہ وغیرہ ہوا امید کہ نمبروار بالتف
قرآن و حدیث اور کتب معتبرہ کے حوالہ سے جواب تحریری عنایت فرمائیں گے ۔ نہایت مؤدبانہ
بستہ گذارش ہے کہ جلد سے جلد جو لفافہ یہاں کے پتہ کے ساتھ رکھ دیا گیا ہے اس میں اسی کاغذ پر
تحریر فرما کر بواپسی ڈال روانا فرمادیں تاکہ تعمیل حکم ہو سکے فقط والسلام نورانی مسلم بنڈار نور محمد پٹنہ

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

صورت مسئولہ میں محمد جان عالم مرحوم نے اپنی حیات میں جس جس کو جو کچھ بطور ملک دیا تھا
جیسے نابالغہ لڑکی کو کچھ ظروف اور نقرئی زیورات وغیرہ شادی و جہیز کے لئے دیدیئے تھے جو اب تک پھوپھی
کے پاس امانۃ محفوظ ہیں یا اور کسی کو جو کچھ دیا ہو جس کا شرعی ثبوت موجود ہو تو ایسے حیات کے دیئے ہوئے
نقد مال، جائداد وغیرہ تو مرحوم کے اور ترکہ میں کسی طرح داخل ہی نہیں ہوسکتے کہ وہ قبل موت ہی مرحوم کی
ملک سے خارج ہو چکے تھے ۔ اور ترکہ میت کا وہ متروکہ مال ہے جو اس کا مملوک ہو اور حق غیر سے پاک ہو
تو اب مرحوم کا جس قدر بھی ترکہ ہے اب چاہے وہ از قسم نقد یا جائداد عروض ہو یا اموال منقولہ ہو یا غیر
منقولہ جو اس کا مملوکہ مال خاص میں " بعد تقدم مایجب علی الارث بشرط خلو از موانع ارث "
وصدق بیان سائل وانحصار ورثہ در مذکورین تو وہ مرحوم کا کل ترکہ صرف دو حصوں پر منقسم ہوگا نصف تو مرحوم
کی لڑکی نجمہ خاتون کا ہے کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :-

وان کان واحدۃ فلھا النصف

یعنی اگر ایک لڑکی ہو تو اس کو ترکہ کا نصف ہے اور دوسرا نصف مرحوم کی حقیقی ہمشیرہ کا ہے کہ
حدیث شریف میں ہے " اجعلوا الاخوات مع البنات عصبۃ " یعنی بیٹیوں کے ساتھ بہنوں کو عصبہ بنا
لو تو بیٹی کو جو نصف ملا وہ ذوی الفروض ہونے کی بنا پر ملا اور ہمشیرہ کو جو نصف ملا وہ عصبہ ہونے کی وجہ سے ملا
۔ تو اس ہمشیرہ نے اپنی عصوبت کی بنا پر باقی ترکہ لے لیا لہذا علاتی بھائی محروم ہوگیا کہ شرع کا مشہور
قاعدہ ہے " الاقرب فالاقرب " واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۲۸ ذیقعدہ ۱۳۷۶ھ

(۳) علاتی بہن وہ ہے جنکا باپ ایک ہو اور مائیں علیحدہ علیحدہ ہوں اور اخیافی بہن وہ کہ جنکی
ماں ایک ہو اور باپ جدا جدا ہوں ۔ اور زوجہ موطوۃ وہ بیوی ہے کہ جس سے اسکا شوہر صحبت و وطی کر چکا ہو ۔

یکم اگست ۱۹۵۸ء

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل ، الفقیر الی اللہ عزوجل ،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول ، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۷۵)

کیا فرماتے ہیں علماء دین و حامیان شرع متین اس مسئلہ وراثت میں کہ مسماۃ منشاء بیگم کو ان کے ما

موں قریبی نے جہیز میں ایک قطعہ زمین دیا مسماۃ مذکور نے اس زمین پر اپنے زیورات بیچ کر عمارت
۔ جب منشاء بیگم کا انتقال ہوا۔ تو ان کے ایک لڑکا محمود خاں اور ایک لڑکی سخاوت بیگم موجود تھے
وفات منشاء بیگم مسمی محمود خاں و سخاوت بیگم میں کوئی تقاسمہ نہیں ہوا۔ اور درمیان میں محمود خاں صا
انتقال ہوگیا۔ محمود خاں صاحب کے انتقال کے وقت ان کے وارثان شرعی حسب ذیل موجود تھے
۔ بیوہ، ایک لڑکا اور لڑکیاں چار، لڑکیوں میں سے مسماۃ ستارہ بیگم کا انتقال ہو چکا ہے اس کے وارثا
سے ایک لڑکا ایک لڑکی موجود ہے۔ اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ آیا صورت مسئولہ میں اصول
عائد ہوگیا یا سرسری طور پر اگر بعد وفات منشاء بیگم ان کی جائداد محمود خاں و سخاوت بیگم میں تقسیم
بحیثیت ذوی الفروض عصبہ دونوں کا کیا حصہ ہوتا اور اب جبکہ بہن بھائیوں میں تقاسمہ نہیں ہوا تو او
خاں و بیوی محمود خاں، ہمشیرہ محمود خاں میں کس طرح تقاسمہ ہوگا۔ چونکہ یہاں سہام سے لوگ کم واقف
اس لئے مہربانی فرما کر سادہ عبارت میں ہر ایک کے حصہ آنوں میں مقرر فرما کر اطلاع بخشیں بینوا تو

المستفتی، حامد خاں ولد محمود خاں جودھپوری اکتوبر ۱۹۵۸ء

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

بعد تقدیم ما یجب علی الارث و بشرط خلو از موانع ارث و بشرط انحصار ورثہ در مذکورین ترکہ
کا (۴۳۲) سہام پر تقسیم ہوگا جس میں سے سخاوت بیگم کو (۱۴۴) سہام اور زوجۂ محمود خاں کو
سہام اور دان محمود خاں کو (۸۴) سہام اور محمود خاں کی ہر سہ لڑکی کو (۴۲) سہام اور ستارہ بیگم کے
کو (۲۸) سہام اور ستارہ بیگم کی لڑکی کو (۱۴) سہام شرعا دیئے جائیں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

یکم ربیع الآخر ۱۳۷۸ھ

مسئلہ (۱۰۷۶)

عرض ہے کہ زید نے تقریبا ۱۵ سال ہوئے انتقال کیا ملکیت میں ایک مکان کچھ خس پو
کھپریل پوش چھوڑے اور وارث ۳ لڑکے اور ۴ لڑکیاں چھوڑیں لڑکیاں شادی شدہ اپنے اپنے گ
ہیں ۳ بھائی بڑے بھائی کا نام واحد نور ان سے چھوٹے دولھا جان ان سے چھوٹے ننھے جان مشتر
ہیں۔ لڑکے دولھا جان کا انتقال ہوگیا وہ لاولد تھے چونکہ بٹوارہ مکان ہوا نہیں تھا۔ بڑے واحد نور ا
رہتے رہے اب یہ لوگ آپس میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں اس سلسلہ میں دو چار آدمی اکٹھے ہوئے ا

چھوٹے بھائی ننھے نے ایک بیع نامہ رجسٹری شدہ جو تقریبا نو سال ہوئے مرنے والے دولھا جان نے کیا
ہوگا جو ننھے اور اس کی بیوی کے نام کرایا ہے مبلغ ایک صد روپیہ میں جس میں اسی روپیہ گذشتہ کے اور بر
وقت رجسٹری مبلغ بیس روپے دیئے ہیں رجسٹری میں اسی طرح اندراج ہے پیش کیا اور کہا کہ اس رجسٹری
سے جو بھائی نے کی ہے اس کے حصہ کا میں حقدار ہوں چونکہ رجسٹری بیع نامہ کا حال آج تک بڑے بھائی
واحد نور کو معلوم نہ تھا نہ اس کی موجودگی میں ہوا نہ اس وقت تک پتہ تھا اور نہ مکان کا بٹوارہ ہوا تھا لہذا اس
صورت میں جب کہ بیع نامہ ہے اور اس وقت دو بھائی اور دو بہن جو موجود ہیں۔ از روئے شرع اس کا
بٹوارہ کس طرح کیا جاوے جواب سے مطلع کیا جاؤں فقط۔

شوکت علی پارچہ فروش از بہیڑی ضلع بانس بریلی در بازار

الجواب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

زید کا مکان وترکہ ۸ سہام پر تقسیم کیا جاتا دو دو سہام تینوں لڑکوں کو دیا جاتا اور ایک ایک سہام دو
نوں لڑکیوں کو دا جات اور دولھا جان نے جب اپنے حصہ کو اپنے بھائی ننھے کو فروخت کر دیا ہے جس کا بیع
نامہ رجسٹری شدہ موجود ہے تو اب دولھا جان کے حصہ کا ننھے ہی مالک ہوگا۔ تو اب دو سہام واحد نور کو اور
چار سہام ننھے کو اور ایک ایک سہام دونوں لڑکیوں کو ملیں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب محمد اول غفرلہ

سوالات

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید مرتا ہے وہ ایک بیوی
ایک بھتیجی تین بھانجے چار بھانجیاں چھوڑتا ہے تقسیم وراثت کیلئے حسب دستور مستند علما سے رجوع کیا مگر
اتفاق کی بات کہ جواب جداگانہ موصول ہوئے لہذا استفتاء ہذا میں وہ سب صورتیں تحریر کر کے
درخواست ہے کہ ان میں جو صورت بہتر اور مفتی بہ ہو اس کو مع دلائل متعین فرمائیں تاکہ کسی قسم کی
الجھن باقی نہ رہے اور آخر فیصلہ شرعیہ قطعیہ پر عمل درآمد کیا جا سکے۔ بینوا توجروا۔

صورت (۱) مسئلہ ۴/ ۴۰

زوجہ۔ بنت الاخ۔ ابن الاخت۔ ابن الاخت۔ بنت الاخت۔ بنت الاخت۔ بنت الاخت۔ نت الاخت

۱۰/۱ ۲۰/۲ ۲ ۲ ۲ ۱ ۱ ۱ ۱

صورت (۲) مسئلہ ۴۰/ ۴۴

زوجہ	بنت الاخ	ابن الاخت	ابن الاخت	ابن الاخت	بنت الاخت	بنت الاخت	بنت الاخت	بنت الاخت
۱/۱۱	۳	۲	۲	۲	۳	۳	۳	۳

صورت (۳) ۱۲/۱۲۰

زوجہ	بنت الاخ	ابن الاخت	ابن الاخت	ابن الاخت	بنت الاخت	بنت الاخت	بنت الاخت	بنت الاخت
۱				۳				
۳	۲			۷				
۳۰	۲۰	۱۴	۱۴	۱۴	۷	۷	۷	۷

الجواب

پہلی صورت امام محمد رحمہ اللہ تعالی کے قول کے مطابق ہے جس کو اشہر الرواتین اور مفتی بہ ہے۔ سراجی میں ہے:

وان استووا فی القرب ولیس فیهم ولد عصبة او كان كلهم اولا د العصبات او كان بعضهم او لا د العصبات وبعضهم اولا د اصحاب الفرائض فا بو یوسف رحمه الله تعالی یعتبر الا قوی، و محمد رحمه الله تعالی یقسم الما ل علی الاخوة والاخوات مع اعتبا رعد دا لفروع والجهات فی الاصول فمااصاب كل فریق یقسم بین فروعهم۔

اور شریفیہ شرح سراجی میں ہے۔ وقول محمد رحمه الله تعالی اشهر الروایتین عن ابی حنیفة فی جمیع احكام ذوی الارحام وعلیه الفتوی ۔ومن هذا یعلم ما اشرنا الیه سابقا ان قول ابی یو سف مر وی عن ابی حنیفة ایضالكن روایته شاذ ة لیست فی قوة الشهرة مثل الروایة الا خری وذكر بعضهم ان مشائخ بخارا اخذ وابقول ابی یوسف فی مسائل ذوی الارحام والحیض لانه ایسر علی المفتی۔

اور بحر الرائق میں ہے۔ ولو ترك بنت بنت بنت وبنت ابن بنت فعند ابی یوسف المال بین هما نصفان اعتبا ر ا لابدانهما، وعن محمد رحمه الله تعالی یقسم اثلا ثا لبنت ابن البنت وثلثه لبنت بنت البنت اعتبا راباصولهما، كا نه ما ت عن ابن بنت و بنت الخ ۔

اور دوسری صورت امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالی کے قول کے مطابق ہے جس کو اسہل لکھا ہے۔ اور سراجی کے حاشیہ میں محیط سے منقول ہے کہ مشائخ بخارا امام ابو یوسف کے قول پر فتوی دیتے تھے۔ لہذا یہ صورت بھی صحیح ہے اور روایت کتب کے مطابق ہے، مگر ترجیح حسب قواعد پہلی صورت کو ہے۔ البتہ تیسری صورت کی تخریج خلاف اصول ہے اور خلاف قواعد ہے یہ صحیح نہیں فقط او اللہ تعالے اعلم بالصواب۔

دستخط مسعود احمد عفا اللہ عنہ دار العلوم دیو بند ۱۴۔۴۔۶۸ھ۔

اول جواب امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق ہے اور ذوی الارحام کے مسائل میں مفتے بہ قول امام محمد صاحب کا ہے۔ جناب مفتی مسعود احمد نے جو عبارات نقل کی ہیں وہ کافی ہیں۔

سعید احمد عفی عنہ مفتی مظاہر العلوم سہارنپور۔ ۱۵ ربیع الاول ۶۸ھ۔

الجواب صحیح محمود حسن گنگوہی نائب مفتی مدرسہ مظاہر العلوم سہارانپور۔

الجواب صحیح۔ سید احمد علی سعید نائب مفتی دار العلوم دیو بند۔

الجواب صحیح۔ محمد اعزاز علی عفی عنہ۔

الجواب صحیح۔ بندہ منظور احمد عفی عنہ سہارنپور مدرس مدرسہ مظاہر العلوم ۱۵ ربیع الثانی ۶۸ھ۔

الجواب

حامد او مصلیا ومسلما

تخریج صحیح ہے اسکو غلط کہنا نافہمی۔ سراجی کی جو عبارت نقل کی اس میں "مع اعتبار عدد الفروع والجهات فی الاصول" موجود۔ مگر اپنی نقل کی ہوئی عبارت کا مطلب نہ سمجھا۔ متوسط قابلیت کا طالب علم بھی ایسی غلطی نہ کرتا جیسی ان مدعیان علم وفضل نے کی۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ العبد معتصم بذیل النبی الامی عمر النعیمی المراد آبادی غفرلہ الہادی۔

الجواب

نحمده ونصلی علی رسوله الكريم

بسم الله الرحمن الرحیم ۔ نحمده ونصلی علی رسو له الكريم وعلی آله وصحبه التحیة والتسلیم۔

اس فرائض کے استفتا کے جواب میں مخرجین نے تین صورتیں لکھیں اور دیو بند و سہارن پور کے اکابر مفتیوں اور مدرسوں نے دوسری تخریج کو بھی صحیح قرار دیکر تخریج اول کو راجح ٹھرایا۔ تعجب ہوتا ہے کہ یہ

لوگ دیوبندی جماعت کے مایہ ناز ذی علم مشہور ہیں۔ان کی ساری قوم ان کے فضل وکمال پر انتہائی
کرتی ہے مگر انہوں نے غالبا رسم المفتی کا بھی مطالعہ نہیں کیا۔انہیں یہ بھی معلوم نہیں کہ فتوی کس قول
جاتا ہے۔اگر فقہاء کی کتابوں پر زیادہ عبور نہیں تھا تو درمختار ہی دیکھ لیتے۔

الحکم والفتیا بالقول المرجوح جھل وخرق للاجماع ۔

(شامی مصری ص۵۲۲ ج۱)

اولا۔لطف یہ ہے کہ یہ اکابر علمائے دیوبند تخریج (۲) کو خود مرجوح کہتے ہیں۔اور اس پ
بھی دے رہے ہیں یہ عجیب فقاہت ہے۔

ثانیا۔یہ مسلم کہ مشائخ بخارا نے قول امام ابو یوسف پر فتوی دیا لیکن قول امام محمد قوی تر اور مر
تو یہی قول قابل اخذ اور لائق فتوی تھا۔

ردالمحتار میں ہے۔:

الحاصل انه اذا كان لا حد القولين مرجح على الاخر وثم صحح المشائخ كلا
القولين ينبغي ان يكون الماخوذ به ما كان له مرجح لان ذلك المرجح لم يزل
التصحيح فيبقى فيه زيادة قوة لم توجد في الاخر۔ (ردالمحتار ص۵۱ ج۱)

ثالثا۔جب تصحیح وفتوی میں اختلاف ہو تو اس قول پر فتوی دیا جائے جو متون کے موافق ہو۔

چنانچہ شامی میں ہے۔

اذا اختلف التصحيح والفتوى فالعمل بما وافق المتون اولى ۔

(شامی ص۵۱ ج۱)

اسی میں ہے۔وينبغي ان يكون هذا عدم ذكر اهل المتون التصحيح والا فالح
بما في المتون كما لا يخفى لانها صارت متواترة۔ (شامی ص۵۰ ج۱)

اب متون کو دیکھئے۔ملتقی الابحر میں صرف قول امام ابو یوسف کو ذکر کیا اور قول امام محمد ذکر
آخر میں فرمایا۔

وبقول محمد يفتى۔ (مجمع الانہر مصری ص۷۶۷ ج۳)

سراجی میں بھی قول امام محمد کو ذکر کر کے آخر میں فرمایا۔قول محمد رحمه الله تعالى
الروايتين عن ابي حنيفة رحمه الله تعالى في جميع احكام ذوى الارحام وعليه الفتوى

(سراجی ص۴۴)

کنزالدقائق میں ہے۔ان اتفقت الاصول فالقسمه على الابدان والا فالعدد
منهم ولوصف من بطن اختلف ۔

اس متن میں تو قول امام ابو یوسف کا ذکر ہی نہیں کیا۔ان تین متون سے قول امام محمد کا اقوی اور
مفتی بہ ہونا ثابت ہوا تو متون کی تصریحات کے خلاف فتوی دینا کونسی فقاہت ہے۔

رابعا۔قول امام ابو یوسف حضرت امام اعظم سے بروایت شاذہ منقول ہے۔

ردالمحتار میں ہے۔قوله وهما اى ابو حنيفة في رواية شاذة عنه وابو يوسف في قوله
الاخير ۔

شریفیہ میں ہے۔قول ابی يوسف مروى عن ابى حنيفة رحمه الله ايضا لكن روايته
شاذة عنه ليست في قوة الشهرة مثل الرواية الاخرى۔ (شریفیہ ص۱۳۰)

لہذا حضرت امام اعظم کی مشہور تر روایت کے مقابلہ میں شاذہ روایت پر کس طرح فتوی دیا۔

یہ ساری گفتگو اس بنا پر ہے کہ ان اکابر علمائے دیوبند نے اس دوسری تخریج کو مرجوح تسلیم کرتے
ہوئے اس پر فتوی صادر کر دیا۔بالجملہ دوسرے تخریج پر فتوی وحکم دینا جہل اور خرق اجماع ثابت ہوا۔تو
ان مدعیان علم کا تخریج (۲) کی تائید کرنا کیسا غلط فعل ہے اور قول مرجوح پر حکم دینا ہے جو شان مفتی سے
بہت بعید ہے۔اسی طرح تخریج (۱) کو ان اکابر دیوبند کا آنکھیں بند کر کے صحیح کہہ دینا تا مزید جہالت
ہے۔معلوم ہوتا کہ انہیں علم سے کوئی واسطہ ہی نہیں رہا۔فقہ سے کوئی تعلق حاصل نہیں رہا۔عربی عبارات
کے حل کرنے کی اہلیت باقی نہیں رہی۔خود اپنے لکھے کو بھی نہیں سمجھتے۔انہیں یہ معلوم نہیں کہ قول حضرت
امام محمد علیہ الرحمہ کیا ہے۔لہذا میں پہلے یہی مناسب سمجھتا ہوں کہ انہیں قول امام محمد بتا دیا جائے۔

سراجی میں ہے:ومحمد يقسم المال على الاخوة والاخوات مع اعتبار عدد
الفروع الجهات في الاصول فما اصاب كل فريق يقسم بين فروعهم۔(سراجی ص۴۸)

شریفیہ شرح سراجی میں ہے "وكذلك محمد ياخذ الصفة اى الذكورة والانوثة
من الاصل حال القسمة عليه وياخذ العدد من الفروع يعني انه اذا قسم المال على الاصل
يعتبر فيه صفة الذكورة والانوثة اللتى فيه ويعتبر ايضا فيه عدد الفروع۔(شریفیہ۔ص۱۱۹)

بدر المنتقی شرح الملتقی میں ہے" وعند محمد توخذ الصفة من الاصول اولا ويوخذ

العدد من الفروع ثانیا بان یجعل الاصول متعددۃ لو فروعها متعددۃ عندالقسمۃ و یقسم
المال علی اول بطن وقع فیه الاختلاف بین الاصول فی صفۃ الذکورۃ والانوثۃ فلو ترك
بنت ابن بنت وابن بنت بنت فیقسم المال بین الاصلین فی البطن الثانی اثلاثا لان الاختلا
ف وقع هناك ثم یجعل الذکور طائفۃ علحدۃ ویجعل الاناث طائفۃ علیحدۃ بعد القسمۃ
بینهم للذکر کالانثیین فیقسم نصیب کل طائفۃ منهما علی اول بطن اختلف فی الاصول

(بدرالمنتقی مصری ص ۷۶۷ ج ۲)

عینی شرح کنزالدقائق میں ہے "وان لم یتفق صفۃ الاصول (فالعدد) ای فیعتبر
العدد (منهم) ای من الفروع (والوصف من بطن) الذی (اختلف) فیقسم المال علی
ذلك البطن فیعتبر عدد کل واحد من ذلك البطن بعد فروعه حتی جعل الذکر الذی فی
ذلك البطن ذکورا بعدد فروعه والانثی الواحدۃ اناثا بعدد فروعها یعطی الفروع میراث
الاصول واذا کان فیهم بطون مختلفۃ یقسم المال علی اول بطن اختلف علی الصفۃ
التی ذکرنا ثم یجعل الذکور طائفۃ والاناث طائفۃ بعد القسمۃ هما اصاب الذکور بجمع
ویقسم علی اول بطن اختلف بعد ذلك وکذا ما اصاب الاناث وهکذا یعمل الی ان
ینتهی الی الذین هم احیاء وهذا قول محمد رحمه الله۔ (عینی مصری ص ۲۹۱ ج ۲)

لیکن یہ سب عربی کی عبارات ہیں اگر یہ مدعیان علم ان کو سمجھ لیتے تو ایسی فحش غلطی میں کیوں پھنس
ہوتے۔لہذا ان کے لئے اردو کی عبارت بھی پیش کردوں اور وہ بھی مسلم پیشوا مولوی خرم علی و مولوی محمد
احسن نانوتوی صاحبان کی غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار میں ہے۔

وفی الملتقی وبقول محمد یفتی سألت عمن توفی وترك بنت شقیقۃ وابن و بنت
شقیقۃ کیف تقسم فاجبت بانهم قد شرطوا عددالفروع فی الاصول فحینئذ تصیر
الشقیقۃ کشقیقتین فیقسم المال بینهما نصفین ثم یقسم نصف الشقیقه بین اولادها
اثلاثا "

اور ملتقی میں ہے محمد رحمہ اللہ کے قول پر فتوی دیا جاتا ہے۔مجھ سے سوال ہوا اس میت کا مسئلہ
جس نے اپنے سگے بھائی کی بیٹی اور سگی بہن کا ایک بیٹا ایک بیٹی چھوڑی اسکا ترکہ کیونکر تقسیم ہوگا۔تو میں
نے جواب دیا اس طرح کہ فقہا نے شمار فروع کا اصول میں شرط کیا ہے۔یعنی اگر فرع متعدد ہوگی تو اصل

کو بھی متعدد قرار دینگے۔تو اس وقت میں سگی بہن دو سگی بہنوں کے مانند ہو جائیگی۔یعنی اس واسطے کہ اس
کی دو فرع ہیں ایک بیٹا ایک بیٹی۔تو مال متروکہ میت کے سگے بھائی اور سگی بہن جو بمنزلہ دو بہنوں کے ہو
گئی نصفا نصف تقسیم ہوگا۔پھر سگی بہن کا نصف اس کی اولاد میں تین تہائیاں ہو کر مقسوم ہوگا۔یہ جواب مبنی
ہے امام محمد کے قول پر۔انکا مذہب یہ ہے اگر فروع میں تعدد نہیں ہے تو فروع میں اصول کی ذکورت وانو
ثت کا اعتبار کرتے ہیں۔اور اور اگر فروع میں تعدد ہو چنانچہ ایک اصل کی دو فرع مذکر ہوں، اور دوسری
اصل کی دو فرع مونث ہوں اور تیسری اصل کی ایک ہی فرع ہو تو یہاں اصل کی صفت اور فرع میں جمع کر
ینگے تو اصل کو متعدد قرار دین گے فرع کے تعدد کے سبب سے۔لیکن فرع کا وصف یعنی ذکورت وانوثت کا
اصل میں اعتبار نہ کرینگے تو بنابر اس قول کے چونکہ مسئلہ مذکور میں سگی بہن کے دو فرع ہیں۔لہذا سگی بہن کو
بمنزلہ دو بہنوں کے قرار دیا اور متروکہ نصف سگے بھائی کو ملا۔اور نصف سگی بہن کو۔پھر سگی بہن کے نصف کو
تین تہا یاں کر کے اس کی اولاد میں تقسیم کیں۔دو تہائیاں بیٹا لیگا اور ایک تہائی بیٹی۔

(غایۃ الاوطار ص ۵۰۱ ج ۴)

ان عبارات کا خلاصہ مضمون یہ ہے کہ حضرت امام محمد علیہ الرحمہ کے نزدیک جب اصول صفت
تذکیر وتانیث میں مختلف ہوں تو پھر فروع کے عدد کا اعتبار اصول میں بھی کیا جائے گا۔تو اصول کے جس
پہلے بطن میں صفت تذکیر وتانیث کا اختلاف ہے اسی بطن کے ہر وارث پر بلحاظ اس کے عدد فروع کے مال
تقسیم کیا جائے گا۔یہاں تک کہ اگر اس بطن کا کوئی وارث مذکر ہے تو اسے اسی عدد کے فروع کے اعتبار
سے اسی اندر مذکر شمار کیا جائیگا۔اور اگر اس بطن کا وارث مؤنث ہے تو اسے بھی اس کے عدد فروع کے اعتبار
سے اس قدر مؤنث شمار کیا جائے گا۔لہذا اس بطن کے ہر وارث کو اس کے فروع کے عدد کے لحاظ سے دیا
جائے گا۔پھر مذکور ورثہ کو علیحدہ ایک گروہ قرار دیا جائیگا۔اور مونث ورثہ کو علحدہ دوسرا گروہ ٹھہرایا جائیگا۔پھر
ہر ایک کے فروع کو اپنے اپنے اصل کی میراث دیدی جائے گی۔جسکی ایک مثال عینی میں اور دوسری مثال
غایۃ الاوطار میں یہ تفصیل گزری۔بالجملہ حضرت امام محمد علیہ الرحمہ کے قول کی بنا پر یہ امور قابل لحاظ ہیں

(۱) تذکیر وتانیث کی صفت اصول میں دیکھی جاتی ہے۔
(۲) فروع کی تذکیر وتانیث کا لحاظ اصول میں نہیں کیا جاتا۔
(۳) اصول کے جس پہلے بطن میں تذکیر وتانیث کا اختلاف ہوگا اسی بطن کے وارثوں پر مال

تقسیم کردیا جائے گا۔

(۴) تقسیم کے وقت اصول کوفروع کے عدد کے موافق کرلیا جائے گا۔

(۵) اگر سہام اصول میں عدد فروع کے اعتبار سے کسر پڑے تو اس کی بلحاظ قواعد تصحیح کردی جائیگی۔

(۶) اس بطن کے اصول کے مذکر کا علیحدہ گروہ اور مونث کا علیحدہ گروہ بنالیا جائے گا۔

(۷) فروع میں ہر ایک کو اپنے اپنے اصل کی میراث دی جائے گی۔

(۸) ہر اصل کے فرع میں مذکر کو مونث کے دوگنا دیا جائے۔

(۹) اگر فروع پر اپنے اصل کی میراث میں کسر پڑے تو اس کی بہ قواعد تصحیح کردی جائے گی۔

(۱۰) اگر ان ذوی الارحام کے ساتھ زوجین سے کوئی ایک ہو تو اس کے سہام کو بھی ہر قواعد کے لحاظ سے ضرب دیجائے۔ تو مذہب امام محمد علیہ الرحمہ پر ان دس امور کا لحاظ ضروری ہے۔

بالجملہ یہ مدعیان علم مذہب امام محمد ہی کو نہیں سمجھے ورنہ ان سے ایسی فحش غلطی نہ ہوتی کہ تخریج (۱) کو امام محمد کے قول کے مطابق کہتے۔ اب ہم تخریج (۱) کی غلطیاں دکھائیں۔

پہلی غلطی یہ ہے کہ انہوں نے بطن اول میں بوقت تقسیم اصول کو عدد فروع کے مطابق نہیں کیا باوجودیکہ خود انہیں کی منقولہ عبارت سراجی میں یہ الفاظ موجود ہیں۔

ومحمد رحمه الله تعالى يقسم المال على الاخوة والاخوات مع اعتبار عدد الفروع ۔

تو انہیں یہ لازم تھا کہ یہ دیکھتے کہ اخ کی فرع تو ایک ہی بنت ہے۔ تو اخ تو متعدد نہیں ہوسکتا بلکہ ایک اخ ہی رہے گا۔ اور اخت کے فروع تین ابن اور چار بنت ہیں تو سات عدد ہوئے۔ تو گویا اخت بھی سات عدد ہوئیں۔

دوسری غلطی یہ ہے کہ اس مسئلہ کے پہلے بطن میں زوجہ کو ایک سہام دیکر تین سہام باقی رہتے ہیں اور باقی وارث سات اخت اور ایک اخ جو دو اخت کی برابر ہے۔ تو گویا کل نو اخت ہوئیں اور تین سہام اخت پر بلا کسر تقسیم نہیں ہوتے۔ تو ان مدعیان علم کی فحش غلطی یہ ہے کہ مسئلہ کی تصحیح نہیں کی۔

تیسری غلطی ان مدعیان علم کی یہ ہے کہ اس بطن میں ان نو اخوات کے سہام کل تین اربا ہیں۔ انہوں نے ان میں سے دو ارباع اخ کو دے اور ایک ربع سات اخوات کو دیا یعنی دو ثلث اخ کو

دے اور ایک ثلث سات اخوات کو تو گویا ان کے نزدیک اخ کو چودہ اخوات کی برابر ملا اور یہ صریح غلطی ہے۔

چوتھی غلطی اخت کو اخ کا نصف ملتا ہے اور ان مدعیان علم نے سات اخوات میں ہر اخت کو حصہ اخ کا چودھواں دیا۔ یہ کیسی فحش غلطی ہے۔

پانچویں غلطی تخریج قول امام محمد کے خلاف ہے کہ اس میں عدد فروع کا اصول میں اعتبار نہیں کیا تو اکابر علماء دیوبند کا اس تخریج (۱) کو قول امام کے مطابق کہنا کیسی زبردست غلطی ہے۔

الحاصل جو تخریج اسقدر غلطیوں پر مشتمل ہو اس کو صحیح کہنا انتہائی جہالت ہے۔ لہذا تخریج نہ صحیح، نہ صواب، نہ قول امام محمد کے مطابق، نہ قول امام ابو یوسف کے موافق، نہ اس میں ورثہ کو صحیح سہام دئے گئے، نہ اس کو کوئی اہل علم صحیح کہہ سکتا ہے، نہ اسے یہ علماء دیوبند صحیح ثابت کرسکتے ہیں۔ تو یہ تخریج کسی طرح قابل عمل نہیں۔

اب باقی رہی تخریج (۳) یہ بالکل صحیح وصواب ہے۔ اور اصول وقواعد کے موافق ہے۔ اور قول امام محمد کے مطابق جو مفتی بہ قول ہے۔ ان اکابر علماء دیوبند کا اس کو غلط کہنا اور خلاف اصول وقواعد قرار دینا خود ان کی لاعلمی و نافہمی ہے۔ اسی تخریج (۳) کی تائید میں وہ تمام عبارات ہیں جو اوپر منقول ہوئیں۔ اور دس نمبر جو قول امام محمد کی تفصیل میں گزرے ان سب کا پورے طریقہ پر لحاظ اسی میں رکھا گیا اور اسی تخریج میں ذوی الارحام کو جو سہام دے گئے وہی صحیح اور قواعد کے موافق ہیں۔ لہذا اس تخریج پر عمل کیا جائے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

كتبه : المعتصم بذيل سيد كل نبي ومرسل، الفقير الى الله عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرله الاول، ناظم المدرسة اجمل العلوم في بلدة سنبھل

مسئلہ

(۱۰۷۷۔۱۰۷۸۔۱۰۷۹۔۱۰۸۰۔۱۰۸۱)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسائل مذکور میں۔

(۱) زید نے اپنے انتقال کے بعد اپنے تین نابالغ لڑکے اور بیوی اور ماں باپ چھوڑے۔ زید کا کاروبار پردیس میں تھا۔ زید نے اپنے مرنے سے چھ ماہ قبل اپنے بچوں کیواسطے کچھ تھان کپڑے کے بھیجے تھے لہذا اس کپڑے میں زید کے ماں باپ کو شرعاً کچھ حق پہونچتا ہے یا نہیں؟۔

(۲) زید اپنی زندگی میں اپنے نابالغ بچوں کے نام سے کچھ روپیہ بینک میں جمع کیا تھا جو زید کا ہی

کمایا ہوا تھا ایسی صورت میں زید کے ماں باپ کو شرعا کچھ حصہ پہونچتا ہے یا نہیں۔

(۳) زید نے ایک دوسرے بینک میں اپنے نام سے بھی روپیہ جمع کیا تھا وہ بھی اس کی کمائی کا
اس کی تقسیم کا بھی زید کے ماں باپ کو کوئی حق ہے یا نہیں؟۔

(۴) زید نے اپنی شادی پر زوجہ کو اپنی خاص کمائی کے روپیہ سے کچھ زیورات چڑھائے تھے
اور کچھ زید کی زوجہ کے ماں باپ کی جانب سے چڑھائے گئے تھے۔ پھر زید شادی کے کچھ عرصہ بعد
دوطرفہ زیورات کو تڑوا کر دوسری شکل میں زیورات بنوا چکا۔ بعد انتقال زید ان زیورات میں زید کے ماں
باپ کو شرعا کچھ حصہ پہونچتا ہے یا نہیں؟۔

(۵) زید نے اپنی بالغہ بہن کو دو زیور اپنی خاص کمائی کے روپیہ سے بنوا کر پہنا دیئے تھے، زید کی
بہن بالغہ تھی جو شادی سے قبل ہی زید کی موجودگی میں انتقال ہو چکی۔ بعد انتقال کے زید اپنے دونوں زیور
اپنی بیوی کو لا کر دیدیتا ہے اور اپنی اس مذکورہ بہن کے انتقال کے سال بھر بعد خود بھی انتقال کر جاتے ہیں
۔لہذا ان دوں چیزوں میں بھی زید کے ماں باپ کو شرعا حصہ پہونچتا ہے یا نہیں۔ جو شرع شریف کا حکم ہو
تحریر فرمایئے۔ بینوا توجروا فقط خادم مظہر الحق از آنولہ۔

الجواب

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

(۱)۔زید نے جو کپڑا خاص اپنے بچوں کے لئے خریدا اور ان کے لیے بھیج بھی دیا تو یہ کپڑا خاص
ان بچوں کی ملک ہے۔اس میں زید کے کسی وارث کو کسی طرح کا حق حاصل نہیں ہے۔شامی میں ہے۔

فان کان الاب اشترٰ فی صغرها او فی کبرها وسلم لها فی صحته فهو لها خاصة

(شامی مصری۔ص۳۸۶) واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

(۲) زید نے جو روپیہ اپنی ملک سے خارج کر دیا اور وہ اپنے بچوں کو دیدیا اب چونکہ بچے نابالغ
تھے اس لئے انہیں کے نام سے بینک میں جمع کر دیا تو اس روپیہ کے مالک وہ بچے ہو گئے لہذا یہ زید کا
ترکہ نہیں بنا تو اس روپیہ میں ماں باپ کو کوئی حصہ نہیں ملیگا۔ کما هو مصرح فی کتب الفقه واللہ اعلم بالصواب۔

(۳) یہ روپیہ جو زید ہی کے نام سے بینک میں جمع ہے اس میں ماں باپ کو حصہ شرعی یعنی اس
صورت مسئولہ میں ہر ایک کو چھٹا چھٹا حصہ ملتا ہے۔واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

جو زیور زوجہ کو اس کے ماں باپ نے جہیز میں چڑھایا ہے وہ زوجہ کی ملک ہے۔

شامی میں ہے۔ کل احد یعلم ان الجهاز للمرأة ۔اور وہ زیور جو زید نے چڑھایا ہے اگر
زوجہ کو اسکا مالک کر دیا ہے تو یہ زیور بھی زوجہ کی ملک ہو جائیگا۔ جب تو ان ہر دو زیور میں زید کے ماں باپ
کو کوئی حق حاصل نہیں۔ اور اگر زید نے جو زیور چڑہایا تھا اسکا زوجہ کو مالک نہیں بنایا بلکہ صرف پہننے کیلئے
عاریۃ دیدیا تھا تو وہ زید کا ترکہ ہو جائیگا۔ اس میں زید کے ماں باپ کو وہی حصہ شرعی ملے گا۔ واللہ تعالی اعلم
بالصواب۔

(۵) زید نے اپنی بہن کو جو زیور بنوا کر دیدیئے تھے اگر اس کو مالک بنا دیا تھا جب تو وہ اخت زید
کی ملک ہو گیا۔ اس کے مرنے کے بعد وہ سب ورثہ کا حق ہو گیا۔ اگر وہ بہن زید کے ماں باپ کی اولاد
ہے تو ان ہر دو کو اس میں حصہ شرعی کا حق حاصل ہے۔ اور اگر زید نے اس زیور کا اپنی بہن کو مالک نہیں بنا
یا تھا بلکہ محض پہننے کیلئے عاریۃ دیدیا تھا تو اسکا مالک زید ہی ہے۔ اب زید نے اسکو بیوی کو دیدیا اگر بیوی کو
انکا مالک بنا دیا تو زوجہ کی ملک ہو گیا اس میں زید کے کسی وارث کو کوئی حق حاصل نہیں۔ اور اگر زوجہ کو ما
لک نہیں بنایا تھا تو وہ زید کے ترکہ میں داخل ہوگا۔ اس میں اس کے ماں باپ کو حصہ شرعی ملے گا واللہ
تعالی اعلم۔

کتبه : المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۸۲)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ایک بزرگ کا آستانہ ہے۔ خا
ندانی سجادہ نشینی یکے بعد دیگر آجتک چلی آرہی ہے۔ چنانچہ زید اپنے عہد میں اپنے بیٹے بکر کی موجودگی میں
اپنے پوتے عمر کو اپنا ولیعہد و جانشیں بقاعدہ منتخب کر کے اعلان کرتا ہے اور پھر زید کے انتقال کے بعد زید کا پو
تا عمر سجادہ نشینی کے فرائض کو بارہ سال کی عمر سے انجام دیتا چلا آرہا ہے اور اب بکر کا دعوی ہے کہ محجوب
الارث ہونے کی وجہ سے زید کے مزار کے چڑھاوے یعنی چادر وغیرہ سے بھی زید کا پوتا عمر محروم ہے۔ اور
عمر یہ کہتا ہے کہ جائداد منقولہ و غیر منقولہ جو بوقت رحلت زید نے چھوڑا ہے بیشک وہ متروکہ ہے اس
میں میرا کوئی حق حصہ نہیں مگر مزار کا چڑھاوا متروکہ نہیں ہے۔ لھذا بحیثیت ولی عہد ہونے کے چڑھاوا
پانے کا مستحق ہوں۔ ہاں اگر چڑھاوا متروکہ قرار پائے تو محجوب الارث ہونے کی وجہ سے محروم ہو جاؤں
گا۔ تو پھر زید کے مریدین کے چڑھاوے میں محروم رکھا جاؤں لیکن اگر میرے باپ کے مریدین چادر

وغیرہ چڑھائیں تو وہ مجھ کو ملنا چاہئے۔ لیکن بکر کا یہی کہنا ہے کہ محجوب الارث ہونے کی وجہ سے کسی حیثیت
سے عمر حصہ پانے کا مستحق نہیں ہے۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ چڑھاوا متروکہ ہے یا غیر متروکہ؟
زید کا پوتا عمر ولیعہد ہے وہ زید کے مزار کے چڑھاوے پانے کا مستحق ہے یا نہیں؟ جواب بحوالہ کتب
یت فرمائیں۔

المستفتی مولانا مولوی سید قطب الدین اشرفی کچھوچھہ مقدسہ
۲۹ رجب المرجب ۱۳۷۰ھ ضلع فیض آباد

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

علم فرائض کا موضوع ترکہ ہے۔ وموضوعه التركة۔ شامی مصری (ص ۴۹۹ ج ۵)

حاشیہ شریفیہ میں ہے: "اعلم ان الفرائض علم یعرف به مصارف تركة المتو
وحقوقها ارثا وموضوعه التركة من حيث صرفها فى مصارفها ارثا"

اور ترکہ لغت میں بمعنی متروک کے ہے اور شرعا میت کا وہ مملوکہ متروک مال ہے جس میں کسی
کا حق نہ ہو۔

جامع العلوم میں ہے۔

التركة فعلة من الترك بمعنى المتروك كالطلبة بمعنى المطلوب۔ وفى الشرع ما
ترك الميت خاليا عن تعلق حق الغير بعينه۔ (جامع العلوم ۲۸۸ ج ۱)

ردالمحتار میں ہے: "التركة فى الاصطلاح ما ترك الميت من الاموال صافيا ع
تعلق حق الغير بعين من الاموال۔ (ردالمحتار بصری ۵۰۰ ج ۵)

حاشیہ شریفیہ میں ہے: "التركة ما يتركه الميت من مملوك شرعا كالاراض
المقبوضة والذهب والفضة مضروبين او غير مضروبين وغيرهما من مملوك مما يتعلق
حقوق الورثة"

ان عبارت سے ظاہر ہو گیا کہ ترکہ شرع میں میت کا وہ مملوک مال ہے جو اس نے بوقت مو
چھوڑا ہے اور نا حق غیر کے تعلق سے خالی ہو۔ اب وہ آراضیاں ہوں، یا سونا چاندی ہو، یا عروض اسباب
ہوں۔ تو جو مورث کی موت کے بعد حاصل ہوا ہے تو ظاہر ہے کہ وہ ترکہ نہیں کہہ سکتے کہ نہ وہ میت

مملوک مال ہے، نہ اسے وقت موت اس نے چھوڑا۔ لھذا زید کے مزار کا چڑھاوا چادر وغیرہ نہ زید کا مال
مملوک تھا، نہ زید نے اسے وقت موت چھوڑا، تو اس پر ترکہ کی تعریف ہی صادق نہیں آتی۔ تو اس میں ارث
کس طرح جاری ہوگا۔ تو بکر کا اس میں عمر کو محجوب الارث قرار دینا اور اپنے آپ کو من حیث الفرائض
حقدار ہونے کا دعوی کرنا غدر ہے اور قول عمر صحیح ہے۔

اور جب بکر کو عمر کا سجادہ اور ولیعہد ہونا اور بقاعدہ مشائخ جانشین ہونا تسلیم رہا اور حیات زید میں
اور اس کے بعد بارہ سال تک اسکے تصرفات اور حقوق جانشینی پر اعتراض نہ ہوا تو عمر کا مستحق وحقدار ہونا
بکر کو عملاً خود ہی تسلیم ہے۔ اب اتنی مدت کے بعد اس کو غیر مستحق ثابت کرنے کی سعی کرنا شرعاً واخلاقاً نا
مناسب ہے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عز وجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۸۳)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید وعمر دو بھائی ہیں، اور شرکت
میں کاشت کرتے ہیں، زید وعمر نے چند شخصوں کو اجازت دی کہ ہماری کاشت کی زمین کو تقسیم کر دیا
جائے۔ پنچایت نے حیثیت زمین کے حساب سے نصف نصف کر دیا، موجودہ فصل خریف کو پنچائت نے
زید وعمر کی مساوی شرکت پر کر دیا، اور ربیع کے لئے جدا جدا جوتنے اور بونے کے لئے کہہ دیا، قرعہ بھی پڑ
گیا، اس کے بعد حساب لگایا گیا تو زید کے حصہ پر ربیع کیلئے چوبیس بیگھہ زمین عمر سے کم رہتی ہے۔ لہٰذا
دریافت طلب امر یہ ہے کہ ایسی حالت میں زید اس چوبیس بیگھہ کی فصل خریف عمر سے لے سکتا ہے یا
نہیں؟۔ یا اس حیثیت کی زمین عمر سے بارہ بیگھہ ربیع کے لئے لے سکتا ہے یا نہیں؟۔ شرع مطہرہ کا حکم مع
دلائل کے تحریر فرمایا جائے۔ بینوا توجروا۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

صورت مسئولہ میں ہر بھائی نصف زمین کا حقدار ہے۔ ہر ایک کی دوسرے کیلئے صحیح نصف کی
رضا ظاہر ہے۔ اب پنچ سے تقسیم میں یہ غلطی ہوگئی کہ ایک کے پاس نصف سے زائد زمین پہنچ گئی تو یہ زائد
زمین اس کے لئے شرعا جائز نہیں۔

حدیث شریف میں ہے: من اخذ ارضا بغير حقها كان ان يحمل ترابها في المحـ

(مشكوة شريف)

یعنی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے زمین بغیر کسی حق کے لے لی

یوم محشر اس کی مٹی کے سر پر اٹھانے کی تکلیف دی جائے گی۔

دوسری حدیث میں یہ الفاظ بھی وارد ہیں: ثم يطوقه الى يوم القيامة حتى يقضى

الناس۔

یعنی پھر اس کے لئے اس زمین کو طوق گلو کر دیا جائے گا آخر روز قیامت تک یہاں تک

لوگوں کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔

لہذا ان دونوں کو اور جس کو اس نصف سے زائد زمین پہونچی ہے خصوصیت سے پھر کسی

طرف رجوع کرنا ضروری ہے، تاکہ ہر ایک کو اپنا اپنا حق صحیح طور پر مل جائے۔ اور دوسرے کے حق

سبکدوش ہو جائے۔ اور قیامت کی ذلت اور رسوائی سے اپنے آپ کو بچالے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عز وجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۸۴)

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ

ایک مکان جس کے زید وعمر مساوی مالک ہیں، چند اشخاص مہذب نے اس مکان

سامان کو حتی الامکان پنچایت نے بحساب قیمت اور اجرت لگا کر مساوی نصف کر دیا، اس کے بعد

ڈال دیا گیا۔ زید کے حصہ میں جو مکان آیا، وہ قیمت میں عمر کے مکان سے کم ہے جو اس کی تعمیر میں

ہوئی تھی۔ لہذا دریافت طلب امر یہ ہے کہ ایسی حالت میں زید اس پنچایت کے ذریعہ عمر سے

قیمت لے سکتا ہے یا نہیں۔ شرع مطہرہ کا کیا حکم ہے، مع ثبوت تحریر فرمایا جائے۔

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

اس صورت میں جبکہ مکان وسامان کی شرعی تقسیم بحساب قیمت مساوی طور پر نصف نصف

چاہئے پنچ نے صحیح طور پر نصف نصف تقسیم نہیں کی، تو جس کا حصہ قیمت نصف سے کم ہے وہ یقیناً اپنے

شرعاً مطالبہ کر سکتا ہے، دوسرا اس کی حق تلفی قطعی نہ کرے، اور زائد از نصف سے اس کو نفع اٹھانا شرعاً جائز

نہیں۔

بخاری شریف کی حدیث میں ہے:

من اخذ شيا بغير حقه خسف به يوم القيامة الى سبع ارضين (مشكوة شريف)

یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے زمین کا ادنی حصہ بھی بغیر اپنے حق کے

لیا اس کو روز قیامت ساتویں زمین تک دھنسا دیا جائے گا۔ بلاشبہ اپنے حق جس طرح عمر سے ممکن ہو شرعاً

لے سکتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عز وجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۸۵)

یہاں ایک للھپتی آدمی مر چکا ہے، اور اس کے خاندان کے لوگ پنج شجرہ کے اندر درج ہے جس کا

نام اعجاز نور تھا، اور کئی لاکھ روپیہ تجوری میں چھوڑا ہے۔ ایک چچا نہیں بلکہ چچیرہ زندہ ہے۔ اور ایک

چچیرے چچا کی اولاد ہے۔ اب صرف یہ پوچھنا ہے کہ یہ حصہ بڑے چچا کی اولاد کو ملے گا کہ اس چھوٹے

چچا کو ملے گا۔ یا دونوں چچیرے۔ یا نصف نصف ہوگا۔ زندہ چار آدمی ہیں، جیسا کہ شجرہ کے اندر درج

ہے۔ یہاں نہ تو کوئی قاضی ہے نہ کوئی مفتی ہے، غرض بالکل تاریکی میں ہے، سب لوگ کوئی کہتا ہے کہ

صرف پکن کو ملے گا، وہ چچا ہے، کوئی کہتا ہے کہ بڑے چچا کی اولاد کو ملے گا، کوئی کہتا ہے کہ چار ہیں چار

حصے ہوں گے۔ یوں مسئلہ کلالہ کی رو سے اسکے باپ دادا کی پیدا کردہ نہیں، اس کی خود کی پیدا کردہ

جائیداد اور روپیہ ہے۔ کسی کا خیال ہے کہ نصف نصف ہونا چاہیے۔ غرض جتنے منھ اتنی ہی باتیں، معقول بات

کوئی بھی نہیں۔ سب کم علم کی وجہ سے تاریکی میں ہے۔

سائل محمد علی خان، بقی پور ڈاکخانہ قائم گنج، ضلع فرخ آباد

۲۰/ اپریل ۵۶ء

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

بعد تقدیم ما یجب علی الارث وبشرط خلو از موانع ارث وبشرط صدق بیان سائل وانحصار ورثہ در

مذکورین کل ترکہ مسمی بکن کوملتا ہے۔ جواعجازنور کے باپ کے چچا کالڑکا ہے۔تو یہ میت اعجاز نور…
نسبت حمید اور عظیم کے زیادہ قریب ہے۔ کہ وہ دونوں میت کے باپ کے چچا کے پوتے ہیں تو وہ…
بہ نسبت بکن کے میت سے بعید ہوئے، لہذا حمید وعظیم ترکہ میت سے محروم ہیں۔ کہ فقہ کا قاعد…
الاقرب فالاقرب۔تواب اعجاز نور کا کل ترکہ مسمی بکن کو ملے گا۔فقط۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب…
رمضان ٥٧ھ

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۰۸۶)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسائل ذیل میں کہ متوفیہ لاولد زید کی
بیوی تھی متوفیہ کے میکے سے ملے ہوئے دومکان اسی کے نام تھے متوفیہ نے دونوں مکانوں کو رہن کر…
رہن شدہ مکانوں کو زید نے چھڑا کر اسی کے نام پھر کردیا زید کی تیسری بیوی سے صرف ایک اولاد…
زندہ ہے زید کی چوتھی بیوی سے ایک لڑکا تھا وہ متوفیہ سے قبل انتقال کرگیا اس کے چار اولادیں دولڑ…
دولڑکیاں موجود ہیں۔زید کی پانچویں بیوی سے ایک لڑکا تھا متوفیہ مذکور سے قبل انتقال کرگیا اس کی
اولادیں چار لڑکے اور ایک لڑکی اپنے والد کے انتقال کے بعد یہ دونوں لڑکے چوتھی اور پانچویں
انتقال کئے ہیں۔متوفیہ مذکور کا ایک خالہ زاد بھائی تھا عقیدہ رافضی رکھتا تھا متوفیہ مذکور سے قبل انتقال…
اوراس کے ایک لڑکا تھا وہ بھی متوفیہ کے قبل ہی گزرگیا تھا لڑکے کی تین اولادیں ایک لڑکا دولڑکیاں ا…
کی بیوہ موجود ہیں۔اورسب رافضی ہیں متوفیہ کی ایک سوتیلی بہن رافضی تھی اس کا حصہ زید نے د…
متوفیہ مذکور پہلے عقیدہ رافضی رکھتی تھی مگر زید کے گھر آنے کے رسمی طور پر امام بارہ گھر بنوائے تھے اور…
کافی ہے۔زید اور اولاد جو حیات ہے وہ سب سنی ہیں ازروئے شرع شریف ساری جائداد کا مالک…
ہے یا ترکہ کے مستحقین کون کون ہیں۔ بینوا توجروا

المستفتی نیاز احمد رضوی مسجد بزریہ۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

جب زید کی بیوی چھٹی لاولد فوت ہوئی اور وہ سنی المذہب تھی اور اس کے ورثہ نسبیہ سب…

ہیں تو یہ رافضی ورثہ ارتداد واختلاف مذہب کی بنا پر محروم الارث قرار پائیں گے۔تو اب اس متوفیہ کا ترکہ صرف شوہر زید کو پہونچتا ہے۔کہ نصف تو حق زوجیت کی بنا پر لیگا اور نصف باقی بطور رد کے اس کو دیا جائے گا کہ اب بیت المال موجود نہیں ہے تو متاخرین نے زوجین ہی سے ایک کو بطور رد کے بقیہ کا حقدار بنادیا۔

چنانچہ درمختار میں ہے: وما فضل عن فرض احد الزوجین یرد علیه۔

ردالمحتار میں ہے: انه یرد علیها فی زماننا۔

اشباہ والنظائر میں ہے: وکذا مافضل بعد فرض احد الزوجین یرد علیه بناء علی انه لیس فی زماننا بیت المال لانهم لایضعونه موضعه ملخصا۔

سراجی میں تحت ثم بیت المال کے ہے: عند المتاخرین یرد علی الزوجین لفقد بیت المال۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۲ ر رمضان المبارک ۱۳۷۸ھ

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

کتاب الردوالمناظرہ

﴿۹﴾

باب الردوالمناظرۃ

مسئلہ (۱۰۸۷۔۱۰۸۸۔۱۰۸۹۔۱۰۹۰۔۱۰۹۱۔۱۰۹۲۔۱۰۹۳۔۱۰۹۴۔

۱۰۹۵۔۱۰۹۶۔۱۰۹۷۔۱۰۹۸۔۱۰۹۹۔۱۱۰۰)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بتاریخ ۲۴ ربیع الاول ۱۳۵۷ھ کو جناب چودھری مقصود علی خاں صاحب کے توسط سے مفتی ابوذر صاحب کی دستخطی ایک تحریر کردہ قسط سوالات کا بغرض جوابات اس فقیر کو موصول ہوئی، اس تحریر میں مفتی جی نے اپنے آپ کو سائل کی صورت میں پیش کیا ہے، اور ضمن سوالات میں سلسلہ گفتگو شروع کیا ہے، اور اپنی قابلیت علمی اور جذبات قلبی کی ترجمانی کی ہے، لیکن اہل فہم پر یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ سائل مختلف حیثیات کے ہوتے ہیں، ایک ایسا سائل ہوتا ہے جو واقعی لاعلم اور ناواقف اور خالی الذہن ہوتا ہے اور وہ جواب سے ازالہ جہل اور حصول علم چاہتا ہے۔ لہذا ایسے سائل کے جواب میں مجیب تحقیقی جواب مختصر الفاظ میں پیش کر دینا کافی سمجھتا ہے۔ ایک ایسا سائل ہوتا ہے جس کو اپنے سوال کے جواب کا کچھ علم ہوتا ہے لیکن اسے کوئی شبہ وشک واقع ہو گیا ہے تو اسے محض اطمینان قلب اور مزید تفصیل و تحقیق سوال سے مقصود ہوتی ہے تو مجیب ایسے سائل کے جواب میں کافی عبارات بہت سے استدلالات پیش کر کے مبسوط گفتگو اور مفصل بحث کرتا ہے اور اس کے سوال کی غرض کو باحسن وجوہ پورا کر دیتا ہے۔ ایک سائل وہ ہوتا ہے جو اپنے دعوے پر اس قدر جزم ویقین رکھتا ہے کہ اگر اس کے دعوے کے خلاف آفتاب سے زیادہ روشن طور پر دلائل و براہین بھی قائم کر دے جائیں تو بھی براہ تعصب وعناد تسلیم نہ کرے اور اپنے اسی باطل عقیدے پر جمار ہے تو ایسے سائل کا سوال نہ حصول علم کے لئے ہوتا ہے اور نہ اطمینان قلب اور طلب تحقیق کی غرض سے ہوتا ہے بلکہ یا تو اپنی حصول شہرت وو جاہت۔ یا اپنے اظہار علم وفضل۔ یا عوام کو مغالطہ وفریب میں ڈالنے۔ یا اپنے معتقدین پر اپنا اقتدار باقی رکھنے یا مقابل کو شکست وعاجز کرنے، یا اپنے غلط عقیدہ پر پردہ ڈالنے وغیرہ اغراض کی بنا پر سوال ہوتا ہے۔ یہ سائل مجیب بننے کی تو لیاقت نہیں رکھتا کہ اس

ملاعلی قاری شیخ عبدالحق محدث دہلوی ۔حضرت مولانا شاہ محمد عبدالعزیز محدث دہلوی ۔حضر
جلال الدین سیوطی ۔حضرت جلال الدین محلی ۔حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب شہید محدث دہلوی
نظام الملۃ والدین ۔حضرت مولانا نظام الدین لکھنوی ۔بحرالعلوم عبدالعلی لکھنوی ۔حضرت علامہ عب
لکھنوی ۔حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی ۔حضرت ولی اللہ ۔مولانا محمد قاسم صاحب
نانوتوی ۔ان علماء سے ہر ایک عالم معتمد ہے یا نہیں اور ان میں سے ہر اک عالم کی جملہ تصانیف معتمد
یا نہیں؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

پہلے سائل ان مذکورین کی نسبت اپنے عقیدے کا اظہار کرے کہ وہ ان کی جملہ تصانیف ا
اقوال اور ہر کلام کو حق جانتا مانتا ہے یا نہیں، یا بعض کو مانتا ہے اور بعض کو نہیں، اور جن بعض کو نہیں مانتا
کیا ہیں اور کس مرتبۂ غلط پر ہیں، اور اس مرتبہ غلط کے مرتکب کا شرع میں کیا حکم ہے، ہم سے جب
اول میں قرآن وحدیث کی سند طلب کی گئی ہے تو پھر ان مذکورین کی نسبت سوال کرنا کیا معنی رکھتا
ان میں اکثر تو علماء تھے، کیا سائل جملہ اصحاب رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بھی جملہ اقوال ما
ملتزم ہے، اپنے عقیدے کا تو بیان کرے۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۳)

ابتدائے اسلام سے ۱۳۵۷ھ تک کی تصانیف کتب کثیرہ کہ جو لفظاً لفظاً معتمد ہوں بیان فرما

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

ایسی فہرست اگر تیار کی جائے تو سالہا سال میں تیار ہو اور کتب خانے بھر جائیں، ایک عا
صدہا تصانیف مرتب کردے اور اگر ہوسکے تو دکھائے، معلوم ہوتا ہے کہ سائل کو کسی ہسپتال میں کھیر کھ
کی ضرورت واقع ہورہی ہے۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۴)

غنیۃ الطالبین لفظاً لفظاً معتمد ہے یا نہیں؟ حضرت ابوحنیفہ، حضرت شافعی، حضرت مالک، حضرت
احمد، مجتہدین اربعہ میں سے ہر ایک کا ہر ایک قول معتمد ہے یا نہیں؟ اور ان میں سے ہر ایک کی تصنیف لفظاً
لفظاً معتمد ہیں یا نہیں؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

غنیۃ الطالبین میں بد مذہبوں کے تصرفات ہوئے ہیں، اصل کتاب معتبر اور بد مذہبوں کے
تصرفات والحاق باطل ۔حضرت ائمہ اربعہ کے جملہ اقوال جو ان کے اپنے وضع کئے ہوئے قواعد کے
مطابق قابل قبول ہوں ہر اک کے مقلدین کو سب تسلیم ہیں۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۵) و (۶)

شرح عقائد نسفی ۔شرح عقائد جلالی ۔حاشیہ شرح عقائد جلالی از ملا نظام لکھنوی ۔شرح مواقف ۔
شرح مقاصد ۔تمہید ابوشکور اسلمی ۔اعتقاد نامہ جامی ۔تکمیل الایمان ۔حدیقہ کلیم سنائی ۔اصول الایمان ۔
حسن العقیدہ ۔بستان المحدثین ۔تحفہ اثناعشریہ ۔ازالۃ الغین ۔ازالۃ الخفا ۔ان کتب میں سے ہر ایک
کتاب لفظاً لفظاً معتمد ہے یا نہیں؟ ہدایہ ۔قاضی خاں، فتح القدیر ۔عنایہ ۔نہایہ ۔کفایہ ۔برجندی شرح
الیاس ۔شرح وقایہ ۔مختصر وقایہ ۔کنزالدقائق ۔قدوری ۔منیہ ۔اعصی ۔کبیری خلاصہ کیدانی ۔شرح
خلاصہ کیدانی ۔چلپی ۔عمدۃ الرعایہ ۔اسبیجابی ۔عینی ۔قسطلانی ہر دو شرح بخاری شریف ۔عینی شرح
کنزالدقائق ۔مستخلص الحقائق شرح کنزالدقائق ۔بحرالرائق ۔درمختار ۔حمادیہ ۔عمادیہ ۔خزانۃ المفتین
۔فتاوی مطالب المومنین ۔فتاوی سراجیہ ۔فتاوی سلطانیہ ۔بہادر خانیہ ۔فتاوی عالمگیری ۔نساب الصباب
الاشباہ والنظائر حموی ۔شرح الاشباہ والنظائر ۔ان کتب میں ہر ایک کتاب لفظاً لفظاً معتمد ہیں یا نہیں۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

کیا سائل نے یہ تمام کتابیں دیکھی ہیں، اس کے پاس موجود ہیں، تحتاوی جسکا املا تائے فوقا
سے، اور ردالمختار جس کا املا خائے فوقانیہ سے ہے، یہ دونوں کتابیں بھی سائل کے کتب خانہ میں موج
ہیں، یا اور کسی کے کتب خانہ مین نظر پڑی ہیں، کتابوں کی فہرست میں سائل نے بہت ہی اختصار سے
لیا ہے، قواعد بغدادی، تشریح الحروف، بچوں کا کھیل، ان میں سے کسی کا ذکر نہ آیا، ابتدائی کتابوں میں سے
یہ ضروری کتابیں فراموش کیں، اور انتہائی کتابوں میں کتب الٰہیہ کو بھول گیا، جن میں قرآن کریم۔ تورا
۔انجیل۔ زبور۔ صحائف وغیرہ۔ ایسے سوالات سے ضرور سائل کا فاضل وفاجل ہونا ثابت ہوتا ہے۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۷)

خلافت حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ باعتبار بیعت اہل حل وعقد کاملہ ہے یا نہیں؟ خلاف
حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ باعتبار بیعت اہل حل وعقد کاملہ ہے یا نہیں؟ خلافت حضرت عثمان غنی ر
اللہ تعالیٰ عنہ باعتبار بیعت اہل حل وعقد کامل ہے یا نہیں؟ خلافت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ باعت
اہل حل وعقد کاملہ ہے یا نہیں؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

یہ سب خلافتیں حقہ رشیدہ ہیں۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۸)

اگر کوئی شخص حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیعت خلافت نہ کرے یہاں تک کہ وہ خود وفا
پاجائے، یا خلیفہ اس دار فانی سے رخصت ہوجائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ اگر کوئی شخص حضرت عمر رضی
تعالیٰ عنہ سے بیعت خلافت نہ کرے یہاں تک کہ وہ خود وفات پاجائے یا خلیفہ اس دار فانی سے رخص

ہوجائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ اگر کوئی حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیعت خلافت نہ کرے یہاں
تک کہ وہ خود وفات پاجائے یا خلیفہ اس دار فانی سے رخصت ہوجائے اس کا کیا حکم ہے؟ اگر کوئی شخص
حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیعت خلافت نہ کرے یہاں تک کہ وہ خود وفات پاجائے یا خلیفہ اس دار
فانی سے رخصت ہوجائے تو اس کا کیا حکم ہے؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

اگر وقت وجوب بیعت میں بغیر کسی مانع کے بے عذر شرعی بیعت نہ کرے تو خاطی وقابل گرفت
ہے۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۹)

قرآن شریف کی جملہ وہ تفاسیر کہ از اہل سنت وجماعت ہیں وہ سب لفظاً لفظاً معتمد ہیں یا نہیں۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

تفاسیر معتمدہ سب معتبر ہیں، سائل کو سوال کرنے سے قبل تفسیر کے معنی کا ذہن میں رکھنا ضروری
تھا۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۱۰)

تقلید شخصی احکام سبعہ میں سے کیا حکم رکھتی ہے؟ اس کی کیا دلیل ہے اور احکام سبعہ کیا کیا ہیں؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

تفہیم سوال بذمہ سائل، تقلید شخصی سے اس کی کیا مراد ہے، اور شخصی کی تقلید کس قسم کی ہے اور کیا
فائدہ دیتی ہے، تقلید نوعی اور جنسی کونسی ہوتی ہے، سائل اپنے مدعی کو اچھی طرح واضح کرے۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۱۱)

حضرت محمد بن حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہما کو کس نے شہید کرایا اور کس کے حکم سے شہید ہوئے اور شہید ہوئے بھی یا نہیں؟ اگر شہید ہوئے تو شہید کرنے والے اور قتل کا حکم دینے والے کا کیا حکم ہے؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

کتب تواریخ سائل کے نزدیک کس پایہ اعتبار پر ہیں؟ کیا ان کی ہر ایک نقل معتبر ہے بالخصوص جب کہ ان کے بیانوں میں اختلاف ہو؟ ہم کسی شخص کو اس وقت مجرم قرار دینگے جبکہ اس کے جرم پر شرعی شہادت قائم ہو، حضرت محمد ابن ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہما کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا، اس کی تفاصیل جب ایسے معتبر بیان سے پیش کی جائیں جو شرعا قابل قبول ہوں تب ان کا حکم بیان کیا جاسکتا ہے، تواریخ جو رطب ویابس سے مملو ہیں وہ اس قابل نہیں کہ ان کے ہر بیان کو واقعہ مان کر واقعی حکم دیدیا جائے۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۱۲)

کیا حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ اور ان کی اولاد پر (اللہ ان سب سے راضی رہے) ایک مدت تک لعن ہوتی رہی یا نہیں؟ اور کس کے حکم سے؟ ان حضرات پر لعن کرنے والے اور لعن کا حکم دینے والے کا کیا حکم ہے؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

اب بھی ہوتی ہے خارجیوں کا معمول ہے۔ اہلسنت ہمیشہ سے ان کا ادب کرتے آئے ہیں اور ان کی عزت وعظمت فرض اعظم جانتے ہیں، ان کی الفت ومحبت ایمان کی اہم علامت سمجھتے ہیں، ان میں سے کسی کی طرف لعن یا جواز لعن کی نسبت غلط اور باطل ہے اور سائل کا محض افترا اور بہتان ہے۔ لعنۃ اللہ

علی الکاذبین۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۱۳)

جملہ احادیث شریفہ صحاح ستہ شریفہ لائق عمل واعتقاد ہیں یا نہیں؟۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

منسوخ وغیر منسوخ۔ مؤول وغیر مؤول۔ متشابہ وخفی۔ مشکل ومجمل کسی کی کوئی تفصیل نہیں، سب کے لئے ایک حکم دریافت کرنا جنون اور بیہودانہ سوال ہے بلکہ اس سے بھی بدتر۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سوال نمبر (۱۴)

کیا فرض کے مقام پر واجب اور واجب کے مقام پر فرض بولا جاسکتا ہے یا نہیں؟ اور اس کا کیا ثبوت ہے؟۔

السائل ابوذر ۲۳رجون ۳۷ھ

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

یہ ایسا ہی سوال ہے جیسے کوئی کہے: شمس بازغہ میں کیا کیا لکھا ہے، اس کا یہی جواب ہوگا کہ وہ شخص اس کو پڑھے، یہاں سائل نے بھی ایسا ہی سوال کیا ہے، سائل کو چاہئے کہ کتب اصول کے لئے قواعد مقرر ہیں تو معلوم ہو جائے گا کہ اطلاقات حقیقی بھی ہوتے ہیں اور مجازی بھی، اور ہر ایک کے لئے قواعد مقرر سبحن اللہ، یہ بھی کوئی مناظرانہ سوال ہے، معمولی طالب علم اس کو جانتے ہیں،

بحمد اللہ تعالی سائل کے تمام سوالات کے اصول مناظرہ کے اعتبار سے نہایت مکمل اور کافی جوابات لکھدیئے گئے، لیکن ان سوالات کی بھیک سے سائل کے کاسۂ غربال صفت میں کیا جمع ہوگا اور سائل کے مذہب واعتقادیات کا پردہ کب اٹھیگا اور عامۃ المسلمین کو کیا فائدہ پہنچے گا۔ لہذا میں اس وقت

ایک سو(۱۰۰) سوالات پیش کرتا ہوں جن کے جوابات سے یہ سارے اختلافی مسائل ہی حل ہو جا
گے اور ہر شخص کو پتہ چل جائے گا کہ ہمارے اہل سنت وجماعت کا مذہب ومسلک کتنا قوی اور کیسا
ہے اور وہ افراط وتفریط سے کس قدر بعید ہے، اور مفتی جی کا مذہب تفضیلیت نہیں بلکہ رفض وشیعت کہ
اور باطل ہے اور کیسے پرمکر فریب دلائل سے مزین ہے، اور کس قدر افترا پردازی اور بہتان طرازی
ہے اور اس کے ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہو جائے گا کہ محبان اہل بیت کرام صرف ہم اہلسنت وجماعت
ہیں۔ اور یہ دشمنان حضرات اہل بیت کرام اور نافرمان خاندان آل رسول ہیں۔ کاش کہ مفتی جی جوا
کی ہمت کریں اور اسی سلسلۂ گفتگو کو جاری رکھیں تو ہر منصف طبیعت کو حق و باطل کا فرق آفتاب سے
روشن طور پر معلوم ہوگا۔ واللہ یھدی من یشاء الی صراط مستقیم۔

(۱) مفتی جی آپ لامذہب ہیں یا اپنا کوئی مذہب رکھتے ہیں؟۔

(۲) اگر آپ کوئی مذہب رکھتے ہیں تو وہ مذہب اہل سنت وجماعت کے مذہب کے موافق
یا مخالف؟۔

(۳) اگر آپ مذہب اہل سنت وجماعت کے مذہب کے مخالف ہیں تو اپنے اس مذہب کا
دلائل اظہار کیجئے؟۔

(۴تا۵) اگر آپ کا مذہب اہل سنت وجماعت کے مذہب کے بالکل موافق ہے تو یہ صاف
کیجئے کہ آپ بنا بر دعوی اہل سنت ہونے کے روافض پر کیا حکم لگاتے ہیں اور تفضیلیوں کو کیسا جانتے ہیں

(۶) اور اہل سنت نے ان پر کیا کیا احکام صادر فرمائے ہیں؟۔

(۷تا۹) آپ روافض اور تفضیلیوں کے عقائد اور مسائل اور اقوال واستدلالات کو حق ا
جانتے ہیں یا غلط وباطل، برتقدیر ثانی ان کی غلطی صرف حد گمراہی تک پہنچی ہے یا اس سے متجاوز ہو کر
شرک تک پہنچ جاتے ہیں؟۔

(۱۰) وہ اکابر فرقہ وہابیہ دیوبندیہ جن کی علماء عرب وعجم نے بالاتفاق ایسی تکفیر کی ہے کہ جو
کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے جن فتاووں کا مجموعہ ''حسام الحرمین اور الصوارم الہندیہ'' ہے
ان فتووں کو حق وصحیح جانتے ہیں یا نہیں؟۔

(۱۱) کیا قرآن کریم کا ہر ایک حکم بلا استثناء منسوخات آپ کے نزدیک قابل عمل اور لائق ا
ہے یا نہیں؟۔

(۱۲) جو حکم کثرت احادیث ضعاف سے ثابت ہو وہ قابل عمل ہے یا نہیں؟۔

(۱۳) آپ جملہ صحابہ کے جملہ اقوال مانتے ہیں یا نہیں؟۔

(۱۴تا۱۵) اجماع امت سے جو حکم ثابت ہو وہ قطعی ہے یا نہیں؟ برتقدیر اول اس کا مخالف
ومنکر کافر بے دین ہے یا نہیں؟۔

(۱۶) اہل باطل کی مخالفت اجماع اہلسنت کے لئے قادح ہے یا نہیں؟۔

(۱۷) قیاس کیا صرف مجتہدین ہی کا حجت ودلیل شرعی ہے یا ہر کس وناکس کا بھی؟۔

(۱۸تا۱۹) قرآن واحادیث کی تصریحات کے موجود ہوتے ہوئے اس کے خلاف کوئی حکم محض
اپنی رائے سے دینا یا غیر معتبر ذرائع پر اعتماد کر کے حکم قرآنی کی مخالفت کرنا گمراہی اور کفر ہے یا نہیں؟۔

(۲۰) سلف وخلف کے کثیر اقوال واعتقادیات کا انکار کرنا بے دینی اور ضلال ہے یا نہیں؟۔

(۲۱) کتب احادیث کی وہ کون کون سی کتابیں ہیں جن کی جملہ روایات لفظاً لفظاً آپ کو بے عذر
تسلیم ہوں ان کی ایک فہرست پیش کیجئے؟۔

(۲۲) کتب عقائد کی وہ کون کون سی کتابیں ہیں جنکو آپ لفظاً لفظاً حق جانتے ہیں ان کتب کی
ایک فہرست پیش کیجئے؟۔

(۲۳) جس مسئلہ اور عقیدے کے الفاظ بجنسہا وبعینہا وبتراکیبہا الموجودہ قرآن وحدیث میں نہ
ہوں تو ان کا آپ کے نزدیک کیا حکم ہے؟۔

(۲۴) کتب تفاسیر میں وہ کون کون سی کتابیں ہیں جن کو آپ لفظاً لفظاً تسلیم کرتے ہیں؟۔

(۲۵تا۲۸) آپ نے سوال نمبر ۲ دو میں جن علماء کے نام تحریر کئے ہیں آپ ان کی جملہ تصانیف
اور جملہ اقوال اور ہر کلام کو حق وصحیح جانتے ہیں یا بعض کو مانتے ہیں اور بعض کو نہیں مانتے اور جن بعض کو نہیں
مانتے وہ کیا کیا ہیں اور کس مرتبۂ غلط پر ہیں اور اس مرتبہ غلط کے مرتکب کا شرع میں کیا حکم ہے؟۔

(۲۹تا۳۰) عہد مبارک نبوی سے اب تک کے تمام علماء اہل سنت کے ناموں کی ایک فہرست
پیش کیجئے اور ہر عالم کی جملہ تصانیف کو شمار کرتے ہوئے تمام تصانیف کی ایک مکمل فہرست بنا دیجئے؟۔

(۳۱) غنیۃ الطالبین آپ کے نزدیک بھی لفظاً لفظاً معتمد ہے یا نہیں؟۔

(۳۲) ائمہ اربعہ میں سے ہر ایک کا ہر ایک قول آپ بھی معتمد جانتے ہیں یا نہیں؟۔

(۳۳) ائمہ اربعہ میں سے ہر ایک کی ہر ایک تصنیف لفظاً لفظاً آپ کے نزدیک بھی معتمد ہے

یا نہیں؟۔

(۳۴) آپ کے سوال نمبر ۵ ۔ کی کتابوں میں سے ہر کتاب آپ کو اسی طرح معتبر
یا نہیں؟۔

(۳۵) آپ کے سوال نمبر ۶ ۔ کی کتابوں میں سے ہر ایک کتاب کو آپ بھی اسی شرط کے
معتمد جانتے ہیں یا نہیں؟۔

(۳۶) آپ کے سوال نمبر ۶ ۔ میں تحتاوی کا املا تائے فوقانی اور ردمحتار کا بجائے معجمہ لکھا
کیا یہ دونوں کتابیں آپ کے پاس اور کسی کتب خانے میں موجود ہیں اور آپ نے کبھی ان کتابوں کو
ہے یا نہیں؟۔

(۳۷) خلفاء اربعہ میں سے ہر ایک کی خلافت آپ کے نزدیک بھی کاملہ اور راشدہ
یا نہیں؟۔

(۳۸) حضرت معاویہ اور حضرت طلحہ وحضرت زبیر وحضرت عمرو بن عاص اور حضرت ام ال
عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا وعنہم ان میں ہر ایک مجتہد تھا یا نہیں؟۔

(۳۹) حضرت مولا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے مقابلے میں کیا یہ حضرات اپنے آپ کو
خلافت اور حقدار امامت جانتے تھے یا نہیں؟۔

(۴۰) مجتہدین کی خطا موجب عذاب اور قابل سب وشتم ہے یا سبب اجر وثواب اور لائق
تقلید ہے؟۔

(۴۱) خطا اجتہادی کی جامع ومانع کیا تعریف ہے؟۔

(۴۲) حضرت طلحہ وحضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں اور حضرت م
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقابلہ میں لڑکر شہید ہوئے کہئے یہ آپ کے نزدیک داخل جنت ہوئے یا نعوذ
داخل دوزخ؟۔

(۴۳) حضرت عقیل جو حضرت مولا علی کے بھائی ہیں حضرت معاویہ کے ساتھ شامل ہوگئے
آپ کے نزدیک کس حکم کے مستحق ہیں؟۔

(۴۴ تا ۴۵) حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر لفظ بغاوت کا اطلاق کس معنی میں ہے۔
بغاوت قابل طعن وتبرا اور موجب عذاب وعقاب ہے یا نہیں؟۔

(۴۶ تا ۴۷) حضرت طلحہ وحضرت زبیر وحضرت عمرو بن عاص وحضرت معاویہ وحضرت ام
المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا وعنہم ان سب حضرات نے حضرت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے
مقابل میں جنگ کی تو آیا یہ سب حضرات آپ کے نزدیک قابل طعن وتبرا ہیں یا ان میں صرف حضرت
معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اگر صرف یہی ہیں تو کیوں؟۔

(۴۸) حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کیوں صلح
کی اور کیوں ان کی خلافت کو تسلیم کیا؟۔

(۴۹) حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل میں کوئی حدیث وارد ہے یا نہیں؟۔

(۵۰) حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تذکرہ میں علامہ ابن حجر نے ایک کتاب "تطہیر
الجنان واللسان" تصنیف کی جو صواعق محرقہ مصری کے حاشیہ پر مطبوع ہے وہ آپ کے نزدیک لفظا
معتمد ہے یا نہیں؟۔

(۵۱) کسی صحابی کی توہین کرنا ان پر افترا بہتان محض غیر معتبر اقوال کی بنا پر کرنا گمراہی وکفر ہے
ہیں؟۔

(۵۲ تا ۵۵) آپ کے سوال نمبر ۱۰۔ میں تقلید شخصی سے کیا مراد ہے؟ اور تخصی کی تقلید کس قسم کی
ہے؟ اور کیا فائدہ دیتی ہے اور تقلید نوعی اور جنسی کونسی ہوتی ہے؟۔

(۵۶ تا ۵۷) کتب تاریخ کس پایہ اعتبار پر ہیں کیا ان کی ہر نقل معتبر ہے؟۔

(۵۸ تا ۵۹) جب کتب تاریخ کے اقوال میں اختلاف ہو تو اس صورت میں ان کا کونسا قول معتبر
ہوگا اور اس کا معیار اور فائدہ کیا ہے؟۔

(۶۰) کتب تاریخ کی شہادت کیا شرعی شہادت کا حکم رکھتی ہے اور صرف اسی سے کسی کا کفر
ثابت ہوسکتا ہے یا نہیں؟۔

(۶۱) اہلسنت پر یہ افترا اور بہتان کہ وہ حضرت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر یا ان کی اولاد امجاد
کرتے تھے یا کرتے ہیں اگر آپ اپنے اس بیان میں صادق ہیں تو ثابت کیجئے۔

(۶۲) جس کافر نے وقت نزع تک اسلام کے دلائل وبراہین دیکھتے ہوئے زبان سے اقرار
توحید ورسالت نہیں کیا بلکہ اس وقت قبول اسلام سے انکار واعراض کیا تو وہ عند المتکلمین والفقہاء مسلمان
یا کافر؟۔

(۶۳) جو شخص ابو طالب کو کافر یا ضال کہتا ہے وہ مسلمان ہے یا کافر؟۔

(۶۴ تا ۶۶) انبیاء و ملائکہ کے سوا اہلسنت کے نزدیک اور کوئی معصوم ہے یا نہیں اگر ہے تو کس نے لکھا ہے اور کون کون ہیں اور اگر نہیں ہے تو جو غیر انبیاء اور ملئکہ کو معصوم کہے اس کا کیا حکم ہے؟

(۶۷) معصوم کے شرعی معنی کیا ہیں؟۔

(۶۸) آل اور اہلبیت کی جامع مانع کیا تعریف ہے؟۔

(۶۹) جس قدر احادیث میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت وافضلیت کی تصریح موجود ہے کیا وہ سب غیر معتبر اور غیر قابل عمل ہیں؟۔

(۷۰) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی افضلیت وخلافت کے متعلق اہل سنت کا اجماعی اور اتفاقی قول کیا ہے؟۔

(۷۱) عقائد اہل سنت کی کتابوں میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے متعلق کیا عقیدہ مذکور ہے؟۔

(۷۲) مفسرین نے آیہ کریمہ سیجنبها الاتقی الذی یوتی ماله یتزکی سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی افضلیت پر اجماع کیا ہے یا نہیں؟۔

(۷۳) حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت وافضلیت میں حضرات اہل بیت کا کیا عقیدہ اور اقوال ہیں؟۔

(۷۴) اہلبیت کے نزدیک امامت وخلافت میں کوئی فرق ہے یا نہیں؟۔

(۷۵ تا ۷۶) حضرت مولا علی کو جو آپ خاتم الخلفاء کہتے ہیں اس سے کیا مراد ہے اور کس نے اس لفظ کا اطلاق کبھی کیا ہے یا نہیں؟۔

(۷۷ تا ۷۸) اہل سنت نے کبھی مولا علی کو وصی رسول اللہ کہا ہے یا نہیں اور سب سے پہلے اس لفظ کا اطلاق کس نے کیا ہے؟۔

(۷۹ تا ۸۰) فرقہ تفضیلیہ عبداللہ ابن سبا کے متبعین میں سے ایک جماعت ہے یا نہیں اور شیعہ میں داخل ہے کہ نہیں؟۔

(۸۱) یزید پلید کے متعلق قول اسلم اور طریقہ ثابتہ قدیمہ اور اجلہ امت اور صلحاء امت کا توقف ہے یا لعن وتکفیر؟۔

(۸۲) جو لوگ یزید پلید کو مسلمان جانتے ہیں اور اس سے محبت کا اظہار کرتے ہیں وہ مسلمان ہیں یا کافر؟۔

(۸۳) کیا ابو طالب کی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا حضرت مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز جنازہ پڑھی ہے یا نہیں؟۔

(۸۴) علیہ السلام میں لفظ سلام کس معنیٰ میں مستعمل ہے؟۔

(۸۵) مستقل طور پر صرف اہل بیت ہی کو علیہ السلام کہنا کس نے ایجاد کیا؟۔

(۸۶) حضرات صحابہ کرام حتی کہ خلفاء ثلثہ میں سے بھی کسی کے نام کے ساتھ یہ علیہ السلام کیوں استعمال نہیں ہوتا؟۔

(۸۷) حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بعد حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی صلح کے خلیفہ برحق ہوئے یا نہیں؟۔

(۸۸) اہل سنت کا حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ کیا مسلک اور کیا طریقہ ادب ہمیشہ سے رہا ہے؟۔

(۸۹) آپ کے نزدیک خطاء منکر کی کیا تعریف ہے اور یہ کس کی قسم ہے؟۔

(۹۰ تا ۹۱) آپ کے نزدیک حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی صحابیت یقینی ہے یا نہیں؟۔

(۹۲ تا ۹۳) حضرت معاویہ کی خطا منکر کا ثبوت کس آیۃ وحدیث سے ثابت ہے تمام اہل سنت ان کی خطا کو منکر کہتے ہیں یا اجتہادی؟۔

(۹۴) کیا روایت شاذہ اس حکم کو باطل کر سکتی جو اجماع امت سے ثابت ہوا ہو؟۔

(۹۵) قاتلان حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ صرف ارتکاب قتل کی بنا پر کافر ہوئے یا نہیں؟۔

(۹۶) حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ اور اہل بیت کرام کے اقوال کی مخالفت کرنے والا دشمن اہل بیت ہے یا محب اہل بیت؟۔

(۹۷) اہل سنت کے نزدیک واقعات کربلا میں عربی اور اردو میں کون کون سی کتابیں معتبر اور معتمد ومستند ہیں؟۔

(۹۸) کیا محفل میلاد شریف میں بعد ذکر ولادت شریفہ کے اہل سنت واقعات شہادت کا پڑھنا مناسب بتاتے ہیں یا نہیں؟۔

(۹۹) کیا اہل سنت کے نزدیک بلا کراہت ایسے شخص کو امام بنا سکتے ہیں جو تفضیلی مذہب
اوراس کی اقتدا میں کوئی حرج ہے یانہیں؟۔

(۱۰۰) کیا حضرت معاویہ اور کسی صحابی کی توہین اورانتقاص شان کرنے والا صرف تفضیلی
گایا وہ رافضی قرار پائے گا؟ فقط۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۰۱-۱۱۰۲-۱۱۰۳-۱۱۰۴-۱۱۰۵-۱۱۰۶)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔

کیا فرماتے ہیں حضرات علماء اہل سنت ومفتیان دین وملت کثر اللہ تعالیٰ امدادھم وکس
اس مسئلہ میں کہ زید نے ایک اشتہار گجراتی میں شائع کیا جس کا اردو ترجمہ حسب ذیل ہے

گونڈل کی مسلم پبلک کو اطلاع عام

گونڈل کی مسلمان رعیت کے متعدد لوگوں کے نام کچھ مہینے گذرے کسی شخص نے گمنا
میں ایسے الفاظ لکھے تھے جو نہایت مکروہ ودل آزار اور قانونی طور پر بھی جرم تھے، اوران خطوط
دھمکیاں بھی دی گئی تھیں کہ مولوی احمد رضا خان کی بیعت قبول کرلو ورنہ تم کو قتل کردیا جائے گا۔
مسلم قوم کا خیال ہے کہ ایسی بے شرمی کی کاروائی کرنے والا مولوی حشمت علی خاں کا کوئی مرید ہو
سنا جاتا ہے کہ "احمد رضا خان مرحوم کی تصنیف کردہ کتابوں اوران کی ہدایتوں کو جو شخص نہ مانے ا
کو ان کے مریدین ومعتقدین کافر کہتے ہیں" جو مسلمان کے حق میں نہایت بدترین گالی ہے
یہاں کے مشہور تاجر پارچہ سیٹھ حاجی ہاشم حاجی جمال صاحب کی طرف سیٹھ حاجی عبدالشکور حا
صاحب نے یہاں کی میمن جماعت سے یہاں رمضان شریف میں مولوی حشمت علی کو بلانے کی ا
لی تھی، اس وقت انہوں نے اقرار کیا تھا کہ مولوی صاحب ایسا وعظ نہیں کہیں گے جس سے کسی
آزاری ہو، فی الحال ہمارے سننے میں آیا ہے کہ مولوی حشمت علی خان اپنی عادت کے مطابق اپنے
پر مسائل بیان کرتے ہوئے مسلمانوں کو کافر کہتے ہیں اور دوسروں سے بھی کافر کہلواتے ہیں ج
اسلام کیخلاف اور قانون کے لحاظ سے بھی سخت جرم شمار کیا جاتا ہے چونکہ مسلمانوں کا امن وامان خ

پڑ گیا ہے لہٰذا اسکو اطلاع دی جاتی ہے کہ ہر قوم کے مسلم برادران اپنی اپنی قوم کے لوگوں کے حفظ امن کا
خیال رکھیں اوراس کا خاص بندوبست رکھیں کہ کسی طرح امن شکنی نہ ہونے پائے گونڈل کی میمن جماعت
اس کے متعلق معقول انتظام کرے گی مولوی حشمت علی خاں کو بلانے والے سیٹھ موصوف کو اس طرف توجہ
دلائی جاتی ہے اوران کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ گونڈل کی مسلم قوم میں کسی طرح کی کوئی امن شکنی ہوگی تو ہر طرح
خود ہی ذمہ دار ہوں گے۔ کاتب میمن جماعت گونڈل بمعرف سیٹھ نور محمد۔ پھر زید نے تقریباً سو قریات
وبلاد کی جماعتوں کے نام ایک چھپا ہوا گجراتی خط روانہ کیا جس کا اردو کا ترجمہ حسب ذیل ہے۔

میمن جماعت جماعت گونڈل کی طرف سے دعا سلام قبول کرو، پھر نگارش یہ ہے وہ مشہور دینی
عالم کہلانے والا مولوی حشمت علی خان بریلوی لکھنوی جس سے کئی برس پہلے رنگون کی کورٹ نے اس بات
کی ضمانت لی تھی کہ وہ ایسا وعظ نہ کہیں جو مسلم قوم میں امن شکنی کا باعث ہو نیز کئی برس ہوئے ممبئی کے پولس
کمشنر صاحب ممبئی کی مسلم قوم کے حفظ امن کے لئے انکو متنبہ کیا تھا کہ وہ ممبئی سے چلے جائیں، وہی مولوی
صاحب یہاں کے مشہور تاجر پارچہ جمالی ہاشم حاجی جمال صاحب کی دعوت پر کئی برسوں سے رمضان
کے مہینے میں یہاں آتے ہیں، انکے وعظ کا اصل مقصد مسلمانوں کو کافر بنانا ہوتا ہے، اسی بنا پر یہاں کی مسلم
پبلک میں زبردست اشتعال پیدا ہو گیا ہے اور مولوی حشمت علی خان اوران کے استاذ مولوی احمد رضا
خان بریلوی مرحوم کی کتابوں اوران کی ہدایتوں کو جو لوگ نہ مانیں ان کو مولوی حشمت علی خان کے
مریدین ومعتقدین کافر کہتے ہیں، مولوی مذکور کی کتابوں کے سبب یہاں مسلمانوں میں اختلاف پیدا ہو
گیا ہے، نیز قوم میں فرقہ بندی حد سے زائد بڑھ گئی ہے، اس امر کا فیصلہ کرنے کیلئے گونڈل کی پوری
جماعت نے تہیہ کرلیا ہے تو آپ کے یہاں اہل سنت وجماعت کے اعتقادات رکھنے والے کوئی پکے سچے
سنی عالم ہوں تو فوراً بذریعہ تحریر اطلاع دیکر ممنون کیجئے،

راقم میمن جماعت گونڈل بمعرفت سیٹھ نور محمد احمد ان دونوں اشتہاروں کے جواب میں حمایت
دین اسلام وحمیت مذہب اہل سنت کی بنا پر عمر بزبان گجراتی ایک اشتہار شائع کیا جس کا اردو ترجمہ حسب
ذیل ہے:

چند بہتانوں کا جواب:

گونڈل کی میمن جماعت کی طرف سے دو اشتہار شائع کیئے گئے ہیں جن میں کوشش کی گئی ہے کہ

عام سنی مسلمانوں میں غلط فہمی پھیلے اور اشتعال انگیزی کی آگ بھڑک اٹھے لہذا امن امان کو قائم رکھنے
غلط فہمی دور کرنے کے لئے اس اشتہار کو شائع کرنے کی ضرورت محسوس ہورہی ہے۔

(۱) حضرت شیر بیشہ اہل سنت مولانا حشمت علی کے مریدین ومحبین کا ایسے گمنام خطوط لکھ
مولوی احمد رضا خان کی بیعت قبول کرلو ورنہ تم کو قتل کردیا جائے گا بالکل ہی غیر متصور ہے اور یہ بالکل
الزام ہے اس لئے کسی سنی مسلمان کا ہرگز ایسا عقیدہ نہیں کہ جو شخص حضور اعلیٰ حضرت قبلہ رضی اللہ تعا
کی بیعت نہ کرے وہ قابل قتل ہے، لہذا ایسے بد مذہبی کے عقیدہ پر مشتمل خطوط لکھنے والا ہرگز ک
مسلمان نہیں ہوسکتا، یہ بھی مسلمانوں میں اشتعال انگیزی وفتنہ پردازی کرنے کے لئے بدمذہبوں
عیاری ہے۔

(۲) مولانا موصوف پر یہ جھوٹا الزام بھی لگایا گیا ہے کہ وہ مسلمانوں کو کافر کہتے ہیں اور دو
سے بھی کہلواتے ہیں، اہلسنت کا مذہب ہے کہ مسلمانوں کو کافر کہنے والا اور کافر کو مسلمان کہنے والا
کافر ہوجاتا ہے، مولانا موصوف اپنی قیام گاہ پر اور جامع مسجد میں جلسوں میں یہی فرماتے ہیں کہ
اللہ تبارک وتعالیٰ کو جھوٹا کہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم بڑے بھائی کی تعظیم کے
بتائے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیوبند کے پاٹھ شالہ میں اردو پڑھنے والا ٹھہرائے،
کے علم کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم سے زائد مانے، حضور اقدس کے علم کو پاگلو
جانوروں کے علم کے برابر کہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیٰ آلہ وسلم کے بعد نئے نبی ک
ہونے کو جائز سمجھے، جادوگروں کے جادو اور بھانمتی کے تماشوں کو قوت وکمال میں انبیاء علیہم السلا
معجزوں کے برابر یا ان سے بڑھ کر بتائے، یا کسی مسئلہ ضروریہ دینیہ کا انکار کرے، تو ایسا شخص بحکم ش
مطہرہ دائرہ اسلام سے خارج اور قطعاً کافر ہے۔ اور فرماتے ہیں: اے مسلمان بھائیو! تم میں
شخص بھی ایسے منافی اسلام عقیدہ ہرگز قبول نہ کرے، ورنہ اس کا ایمان جاتا رہے گا۔ مولانا موصو
تمام تحریروں تقریروں کا خلاصہ یہی ہے اور آپ تمام مسلمانوں کو یہی نصیحت فرماتے ہیں کہ اسی سا
تیرہ سو برس والے پرانے سچے مذہب اہلسنت پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہو اور نئے نئے فرقوں
مذہبوں سے دور رہو۔ اور یہ تو ہر ایک مسلمان کا ایمان وعقیدہ ہے کہ جو شخص خدا اور رسول جل جلا
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین کرے یا کسی مسئلہ ضروریہ دینیہ کا انکار کرے وہ ہرگز مسلمان نہیں اگر

پڑھتا ہوا پنے آپ کو مسلمان کہتا ہو۔

(دیکھو مکتوبات امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جلد اول ص ۳۲۳)

(۳) ان اشتہاروں میں یہ الزام بھی لگایا گیا ہے کہ جو شخص مولانا موصوف اور ان کے مرشد بر
حق اعلیٰ حضرت امام اہلسنت مجدد اعظم فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتابوں کو نہ مانے اس کو کافر
کہتے ہیں۔ یہ بات سچائی سے قطعاً دور ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ وہابیہ دیوبندیہ جیسی ناپاک پول کے
بہت مسلمانوں میں فساد انگیزیاں فرقہ بندیاں رہی ہیں، ان گندی کتابوں کی عبارات کفریہ کو ماننے والوں
پر علمائے دین نے کفروارتداد کے فتوی دیتے ہیں۔

(دیکھو کتاب حسام الحرمین شریف ورسالہ الصوارم الہندیہ)

(۴) ان اشتہاروں میں مولانا موصوف کے محبین ومریدین اہلسنت پر ایسے جھوٹے الزامات
لگا کر گونڈل کے تمام سنی مسلمانوں کا دل دکھایا ہے اور ان کی مذہبی آزادی کر کے اشتعال انگیزی کی
زبردست کوشش کی گئی ہے، مولانا صاحب سترہ برس کی مدت دراز سے گونڈل تشریف لاتے ہیں، اب
تک گونڈل میں کبھی فساد نہ ہوا بلکہ ایسی زبردست امن وامان نظر آتی ہے جو اس سے پہلے کبھی نہ تھی، اب
اگر ان اشتہاروں کے سبب کسی قسم کی بدامنی ہو تو اس کے ذمہ دار ان اشتہار شائع کرنے والے ہی ہوں
گے۔ مگر ہم تمام سنی مسلمانوں سے گذارش کرتے ہیں کہ وہ ذرا بھی مشتعل نہ ہوں اور صبر وسکون سے کام
لیں، بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

(۵) ان اشتہاروں کو پوری میمن جماعت کے نام سے چھاپ کر تمام سنی مسلمان میمنوں مذہبی
توہین کی ہے گونڈل کے تمام سنی خواہ وہ میمن ہوں یا سید ہوں یا ملایا سپاہی یا سندھی ہوں سب کے سب
حضرت مولانا موصوف کو مذہب اہلسنت کا زبردست مصلح اور دین اسلام کا حق گو عالم مانتے ہیں، جن میں
جماعت کے کثیر سنی افراد جوق درجوق روزانہ جامع مسجد میں حاضر ہوتے، مولانا صاحب کی اقتدا میں
تراویح وجمعہ پڑھتے اور بعد نماز آپ کے مبارک بیانوں سے محظوظ ومستفید ہوتے ہیں، کیا یہ سب میمن
برادران میمن جماعت سے خارج ہیں؟ دو چار مخالفین کا پردے میں رہکر جس میں جماعت کے نام سے
اہلسنت وعالم اہلسنت ومسلمانان اہلسنت پر حملہ کرنے والے اشتہار چھاپ دینا کیسی سچائی اور کہاں کا
انصاف ہے۔ ۲۰ ر رمضان شریف ۱۳۵۷ھ روز یکشنبہ راقم مسلم جماعت گونڈل بمعرفت میمن ابراہیم
حاجی دادا شریف حویلی سیری گونڈل کاٹھیاواڑ۔ عمر نے اسی اشتہار سے یہاں دیوبندیت کے پرخچے

اڑادیئے سنیت کے ڈنکے بجائے اور حقانیت کے ساتھ جلوے دکھادیے، اہل باطل کے غرور
مٹادئے صورت مذکورہ بالا میں استفسار یہ ہے کہ۔

(۱) زید کا اشتہار اس کا خط دونوں غلط و باطل ومخالف شریعت وفتوی اسلام ہیں یا نہیں؟۔

(۲) عمر کا اشتہار حق وصحیح اور تائید مذہب و جماعت دین اسلام پر مشتمل ہے یا نہیں؟۔

(۳) زید کا اشتہار اس کا خط دونوں سے حضرات علمائے اہلسنت اور مذہب اہلسنت و جما
کی توہین ہوئی یا نہیں؟۔

(۴) اگر توہین ہوئی ہے تو زید کے لئے شرعا کیا حکم ہے؟۔

(۵) عمر کا زید کے ان اشتہاروں کا جواب دینا مناسب تھا یا نہیں؟۔ بینوا توجروا

المستفتی ممبران انجمن تبلیغ صداقت گونڈل کاٹھیاواڑ

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

(۱) زید کے اس گجراتی اشتہار اور خط کا اگر یہی ترجمہ ہے جو سوال میں مرقوم ہے تو یہ دونوں
غلط الزامات باطل افتراءات سے پر ہیں اور مخالف احکام شرعیہ ومنافی عقائد دینیہ ہیں۔ اب باقی ر
کہ مفسد کون ہے تو اس کا فیصلہ خود اللہ تعالیٰ نے فرمادیا ہے کہ کفار اور مرتدین امن کو خطرہ میں
والے اور فتنہ اور فساد کرنے والے ہیں، اسی لئے قرآن شریف میں جابجا کفار سے خطاب فرمایا گیا

ولا تعثوا فی الارض مفسدین۔

یعنی اور زمین میں فساد مچاتے نہ پھرو۔

اسی فساد کی اصلاح کے لئے حضرات انبیاء کرام علیہ السلام تشریف لائے۔

چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قول قرآن کریم نے فرمایا:

قال موسیٰ لاخیہ هرون اخلفنی فی قومی واصلح ولا تتبع سبیل المفسدین۔
(سورہ اعراف ۷)

اور موسیٰ نے اپنی بھائی ہارون سے کہا تو میری قوم پر میرا نائب رہنا اور اصلاح کرنا اور فسا
کی راہ کو دخل نہ دینا۔

لہذا ان آیات سے ثابت ہوگیا کہ کفار فسادی اور امن کو خطرہ میں ڈالنے والے ہو

حضرات انبیائے کرام مصلح بن کر تشریف لاتے ہیں ان کے بعد یہ منصب حضرات علماء کو تفویض
ہوتا ہے۔

چنانچہ ترمذی شریف وابوداؤد شریف کی حدیث میں یہ الفاظ مروی ہیں:

العلماء ورثة الانبیاء۔

یعنی علماء انبیاء کرام کے وارث ہیں۔

تو حضرات علماء کرام پر بھی کفر وضلالت کے شیوع کے وقت عقائد اسلام کی تبلیغ مسائل دین کی
تعلیم فرض ہے اور کفار مفسدین کا رد وابطال ضروری ہے۔

حدیث شریف ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

اذا ظهرت الفتن وسب اصحابی فیظهر العالم علمه فمن لم یفعل ذلك فعلیه لعنة
الله والملئكة والناس اجمعین لایقبل الله منه صرفا ولا عدلا۔ اخرجه الخطیب فی الجامع۔

اب کسی مفسد کا علماء اہلسنت کی اصلاح کو فساد قرار دینا کوئی نئی بات نہیں ہے خود زمانہ پاک سید
لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بھی منافقین کی یہی عادت تھی کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کو مفسد
کہتے تھے اور اپنے آپ کو اصلاح کرنے والا جانتے تھے، قرآن کریم نے ان کی اس عادت کا تذکرہ فرمایا:

واذا قیل لهم لاتفسدوا فی الارض قالوا انما نحن مصلحون ۔(سورہ بقر)

جب منافقین سے کہا جائے زمین میں فساد نہ کرو تو کہتے ہیں ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں۔

لہذا زید نے بھی یہاں اپنے ان ہی اسلاف کے طریقہ کو اختیار کیا ہے ہم اس کو وہی جواب
دیتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اس کے اسلاف کو جواب دیا ہے۔

الا انهم هم المفسدون ولکن لایشعرون ۔

آگاہ ہو کہ وہی منافقین فسادی ہیں مگر انہیں شعور نہیں ہے۔

(۲) عمر کے اشتہار کا جو ترجمہ درج سوال ہے وہ بلاشبہ قرآن واحادیث کے موافق ہے اور کتب
عقائد وفقہ کے مطابق ہے، ہمارے سلف وخلف کا بالاتفاق یہی عقیدہ ہے کہ جو شخص اللہ ورسول جل جلالہ
وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین وتحقیر کرے وہ قطعا کافر ومرتد ہے۔

چنانچہ علامہ قاضی عیاض شفا شریف میں اور ملا علی قاری شرح شفا میں فرماتے ہیں:

لاخلاف ان ساب اللّٰه تعالیٰ (بنسبة الکذب او العجز الیه ونحو ذلك)۔

المسلمین کافر۔ (شرح شفا)

اس بات میں کوئی اختلاف نہیں کہ مسلمانوں سے جو اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹ اور عجز کی ن
کرے یا اسے گالی دے وہ کافر ہے نیز اسی شفا شریف اور شرح شفا میں تحریر فرماتے ہیں۔

اجمع العلماء (ای علماء الامصار فی جمیع الامصار) ان شاتم النبی صلی ا
تعالیٰ علیه وسلم و المتنقص له کافر والوعید جار علیه بعذاب اللّٰه تعالیٰ له فی الد
وحکمه (فی الدنیا) عند الامة (ای جمیع الامة) القتل فمن شك فی کفره (فی ا
وعذابه) فی العقبی (کفر) ولحق به ملخصا۔ (شرح شفا ص ۳۹۴)

تمام شہروں میں ہر زمانہ کے علما نے اس پر اجماع کیا ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گ
اور تنقیص شان کرنے والا کافر ہے اور دنیا وآخرت میں اس پر اللہ تعالیٰ کے عذاب کی وعید جاری
اور تمام امت کے نزدیک دنیا میں اس کا حکم قتل ہے اور جو شخص دنیا میں اس کے کفر اور عقبی میں اس
عذاب میں شک کرے وہ کافر ہو گیا اور اس کے ساتھ لاحق ہو گیا۔

لہذا عمر کا اشتہار بلاشک حق وصحیح ہے اور مسلک اہلسنت و جماعت کے موافق ہے۔

(۳۔۴) زید کے اشتہار اور خط میں علماء اہلسنت کے ساتھ بغض وعداوت کا اظہار کیا گیا جو
خطرناک چیز ہے۔

چنانچہ علامہ قاری شرح فقہ اکبر میں خلاصہ سے ناقل ہیں۔

من ابغض عالما من غیر سبب ظاهر خیف علیه الکفر۔ (شرح اکبر ص ۱۶۵)

جو کسی عالم سے بغیر کسی سبب ظاہر کے بغض رکھے تو اس پر کفر کا خوف کیا جاتا ہے۔

(۵) زید کے اشتہار وخط کے جوابات دینا اور ان کے افترا و بہتان کا اظہار کرنا اور ان کے گمر
کن مکائد کا افشا کرنا ہر مسلمان واقف کار کا فریضہ تھا۔

مسلم شریف میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعا
علیہ وسلم نے فرمایا۔

من رای منکم منکرا فلیغیره بیده فان لم یستطع فبلسانه فان لم یستطع فبقل
وذلك اضعف الایمان۔ (مشکوۃ شریف ص ۴۳۶)

جو شخص تم میں سے کوئی خلاف شرع چیز دیکھے تو اپنے ہاتھ سے بدل دے، اور اگر اس کی طاق

نہیں رکھتا ہو تو زبان سے، اور اگر اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا ہو تو قلب میں اسے برا سمجھے اور یہ اضعف
الایمان ہے۔

عمر نے زید کے گمراہ کن اشتہار وخط کا جواب دیکر باحسن وجوہ ایک اہم فریضہ ادا کیا۔ فجزاہ
اللہ تعالی خیر الجزاء۔ اللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

طوفان نجدیت وسبع آداب زیارت

مسئلہ (۱۱۰۷)

کیافرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسائل ذیل میں

جوایک کتاب موسوم (المنسك الواضح اللطيف حسب الحكم جلالة الملك س بن عبدالعزيز ال سعود ملك المملكة العربيه السعوديه) میں نقل کئے گئے ہیں، کیا مسائل اہل سنت وجماعت کے عقیدہ کے موافق ہیں؟ قرآن وحدیث اورا ثار صحابہ نیز افعال ائمہ سے مع کے عربی عبارت وترجمہ ساتھ ساتھ لکھا جائے تاکہ ہم ناواقفوں کو آگاہی ہو اور آپ عنداللہ ماجو عندالناس مشکور ہوں۔ فقط بینواتوجروا۔

سوال اول: قبر شریف پر دعا کرنا، اور خاص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف دعا کرنا بدعت ہے۔ کیونکہ ایک حرف بھی اسکے متعلق دین میں کہیں وارد نہیں کہ آپ نے لوگوں کو اس غیب دلائی ہو، اور نہ یہ ثابت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے خاص قبر شریف پر کوئی دعا کی ہو، جس ثابت ہے وہ یہ ہے کہ وہ سلام عرض کرکے واپس چلے جاتے تھے۔ امام مالک اور خلیفہ منصور کا واق ہے۔ بینواتوجروا

سوال دوم: قبر شریف کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا عام طور پر لوگوں کا قبر شریف سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا اس قدر بدترین منکرات میں سے ہے جو کہ انسان کے ایمان کو فاسد کر ہے، کیونکہ یہ عمل غیر اللہ کی عبادت کے مشابہ ہے، سینے پر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا ایک ایسا عمل ہے ج کے اعمال سے مخصوص ہے۔ ان جاہلوں نے اپنی جہالت سے یہ تصور کرلیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسے پسند کرتے ہیں کہ ان کی تعظیم بھی اسی طرح کی جائے جیسے کہ خاص اللہ جل شانہ کی کی ہے۔ قبر نبوی کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا ایسا ہی ہے جیسے کہ کوئی حق تعالیٰ کے سوا کسی اور کو کرے۔ کیونکہ ہاتھوں کا سینہ پر تعظیم کے لئے رکھنا ایک عبادت ہے جس کو بجز نماز کے ادا کرنا جائز نہ جیسے کہ سجود ماسوا اللہ کسی کے لئے جائز نہیں اسی طرح بجز نماز کے کسی کی تعظیم کے لئے ہاتھوں کو سینہ پر ر کھڑا ہونا بھی ناجائز ہے۔ بینواتوجروا

سوال سوم: حجرہ نبویہ کی دیواروں اور جالیوں کو چومنا انتہائی جہالت اور غفلت کی دلیل ہے۔

سوال چہارم: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استغاثہ کرنا، بعض اپنی دعا میں دفع ضرر اور طلب مغفرت کے لئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استغاثہ کرتے ہیں، معلوم ہونا چاہئے کہ ان کا یہ فعل شرک اکبر ہے حق تعالیٰ نے آپ کو اس لئے نہیں بھیجا کہ وہ قضائے حاجات کریں، دفع مصائب کے لئے خدا اور اسکے بندوں کے درمیان واسطہ ہوں کیونکہ جس کی وفات ہوگئی ہو اس سے کسی مطلب یا حاجت کا سوال کرنا اس قسم کا شرک ہے جو اس کے مرتکب کو ہمیشہ کے لئے عذاب جہنم کا سزاوار بنادیتا ہے خواہ جس سے طلب کیا جائے وہ نبی یا ولی ہو یا فرشتہ۔

سوال پنجم: طلب شفاعت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور کسی اور سے دنیا میں شفاعت کا طلب کرنا ہرگز جائز نہیں کہ شفاعت بجز خدائے وحدہ لاشریک کے کسی کی ملک نہیں۔ لہٰذا اس کا غیر اللہ سے طلب کرنا ہرگز جائز نہیں کیونکہ اللہ جل شانہ سے بغیر اس کے حکم کوئی شفاعت نہیں کرسکتا۔

سوال ششم: کسی قبر کی زیارت کے لئے سفر کرنا، کسی معین اور مخصوص قبر کی زیارت کے لئے سفر کرنا ایک مذموم بدعت ہے۔ کیونکہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کے جواز کے متعلق کوئی نص وارد نہیں اور نہ خلفاء راشدین میں سے کس نے اس فعل کو کیا اور نہ ائمہ اربعہ ہی نے اسے مستحسن سمجھا، بلکہ امام مالک اور دیگر علماء دین نے تو اس قول کو مکروہ بتایا ہے کہ کوئی یہ کہے کہ میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت کی، اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بجز مسجد حرام ومسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ کے ہر اس سفر سے منع فرمادیا ہے جو بقصد عبادت کیا جائے۔

سوال ہفتم: زیارت قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی احادیث ضعیف ہیں۔

(۱) "من زار قبري وجبت له شفاعتي

(۲) من حج ولم يزرني فقد جفاني

(۳) من زارني بعد مماتي فكانما زارني في حياتي "

یہ احادیث اور اس قسم کی دیگر احادیث سب ضعیف ہیں اور ان میں سے بعض موضوع ہیں۔ قابل اعتماد کتب سنت میں ان کا کہیں ذکر تک نہیں۔ اور نہ ائمہ اربعہ اور دیگر ائمہ مسلمین نے انہیں نقل کیا ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان پر واجب ہے کہ اس قسم کی احادیث پر اعتماد نہ کرکے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

نے فرمایا میری قبر کو موسم اجتماع نہ بنا دینا۔ بینوا توجروا

خادم العلماء والمشائخ محمد ظہور الدین محلہ گاؤ قصابان ٹونک (راجستھان)

الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لواهب التصرف والاعانة ۔ والشكر لمالك الحاجة والشفاعة ۔ والص[لاة] والسلام على صاحب الرسالة الذى طلب الانبياء عليهم السلام منه الاستعانة ۔ واجت[معت] الامة بعد الحج على سفر بلده لقصد الزيارة ۔ ويرجع الخلق للاستشفاع اليه يوم القيا[مة] وعلى اله وصحبه الذين توسلوا به فى القحط وجاؤا الى قبره للاستمداد والاستغ[اثة] وعلى كل من اتبعهم الى يوم القيامة ۔

امابعد:- اس دور پرفتن میں مسلمانوں کے دین سے بے خبر ہونے اور عقائد واحکام شرع[یہ سے] ناواقف ہونے کی بنا پر آئے دن نئے نئے گمراہ طالع اور بیدین فرقے پیدا ہو رہے ہیں۔ اور وہ [عامۂ] مسلمین کے اعتقادیات اور مذہب پر دن دہاڑے ڈاکہ ڈال رہے ہیں۔ اور بیا اپنی لاعلمی کی وجہ [سے ان] کی پرفریب چالوں میں پھنستے چلے جا رہے ہیں۔ اور اپنی دولت ایمان اور دینی پونجی کو ان کی چکنی چ[پڑی] باتوں پر قربان کر رہے ہیں۔ العیاذ باللہ تعالیٰ ان نئے فرقوں میں سب سے زائد گمراہ اور مضرت ر[ساں] فرقہ وہابیہ نجدیہ ہے جس کی خبر بارہ سو برس پہلے خود اللہ تعالیٰ کے حبیب ومحبوب واقف غیوب حضرت [احمد] مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس طرح صاف طور پر دیدی ہے۔

حدیث: (۱)

بخاری شریف میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی کہ حضور سید عالم صلی [اللہ] تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اللهم بارك لنا فى شامنا وفى يمننا قال قالوا وفى نجدنا قال قال اللهم بارك لنا ف[ى] شامنا وفى يمننا قال قالوا وفى نجدنا قال قال هناك الزلازل والفتن وبها يطلع قرن الشيط[ان]
(بخاری شریف مصری جلد ۴ صفحہ ۱۳۹)

اے اللہ ہمارے شام اور یمن میں برکت دے راوی نے کہا کہ حاضرین سے کچھ لوگوں نے عرض کیا کہ ہمارے نجد کے لئے بھی۔ راوی نے کہا حضور نے پھر یہی دعا کی کہ اے اللہ ہمارے شا[م]

اور یمن میں برکت دے۔ راوی نے کہا کہ انہوں نے پھر عرض کیا کہ ہمارے نجد کیلئے بھی راوی نے کہا کہ اس مرتبہ حضور نے فرمایا نجد میں زلزلے اور فتنے ہونگے اور وہاں سے شیطان کی جماعت نکلے گی۔

حدیث: (۲)

اسی بخاری شریف میں انہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی انہوں نے فرمایا

سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول وهو على المنبر الا ان الفتنة ههنا يشير الى المشرق من حيث يطلع قرن الشيطان۔ (بخاری مصری جلد صفحہ ۱۶۵)

میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے ممبر پر سنا کہ خبردار یقیناً فتنہ یہاں سے ہی ہو گا اور مشرق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا یہیں سے شیطان کی جماعت نکلے گی۔

حدیث: (۳)

مسلم شریف میں انہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی انہوں نے کہا:۔

خرج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من بيت عائشة فقال راس الكفر من ههنا من حيث يطلع قرن الشيطان يعنى المشرق ۔ (مسلم شریف مجتبائی جلد ۲ صفحہ ۴۹۴)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ کے حجرہ سے برآمد ہوئے پھر فرمایا کفر کا سر وہاں سے ظاہر ہوگا جہاں سے شیطان کی جماعت نکلے گی یعنی مشرق سے (اور نجد مدینہ سے مشرق میں ہے)

حدیث: (۴)

بیہقی اور ابوداؤد شریف میں حضرت ابوسعید خدری اور حضرت انس رضی اللہ عنہما سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

سيكون فى امتى اختلاف فرقة قوم يحسنون القيل ويسيئون الفعل يقرؤن القران لا يجاوز تراقيهم يمرقون من الدين مروق السهم من الرمية لا يرجعون حتى يرتد على فوقه هم شرا لخلق والخليقة طوبىٰ لمن قتلهم وقتلوه يدعون الى كتاب الله وليسو امنه فى شئى من قاتلهم كان اولىٰ بالله تعالىٰ منهم قالوا يا رسول الله ما سيماهم قال التحليق،
(ابوداؤد شریف قیومی جلد ۲ صفحہ ۳۰۰)

عنقریب میری امت میں اختلاف اور قومی فرقہ ہوگا جو اچھی بات کریں گے اور برے کام کریں

گے اور قرآن پڑھیں گے جوان کے گلے سے نیچے نہ اترے گا، وہ دین سے اسی طرح نکل جا[ئیں گے]
جیسے تیر نشانہ سے نکلتا ہے، وہ پھر دین کی طرف لوٹ نہیں سکتے جیسے تیر اپنی کمان کی طرف نہیں لوٹتا،
مخلوق سے زائد شریر ہونگے ۔ بشارت ہے اس شخص کے لئے جو ان کو قتل کرے اور وہ اسے قتل کر[یں]
کتاب اللہ کی طرف دعوت دینگے اور خود اس کی کوئی بات نہیں مانتے، جوان سے مقاتلہ کرے وہ اللہ
کے نزدیک ان سے بہتر ہے، لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ان کی کیا نشانی ہے؟ فرمایا: سر کا منڈ[انا]

حدیث: (۵)

ابوداؤد شریف و بیہقی میں حضرت سہل بن کہیل رضی اللہ عنہ سے مروی انہوں نے کہا:

اخبرني زيد بن وهب الجهني انه كان في الجيش الذى كانوا مع على الذين
الى الخوارج فقال على ايها الناس انى سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه
يقول يخرج قوم من امتى يقرؤن القرآن ليست قراء تكم الى قرائتهم شيئا ولا صلوتكم
صلوتهم شيئا ولا صيامكم الى صيامهم شيئا يقرؤن القران يحسبون انه لهم وعليهم
يجاوز صلاتهم تراقيهم يمرقون من الاسلام كما يمرق السهم من الرمية۔

(ابوداؤد شریف جلد ۲ صفحہ ۳۱)

مجھ کو زید بن وہب جہنی نے خبر دی کہ وہ لشکر میں تھے جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ خا[رجیوں]
سے لڑنے گیا تھا تو حضرت مولی علی نے فرمایا اے لوگو! بلاشک میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
سے سنا کہ حضور نے فرمایا ایک قوم میری امت میں پیدا ہوگی جو قرآن کو ایسے پڑھیں گے کہ تمہاری
ان کی قرأت کے مقابلے میں ۔ اور تمہاری نماز ان کی نماز کے مقابلہ میں ۔ اور تمہارے روزے ا[ن کے]
روزوں کے مقابلے میں کچھ نہیں ۔ وہ قرآن کو یہ گمان کرتے ہوئے پڑھیں کہ وہ ان کے حق میں نا[فع]
اور مضر ہوگا، ان کی نماز ان کے گلے سے نیچے تجاوز نہ کریگی وہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے
تیر نشانہ سے نکل جاتا ہے۔

حدیث: (۶)

بخاری شریف صفحہ ۱۷۴، و بیہقی صفحہ ۱۷۰، ابوداؤد شریف صفحہ ۳۰۰، ترمذی شریف صفحہ ۴۲۷
ماجہ صفحہ ۱۵ میں حضرت علی و حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی کہ حضور اکرم صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا:

يخرج في اخر الزمان قوم احداث الاسنان سفهاء الاحلام يقولون من خير قول
البرية يقرؤن القران لا يجاوز تراقيهم يمرقون من الاسلام كما يمرق السهم من الرمية قال
الترمذي هذا حديث حسن صحيح انما هم الخوارج الحرورية وغيرهم من الخوارج۔

(ترمذی جلد ۲ صفحہ ۴۴ و بخاری جلد ۲ صفحہ ۱۷۴)

آخر زمانہ میں ایک ایسی قوم پیدا ہوگی جو نوعمر کم عقل کم فہم ہوگی، وہ احادیث رسول پیش کریں
گے، قرآن پڑھیں گے، جوان کے گلے کے نیچے تجاوز نہ کریگا۔ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے
جیسے تیر نشانہ سے نکل جاتا ہے۔ امام ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور وہ لوگ مقام حروریہ کے
خارجی اور ان کے سوا خارجیوں کی جماعت ہے۔

حدیث: (۷)

ابن ماجہ کے باب الخوارج میں حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی کہ انہوں نے حضرت ابو
سعید خدری رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا

هل سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يذكر في الحرورية شيئا فقال
سمعت يذكر قوما يتعبدون يحقر احدكم صلوته مع صلوتهم وصومه مع صومهم يمرقون
من الدين كما يمرق السهم من الرمية۔ (ابن ماجہ نظامی صفحہ ۱۵)

کہ تم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حروریہ (خوارج) کا کچھ ذکر کرتے ہوئے سنا
انہوں نے فرمایا کہ میں نے حضور سے ایک ایسی قوم کا ذکر سنا جو ایسی عبادت کریگی کہ تم اپنی نماز کو ان کی
نماز کے مقابلہ اور اپنے روزہ کو ان کے روزہ کے مقابلہ میں حقیر قرار دوگے۔ وہ دین سے اس طرح نکل
جائیں جیسے تیر نشانہ سے نکل جاتا ہے۔

حدیث: (۸)

ابن ماجہ مسند امام احمد اور حاکم میں حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے مروی کہ رسول اکرم
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا" الخوارج كلاب النار۔ (ابن ماجہ صفحہ ۱۶ باب الخوارج)
خارجی لوگ دوزخیوں کے کتے ہیں۔

حدیث: (۹)

ابن ماجہ کے باب الخوارج میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی کہ رسول کریم

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ینشأ نشاء یقرؤن القرآن لا یجاوز تراقیهم کلما خرج قرن قطع قال ا
سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول کلما خرج قرن قطع اکثر من
مرة حتی یخرج فی عرضهم الدجال۔ (ابن ماجہ صفحہ ۱۶)

ایک جماعت پیدا ہوگی وہ قرآن پڑھے گی جو ان کے گلے سے نیچے تجاوز نہ کریگا، جب
سینگ نکلے گا کاٹ دیا جائیگا۔ حضرت ابن عمر نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ک
سنا کہ جب اس فتنہ کا سینگ نکلے گا کاٹ دیا جائیگا، یہ بیس بار سے زائد فرمایا یہاں تک کہ انہیں
سے دجال نکلے گا۔

حدیث: (۱۰)

بخاری شریف وبیہقی شریف حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی انہوں نے فرما

بینما نحن عند رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وهو یقسم قسما ا
الخویصرة وهو رجل من بنی تمیم فقال یا رسول الله!اعدل ،فقال ویلك ،ان لم اعدل
یعدل ؟قال عمر :یا رسول الله! ائذن لی فیه اضرب عنقه، فقال رسول الله صلی الله
علیه وسلم :دعه ،فان له اصحابا یحقرا حدکم صلاته مع صلاتهم وصیامه مع ص
یقرؤن القرآن لا یجاوز تراقیهم، یمرقون من الاسلام کما یمرق السهم من الرمیة الخ
ابو سعید: فاشهد انی سمعت هذا من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم واش
علی بن ابی طالب رضی الله عنه قاتلهم وانا معه۔

(بیہقی شریف جلد ۸ صفحہ ۱۷۱)

ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے حاضر تھے اور حضور مال غنیمت تقسیم فرما ر
کہ بنی تمیم کا ایک شخص ذوالخویصرۃ حاضر ہوا پس وہ بولا یا رسول اللہ انصاف کیجئے، حضور نے فرمایا
لئے خرابی ہو کہ جب میں ہی انصاف نہ کرونگا تو کون انصاف کریگا۔ اگر میں انصاف نہ کرونگا تو تو
وخاسر ہو جائیگا، حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! اس کے حق میں مجھے اج
دیجئے کہ میں اس کی گردن ماردوں، رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو چھوڑ دے
اس کے ساتھی ہونگے کہ تم لوگ اپنی نماز کو ان کی نماز کے مقابلہ میں اور اپنے روزوں کو ان کے روز

مقابلہ میں حقیر کہو گے۔ وہ قرآن پڑھیں گے اور وہ ان کے گلے کے نیچے تجاوز نہ کریگا وہ اسلام سے اس
طرح نکل جائیں گے جیسے تیر نشانہ سے نکل جاتا ہے۔ حضرت ابوسعید راوی نے کہا میں شہادت دیتا ہوں
کہ میں نے اس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا اور میں شہادت دیتا ہوں کہ حضرت علی ابن ابی
طالب رضی اللہ عنہ نے ان اصحاب ذوالخویصرہ سے جنگ کی اور میں ان کے ساتھ تھا۔

ان احادیث شریفہ سے یہ چند امور ثابت ہوئے۔

(۱) نجد میں زلزلے اور فتنے ہونگے۔

(۲) نجد سے شیطان کی جماعت پیدا ہوگی۔

(۳) مشرق سے کفر کا سر ظاہر ہوگا۔

(۴) وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے نشانہ سے تیر نکل جاتا ہے اور پھر دین کی طرف لوٹ
نہ سکیں گے۔

(۵) وہ کتاب اللہ اور احادیث کی طرف دعوت دیں گے۔

(۶) مسلمانوں کی قرأت ونماز وروزے ان کی قرأت ونماز وروزوں کے مقابلہ میں کچھ نہیں
معلوم ہونگے۔

(۷) وہ قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے گلے سے نیچے نہ اترے گا۔

(۸) ان کا سلسلہ ادھر تو ذوالخویصرہ تمیمی سے اور ادھر دجال سے مل جائیگا۔

(۹) یہی بدترین مخلوقات خارجی ہونگے۔

(۱۰) ان کی علامت سروں کا منڈوانا ہے۔

مسلمانو! ان احادیث شریفہ میں ہمارے آقا ومولیٰ مخبر صادق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس
قدر باتیں بیان فرمائیں وہ سب بلاشبہ حق اور سچ ہیں۔ اور وہ سب فرقہ وہابیہ نجدیہ پر صادق ہوگئیں سر مو
فرق نہ ہوسکا۔ چنانچہ مشرق ہی کی ایک سرزمین نجد میں سے ۱۱۱۱ھ میں ایک شخص محمد ابن عبدالوہاب
پیدا ہوا۔ اس کے بھائی سلیمان اور اس کے والد عبدالوہاب علماء صالحین میں سے تھے۔ اس کے ابتدائی
حالات کو دیکھ کر اس کے والد نے اپنی فراست سے اس کو پہچان لیا تھا چنانچہ شیخ الاسلام علامہ سید احمد دحلان
صاحب سیرۃ النبی نے الدرر السنیہ میں نقل کیا۔

وکان والده عبدالوهاب من العلماء الصالحین فکان ایضا یتفرس فی ولده

المذکور الا لحاد ویذمه کثیراً ویحذر الناس منه و کذا اخوه سلیمان بن عبدالوهاب ینکر ما احدثه من البدع والضلال والعقائد الزائغة وانه الف کتابا فی الرد علیه۔
(دررالسنیہ مصری صفحہ ۴۲)

اوراس کے والد عبدالوہاب علماء صالحین میں سے تھے اور وہ اپنے اس لڑکے میں بد دینی فراست سے جانتے تھے اور اس کی بہت مذمت کرتے اور لوگوں کو اس سے ڈراتے تھے۔ اسی طرح کے بھائی سلیمان بن عبدالوہاب بھی عالم صالح تھے اور اس کی ایجاد کردہ گمراہیوں اور ضلالتوں اور عقیدوں سے انکار کرتے اور اس کے رد میں انہوں نے ایک کتاب تصنیف کی بلکہ اس محمد بن عبدال کے اساتذہ اور شیوخ نے بھی اپنی فراستوں سے اس کی گمراہی والحاد کو پہچان لیا تھا اسی الدرر السنیہ میں ہے:۔

الشیخ محمد بن سلیمان الکردی الشافعی والشیخ محمد حیاة السندی الحنفی وکان الشیخان المذکوران وغیرهما من اشیاخه یتفرسون فیه الالحاد والضلال ویقولان سیضل هذا ویضل الله به من ابعده واشقاه فکان الامر کذلك وما اخطأت فراستهم فیه
(الدرر السنیہ صفحہ ۴۲)

محمد بن سلیمان کردی شافعی اور شیخ محمد حیات سندی حنفی نے خاص کر اوران کے علاوہ اس مشائخ نے اس کے اندر بیدینی اور گمراہی کو اپنی فراستوں سے پہچانا، اور وہ فرماتے تھے کہ عنقریب یہ گمراہ ہوگا اور اللہ ان کو جو اس سے دور اور بد بخت ہو گئے ہیں اسکو ان کی گمراہی کا سبب بنائیگا، تو اس کا حال ایسا ہی ہوا اور ان کی فراست نے اس کے حق میں خطا نہیں کی۔ پھر مشرق میں اس رأس الکفر مذہب اور فتنے کا ظہور ۱۱۴۳ھ میں شروع ہوا اور ۱۱۵۰ھ کے بعد اس کی شہرت ہوئی اور اس کی جماعت متبعین کی کثرت ہو کر اس کے فتنے عام ہونے لگے یہاں تک کہ پھر یہ فرقہ وہابیہ نجدیہ مشرقی شہروں ان کے علاوہ بحرین، عمان، مسقط، بغداد وبصرہ پر چھاگئے۔ بلکہ ان کے زہریلے اثرات شام، وحلب حرمین شریفین تک پہونچ گئے۔ ہر مقام پر انہوں نے اہل اسلام پر مظالم اور قتل عام کیا، جن کی کے لئے ایک دفتر بھی ناکافی ہے۔ طائف شریف کے مظالم کا حال سنئے، اسی الدرر السنیہ میں ہے:۔

ولما ملکوا الطائف فی ذی القعدہ سنة الف ومأتین وسبعة عشر قتلوا ال والصغیر والمامور والامر لم ینج الا من طال عمره وکانوا یذکون الصغیر علی صد

ونهبوا الاموال وسبوا النساء وفعلوا اشیاء یطول الکلام بذکرها۔ (الدرر السنیہ صفحہ ۴۵)

اور جب یہ فرقہ نجدیہ ۱۲۱۷ھ کے ماہ ذیقعدہ میں طائف پر قابض ہوا تو انہوں نے ایک طرف سے چھوٹے بڑے محکوم اور حاکم سب کا قتل عام کیا اور صرف طویل العمر اس سے نجات پاسکے۔ اور وہ بچے کو اس کی ماں کے سینہ پر ذبح کرتے اور مسلمانوں کے مال لوٹتے، ان کی عورتوں کو چھوکریاں بناتے اور انہوں نے ایسے کام کئے جن کے ذکر سے کلام دراز ہوتا ہے۔ اور خصوصا اس نے حرمین شریفین میں جس قدر مظالم کئے ان کے ذکر سے کلیجہ منہ کو آتا ہے اس نے مکہ معظمہ پر جب گھیرا ڈالا تھا تو اہل مکہ کتے اور مردار کھانے پر مجبور ہو گئے اور پھر اس نے اس مقدس سرزمین میں ایسا قتل عام کیا کہ الامان الامان اسی الدرر السنیہ میں ہے۔

وقتل کثیراً من العلماء والصالحین وعام المسلمین لانهم لم یوافقوه علی ما ابتدعه۔ (الدرر السنیہ صفحہ ۴۷)

بہت سے علماء اور صالحین اور عام مسلمانوں کو انہوں نے محض اس لئے قتل کیا کہ انہوں نے اس کی نو ایجاد گمراہیوں کی موافقت نہیں کی پھر جب اس فرقہ وہابیہ نجدیہ کا کافی اقتدار اور تسلط ہو گیا تو اس نے اپنے عقائد باطلہ وخیالات فاسدہ کی تبلیغ شروع کردی اسی میں ہے:

کان یمنع اتباعه من مطالعة کتب الفقه والتفسیر والحدیث واحرق کثیراً منها واذن لکل من اتبعه ان یفسیر القرآن بحسب فهمه واحرق دلائل الخیرات وغیرها من کتب الصلاة علی النبی وان ذلك بدعة وکان یقول فی کثیر من اقوال الائمة الاربعة لیست بشئی ویقدح فی اتباعهم من العلماء الذین الفوا فی المذاهب الاربعة وحرروها ویقول انهم ضلو اواضلو او تارة یقول: ان الشریعة واحدة فما لهئو لاء جعلو ها مذاهب اربعة وان بعض اتباعه کان یقول عصای هذه خیر من محمد لانها ینتفع بها فی قتل الحیة ونحو ها ومحمد قد مات ولم یبق فیه نفع اصلا وانما هو طارش وقد مضیٰ وکان یقول لاتباعه انی اتیتکم بدین جدید۔ منکر اته تکفیره الامة من ستمائة سنة وحرق الکتب الکثیرة وقتله کثیرا من العماء وخواص الناس وعوامهم واستباحة دمائهم واموالهم واظهارا لتجسیم الباری تبارك وتعالیٰ وتنقیصه النبی وسائرالانبیاء والمرسلین والاولیاء ونبش قبورهم وامران تجعل بعض قبور الاولیاء محلا لقضاء الحاجة ومنع الناس من قرائة

دلائل الخیرات ومن الرواتب والاذکار ومن قرأة مولود النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ
ومن الصلاۃ علی النبی فی المنابر بعد الاذان وقتل من فعل ذالك ومنع الدعاء بعد ال
وکان یقسم الزکوۃ علی ھواہ وکان یعتقد ان الاسلام منحصر فیہ وفیمن تبعہ وان ا
کلھم مشرکون وکان یصرح فی مجالسہ وخطبہ بتکفیر المتوسل بالانبیاء والمل
والاولیاء ویزعم ان من قال لاحد مولانا او سیدنا فھو کافر۔

(ملخصا درر السنیہ صفحہ ۴۱ تا صفحہ ۵۲)

وہ اپنے متبعین کو فقہ، تفسیر، حدیث کی کتابوں کے مطالعہ کرنے سے روکتا تھا اور اس نے بہ
کتابوں کو جلا دیا اور وہ اپنے ہر متبع کو حکم دیتا کہ وہ قرآن کی اپنی سمجھ کے اعتبار سے تفسیر کرلیا کرے۔ ا
نے دلائل الخیرات اور اس کے سوا درود شریف کی کتابوں کو جلا دیا اور ان کو بدعت قرار دیا۔ اور وہ چا
اماموں کے بہت سے اقوال کو کہہ دیتا یہ کچھ نہیں ہیں، اور ان ائمہ کے ان مقلدین علماء پر جنھو
مذاہب اربعہ میں کتابیں تصنیف کی ہیں اعتراض کرتا اور یہ کہتا کہ یہ مصنفین خود گمراہ ہوگئے اور انہو
دوسروں کو گمراہ کیا، اور کبھی کہتا شریعت تو ایک ہے پھر ان کو کیا ہوگیا کہ انہوں نے چار مذاہب بنا
اس کے بعض متبعین کہتے: کہ میری یہ لاٹھی محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) سے بہتر ہے، کیونکہ اس
سانپ جیسی چیزوں کے مار ڈالنے کا نفع حاصل ہو جاتا ہے اور محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) مر گئے
کی ذات سے کسی طرح کا نفع نہ رہا۔ وہ تو صرف قاصد (ڈاکیہ) تھے کہ وہ بھی گذر گئے۔ اور وہ
متبعین سے کہتا تھا: میں بیشک تمہارے پاس نیا دین لیکر آیا ہوں۔ یہ اس کی بری باتیں ہیں، اس کا چھ
کے مسلمانوں کو کافر ٹھہرانا۔ اور بہت کتابوں کو جلانا۔ اور اس کا کثیر علماء اور عام وخاص لوگوں کا قتل کر
اور ان کے خونوں اور مالوں کو مباح قرار دینا۔ اور اللہ تعالیٰ کے لئے جسم ظاہر کرنا اور ہمارے نبی او
انبیاء ومرسلین اور اولیاء علیہ وعلیہم السلام کی توہین کرنا۔ اور ان کے مزارات کا کھدوانا۔ اور بعض مزا
اولیاء کو قضائے حاجت کی جگہ بنانے کا حکم دینا۔ اور لوگوں کو دلائل الخیرات اور وظیفوں اور ذکروں
پڑھنے اور میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اذان کے بعد حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر
میناروں پر پڑھنے سے منع کرنا۔ اور اس صلاۃ پکارنے والے کو قتل کرنا۔ اور نماز کے بعد دعا کرنے
روکنا۔ اور وہ زکوۃ کو اپنی خواہش کی بنا پر تقسیم کرتا تھا، اور یہ عقیدہ رکھتا کہ بیشک اسلام صرف اس کے
اس کے متبعین میں پایا جاتا ہے اور سب مخلوق مشرک ہیں۔ اور وہ اپنی مجلسوں اور خطبوں میں انبیا

فرشتوں اور اولیاء کے ساتھ توسل کرنے والے کو صاف طور پر کافر کہتا تھا، اور یہ گمان کرتا کہ جس نے کسی
کو مولینا یا سیدنا کہا تو وہ کافر ہے۔ اس سے ظاہر ہوگیا کہ اس فرقہ وہابیہ نجدیہ کے ایسے گندے عقائد اور
ناپاک خیالات تھے اور حاکمانہ دباؤ سے ان کو منواتے تھے اور ان کو جو نہیں مانتا اور انکار کرتا تو اس کو قتل کر
دیتے تھے، تو ان کے یہ ظالمانہ حرکات اور فتنے اس حد کو پہنچ گئے تھے کہ لوگ چیخ اٹھے اور ان کے مقابلہ کی
طاقت نہیں تھی۔ لہذا اس وقت ان کا فتنہ عظیم ترین فتنوں میں تھا۔ جس سے عراق وحجاز متزلزل ہوگئے
تھے۔

اسی درر سنیہ میں ہے:

ھذہ بلیۃ ابتلی اللہ بھا عبادہ وھی فتنۃ من اعظم الفتن التی ظھرت فی الاسلام
طاشت من بلایاھا العقول وحار فیھا ارباب العقول۔ (الدرر السنیہ صفحہ ۴۶)

یہ آزمائش ہے اللہ نے اس کے ساتھ اپنے بندوں کو آزمایا، اور یہ فتنوں میں سے بڑا فتنہ ہے جو
اسلام میں ظاہر ہوا، اس کی آزمائش سے عقلیں جاتی رہیں اور اہل فہم ان میں حیران رہ گئے۔

الحاصل اس تفصیل سے یہ ظاہر ہوگیا کہ حدیث شریف میں مشرق سے جس راس الکفر کے نکلنے
اور نجد سے جن فتنوں اور زلزلوں کے ظاہر ہونے کی جو خبر دی گئی تھی تو وہ رائس الکفر محمد بن عبد الوہاب نجدی
ثابت ہوا، اور اس نے اور اس کی جماعت نے جتنے مظالم کئے وہ نجد کے فتنے اور زلزلے قرار پائے، تو
احادیث کی خبر اس فرقہ وہابیہ نجدیہ پر صادق آ گئی۔ اور یہ فرمان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسی فرقہ
نجدیہ کیلئے ہوا۔ اب حدیث شریف کے اس مضمون کے مصداق کی تحقیق ملاحظہ ہو کہ نجد سے شیطان کی
جماعت نکلے گی تو اس گروہ شیطان کا مصداق بھی یہی فرقہ وہابیہ نجدیہ ہے، اس کے لئے صرف یہ حوالہ
نہایت کافی ہے۔ علامہ شیخ احمد صاوی حاشیہ جلالین شریف میں تحت آیہ کریمہ "افمن زین لہ سوء
عملہ فراہ حسنا" پر مفسر کے اس قول ونزل فی ابی جھل وغیرہ کی تفصیل میں فرماتے ہیں:

وقیل ھذہ الأیۃ نزلت فی الخوارج الذین یحرفون تاویل الکتاب والسنۃ
ویستحلون بذلك دماء المسلمین واموالھم کما ھو شاھد الأن فی نظائر ھم وھم فرقۃ
بارض الحجاز یقال لھم الوھابیہ یحسبون انھم علی شئی الا انھم ھم الکاذبون استحوذ
علیھم الشیطان فانساھم ذکر اللہ اولئك حزب الشیطان الا ان حزب الشیطان ھم
خاسرون نسال اللہ الکریم ان یقطع دابرھم۔ (صاوی علی الجلالین جلد ۳ مصری صفحہ ۲۵۵)

اور کہا گیا کہ یہ آیت کریمہ ان خوارج کے حق میں نازل ہوئی جنہوں نے کتاب قرا...
حدیث کی تاویل میں تحریفیں کیں، اور اسی سے مسلمانوں کے خونوں اور مالوں کو حلال ٹھہرایا، جیسا ک...
جیسوں میں اس وقت مشاہدہ کیا جارہا ہے، اور وہ زمین حجاز میں ایک فرقہ ہے جن کو وہابیہ کہا جاتا...
اس گمان میں ہیں کہ کسی دین پر ہیں۔ خبردار ہو کہ وہ جھوٹے ہیں ان پر شیطان غالب ہو گیا، تو ا...
انہیں ذکر بھلا دیا۔ یہ لوگ شیطان کا گروہ ہیں۔ آگاہ ہو جاؤ کہ شیطان کا گروہ ہی خسارہ والا ہے۔...
کریم سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ان کی اصل کو کاٹ دے۔

شیخ الاسلام علامہ سید احمد دحلان الدرر السنیہ میں اس شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب پر شیط...
حکمرانی اور تزیین کا ذکر اس طرح کرتے ہیں۔

ولما اراد اظهار ما زينه له الشيطان من البدعة والضلالة انتقل من المدينة و...
الشرق وصار يدعو الناس الى التوحيد وترك الشرك ويزخرف لهم القول ويفهمهم...
عليه الاناس كله شرك وضلال ۔ (الدرر السنیہ صفحہ ۴۲)

جب شیخ نجدی نے اس گمراہی وضلالت کے اظہار کا ارادہ کیا جس کو شیطان نے اس کے...
مزین کر دیا تھا تو وہ مدینہ سے مشرق کی طرف منتقل ہوا اور لوگوں کو توحید اور ترک شرک کی دعوت د...
ان کے لئے مزین قول پیش کرتا اور انہیں یہ سمجھاتا کہ لوگ جس دین پر ہیں وہ بالکل شرک اور گمراہی...
ان عبارات سے ظاہر ہو گیا کہ فرقہ وہابیہ نجدیہ خارجیوں میں سے ہے اور یہ شیطان کی جماعت ا...
ہے اور شیطان ہی ان کے اعمال کی تزیین کرتا ہے اور گمراہی وضلالت سکھاتا ہے۔ تو اب روشن...
ثابت ہو گیا کہ حدیث شریف کے بیان کردہ شیطانی گروہ سے مراد محمد بن عبدالوہاب نجدی اور...
گروہ وہابیہ نجدیہ ہے۔ اور فرمان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم " يطلع قرن الشيطان " ا...
وہابیہ نجدیہ کے لئے تھا۔

اب رہا یہ مضمون حدیث کہ وہ دین سے اس طرح نکل جائینگے جیسے تیر نشانہ سے نکل جاتا ہے...
پھر دین کی طرف لوٹ نہ سکیں گے تو یہ علامت بھی اس فرقہ وہابیہ نجدیہ میں موجود ہے کہ جس قلب...
عقائد نجدیہ کا اثر پیدا ہو گیا وہ اسلام سے ایسا نکل گیا کہ پھر اس کے اسلام کی طرف لوٹنے کی امید نہیں...
چنانچہ علامہ سید احمد دحلان نے حضرت علامہ شیخ طاہر حنفی کی ملاقات اور ان کی گفتگو کو الدرر...
میں اس طرح نقل فرمایا۔

فاخبرني انه الف كتابا في الرد على هذه الطائفة سماه الانتصار للاولياء الابرار و قال لي لعل الله ينفع به من لم تدخل بدعة النجدي قلبه واما من دخلت في قلبه فلا يرجى فلاحه لحديث البخاري يمرقون من الدين ثم لا يعودون فيه ۔ (الدرر السنیہ صفحہ ۵۲)

انہوں نے مجھے خبر دی کہ انہوں نے اس فرقہ پر رد میں ایک کتاب تصنیف کی جسکا نام "الانتصار للاولیاء الابرار" رکھا اور مجھ سے فرمایا کہ امید ہے کہ اللہ اس کتاب سے اس کو نفع دے جس کے قلب میں اس نجدی کی گمراہی داخل نہیں ہوئی ہے لیکن جس کے قلب میں داخل ہو چکی ہے تو اس کی اصلاح کی امید نہیں، کہ حدیث میں ہے کہ دین سے نکل جائیں گے اور پھر دین کی طرف نہیں لوٹیں گے۔ بلکہ آج بھی یہ علامت اس فرقہ وہابیہ کے راسخ فی العقیدہ لوگوں میں موجود ہے کہ ان کے سامنے ان کے عقائد باطلہ کے خلاف اگر صریح آیت وحدیث بھی پیش کر دی جائے تو لاجواب ہو کر ساکت ہو جائیں گے لیکن اس باطل عقیدہ کو چھوڑ کر عقیدہ اسلام کی طرف لوٹ نہیں سکتے۔ تو اس حدیث شریف کا مصداق یہی فرقہ وہابیہ نجدیہ ثابت ہوا۔ اور فرمان رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: يمرقون من الدين ثم لا يعودون اسی فرقہ وہابیہ کے لئے ہے۔

اب رہا یہ مضمون حدیث کہ وہ کتاب اللہ اور حدیث رسول اللہ کی طرف دعوت دینگے۔ تو یہ علامت بھی اس فرقہ وہابیہ میں موجود ہے کہ یہی محمد بن عبدالوہاب نجدی شریعت کے چار دلائل قرآن، حدیث، اجماع، قیاس سے صرف قرآن وحدیث کو دلیل قرار دیتا ہے اور اجماع وقیاس کو دلیل نہیں ٹھہراتا۔ چنانچہ اس نے اپنی کتاب التوحید میں صرف قرآن وحدیث پیش کر کے اپنے مذہب کی دعوت دی ہے علامہ مذکور الدرر السنیہ میں فرماتے ہیں۔

يقول ان الشريعة واحدة فما لهؤلاء جعلوها مذاهب اربعة هذا كتاب الله وسنة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا نعمل الا بهما ۔ (درر سنیہ صفحہ ۴۱ وفیہ ایضاً)

ولا يقول بما عدا القرآن من احاديث النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم واقاويل الصحابة والتابعين والائمة المجتهدين ولا بما استنبطه الائمة من القران والحديث ولا ياخذ بالاجماع ولا بالقياس الصحيح ۔ (الدرر السنیہ صفحہ ۴۷)

وہ کہتا کہ شریعت تو ایک ہے پس ان مقلدین کو کیا ہو گیا کہ انہوں نے اس کے چار مذہب بنا لیئے۔ یہ کتاب اللہ قرآن اور سنت رسول علیہ السلام حدیث ہیں ہم تو صرف ان دو پر عمل کرتے ہیں۔ وہ قرآن

کے سوا احادیث نبی اور صحابہ کے اور تابعین کے اور ائمہ مجتہدین کے اقوال اور قرآن وحدیث سے اما
کے مستنبط احکام کو دلیل نہیں بناتا۔ اور اجماع اور صحیح قیاس کو اخذ نہیں کرتا۔ اور آج بھی یہ علامت اس فر
وہابیہ میں موجود ہے اسکا ہر خاص وعام جب کسی بات پر دلیل طلب کریگا تو یہی کہیگا کہ قرآن وحد
سے ثابت کرو تو اس حدیث شریف کا مصداق بھی فرقہ وہابیہ ہے۔ اور فرمان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علی
وسلم "یدعون الی کتاب اللہ" اسی فرقہ وہابیہ کے حق میں ہے۔

اب رہا یہ مضمون حدیث کہ ان کی عبادت، قرأت، نماز، روزہ بڑے اہتمام اور انتہائی خشو
وخضوع سے ہوگا، تو یہ علامت بھی اس فرقہ وہابیہ میں ایسی زبردست طریقہ پر ہے کہ ان کا ہر فرد اس
فخر کیا کرتا ہے۔ اور اہل سنت کے سامنے اپنا طرۂ امتیاز ظاہر کیا کرتا ہے کہ جو اہتمام اس جماعت وہا
میں قرأت، صوم، صلوۃ کا ہے وہ تمہارے اندر نہیں پایا جاتا۔ لہٰذا وہ خود اپنی زبان سے اپنی جماعت وہا
کے اس حدیث کے مصداق ہونے کا اقرار کرتا ہے۔ اور فرمان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "یحـ
احدکم صلاتہ مع صلاتھم وصیامہ مع صیامھم" اسی فرقہ وہابیہ کے لئے ہے۔ اب رہا یہ مضمو
حدیث کہ وہ نجد کا فرقۂ وہابیہ ذوالخویصرہ تمیمی کے سلسلہ میں ہوگا۔ تو یہ محمد بن عبدالوہاب کے لئے خا
پیشین گوئی ہے کہ یہ محمد بن عبدالوہاب بھی تمیمی ہی ہے۔ چنانچہ علامہ سید احمد دحلان الدرر السنیہ میں تصر
نقل فرماتے ہیں۔

ان ھذا المغرور محمد بن عبد الوھاب من تمیم فیمکن انہ من عقب ذی
الخویصرۃ التمیمی الذی جاء فیہ حدیث البخاری عن ابی سعید الخدری رضی اللہ
تعالیٰ عنہ۔ (الدرر السنیہ صفحہ ۵۱)

بیشک یہ مغرور محمد بن عبدالوہاب تمیم میں سے ہے اور ممکن ہے کہ وہ اسی ذوالخوصرہ تمیمی کے سلسلہ
میں ہو جس کے حق میں بخاری میں وہ حدیث آئی جو حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ اس سے
ثابت ہوگیا کہ فرقہ وہابیہ کا شیخ محمد بن عبدالوہاب بھی تمیمی تھا تو بموجب حدیث شریف یہ ذوالخویصرہ تمیمی
سے متعلق ہو۔ تو فرمان رسول اللہ علیہ وسلم کی پیشین گوئی کا یہی تو مصداق ثابت ہوا۔ تو اس فرقہ وہابیہ کی
گمراہی کے لئے یہ حدیث خاص دلیل ہے۔ اب رہا یہ مضمون حدیث کہ یہ فرقہ وہابیہ نجدیہ خوارج میں
سے ہے تو اس کے ثبوت کے لئے علامہ شامی کا ردالمحتار میں لکھدینا نہایت کافی دلیل ہے:

یکفرون اصحاب نبینا و علمت ان ھذا غیر شرط فی مسمی خوارج بل ھو بیان

لمن خرجو علی سیدنا رضی اللہ تعالیٰ عنہ والا فیکفی فیھم اعتقادھم کفر من خرجو
علیہ کما وقع فی زماننا فی اتباع عبد الوھاب الذین خرجو من نجد وتغلبو اعلی الحرمین
وکانوا ینتحلون مذھب الحنابلۃ لکنھم اعتقدوا انھم ھم المسلمون وان من خالف
اعتقادھم مشرکون واستباحوا بذلک قتل اھل السنۃ وقتل علماء ھم حتی کسر اللہ تعالیٰ
شوکتھم وخرب بلادھم وظفر بھم عساکر المسلمین عام ثلث وثلاثین ومأتین والف۔
(ردالمحتار مصری جلد ۳ صفحہ ۳۱۹)

ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کو کافر کہنا کچھ خارجیوں کے لئے ضروری نہیں ہے
بلکہ یہ خاص ان خارجیوں کا بیان ہے جنہوں نے سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ پر خروج کیا تھا، ورنہ خارجی
ہونے کے لئے اتنا کافی ہے کہ جن پر خروج کریں انھیں اپنے عقیدے میں کافر جانیں جیسا ہمارے
زمانے میں عبدالوہاب کے متبعین سے واقع ہوا جنھوں نے نجد سے نکل کر حرمین پر ظلما قبضہ کیا اور وہ اپنے
آپ کو حنبلی بتاتے تھے مگر مذہب یہ کہ صرف وہی مسلمان ہیں اور جو ان کے خلاف مذہب ہے مشرک ہیں،
اسی بنا پر انہوں نے اہل سنت اور علماء اہل سنت کا شہید کرنا حلال ٹھہرایا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی
شوکت توڑی اور ان کے شہر ویران کئے اور مسلمانوں کے لشکر کو ۱۲۳۳ھ میں ان پر فتح دی۔ اس فقہ کی
مشہور کتاب ردالمحتار سے یہ ثابت ہوگیا کہ یہ فرقہ وہابیہ نجدیہ خوارج کا ایک فرقہ ہے تو ہماری یہ پیش کردہ
احادیث خوارج اس فرقہ وہابیہ نجدیہ پر صادق آگئیں۔ اور اس فرقہ وہابیہ کے لئے وہی حکم ہے جو خوارج
کا حکم ہے۔

ابن ماجہ شریف باب ذکر الخوارج میں حضرت امامہ رضی اللہ عنہ سے یہ الفاظ مروی ہیں

کان ھؤلاء مسلمین فصاروا کفارا قلت یا ابا امامۃ ھذا شئی تقول قال بل
سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (ابن ماجہ شریف صفحہ ۱۶)

یہ لوگ پہلے مسلمان تھے پھر کافر ہوگئے راوی نے کہا میں نے یہ دریافت کیا اے ابوامامہ یہ بات
تم کہتے ہو۔ جواب دیا بلکہ اس کو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا فقہ کے مشہور فتاوی
بزازیہ میں خوارج کو کافر کہا "یجب اکفار الخوارج فی اکفار ھم جمیع الامۃ سواہ" (بزازیہ
جلد ۳ صفحہ ۳۱۸) خارجیوں کو اس بنا پر کافر کہنا واجب ہے کہ وہ اپنے سوا تمام امت کو کافر کہتے ہیں۔ اس
حدیث شریف اور عبارت فتاوی سے خوارج کا حکم معلوم ہوگیا کہ وہ کافر ہیں اور ان کا کافر ماننا بحکم فقہاء

کرام واجب ہے۔

اب باقی رہی حدیث شریف کی یہ علامت کہ وہ سر منڈے آئیں گے۔ تو یہ اس فرقہ وہابیہ نجدیہ کی وہ ممتاز اور خاص علامت ہے جو اس کے سوا کسی اور فرقہ میں نہیں پائی گئی۔ چنانچہ حضرت علامہ سید احمد وحلان الدرر السنیہ میں فرماتے ہیں:

وفی قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیماھم التحلیق تنصیص علی ھئو لاء القو
الخارجین من المشرق التابعین لا بن عبدا لوھاب فیماابتدعہ لا نھم کانوا یا مرون م
اتبعھم ان یحلق رأسہ ولا یترکونہ یفارق مجلسھم اذا اتبعھم حتی یحلقوا راسہ ولم یق
مثل ذالك قط من احد من الفرق الضلالۃ اللتی مضت قبلھم فالحدیث صریح فیھم وکا
السید عبدالرحمٰن الا ھدل مفتی زبید یقول لا یحتاج ان یالف احد تالیفا للرد علی ا
عبدالوھاب بل یکفی فی الرد علیہ قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیماھم التحلیق فا
لم یفعلہ احد من المبتدعۃ غیر ھم وکان ابن عبدالوھاب یا مرا یضا بحلق رؤس النس
اللاتی یتبعنہ فاقامت علیہ الحجۃ مرۃ امرأۃ دخلت فی دینہ کرھا وجد دت اسلامھا علی
زعمہ فامر بحلق راسھا فقالت لہ انت تامر الرجال بحلق رؤسھم فلو امرت بحلق لحا
لساغ لك ، تامر بحلق رؤس النساء لان شعر الراس للمرأۃ بمنزلۃ اللحیۃ للرجال فبھت
لذی کفر ولم یجد لھا جوابا لکنہ انما فعل ذلك یصدق علیہ وعلی من تبعہ قولہ صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم سیماھم التحلیق فان المتبادر منہ حلق الراس فقد صدق صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم فیما قال۔ (درر السنیہ صفحہ ۵۰)

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس قول میں کہ ان کی علامت سر منڈانا ہے اس مشر
سے نکلنے والی ابن عبدالوہاب کی نوایجاد گمراہی کی اتباع کرنے والی قوم کے لئے خاص نص ہے کہ یہ لوگ
ہر اس شخص کو جو ان کا اتباع کرے اس کے سر منڈوانے کا حکم دیتے ہیں، اور جب ان کا کوئی پیرو ہو جا
تو اس کو وہ اتنی مہلت نہیں دیتے کہ وہ ان کی مجلس سے جدا ہو جائے یہاں تک کہ اس کے سر
منڈوا دیتے، اور ان سے پہلے جتنے گمراہ فرقے گذرے کسی سے بھی کبھی ایسی بات واقع نہ ہوئی، تو ان
کے لئے یہ حدیث صریح ہے۔ اور سید عبدالرحمٰن اہدل مفتی زبید کہتے تھے۔ کہ اس ابن عبدالوھاب کے ر
کے لئے اب کسی کو کتاب کے تصنیف کرنے کی حاجت نہیں۔ بلکہ اس کے رد میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کا یہ فرمان کافی ہے کہ ان کی علامت سر منڈانا ہے کہ ان کے سوا اور گمراہوں سے کسی نے بھی تو یہ کام نہیں کیا۔ اور ابن عبدالوہاب تو ان عورتوں کے سر منڈانے کا بھی حکم دیتا تھا جو اس کی پیروی کرتیں۔ ایک بار ایک عورت نے تو اس پر حجت ہی قائم کردی۔ وہ اس کے مذہب میں بالجبر داخل ہوئی اور اس کے۔ زعم میں اس نے تجدید اسلام کی، تو اس نے اس عورت کے سر منڈانے کا حکم دیا، تو اس عورت نے اس سے کہا تو مردوں کے سر منڈانے کا حکم دیتا ہے تو ان کی داڑھیوں کے مونڈنے کا اگر حکم دیتا تو تیرے لئے روا ہوتا کہ عورتوں کے سر منڈانے کا حکم دیتا کہ عورتوں کے سر کے بال بمنزلہ مردوں کی داڑھی کے ہیں، تو وہ کافر مبہوت ہو گیا اور اس سے اس عورت کی بات کا جواب نہ بنا۔ لیکن یہ بات محض اس لئے کرتا کہ خود اس پر اور اس کے متبعین پر وہ قول نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صادق آجائے کہ ان کی علامت سر منڈانا ہے اور تحلیق کا متبادر معنی سر کا منڈانا ہے، تو حضور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جیسا فرمایا ویسا ہی صادق آگیا۔ الحاصل حدیث شریف کی اس خاص علامت اور دیگر علامتوں نے اس فرقہ وہابیہ نجدیہ کے خارجی اور گمراہ و کافر ہونے کو ایسا متعین کردیا کہ اب ان کے پہچاننے میں کسی کم علم کو بھی کسی طرح کا شبہ وشک لاحق نہ ہوگا۔

اس موقع پر اس قدر تفصیلی بحث اور ثبوت پیش کردیئے گئے کہ کسی مخالف کو بھی اب اس میں جائے سخن و مجال ورمزدہ باقی نہیں۔ لیکن ممکن ہے کہ ہندوستان کے فرقہ وہابیہ دیوبندیہ کا کوئی فرد نجدیوں کی محبت میں آکر انکار کی راہ تلاش کرنے لگے تو اس کو یہ پیغام موت پیش کیا جاتا ہے کہ تمام دیوبندی قوم کے شیخ جی۔ اور سارے فرقۂ وہابیہ کے پیر جی مولوی حسین احمد فیض آبادی (جس نے مدرسہ دیوبند کی آخر دم تک صدر مدرسی کی) وہ اپنی مشہور کتاب الشہاب الثاقب میں اسی محمد ابن عبدالہاب نجدی کا ان الفاظ میں ذکر کرتے ہیں۔

صاحبو محمد بن عبدالوہاب نجدی ابتدا تیرھویں صدی میں نجد عرب سے ظاہر ہوا۔ اور چونکہ خیالات باطلہ وعقائد فاسدہ رکھتا تھا اس لئے اس نے اہل سنت والجماعت سے قتل وقتال کیے ان کو بالجبر اپنے خیالات کی تکلیف دیتا رہا ان کے اموال کو غنیمت کا مال اور حلال سمجھا گیا۔ ان کے قتل کرنے کو باعث ثواب ورحمت شمار کرتا رہا، اہل حرمین کو خصوصاً اور اہل حجاز کو عموماً اس نے تکالیف شاقہ پہنچائیں۔ سلف صالحین اور اتباع کی شان میں نہایت گستاخی اور بے ادبی کے الفاظ ادا کئے، بہت سے لوگوں کو بوجہ اس کی تکالیف شاقہ کے مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ چھوڑنا پڑا اور ہزاروں آدمی اس کے اور اس کی فوج کے ہاتھوں

شہید ہوگئے۔ الحاصل وہ ایک ظالم وباغی خونخوار فاسق شخص تھا۔ (شہاب الثاقب مطبوعہ دیوبند صفحہ
پھر انہیں وہابیوں کے پیرجی اور دیوبندیوں کے شیخ میاں حسین احمد صاحب نے اسی
الشہاب الثاقب میں اسی نجدی کے یہ عقائد باطلہ تحریر کئے محمد بن عبدالوہاب کا عقیدہ تھا کہ جملہ اہل
وتمام مسلمان دیار مشرک وکافر ہیں اور ان سے قتل وقتال کرنا ان کے اموال کو ان سے چھین لینا
وجائز بلکہ واجب ہے۔ چنانچہ نواب صدیق حسن خاں نے خود اس کے ترجمہ میں ان دونوں با
تصریح کی ہے۔ (الشہاب الثاقب صفحہ ۵۰)

(۲) نجدی اور ان کے اتباع کا اب تک یہی عقیدہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی حیات فق
زمانہ تک ہے، جب تک وہ دنیا میں تھے بعدازاں وہ اور دیگر مومنین موت میں برابر ہیں، اگر بعد
ان کو حیات ہے تو وہی حیات برزخ ہے جو احاد امت کو بھی ثابت ہے، بعض ان کے حفظ جسم نبی
ہیں مگر بلا علاقہ روح اور متعدد لوگوں کی زبان سے بالفاظ کریہہ کہ جن کا زبان پر لانا جائز نہیں
حیات نبوی علیہ السلام سنا جاتا ہے اور انہوں نے اپنے رسائل وتصانیف میں لکھا ہے۔
(الشہاب الثاقب صف

(۳) زیارۃ رسول مقبول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم وحضوری آستانہ شریفہ وملاحظہ روضہ مطہ
طائفہ بدعت حرام وغیرہ لکھتا ہے، اس طرف اس نیت سے سفر کرنا محظور وممنوع جانتا ہے " لا تشد
الرحال الا الی ثلثة مساجد " ان کا مستدل ہے، بعض ان میں کے سفر زیارت کو معاذ اللہ تعا
کے درجہ کو پہونچاتے ہیں۔ اگر مسجد نبوی میں جاتے ہیں تو صلاۃ وسلام ذات اقدس نبوی علیہ ال
والسلام کو نہیں پڑھتے اور نہ اس طرف متوجہ ہو کر دعاء وغیرہ مانگتے ہیں۔ (الشہاب الثاقب صفح

(۴) شان نبوت وحضرت رسالت علی صاحبہا الصلوۃ والسلام میں وہابیہ نہایت گستاخ
کلمات استعمال کرتے اور اپنے آپ کو مماثل ذات سرور کائنات خیال کرتے ہیں اور نہایت تھوڑ
فضیلت زمانہ تبلیغ کی مانتے ہیں اور اپنی شقاوت وضعف اعتقادی کی وجہ سے جانتے ہیں کہ ہم
ہدایت کر کے راہ پر لا رہے ہیں ان کا خیال ہے کہ رسول مقبول علیہ السلام کا کوئی حق اب ہم پر نہیں
کوئی احسان اور فائدہ ان کی ذات پاک سے بعد وفات ہے، اور اسی وجہ سے توسل دعا میں آپ کی
پاک سے بعد وفات ناجائز کہتے ہیں، ان کے بڑوں کا مقولہ ہے معاذ اللہ۔ معاذ اللہ نقل کفر کفر نہ باش
ہمارے ہاتھ کی لاٹھی ذات فخر سرور کائنات علیہ الصلاۃ والسلام سے ہم کو زیادہ نفع دینے والی ہے۔

سے کتے کو بھی دفع کر سکتے ہیں ذات فخر عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے تو یہ بھی نہیں کر سکتے۔
(الشہاب الثاقب صفحہ ۵۷)

(۵) وہابیہ اشغال باطنیہ واعمال صوفیہ مراقبہ ذکر وفکر وارادت ومشیخت فی ربط القلب یا شیخ وفنا
وبقا وخلوت وغیرہ اعمال کو فضول ولغو وبدعت وضلالت شمار کرتے ہیں اور ان اکابر کے اقوال وافعال کو
شرک وغیرہ کہتے ہیں۔ اور ان سلاسل میں دخول کو بھی مکروہ ومستقبح بلکہ اس سے زائد شمار کرتے ہیں چنانچہ
جن لوگوں نے دیار نجد کا سفر کیا ہوگا یا ان سے اختلاط کیا ہوگا ان کو بخوبی معلوم ہوگا فیوض روحیہ ان کے
نزدیک کوئی چیز نہیں ہیں۔ (الشہاب الثاقب صفحہ ۷۲)

(۶) وہابیہ کسی خاص امام کی تقلید کو شرک فی الرسالۃ جانتے ہیں اور ائمہ اربعہ اور ان کے مقلدین
کی شان میں الفاظ واہیہ خبیثہ استعمال کرتے ہیں اور اس کی وجہ سے بہت سے مسائل میں وہ گروہ اہل
سنت والجماعت کے مخالف ہوگئے۔ چنانچہ غیر مقلدین ہند اسی طائفہ شنیعہ کے پیرو ہیں۔ وہابیہ نجد عرب
اگرچہ بوقت اظہار دعوی حنبلی ہونے کا اقرار کرتے ہیں۔ لیکن عملا درآمد ان کا ہرگز جملہ مسائل میں امام
احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب پر نہیں ہے بلکہ وہ بھی اپنی فہم کے موافق جس حدیث کو مخالف فقہ
حنابلہ خیال کرتے ہیں اس کی وجہ سے فقہ کو چھوڑ دیتے ہیں ان کا بھی مثل غیر مقلدین ہند اکابر کی شان
میں الفاظ گستاخانہ وبے ادبانہ استعمال کرنا معمول بہ ہے۔ (الشہاب الثاقب صفحہ ۷۶ و ۷۷)

(۷) مثلاً الرحمن علی العرش استوی وغیرہ آیات میں طائفہ وہابیہ استواء ظاہری اور
جہات وغیرہ ثابت کرتا ہے جس کی وجہ سے ثبوت جسمیت وغیرہ لازم آتا ہے۔
(الشہاب الثاقب صفحہ ۷۹)

(۸) وہابیہ نجدیہ یہ بھی اعتقاد رکھتے ہیں اور برملا کہتے ہیں کہ یارسول اللہ میں استعانت لغیر اللہ
ہے لہذا شرک ہے۔ (الشہاب الثاقب صفحہ ۸۰)

(۹) وہابیہ خبیثہ کثرت صلاۃ وسلام ودرود بر خیر الانام علیہ السلام اور قرأت دلائل الخیرات قصیدہ بر
دہ وقصیدہ ہمزیہ وغیرہ اور اس کے پڑھنے اور اس کے استعمال کرنے اور ورد بنانے کو سخت قبیح ومکروہ جانتے
ہیں اور بعض بعض اشعار کو شرک وغیرہ کی طرف نسبت کرتے ہیں مثلاً۔

یا اشرف الخلق مالی من الوذبہ : سواک عند حلول الحادث العمم
اے افضل مخلوقات میرا کوئی نہیں جس کی پناہ پکڑوں بجز تیرے بروقت نزول حوادث

(الشہاب الثاقب صفحہ ۸۱)

(۱۰) وہابیہ تمبا کو کھانے اوراس کے پینے کو حقہ میں ہو یا سگار میں یا چرٹ میں اوراس کے لینے کو حرام اور اکبر الکبائر میں سے شمار کرتے ہیں، ان جہلاء کے نزدیک معاذ اللہ زنا اور سرقہ کر... اس قدر ملامت نہیں کیا جاتا جس قدر تمبا کو کا استعمال کرنے والا ملامت کیا جاتا ہے اور وہ اعلیٰ درجے... فساق وفجار سے وہ نفرت نہیں کرتے جو تمبا کو کے استعمال کرنے والے سے کرتے ہیں۔

(الشہاب الثاقب صفحہ ۸۱)

(۱۱) وہابیہ امر شفاعت میں اس قدر تنگی کرتے ہیں کہ بمنزلہ عدم کے پہنچا دیتے ہیں

(الشہاب الثاقب صفحہ ۸۲)

(۱۲) وہابیہ سوائے علم احکام والشرائع جملہ علوم اسرار وحقانی وغیرہ سے ذات سرور کائنات... النبیین علیہ الصلاۃ والسلام کو خالی جانتے ہیں۔ (الشہاب الثاقب صفحہ ۸۲)

(۱۳) وہابیہ نفس ذکر ولادت حضور سرور کائنات علیہ الصلاۃ والسلام کو قبیح وبدعت کہتے ہیں... ھذا القیاس اذکار اولیاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کو بھی برا سمجھتے ہیں۔ (الشہاب الثاقب صفحہ ۸۳)

بالجملہ ساری وہابی قوم کے پیر جی اور دیوبندی جماعت کے شیخ جی کی تصنیف کردہ کتاب الش... الثاقب کی بلفظہ عبارات نقل کردینے کے بعد مزید کسی اور کتاب وہابی کے پیش کرنے کے حاجت نہیں... لیکن اتماماً للحجۃ وہابیہ کی سب سے معتبر مستند کتاب "التصدیقات لدفع التلبیسات" معروف "بالمہن... اور پیش کرتا ہوں کہ اس پر تمام اکابر دیوبند کی تصدیقیں بھی ہیں، ان مصدقین میں حکیم الامۃ الوہابیہ م... اشرفعلی تھانوی، مولوی عزیز الرحمن دیوبندی، وہابیہ کے سب سے بڑے مفتی کفایت اللہ شاہجہاں... مدرسہ دیوبند کے صدر مدرس مولوی محمود حسن دیوبندی، مہتمم مدرسہ دیوبند مولوی محمد احمد بن ال... النانوتوی، مولوی مسعود احمد بن رشید احمد گنگوہی قابل ذکر ہیں، اوران کے علاوہ کثیر مدرسین مدارس د... سہارنپور، مراداباد، میرٹھ، دہلی کے دستخط بھی ہیں۔ تو سارے فرقہ وہابیہ اور تمام دیوبندی قوم کی معت... کتاب میں ہے کہ مولوی خلیل احمد انبیٹھی اس سوال کا جواب دیتے ہیں۔

بارھواں سوال: محمد بن عبدالوہاب نجدی مباح سمجھتا تھا مسلمانوں کے خون اوران کے... وآبرو کو، اور تمام لوگوں کو منسوب کرتا تھا شرک کی جانب، اور سلف کی شان میں گستاخی کرتا تھا، اس... بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟ اور کیا سلف اور اہل قبلہ کی تکفیر کو تم جائز سمجھتے ہو یا کیا مشرب ہے؟

جواب: ہمارے نزدیک ان کا وہی حکم ہے جو صاحب درمختار نے فرمایا ہے، خوارج کی ایک جماعت ہے شوکت والی (الی قولہ) اور علامہ شامی نے اس کے حاشیہ میں فرمایا ہے: جیسا کہ ہمارے زمانہ میں عبدالوہاب کے تابعین سے سرزد ہوا کہ نجد سے نکل کر حرمین شریفین پر متغلب ہوئے۔ اپنے کو حنبلی مذہب بتلاتے تھے، لیکن ان کا عقیدہ یہ تھا کہ بس وہی مسلمان ہیں اور جو ان کے عقیدہ کے خلاف ہو وہ مشرک ہے اور اسی بنا پر انہوں نے اہل سنت اور علماء اہل سنت کا قتل مباح سمجھ رکھا تھا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی شوکت توڑ دی۔

(المہند مطبوعہ بلالی پریس ساڈھورہ صفحہ ۱۳)

ان ہر دو کتب "الشہاب الثاقب" اور "المہند" کی عبارات سے آفتاب کی طرح ثابت ہو گیا کہ ان اکابر علماء دیوبند ومفتیان فرقۂ وہابیہ نے نہایت صاف طور پر اس محمد بن عبدالوہاب نجدی اوران کے تابعین فرقہ وہابیہ نجدیہ کو نہ فقط ظالم، وفاسق اور خونخوار وخبیث ہی کہا، بلکہ باغی، خارجی، خیالات باطلہ وعقائد فاسدہ والا، اہل حرمین شریفین کو تکالیف شاقہ پہونچانے والا، اہل اسلام کے قتل کو باعث ثواب ورحمت قرار دینے والا۔ اموال مسلمین کو مال غنیمت اور حلال ٹھہرانے والا، ہزار ہا اہل سنت کو شہید کرنے والا، مسلمانوں کو بالجبر اپنے عقائد باطلہ کی تکالیف دینے والا، سلف صالحین کی شانوں میں گستاخی وبے ادبی کرنے والا، جملہ اہل عالم کو مشرک کافر بنانے والا، اور انبیاء علیہم السلام کی حیات کا انکار کرنے والا خاص روضۂ خضراء کے لئے سفر کو بدعت وحرام ٹھہرانے والا، بلکہ اس مبارک سفر زیارت کو زنا کی برابر قرار دینے والا، باوجود مسجد نبوی میں داخل ہو جانے کے بعد بھی مواجہ اقدس میں صلاۃ وسلام نہ پڑھنے والا، روضہ اطہر کی طرف متوجہ ہو کر دعا کو ناجائز کہنے والا، شان رسالت میں گستاخی کے الفاظ استعمال کرنے والا، ذات نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دعا میں توسل کو ناجائز جاننے والا، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات پاک سے زائد نفع دینے والا اپنی لاٹھی کو ثابت کرنے والا، تمام اشغال واعمال صوفیہ کو فضول ولغو اور بدعت وضلالت قرار دینے والا، اقوال وافعال اولیاء کو شرک کہنے والا، بیعت ودخول سلسلہ کو مکروہ وقبیح ٹھہرانے والا، تقلید شخصی یعنی ایک امام کی تقلید کو شرک قرار دینے والا، ائمہ اربعہ اوران کے مقلدین کے لئے واہی اور خبیث الفاظ استعمال کرنے والا، باوجود اپنے لئے دعوئے حنبلیت کے بہت سے مسائل فقہ حنبلی کو چھوڑ دینے والا، اللہ تعالیٰ کے لئے استواء ظاہری اور جہات وجسمانیت ثابت کرنے والا، ندائے یارسول اللہ کو شرک قرار دینے والا، کثرت صلاۃ وسلام ودلائل الخیرات اور قصیدہ بردہ کے

وردکو سخت مکروہ وقبیح جاننے والا ،بعض اشعار قصیدہ بردہ کو شرک قرار دینے والا ،تمبا کو کھانے یا
وا کبرالکبائر ٹھہرانے والا ،تمبا کو کھانے یا پینے والے کو زانی اور چور سے زائد قابل ملامت والا
ثابت کرنے والا ،انبیاء علیہم السلام کی شفاعت سے بالکل انکار کرنے والا ،حضور نبی کریم صلی
علیہ وسلم کو جملہ اسرار وغیوب سے خالی جاننے والا ،ذکار اولیاء کو برا سمجھنے والا ،صرف اپنے فرقہ
بس مسلمان قرار دینے والا ،اور اپنے عقیدہ کے خلاف تمام اہل اسلام کو مشرک ٹھہرانے والا ثابت
ان اکابر وپیشوایان دیو بند کے خلاف اب کسی وہابی دیو بندی کو یہ حق حاصل نہیں رہا کہ وہ ا
عبدالوہاب نجدی اور اس کے فرقہ وہابیہ نجدیہ کے لئے ایک کوئی اچھا کلمہ کہہ سکے ،یا ان کے ا
عقائد ومسائل کو صحیح وعمدہ قرار دے سکے ،یا وہ اس فرقہ وہابیہ کی پیروی اور اتباع کا دم بھر سکے ،یا
نجدیہ کے کسی رسالہ اور کتاب کی اشاعت کر سکے ،کہ خود ان کے اکابر ومفتیان دیو بند نے بھی
نجدیہ کو گمراہ یا باغی خارجی اور کافر مرتد مان لیا ہے ۔جیسا کہ ان کتابون سے ظاہر ہو چکا ۔تو ان
ومسائل ۔کے باطل اور غلط ہونے کے لئے اتنی بات کافی ہے کہ یہ عقائد ومسائل اس فرقہ کے ہیں
وضلال ثابت ہو چکا ہے ،تو ضرورت تو نہیں تھی کہ ان سوالات کے جن میں عقائد نجدیہ ہیں مبسوط
لکھے جائیں ۔لیکن احقاق حق وابطال باطل اور مزید اطمینان قلوب مسلمین کے لئے ہر سوال کے
میں کچھ بحث پیش کی جائیگی ۔

سوال اول: قبر شریف پر دعا کرنا ،اور خاص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر
دعا کرنا بدعت ہے ۔کیونکہ ایک حرف بھی اسکے متعلق دین میں کہیں وارد نہیں کہ آپ نے لوگوں کو
غیب دلائی ہو ،اور نہ یہ ثابت ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے خاص قبر شریف پر کوئی دعا کی ہو ،
ثابت ہے وہ یہ ہے کہ وہ سلام عرض کر کے واپس چلے جاتے تھے ۔ امام مالک اور خلیفہ منصور کا
ہے ۔بینوا توجروا

جواب:

قبر پر دعا کرنا نہ فقط جائز بلکہ سنت ہے ۔چنانچہ مسلم شریف میں حضرت ام المؤمنین عا
اللہ عنہا سے مروی ہے:

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کلما کان لیلتھا من رسول الل
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یخرج من اخر اللیل الی البقیع فیقول السلام علیکم دار قوم

اتاکم ما توعدون غدا مؤجلون وانا ان شاء اللہ بکم لاحقون اللھم اغفر لاھل البقیع الغرقد
(مشکوۃ شریف صفحہ ۱۵۴)

جب بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے حضرت عائشہ کے لئے خاص رات ہوتی
تھی تو آخر رات میں بقیع (قبرستان مدینہ طیبہ) کی طرف تشریف لے جاتے ۔پس فرماتے تم پر سلام ہو
اے اہل سرائے مومنین تمہیں جس چیز کا وعدہ کیا تھا وہ مل چکا کل روز قیامت کی مدت کی مہلت دی گئی ہے
ہم انشاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں اے اللہ بقیع غرقد والوں کی مغفرت کر۔

مسلم شریف میں حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یعلمھم اذا اتی المقابر السلام علیکم
اھل الدیار من المؤمنین والمسلمین وانا ان شاء اللہ بکم لاحقون نسئل اللہ لنا ولکم
العافیۃ ۔ (مشکوۃ صفحہ ۱۵۴)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کو جب وہ قبور کی طرف روانہ ہوتے یہ کلمات تعلیم کرتے
تھے ،تم پر سلام ہو اے اہل سرائے مومنین ومسلمین ہم بھی انشاء اللہ تم سے ضرور ملنے والے ہیں ہم اللہ سے
اپنے لئے اور تمہارے لئے عافیت کا سوال کرتے ہیں ان احادیث شریفہ سے ثابت ہو گیا کہ حضور سید
عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود بھی قبر پر دعا کی اور امت کو قبر پر دعا کرنے کی تعلیم بھی کی ۔تو قبر پر دعا کر
سنت ہو گیا ،اسی بنا پر سلف وخلف نے قبور پر دعائیں کی ۔حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ’’قبر
موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ تریاق اکبر است مرقبول اجابت دعا را‘‘ (از جذب القلوب) حضرت موسیٰ کاظم
رحمۃ اللہ علیہ کی قبر قبولیت واجابت دعا کے لئے تریاق اکبر ہے ،بلکہ یہ حضرت امام شافعی بھی خود مزار
حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ پر حاضر ہوتے اور دعا کرتے ۔

انی اتبرک بابی حنیفۃ واجئی الی قبرہ فاذا عرضت لی حاجۃ صلیت رکعتین
وسالت اللہ تعالیٰ عند قبرہ فتقضی سریعا۔ (ردالمحتار مصری جلد ا صفحہ ۳۹)

میں امام ابو حنیفہ کے ساتھ تبرک حاصل کرتا ہوں اور ان کی قبر پر حاضر ہوتا ہوں مجھے جب کوئی
حاجت پیش ہوتی ہے تو دو رکعت نماز پڑھتا ہوں اور ان کی قبر کے پاس اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں تو وہ
حاجت پوری ہو جاتی ہے ۔تو جب قبور عامۃ المؤمنین اور اولیاء صالحین پر دعا کرنا نہ فقط معمول امت بلکہ
سنت سے ثابت ہوا تو قبور انبیاء کرام پر اور خصوصا سید الانبیاء محبوب کبریا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کی قبر اطہر پر دعا کرنے کا ہمیں حکم فرمایا گیا ہے۔

حضرت علامہ امام شیخ تقی الدین سبکی شفاء السقام اسی بحث دعا میں یہ فرماتے ہیں:

تقول زيارة قبر النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ثبت فيها هذه المعاني الا
زيارة القبور اما التذكر الموت والاخرة او الدعا لاهله او للتبرك باهله اولا داء حق
الاول فظاهر واما الثاني فلا ناما مورون بالدعاء له وان كان هو غنيا بفضل الله عز
والثالث والرابع فلا نه لا حد من الخلق اعظم بركة منه ولا اوجب حقا علينا منه
الذي في زيارة قبره لا يوجد في غيره ولا يقوم غيره مقامه ۔(شفاء السقام صفحہ ۶۵)

تو قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے یہ چاروں منافع ثابت ہوتے ہیں۔
آخرت کا یاد کرنا، اہل قبر کے لئے دعا کرنا، اہل قبر سے تبرک حاصل کرنے کے لئے، اہل قبر کا
نے کیلئے، تو پہلا نفع تو ظاہر ہے۔اور دوسرا نفع یہ کہ ہمیں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے
کرنے کا حکم دیا گیا ہے اگر چہ حضور بفضل خدا ہماری دعا سے مستغنی ہیں، ان پر فضل خدا بہت
اور چوتھا نفع یہ ہے کہ مخلوق میں کوئی ان سے زائد برکت والا۔اور نہ ہم پر ان سے زائد کسی کا حق
ہے تو جو نفع ان کی قبر شریف کی زیارت میں ہے تو وہ کسی کی زیارت قبر میں نہیں پایا جاتا کہ کوئی
نہیں ہوسکتا۔

اس عبارت سے ثابت ہوگیا کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہم پر حق ہے تو اس حق
کرنے اور روضۂ اطہر پر حاضر ہو کر دعا کرنے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے، تو روضۂ اطہر پر دعا کا کرنا
بلکہ سنت ثابت ہوا۔اور مصنف ''مسلک'' اسکے خلاف یہ لکھتا ہے:

خاص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف پر دعا کرنا بدعت ہے۔

تو اس نے سنت کو بدعت قرار دیا اور معمولات کو ناجائز ٹھہرا دیا۔اور کیسی دلیری سے
ساری امت کو بدعتی اور گمراہ بنایا، اور پھر لطف یہ ہے کہ دعوے تو اتنا بڑا کیا اور اس پر کوئی دلیل پیش
محض اپنی جہالت سے یہ دلیل گڑھتا ہے۔

کیونکہ ایک حرف بھی اس کے متعلق دین میں کہیں وارد نہیں کہ آپ نے
اس کی ترغیب دلائی ہو۔

دیکھو یہ مصنف کا کیسا اندھا پن ہے کہ جو معمولات امت ہو، جس کو ائمہ دین نے خود

دوسروں کو حکم دیا ہو، جس کو خود شارع علیہ السلام نے خود کیا ہو اور دوسروں کو اس کے کرنے کی تعلیم دی ہو،
جس میں بکثرت احادیث وارد ہیں۔کافی اقوال سلف وخلف موجود ہیں جنکا کچھ نمونہ ہم نے پیش کیا ہے،
تعجب ہے کہ اس کور چشم کو ان کا ایک حرف نظر نہیں آیا اور سلف کا بلکہ خود شارع علیہ اسلام کا ترغیب اور تعلیم
دینا اس کو نہیں دکھا۔تو اس کے لئے یہ شعر بہت کافی ہے

شعر نہ بیند بروز شپرہ چشم ☆ چشمۂ آفتاب را چہ گناہ ست

پھر یہ مصنف بالکل آنکھیں بند کر کے لکھتا ہے۔

اور نہ یہ ثابت ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے خاص قبر شریف پر کوئی دعا کی ہے، جس
قدر ثابت ہے وہ یہ ہے کہ وہ سلام عرض کر کے واپس چلے جاتے تھے۔

حیرت ہے اس بے علم مصنف کو یہ خبر نہیں کتنے صحابہ کرام نے روضۂ طاہرہ پر حاضر ہو کر کیسی کیسی
دعائیں کیں ہیں۔علامہ قاضی عیاض شفا شریف میں اور علامہ علی قاری اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

قال بعضهم رأيت انس ابن مالك اتى قبرا لنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فوقف
(اى بين يديه) فرفع يديه حتى ظننت انه افتتح الصلوة فسلم على النبي صلى الله تعالىٰ
عليه وسلم ثم انصرف (لا يعرف استحباب رفع اليدين في ذالك المقام عن احد من
العلام ولعله دعا الله سبحانه وتشفع به عليه السلام۔ (شرح شفا مصری صفحہ ۱۵۲)

بعض نے کہا میں نے حضرت انس بن مالک کو دیکھا کہ وہ قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر
حاضر ہوئے اور ان کے سامنے کھڑے ہوئے پھر اپنے ہاتھ اٹھائے یہاں تک کہ میں نے خیال کیا انھوں
نے درود شروع کیا پھر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام پیش کیا پھر واپس ہوئے۔اس مقام میں رفع یدین
کا مستحب ہونا علماء میں سے کسی سے منقول نہیں، تو غالبا حضرت انس نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور حضور
علیہ السلام کے ساتھ توسل کیا۔

بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور ابن ابی شیبہ نے بسند صحیح اپنے مسند میں حضرت مالک الدار رضی اللہ
عنہ سے روایت کی:

اصاب الناس قحط في زمان عمر بن الخطاب رضي الله عنه فجاء رجل (اى
بلال بن الحارث الصحابي) الى قبر النبي ﷺ فقال: يا رسول الله استسق الله لا متك
فانهم قد هلكوا فاتاه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في المنام فقال ائت عمر

فاقرئه السلام واخبره انهم مسقون ۔ (وفاء الوفاء مصری جلد۲ صفحہ۴۲۱)

کہ خلافت حضرت عمر رضی اللہ عنہ میں قحط سالی میں لوگ مبتلا ہوئے حضرت بلال بن حا
صحابی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف پر حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ اپنی ا
کو سیراب کیجئے اللہ سے بارش طلب کیجئے کہ وہ ہلاک ہوجائیں گے، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خ
میں تشریف لائے اور فرمایا: کہ عمر کے پاس جا کر ان سے سلام کہنا اور ان کو خبر دینا کہ وہ بیشک سیراب
جائینگے۔

علامہ ابن حجر نے الجوہر المنظم میں اور حافظ عبداللہ نے مصباح الظلام میں حضرت مولیٰ علی
اللہ وجہہ سے روایت کی:

قد طلع علینا اعرابی بعد ما دفن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بثلاثة
فرمی بنفسه علی قبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم حثا من ترابه علی راسه وقال
رسول الله قلت فسمعنا قولك ووعيت عن الله سبحانه وما وعينا عنك وكان فيما
عليك" ولو انهم اذظلموا انفسهم جاؤك فاستغفروا الله الاية" وقد ظلمت وجئتك تست
لی فنودی من القبر انه قد غفرلك۔ (وفاء الوفاء مصری جلد۲ صفحہ ۴۱۲)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دفن کرنے کے تین دن بعد ہمارے روبرو ایک اعرابی آ
اور وہ قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر گر پڑے اور اپنے سر پر خاک مزار انور ڈالنے لگے اور عرض کر
کہ یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: پس ہم نے آپ کی بات کو سنا اور میں نے اللہ سبحانہ کے کلام اور
کے کلام کو محفوظ کیا۔ اور آپ پر نازل شدہ میں سے یہ آیت ہے۔ اور اگر انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم ک
وہ آپ کے پاس آئے پھر انہوں نے اللہ سے مغفرت چاہی تا آخر آیت۔ تو میں نے ظلم کیا ہے اور
کے پاس حاضر ہوا ہوں تو آپ میری مغفرت طلب کیجئے۔ تو قبر شریف سے آواز آئی کہ تجھکو بخش دیا
ان احادیث سے ثابت ہوگیا کہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے بھی قبر اطہر پر حاضر ہو صرف
ہی عرض نہیں کیا بلکہ دعا بھی کی۔ مصنف اپنی بے علمی سے یا قصدا جان بوجھ کر اس کا انکار کرتا ہے اور
صحابہ کرام کو بدعت ٹھہراتا ہے العیاذ باللہ تعالیٰ۔

پھر مصنف کی کمال جرأت ملاحظہ ہو کہ وہ کہتا ہے کہ
امام مالک اور خلیفہ منصور کا واقعہ غلط ہے۔

اس واقعہ کو پانچویں صدی کے علامہ محدث حضرت قاضی عیاض جن کے علم وفضل اور امانۃ وتفقہ
اور جلالت وعظمت پر امت کا اتفاق ہے، جو اپنے عہد کے صدر المتقین اور مسائل ونوازل کے امام محقق
تھے، انہوں نے اس واقعہ کو اپنی اس سند متصل صحیح سے ذکر کیا:

حدثنا قاضی ابو عبدالله محمد بن عبدالرحمن الاشعری وابو القاسم احمد بن
بقی الحاكم وغيرو احد فيما اجاز وفيه قالوا اخبرنا ابو العباس احمد بن عمر بن دلهاث
قال حدثنا ابوالحسن علی بن فهر حدثنا ابوبكر محمد بن احمد بن الفرج حدثنا ابوا
لحسن عبدالله بن المنتاب قال حدثنا يعقوب بن اسحاق بن ابی اسرائيل حدثنا ابن حميد
قال ناظرا بو جعفر امير المؤمنين(هو الخليفة المنصور) مالكا (ای الامام) فی مسجد
رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال له يا امير المؤمنين لا ترفع صوتك فی هذا
المسجد فان الله تعالیٰ ادب قوما فقال لا ترفعوا اصواتكم فوق صوت النبی الاية ومدح
قوما فقال ان الذين يغضون اصواتهم عند رسول الله الاية وذم قوما فقال ان الذين ينا
دونك من وراء الحجرات الاية وان حرمته ميتا كحرمته حيا فاستكان لها ابو جعفر وقال يا
ابا عبدالله استقبل القبلة وادعو ام استقبل رسو الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال (مالك
) ولم تصرف وجهك عنه فهو وسيلتك ووسيلة ابيك ادم عليه السلام الی الله يوم القيامة
بل استقبله واستشفع به فيشفعك الله قال الله تعالیٰ "ولوانهم اذظلموا انفسهم جاؤك
الآية۔ (شرح شفا مصری صفحہ ۷ تا ۱۷)

ہم سے بیان کیا قاضی ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمن اشعری نے اور ابوالقاسم احمد بن بقی حاکم نے
اور ان کے علاوہ جن جن شیوخ نے مجھے اجازت دی ہے ان سب نے کہا: ہمیں ابوالعباس احمد بن عمر بن
دلہاث نے خبر دی، انہوں نے کہا کہ ہم سے ابوالحسن علی بن فہر نے بیان کیا، انہوں نے کہا کہ ہم سے ابوبکر
محمد بن احمد بن فرح نے ذکر کیا، انھوں نے کہا ہم سے ابوالحسن عبداللہ بن منتاب نے بیان کیا، انہوں نے
کہا ہم سے یعقوب بن اسحاق بن ابواسرائیل نے بیان کیا، انھوں نے کہا کہ ہم سے ابن حمید نے بیان کیا
کہ امیر المؤمنین ابوجعفر خلیفہ منصور نے حضرت امام مالک سے مناظرہ کیا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کی مسجد شریف میں تو امام نے اس سے فرمایا: اے امیر المؤمنین تم اس مسجد میں اپنی آواز کو بلند نہ کرو کہ
بیشک اللہ تعالیٰ نے ایک قوم کو اس طرح ادب سکھایا اور قرآن میں فرمایا: کہ تم اپنی آوازوں کو نبی کی آواز پر

بلند نہ کرو تا آخر آیت۔ اور ایک قوم کی اس طرح تعریف کی تو فرمایا: جو لوگ اپنی آوازوں کو رسول اللہ
پاس پست رکھتے ہیں تا آخر آیت۔ اور ایک قوم کی مذمت کی پس فرمایا: جو لوگ آپ کو حجروں کے
سے پکارتے ہیں تا آخر آیت۔ اور بیشک حضور کی بعد وفات بھی وہی عزت ہے جیسی زمانہ حیات میں
قول امام کے روبرو ابوجعفر جھک گیا اور اس نے امام سے عرض کیا: کہ اے امام مالک! کیا میں قبلہ
طرف متوجہ ہو کر دعا کروں یا قبر رسول اللہ کی جانب متوجہ ہو کر، تو امام نے فرمایا: تو ان سے اپنے
کیوں پھیرتا ہے جو اللہ کی طرف تیرا بھی وسیلہ ہیں اور تیرے باپ آدم علیہ السلام کا بھی وسیلہ ہیں
قیامت۔ بلکہ تو انہیں کی طرف متوجہ ہو اور ان کے ساتھ توسل کر تو اللہ تیرے حق میں ان کی شفاعت
کریگا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اگر انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور تمہارے پاس آئیں اور اللہ
مغفرت طلب کریں تا آخر آیت۔ اسی طرح اس واقعہ کو امام فقیہ محدث علامہ تقی الدین سبکی نے
السقام میں، اور شیخ الاسلام مفتی الانام الامام العلامہ سید شریف نور الدین علی سمہودی نے وفاء الوفاء با
دار المصطفیٰ میں، اور خاتمۃ المحققین خلاصۃ المدققین علامہ شہاب الدین احمد قسطلانی نے المواہب اللد
میں، اور خاتمۃ الفقہاء والمحدثین بقیۃ المجتہدین علامہ ابن الحجر نے الجوہر المنظم میں فرمایا۔

روایۃ ذلک عن مالک جاءت بالسند الصحیح الذی لا مطعن فیہ وقال العلا
الزرقانی فی شرح المواہب ورواہا ابن فہد باسناد جید و رواہا القاضی عیاض فی الش
باسناد صحیح رجالہ ثقات لیس فی اسنادہا وضاع ولا کذاب۔ (الدرر السنیہ مصری صفحہ

یہ روایت امام مالک سے ایسی صحیح سند کے ساتھ وارد ہے جس میں کسی طرح کا طعن نہیں۔
علامہ زرقانی نے شرح مواہب لدنیہ میں فرمایا کہ اس روایت کو ابن فہد نے جید اسناد کے ساتھ روایت
اور اس کو قاضی عیاض نے تو شفا میں ایسی صحیح سند کے ساتھ روایت کی جس کے راوی ثقہ ہیں اور
روایت کی سند میں کوئی کذاب اور وضاع نہیں۔

تو اس قدر کتابوں سے ثابت ہو گیا کہ یہ حضرت امام مالک اور خلیفہ منصور کا واقعہ بالکل صحیح
اس کی سند جید اور صحیح ہے، اس کے رجال ثقہ ہیں، کسی پر کوئی طعن نہیں، نہ ان میں کذاب نہ وضاع
لہٰذا اس واقعہ کو وہی غلط کہہ سکتا ہے جس کا مذہب غلط ہو۔ عقیدہ غلط ہو۔ استدلال غلط ہو۔ فہم غلط ہو۔
غلط ہو۔ تو اس کو ہر چیز ہی غلط نظر آئیگی۔ تو مصنف کا ایسے معتبر و مستند واقعہ کو بلا دلیل محض اپنی ناقص را
سے غلط کہہ دینا خود اس کے سرتاپا غلط ہونے کی دلیل ہے مولیٰ تعالیٰ اس کو ہدایت کرے۔ واللہ تعالیٰ

بالصواب

سوال دوم: قبر شریف کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا عام طور پر لوگوں کا قبر شریف کے
سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا اس قدر بدترین منکرات میں سے ہے جو کہ انسان کے ایمان کو فاسد کر دیتا
ہے، کیونکہ یہ عمل غیر اللہ کی عبادت کے مشابہ ہے، سینے پر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا ایک ایسا عمل ہے جو نماز
کے اعمال سے مخصوص ہے۔ ان جاہلوں نے اپنی جہالت سے یہ تصور کر لیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم اسے پسند کرتے ہیں کہ ان کی تعظیم بھی اسی طرح کی جائے جیسے کہ خاص اللہ جل شانہ کی کی جاتی
ہے۔ قبر نبوی کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا ایسا ہی ہے جیسے کہ کوئی حق تعالیٰ کے سوا کسی اور کو سجدہ
کرے۔ کیونکہ ہاتھوں کا سینہ پر تعظیم کے لئے رکھنا ایک عبادت ہے۔ جس کو بجز نماز کے ادا کرنا جائز نہیں،
جیسے کہ سجود ماسوا اللہ کسی کے لئے جائز نہیں اسی طرح بجز نماز کے کسی کی تعظیم کے لئے ہاتھوں کو سینہ پر رکھ کر
کھڑا ہونا بھی ناجائز ہے۔ بینوا توجروا

الجواب:

مصنف کا یہ قول غلط و باطل ہے۔ قبر کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا یہ آداب میں سے ایک
بہترین ادب ہے جس کی علمائے عظام و فقہائے کرام نے بھی تصریح کی ہے۔ فقہ کی مشہور کتاب فتاویٰ
عالمگیری میں ہے:

ثم ینہض فیتوجہ الی قبرہ فیقف عند رأسہ مستقبل القبلۃ ثم یدنو منہ ثلثۃ اذرع
او اربعۃ ولا یدنو منہ اکثر من ذالک ولا یضع یدہ علی جدار التربۃ فہو اہیب واعظم
للحرمۃ ویقف کما یقف فی الصلوۃ۔ (عالمگیری جلد ا صفحہ ۱۳۶)

زائر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر انور کی طرف متوجہ ہو کر سر مبارک کی طرف متوجہ ہو کر
سر مبارک کے مقابل قبلہ رو کھڑا ہو بقدر تین یا چار گز فاصلہ کے اور اس سے زائد قریب نہ ہو اپنا ہاتھ بنظر
ادب تربت مبارک کی دیوار پر نہ رکھے۔ اور اس طرح کھڑا ہو جیسے نماز میں کھڑا ہوتا ہے۔

مراقی الفلاح میں ہے:

ثم تنہض متوجہا الی القبر الشریف فتقف بمقدار اربعۃ اذرع بعیدا عن
المقصورۃ الشریفۃ بغایۃ الادب مستدبر القبلۃ محاذیا لرأس النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم ووجہہ الاکرم۔ (طحطاوی مصری صفحہ ۴۲۳)

پھر قبر شریف کی طرف متوجہ ہو کر کھڑا ہو۔ اور بقدر چار گز کے گنبد شریف سے فاصلہ پر بغا
ادب قبلہ کو پشت کر کے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر اقدس و چہرۂ انور کے مقابل کھڑا ہو۔
الاسلام علامہ سید سمہودی نے ''وفاء الوفاء باخبار دار المصطفیٰ'' میں سلسلہ آداب زیارت میں فرمایا:

ومنها ان توجه بعد ذالك الى القبر الكريم مستعينا بالله تعالىٰ فى رعاية الادب
هذه الموقف العظيم فيقف بخشوع وخضوع "(وفيه ايضا) فينبغى ان تقف بين يد
كما وصفنا (وفيه ايضا) قال الكرمانى من الحنيفية ويضع يمينه على شماله كما
الصلوة (وفاء الوفا مصری جلد ۲ صفحہ ۴۲۷)

منجملہ آداب زیارت کے یہ ہے کہ قبر کریم کی طرف متوجہ ہو اس مقام عظیم میں رعایت ادب
اللہ تعالیٰ سے اعانت طلب کرنے والا ہو، پھر خشوع وخضوع کے ساتھ کھڑا ہو، پس مناسب ہے کہ ہم
جس طرح ذکر کیا قبر شریف کے سامنے کھڑا ہو۔ امام کرمانی حنفی نے کہا کہ اپنے دہنے ہاتھ کو بائیں ہاتھ
اس طرح رکھے جیسا کہ نماز میں رکھتا ہے۔

علامہ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی جذب القلوب میں بیان آداب زیارت میں فرماتے ہیں:

ودر وقت سلام آنحضرت ووقوف در آنجناب باعظمت دست راست را بر دست چپ بنہد چنا
درحالت نماز کند، کرمانی کہ از علماء حنفیہ است تصریح کردہ است۔ (جذب القلوب صفحہ ۱۶۸)

بوقت سلام سامنے کھڑے ہونے میں باحترام دہنے ہاتھ کو بائیں پر ایسے رکھے جس طرح
حالت نماز میں رکھتا ہے، علماء حنفیہ میں سے امام کرمانی نے اس بات کی تصریح کی ہے۔ شیخ الاسلام علامہ
سید احمد دحلان الدرر السنیہ میں ناقل ہیں:

ذكر علماء المناسك ايضا ان استقبال قبره الشريف و وقت الزيارة والدعاء افضل
من استقبال القبله قال العلامة المحقق الكمال بن الهمام ان استقبال القبر الشريف افضل
من استقبال القبله ۔ (درر السنیہ مصری صفحہ ۲۲)

نیز علماء مناسک نے کہا کہ بوقت زیارت ودعا حضور کی قبر شریف کی طرف متوجہ ہونا قبلہ کی
طرف متوجہ ہونے سے افضل ہے۔ علامہ محقق ابن ہمام نے فرمایا کہ بیشک قبر شریف کی طرف متوجہ ہونا
بقبلہ ہونے سے بہتر ہے۔ ان کثیر عبارات فقہاء وعلماء کرام سے ثابت ہو گیا کہ زائر کا بوقت زیارت
وسلام ودعا قبر شریف کے سامنے قبلہ کی طرف پشت کر کے اور مزار اطہر کی طرف منہ کر کے وجہ شریف اور

سر اقدس کے مقابل بغایت ادب بخشوع وخضوع اس طرح دونوں ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا افضل ہے جیسے
نماز میں دہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر باندھ کر بقصد خشوع وخضوع کھڑا ہوتا ہے۔ اسی کی تصریحات مذاہب
اربعہ حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی کی کتب میں موجود ہیں بلکہ خود ائمہ مذاہب سے بھی اس میں تصریحیں مروی
ہیں۔ مسند امام اعظم میں خود امام اعظم سے مروی ہے:

ابو حنيفة عن نافع عن ابن عمر رضى الله عنهما قال من السنة ان تاتى قبر النبى
صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من قبل القبلة وتجعل ظهرك الى القبلة وتستقبل القبر بوجهك
ثم تقول السلام عليك ايها لنبى ورحمة الله و بركاته۔
(مسند امام اعظم جلد ۱ صفحہ ۵۲۳)

امام اعظم نافع سے راوی اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے راوی انہوں نے فرمایا: یہ سنت ہے کہ
تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر اطہر پر قبلہ کی جانب سے آئے اور قبلہ کی طرف اپنی پشت کرنا اور
قبر شریف کی جانب اپنا منہ کر لینا، پھر عرض کرنا آپ پر سلام ہو اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی
برکتیں۔ حضرت امام مالک کا یہ قول سوال اول کے جواب میں منقول ہوا۔

لم تصرف وجهك عنه فهو وسيلتك ووسيلة ابيك ادم عليه السلام الى الله يوم
القيامة بل استقبله واستشفع به۔ (شرح شفا مصری جلد ۲ صفحہ ۷۱)

تو ان کی طرف سے اپنے چہرے کو کیوں پھیرتا ہے پس وہ تو بروز قیامت اللہ کی طرف تیرے
لئے وسیلہ ہیں اور تیرے باپ آدم علیہ السلام کے لئے وسیلہ ہیں بلکہ تو ان کی طرف منہ کر اور ان کے
ساتھ توسل کر۔ علامہ سبکی شفاء السقام میں حضرت امام مالک کی روایت نقل کرتے ہیں۔

روى عن مالك بن انس الامام رحمة الله عليه انه قال اذا اراد الرجل ان ياتى قبر
النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فيستدبر قبلة ويستقبل النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم
ويصلى عليه ويدعو۔ (شفاء السقام مصری صفحہ ۱۱۹)

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا جب کوئی شخص حضور اکرم صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف پر حاضری کا ارادہ کرے تو وہ قبلہ کی طرف تو پشت کر لے اور قبر شریف کی
طرف منہ کرے اور حضور پر سلام پیش کرے پھر دعا کرے۔

انہیں علامہ سبکی نے شفاء السقام میں خود اپنے مذہب شافعی کو نقل کیا:

وعن اصحاب الشافعی وغیرہ یقف وظهره الی القبلة ووجهه الی الحظیرة و[ه]
قول ابن حنبل۔ (شفاء السقام صفحہ ۱۱۳)

اصحاب شافعی وغیرہ سے منقول ہے کہ زائر اس طرح کھڑا ہو کہ اس کی پشت تو قبلہ کی طرف ا[ور] اس کا چہرہ گنبد شریف کی طرف ہو اور یہی امام احمد ابن حنبل کا قول ہے۔

علامہ زرقانی شرح مواہب لدنیہ میں قول مذہب شافعی کو نقل فرماتے ہیں:

عن مالك قال اذا سلم على النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ودعا یقف ووجه[ه] الی القبر لا الی القبلة ویدنو ویسلم ولا یمس القبر بیده انتهی والی هذا ذهب الشافعی والجمهور۔ (زرقانی مصری جلد ۸ صفحہ ۳۰۵)

امام مالک نے فرمایا جب کوئی شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام پیش کرے اور د[عا] کرے تو یوں کھڑا ہو کہ اسکا چہرہ قبر شریف کی طرف ہو قبلہ کی طرف نہ ہو اور قریب ہو جائے اور سلام پیش کرے۔ اور اپنے ہاتھ روضہ انور کو مس نہ کرے یہی امام شافعی اور جمہور کا مذہب ہے۔

وفیه ایضا " اما دعاء فان الجمهور ومنهم الشافعیة والمالکیة والحنفیة علی الاص[ح] عندهم کما قال العلامة الکمال بن الهمام علی استحباب استقبال القبر الشریف واستدبا[ر] القبلة لمن اراد الدعاء۔ (زرقانی مصری جلد ۸ صفحہ ۳۱۴)

لیکن دعا کرنا تو بیشک جمہور اور ان میں شافعی اور مالکی بھی داخل ہیں اور صحیح قول کی بنا پر احناف بھی ہیں جیسا کہ علامہ ابن ہمام حنفی نے فرمایا کہ اس شخص کے لئے جو دعا کرنے کا ارادہ کرے قبر شریف کی طرف منہ کرنا اور قبلہ کی طرف پشت کرنا مستحب ہے۔

علامہ سبکی شفاء السقام میں امام محدث فقیہ ابن بطہ حنبلی کی "کتاب الابانہ" سے ناقل۔

تاتی القبر تستقبله وتجعل القبلة وراء ظهرك وتقول السلام علیك ایها النبی ورحمة الله۔ (شفاء السقام صفحہ ۱۱۲)

تو قبر شریف پر حاضر ہو تو اس کی طرف منہ کر اور قبلہ کو پس پشت کر اور کہہ کہ آپ پر سلام ہو اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔

یہی علامہ سبکی شفاء السقام میں مذہب حنبلی کی "کتاب المستوعب" سے ناقل ہیں:

قال یجعل القبر تلقاء وجهه والقبلة خلف ظهره والمنبر عن یساره وذکر کیفیة

السلام والدعاء۔ (شفاء السقام صفحہ ۱۱۴)

کہا کہ قبر شریف کو اپنے چہرہ کے سامنے اور قبلہ کو اپنی پشت کے پیچھے اور منبر کو اپنے بائیں طرف رکھے اور کیفیت سلام اور دعا کا ذکر کیا۔ علامہ سید احمد دحلان الدرر السنیہ میں مکہ شریف کے مفتی حنابلہ شیخ محمد کا فتویٰ نقل کرتے ہیں۔

ان المعتمد عندنا لحنابلة هو ما ذکره السائل اعنی استحباب استقبال القبر عند الدعاء واستحباب التوسل والمنکر لذلك جاهل بمذهب الامام احمد
(الدرر السنیہ مصری صفحہ ۲۱)

صفحہ:-۱۶۷"

بیشک حنبلیوں کا معتمد مذہب وہ ہے جس کو سائل نے ذکر کیا یعنی بوقت دعا قبر انور کی طرف منہ کرنا مستحب ہے اور توسل کرنا مستحب ہے، اور جو اس کا انکار کرے وہ امام احمد کے مذہب سے جاہل ہے۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ اصحاب مذاہب اربعہ حنفیہ، شافعیہ، مالکیہ، حنبلیہ بلکہ خود ائمہ اربعہ کی تصریحات نے یہ ظاہر کر دیا کہ جو شخص بقصد زیارت روضۂ منورہ پر حاضر ہو تو وہ قبر شریف کے سامنے کھڑا ہو۔ اور قبلہ کی طرف پشت اور قبر شریف کی طرف منہ کر کے سلام پیش کرے اور دعا کرے۔ اور نہایت ادب واحترام کے ساتھ بخشوع وخضوع دونوں ہاتھ باندھ کر اس طرح کھڑا ہو جیسے نماز میں ہاتھ باندھ کر کھڑا ہوتا ہے یہی امت کے لئے بہتر وافضل ہے۔ اور بوقت زیارت حسن ادب ہے اور اہل اسلام کا معمول ہے اور امت نے جب اس بات پر اتفاق کر لیا تو یہ ہرگز گمراہی نہیں ہو سکتا کہ آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ دیدیا ہے۔

لا یجمع امة محمد علی ضلالة وید الله علی الجماعة ومن شذ شذ فی النار
(رواہ الترمذی عن ابن عمر رضی اللہ عنہما)

امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گمراہی پر جمع نہ ہوگی۔ اور اللہ کی مدد جماعت پر ہے اور جو جماعت سے نکلا دوزخ میں ڈال دیا جائیگا۔ تو اب اس جماعت مسلمین کا مخالف صرف یہ فرقہ وہابیہ نجدیہ ہوا، تو بحکم حدیث یہ فرقہ گمراہ وجہنمی ثابت ہوا۔ اور تعجب یہ ہے کہ یہ فرقہ اپنے آپ کو حنبلی کہتا ہے۔ اور مذہب حنبلی کی کھلی ہوئی مخالفت کر رہا ہے۔ نہ اس کے لئے اقوال حنابلہ حجت، نہ قول امام احمد بن حنبل دلیل، نہ معمول امت ہونا سند، نہ حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما۔

من السنة ان تاتي قبر النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من قبل القبلة وتجـ
ظهرك الى القبلة وتستقبل القبر بوجهك ـ

قابل عمل جو اوپر مسند امام اعظم سے منقول ہوئی ۔ بلکہ سب کے خلاف یہ مصنف کتنی دلیری
ساتھ یہ لکھتا ہے۔

عام طور پر لوگوں کا قبر شریف کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا اس قدر بدترین منکرات
سے ہے جو انسان کے ایمان کو فاسد کر دیتا ہے۔

اوپر کی حدیث شریف سے ثابت ہو چکا ہے کہ جو امت اور جماعت مسلمین کی مخالفت کر
بے ایمان اور جہنمی ہے تو یہ مصنف مخالفت امت ہو کر خود جہنمی و بے ایمان ثابت ہوا ۔ اور پھر اس
ایمان کی مزید بے ایمانی یہ ملاحظہ ہو کہ امت مرحومہ کے فعل کو بدترین منکر قرار دیتا ہے ۔ اور تمام
اسلام کے ایمان کو فاسد ٹھہراتا ہے ۔ اور ہماری پیش کردہ عبارات کتب دین کو بلکہ حدیث ابن عمر رضی
عنہما کو بدترین منکر اور ایمان کی مفسد بتاتا ہے ۔ اور پھر قابل توجہ یہ بات ہے کہ یہ مصنف اس
زیارت کے بدترین منکر اور مفسد ایمان ہونے پر کوئی دلیل پیش نہ کر سکا ۔ اور حقیقت یہ ہے کہ وہ
اس دعوے پر کوئی دلیل شرعی پیش کر بھی نہیں سکتا کہ جب اس کا یہ دعویٰ ہی بالکل غلط اور باطل ہے
اس کے لئے کوئی دلیل شرعی کیسے ہو سکتی ہے پھر جب مصنف نے اپنے اس دعوے پر دلیل نہ ہونے
وری کا خود بھی احساس کیا تو اس کے لئے اپنے دل سے خود ہی دلیل گڑھ دی۔

کیونکہ یہ عمل غیر اللہ کی عبادت کے مشابہ ہے، سینہ پر ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا ا
ایسا عمل ہے جو نماز کے اعمال سے مخصوص ہے۔

مصنف کا یہ دعویٰ ۔ (کہ ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا نماز کے مخصوص اعمال میں سے ہے) بھی
ہی بے دلیل ہے جس پر وہ کوئی دلیل خصوص پیش نہ کر سکا ۔ اور حقیقت تو یہ ہے کہ وہ کوئی دلیل پیش کر
نہیں سکتا کہ جب اوپر فتاوی عالمگیری کی عبارت میں گذرا " يقف كما يقف في الصلاة " یعنی
شریف کے سامنے اسی طرح کھڑا ہو جس طرح نماز میں کھڑا ہوتا ہے ۔ اور جذب القلوب کی عبا
میں صاف طور پر مذکور ہوا " دست راست را بر دست چپ بنہد چنانچہ در حالت نماز کند " یعنی قبر شر
کے سامنے داہنے ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھ کر اس طرح کھڑا ہو جیسے حالت نماز میں کرتا ہے ۔ تو ان کت
شرع سے جب یہ ثابت ہو رہا ہے کہ قبر شریف کے سامنے نماز کی طرح داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھ

کھڑا ہونا بہتر و افضل اور حسن ادب ہے ۔ تو ان کتب شرع نے اسی مشابہت نماز کا حکم دیا، تو یہ مصنف اسی
مشابہت کو محض اپنی رائے ناقص سے عدم جواز کی دلیل بنا رہا ہے، تو اس کا قول بالکل ان کتب شرع کے
خلاف ثابت ہوا ۔ تو اس کا یہ دعوے کہ ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا نماز کے مخصوص اعمال میں سے ہے بالکل
باطل اور غلط قرار پایا ۔ پھر یہ مصنف اپنی مزید جہالت کا اس طرح اظہار کرتا ہے۔

ان جاہلوں نے اپنی جہالت سے یہ تصور کر لیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
اسے پسند کرتے ہیں کہ ان کی تعظیم بھی اسی طرح کی جائے جیسے کہ خاص اللہ جل شانہ کی کی
جاتی ہے۔

یہ مصنف کس قدر جری و بے باک ہے کہ اس نے کس کس کو جاہل بنایا، حضرت شیخ عبدالحق
محدث دہلوی کو اس نے جاہل کہا، فقہاء کرام کو اس نے جاہل کہا، ساری امت کو اس نے جاہل قرار دیا،
پھر اس جاہل کو یہ خبر نہیں کہ اگر ایسی تعظیم رسول علیہ السلام سے خاص اللہ جل شانہ کی جیسی تعظیم لازم آتی
ہے تو وہ نماز سے ذکر رسول التحیات اور درود شریف وغیرہ کو نکال ڈالے کہ نماز خاص اللہ جل شانہ کی
عبادت ہے ۔ اس میں صرف ذکر خدا کرے ۔ تو نماز میں وہ یہ ذکر رسول کیوں کرتا ہے ۔ کیا اس میں
مشابہت لازم نہیں آتی ۔ پھر بقول مصنف کیا وہ نماز میں درود و التحیات پڑھ کر یہی تصور کرتا ہوگا کہ نبی
کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز میں اپنے ذکر کو پسند کرتے ہونگے کہ ان کا ذکر بھی نماز میں اسی طرح
کیا جائے جیسے کہ خاص اللہ جل شانہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو یہ مصنف اپنی اس دلیل سے نماز میں ذکر رسول
التحیات و درود شریف پڑھنے کو ناجائز و ممنوع اور بدترین منکر و مفسد ایمان قرار دے ۔ پھر اس جاہل سے
پوچھو، کیا تیرے نزدیک نماز کے اندر ذکر رسول کر کے تعظیم رسول کا اعتقاد تو جائز ہے اور خارج نماز میں قبر
شریف کے سامنے ہاتھ باندھ کر سلام عرض کر کے تعظیم رسول کا یہ فعل ناجائز و ممنوع ہے ۔ تو یہ اس مصنف
کی جاہلانہ بات نہیں ہے تو اور کیا ہے ۔ پھر یہ مصنف اپنا تیسرا دعوے یوں لکھتا ہے۔

قبر نبوی کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا ایسی ہی ہے جیسے کہ کوئی حق تعالیٰ کے سوا
کسی کو سجدہ کرے۔

اس نے دعویٰ تو کیا لیکن اس پر کوئی دلیل پیش نہ کر سکا، اتنی بات تو مسلم ہے کہ غیر اللہ کے لئے
سجدہ ممنوع ہے، اس کی ممانعت میں حدیثیں وارد ہو چکیں ۔ لیکن مصنف ہاتھ باندھ کر کھڑے ہونے کی
ممانعت میں بھی تو کوئی حدیث پیش کرے، اگر اس کی ممانعت میں کوئی حدیث ہوتی تو ہمارے سلف

وخلف بھی اس کا حکم نہیں دیتے اور تمام امت قبر شریف کے سامنے ہرگز ہاتھ باندھ کر کھڑی
ظاہر ہوگیا اس کو ناجائز کہنا محض فرقہ وہابیہ کی ناقص رائے اور اوندھے دماغ کی پیداوار کا نتیجہ
پر جب مصنف کو اپنے دعوے پر دلیل نہ مل سکی تو اس نے اپنی فہم ناقص سے یہ دلیل خود ہی گڑھ دی

کیونکہ ہاتھوں کا سینہ پر تعظیم کے لئے رکھنا ایک عبادت ہے جس کا بجز نماز
کرنا جائز نہیں جیسے کہ سجدہ ماسوا اللہ کسی کے لئے جائز نہیں اسی طرح بجز نماز کے کسی
کے لئے ہاتھوں کا سینے پر رکھ کر کھڑا ہونا بھی ناجائز ہے۔

مصنف کی یہ دلیل مزید دو دعووں پر مشتمل ہے۔ ایک دعوے تو یہ ہے کہ ہاتھوں کا سینے
کیلئے رکھنا عبادت ہے، دوسرا دعوی یہ ہے کہ بجز نماز کے کسی غیر اللہ کی تعظیم کے لئے ہاتھوں کا سینے
کھڑا ہونا جائز نہیں ہے۔ پہلے تو اس مصنف کی یہ فریب دہی ملاحظہ ہو کہ یہ پہلے دعوے کی دلیل
سکا۔ تو یہ ہر دو دعوے ناقابل تسلیم ہوئے۔ اور یہ قبول نہیں تو جو دلیل ان سے مرتب ہوئی تھی وہ
ہوسکتی ہے۔ علاوہ بریں غیر اللہ کی تعظیم کے لئے کھڑا ہونا حدیث شریف سے ثابت ہے جس
ومسلم نے حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے
سعد رضی اللہ عنہ کو طلب کیا " فلما دنا من المسجد قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
للانصار قوموا الی سیدکم"

(مشکوۃ شریف صفحہ ۴۰۳)

جب سعد مسجد کے قریب آئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انصار سے فرمایا تم ا
سردار کی طرف کھڑے ہو۔ تو غیر اللہ کی تعظیم کے لئے کھڑا ہونا حکم شارع علیہ السلام سے اور فعل صحا
سے ثابت ہوگیا۔

اب باقی رہا اس قیام تعظیمی میں ہاتھوں کا باندھنا یا نہ باندھنا، تو یہ عدم جواز قیام تعظیمی
نہ علامت نہ سبب، تو پھر عدم جواز کہاں سے پیدا ہوا۔ علاوہ بریں قیام نماز میں اگر شافعیہ سینہ
باندھتے ہیں تو مالکیہ ان کو چھوڑے ہوئے رکھتے ہیں، اور قومہ میں تو ہاتھ نہیں باندھے جاتے بلکہ
چھوڑ دیا جاتا ہے تو قیام نماز میں ہاتھوں کا باندھنا اور نہ باندھنا اور چھوڑ دینا بھی عبادت قرار پا
مصنف کے نزدیک کسی دینی رہنما عالم قاری اور والد و حاکم کی تعظیم کے لئے کھڑا ہونا بھی ناجائز
اب چاہے وہ ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو یا بغیر باندھے کھڑا ہو۔ بلکہ اس کے نزدیک تو کسی غیر اللہ کے سا
زانو بیٹھنا بھی ناجائز ہی ہوگا اور سجدہ کی طرح ہوگا کہ نماز میں جس طرح قیام و رکوع وسجدہ پایا جا

رح دو زانوں بیٹھنا بھی تو نماز کا رکن ہے، تو بجز نماز کے کسی کے سامنے دو زانو بیٹھنا بھی مصنف کے
ک ناجائز قرار پایا۔

الحاصل جو سلف وخلف کی مخالفت کرے اور اپنی ناقص رائے سے دینی مسائل بیان کرے وہ اسی
ح ٹھوکریں کھاتا ہے اور قعر ضلالت میں گر جاتا ہے اور اس کی اس غلط روی سے پھر کوئی بات بنائے
بھی نہیں بنتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

سوال سوم: حجرہ نبویہ کی دیواروں اور جالیوں کو چومنا انتہائی جہالت اور غفلت کی دلیل ہے۔

جواب۔ کمال ادب و مزید احترام تو یہی ہے کہ روضۂ منورہ کی دیواروں جالیوں کو نہ بوسہ دے
ہاتھ سے مس کرے؛

فتاوی عالمگیری میں ہے: ولا یمسح القبر ولا یقبلہ "

(فتاوی عالمگیری قیومی جلد ۲ صفحہ ۱۰۹)

قبر کو نہ تو ہاتھ سے مس کرے نہ اسے بوسہ دے۔

شیخ الاسلام علامہ سمہودی وفاء الوفا شریف میں فرماتے ہیں:

ومنھا ان یجتنب لمس الجدار وتقبیلہ والطواف بہ والصلوۃ الیہ

(وفاء الوفا مصری جلد ۲ صفحہ ۴۴۲)

آداب زیارت سے یہ ہے کہ دیوار قبر کے چھونے اس کے بوسہ دینے اور اسکا طواف کرنے اور
اس کی طرف نماز پڑھنے سے پرہیز کیا جائے۔ لیکن جو عشاق غلبۂ الفت اور استغراق محبت سے سرشار
ہوں تو انہیں روضہ مطہرہ کی دیواروں اور جالیوں کا بوسہ دینا اور مس کرنا بالکل ناجائز بھی نہیں قرار دیا
جا سکتا۔ کہ فتاوی عالمگیری میں تو قبر والدین کے بوسہ کی اجازت دی عبارت یہ ہے " ولا باس بتقبیل
قبر والدیہ "

(از فتاوی عالمگیری جلد ۴ صفحہ ۱۰۹)

اپنے والدین کی قبر کے بوسہ دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اس عبارت سے ثابت ہو کہ قبر والدین کا بوسہ ناجائز نہیں۔ لہذا جب قبر والدین کا بوسہ ناجائز
نہیں تو جس ذات پاک پر والدین صدقے اور قربان ہوجائیں تو ان کی قبر شریف پر بوسہ کیسے ناجائز ہو
سکتا ہے۔ علامہ سمہودی وفاء الوفاء میں الطیب الفاشری سے ناقل ہیں:

عن المحب الطبری انہ یجوز تقبیل القبر ومسہ قال وعلیہ عمل العلماء الصالحین

(وفاء الوفاء مصری جلد ۲ ص

محب طبری سے منقول ہے کہ وہ قبر کے بوسے اور مس کرنے کو جائز کہتے ہیں اور کہ
صالحین کا عمل ہے۔

اسی وفاء الوفاء میں عالم مکہ علامہ ابن ابی الصیف یمانی شافعی کا قول منقول ہے۔

"نقل جواز تقبیل المصحف واجزاء الحدیث وقبو را لصالحین"

(وفاء الوفاء جلد ۲ صفحہ ۴۴۲

قرآن کے اور کتب حدیث کے اور قبور صالحین کے بوسہ کا جواز منقول ہے۔

اسی وفاء الوفاء میں حضرت علامہ حافظ ابن حجر کا یہ قول منقول ہے۔

استنبط بعضهم من مشروعية تقبيل الحجر الا سود جواز تقبيل كل من
التعظيم من ادمی وغیرہ۔ (وفاء الوفا مصری جلد ۲ صفحہ

بعض علماء نے حجر اسود کے بوسہ کے جائز ہونے سے ہر مستحق تعظیم کے بوسہ
استدلال کیا۔ اب وہ مستحق تعظیم آدمی ہو یا اس کے علاوہ کوئی اور ہو۔ اسی وفاء الوفاء میں حضر
بن حنبل کا جواب اور ان کے صاحبزادہ حضرت عبداللہ کا قول منقول ہے

"قال عبدالله سألت ابی عن الرجل یمس منبر رسول الله صلی الله تع
وسلم ویتبرك بمسه ویقبله ویفعل بالقبر مثل ذالك رجاء ثواب الله تعالیٰ قال لا با

(وفاء الوفاء جلد ۲ صفحہ ۴۴۳)

عبداللہ نے کہا میں نے اپنے والد سے اس شخص کے بارے میں دریافت کیا جو منبر رسو
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تبرک حاصل کرنے کے لئے چھوتا ہے اور اس کو چومتا ہے اور امید ثواب میں
کو چومتا ہے اور چھوتا ہے تو جواب دیا کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

اسی وفاء الوفاء میں حضرت امام احمد علیہ الرحمہ کا اس مسئلہ میں بہترین فیصلہ نقل کیا:

ولا شك ان الاستغراق فی المحبة یحمل علی الاذن فی ذلك والمقص
ذالك كله الاحترام والتعظيم والناس تختلف مراتبهم فی ذالك كما كانت تختل
حیاته فاناس حین یرونه لا یملكون انفسهم بل یبا درون الیه واناس فیهم اناة
والكل محل خیر۔ (وفاء الوفاء مصری جلد ۲ صفح

اور اس بات میں کچھ شک نہیں کہ محبت میں مستغرق ہو جانا بوسہ ومس قبر کی اجازت کی طرف لے
ہے اور ان سب سے مقصود احترام و تعظیم ہی ہے، اور لوگوں کے مرتبے اس میں مختلف ہیں جیسا کہ وہ
ت مبارک میں مختلف تھے، کچھ لوگ ایسے تھے کہ جب آپ کو دیکھتے بے اختیار ہو جاتے اور حضور کی
ف جلد حاضر ہو جاتے، اور کچھ لوگ وہ تھے جو اپنے کو اختیار میں رکھتے تھے تو وہ حاضری میں جلدی نہ
تے تو سب خیر پر ہیں۔ جب ان عبارات سے والدین کی قبر کا بوسہ دینا قرآن کو بوسہ دینا حجر اسود کو
ہ دینا قبور اولیاء کو بوسہ دینا ثابت ہو گیا تو ان کے بوسہ کے جواز سے ہر مستحق تعظیم کے بوسہ کا جواز
ت ہو گیا۔ حضرت امام احمد بن حنبل نے تو منبر رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بہ نیت تبرک بوسہ اور مس
نے کی صاف طور پر اجازت دی۔ بلکہ خود قبر شریف کے بوسہ اور مس کرنے کو نہ فقط جائز ہی ٹھہرایا بلکہ
کو موجب ثواب قرار دیا۔ بلکہ اس امام نے اس بحث کا بہترین فیصلہ دیا کہ لوگ اپنے اپنے جذبات
مختلف ہیں، بعض تو اپنے جذبات پر اختیار رکھتے ہیں اور بعض اپنے جذبۂ محبت میں مستغرق رہتے ہیں
جو لوگ جذبۂ محبت میں وارفتہ ہوں تو ان کو تو بوسہ اور مس کی اجازت دی جائے اور حقیقت یہ ہے اس کا
ود تعظیم واحترام ہی ہے تو ضرور وہ اپنے اپنے حال کی بنا پر امر خیر ہی پر ہیں۔ حاصل کلام یہ ہے کہ حجرہ
فہ کی دیواروں اور جالیوں کا چومنا اور بہ نیت تبرک مس کرنا شرعاً ناجائز نہیں۔ اگر یہ ناجائز ہوتا تو خود
بہ کرام سے ایسے افعال صادر نہ ہوتے۔

چنانچہ وفاء الوفاء میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا فعل منقول ہے:

ان بلالا رضی الله تعالیٰ عنه لما قدم من الشام لزیارة النبی صلی الله تعالیٰ علیه
سلم اتی القبر فجعل یبکی عنده ویمرغ وجهه علیه واسناده جید۔

(وفاء الوفاء جلد ۲ صفحہ ۴۴۳)

جب حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام سے زیارت قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے آئے
قبر شریف پر حاضر ہو کر رونے لگے اور قبر شریف پر اپنے چہرہ کو ملنے لگے، اور اس حدیث کی سند جید ہے۔

اسی وفاء الوفا میں روایت مطلب بن عبداللہ بن حطب کو نقل کیا کہ انہوں نے کہا:

اقبل مروان بن الحكم فاذا رجل ملتزم القبر فاخف مروان برقبته ثم قال هل تدری
تصنع فاقبل علیه فقال نعم انی لم ات الحجر و لم ات اللبن انما جئت رسول الله صلی
علیه وسلم لا تبکوا علی الدین اذا ولیه اهله ولكن ابكوا علیه اذا ولیه غیر اهله قال

المطلب و ذالك الرجل ابو ایوب الا نصاری ۔ (وفاء الوفا۔ ج ۲۔ص ۴۴۳

مروان بن حکم قبر شریف پر حاضر ہوا۔تو اس نے دیکھا ایک شخص قبر شریف کو چمٹے...
مروان نے اس کی گردن پکڑ کر کہا کیا تو نہیں جانتا کہ کیا کر رہا ہے، اسنے جواب دیا کہ میں...
اینٹ کے پاس نہیں حاضر ہوا بلکہ میں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے حاضر ہوا...
لوگو جب تمہارا والی اھل ہو تو دین کے لئے مت رونا۔اور تمہارا والی نا اھل ہو تو دین کیلئے...
مطلب نے کہا کہ وہ شخص حضرت ابو ایوب انصاری صحابی تھے۔

اسی وفاء الوفا میں روایت خطیب کو اسطرح نقل کیا:

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما کان لیضع یده الیمنیٰ علی القبر الشریف...
(وفاء الوفا۔ ج ۲۔ص ۴۴۴

حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قبر شریف پر اپنا داہنا ہاتھ رکھتے تھے۔ا...
سے ثابت ہو گیا کہ صحابہ کرام نے قبر شریف سے مس کیا۔تو اگر یہ فعل ناجائز ہوتا تو یہ حضرات ا...
۔تو اب اس مصنف کی بد زبانی و ریدہ ذہنی ملاحظہ ہو کہ وہ حجرہ شریف کی دیواروں جالیوں...
انتہائی جہالت وغفلت بتا کر کس قدر سلف کو جاھل وغافل قرار دے رہا ہے اور خود اپنی غفلت...
سے جائز فعل کو ناجائز بتا رہا ہے۔مولیٰ تعالیٰ اس کو ہدایت کرے۔واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

سوال چہارم: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استغاثہ کرنا، بعض اپنی دعا میں...
طلب مغفرت کے لئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استغاثہ کرتے ہیں، معلوم ہونا چا...
یہ فعل شرک اکبر ہے حق تعالیٰ نے آپ کو اس لئے نہیں بھیجا کہ وہ قضائے حاجات کریں، در...
کے لئے خدا اور اسکے بندوں کے درمیان واسطہ ہوں کیونکہ جس کی وفات ہو گئی ہو اس سے کس...
حاجت کا سوال کرنا اس قسم کا شرک ہے جو اس کے مرتکب کو ہمیشہ کے لئے عذاب جہنم کا سزاوار...
خواہ جس سے طلب کیا جائے وہ نبی یا ولی ہو یا فرشتہ۔

الجواب:

مصنف کا یہ کہنا کہ "رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استغاثہ کرنا شرک اکبر ہے" م...
غیر اللہ سے استعانت واستغاثہ کرنا خصوصا انبیاء واولیاء سے بلکہ خاص ہمارے نبی صلی...

...علیہ وسلم توسل واستعانہ اور استمداد اور استغاثہ کرنا قرآن وحدیث اور اجماع وقیاس ہر چار ادلہ شرعیہ
...سے ثابت ہے اور انبیاء ومرسلین وسلف صالحین کے فعل سے ظاہر ہے۔ پہلے تو اس موضوع پر آیات قرآن
...مجید پیش کروں۔

آیت:(۱)

یا ایها الذین امنوا اتقوا الله وابتغوا الیه الوسیلة ۔ (سورۂ مائدہ)

اے ایمان والوں اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو۔

اس آیت کریمہ میں غیر اللہ، عبادات، صدقات، صلۂ رحم، کثرت ذکر ودوام محبت انبیاء واولیاء
و زیارت احباب اللہ وغیرہ کو وسیلہ بنانے کا حکم دیا گیا اور ہر مقرب الی اللہ کو لازم پکڑنے کا امر فرمایا گیا جیسا
کہ تفسیر صاوی میں ہے "تو غیر اللہ خصوصا انبیاء واولیاء کے ساتھ توسل جائز ہوا"

آیت:(۲)

اولئك الذین یدعون یبتغون الی ربهم الوسیلة ایهم اقرب ۔ (سورہ نبی اسرائیل)

وہ مقبول بندے جنھیں یہ یہود ونصاری پوجتے ہیں وہ آپ ہی اپنے رب کی طرف وسیلہ
ڈھونڈتے ہیں کہ ان میں کون زیادہ مقرب ہے۔

اس آیت کریمہ سے ثابت ہوا کہ اللہ کے مقبول بندوں کا یہ طریقہ رہا ہے کہ وہ بارگاہ الٰہی میں
اپنے سے زائد مقرب بندے کو وسیلہ بناتے تھے تو اس آیت سے مقربان درگاہ الٰہی کا وسیلہ بنانا جائز ہوا
اور مقربان بارگاہ الٰہی میں حضرات انبیاء واولیاء ہیں تو ان کے ساتھ توسل ہوا۔

ایت:(۳)

وکانوا من قبل یستفتحون علی الذین کفروا فلما جائهم ما عرفوا کفروا به۔
(سورہ بقرہ)

اور اس سے پہلے اہل کتاب اس نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے تو جب تشریف لایا
ان کے پاس وہ جانا پہچانا اس سے منکر ہو بیٹھے۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے بھی ان
کا وسیلہ کیا جاتا اور اس توسل سے مخلوق کی حاجت روائی ہو جاتی تھی تو اس سے ظاہر ہو گیا کہ انبیاء
و مقبولان حق کے وسیلہ سے دعا مقبول ہوتی ہے تو اس آیت نے نہ فقط توسل مقبولان حق کا جواز ثابت کیا

بلکہ توسل کا مزید نفع بتایا۔

ایت: (۴)

یایھا الذین امنوا استعینو بالصبر والصلوۃ۔

اے ایمان والو صبر اور نماز سے مدد طلب کرو۔

اس آیت کریمہ میں صبر اور نماز سے مدد طلب کرنے کا حکم فرمایا گیا تو ظاہر ہے کہ صبر او

للہ ہیں تو غیر اللہ سے استمداد واستغاثہ آیت سے ثابت ہوگیا۔

ایت: (۵)

وتعاونوا علی البر والتقویٰ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان۔ (ازسورۂ مائدہ)

اور نیکی اور پرہیزگاری پر تم ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور زیادتی پر باہم مدد نہ کیا

اس آیت میں غیر اللہ کو آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا حکم دیا گیا تو غیر اللہ

پرہیزگاری پر مدد طلب کرنا بھی جائز ہوا۔

ایت: (۶)

قال عیسی ابن مریم للحواریین من انصاری الی اللہ ط قال الحواریون نحن

اللہ۔ (سورہ الصف)

عیسیٰ ابن مریم نے حواریوں سے کہا تھا کون ہے جو اللہ کی طرف ہوکر میری مدد کرے

نے کہا ہم دین خدا کے مددگار ہیں۔

اس آیت سے ثابت ہوگیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے غیر اللہ حواریوں سے مدد طلب

غیر اللہ سے مدد طلب کرنا ناجائز ہوتا تو نبی ناجائز کام نہیں کرسکتا۔

ایت: (۷)

فاعینو نی بقوۃ اجعل بینکم وبینھم ردما۔ (سورہ الکہف)

تو میری مدد تم لوگ طاقت سے کرو میں تم میں اور ان میں ایک مضبوط آڑ بنادوں۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ حضرت ذوالقرنین نے دیوار بناتے وقت لوگوں سے مدد طلب

غیر اللہ سے مدد طلب کرنا اگر شرک ہوتا تو وہ ان سے مدد طلب نہ کرتے۔

ایت: (۸)

فان اللہ ھو مولہ وجبریل وصالح المومنین والملئکۃ بعد ذلک ظھیراً۔ (سورہ تحریم)

تو بیشک رسول اللہ اور جبریل اور نیک مسلمان مدگار ہیں اور اس کے بعد فرشتے مددگار ہیں۔

اس آیت میں خود اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مدگار غیر اللہ یعنی جبریل اور نیک مسلمان اور فرشتے قرار دیئے تو غیر اللہ کا مددگار ہونا آیت سے ثابت ہوا۔

ایت: (۹)

یا ایھا الذین امنوا ان تنصروا اللہ ینصر کم ویثبت اقدامکم۔ (سورہ محمد)

اے ایمان والو اگر تم دین خدا کی مدد کروگے۔ اللہ تمہاری مدد کریگا اور تمہارے قدم جمادے گا۔

اس آیت میں خود اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کے لئے بندوں سے مدد طلب کی تو جو غیر اللہ سے مدد طلب کرنے کو شرک کہتا تو کیا وہ خدا کو بھی مشرک کہے گا۔

ایت: (۱۰)

ولو انھم اذظلموا انفسھم جاؤک فاستغفروا اللہ واستغفر لھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما۔ (سورہ نساء)

اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب وہ تمہارے پاس حاضر ہوں پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت کرے تو ضرور اللہ کو وہ بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

اس آیت میں بارگاہ الٰہی میں عرض حاجت کے لئے ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ قرار دینے کو ذریعہ کامیابی ٹھہرایا، اور ان کو ایسا مددگار قرار دیا کہ ان کی دعا سے حاجت روائی ہوتی ہے، تو اس آیت نے ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے توسل واستعانہ اور استمداد واستغاثہ کو نہ فقط جائز قرار دیا بلکہ اس کو ذریعہ کامیابی اور سبب حاجت روائی ٹھہرایا۔ الحاصل ان دس آیات سے ثابت ہوگیا کہ غیر اللہ کو ان میں سے خاص کر حضرات انبیاء واولیاء کرام کو بوقت دعا وحاجت وسیلہ بنانا ان سے مدد طلب کرنا۔ ان کو مددگار وحاجت روا سمجھنا جائز ہے، پھر جو اس کو جائز نہیں جانتا وہ ان آیات کا انکار کرتا ہے، اور ان نصوص قطعیہ کے خلاف محض اپنی عقل ناقص سے دین میں دخل دیتا ہے۔ اب احادیث بھی سنئے۔

حدیث: (۱)

حاکم نے بسند صحیح مستدرک میں اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور طبرانی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

" لما اقترف ادم علیه السلام الخطیئة قال یا رب اسألك بحق محمد لما
لی فقال الله تعالیٰ یا ادم و كیف عرفت محمداً و لم اخلقه قال یا رب لانك لما
بیدك ونفخت فی من روحك رفعت راسی فرائیت علی قوائم العرش مكتوبا لا اله
محمد رسول الله فعرفت انك لم تضف الی ا سمك الا احب الخلق الیك فقا
صدقت یا ادم انه لاحب الخلق الی اذ سائلتنی حقه قد غفر لك ولو لا محمد لما
"

(شفاء السقام صفحہ ۱۲۰)

جب آدم علیہ السلام سے زلت ہوگئی تھی تو انہوں نے عرض کی اے میرے رب میں
بصدقہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوال کرتا ہوں کہ تو میری مغفرت فرما، خدا نے فرمایا: اے آد
انہیں کیونکر پہچانا میں نے تو انہیں ابھی پیدا نہیں کیا ہے، عرض کی: اے رب جب تو نے مجھے اپ
قدرت سے بنایا اور مجھ میں اپنی طرف سے روح ڈالی۔ میں نے اپنا سر اُٹھایا تو عرش کے پایوں پر
اللہ محمد رسول اللہ لکھا پایا تو میں نے جان لیا کہ تو نے اپنے نام کے ساتھ اسی کا نام ملایا ہے جو تجھے تما
سے زیادہ پیارا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے آدم! تو نے سچ کہا بیشک وہ مجھے تمام جہاں سے ز
را ہے، اب کہ تو نے اس کے حق کا وسیلہ کر کے مجھ سے مانگا تو میں تیری مغفرت کرتا ہوں، اور اگر
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ ہوتے تو میں تجھے پیدا ہی نہ کرتا۔

حدیث: (۲)

ترمذی میں بسند حسن وصحیح نسائی شریف ابن ماجہ بیہقی میں حضرت عثمان بن حنیف رضی ا
سے مروی:

" ان رجلا ضریرا لبصراتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال ادع الله
یعافینی قال ان شئت دعوت وان شئت صبرت فهو خیرلك قال فادعه قال فامره ان ی
فیحسن وضوءه ویدعو بهذ الدعاء اللهم انی اسألك واتو جه الیك بنبیك محمد
الرحمة، انی توجهت بك الی ربی فی حاجتی هذه لتقضی لی اللهم فشفعه فی "

(ترمذی شریف علیمی دہلی جلد ۲ صفحہ ۱۹۷)

بیشک ایک نابینا شخص حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی
بارگاہ الٰہی میں دعا کیجئے کہ وہ مجھے بینا کر دے، فرمایا: اگر تو یہ ہی چاہتا ہے تو دعا کروں اور اگر تو اس پر

سکے تو تیرے لئے زیادہ بہتر ہے، عرض کیا: حضور دعا ہی فرمادیں، فرمایا: تو جا کر اچھی طرح وضو کر اور یہ دعا
کر۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف تیرے نبی حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے
وسیلہ سے جو نبی رحمت ہیں متوجہ ہوتا ہوں، میں آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت
کے پورا ہو جانے کے لئے متوجہ ہوتا ہوں۔ اے اللہ تو میرے لئے شفاعت قبول کر۔

حدیث: (۳)

طبرانی معجم کبیر میں اور بیہقی میں حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے مروی:

" ان رجلا كان یختلف الی عثمان بن عفان رضی الله عنه فی حاجة له فكان
عثمان لا یلتفت الیه ولا ینظر فی حاجته فلقی ابن حنیف فشكا ذلك الیه فقال له عثمان بن
حنیف أیت المیضاة فتو ضأثم ایت المسجد فصل فیه ركعتین ثم قل اللهم انی اسألك
واتوجه الیك بنبینا محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نبی الرحمة یا محمد انی اتوجه بك
الی ربك فیقضی حاجتی وتذكر حاجتك ورح حتی اروح معك فانطلق الرجل فصنع ما
قال له ثم اتی باب عثمان بن عفان فجاء البواب حتی اخذ بیده فادخله علی عثمان بن
عفان فاجلسه معه علی الطفسة فقال ما حاجتك فذكر حاجته وقضا ها له "۔

(شفاء السقام صفحہ ۱۲۵)

ایک شخص اپنی ایک حاجت کے لئے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بار بار حاضر ہوتا
تھا اور وہ اس کی طرف التفات نہ کرتے اور اس کی حاجت کو نظر میں نہ لاتے۔ اس نے حضرت ابن حنیف
سے ملاقات کی اور ان سے شکایت کی۔ تو اس کو عثمان بن حنیف نے حکم دیا کہ تو پانی لا کر وضو کر پھر مسجد میں
جا کر دو رکعت نماز پڑھ پھر یہ دعا کر۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف اپنے نبی حضرت
محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ سے جو نبی رحمت ہیں متوجہ ہوتا ہوں۔ یا محمد میں آپ کے وسیلہ سے
آپ کے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ کہ میری حاجت پوری ہو۔ پھر اپنی حاجت کا ذکر کرنا اور یہاں
آکہ میں بھی تیرے ساتھ جا سکتا ہوں۔ تو وہ شخص چلا گیا اور جیسا اس سے کہا اس نے ویسا ہی کیا۔ پھر
حضرت عثمان کے دروازہ پر پہونچا تو دربان آیا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر حضرت عثمان کی خدمت میں پہونچا دیا
تو انہوں نے اپنے پاس اس کو بچھونے پر بٹھایا۔ پھر فرمایا: تیری کیا حاجت ہے؟ تو اس نے اپنی حاجت کو
بیان کیا۔ انہوں نے اس کی حاجت کو پورا کر دیا۔

حدیث: (۴)

بخاری شریف میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی:

" ان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کان اذا اقحط استسقیٰ بالعبا
عبدالمطلب رضی اللہ عنہ فقال اللھم انا کنا نتوسل الیک بنبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ
فتسقینا وانانتوسل الیک بعم نبینا فاسقنا قال فیسقون "۔

(بخاری شریف مصطفائی جلد اصفحہ ۱۳۷)

بیشک حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جب لوگ قحط سالی میں مبتلا ہوئے تو حضرت عبا
عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے توسل سے بارش کے لئے اس طرح دعا کرتے تھے اے اللہ ہم تیرے
اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ توسل کیا کرتے تھے پس تو ہمیں سیراب کرتا اور اب
حضور اپنے نبی کے چچا کے ساتھ توسل کرتے ہیں پس تو ہمیں سیراب کر۔ تو وہ لوگ سیراب ہوتے

حدیث: (۵)

دارمی شریف میں حضرت ابوالجوزاء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا:

قحط اھل المدینۃ قحطا شدیداً فشکو الی عائشۃ فقالت انظروا قبر النبی صلی
تعالیٰ علیہ وسلم فاجعلوا منہ کوی الی السماء حتی لا یکون بینہ وبین السماء
فـفعلو فمطرو امطرا حتی نبت العشب و سمنت الابل حتی تفتقت من الشحم فسمی
الفتق " (مشکوۃ شریف صفحہ ۵۴۵)

اہل مدینہ سخت قحط میں مبتلا ہوئے تو لوگوں نے حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا
شکایت کی آپ نے فرمایا دیکھو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف سے آسمان کی طرف ایک
دو کہ قبر شریف اور آسمان کے درمیان چھت حائل نہ رہے۔ تو لوگوں نے ایسا ہی کیا تو بکثرت بارش
یہاں تک کہ سبزہ جما اور اونٹ تو اتنے موٹے ہوگئے کہ چربی کی کثرت سے کھالیں پھٹ گئیں اس
اس سال کا نام "عام الفتق" ہوا۔

حدیث: (۶)

بیہقی اور مسند ابوشیبہ میں بسند صحیح حضرت مالک الدار رضی اللہ عنہ سے مروی انہوں نے کہا:

" اصاب النـاس قحط فی زمان عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فجاء رجل (ای بلا

الحارث) الی قبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ استسق اللہ لا متک
فانھم قد ھلکو افاتاہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم المنام فقال ائت عمر فاقرء ہ
السلام واخبرہ انھم مسقون "۔ (شفاء السقام صفحہ ۱۳۰)

کہ خلافت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ میں لوگ قحط سالی میں مبتلا ہوئے، ایک صحابی بلال بن
حارث حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف پر حاضر ہوئے، عرض کی: یارسول اللہ! اپنی امت کے
لئے اللہ سے بارش طلب کیجئے کہ وہ ہلاک ہو جائیں گے۔ تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواب میں
تشریف لائے اور فرمایا: کہ عمر کے پاس جا کر ان سے سلام کہنا اور انہیں خبر دینا وہ سیراب کئے جائیں گے

حدیث: (۷)

صحیح مسلم شریف میں حضرت ربیعہ بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی۔ انہوں نے کہا "

کنت ابیت مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاتیت بوضوئہ وحاجتہ
فقال لی سل فقلت اسئلک مرافقتک فی الجنۃ قال او غیر ذالک قلت ھو ذالک قال فاعنی
علی نفسک بکثرۃ السجود "۔ (مشکوۃ شریف صفحہ ۸۴)

میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک شب میں رہا تو میں نے حضور کی خدمت میں
وضو کا پانی اور ضرورت کی چیزیں حاضر کردیں، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مانگ کیا مانگتا ہے
عرض کی: میں حضور سے سوال کرتا ہوں کہ جنت میں حضور کی رفاقت عطا ہو، فرمایا: بھلا کچھ اور۔ عرض کی
بس یہی مراد ہے، تو فرمایا: میری مدد کر اپنے نفس پر کثرت سجود سے۔

حدیث: (۸)

طبرانی نے کبیر میں اور کتاب الدعوات میں بیہقی نے اور حاکم نے سب نے اس حدیث کی تصحیح
کی کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت مولا علی کرم
اللہ وجہہ کی والدہ حضرت فاطمہ بنت اسد کے دفن کے وقت یہ دعا فرمائی"

اللھم اغفر لامی فاطمۃ بنت اسد ولقنھا حجتھا ووسع علیھا مدخلھا بحق نبیک
محمد والانبیاء الذین من قبلی فانک ارحم الرحمین "

(درر السنیہ مصری صفحہ ۷ ونور الابصار مصری صفحہ ۷۶)

اے اللہ تو میری ماں فاطمہ بنت اسد کی مغفرت کر اور اس کو حجت تلقین کر۔ اور اس کی قبر کو اس پر

کشادہ فرمادے اپنے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقے میں اوران انبیاء کے صدقے میں
سے پہلے تشریف لائے بیشک تو تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

حدیث: (۹)

طبرانی کبیر میں ابن السنی نے ''عمل الیوم واللیلہ'' میں ابویعلی نے اپنی مسند میں حضرت
مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا"

اذا انفلتت دابة احدكم بارض فلاة فلينا ديا عبادا لله احبسوا على دابتى ،فا
فی الارض حاضرا سيحبسه عليكم " (جامع صغیر مصری جلدا صفحہ ۱۸)

جب تم میں سے کسی کا جانور جنگل میں چھوٹ جائے تو یوں پکارے اے اللہ کے بندورو
میرا جانور میرے لئے، بیشک زمین میں اللہ کے کچھ بندے موجود ہیں جو اس کو عنقریب تمہارے
روک دیں گے۔

حدیث: (۱۰)

طبرانی میں حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
فرمایا"

وان اراد عونا فليقل يا عبادا لله اعينونى يا عبادالله اعينونى يا عبادالله اعينونى "
(ظفر جلیل شرح حصن حصین صفحہ ۱۴۰)

اگر کوئی مدد چاہے تو اسے چاہئے کہ یوں پکارے اے اللہ کے بندو میری مدد کرو، اے اللہ
بندو میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔

الحاصل حدیث اول میں ہے حضرت ابوالبشر آدم علیہ السلام نے خود اپنی مغفرت کے
ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ توسل کیا اور اس توسل کو قبولیت دعا کے لئے ذریعہ قرار د
اللہ تعالیٰ نے بھی اسی توسل کی بنا پر ان کی دعا قبول فرمائی اور ان کی مغفرت کردی، تو یہ توسل جائز ثابت
ہوا، اور انبیاء سے توسل واستغاثہ ہونا فعل نبی قرار پایا۔

حدیث دوم میں ہے کہ ان نابینا صحابی نے دفع مضرت ومصیبت یعنی نابینائی کے دور کرنے او
حصول منفعت یعنی بینا ہوجانے کے لئے سرکار رسالت میں استغاثہ واستعانت کی، حضور نبی کریم صلی الل
تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اس قضائے حاجت کے لئے اپنے ساتھ توسل کی دعا تعلیم فرمائی، اس توسل

کی دعا قبول ہوگئی اور وہ بینا ہوگئے۔ تو اس سے ثابت ہوگیا کہ انبیاء کے ساتھ توسل واستغاثہ جائز
ہے، اور صحابی کے فعل سے اور خود حکم شارع سے ثابت ہے۔

حدیث سوم میں ہے حضرت عثمان بن حنیف صحابی رضی اللہ عنہ نے بوقت حاجت نبی کے ساتھ
سل کی تعلیم دی اور بعد وفات بھی حضور کے ساتھ توسل واستمداد کو قبولیت دعا کا ذریعہ جانا۔ تو اس سے
بت ہوگیا کہ انبیاء کے ساتھ توسل واستغاثہ ان کی وفات کے بعد بھی جائز ہے اور یہ فعل صحابہ کرام
ہے۔

حدیث چہارم میں ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دفع قحط سالی کے لئے غیر نبی حضرت
باس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ توسل کر کے دعا کی۔ اور توسل غیر نبی کو بھی قبولیت دعا کا سبب جانا تو
سے غیر نبی کے ساتھ توسل بھی جائز ثابت ہوا۔ اور یہ توسل فعل صحابی بلکہ فعل خلیفہ قرار پایا۔

حدیث پنجم میں ہے کہ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بوقت حاجت ومصیبت
قبر شریف کو حاجت روا ہونے کی تعلیم دی۔ اور صحابہ کرام نے قبر شریف ہی سے استغاثہ واستمداد کی تو اس
توسل سے ان کو ایسی مدد ملی کہ وہ سال فراخ سالی میں مشہور ہوگیا۔ تو قبر سے استمداد وتوسل نہ فقط جائز
بلکہ فعل صحابہ کرام ثابت ہوگیا۔

حدیث ششم میں ہے کہ حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ قبر شریف پر حاجت لیکر آئے اور
انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پکارا یا رسول اللہ۔ اور پھر بارش کے لئے آپ سے
استمداد واستغاثہ کیا۔ تو ان کی حاجت روائی ہوگئی۔ تو اس حدیث سے قبر کی طرف حاجت لانا۔ اور
صاحب قبر کا پکارنا اس سے استمداد واستغاثہ نہ فقط جائز ہی ثابت ہوا بلکہ فعل صحابی قرار پایا۔

حدیث ہفتم میں ہے حضرت ربیعہ صحابی رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جنت
مانگی اور نہ فقط جنت بلکہ جنت میں آپ کی رفاقت طلب کی تو انہوں نے حضور کو جنت کا مالک ومختار سمجھا،
حضور نے بھی اپنے آپ کو دارین کی سب مرادیں دینے کا مختار ثابت کیا تو اس سے غیر اللہ سے مدد طلب
کرنا نہ فقط جائز بلکہ فعل رسول ثابت ہوا۔

حدیث ہشتم میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا میں خود اپنے ساتھ توسل اور انبیاء
علیہم السلام کو وسیلہ بنایا، تو اس سے توسل انبیاء قبولیت دعا کا ذریعہ ثابت ہوا اور دعا میں انبیاء کا توسل کرنا
نہ فقط جائز ہی ثابت ہوا بلکہ خود فعل شارع علیہ السلام ثابت ہوا۔

حدیث نہم میں اولیاء سے بوقت مدد طلب کرنا، ان کو مددگار سمجھ کر پکارنا، پھر انہیں اس ا
خبر ہوجانا، اوران کا حاجت روائی کرنا مذکور ہے۔ تو اس حدیث سے بوقت حاجت حضرات اولیاء
طلب کرنا اور انہیں مددگار سمجھ کر پکارنا جائز ثابت ہوا۔

حدیث دہم میں ہے کہ اولیاء سے استغاثہ اور مدد طلب کرے اور بوقت حاجت انہیں
۔ تو اس حدیث سے اولیاء سے استغاثہ اور استمداد کرنا جائز ثابت ہوا اور اولیاء کو مددگار اور حا
مشکل کشا سمجھنا ثابت ہوا۔

لہٰذا ان دس احادیث سے غیر اللہ سے خصوصا حضرات اولیاء کرام اور انبیاء عظام علیہم السلا
توسل واستغاثہ اور استمداد واستغاثہ کرنا جائز ثابت ہوا، اور یہ امور سلف صالحین وتابعین کے افعا
حضرات انبیاء ومرسلین کے افعال ثابت ہوئے، پھر جو ان کے ساتھ توسل واستغاثہ کو شرک کہتا ہے
احادیث کی کھلی ہوئی مخالفت کرتا ہے، اوران کو شرک کی تعلیم دینے والی ٹھہراتا ہے اور ان سلف
صحابہ وتابعین بلکہ انبیاء ومرسلین سب کو مشرک قرار دیتا ہے العیاذ باللہ تعالیٰ۔

اب آیات واحادیث کے بعد عبارات اجماع بھی نقل کی جاتی ہیں،

حضرت علامہ سبکی اپنی کتاب شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام میں توسل واستغاثہ کے
ابتدا میں میں فرماتے ہیں:

" اعلم انه يجوز ويحسن التوسل والاستعانه والتشفع با لنبی صلی الله تعالیٰ
وسلم الی ربه سبحانه وتعالیٰ جواز ذلك وحسنه من الامور المعلومة لكل ذی د
فعل الانبياء والمرسلين وسير السلف الصالحين والعلماء والعوام من المسلمين ولم
احد ذالك من اهل الاديان ولا سمع به فی زمن من الازمان " (شفاء السقام صفحہ ۱۱۹)

جانو کہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے توسل اور مدد اور شفاعت طل
ناجائز اور حسن ہے۔ اوران کا جائز ہونا ہر دیندار کے لئے امور معلومہ میں سے ہے جو انبیاء ومرسلی
افعال سے اور سلف صالحین اور علماء اور عامۃ المسلمین کی سیرتوں سے مشہور ومعروف ہے، اور اہل
سے کسی ایک نے بھی تو اس کا انکار نہیں کیا۔ اور زمانوں میں سے کسی زمانہ میں اس کا انکار مسموع نہ

علامہ سمہودی نے وفاء الوفا باخبار دار المصطفیٰ میں اس بحث میں باب لکھا جس کو ان الفا
شروع کیا:

" اعلم ان الاستغاثة والتشفع بالنبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم كجاهه وبركته الی ربه تعالیٰ من فعل الانبياء والمرسلين وسير السلف الصالحين واقع فی كل زمان قبل خلقه صلی الله تعالیٰ عليه وسلم وبعد خلقه فی حياته الدنيوية ومدة البرزخ وعرصات القيامة "

(وفاء الوفا مصری صفحہ ۴۱۹)

جانو کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور جاہ وبرکت سے فریاد اور شفاعت طلب کرنا انبیاء ومرسلین کے فعلوں سے اور سلف صالحین کی سیرتوں میں سے ہے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیدائش سے قبل اور بعد پیدائش آپ کی حیات ظاہری میں اور مدت برزخ اور عرصہ قیامت ہر حال میں واقع ہوا اور ہوگا۔ شیخ الاسلام علامہ سید احمد دحلان الدرر السنیہ میں فرماتے ہیں:

" والحاصل ان مذهب اهل السنة والجماعة صحة التوسل وجوازه بالنبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فی حياته وبعد وفاته وكذا بغيره من الانبياء والمرسلين صلوات الله وسلامه عليه وعليهم اجمعين وكذا بالاولياء والصالحين كما دلت عليه الاحاديث ولا فرق بين كونهم احياء وامواتا لانهم لا يخلقون شيأ وليس لهم تاثير فی شئی وانما يتبرك بهم لكونهم احباء الله تعالیٰ ملخصا " (الدرر السنيه مصری صفحه ۱۳) (وفيه ايضا) ان التوسل مجمع عليه عند اهل اسنة "۔ (الدرر السنیہ صفحہ ۴۰)

حاصل یہ ہے کہ مذہب اہل سنت وجماعت میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ان کی حیات میں اور بعد وفات اور اسی طرح آپ کے سوا اور انبیاء ومرسلین علیہم السلام کے ساتھ۔ اور اسی طرح اولیاء اور صالحین کے سات توسل صحیح اور جائز ہے، اس پر احادیث دلالت کرتی ہیں، اور ان کے زندہ اور وفات شدہ ہونے میں اس امر میں کوئی فرق نہیں۔ کہ نہ تو وہ کسی چیز کو پیدا کر سکتے ہیں نہ انہیں کسی چیز میں تاثیر کی قدرت۔ بلکہ ان سے محبوبان حق ہونے کی بنا پر تبرک حاصل کیا جاتا ہے۔ بیشک اہلسنت کے نزدیک جواز توسل پر اجماع ہو چکا۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ اولیاء کرام وانبیاء عظام علیہم السلام کے ساتھ توسل واستغاثہ کرنا بلکہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ توسل واستغاثہ کرنا بلاشبہ جائز ہے، سلف صالحین کی سیرتوں۔ انبیاء ومرسلین کے فعلوں سے یہ ثابت ہے کہ انہوں نے نہ فقط آپ کی حیات ظاہری میں بلکہ قبل

پیدائش اور بعد وفات بھی ہر زمانہ میں آپ کے ساتھ توسل کیا گیا اور آئندہ بروز قیامت بھی ہو
مذہب اہلسنت میں یہ وہ مسئلہ ہے جس کے جواز پر اجماع ہو گیا کسی نے اس کا انکار نہیں کیا۔ تو حـ
کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے توسل واستغاثہ اجماع سے بھی ثابت ہو گیا۔

اب قیاس کی چند عبارات نقل کی جاتی ہیں شفاء السقام میں ہے:

"حدیث الغار الذی فیہ الدعاء بالاعمال الصالحة وهو من الاحادیث الصـ
المشهورة فالمسئول فی هذه الدعوات کلها هو الله وحده لا شریك له والمستـ
مختلف ولم یوجب ذلك اشراکا ولا سوال غیر الله کذلك السوال بالنبی صلی الله
علیه وسلم لیس سوالا للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بل سوال به واذا جاز الـ
بالاعمال وهی مختلفة فالمسئول بالنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اولیٰ"

(شفاء السقام صفحہ ۱۲۲)

غار والی وہ حدیث جس میں بتوسل اعمال صالحہ دعا کا ذکر ہے اور یہ حدیث مشہور اور صحیح احا
سے ہے۔ تو ان سب دعاؤں میں اللہ وحدہ لاشریک لہ سے سوال کیا جا رہا ہے۔ اور جس کے توسل
سوال کیا گیا ہے وہ مختلف ہیں اور یہ سوال نہ تو شرک ہے نہ غیر اللہ سے سوال کو مستوجب ہے۔ اسی
نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے توسل سے سوال کرنا ہے کہ وہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال کر
ہے بلکہ آپ کے توسل سے سوال کرنا ہے۔ تو جب اعمال کے توسل سے سوال کرنا جائز ثابت ہوا
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے توسل سے سوال کیا جانا بدرجہ اولیٰ۔

شیخ الاسلام علامہ سید احمد وحلان الدرر السنیہ میں فرماتے ہیں:

واذا جاز التوسل بالاعمال الصالحة کما فی صحیح البخاری فی حدیث الـ
الذین او وا الیٰ غار فاطبق علیهم ذلك الغار فتوسل کل واحد منهم الی الله تعالیٰ باز
عمل له فانفرجت الصخرة التی سدت الغار عنهم فالتوسل به صلی الله تعالیٰ علیه و
احق واولیٰ لما فیه من النبوة والفضائل سواء کان ذلك فی حیاته او بعد وفاته ومثله
الانبیاء والمرسلین صلوات الله وسلامه علیه وعلیهم اجمعین وکذا الاولیاء وعباد
الصالحین لما فیهم من الطهارة القدسیة ومحبة رب البریة وحیاة اعلی مراتب الطا
والیقین من رب العالمین وذلك سبب کونهم من عبادالله المقربین فتقضی الله سبحـ

الیٰ بالتوسل بهم حوائج المومنین"۔ (ملخصا الدرر السنیہ صفحہ ۲۶)

اور جب اعمال صالحہ کے ساتھ توسل جائز ثابت ہوا جیسا کہ صحیح بخاری میں ان تین شخصوں کی
یث میں وارد ہے کہ وہ لوگ غار میں داخل ہوئے تو ان پر اس غار کا منہ بند ہو گیا تو ان میں سے ہر ایک
اللہ تعالیٰ کی طرف اپنے مقبول عمل کے ساتھ توسل کیا۔ تو جس پتھر نے غار کا منہ بند کر دیا تھا وہ منہ
ہٹ گیا۔ تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ توسل جائز ومناسب اور بہتر ہے کہ آپ نبوت اور
ائل کے ساتھ متصف ہیں۔ پھر یہ توسل چاہے آپ کی حیات ظاہری میں ہو یا بعد وفات شریف کے
۔ اور جس طرح حضور کے ساتھ توسل جائز ہے اسی طرح اور حضرات انبیاء ومرسلین علیہم السلام کے
تھ توسل جائز۔ اور اسی طرح اولیاء اور نیک بندگان الٰہی کے ساتھ توسل جائز ہے کہ ان میں طہارت
اور محبت الٰہی ہے اور یہ رب العالمین کی طاعت اور یقین کے اعلیٰ مرتبوں پر فائز ہیں اور یہی چیز ان
اللہ کے بندوں میں مقرب ہونے کا سبب ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ ان کے توسل سے مسلمانوں کی حاجتیں
ی کر دیتا ہے۔

حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی جذب القلوب الی دیار المحبوب میں فرماتے ہیں:

"در ذکر قبر فاطمہ بنت اسد ام علی بن ابی طالب مذکور شد کہ آنحضرت در قبر وے در آمد وگفت
نبیک والانبیاء الذین من قبلی ودریں حدیث دلیل است بر توسل در ہر دو حالت نسبت بآنحضرت
ی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم در حالت حیات ونسبت بانبیاء علیہم السلام بعد از وفات وچوں جواز توسل بانبیاء
صلوات اللہ علیہم اجمعین بعد از وفات جائز باشد بسید انبیاء علیہ افضل الصلوۃ واکملہا بطرق اولی جائز
شد بلکہ اگر بایں حدیث توسل باولیاء خدا نیز بعد از وفات ایشاں قیاس کنند دور نیست مگر آنکہ دلیلے بر
تخصیص حضرات رسل صلوات الرحمن علیہم اجمعین قائم شود واین الدلیل واللہ اعلم"

(جذب القلوب صفحہ ۱۵۸)

حضرت مولیٰ علی کی والدہ فاطمہ بنت اسد کے ذکر میں مذکور ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ
لم ان کی قبر میں اترے ان کے لئے یہ دعا فرمائی کہ اے اللہ تو ان کی مغفرت کر اور ان کو حجت تلقین کر۔
اور ان کی قبر کشادہ فرما بحق اپنے نبی حضرت محمد اور ان انبیاء کے جو مجھ سے پہلے مبعوث ہوئے۔ تو اس
دیث میں ہر دو حال میں توسل پر دلیل ہے، جب دیگر انبیاء کے ساتھ ان کی وفات کے بعد توسل جائز
سید الانبیاء علیہ السلام کے ساتھ توسل بطریق اولیٰ جائز ثابت ہوا۔ بلکہ اگر اس حدیث سے اولیاء

اللہ کے ساتھ ان کی وفات کے بعد توسل پر قیاس کریں تو حرج نہیں ہاں اگر انبیاء علیہم السلام کی...
کوئی دلیل قائم ہو جائے اور ایسی دلیل تخصیص کوئی نہیں ہے تو توسل بالاولیا بھی جائز ہوا۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ جب صحیح حدیث میں دعا کے اندر اعمال صالحہ...
اجابت دعا کا سبب بتایا گیا پھر وہ توسل نہ تو شرک ٹھہرا نہ غیر اللہ سے سوال قرار پایا تو وہ ذوات...
ایسی نبوت ورسالت سے متصف ہیں جو ہر فضل وکمال سے بدرجہا اعلیٰ ہے اور وہ مقدس ہستیاں...
فضائل وکمالات سے موصوف ہیں جو ہر عمل صالح سے بلند ہیں اور وہ مقربان حق جو طہارت...
محبت الٰہیہ اور اعلیٰ مراتب طاعت ویقین پر فائز ہیں یعنی حضرات انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام
کے ساتھ توسل بدرجہ اولیٰ اجابت دعا کا سبب ہونا چاہئے۔ اور یہ بھی ہرگز شرک اور غیر اللہ سے...
ہونا چاہئے۔ اور جس طرح توسل بالاعمال میں مسئول اللہ تعالیٰ تھا اور اعمال مسئول بہ تھے...
توسل بالانبیاء والاولیاء میں بھی مسئول اللہ تعالیٰ ہے اور حضرات انبیاء اولیاء مسئول بہ ہیں...
سوال بتوسل اعمال ناجائز نہیں تو سوال بتوسل انبیاء اولیاء کیسے ناجائز ہو سکتا ہے۔ چہ جائیکہ ا...
قرار دیا جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے جس طرح توسل بالاعمال سے ان کی حاجات پوری کر دیں...
اس نے توسل بالانبیاء واولیاء سے حوائج مسلمین کو پورا کیا اور کرتا ہے اور ہمیشہ کرتا رہیگا۔ ا...
حدیث میں بحق نبیک والانبیاء من قبلی سے جس طرح انبیاء کے ساتھ توسل ان کی وفات کے...
ہوا تو اسی طرح حضور سید انبیاء واوران کے امتی اولیا کے ساتھ توسل بھی ان کی وفات کے بعد...
لی جائز ہونا چاہئے کہ یہ ممکن نہیں کہ ان کے ساتھ تو توسل شرک ہو اور ان انبیاء کے ساتھ جائز ہو...
ہر جگہ شرک ہی ہوگا۔ اور جب ایک جگہ شرک نہیں تو دوسری جگہ بھی شرک نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا وفات...
جس طرح اور انبیاء علیہم السلام سے توسل جائز۔ اسی طرح سید انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم...
بالجملہ حضرات انبیاء علیہم السلام واولیائے کرام سے توسل واستغاثہ کا جواز قیاس سے بھی ثابت ہو...

الحاصل دس آیات اور دس احادیث اور اجماع وقیاس چاروں دلائل شرع سے ثابت...
غیر اللہ سے توسل واستمداد بلاشبہ جائز ہے اور خصوصا اولیائے کرام انبیائے عظام علیہم السلام...
واستغاثہ، استمداد واستعانہ شریعت میں محمود ومستحسن ہے اور ہمارے نبی کریم سید انبیاء محبوب کبر...
محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے توسل واستغاثہ اور استمداد واستعانہ کرنا نہ فقط جائز بلکہ سبب...
دعا وباعث قضائے حاجت، وذریعہ مغفرت ہے۔ لہٰذا اب ان چہار دلائل شرع کے قائم ہو جا...

...سی مسلمان کو تو ادنیٰ شبہ کی گنجائش نہیں۔ تو اب اس موضع پر کسی ثبوت کی حاجت ہی باقی نہیں رہی لیکن
...مزید معلومات اور حصول اطمینان قلب کے لئے سلف صالحین صحابہ وتابعین، بلکہ خود انبیاء ومرسلین کے
...سل اور استمداد کے افعال اور پیش کر دیئے جائیں،

(۱) آیت دوم سے ظاہر ہو گیا کہ مقبولان حق خود مقربان درگاہ الٰہی کے ساتھ توسل کرتے۔

(۲) آیت سوم سے ثابت ہو گیا کہ اہل کتاب ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ
...سے کافروں پر فتح طلب کرتے۔

(۳) آیت چہارم سے معلوم ہو گیا کہ سلف غیر اللہ سے صبر اور نماز سے مدد طلب کرتے۔

(۴) آیت پنجم سے ثابت ہو گیا کہ مسلمان نیکی اور پرہیز گاری پر ایک دوسرے کی مدد کرتے
...ں۔

(۵) آیت ششم میں صاف طور پر موجود ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں سے
...د طلب کی۔

(۶) آیت ہفتم میں ہے کہ حضرت ذوالقرنین نے لوگوں سے مدد طلب کی۔

(۷) آیت ہشتم میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حضرت جبرئیل اور نیک مسلمانوں کو
...مددگار قرار دیا۔

(۸) آیت دہم میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے توسل کو حاجت روائی ومغفرت کا
...سبب قرار دیا۔

(۹) حدیث اول میں مذکور ہوا کہ سیدنا آدم علیہ السلام نے ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا
...توسل کیا اور اس توسل کو ذریعہ اجابت دعا جانا۔

(۱۰) حدیث دوم میں نابینا صحابی نے دفع مضرت وحصول منفعت کے لئے استغاثہ کیا اور
...مدد طلب کی۔ خود حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اپنے ساتھ توسل کی دعا تعلیم فرمائی۔

(۱۱) حدیث سوم میں گذرا کہ حضرت عثمان بن حنیف صحابی نے قضائے حاجت کے لئے نبی
...کے توسل کی تعلیم دی۔ اور باوجود وفات کے حضو کے ساتھ توسل واستمداد کو سبب اجابت دعا سمجھا۔

(۱۲) حدیث چہارم میں حضرت امیر المؤمنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے دفع قحط سالی کے لئے
...نبی حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ توسل کیا۔

(۱۳) حدیث پنجم میں حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے طلب بارش
شریف کو حاجت روائی کا ذریعہ قرار دیا اور صحابہ کرام نے قبر شریف پر ایک منفذ کھول کر اس
واستمداد کیا۔

(۱۴) حدیث ششم میں حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ قبر شریف پر حاجت برار
حاضر ہوئے اور انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پکارا یا رسول اللہ۔ اور پھر
لئے استغاثہ واستمداد کی۔

(۱۵) حدیث ہفتم میں حضرت ربیعہ صحابی رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علی
نہ فقط جنت ہی طلب کی بلکہ جنت میں آپ کی رفاقت طلب کی۔

(۱۶) حدیث ہشتم میں خود حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انبیاء علیہم السلام
توسل کیا۔

(۱۷) حدیث نہم میں حضرات اولیاء سے مدد طلب کرنے کی اور انہیں مددگار سمجھنے کی تعلیم
بوقت حاجت اولیاء سے مدد طلب کرنا سلف وخلف سب کا فعل قرار پایا۔

(۱۸) حدیث دہم سے اولیاء کا مددگار اور حاجت روا ہونا اور امت کا ان سے استغاثہ او
کرنا نہایت کامیاب فعل ثابت ہوا۔

(۱۹) بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی:

"ان اعرابیا جاء الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وانشد ابیاتا ومنہا ھذ

ولیس لنا الا الیك فرار نا وانی فرار الخلق الا الی الرسل

فلم ینكر علیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هذا البیت بل قال انس
الاعرابی الابیات قام صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یجرر داءه حتی رقی المنبر فخط
لهم ولم یزل یدعو حتی امطرت السماء۔ (الدرر السنیہ صفحہ ۲۵)

ایک اعرابی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کے ساتھ سیرابی
نے لگا۔ اور اس نے چند شعر پڑھے ان کا ایک یہ ہے۔

اور آپ کی بارگاہ کے علاوہ ہم کہاں جائیں، مخلوق کے لئے اللہ کے رسولوں کے
بارگاہ نہیں۔

تو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شعر پر کچھ انکار نہ فرمایا بلکہ حضرت انس نے فرمایا کہ
اس اعرابی نے جب یہ شعر پڑھے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور اپنی چادر لئے ہوئے
منبر پر تشریف فرما ہوئے اور خطبہ دیا اور ان کے لئے دعا فرمائی اور برابر دعا ہی فرماتے رہے یہاں تک
کہ آسمان سے بارش ہونے لگی۔

اس حدیث میں اعرابی نے بارش کے لئے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا توسل کیا اور
خالق ومخلوق کے درمیان رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وسیلہ وواسطہ قرار دیا۔

(۲۰) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پھوپھی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے حضور کے مرثیہ
میں یہ شعر کہا ہے!

الا یا رسول اللہ انت رجاؤ نا وکنت بنا برا ولم تك جافیا

(الدرر السنیہ صفحہ ۲۷)

یا رسول اللہ آپ ہماری امید ہیں، آپ ہمارے ساتھ مہربان تھے زیادتی کرنے والے نہ تھے
اس میں وفات شریف کے بعد یا رسول اللہ کہہ کر ندا کا جواز بھی ہے اور "انت رجائو نا" یعنی
آپ ہماری امید ہیں تو اس سے توسل واستغاثہ کا جواز بھی ثابت ہوا۔ اور ظاہر ہے کہ اس مرثیہ کو صحابہ
کرام نے سنا۔ اور ان الفاظ پر انکار نہیں کیا تو سکوت صحابہ بھی حجت شرعی ہے۔

(۲۱) جواب سوال اول میں حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ کی روایت سے ایک اعرابی کا واقعہ
مذکور ہوا کہ وہ قبر شریف پر حاضر ہوا۔ اور یا رسول اللہ کہہ کر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پکارا اور حضور
کے توسل سے اپنے لئے مغفرت طلب کی تو قبر شریف سے اس کی مغفرت ہو جانے کی آواز آ گئی

(۲۲) حضرت علامہ ابن حجر مکی الخیرات الحسان میں حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے توسل کا
تذکرہ فرماتے ہیں۔ اور ان کا قول نقل کرتے ہیں "

انی لا تبرك بابی حنیفة واجئی الی قبرہ فاذا عرضت لی حاجة صلیت ركعتین
وجئت الی قبرہ وسألت الله عندہ فتقضیٰ سریعا "

(الخیرات الحسان مصری صفحہ ۶۳)

بیشک میں ابوحنیفہ کے ساتھ تبرک حاصل کرتا ہوں اور ان کی قبر پر حاضرت ہوتا ہوں اور جب
مجھے کوئی حاجت پیش آتی ہے تو دو رکعت نماز پڑھتا ہوں اور امام کی قبر پر حاضر ہو کر اللہ سے سوال کرتا ہوں

ـ تو وہ حاجت جلد پوری ہو جاتی ہے۔ اس سے ثابت ہو گیا کہ حضرت امام اعظم کی قبر شریف پر
حضرت امام شافعی نے خود اپنی قضائے حاجت میں ان کے ساتھ توسل کیا۔

(۲۳) علامہ ابن حجر مکی کی الصواعق المحرقہ میں ہے، حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ
بیت کرام کے ساتھ توسل طرح کیا۔

ال النبی ذریعتی — وھم الیہ وسیلتی
ارجو بھم اعطی غدا — بیدی الیمیں صحیفتی

(صواعق محرقہ مصری صفحہ ۱۰۸)

اہل بیت نبی ہیں ذریعہ مرا — اور خدا کی طرف ہیں وسیلہ مرا
ان کے صدقہ میں اللہ حشر کے دن — داہنے ہی دست میں ہو صحیفہ مرا

(۲۴) علامہ سید احمد دحلان نے الدرر السنیہ میں نقل کیا کہ حضرت امام احمد نے حضرت ا
کے ساتھ توسل کیا۔

" وثبت ایضا ان الامام احمد توسل بالامام الشافعی رضی اللہ عنھما حتی
ابنہ"۔

عبداللہ نے تعجب کیا تو ان سے امام احمد نے فرمایا کہ بیشک امام شافعی لوگوں کے لئے مثل
کے ہیں بدن کے لئے مثل عافیت ہیں۔

(۲۵) حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا قول جواب سوال اول و دوم میں منقول ہوا
نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جملہ بنی آدم کے لئے وسیلہ قرار دیا"۔

فھو وسیلتک و وسیلۃ ابیک ادم علیہ السلام الی یوم القیامۃ"

تو وہ تیرا وسیلہ اور تیرے باپ حضرت آدم علیہ السلام کا وسیلہ روز قیامت درگاہ الٰہی میں ہ

(۲۶) حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ عنہ نے اپنے قصیدہ میں سرکار رسالت علی صا
والثناء سے کس قدر توسل واستمداد کی ہے اسکا مطلع یہ ہے

یا سید السادات جئتك قاصدا — ارجو رضاك واحتمی بحماكا
آیا ہوں در پر آپکے اے سیدوں کے پیشوا — طالب ہوں مرضی کا تری لیجئے حمایت م

آخر کے شعر یہ ہیں:

یا مالکی کن شافعی فی فاقتی — انی فقیر فی الوری لغناکا
اے میرے مالک میری ہر حاجت میں تم ہونا شفیع — محتاج ہے مخلوق میں تیری غنا کا یہ گدا
انا طامع بالجود منك ولم یکن — لابی حنیفۃ فی الانام سواکا
سرکار کی بخشش کا میں سب سے زیادہ ہوں حریص — اس ابوحنیفہ کا کوئی یاور نہیں تیرے سوا

(۲۷) حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر شریف پر جا کر ان کے توسل سے بارش کی دعا عام طور پر کی جاتی ہے۔ علامہ شامی ردالمحتار میں فرماتے ہیں۔

ومعروف الکرخی بن فیروز من المشائخ الکبار مستجاب الدعوات یستسقیٰ بقبرہ وھو استاذ السری السقطی۔ (ردالمحتار جلد ا صفحہ ۴۲)

حضرت معروف کرخی بن فیروز مشائخ کبار میں سے مستجاب الدعوات ہیں ان کی قبر سے سیرابی طلب کی جاتی ہے اور آپ حضرت سری سقطی کے استاد ہیں۔

(۲۸) شیخ الاسلام سید القراء محمد بن منکدر تابعی رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ایک شخص نے اسی دینار میرے والد کے پاس بطور امانت رکھ دیئے۔ اور وہ جہاد کے لئے چلا گیا اور اس نے میرے والد سے یہ کہہ دیا تھا کہ اگر تم کو کوئی حاجت پیش آ جائے تو ان کو خرچ کر سکتے ہو، اتفاقاً گرانی ہوئی اور لوگ اسمیں مبتلا ہو گئے تو میرے والد نے وہ دینار خرچ کر دیئے، اب وہ واپس آ گیا اور اس نے اپنی رقم کا مطالبہ کیا تو میرے والد نے ادھر تو اس سے یہ وعدہ کیا کہ تم میرے پاس کل آنا اور ادھر یہ کیا۔

بات فی المسجد یلوذ بقبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مرۃ وبمنبرہ مرۃ حتی کاد ان یصبح یستغیث بقبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فبینما ھو کذالك واذا شخص فی الظلام یقول دونکھا یا ابا محمد فمد ابی یدہ فاذا ھو بصرۃ فیھا ثمانون دینار فلما اصبح جاء الرجل فدفعھا الیہ" (وفاء الوفا مصری جلد ۲ صفحہ ۴۲۵)

کہ مسجد شریف میں رات گذاری کبھی قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور کبھی منبر شریف کے قریب حاضر ہوتے یہاں تک کہ جب صبح قریب ہو گئی تو قبر شریف کے ساتھ استغاثہ کیا اور مدد طلب کی تو وہ اسی حال میں تھے کہ اس تاریکی میں ایک شخص آیا اور اس نے کہا اے ابو محمد یہ لے لو تو میرے والد نے اپنا ہاتھ دراز کیا تو وہ ایک تھیلی تھی جس میں ۸۰؍ دینار تھے تو جب صبح ہوئی تو وہ شخص آیا تو میرے والد نے اس کو رقم دیدی۔ تو اس سے ظاہر ہو گیا کہ تابعی نے قبر شریف اور منبر شریف کی پناہ لی اور رات بھر صبح تک قبر نبی صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استمداد واستغاثہ کرتے رہے اوران کو مراد مل گئی۔

(۲۹) امام حافظ ثقہ ابو بکر بن المقری محدث اصبہانی صاحب معجم کبیر جنکے لئے خود نبی کریم اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صاحب بن عباد سے خواب میں حکم دیا" انت نائم وولی من اولیاء اللہ بابك " یعنی اے صاحب تو سورہا ہے اور تیرے دروازہ پر اللہ کے اولیاء سے ایک ولی موجود ہے صا نے کہا میں نے بیدا ہوکر دروازہ پر جو دیکھا تو حضرت امام ابو بکر بن مقری ہیں تو سرکار رسالت کے مصدقہ ولی کا واقعہ امام شمس الدین ذہبی تذکرۃ الحفاظ میں اس طرح لکھتے ہیں۔ کہ امام ابو بکر بن نے فرمایا کہ میں اور طبرانی اور ابوالشیخ مدینہ شریف میں حاضر تھے اور ہم بھوک سے بیتاب تھے یہاں کہ وقت عشاء ہی کا تھا کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مسجد شریف میں پہونچا۔

" حضرت قبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقلت یا رسول اللہ الجو وانصرفت فقال لی الطبرانی اجلس فاما ان یکون الرزق او الموت فقمت انا وابو الشیخ فحضر الباب علوی ففتحنا له فاذا معه غلامان بقفتين فيهما شيئ كثير وقال شكو تمو الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رائیته فی المنام فامر لی بحمل شی الیکم "

(تذکرۃ الحفاظ جلد ۳ صفحہ ۱۷۲)

اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف پر حاضر ہوا۔ پھر میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہوں جب وہاں سے واپس ہوا تو مجھ سے طبرانی نے کہا کہ بیٹھ جاؤ یا تو رزق ملے گا یا موت آجائیگی۔ میں اور ابوالشیخ کھڑے ہوئے تو دروازہ پر علوی موجود تھا ہم نے اس کے لئے دروازہ کھولا تو اس ساتھ دو غلام دو زنبیل لئے ہوئے ہیں جن میں کافی کھانا ہے۔ اور اس نے کہا کہ تم نے نبی صلی اللہ تعا علیہ وسلم سے شکایت کی تو میں نے آپ کو خواب میں دیکھا تو حضور نے تمہارے لئے کچھ کھانا پہنچا مجھے حکم دیا۔ اس سے ظاہر ہو گیا کہ کتنے بڑے ولی شہیر اور محدث صاحب معجم کبیر نے قبر شریف پر حاضر کر استمداد واستغاثہ کیا اور یارسول اللہ ندا کر کے مراد طلب کی۔

(۳۰) حضرت ابن الجلاد نے کہا کہ میں مدینہ شریف حاضر ہوا اور مجھ پر فاقہ تھا۔

" فتقدمت الی القبر وقلت ضیفك فنمت فرائیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاعطانی رغیفا فاكلت نصفه وانتبهت وبیدی النصف الاخیر "

(وفاء الوفا مصری جلد ۲ صفحہ ۴۲۶)

تو میں قبر شریف کی جانب متوجہ ہوا اور میں نے عرض کی میں آپکا مہمان ہوں۔ پھر میں سو گیا تو میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ حضور نے مجھے ایک روٹی عطا فرمائی تو میں نے اس کی نصف تو خواب ہی میں کھالی اور جب بیدا ہوا تو آدھی روٹی میرے ہاتھ میں موجود ہے اس سے ظاہر ہوا حضرت ابن جلاد قبر شریف پر حاجت لیکر آئے اور کھانا طلب کیا اور استغاثہ کیا تو انہیں ایک روٹی خود حضور علیہ السلام نے عطا فرمائی۔

(۳۱) حضرت ابوالخیر اقطع نے فرمایا کہ میں مدینہ شریف میں حاضر ہوا اور میں فاقہ سے تھا میں نے وہاں پانچ روز قیام کیا اور کچھ نہیں کھایا۔

فتقدمت الی القبر وسلمت علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلی ابی بکر وعمر وقلت انا ضیفك یا رسول اللہ "۔

پھر میں قبر شریف کی طرف متوجہ ہوا اور میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اور صدیق اکبر و عمر فاروق پر درود شریف اور سلام پیش کیا اور عرض کیا: یا رسول اللہ میں آپ کا مہمان ہوں۔ پھر میں وہاں سے ہٹ کر قبر شریف کے پیچھے سو گیا، تو میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اور ان کی داہنی طرف حضرت ابو بکر کو اور بائیں طرف حضرت عمر کو اور سامنے حضرت مولیٰ علی رضوان اللہ علیہم کو خواب میں دیکھا تو حضرت مولیٰ علی نے مجھے اشارہ کیا اور فرمایا تو کھڑا ہو جا

" قد جاء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقمت الیه وقبلت بین عینیه فدفع الی رغیفا فاكلت نصفه وانتبهت فاذا بیدی نصف رغیف "۔

(وفاء الوفا مصری جلد ۲ صفحہ ۴۲۶)

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے آئے تو میں نے کھڑے ہو کر ہر دو چشمان مبارک کے درمیان بوسہ دیا حضور نے مجھے ایک روٹی دی تو میں نے اس کی آدھی تو خواب ہی میں کھالی اور جب بیدار ہوا تو آدھی روٹی میرے ہاتھ میں تھی اس سے ثابت ہوا کہ حضرت ابوالخیر قبر شریف پر حاضر ہوئے اور ندائے یارسول اللہ کہہ کر انہوں نے عرض حاجت کی اور استغاثہ کیا تو انہیں حضور نے ایک روٹی عنایت فرمائی۔

(۳۲) حضرت صوفی ابو عبد اللہ محمد بن ابی زرعہ نے کہا کہ میں نے اپنے والد اور ابن عبد اللہ بن حنیف کے ساتھ مکہ کی طرف سفر کیا تو ہمیں سخت فاقہ پہونچا پھر ہم مدینہ شریف میں حاضر ہوئے اور

یہاں بھوکے ہوکر ہم نے رات گذاری اور میں بالغ نہیں تھا اپنے والد کے پاس بار بار آتا اور کہتا
بھوکا ہوں۔

" فاتی ابی الحظیرۃ وقال یا رسول اللہ انا ضیفك اللیلۃ وجلس علی المراقبۃ
کان بعد ساعۃ رفع راسه وکان یبکی ساعۃ ویضحك ساعۃ فسئل عنه فقال رأیت ر
اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فوضع فی یدی دراھم وفتح یدہ فاذا فیھم دراھم وبارك
فیھا الی ان رجعنا الی شیراز وکنا ننفق منھا " (وفاءالوفامصری جلد۲صفحہ۴۲۶)

تو میرے والد نے گنبد شریف میں حاضر ہوکر عرض کیا یارسول اللہ! ہم آج رات آپ کے
ہیں اور وہ مراقبہ میں بیٹھ گئے۔ایک ساعت کے بعد انہوں نے اپنا سر اُٹھایا اور کچھ دیر روئے اور
ہنسے تو ان سے دریافت کیا تو فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے میر
ہاتھ میں درہم رکھ دیئے اور انہوں نے ہاتھ کھولا تو اس میں درہم تھے اللہ نے اس میں اس قدر برکت
کہ ہم شیراز تک پہونچ گئے اور انہیں سے کھاتے پیتے رہے۔اس سے ظاہر ہوگیا کہ حضرت
صاحب گنبد شریف پر حاضر ہوئے اور یارسول اللہ کہہ کر پکارا اور اپنی حاجت کے لئے استغاثہ کیا تو
کار نے انہیں درہم عطا کئے۔

(۳۳) حضرت صوفی احمد بن محمد نے کہا میں تین روز میں بیابان میں رہ کر مدینہ شریف حاضر
اور قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام پیش کیا پھر میں سوگیا تو میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خو
میں دیکھا تو انہوں نے مجھ سے فرمایا: اے احمد تو آگیا میں نے عرض کیا: ہاں حضور۔

وانا جائع وانا فی ضیافتك قال افتح کفیك ففتحتھما فملاء ھما دراھم فانتبھ
وھما مملوء تان وقمت فاشتریت خبزا حواری وفالوذجا واکلت وقمت للوقت ودخل
البادیة " (وفاءالوفا جلد۲صفحہ۴۲۶)

میں بھوکا اور مہمانوں میں ہوں، فرمایا: اپنے ہر دو ہاتھ پھیلا تو میں نے ہاتھ پھیلائے۔تو حض
نے دونوں ہاتھ درہم سے بھر دیے جب میں بیدار ہوا تو وہ بھرے ہوئے تھے، تو میں اٹھا اور میں نے
میدہ کی سفید روٹیاں اور پالودہ خریدا اور کھایا اور اسی وقت جنگل کو روانہ ہوگیا۔اس سے ثابت ہوگیا
صوفی صاحب نے سرکار رسالت میں استغاثہ پیش کیا تو ان کی حاجت پوری ہوگئی۔

(۳۴) حافظ ابوالقاسم بن عساکر نے اپنی تاریخ میں باسند ذکر کیا کہ ایک شخص نے مدینہ ط

میں قبر شریف کے نزدیک صبح کی اذان کہی اور اس میں الصلوۃ خیر من النوم بھی کہا تو مسجد شریف کے خدام
میں سے ایک خادم آیا اور اس نے اس کے تھپڑ مارا تو یہ شخص رونے لگا اور قبر شریف پر حاضر ہوکر کہنے لگا۔

" یا رسول اللہ فی حضرتك یفعل بی ھذا الفعل ففلج الخادم وحمل الی دارہ
فمکث ثلاثه ایام ومات " (وفاءالوفا جلد۲صفحہ۴۲۷)

یارسول اللہ آپ کی موجودگی میں میرے ساتھ یہ فعل کیا گیا تو وہ خادم فالج میں مبتلا ہوا اور اسے
مکان پر لے گئے تو وہ تین دن زندہ رہا پھر مرگیا اس سے ظاہر ہوگیا کہ اس شخص نے دربار رسالت میں
استغاثہ کیا تو ظالم کو سزا مل گئی۔

(۳۵) حضرت ابن نعمان نے ذکر کیا کہ ابراہیم بن سعید نے کہا کہ میں اور میرے ساتھ تین فقیر
مدینہ شریف میں تھے، ہمیں فاقہ کی نوبت آئی تو میں قبر شریف پر حاضر ہوکر عرض کرنے لگا۔

" یا رسول اللہ لیس لنا شیئی ویکفینا ثلاثه امداد من ای شئی کان فتلقانی رجل
فدفع الی ثلاثة امداد من التمر الطیب " (وفاءالوفا جلد۲صفحہ۴۲۷)

یارسول اللہ ہمارے پاس کچھ نہیں ہے اور ہمیں کسی چیز کے تین مد کافی ہیں، تو ایک شخص نے مجھ
سے ملاقات کی اور مجھے تین مد عمدہ کھجوریں دیں۔اس سے واضح ہوگیا کہ انہوں نے قبر شریف پر حاضر ہو
کر استغاثہ کیا تو ان کی حاجت پوری کردی گئی۔

(۳۶) حضرت ابومحمد عبدالسلام بن عبدالرحمٰن حسینی فارسی نے کہا کہ میں نے مدینہ شریف
میں تین دن اقامت کی اور اس میں کچھ کھایا نہیں تو میں نے منبر شریف کے قریب حاضر ہوکر دو رکعت نماز
پڑھی اور عرض کیا " یا جدی جعت واتمنی علی ثرید " یعنی اے میرے جد کریم میں بھوکا ہوں
اور آپکے سامنے ثرید طعام کی تمنا کرتا ہوں۔پھر میں سوگیا کہ ایک شخص نے مجھے بیدار کیا میں نے بیدار ہو
کر دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں ایک لکڑی کا برتن ہے جس میں ثرید اور گھی اور گوشت ہے۔اس نے مجھے
سے کہا کہ کھاؤ میں نے اس سے دریافت کیا کہ یہ کہاں سے آیا اس نے جواب دیا کہ تین دن سے میرے
چھوٹے بچے اس کھانے کی تمنا رکھتے تھے آج اللہ تعالیٰ نے اس کی توفیق دی پھر میں سوگیا

"فرأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و یقول ان احد اخوانك تمنی علی
ھذ الطعام فاطعمه منه " (وفاءالوفا صفحہ۴۲۷)

تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ حضور فرماتے ہیں کہ تیرے

بھائیوں میں سے ایک شخص اس کھانے کی خواہش کرتا ہے تو اس کو کھلا دے۔ اس سے ظاہر ہو گیا کہ انہوں نے جس چیز کی خواہش کی وہی چیز سرکار رسالت سے ان کو دیئے جانے کا حکم ہوا۔

(۳۷) حضرت شیخ ابو عبداللہ محمد ابن ابی الامان نے فرمایا کہ میں مدینہ شریف میں محراب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما کے پیچھے تھا اور شریف مکثر قاسمی بھی وہاں کھڑا تھا اس نے یہ واقعہ بیان کیا کہ میں فاقہ سے تھا تو میں اپنے گھر سے نکلا تو میں حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے بیت مبارک کے قریب ہوا۔

"فاستغثت بالنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقلت انی جائع فنمت فرأیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاعطانی قدح لبن فشربت حتی رویت وھذا ھو فبصق اللبن من فیہ فی کفی وشاھدناہ من فیہ" (وفاء الوفا صفحہ ۴۲۷)

تو میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ استغاثہ کیا اور عرض کیا کہ میں بھوکا ہوں پھر میں سو گیا اور حضور کو خواب میں دیکھا کہ آپ نے مجھے ایک دودھ کا پیالہ عطا فرمایا تو میں نے اسکو پیا یہاں تک کہ خوب سیر ہو گیا اور وہ یہ ہے، اور انہوں نے اپنے منہ سے میری ہتھیلی پر تھوکا تو دودھ تھوکا اور ہم نے اس کا مشاہدہ کیا۔ اس سے ظاہر ہو گیا کہ حضرت شیخ نے سرکار رسالت میں اپنی حاجت کے وقت استغاثہ کیا تو انہیں دودھ کا پیالہ عطا ہوا۔

(۳۸) شیخ صالح عبدالقادر تنسی نے کہا کہ میں مدینہ شریف میں حاضر ہوا اور مواجہ شریف میں سلام پیش کیا "وشکوت من الجوع واشتھیت علیہ الطعام من البرو واللحم والتمر"۔

(وفاء الوفا صفحہ ۴۲۸)

اور حضور سے اپنی بھوک کی تکلیف کی شکایت کی اور کھجور اور گوشت اور گیہوں کی روٹی کھانے کی خواہش ظاہر کی۔ پھر بعد زیارت کے میں نے نماز پڑھی اور سو گیا تو ایک شخص مجھے بیدار کرتا ہے تو میں بیدار ہو کر اس کے ساتھ چلا۔ اسنے مکان لیجا کر میرے سامنے ایک برتن رکھا جس میں ثرید تھا اور ساتھ ہی کھجوروں کے چند قسم کے طبق رکھے اور بہت سی روٹیاں اور بیر کے ستو پیش کئے میں نے خوب سیر ہو کر کھایا پھر انہوں نے میرے زنبیل کو گوشت روٹی کھجور سے بھر دیا۔ اور کہا میں نماز چاشت کے بعد سو گیا تھا تو میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو سرکار نے مجھے حکم فرمایا کہ میں آپ کے لئے ایسا کروں اور مجھے تیری معرفت کرائی۔ اس سے ظاہر ہو گیا کہ حضرت شیخ صالح قبر شریف پر حاجت لے کر حاضر ہوئے اور سرکار رسالت سے استغاثہ کیا۔ تو انہیں مراد حاصل ہوئی۔

(۳۹) حضرت ابو العباس بن نفیس مقری نابینا نے کہا کہ میں مدینہ طیبہ میں تین دن تک بھوکا رہا" فجئت الی القبر وقلت یارسول اللہ جعت " تو میں قبر شریف پر حاضر ہوا اور عرض کی یارسول اللہ! میں بھوکا ہوں پھر میں سو گیا۔ ایک لڑکی نے اپنا قدم مار کر مجھے بیدار کیا وہ مجھے اپنے مکان پر لے گئی اور گیہوں کی روٹی اور گھی اور کھجوریں میرے سامنے رکھ کر بولی: اے ابو العباس کھاؤ، مجھے میرے جد کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا تھا اور جب بھوکے ہو تو ہمارے پاس آئندہ آجایا کرو۔

(وفاء الوفا صفحہ ۴۲۹)

اس سے ثابت ہو گیا کہ قبر شریف پر بغرض قضائے حاجت حاضر ہونا اور یا رسول اللہ کہہ کر استغاثہ کرنا بزرگوں کا فعل ہے۔

(۴۰) فقیہ ابو محمد شبلی نے اپنی کتاب کے فضل حج میں ذکر کیا کہ اہل غرناطہ کا ایک شخص ایسے مرض میں مبتلا ہوا جس سے تمام اطباء عاجز ہو گئے اور اسکی صحت سے مایوس ہو گئے تو محمد بن ابو الخصال وزیر نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک عرضی لکھی جس میں اس کی بیماری کی شفا کا سوال کیا اور اس کو اشعار میں لکھا۔

كتاب وقيد من زمانة مستشف — بقبر رسول الله احمد يستشفي

ایک مزمن طالب صحت نے یہ نامہ لکھا۔

له قدم قد قيد الدهر خطوها — ہیں قدم اس کے مگر چلتا نہیں وہ ایک قدم

فلم يستطع الا الاشارة بالكف — پاؤں سے عاجز ہے کچھ ہاتھوں سے چلتا ہے شہا

عتبقك عبدالله نا داك ضارعا — تم سے فریادی ہے بس یہ بندہ عاجز تیرا

وقد اخلص النجوى واليقين بالعطف — بالیقین تم اس کے ہو حاجت روا مشکلکشا

(وفاء الوفا صفحہ ۴۳۱)

تو ادھر تو اس کے یہ اشعار اور باقی اشعار مدینہ طیبہ قبر انور کے سامنے اس قاصد نے پڑھے اور اُدھر مریض اچھا ہو گیا وہ قاصد جب مدینہ واپس ہو کر آیا تو اس مریض کو ایسا صحیح پایا کہ اس کو مرض پہونچا ہی نہیں تھا۔

الحاصل: ان آیات واحادیث اور اجماع وقیاس ہر چہار دلائل شرع سے اور صحابہ وتابعین کے افعال سے اور ائمہ وسلف صالحین کے اعمال سے یہ ثابت ہو گیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور

حضرت انبیاء علیہم السلام سے اور ائمہ واولیاء کرام سے استعانت وتوسل اور استمداد واستغاثہ کر
جائز ہے بلکہ سنت ہے اور معمول امت ہے، جو اس کو ناجائز کہتا ہے وہ ان تمام آیات واحادیث
ہے اور اجماع وقیاس کا مخالف ہے لیکن اس مصنف کی دلیری ملاحظہ ہو کہ وہ کہتا ہے۔ بعض عوام
میں دفع ضرر اور طلب مغفرت کے لئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استغاثہ کرتے ہیں معلو
چاہئے کہ ان کا یہ فعل شرک اکبر ہے۔ اولا: اس بدبخت نے نہ صرف ائمہ وسلف کرام کو عوام قرار
تابعین وصحابہ کرام کو عوام ٹھہرایا بلکہ حضرات انبیاء مرسلین کو عوام کے درجہ میں رکھا کہ اوپر کے جوابوں
ثابت ہو چکا ہے کہ دفع مضرت اور طلب مغفرت کے لئے ان سب نے مقربان حق سے توسل
استغاثہ کیا ہے۔ ثانیا: اس بیدین نے ائمہ وسلف صالحین اور صحابہ وتابعین سب کو مشرک ٹھہرایا بلکہ
حضرات انبیاء ومرسلین کو مشرک قرار دیا۔ اور ان کے مقربان الہی سے توسل واستغاثہ کرنے کو شرک
قرار دیا العیاذ باللہ تعالیٰ پھر اس مصنف کی مزید بیباکی ملاحظہ ہو وہ کہتا ہے:

حق تعالیٰ نے آپ کو اس لئے نہیں بھیجا کہ وہ قضائے حاجات کریں، دفع مصائب کے لئے
اور اس کے بندوں کے درمیان واسطہ ہوں۔ ہم نے تو کثیر دلائل آیات واحادیث اجماع قیاس اور
صحابہ وسلف سے یہی ثابت کر دیا کہ ساری امت کے نزدیک حضور نبی علیہ الصلاۃ والسلام قضا
حاجات ودفع مصائب میں خدا اور اس کے بندوں کے درمیان واسطہ ہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ نے بھی
اپنے اور بندوں کے درمیان واسطہ ہی قرار دیا۔ اور مصنف ان سب دلائل شرعیہ سے انکار کرتا
اور معمول امت کی مخالفت کرتا ہے، تو اس پر لازم تھا کہ اپنے دعویٰ پر کوئی دلیل پیش کرتا۔ لیکن جب
دلیل ہی نہیں تو وہ دلیل کہاں سے لائے۔ لہٰذا وہ خود اپنی طرف سے یہ دلیل بنا کر پیش کرتا ہے۔

ونکہ جس کی وفات ہوگئی ہو اس سے کسی مطلب یا حاجت کا سوال کرنا اس قسم کا شرک ہے جو
کے مرتکب کو ہمیشہ کے لئے عذاب جہنم کا سزاوار بنا دیتا ہے خواہ جس سے طلب کیا جائے وہ نبی ہو یا
ہو یا فرشتہ۔

ہر شخص اس کا فیصلہ کرنے پر مجبور ہے کہ یہ دلیل تو ہے نہیں بلکہ یہ مستقل دعویٰ ہوا کہ وفات شدہ
نبی وولی سے کسی مطلب وحاجت کا سوال کرنا شرک ہے اور اس کا مرتکب ہمیشہ کے لئے جہنمی ہے اور
اس دعوے پر کوئی دلیل نہیں۔ تو اس کے باطل وغلط ہونے کے لئے اتنی بات بہت کافی ہے کہ سار
امت کے افعال سے ثابت ہو گیا کہ انہوں نے وفات یافتہ نبی وولی سے اپنے مطالب وحاجات میں

ات کہئے تو جو ساری امت کو جہنمی کہے وہ خود جہنمی ہے۔ اور جو تمام اہل اسلام کو مشرک کہے وہ خود کافر
ک ہے۔

بالجملہ اس مصنف اور اس فرقہ نجدیہ کی گمراہی آفتاب سے زائد طور پر روشن ہوگئی۔ اور یہ ظاہر ہو
ا کہ وہ آیات واحادیث کے منکر اور اجماع وقیاس کے مخالف ہیں اور خود جو دعویٰ کرتے ہیں اس پر کسی
ج کوئی ایک دلیل پیش نہیں کر سکتے فقط، واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

سوال پنجم: طلب شفاعت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور کسی اور سے دنیا میں شفاعت
طلب کرنا ہرگز جائز نہیں کہ شفاعت بجز خدائے وحدہ لاشریک کے کسی کی ملک نہیں۔ لہٰذا اس کا غیر اللہ
ے طلب کرنا ہرگز جائز نہیں کیونکہ اللہ جل شانہ سے بغیر اس کے حکم کوئی شفاعت نہیں کر سکتا۔

الجواب:

کسی سے شفاعت طلب کرنا یا مدد طلب کرنا یا توسل کرنا یا فریاد رسی چاہنا یہ الفاظ تو بظاہر مختلف
علوم ہوتے ہیں لیکن ان سب کے معنی اور مراد ایک ہی ہیں چنانچہ علامہ امام سبکی شفاء السقام میں اسکی
ریح فرماتے ہیں:

"ولا فرق فی هذا المعنیٰ بین ان یعبر عنه بلفظ التوسل او الاستعانه او التشفع
التجوه" (شفاء السقام صفحہ ۱۲۱)

ایک ہی معنی ہیں جس کو لفظ توسل یا استعانہ یا تشفع یا تجوہ سے تعبیر کیا جاتا ہے ان میں کوئی فرق
یں ہے۔ اس عبارت سے ظاہر ہو گیا کہ ایک ہی معنی اور مراد ہیں توسل واستغاثہ اور استمداد واستعانہ۔
ر تشفع کے مختلف الفاظ میں تعبیر کیا جاتا ہے ان میں کوئی فرق نہیں ہے۔ تو اب کسی غیر اللہ سے خصوصا
حضرات انبیاء اولیاء کرام سے دنیا میں شفاعت طلب کرنا کوئی نیا مسئلہ نہیں ہے بلکہ وہی غیر اللہ سے
استمداد واستعانہ توسل واستغاثہ ہے جس پر مبسوط اور مفصل گفتگو ابھی جواب سوال چہارم میں گذری تو
جس قدر دلائل توسل واستمداد کے اثبات کے ہیں وہ سب اس استشفاع کے لئے بھی ہیں تو اب اس
جواب سوال پنجم کے لئے کسی نئی دلیل اور نئے ثبوت کی حاجت ہی نہیں۔ مگر سائل نے چونکہ اس کو علحدہ
سوال قرار دیا ہے۔ تو اس کے لئے ہم خاص لفظ شفاعت کے ساتھ ثبوت پیش کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

ولو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤك فاستغفروا الله واستغفر لهم الرسول لوجدوا

الله توابا رحیما" (سورۂ نساء رکوع ۹)

اگروہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب وہ تمہارے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے
اور رسول ان کے لئے شفاعت کرے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ کرنے والا مہربان پائیں گے۔

اس آیت کریمہ سے ثابت ہوگیا کہ رسول کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گنہگاران امت
کرنے والے ہیں۔ اور لوگ دنیا میں طلب شفاعت کے لئے ان کے پاس حاضر ہوا کریں
مہربان ہونے کے لئے پہلے شفاعت رسول کا پایا جانا مناسب ہے۔ لہٰذا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ
سے دنیا میں شفاعت طلب کرنا اس آیت سے جائز ثابت ہوگیا۔

ابوداؤد شریف میں حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا:

" اتی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اعرابی فقال یا رسول الله ج
نفس وضاعت العیال ونکهت الاموال وهلکت الانعام فاستسق الله لنا فانا نستش
علی الله ونستشفع بالله علیك قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ویحك
ما تقول انه لا یستشفع بالله علی احد من خلقه شان الله اعظم من ذلك الحدیث"

(ابوداؤد جلد ۲ صفحہ ۲۹۴):

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ایک اعرابی نے حاضر ہوکر عرض کی: یارسول اللہ
مشقت میں پڑگئیں اور عیال ضائع ہوگئے اور مال کم ہوگئے، اور جانور ہلاک ہوگئے، تو آپ ہمار
اللہ سے سیرابی طلب کیجئے، ہم درگاہ الٰہی میں آپ کے ساتھ شفاعت طلب کرتے ہیں اور ہم آ
حضور اللہ کے ساتھ شفاعت طلب کرتے ہیں م تو حضور نے فرمایا تیرے لئے خرابی ہو تو نے با
نہیں، مخلوق میں سے کسی کے حضور اللہ کے ساتھ شفاعت طلب نہیں کی جاتی، اللہ کی شان اس
بلند و عظیم ہے۔ اس حدیث میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس اعرابی کے اس جملہ پر
انکار کیا کہ اس کے حضور کے سامنے اللہ کے ساتھ شفاعت طلب کی۔ تو حضور نے اس کو مسئلہ سمجھا
اللہ کی شان اعظم واعلیٰ ہے۔ اور مخلوق اس کے روبرو ادنیٰ ہے اور مشفوع اعلیٰ ہوتا ہے اور شافع اد
ہے۔ تو اللہ مشفوع تو ہوسکتا ہے لیکن وہ کسی مخلوق کے سامنے شافع نہیں ہوسکتا کہ اعلیٰ ادنیٰ کے سامنے
نہیں ہوسکتا، لیکن حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس اعرابی کے اس جملہ پر کسی طرح کا انکار
انا نستشفع بك علی الله " یعنی ہم درگاہ الٰہی میں آپ کے ساتھ شفاعت طلب کرتے ہیں تو ا

یم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ شفاعت طلب کرنا بھی ناجائز ہوتا تو حضور اس اعرابی کے اس جملہ
ی انکار فرماتے۔ پھر جب حضور شارع علیہ السلام ہی نے اس پر انکار نہیں فرمایا تو یہ انکار نہ فرمانا ہی
ل جواز ہے تو اس حدیث شریف کے صریح الفاظ سے ثابت ہوگیا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
ے دنیا میں شفاعت طلب کرنا نہ فقط جائز بلکہ سنت ثابت ہوا اور فعل صحابی ثابت ہوا۔

الحاصل قرآن وحدیث سے تو یہ صراحتاً ثابت ہوگیا کہ غیر اللہ سے خصوصا ہمارے نبی صلی اللہ
الیٰ علیہ وسلم سے دنیا میں شفاعت طلب کرنا جائز ہے لیکن یہ مصنف اس کے خلاف یہ دعویٰ کرتا ہے کہ
کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا کسی اور سے دنیا میں شفاعت کا طلب کرنا ہرگز جائز نہیں۔ ہر شخص جانتا
ہے جو دعویٰ قرآن وحدیث کے خلاف ہو وہ یقیناً غلط و باطل ہے اور ایسا دعویٰ کرنے والا حکم قرآن
دیث کا منکر ومخالف قرار پائیگا تو اس مصنف کے گمراہ وبیدین ثابت کرنے اور دعویٰ کے باطل ہونے
ے لئے اتنی بات بہت کافی ہے کہ یہ دعویٰ قرآن وحدیث کے خلاف ہے جیسا کہ ہم نے آیت وحدیث
پیش کر کے یہ ثابت کردیا۔ تو یہ مصنف مخالف قرآن ومنکر حدیث ثابت ہوا۔ پھر اس مصنف کے
س دعوے کے اثبات کیلئے کوئی دلیل شرعی کا ملنا تو ممکن ہی نہ تھا لہٰذا یہ مصنف اس کے لئے دلیل گڑھتا
ہے۔ کیونکہ شفاعت بجز خدائے وحدہ لاشریک کے کسی کی ملک نہیں لہٰذا اس کا غیر اللہ سے طلب کرنا ہرگز
ئز نہیں۔

یہ نادان مصنف اپنے دعویٰ پر دلیل پیش کرتا ہے اور پھر یہ فریب کہ اس دلیل میں یہ دعویٰ کرتا
ہے کہ شفاعت بجز خدا کے کسی کی ملک نہیں۔ مصنف کا یہ دعویٰ بھی غلط و باطل ہے کہ حضرات انبیاء علیہم
السلام واولیاء کرام بعطائے الٰہی شفاعت کے مالک ہیں قرآن کریم میں فرمایا گیا ﴿ لایملکون
الشفاعة الا من اتخذ عند الرحمن عهدا ﴾ (سورہ مریم) لوگ شفاعت کے مالک نہیں مگر وہی
جنہوں نے رحمن کے پاس قرار کر رکھا ہے اس آیت کریمہ سے ثابت ہوگیا کہ عام لوگ تو شفاعت کے
مالک نہیں ہوتے مگر وہ جنہیں خدا کی طرف سے شفاعت کا اذن مل چکا اور ان سے عہد ہوچکا تو وہ بعطائے
خدا شفاعت کے مالک ہوجاتے ہیں۔ تو جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وعطا سے شفاعت کا مالک بنادیا
ہے ان کو اس نفی مالکیت سے مستثنیٰ کردیا۔ تو اب آیت کا صاف یہ مطلب ہوا کہ شفاعت کے مالک صرف
وہی لوگ ہیں جن سے اللہ کا عہد ہوچکا اور انہیں خدا کی طرف سے اذن مل چکا۔ اب اتنی بات مخفی رہی کہ
وہ کون سے حضرات ہیں جن سے عہد ہوا اور جن کو اذن دیا۔ تو اس کو اس آیت نے واضح کردیا۔

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خطاب فرماتا ہے "...
لذنبك وللمومنين والمومنات " (سوره محمد) اور اے محبوب اپنے خاصوں اور عام...
دوں وعورتوں کی شفاعت طلب کرو۔

اس آیۂ کریمہ سے ثابت ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ نے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم...
دیدیا کہ وہ امت کے لئے شفاعت کریں اور ان کی شفاعت کے قبول فرمالینے کا عہد فرمالیا...
نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شفاعت کا اذن بھی مل چکا اور ان کی شفاعت کے قبول ہونے کا...
چکا۔ اب باقی رہے اور انبیاء علیہم السلام واولیاء وعلماء کرام تو وہ بھی ماذون ہیں " من ذالذي...
عنده الا باذنه " (سوره بقره) وہ کون ہے جو اس کے یہاں شفاعت کرے مگر اس کے...
تفسیر خازن میں الا باذنہ کے تحت میں فرماتے ہیں " يريد بذلك شفاعة النبي وشفا...
والملئكة وشفاعة المومنين بعضهم لبعض " (جلد ۱ صفحہ ۲۲۷) اس سے نبی صلی اللہ تعالیٰ...
کی شفاعت اور بعض انبیاء اور فرشتوں کی شفاعت اور بعض مومنین کی بعض کے لئے شفاعت مرا...

تو اس آیۂ کریمہ اور اس کی تفسیر سے یہ ثابت ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ...
وسلم کو اور انبیاء علیہم السلام کو اور بعض مومنین کو شفاعت کرنے کا اذن دیدیا ہے۔ تو اذن والے شفا...
کرنے میں انبیاء اولیاء اور بعض مومنین ثابت ہوئے۔ ان آیات کے بعد کسی اور دلیل کی حا...
تھی مگر اتمام حجت کے لئے چند احادیث بھی پیش کی جاتی ہیں۔

بخاری شریف و مسلم شریف میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ایک طویل حدیث مروی...
احمد، طبرانی، ابو نعیم، ابو یعلی ابن ابی شیبہ، بزار راوی ہیں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرما...

واعطیت الشفاعة " (مشکوۃ شریف صفحہ ۵۱۲)

مجھے شفاعت عطا فرمادی گی۔

ترمذی شریف وابن ماجہ شریف میں حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی کہ...
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

" اتانی ات من عند ربی فخیرنی بین ان یدخل نصف امتی الجنة وبین ا...
فاخترت الشفاعة وهولمن مات لا يشرك بالله " (مشکوۃ شریف صفحہ ۴۹۴)

میرے رب کی طرف سے ایک آنے والا میرے پاس آیا، اس نے مجھے میری نصف ا...

...ت میں داخل ہونے یا شفاعت کرنے کے درمیان اختیار دیا، تو میں نے تو شفاعت کو اختیار کیا اور یہ
...اعت ہر اس شخص کے لئے ہے جس کی موت بحالت شرک نہ ہو۔

ابن ماجہ شریف میں حضرت امیر المؤمنین عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے مروی کہ نبی صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا"

يشفع يوم القيامة ثلثة الانبياء ثم العلماء ثم الشهداء " (مشکوۃ صفحہ ۴۹۵)

روز قیامت تین گروہ شفاعت کرینگے انبیاء پھر علماء پھر شہداء۔

ان احادیث سے ثابت ہوگیا کہ دنیا ہی میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منصب شفاعت
عطا فرمادیا گیا اور حضور نے بمقابلہ مغفرت نصف امت کے رتبۂ شفاعت کو اختیار کیا۔ تو حضور ہر مومن کی
شفاعت کرنے کے مختار و مالک ہوئے، اور تین گروہ حضرات انبیاء علیہم السلام اور علماء کرام اور شہداء کو شفیع
قرار دیا گیا۔

تو ان آیات واحادیث سے یہ ثابت ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ نے ان گروہوں کو شفاعت کا اذن دیا
ہے۔ اور ان کی شفاعت کے قبول کر لینے کا عہد فرمالیا ہے تو یہی حضرات بحکم آیت اولیٰ کے شفاعت کے
مالک ثابت ہوگئے۔ لہٰذا یہ حضرات بعطائے الٰہی وباذن خداوندی شفاعت کے مالک قرار پائے۔
مصنف اسی کا صریح طور پر انکار کر رہا ہے، تو یہ اپنے اس دعوے میں بھی قرآن وحدیث کا منکر ومخالف قرار
پایا۔ پھر یہ مزید دلیری دکھاتا ہے۔

کیونکہ اللہ جل شانہ سے بغیر اس کے حکم کوئی شفاعت نہیں کرسکتا۔

یہ بے علم اگر ان آیات واحادیث کو سمجھتا تو ایسی غلط بات نہ کہتا کہ ان میں صاف طور پر وارد ہے
کہ اللہ تعالیٰ نے حضرات انبیاء علیہم السلام وعلماء وشہدا کو شفاعت کرنے کا اذن وحکم دے دیا ہے تو یہ دنیا
وآخرت میں مومنین کی شفاعت کرتے تھے اور کرینگے۔ مصنف چونکہ ان کی شفاعت کا منکر ہے تو یہ بد
نصیب ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے محروم رہیگا کہ حدیث شریف میں وارد ہے "
من لم یومن بها لم یکن من اهلها " رواہ ابن منیع۔ یعنی جو شفاعت پر ایمان نہیں لائیگا وہ شفاعت
کا اہل بھی نہ ہوگا۔ اور اہل اسلام کو حضور کی شفاعت دنیا وآخرت میں ہر جگہ دستگیری فرمائے گی۔ واللہ
تعالیٰ اعلم بالصواب

سوال ششم: کسی قبر کی زیارت کے لئے سفر کرنا، کسی معین اور مخصوص قبر کی زیارت کے لئے سفر

کرنا ایک مذموم بدعت ہے۔ کیونکہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے جواز کے متعلق کو
نہیں اور نہ خلفاء راشدین میں سے کسی نے اس فعل کو کیا اور نہ ائمہ اربعہ ہی نے اسے مستحسن سمجھ
مالک اور دیگر علماء دین نے تو اس قول کو مکروہ بتایا ہے کہ کوئی یہ کہے کہ میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ
قبر کی زیارت کی، اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بجز مسجد حرام و مسجد نبوی او
کے ہر اس سفر سے منع فرما دیا ہے جو بقصد عبادت کیا جائے۔

الجواب:

مصنف کا یہ کہنا کہ کسی خاص قبر کی زیارت کے لئے سفر کرنا۔ لہذا کسی قبر کی زیارت کے
کرنے کا جواز قرآن و حدیث اور اجماع و قیاس ہر چہار دلائل شرعیہ سے ثابت ہے اور سلف و
صحابہ و تابعین کے افعال سے ثابت ہے۔ پہلے آیات سنئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

آیت: ولو انهم اذظلموا انفسهم جاء وك الآية ۔ (النساء ۹)
اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب وہ تمہارے حضور حاضر ہوں۔
علامہ الامام شیخ تقی الدین سبکی شفاء السقام میں تحت آیت کریمہ فرماتے ہیں:

"دلت الآية على الحث على المجئى الى الرسول والاستغفار عنده واستغ
وذلك وان كان ورد فى حال الحيات فهى رتبة له صلى الله تعالىٰ عليه وسلم
بموته تعظيما له" (شفاء السقام صفحہ

آیت نے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور آنے پر ابھارنے اور ان کے پاس
طلب کرنے۔ اور ان مجرموں کے لئے حضور کی خود شفاعت کرنے پر دلالت کی۔ یہ اگرچہ حضور
ظاہری میں وارد ہوا تھا۔ مگر حضور علیہ السلام کا یہ رتبہ بعد وفات کے بھی ختم نہیں ہوا کہ ان کی تعظیم
۔(وفيه ايضا)" والمجئى صادق على المجئى من قرب ومن بعد بسفر وبغير سفر
(شفاء السقام صفحہ

اور حضور کے پاس آنا قریب سے اور دور سے آنے پر اور سفر اور بغیر سفر کے آنے پر صا
ہے۔ (یعنی قریب و بعید سے سفر اور بلا سفر سے آنا ہی تو ہے)
علامہ شیخ الاسلام مفتی الانام امام سمہودی وفاء الوفا میں آیۃ کریمہ سے اس طرح استدلا
ہیں "

ویستدل ایضا بقوله تعالىٰ ولو انهم اذظلموا انفسهم الآية على مشروعية السفر
للزيارة وشد الرحال اليها على ما سبق تقريره بشموله المجئى من قرب ومن بعد وبعموم
قوله من زار قبرى" (وفاء الوفاء صفحہ ۴۱۲)

اور آیۃ کریمہ: ولو انهم اذ ظلموا انفسهم "سے زیارۃ کے سفر کی مشروعیت پر زیارت کے
لئے شد رحال کرنے پر استدلال کیا گیا جس کی تقریر پہلے یہ گذری کہ حضور کے پاس آنا قریب و بعید کے
آنے کو شامل ہے۔ اور حدیث "من زار قبری" ہر دو کو عام ہے تو اس آیت اور اس کی تفاسیر سے ثابت
ہوا کہ کلمہ جاؤک حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات شریف اور بعد وفات شریف ہر حال میں
خدمت اقدس میں حاضر ہونے۔ اور پاس والوں اور دور والوں کے بلا سفر اور سفر ہر طرح سے آنے پر
دلالت کرتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ دور والے بلا سفر کیئے ہوئے آ نہیں سکتے۔

لہٰذا خاص قبر شریف کی زیارت کے لئے سفر کرنا اس آیت کریمہ سے ثابت ہو گیا۔

آیت۔ " ومن يخرج من بيته مها جرا الى الله ورسوله ثم يدركه الموت فقد وقع
اجره على الله (النساء رکوع ٤)

اور جو اپنے گھر سے نکلا اللہ و رسول کی طرف ہجرت کرتا پھر اسے موت نے آلیا تو اس کا ثواب
اللہ کے ذمہ پر ہو گیا۔

علامہ سبکی شفاء السقام میں اس آیۃ کریمہ کے تحت فرماتے ہیں۔

وهذه الآية يحسن ان يكون دليلا على المقصود فان المسافر لزيارة رسول الله
صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خرج من بيته مها جرا الى الله ورسوله ۔ (شفاء السقام صفحہ ۷۸)

یہ آیت مقصود کے لئے بہترین دلیل ہو گئی کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت
کے لئے سفر کرنے والا اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول کی طرف مہاجر ہو کر نکلا ہے۔

اس آیت کریمہ سے ثابت ہو گیا کہ زیارت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے سفر کرنے
میں ثواب ہجرت کا ثواب ہے اور جو قبر شریف کی زیارت کے لئے سفر کرتا ہے وہ حقیقۃ صاحب قبر کی
زیارت کے لئے سفر کرتا ہے۔

چنانچہ علامہ سبکی شفاء السقام میں فرماتے ہیں:

انه لم يسافر لتعظيم البقعة وانما سافر لزيارة من فيها كما لو كان حيا وسافر فيها

"(شفاء السقام صفحہ ۸۹)

بیشک زائر قبر نے جگہ و مکان کی تعظیم کے لئے سفر نہیں کیا بلکہ اس نے صاحب قبر کی
لئے سفر کیا ہے، جیسا کہ اگر وہ زندہ ہوتا تو اس کی طرف اس مقام میں سفر کرتا تو ثابت ہو
زیارت کے لئے سفر کرنا گویا صاحب قبر کی زیارت کے لئے سفر کرنا ہے۔

یہ مضمون خود دار قطنی کی حدیث میں بھی ہے جس کی عاطب رضی اللہ عنہ نے رو
حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "

من زارنی بعد موتی فکانما زار نی فی حیاتی "(شفاء السقام صفحہ ۲۵)

جس نے میری وفات کے بعد میری زیارت کی تو گویا اس نے میری حیات میں می
کی۔لہذا قبر شریف کی زیارت کے لئے سفر کرنا گویا زیارت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کرنا ہوا تو خاص قبر شریف کی زیارت کے لئے سفر کرنا آیت کریمہ سے ثابت ہو گیا۔

بالجملہ آیات سے تو خاص قبر شریف کی زیارت کے لئے سفر کرنے کا جواز ثابت ہ
احادیث شریفہ بھی سنئے بیہقی شریف میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ
وسلم نے فرمایا۔

حدیث (۱)

" من زار قبری کنت له شفیعا او شهیدا "(بیہقی جلد ۵ صفحہ ۲۴۵)

جس نے میری قبر کی زیارت کی تو میں اس کے لئے شفیع ہونگا۔

بیہقی شریف میں حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنھما سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ
وسلم نے فرمایا۔

حدیث: (۲)

"من حج فزار قبری بعد مو تی کان کمن زار نی فی حیاتی "
(بیہقی شریف جلد ۵ صفحہ ۲

جس نے حج کیا پھر میری قبر کی زیارت کی میری وفات کے بعد تو وہ شخص اس کی مث
نے میری حیات میں میری زیارت کی۔

حدیث: (۳)

بیہقی شریف کے زیارۃ القبور میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی کہ "

رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یخرج من اخر اللیل الی البقیع فیقول
السلام علیکم دار قوم مؤمنین الحدیث " (بیہقی جلد ۵ صفحہ ۲۴۹)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اخیر رات میں بقیع کی طرف تشریف لے جاتے پس فرماتے تم پر
سلام ہو اے اہل سرائے مومنین۔

بیہقی شریف کے باب زیارۃ قبور الشہداء حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے ایک طویل
حدیث مروی ہے جس کے آخری الفاظ یہ ہیں۔

حدیث: (۴)

" فـمـا جئنا قبور الشهداء قال لی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هذه قبور
اخواننا " (بیہقی جلد ۵ صفہ ۲۴۹)

پس جب ہم قبور شہداء کے پاس آئے تو مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ
ہمارے مسلمان بھائیوں کی قبریں ہیں ب۔

بیہقی شریف میں اسی باب زیارۃ قبور الشہداء میں حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں
نے فرمایا۔

حدیث: (۵)

رائیت ابن عمر اذا ذهب الی قبور الشهداء علی نا قته ردها هکذا و هکذا فقیل له
فی ذالك فقال انی رائیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم فی هذ الطریق علی ناقته
فقلت لعل خفی یقع علی خفه " (بیہقی جلد ۵ صفحہ ۲۴۹)

میں نے حضرت ابن عمر کو اونٹنی پر دیکھا جب وہ قبور شہداء کی طرف گئے۔اس کو اس طرح لوٹایا تو
اس کو ان سے دریافت کیا گیا تو فرمایا بیشک میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس راہ میں اونٹنی پر
دیکھا۔تو میں نے کہا شاید کہ میری اونٹنی کا نشان قدم ان کی اونٹنی کے نشان قدم پر واقع ہو جائے۔

بیہقی شریف میں حضرت عبد اللہ بن ابو ملیکہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

حدیث: (۶)

" ان عـائشة رضی الله عنهاا قبلت ذات یوم من المقابر فقلت لها یا ام المومنین من

این اقبلت قالت من قبر اخی عبدالرحمن بن ابی بکر فقلت لها الیس کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہی عن زیارۃ القبور قالت نعم کان نہی ثم امر بزیارتہا"

(بیہقی جلد ۴ صفحہ ۷۸)

بیشک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایک دن قبرستان سے واپس ہوئیں میں نے ان سے عرض کیا اے ام المومنین آپ کہاں سے متوجہ ہوئیں فرمایا: اپنے بھائی عبدالرحمٰن کی قبر سے، میں نے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زیارت قبور سے منع نہیں فرمایا، انہوں نے کہا ہاں منع کیا تھا پھر زیارت کا حکم دیا۔

بیہقی شریف میں حضرت سید الشہداء امام حسین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

حدیث: (۷)

"ان فاطمۃ بنت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کانت تزور قبر عمہا حمزۃ کل جمعۃ الخ" (بیہقی شریف جلد ۴ صفحہ ۷۸)

بیشک حضرت فاطمہ زہرا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی اپنے چچا حضرت حمزہ کی قبر کی زیارت ہر جمعہ کو کرتی تھیں۔

بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت محمد بن نعمان رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

حدیث: (۸)

"من زار قبر ابویہ او احدہما فی کل جمعۃ غفرلہ و کتب برا"

(مشکوۃ صفحہ ۱۵۴)

جس نے اپنے ہر دو ماں باپ یا ایک کی ہر جمعہ کو زیارت کی تو اس کی مغفرت ہو جائیگی اور وہ محسن لکھدیا جائیگا۔ بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

حدیث: (۹)

"من زار نی بالمدینۃ محتسبا کنت لہ شہیدا او شفیعا یوم القیامۃ"

(جامع صغیر مصری جلد ۲ صفحہ ۱۵۶)

بیہقی نے شعب الایمان میں اور ابن عدی نے کامل میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کہ حضور نبی کریم نے فرمایا:

حدیث: (۱۰)

"من زار قبری وجبت شفاعتی" (جامع صغیر جلد ۲ صفحہ ۱۵۵)

جس نے میری قبر کی زیارت کی تو اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگئی۔

ان دس احادیث شریفہ سے ثابت ہوگیا کہ صحابہ کرام واہلبیت عظام زیارت قبور کے لئے جاتے تھے۔ حتی کہ خود نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی زیارت قبور کے لئے بقیع واحد تشریف لے جاتے۔ قریب مقام کو پاپیادہ اور بعید جگہ کو اونٹنی پر سوار ہوکر جاتے۔ اور خاص قبر شریف کی زیارت کے لئے حاضر ہونے پر مختلف الفاظ میں امت کو ترغیب دیتے تو یہ احادیث قریب والوں اور دور والوں اور سفر کر کے آنے والوں سب کے لئے عام ہیں لہٰذا ان احادیث سے ثابت ہوگیا کہ خاص قبر کی زیارت کے لئے سفر کر کے آنا نہ فقط جائز ہے بلکہ قولی وفعلی ہر اعتبار سے سنت ہے۔ اور پھر جب اس کا سنت ہونا ثابت ہو تو جو اس سنت کو مذموم بدعت کہے وہ خود بدعتی وگمراہ ہے۔ بالجملہ یہ احادیث سے ثبوت پیش کیا گیا۔

اب اجماع کی چند عبارات بھی ملاحظہ کیجئے شفاء السقام میں ہے؛

"الرابع الاجماع لا طباق السلف والخلف فان اناسا لم یزالوا فی کل عام اذا قضوا الحج یتوجہون الی زیارتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ومنہم من یفعل ذلک قبل الحج ہکذا شاہدناہ وشاہدہ من قبلنا وحکاہ العلماء من الاعصار القدیمۃ کما ذکرناہ فی الباب الثالث وذلک امر لا یرتاب فیہ وکلہم یقصدون ذلک ویعرضون الیہ وان لم یکن طریقہم ویقطعون فیہ مسافۃ بعیدۃ وینفقون فیہ الاموال ویبذلون فیہ المحن معتقدین ان ذلک قربۃ وطاعۃ واطباق ہذا الجمع العظیم من مشارق الارض ومغاربہا علی عمر السنین وفیہم العلماء والصلحاء وغیرہم یستحیل ان یکون خطاء کلہم یفعلون ذلک علی وجہ التقرب الی اللہ عزوجل" (شفاء السقام صفحہ ۷۶)

چوتھی دلیل اجماع ہے کہ امت کے سلف وخلف بالاتفاق ہمیشہ سے ہر سال جب حج ادا کر لیتے ہیں تو زیارۃ قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اور کچھ ان کے قبل حج اس زیارت سے مشرف ہو جاتے ہیں، اسی طرح ہم نے اور ہم سے پہلے لوگوں نے اس کا مشاہدہ کیا اور کتنے قدیم

زمانوں کے علماء نے اس کو نقل کیا، جیسا کہ باب سوم میں ہم نے اس کا ذکر کیا۔ تو اس امر میں شک
گنجائش نہیں کہ سب اہل اسلام اس کا قصد کرتے ہیں اور اس کی طرف آتے ہیں اگرچہ راہ نہ ہوا
میں بعید مسافت کو قطع کرتے ہیں اور اس میں مال خرچ کرتے ہیں اور جانی مشقت برداشت کرتے
یہ اعتقاد کرتے ہوئے کہ یہ سفر قربت واطاعت ہے اور برسوں سے مشرق ومغرب کے اس قدر بڑ
گروہ کا اتفاق جن میں علماء وصلحاء بھی ہیں محال ہے کہ یہ سب خطاء اور غلطی پر ہوں۔ تو اس کو سب ا
اللہ عزوجل کے تقرب کے لئے کرتی ہے۔ تو یہ سفر زیارت بالاجماع مسلمین ثابت ہوا۔

علامہ سمہودی اپنی کتاب وفاء الوفا میں فرماتے ہیں:

" اما الاجماع فقال عياض رحمه الله تعالىٰ زيارة قبره صلى الله تعالىٰ عليه و
سنة بين المسلمين مجمع عليها وفضيلة مرغب فيها انتهى واجمع العلماء على استح
زيارة القبور للرجال " (وفاء صفحہ ۴۱۲)

رہا اجماع تو قاضی عیاض علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ زیارت قبر شریف اہل اسلام کے نزدیک
ہے جس پر اجماع ہو چکا۔ اور فضیلت ہے جو پسندیدہ ہے، اور علماء نے زیارۃ قبور کے استحباب پر خا
دوں کے لئے اجماع کیا۔

(وفيه ايضا) واذا ثبت ان الزيارة قربة فالسفر اليها كذلك وقد ثبت خروج ال
صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من المدينة لزيارة قبور الشهداء فاذا جاز الخروج للقريب
للبعيد وحينئذ فقبره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اولىٰ وقد انعقد الاجماع على
لاطباق السلف والخلف عليه " (وفاء الوفاء جلد ۲ صفحہ ۴۱۴)

اور جب یہ ثابت ہو چکا کہ بے شک زیارت کرنا قربت ہے تو اس کی طرف سفر کرنا بھی قر
ہے اور حضور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مدینہ سے زیارت قبور شہداء کے لئے جانا ثابت ہے، اور ج
قریب کے لئے جانا جائز تو بعید کے لئے جانا بھی جائز ہوا۔ لہٰذا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر کی زیا
کے لئے جانا بدرجہ اولیٰ جائز ثابت ہوا بلکہ اس پر خلف وسلف کے اتفاق کی بنا پر اجماع منعقد ہو گیا۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ زیارۃ قبور کے مستحب اور قربت ہونے اور اس کے لئے سفر
قربت ہونے پر امت کا اجماع منعقد ہو چکا اور خاص کر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف
زیارت کرنے اور اس کے لئے مسافت بعیدہ سے سفر کر کے آنے اور اس سفر میں مال صرف کرنے

روضہ پاک پر باعتقاد قربت وطاعت حاضر ہونے پر امت کا ایسا اجماع منعقد ہو چکا جس میں کسی طرح
کے شک کی گنجائش نہیں۔ اسی بنا پر تو ہمیشہ سے سالانہ عامۃ المسلمین اور علماء وصالحین اور سلف وخلف اور
صحابہ وتابعین کی جماعتوں کا مشارق ومغارب سے قبل یا بعد حج روضہ مطہرہ پر حاضر ہونے کا معمول
ہے تو سب امت کا خطا پر جمع ہونا تو محال ہے۔ لہٰذا اجماع سے بھی یہ ثابت ہو گیا کہ کسی قبر خاص کی
زیارت کے لئے سفر کرنا جائز ہے اور معمول امت ہے۔ اب باقی رہی چوتھی دلیل قیاس تو اس کا مختصر بیان
بھی سنئے۔ امام سبکی شفاء السقام میں فرماتے ہیں۔

" الثالث من السنة ايضا لنصها على الزيارة ولفظ الزيارة يستدعي الانتقال من
مكان الزائر الى مكان المزور كلفظ المجيء الذى نصت عليه الآية الكريمة فالزيارة اما
نفس الانتقال من مكان الى مايقصدها واما الحضور عند المزور من مكان اخر وعلى كل
حال لا بد في تحقيق معناها من الانتقال فالسفر داخل تحت اسم الزيارة من هذا الوجه
فاذا كانت كل زيارة قربة كان كل سفر اليها قربة وايضا فقد ثبت خروج النبي صلى الله
تعالىٰ عليه وسلم من المدينة لزيارة القبور واذا جاز الخروج الى القريب جاز الى البعيد "
(شفاء السقام صفحہ ۷۵)

تیسرا قیاس حدیث سے ثابت ہے جو زیارت کے لئے نص ہے کہ لفظ زیارت مکان زائر سے
مکان مزور کی طرف منتقل ہونے کو مستدعی ہے، جیسا کہ وہ لفظ مجی جو آیہ کریمہ میں منصوص ہے۔ تو زیارۃ یا
تو ایک مکان سے مکان مقصود کی طرف منتقل ہونا ہے اور یا ایک مکان سے مزور کے پاس حاضر ہو جانا ہے
۔ بہر حال اس کے معنیٰ میں انتقال کا پایا جانا ضروری ہے تو اسی بنا پر زیارت کے تحت میں سفر داخل ہے، تو
جب ہر زیارت قربت ہوئی تو اس کی طرف ہر سفر بھی قربت ہوا۔ اور بیقین نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا
مدینہ سے زیارت قبور کیلئے جانا ثابت ہو چکا پھر جب قریب کے لئے جانا جائز ہوا تو بعید کے لئے جانا بھی
جائز ہوا۔

(وفیہ ایضا) " والمقصود ان الزيارة اذا كانت مندوبة في حق البعيد والسفر شرط لها
كان مندوبا وهذا لم يحصل فيه نزاع بين العلماء " (شفاء السقام صفحہ ۸)

مقصود یہ ہے کہ جب زیارت بعید کے حق میں مستحب ہوئی اور سفر اس کے لئے شرط ہے تو سفر بھی
مستحب قرار پایا اس میں علماء کے درمیان نزاع نہیں۔

اس عبارت سے ثابت ہوگیا کہ قیاس کا بھی یہی اقتضاء ہے کہ آیۃ کریمہ میں جاؤک اور حدیث شریف میں زار قبری آیا ہے اور لفظ مجئی اور لفظ زیارت کے معانی میں سفر وانتقال داخل ہے اور زیارت کا حکم صرف قریب ہی کیلئے نہیں ہے بلکہ دور والے بھی اس میں شامل ہیں ۔ اور سفر بعید کی شرط ہے اور خود مجئی وزیارت کے معنیٰ میں داخل ہے ۔ تو جب قبر شریف پر آنا اور اس کی زیارت واجب ومستحب ثابت ہوئی تو سفر جو ان کا وسیلہ وذریعہ ہے اور خود ان کے معنیٰ میں داخل ہے وہ بھی واجب ومستحب ثابت ہوگا ۔ نیز جب شارع علیہ السلام کا زیارۃ قبور کے لئے مدینہ سے تشریف لے جانا ثابت ہوا ۔ پھر جب قریب کے مقام کے لئے جائز ثابت ہوا تو دور کے لئے بھی جائز ہی ثابت ہوتا ہے۔ بالجملہ شریعت کی چاروں دلیلوں کتاب اللہ وحدیث اور اجماع وقیاس سے یہ ثابت ہوگیا کہ کسی خاص قبر کی زیارت کے لئے سفر کرنا بلاشبہ جائز ہے ۔

اب اسکا سنت فعلی ہونا اور سلف وخلف کا معمول بہ ہونا چند واقعات سے بھی ثابت کردیا جاتا ہے۔

(۱) حدیث نمبر ۳ میں گذرا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بقیع شریف زیارت قبور کے لئے تشریف لے جاتے تھے ۔

(۲) حدیث نمبر ۴ میں گذرا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام قبور شہداء کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے ۔

حدیث نمبر ۵ میں گذرا کہ قبور شہداء کی زیارت کے لئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اونٹنی پر سوار ہوکر تشریف لے گئے ۔

حدیث نمبر (۲) میں گذرا کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اپنے بھائی حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کی قبر کی زیارت کے لئے تشریف لے گئیں ۔

حدیث نمبر (۷) میں گذرا کہ خاتون جنت حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا ہر جمعہ کو اپنے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی قبر کی زیارت کے لئے تشریف لے جاتیں ۔

(۶) مسلم شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا '

' زار النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم قبر امه الحدیث " (مشکوۃ صفحہ ۱۵۴)

حضور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی والدہ کی قبر کی زیارت کی ۔ اس حدیث سے ظاہر ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی والدہ حضرت آمنہ کی قبر کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے ۔

(۷) مسند ابی شیبہ میں ہے:

" ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم کان یاتی قبور الشهداء باحد علی راس کل حول" (ردالمحتار مصری جلد اصفحہ ۶۴۳)

بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم احد میں قبور شہداء پر ہر سال کے کنارے پر تشریف لایا کرتے تھے ۔

اس حدیث سے ثابت ہو کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبور شہداء احد کی زیارت کے لئے ہر سال تشریف لے جایا کرتے تھے ۔

(۸) بیہقی واقدی سے اور ابن ابی شیبہ عباد بن ابی صالح سے راوی انہوں نے کہا:

" کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم یزور الشهداء باحد فی کل حول و اذا بلغ الشعب رفع صوته فیقول :سلام علیکم بما صبر تم فنعم عقبی الدار، ثم ابو بکر رضی الله عنه کل حول یفعل مثل ذلك، ثم عمر بن الخطاب ثم عثمان رضی الله عنهما و کانت فاطمة بنت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه و سلم تاتیهم و تدعو و کان سعد بن و قاص یسلم علیهم " (شرح الصدور مصری صفحہ ۸۷)

حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم احد میں ہر سال قبور شہداء کی زیارت کرتے تھے اور جب شعب میں پہونچتے بلند آواز سے یہ فرماتے سلام علیکم بما صبر تم فنعم عقبی الدار ۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہر سال ایسا ہی کرتے پھر حضرت عمر بن خطاب پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہما بھی ۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ بھی حاضر ہوکر دعا کرتی تھیں ۔ اور حضرت سعد بن وقاص بھی وہاں حاضر ہوکر سلام پیش کرتے ۔

اس حدیث سے ظاہر ہوگیا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلیفہ اول حضرت ابو بکر صدیق اور خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق اور خلیفہ سوم حضرت عثمان غنی رضوان اللہ علیہم ہر سال شہداء احد کی قبور پر زیارت کے لئے تشریف لے جاتے ۔ حضرت فاطمہ زہرا اور سعد بن وقاص رضی اللہ عنہما بھی بغرض سلام ودعا آتے ۔

(۹) حاکم بسند صحیح اور بیہقی دلائل میں حضرت عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہ سے راوی

" ان البنی صلی اللہ تعالیٰ علیه و سلم زار قبور الشهداء باحد فقال: اللهم ان عبدك

ونبیك شهداء ان هئولاء شهداء وان من زار هم او سلم عليهم الى يوم القيامة ردوا عليه "

(شرح الصدور مصری صفحہ ۸۷)

بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے احد میں قبور شہداء کی زیارت کی اور یہ فرمایا اے اللہ تیر... اور نبی گواہی دیتا ہے کہ یہ شہداء ہیں اور جو ان کی زیارت کریگا یا تاروز قیامت ان پر سلام پیش کریگا... شہداء اسکا جواب دینگے۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شہداء احد کی قبو... زیارت کی اور امت کو ان کی زیارت کی ترغیب دی۔

(۱۰) ابن عساکر نے بسند جید حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کی:

" ان بلالا رأى في منامه النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و يقول له: ما... الجفوة يا بلال؟ اما ان لك ان تزور نى يا بلال! فانتبه حزينا وجلا خائفا فركب راح... وقصد المدينة فاتى قبر النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فجعل يبكي عنده ويمرغ و... عليه فاقبل الحسن والحسين رضى الله عنهما فجعل يضمهما ويقبلهما فقالا له يا بلا... نشتهي ان نسمع اذانك الذي كنت توذن به لرسول الله في المسجد ففعل فعلا س... المسجد فوقف موقفه الذي كان يقف فيه فلما ان قال الله اكبر الله اكبر ار تجت المد... فلما ان قال اشهد ان لااله الا الله از دادت رجتها فلما ان قال اشهد ان محمد رسول ا... خرجت العواتق من خدورهن وقالو ابعث رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فمار... يوم اكثر باكيا بالمدينة بعد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من ذلك اليوم "

(شفاء السقام صفحہ ۳۹ و وفاء الوفا مصری جلد ۲ صفحہ ۴۰۸)

حضرت بلال نے خواب میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور ان سے فرماتے ہیں ا... بلال یہ کیسا ظلم ہے۔ اے بلال کیا تجھے میری زیارت کا وقت نہیں ملتا، تو وہ رنجیدہ ترساں وخوفزدہ... بیدار ہوئے پھر سواری پر سوار ہو کر مدینہ کے قصد سے چلے یہاں تک کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر... حاضر ہو کر رونے لگے اور اپنے چہرہ کو اس پر ملنے لگے۔ حضرات حسنین رضی اللہ عنہما آئے تو ان کو چپٹا... لگے اور ان کے بوسے لینے لگے، ان ہر دو نے ان سے کہا، کہ اے بلال! ہم تمہاری وہ اذان سننا چا... ہیں جو تم مسجد نبوی میں کہا کرتے تھے تو حضرت بلال نے ارادہ کیا اور مسجد کی چھت پر چڑھے اور اسی...

...ے ہوئے جہاں وہ کھڑے ہوتے تھے، پھر جب انہوں نے اللہ اکبر اللہ اکبر کہا تو مدینہ میں لرزہ ہو... پھر جب اشهد ان لا اله الا الله کہا تو لرزہ بہت زائد ہو گیا پھر جب اشهد ان محمد رسول ...ہ کہا تو پردہ نشیں اپنے مکانوں سے باہر نکل آئیں اور لوگ کہنے لگے: کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ ...ظاہر ہو گئے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد میں اس دن سے زائد کسی دن رونے والے ...د وعورت نہیں دیکھے گئے۔

اس حدیث سے ثابت ہو گیا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ملک شام سے مدینہ شریف کی ...ف بقصد زیارت قبر شریف کتنا طویل سفر کیا۔ پھر ان کے محض قبر شریف کی زیارت کے قصد سے اتنے ...یل سفر کرنے پر کسی صحابی نے کوئی اعتراض نہیں کیا نہ ان کے قبر شریف پر بار بار چہرہ کو رکھنے پر کسی نے ...انعت کی۔ پھر خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا انہیں زیارت قبر شریف کے لئے طلب ...رنا اور انہیں محض قبر شریف کی زیارت کے لئے اس طویل سفر کی ترغیب کرنا مخالف کے نزدیک کیا چیز ...ہے اگر وہ اس کو خواب کی بات کہہ کر ٹال دیتا ہے تو پھر وہ یہ بتائے کہ حضرت بلال نے اس خواب پر کیوں ...ل کیا اور اگر اس سے بھی قطع نظر کی جائے تو فعل صحابی تو حجت ہے۔ بالجملہ اس حدیث سے خاص قبر کی ...رف بقصد زیارت سفر کرنا جائز ثابت ہوا۔

(۱۱) امام ابوبکر بن عمر بن عاصم النبیل نے اپنے مناسک میں ذکر کیا۔'

'کان عمر بن عبدالعزيز يبعث بالرسول قاصدا من الشام الى المدينة يقرئ النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم السلام ثم يرجع " (وفاء الوفا مصری صفحہ ۴۰۹)

حضرت عمر بن عبدالعزیز ملک شام سے ایک قاصد مدینہ کو محض نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام ...یش کرنے کے لئے بھیجتے پھر وہ واپس ہوتا۔

اس سے ثابت ہو گیا کہ امیر المومنین حضرت عمر بن عبدالعزیز تابعی رضی اللہ عنہ جو اپنے عہد میں خیر الناس سمجھے جاتے تھے وہ ایک قاصد کو ملک شام سے مدینہ شریف محض قبر شریف پر سلام پیش کرنے ...کے لئے بھیجا کرتے تھے۔ تو قبر شریف پر سلام پیش کرنیکے لئے طویل سفر کرنا فعل تابعی سے بھی ثابت ہے

(۱۲) فتوح الشام میں ہے کہ جب امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ملک شام میں تشریف فرما ہوئے اور اہل بیت المقدس سے آپ نے صلح کی۔'

قدم علیہ کعب الاحبار واسلم وفرح باسلامه قال له هل لك ان تس
المدینة و تزور قبرالنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وتتمتع بزیارته فقال نعم یا ا
انا افعل ذلك " (وفاء الوفا مصری جلد۲

کعب احبار ان کے پاس حاضر ہوئے اور اسلام لائے تو حضرت عمر ان کے اسلا
۔اور ان سے فرمایا کیا تم میرے ساتھ مدینہ چلو گے اور قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیار
اس زیارت سے نفع حاصل کرو گے، کعب نے عرض کی: ہاں اے امیر المومنین میں ایسا کرو
اس سے ثابت ہو گیا کہ خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت کعب
کہ تم ملک شام سے مدینہ منورہ تک کا طویل سفر قبر شریف کی زیارت کے قصد سے کرو۔او
سے نفع وفائدہ حاصل کرو۔تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے خاص قبر کی زیارت کے لئے

(۱۳) علامہ شامی نے ردالمحتار میں حضرت امام شافعی علیہ الرحمہ کا حضرت امام الا
اللہ عنہ کے مزار پر آنا اسطرح نقل کیا ہے"

قال انی لا تبرك بابی حنیفة واجئی الی قبره فاذا عرضت لی حاجة صلی
وسائلت الله تعالیٰ عند قبره فتقضی سریعا " (ردالمحتار مصری جلد ا صفحہ

میں امام ابوحنیفہ کے ساتھ تبرک حاصل کرتا ہوں اور ان کی قبر پر حاضر ہوتا ہوں
حاجت پیش آتی ہے تو دو رکعت نماز پڑھتا ہوں اور ان کی قبر کے پاس اللہ تعالیٰ سے سوال کر
حاجت جلد پوری ہو جاتی ہے اس سے ثابت ہو گیا کہ حضرت امام شافعی صاحب مذہب جیسے
امام نے خود حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مزار پر حاضری دی اور وہ خاص قبر کی زیار
آئے اور وہ بوقت حاجت قضائے حاجت کے لئے خاص قبر امام اعظم پر آجاتے۔

(۱۴) علامہ سمہودی نے وفاء الوفاء میں ابراہیم بن بشار رضی اللہ عنہ کا واقعہ اس ط
ہے " قال حججت فی بعض السنین فجئت المدینة فتقدمت الی قبر رسول الله
تعالیٰ علیه وسلم فسلمت علیه فسمعت من داخل الحجرة وعلیك السلام "
(وفاء الوفا جلد۲ صفحہ ۴۰۵)

انہوں نے کہا میں نے ایک سال حج کیا پھر مدینہ میں حاضر ہوا اور قبر نبی صلی اللہ تعا
پر حاضر ہو کر سلام عرض کیا تو میں نے حجرہ سے یہ آواز سنی وعلیک السلام اور تجھ پر سلام ہو۔

اس سے ثابت ہو گیا کہ حضرت ابراہیم بن بشار علیہ الرحمہ نے خاص قبر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ
وسلم کی زیارت کے لئے سفر کیا۔

(۱۵) خود حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کا قول مروی ہے۔

'من السنه ان تاتیٔ قبر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من قبل القبلة وتجعل
رك الی القبلة وتستقبل القبر لوجهك الخ " (مسند امام اعظم جلد ا صفحہ ۵۲۳)

سنت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر پر قبلہ کی جانب سے آئے اور تو قبلہ کی طرف
پشت کرنا اور قبر شریف کی جانب اپنا منہ کرنا۔

اس سے ثابت ہو گیا کہ امام اعظم علیہ الرحمہ نے خاص قبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کو
ت قرار دیا تو ظاہر ہے کہ دور والا اس سنت کو سفر کر کے حاصل کر سکتا ہے۔تو سفر زیارت قبر کا بھی اسی
سے مستفاد ہو گیا۔

(۱۶) فتاوی ابواللیث سمرقندی میں حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کا قول مروی ہے

" قال الاحسن للحاج ان یبداء بمکة فاذاقضی نسکه مر بالمدینة وان بدأبها جاز
یاتی قریبا من قبر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فیقوم بین القبر والقبلة"
(وفاء الوفاء صفحہ ۴۱۱)

فرمایا حج کرنیوالے کے لئے بہتر یہ ہے کہ وہ مکہ سے ابتدا کرے پھر جب نسک حج پورے
کرلے تو مدینہ حاضر ہو۔اور اگر مدینہ سے اس نے ابتدا کی تو بھی جائز ہے پھر قبر شریف کے قریب آئے
اور قبلہ اور قبر کے درمیان کھڑا ہو۔۔اس سے ثابت ہو گیا کہ حضرت امام اعظم علیہ الرحمہ نے خاص قبر
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کیلئے سفر کا حکم دیا۔بالجملہ ان تمام صحابہ وتابعین اور سلف وخلف
صالحین سے ثابت ہو گیا کہ کسی خاص قبر کی زیارت کے لئے سفر کرنا بلاشک جائز ہے بلکہ سنت شارع
و سنت صحابہ ہے اور عمل مسلمین ہے۔اب اس کے مقابلہ میں اس مصنف کی دلیری دیکھو کہ وہ ایسی تمام
آیات واحادیث اور اجماع وقیاس اور عمل مسلمین سب کے خلاف یہ لکھتا ہے:

کسی معین اور مخصوص قبر کی زیارت کے لئے سفر کرنا ایک مذموم بدعت ہے۔

مصنف کا یہ ایک دعوے ہے جس پر وہ کوئی دلیل پیش نہیں کر سکا اور نہ آئندہ وہ کوئی دلیل پیش کر
سکتا ہے۔لیکن اس جری کی جرأت ملاحظہ ہو کہ اس نے زیارت قبر کے لئے سفر کرنے کو مذموم بدعت کہہ

کر تمام خلف وسلف صالحین ۔ صحابہ وتابعین کو بدعتی بنا دیا بلکہ خود شارع علیہ السلام بلکہ خود
کو بدعتی قرار دیا کہ اوپر آیات واحادیث پیش ہو چکی ہیں ۔ پھر جب مصنف نے احساس کیا کہ
کوئی دلیل نہیں ہے تو خود دلیل اس طرح گڑھتا ہے۔

کیونکہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کے جواز کے متعلق کوئی نص وارد نہیں
خلفاء راشدین میں سے کسی نے اس فعل کو کیا اور نہ ائمہ اربعہ ہی نے اس کو مستحسن سمجھا۔

اس دلیر کی دلیری ملاحظہ ہو کہ کہتا ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کے جوا
کوئی نص وارد نہیں ہوئی باوجودیکہ ہم نے اوپر احادیث نقل کیں کہ حضور بکثرت بقیع شریف
کیلئے تشریف لے جاتے تھے ۔ ہر سال احد شریف قبور شہداء پر سفر کر کے تشریف فرما ہوتے
حضرت آمنہ کی قبر پر سفر کر کے آئے ۔ تو اس اندھے کو یہ نصوص نظر نہ آئیں ۔ پھر جب فعل
ثابت ہو چکا تو اب قبر کی زیارت کیلئے سفر کر کے جانا سنت قرار پایا۔ نیز اسکی بیباکی ملاحظہ ہو ک
کہ نہ خلفاء راشدین میں سے کسی نے اس فعل کو کیا، اور اوپر ہم نے حدیث نقل کی کہ حضر
راشدین ہر سال قبور شہداء احد پر سفر کر کے جاتے، تو اس کو فعل خلفاء راشدین نظر نہ آیا، پھر ا
بے حیائی دیکھئے کہ وہ کہتا ہے، نہ ائمہ اربعہ میں سے کسی نے اس کو مستحسن سمجھا۔ اوپر ہم
حضرت امام اعظم وحضرت امام شافعی خود خاص قبر پر سفر کر کے آتے اور دوسروں کو اس کا حکم د
کو نہ فقط مستحب ومستحسن بلکہ سنت قرار دیتے ۔ اس نابینا نے اقوال نہ دیکھے ۔ علاوہ بریں دلیل فعل
اور عدم فعل کو تو نہ قرآن وحدیث نے دلیل بنایا نہ اجماع وقیاس نے ۔ تو یہ جاہل عدم فعل وعدم
کہاں سے دلیل بناتا ہے ۔ پھر لطف یہ ہے کہ نص وفعل کے موجود ہوتے ہوئے ان کے مقا
کے عدم کو دلیل بنا کر اپنی انتہائی جہالت اور نادانی کا خود ثبوت پیش کرتا ہے ۔ یہ اس مصنف
استدلال کی حقیقت اور اس کی گمراہی کا حال ہے پھر اس کے بعد یہ مصنف سلف پر یہ افترا کرتا

بلکہ امام مالک اور دیگر علماء دین نے تو اس قول کو مکروہ بتایا ہے کہ کوئی یہ کہے کہ میں
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر کی زیارت کی۔

کہ وہ زیارت قبر نبی علیہ السلام کے قول کو مکروہ کہتے ہیں، ہم نے تو سوال دوم کے
ائمہ اربعہ اور جمہور علماء حنفیہ وشافعیہ ومالکیہ وحنابلہ کے مذاہب واقوال نقل کئے کہ وہ زیارت
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آداب تعلیم کرتے ہیں اور قبلہ کی طرف پشت کر کے قبر شریف کی طرف منہ

قرار دیتے ہیں۔

خود حضرت امام مالک کتاب مبسوط میں فرماتے ہیں جس کو علامہ قاضی عیاض شفا شریف میں
کرتے ہیں۔ "

لا باس لمن قدم من سفر او خرج الی سفران یقف علی قبرالنبی صلی الله تعالیٰ
وسلم فیصلی علیه ویدعو له ولابی بکر وعمر"

(شرح شفا شریف مصری جلد ۲ صفحہ ۱۵۶)

جو شخص سفر سے آئے یا سفر میں جائے تو اس کے لئے قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر حاضر
نے میں کوئی حرج نہیں پھر وہ حضور پر اور حضرات شیخین کے لئے سلام پیش کرے اور دعا کرے۔

(وفیه ایضا) قال مالك فی روایة ابن وهب اذا سلم علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه
سلم ودعا یقف ووجهه الی القبر لا الی القبلة ویدنو ویسلم ولا یمس القبر بیده "

(شرح شفاء جلد ۲ صفحہ ۱۵۲)

امام مالک نے فرمایا ابن وہب کی روایت میں ہے کہ جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور
لام پیش کرے اور دعا کرے تو اس طرح کھڑا ہو کہ اس کا چہرہ قبر کی طرف ہو نہ کہ قبلہ کی طرف ۔ اور
یب ہو کر سلام پیش کرے اور ہاتھ سے قبر شریف نہ چھوئے۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ حضرت امام مالک کے نزدیک زائر اپنے سفر سے آتے وقت اور
نے سے پہلے قبر شریف پر بقصد زیارت حاضر ہو اور قبلہ کو پشت کر کے قبر شریف کی طرف منہ کر کے کھڑا
اور صلاۃ وسلام پیش کرے پھر دعا مانگے اور قبر شریف کو ادبا ہاتھ سے نہ چھوئے۔

لہذا حضرت امام مالک تو قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کرنے کا طریقہ تعلیم فرماتے
ں اور یہ مفتی ان پر یہ افترا کرتا ہے کہ وہ زیارت قبر شریف کے قول کو بھی مکروہ کہتے ہیں اصل حقیقت یہ
ہے کہ حضرت امام زیارت قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ناجائز نہیں کہتے بلکہ قبر شریف کے متعلق لفظ
یارت کے استعمال کو ادبا مکروہ کہتے ہیں اور یہ اس بنا پر کہ لفظ زیارت کا استعمال مردوں کے لئے کیا جاتا
ہے تو انہوں نے اس کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں مکروہ ٹھہرایا، جیسے وقت عشاء کے لئے عتمہ
استعمال اور طواف افاضہ کے لئے طواف زیارت کا استعمال مکروہ سمجھا گیا۔ جیسا کہ مالکیوں کے مشہور
نف ابوالولید محمد بن رشد نے حضرت امام مالک کے اس کلام کے یہی معنیٰ بیان کئے۔

چنانچہ علامہ سبکی شفاء السقام میں اس طرح نقل کرتے ہیں:

قال محمدبن رشد ما کر ہ مالک هذ ا(و الله اعلم) الا من و جه ان کلمة
کلمة فلما کانت الزیارة تستعمل فی الموتی وقدوقع فیها من الکراهه ما و...
یذکرمثل هذه العبارة فی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کما کره ان یقال ایام...
واستحب ان یقال الایام المعدوداث کما قال الله تعالیٰ و کما کره ان یقال العتمة...
العشاء الاخیرة ونحو هذا وکذلك طوا ف الزیارة لانه یستحب ان یسمی بالافاضة...

(شفاء السقام صفحہ ۵۶)

محمد بن رشد نے کہا کہ امام مالک نے اس کو مکروہ نہیں قرار دیا اور اللہ اعلم ہے مگر اس...
کلمہ دوسرے کلمہ سے بہتر ہوتا ہے تو جب لفظ زیارت مردوں میں استعمال کیا جاتا ہے تو یہ کرا...
میں واقع ہوگی لہٰذا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں ایسے لفظ کا ذکر کرنا مکروہ ٹھہرا جیسے ایا...
کہنا تو مکروہ ہے اور ایام معدودات کہنا مستحب ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اور جیسے کہ عش...
عتمہ کہنا مکروہ قرار دیا اور اسی طرح طواف زیارت کا کہنا کہ اس کو طواف افاضہ کہنا مستحب...
عبارت سے ثابت ہو گیا کہ حضرت امام مالک نے او بالفظ زیارت کے استعمال کو مکروہ فرمایا...
انہوں نے زیارت قبر شریف کو ہرگز مکروہ قرار نہیں دیا۔ جیسا کہ ہم نے خود امام مالک کے اقوا...
کے اس حقیقت کو واضح کر دیا مصنف کا یہ فریب ہے کہ وہ قول امام مالک پیش کر کے عوام کو مغالط...
چاہتا ہے لیکن یہ بھی ظاہر کرنا ضروری ہے کہ قول مختار یہ ہے کہ لفظ زیارت کا استعمال بھی مکروہ نہیں
چنانچہ وفاء الوفا شریف میں ہے '

' والمختار عندنا انه لا کره اطلاق ذ اللفظ "(وفاء الوفا جلد ۲ صفحہ ۴۱۲)

اور ہمارے نزدیک مختار مذہب یہ ہے کہ اس لفظ کا اطلاق مکروہ نہیں، بلکہ زیارت قبر...
قربت ہے اور جب یہ قربت ہے تو اس کے لئے سفر کرنا بھی قربت ہے اور اس سفر کا قربت ہو...
وحدیث اور اجماع وقیاس سب سے ثابت کر دیا گیا۔
چنانچہ علامہ سمہودی وفاء الوفا شریف میں فرماتے ہیں:

" فاذا جاز الخروج للقریب جاز للبعید وحینئذ فقبره صلی الله تعالیٰ علیه...
اولیٰ قد انعقد الاجماع علی ذلك لاطباق السلف والخلف علیه "(وفاء الوفاء جلد ۲ صف...

اور جب ثابت ہو چکا کہ زیارت قربت ہے اور اس کی طرف سفر کرنا بھی قربت ہے اور بیشک نبی
...اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مدینہ سے قبور شہداء کی زیارت کے لئے جانا ثابت ہو گیا تو جب قریب کے لئے
...جائز تو بعید کے لئے جانا بھی جائز ہے۔ تو قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے جانا بدرجہ اولیٰ جائز ہوا
...اور اس پر سلف وخلف کا اتفاق ہو کر اجماع منعقد ہو گیا۔ پھر جب اس مصنف کو اپنے دعویٰ پر کوئی دلیل
...ل سکی۔ تو اس نے حدیث سے خود اس طرح غلط استدلال کیا۔

اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بجز مسجد حرام ومسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ کے ہر اس
...ے منع فرمایا ہے جو بقصد عبادت کیا جائے۔

مصنف نے مضمون حدیث میں سخت خیانت کی اور اپنی طرف سے اضافہ کر دیا۔ لہٰذا ہم پہلے تو
...الفاظ حدیث نقل کریں۔
سنئے بخاری ومسلم شریف میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ صلی اللہ
...تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

لا تشد الرحال الا الی ثلثة مساجد المسجد الحرام والمسجد الاقصیٰ ومسجدی
...ذا" (مشکوۃ شریف صفحہ ۶۸)

شدرحال یعنی سفر تین مسجدوں مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ اور مسجد نبوی کے علاوہ نہ کیا جائے۔
شیخ محمد طاہر مجمع البحار میں اس حدیث مذکور کی شرح میں فرماتے ہیں:

وشده کنایة عن السفر والمستثنی منه خصوص فلا تمنع لزیارة صالح اومیت او
...ریب او طلب علم او تجارة او نزهة " (مجمع البحار جلد ا صفحہ ۲۷۴)

اور شد رحال کنایہ ہے سفر سے۔ اور اس میں مستثنیٰ منہ خاص کر مسجد ہے تو اس حدیث سے زندہ یا
مردہ متقی کی یا رشتہ دار کی زیارت کے یا طلب علم یا تجارت یا نزہت کے سفروں سے منع نہ کیا جائے۔
علامہ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی حدیث مذکور کی شرح میں اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں:

''وبعضے از علماء گفتہ اند کہ سخن در مساجد است یعنی در مسجد دیگر جز ایں مساجد سفر جائز نبود اما مواضع
دیگر جز مساجد خارج از مفہوم ایں کلام است وگفت بندۂ مسکین کاتب الحروف عبدالحق بن سیف الدین
عفا اللہ عنا کہ مقصود بیان اہتمام شان ایں سہ بقعہ دسفر کردن بجانب آنہا ست کہ متبرک ترین مقامات
است یعنی اگر سفر کنند بایں سہ مسجد کنند وغیر آں گرانئ مشقت کشیدن نمایند نہ آنکہ سفر بجز ایں مواضع

درست نباشد" (اشعۃ اللمعات جلد ۱ صفحہ ۳۲۴)

بعض علماء نے فرمایا کہ گفتگو مساجد میں ہے یعنی ان مساجد کے سوا کسی دوسری مسجد
جائز نہیں تو ان مساجد کے سوا اور مقام مفہوم حدیث سے خارج ہیں، اور یہ بندہ مسکین کا
عبدالحق بن سیف الدین عفا اللہ عنہ کہتا ہے کہ مقصود حدیث ان سہ مساجد کی شان کا اہتمام
اور ان کی طرف سفر کی عظمت کا اظہار کرنا ہے کہ یہ بہت متبرک مقامات ہیں اگر سفر کرنا ہو تو ا
طرف سفر کریں اور ان کے علاوہ مشقت سفر برداشت نہ کریں یہ بات نہیں ہے کہ ان مقامات
کرنا ہی درست نہیں ہوگا۔

علامہ علی قاری شرح شفا شریف میں حدیث مذکور کے معنی و مراد تحریر فرماتے ہیں۔

(لا تشد الرحال) المعنیٰ لا ینبغی ان ترکب دابة لزیارة مسجد من المس
الی ثلثة مساجد) لفضلها علی غیرها فی کونها مشدودة وفیه تنبیه نبیه علی
للعاقل ان لا یشتغل الا بما فیه صلاح دنیوی وفلاح اخروی ولما کان ماعدا ال
الثلاثة متساوی المرتبة فی الشرف والفضل وکان التنقل والارتحال لا جله عبثا
المنفعة نهی الشارع عنه الخ ملخصا" (شرح شفاء شریف صفحہ ۱۵۱)

شد رحال نہ کیا جائے اس کے معنی یہ ہیں کہ تین مسجدوں کے سوا کسی مسجد کی زیارت
پر سوار ہونا مناسب نہیں کہ ان کی اوروں پر فضیلت منصوص ہے اور اس میں اس امر پر تنبیہ
کیلئے یہ لائق ہے کہ وہ ایسی ہی بات میں مشغول ہو جس میں صلاح دینوی اور فلاح اخروی ہو
ان تینوں مساجد کے علاوہ اور مساجد شرف وفضیلت اور مرتبہ میں برابر ہیں تو اس بنا پر ان کی طرف
نا اور سفر کرنا بغیر نفع کے عبث قرار پائیگا اور شارع علیہ السلام نے فعل عبث سے منع کیا ہے۔

علامہ سبکی شفاء السقام میں حدیث مذکور کے تحت میں فرماتے ہیں:

"اعلم ان هذا الاستثناء مفرغ تقدیره لا تشد الرحال الی مسجد الا الی ال
الثلاثة" (جانو یہ استثنائے مفرغ ہے اس کی تقدیر یہ ہے کہ تین مساجد کے سوا کسی اور مسجد کی طر
کیا جائے۔:

(وفیه ایضا) ولا شك ان شد الرحال الی عرفة لقضاء النسك واجب با

المسلمین ولیس من المساجد الثلاثة وشد الرحال لطلب العلم الی ای مکان کان جائزا
باجماع المسلمین وقد یکون مستحبا او واجبا علی الکفایة او فرض وکذلك السفر
للجهاد من بلاد الکفر الی بلاد الاسلام للهجرة وا قامه الدین وکذلك السفر لزیارة
الوالدین وبرهما وزیارة الاخوان والصالحین وکذلك السفر للتجارة وغیرها من الاغراض
المباحة فانما معنیٰ الحدیث ان السفر الی المساجد مقصور علی الثلاثة"

جانو کہ یہ استثناء مفرغ ہے اس کی تقدیر یہ ہے کہ تین مساجد کے سوا کسی اور مسجد کی طرف سفر نہ کیا
جائے۔ اور بیشک عرفہ کی طرف نسک حج ادا کرنے کیلئے سفر کرنا باجماع مسلمین واجب ہے۔ اور ان
مساجد ثلاثہ سے وہ نہیں ہے۔ اور کسی مکان و مقام کی طرف علم طلب کرنے کے لئے سفر کرنا باتفاق اہل
اسلام جائز ہے اور کبھی وہ سفر کرنا مستحب یا واجب علی الکفایہ یا فرض عین ہوتا ہے۔ اسی طرح دارالکفر سے
دارالاسلام کی طرف جہاد کے لئے ہجرت اور اقامت دین کے لئے سفر کرنا ضروری ہے، اسی طرح ماں
باپ کی زیارت اور ان پر احسان کرنے کے لئے اور بھائیوں اور صالحین کی زیارت کے لئے سفر کرنا ہے
اور اسی طرح تجارت وغیرہ مباح غرضوں کے لئے سفر کرنا۔ تو حدیث کے معنیٰ یہ ہیں کہ مساجد کی طرف
سفر کرنا صرف تین مسجدوں ہی میں منحصر ہے۔

(وفیہ ایضا) فالسفر بقصد زیارة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم غایته مسجد
المدینة لانه مجاور للقبر الشریف فلم یخرج السفر للزیارة عن ان یکون غایته احدا
لمساجد الثلاثة" پس نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کے قصد سے سفر کرنے کی غرض مسجد نبوی
ہوئی کہ وہ قبر شریف سے متصل ومجاور ہے۔ تو سفر زیارت مساجد ثلٰثہ میں سے ایک کے مقصود ہونے سے
خارج نہیں ہوا۔

(وفیه ایضا) السفر لزیارة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لم یدخل فی الحدیث
لانه لم یسافر لتعظیم البقعة وانما سافر لزیارة من فیها کما لو کان حیا وسافر الیه فیها او
غیرها فانه لا یدخل فی هذا العموم قطعا" (شفاء السقام صفحہ ۸۸ وصفحہ ۸۹)

زیارت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے سفر کرنے والا حدیث میں اس لئے داخل نہیں کہ وہ
تعظیم مکان کے لئے سفر نہیں کرتا ہے بلکہ وہ صاحب مکان کی زیارت کے لئے سفر کر رہا ہے۔ جس طرح
اگر وہ بظاہر زندہ ہوتے اور یہ شخص اس مکان میں یا اس کے علاوہ ان کی زیارت کیلئے سفر کرتا تو یہ یقیناً اس

عموم میں داخل نہیں ہوسکتا۔

علامہ سمہودی وفاء الوفا میں حدیث مذکور کے معنی بیان کرتے ہیں:

اما حدیث "لا تشد الرحال ال ثلثة مساجد "فمعناه لا تشدوا الرحـ
المسجد الا الى المساجد الثلثة اذ شد الرحال الى عرفة لقضاء النسك واجب بالا
وكذلك سفر الجهاد والهجرة من دار الكفر بشرطه وغير ذلك واجمعو على
الرحال للتجارة ومصالح الدينا " (وفاء الوفا جلد۲ صفحہ۴۱۴)۔

لیکن حدیث کہ تین مسجدوں ہی کی طرف سفر کیا جائے تو اس کے یہ معنی ہیں کہ تین مسجد
سوا اور کسی مسجد کی طرف سفر نہ کرو۔ اس لئے کہ عرفہ کی طرف ادائے نسک کیلئے سفر کرنا بالا جما
ہے اسی طرح جہاد اور دار الکفر سے ہجرت کا سفر بوجود شرائط اور اس کے سوا سفر واجب ہیں اور ا
تجارت اور دینوی مصلحتوں کے لئے سفر کرنے کے جواز پر اجماع کیا ہے۔ الحاصل اس حدیث ا
شروح سے ثابت ہو گیا کہ حدیث کا مفہوم اور مراد یہ ہے کہ سوائے مساجد مسجد حرام، مسجد بیت ا
مسجد نبوی کے اور کسی مسجد کی طرف بقصد شرف وفضیلت سفر کرنا ممنوع ہے اور حدیث کا وہ مفہوم
ہے جو مخالف نے بیان کیا کہ سوائے ان تین مساجد کے کسی مقام اور کسی غرض کے لئے سفر ممنو
بلکہ مذہب اہل حق یہ ہے کہ سوائے ان مساجد کے بعض مقام کے لئے سفر کرنا فرض ہے بعض
واجب ہے بعض کے۔ لئے سنت بعض کے لئے مستحب بعض کے لئے مباح ہے۔ جس کی مثا
مذکور ہوئیں۔ تو مصنف کا اس حدیث سے استدلال کرنا غلط وباطل قرار پایا اور کسی حدیث سے کس
قبر کی زیارت کے لئے سفر کرنے کی ممانعت ثابت نہ ہوسکی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

سوال ھفتم:۔ زیارت قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی احادیث ضعیف ہیں۔

(۱) "من زار قبری وجبت له شفاعتی

(۲) من حج ولم يزرني فقد جفاني ۔

(۳) من زارني بعدمماتی فكانما زارني فی حیاتی "

یہ احادیث اور اس قسم کی دیگر احادیث سب ضعیف ہیں اور ان میں سے بعض موضو
قابل اعتماد کتب سنت میں ان کا کہیں ذکر تک نہیں۔ اور نہ ائمہ اربعہ اور دیگر ائمہ مسلمین نے انہیں
ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان پر واجب ہے کہ اس قسم کی احادیث پر اعتماد نہ کر کے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ ع

ے فرمایا میری قبر کو موسم اجتماع نہ بنا دینا۔ بینوا توجروا

خادم العلماء والمشائخ محمد ظہور الدین محلہ گاؤ قصابان ٹونک (راجستھان)

الجواب:

حدیث نمبر (۱) کی بطرق کثیرہ تخریج ہوئی۔ چنانچہ دار قطنی بیہقی نے دلائل میں، ابن عساکر نے
ریخ میں، ابن عدی نے کتاب الکامل میں، ابن جوزی نے کتاب مثیر العزم میں، یحیی بن حسن نے
کتاب اخبار المدینہ میں، حافظ ابوالحسن یحیی بن علی قرشی نے کتاب الدلائل المبینہ فی فضائل المدینہ میں،
حافظ ابو لیمان نے کتاب اتحاف الزائرین میں، یہ روایت تخریج کی۔

حدیث نمبر (۲) کو بطرق متعددہ دار قطنی نے اور ابن عدی نے کتاب الکامل میں تخریج کی۔

حدیث نمبر (۳) کو دار قطنی، طبرانی، بیہقی نے، اور ابن عدی وابن عساکر نے بطرق متعددہ
وبالفاظ مختلفہ تخریج کی، ان احادیث اور ان کے سوا اور کثیر احادیث زیارت میں ہیں، اگر یہ بات تسلیم بھی
کر لی جائے کہ سب احادیث ضعیفہ ہیں لیکن مخالف اس سے تو انکار نہیں کرسکتا کہ ان احادیث زیارت
کے طرق کثیرہ ہیں، اور جب ان کے طرق کثیرہ ہیں تو پھر یہ احادیث صرف ضعیفہ ہی نہیں رہیں۔ بلکہ یہ
حسن بلکہ صحیح کے درجہ تک پہونچ گئیں۔

چنانچہ حضرت علامہ علی قاری موضوعات کبیر میں تصریح فرماتے ہیں" تعدد الطرق ولو
ضعفت يرقى الحديث الى الحسن " (موضوعات کبیر مجتبائی دہلی صفحہ۱۰۷)

حدیث اگرچہ ضعیف ہو لیکن اس کے طرق متعدد ہو جائیں تو وہ حدیث درجہ حسن تک پہونچ جاتی
ہے

(وفيه ايضا) ورد فی صيام رجب احاديث متعددة ولو كانت ضعيفة لكنها يتقوى
بعضها ببعض " (از موضوعات کبیر صفحہ۱۰۱)

رجب کے روزے میں چند حدیثیں وارد ہوئیں اگرچہ وہ حدیثیں ضعیف ہیں لیکن ان میں بعض
بعض سے قوی ہو جاتی ہے۔

(وفيه ايضا) قال البيهقی (فی حديث التوسع على العيال يوم عاشورا) اسانيده
كلها ضعيفة ولكن اذا ضم بعضها الى بعض فاقوه " (موضوعات کبیر صفحہ۴۵)

بیہقی نے (دسویں محرم کو اپنے عیال پر وسعت طعام کی حدیث کے لئے فرمایا، اس کی سب

سندیں تو ضعیف ہیں لیکن جب بعض حدیث کو بعض کے ساتھ ملا دیا جائیگا تو اسکو قوی بنا دیگا۔

علامہ امام تقی الدین سبکی شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام میں انھیں کے لئے فرماتے ہیں

فاجتماع الاحادیث الضعیفۃ من هذ النوع یزدها قوۃ وقد ترقی بذلک

الحسن او لصحیح الخ" (شفاء السقام صفحہ ۱۰)

ایسی ضعیف حدیثوں کا جمع ہونا ان کی قوت کو زائد کر دیتا ہے اور وہ اسی بنا پر درجہ حسن
ترقی کرتی ہیں۔ ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ احادیث ضعیفہ کثرت طرق سے قوی ہو کر
درجے تک ترقی کرتی ہیں، تو پھر ایسی احادیث ضعیفہ کو دلیل وحجت بنانا اور ان کے ساتھ استد
ہے۔ چنانچہ عارف باللہ امام علام عبد الوہاب شعرانی میزان الشریعۃ الکبری میں تصریح کرتے

" قد احتج جمہور المحدثین بالحدیث الضعیف اذا کثرت طرقه
بالصحیح تارۃ والحسن اخری" (میزان الشریعۃ مصری جلد ۲ صفحہ ۱۳

جس حدیث ضعیف کے طرق کثیر ہو جائیں تو جمہور محدثین اس کیساتھ استدلال کر
اس کو کبھی حسن اور کبھی صحیح کے ساتھ لاحق کر دیتے ہیں۔ بلکہ فضائل اعمال میں بالاتفاق عمل کیا

علامہ ابن عابدین شامی ردالمحتار میں فرماتے ہیں '

' فی فضائل الاعمال یجوز العمل بالحدیث الضعیف "

(ردالمحتار مصری جلد ا صفحہ ۹

حدیث ضعیف پر فضائل اعمال میں عمل کرنا جائز ہے۔

علامہ حلبی کبیری میں فرماتے ہیں:

" یجوز العمل بالضعیف فی الفضائل " (کبیری صفحہ ۵۰

فضائل میں ضعیف پر عمل کرنا جائز ہے۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ احادیث ضعیفہ فضائل اعمال میں معتمد معتبر اور م
زیارت قبر نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا استحباب ثابت کرنے کے لئے یہ احادیث ضعیفہ نہایت کا
بلکہ یہ احادیث اپنے کثرت طرق کی بنا پر حدیث صحیح کے حکم میں داخل ہو گئیں۔ لہذا ان احا
استدلال کرنا گویا احادیث حسنہ وصحیحہ سے استدلال کرنا قرار پایا۔ یہ جو کچھ بھی معروض ہو
ومسلک اہل سنت وجماعت تھا، لیکن مخالف ان احادیث کو ضعیف کہہ کر تصریحات ائمہ سلف

فت کرتا ہے اس کی جہالتیں یہ ہیں۔

(۱) ان احادیث کو بوجود کثرت طرق کے بھی حسن وصحیح ظاہر نہ کرنا بلکہ ان کو ضعیف ہی کے درجہ
ں رکھنا یہ اس کی پہلی جہالت ہے۔

(۲) ضعیف حدیث کے کثرت طرق ہو جانے کے باوجود اس کو مستند وقوی حدیث نہ سمجھنا اس کی
ری جہالت ہے۔

(۳) ضعیف حدیث کو مطلقاً نامعتبر وغیر معتمد بتانا یہ اس کی تیسری جہالت ہے۔

(۴) حدیث ضعیف کو فضائل اعمال میں بھی ناقابل استدلال اور غیر لائق اعتماد قرار دینا بھی اس
ی چوتھی جہالت ہے۔ اس کے بعد مصنف کی مزید جرأت ملاحظہ ہو وہ کہتا ہے۔

ان میں سے بعض موضوع ہیں۔

مصنف کے پاس اگر کوئی موضوع روایت ہوتی۔ تو وہ اس کو پیش کرتا لہذا اس کا ایسی روایت کو
ش نہ کرنا خود اس کی تکذیب کے لئے کافی ہے۔ اور ان سہ احادیث میں کوئی حدیث موضوع نہیں ہے۔
گے نہایت بدحواسی میں لکھتا ہے۔

قابل اعتماد کتب سنت میں ان کا کہیں ذکر تک نہیں۔

اس سے پوچھو کہ یہ سہ احادیث طبرانی، بیہقی، دارقطنی، تاریخ ابن عساکر، کتاب کامل لابن عدی
کتاب مثیر العزم لابن جوزی، کتاب اخبار المدینہ لیحیی بن حسن، کتاب الدلائل البینہ لحافظ ابو الحسن یحیی
ن علی، کتاب اتحاف الزائرین لحافظ ابو الیمین، کتاب شفاء السقام للعلامۃ الامام سبکی، وفاء الوفاء للعلامۃ
ہودی میں باسند موجود ہیں۔ تو مصنف بتائے کہ ان کتابوں میں کون سی کتاب قابل اعتماد نہیں۔ اگر
صنف سچا ہے تو بتائے ورنہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔ پھر اس کے بعد مصنف کا
زید کذب ملاحظہ ہو۔

اور نہ ائمہ اربعہ اور دیگر ائمہ مسلمین نے انہیں نقل کیا ہے۔

جب ائمہ اربعہ اور دیگر ائمہ مسلمین نے زیارت قبر نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو قربت ومستحب قرار
یا بلکہ اس زیارت کے لئے سفر کرنے کو بھی قربت ٹھہرایا تو اس سے خود ہی ثابت ہو گیا۔ کہ ان کے نزدیک
ان احکام کی دلیل یہی احادیث زیارت ہیں تو جب انہوں نے ان احادیث سے استدلال کیا تو ان
احادیث کو نقل ہی کیا۔ چنانچہ علامہ فقیہ محدث امام شیخ تقی الدین سبکی نے ان احادیث کے طرق واسانید

اوران کے اوپر متفرع احکام میں ایک مبسوط کتاب شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام تالیف کی۔[...] الاسلام مفتی الانام علامہ سمہودی نے وفاء الوفاء باخبار دار المصطفی تصنیف کی جس کی دو جلدیں میں ہر جلد تقریبا ساڑے چار سو صفحات کی ہے۔ ان میں ان احادیث زیارت کو پوری پوری [...] مختلف الفاظ وطرق سے نہایت شرح وبسط کے ساتھ نقل کیا۔ اور ائمہ اربعہ دیگر ائمہ مسلمین کی سندوں کو پیش کیا ہے۔ تو مصنف نے ان حضرات پر یہ افتراء کیا ہے۔ اس کے بعد یہ مصنف ناقص عقل سے یہ حکم گڑھتا ہے۔

• لہذا ہر مسلمان پر واجب ہے کہ اس قسم کی احادیث پر اعتماد نہ کرے۔

ائمہ مذہب ومحدثین تو یہ فرماتے ہیں کہ اس قسم کی احادیث کثرت طرق کی بنا پر قوی وصحیح کے درجے تک پہونچ جاتی ہیں حتی کے فضائل اعمال میں صرف ضعیف حدیث معتمد اور قابل [...]۔ اور یہ مصنف اس کے مقابل یہ حکم بتائے کہ اس قسم کی احادیث پر اعتماد نہ کرنا واجب ہے، تو اس [...] حکم پتھر پر مار دینے کے قابل ہے۔ پھر اس کے بعد مصنف حدیث کا یہ مضمون لکھتا ہے۔

کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری قبر کو موسم اجتماع نہ بنا دینا فقط

مصنف نے الفاظ حدیث کا ترجمہ کر کے ممانعت زیارت قبر شریف پر غلط استدلال [...] باوجودیکہ ان الفاظ حدیث کے معنی حضرت علامہ علی قاری نے شرح شفا میں یہ بیان فرمائے " و[...] ان یراد بہ الحث علی کثرۃ زیارتہ اذھی افضل القربات واکدا لمستحبات بل [...] درجۃ الواجبات فالمعنی اکثروا من زیارتی ولا تجعلوھا کالعید تزورونني فی ال[...] تین او فی العمر مرتین " (شرح شفا مصری جلد۲ صفحہ ۱۴۳)

اور محتمل ہے کہ اس سے قبر شریف کی کثرت زیارت پر ابھارنا مراد ہو کیونکہ یہ زیارت قربت اور مؤکد مستحب ہے بلکہ درجہ واجب کے قریب ہے تو الفاظ حدیث کے معنی یہ ہیں کہ [...] زیارت قبر بکثرت کرو۔ اور اس کو مثل عید کے قرار نہ دو کہ سال بھر میں یا عمر میں دو مرتبہ یا دو [...] زیارت کیا کرو۔

علامہ سبکی شفاء السقام میں فرماتے ہیں:

" ویحتمل ان یکون المراد لا تتخذو الہ وقتا مخصوصا لا تکون الزیارۃ [...] کما تری کثیر من المشاھد لزیارتھا یوم معین کالعید وزیارۃ قبرہ صلی اللہ تعالیٰ [...]

وسلم لیس فیھا یوم بعینہ بل ای یوم کان " (شفاء السقام صفحہ ۶۰)

اور احتمال ہے کہ یہ مراد ہو کہ تم اس کے لئے وقت خاص ایسا نہ مقرر کر لو کہ یہ زیارت صرف اسی وقت میں کیا کرو جیسا کہ بعض مزاروں کی زیارت کے لئے معین روز کو جاتے ہو جیسے یوم عید معین ہے اور قبر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کے لئے کوئی مقرر دن نہیں ہے بلکہ اس کے لئے ہر دن ہے

علامہ سمہودی وفاء الوفاء میں فرماتے ہیں:

" وقولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم " لا تجعلوا قبری عیدا " قال الحافظ المنذری یحتمل ان یکون المراد بہ الحث علی کثرۃ زیارۃ قبرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وان لا یھمل حتی لا یزار الا فی بعض الاوقات کالعید الذی لا یاتی فی العام الا مرتین وقال یئویدہ قولہ " لا تجعلوا بیوتك قبورا " ای لا تترکوا الصلاۃ فیھا حتی تجعلوھا کالقبور اللتی لا یصلی فیھا " (وفاء الوفا جلد۲ صفحہ ۴۱۷)

اور حدیث کا یہ قول " لا تجعلوا قبری عیدا " حافظ منذری نے فرمایا کہ احتمال ہے کہ اس سے قبر شریف کی کثرت زیارت پر ابھارنا مراد ہو۔ اور یہ بات ہو کہ اس کو چھوڑ نہ دیا جائے یہانتک کہ صرف بعض وقتوں میں اس کی زیارت کی جائے، جیسے کہ عید کہ جو سال میں دو مرتبہ آتی ہے اور اس کی یہ بات تائید کرتی ہے کہ حدیث میں ہے کہ " تم اپنے گھروں کو قبر نہ بناؤ " یعنی مکان میں نماز مت چھوڑ دو یہاں تک کہ انہیں قبروں کی طرح کر دو کہ قبروں میں نماز نہیں پڑھی جاتی۔ ان شروح حدیث سے ثابت ہو گیا کہ ان الفاظ حدیث سے زیارت قبر شریف کی ممانعت ثابت نہیں ہوتی۔ بلکہ ان الفاظ حدیث سے قبر شریف کی کثرت زیارت مقصود اور مراد ہے اور یہ معنی ہیں کہ جس طرح عید سال بھر میں دو بار آتی ہے۔ تم میری قبر شریف پر کسی وقت مخصوص یا سال میں دو بار ہی نہ آؤ۔ بلکہ ہمیشہ ہر وقت میں آؤ اور بکثرت بار بار حاضری دیا کرو۔ اور موسم اجتماع میں حاضر ہو جانے کا وقت خاص مقرر نہ کرو۔

بالجملہ اس میں فتنہ نجدیت کا مختصر بیان اور سات سوالات کے مکمل جوابات لکھ دیئے گئے مصنف کی جہالتیں اور غلط استدلال ایسے تھے کہ جن پر شرح وبسط سے کلام کیا جاتا لیکن اپنی عدیم الفرصتی اور پھر اس پر مرض مہلک لقوہ کے حملہ کرنے کی بنا پر زیادہ مفصل گفتگو نہ کر سکا۔ مگر انشاء اللہ مصنف کے لئے اس قدر جوابات بھی بہت کافی ثابت ہونگے اور مصنف کے لئے اتنے تازیانے وافی ہونگے۔

چونکہ یہ سلسلۂ گفتگو ایک مستقل رسالہ ہو گیا تو اس کی ابحاث اور مضامین کے لحاظ سے اس کا

تاریخی نام "طوفان نجدیت وسیع آداب زیارت" رکھدیا مولی تعالی اس تحریر کو قبول کرے
بہ طفیل اپنے حبیب مکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے اہل اسلام کے لئے اس کو ذریعہ ہدایت بنائے اور
میرے لئے وسیلہ نجات قراردے۔ واخر دعوینا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ
حبیبہ سیدنا محمد خاتم النبیین وعلی الہ وصحبہ اجمعین۔ ۳۰ شوال المکرم ۱۳۷۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل۔

مسئلہ (۱۱۰۸)

کیافرماتے ہیں علمائے دین اس شعر کے بارے میں

نائب مصطفے درین کشور رشک پیغمبراں معین الدین

کہ شعر میں کوئی لفظ خلاف شریعت اور خلاف عقیدہ اہل سنت ہے۔ خاص کر لفظ رشک پیغمبراں، بحوالہ کتب جواب ارشاد ہو۔ ایک صاحب نے اس شعر کے پڑھنے سے قوال کو روک دیا، ان کا عمل کیسا ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم علیہ وعلی آلہ وصحبہ الصلاۃ والتسلیم

قدوۃ السالکین، زبدۃ العارفین، امام الاولیاء، وارث علوم انبیاء، سلطان الہند، حضرت خواجہ معین الدین اجمیری رضی اللہ عنہ کی مدحت ومنقبت میں اس شعر کا "رشک پیغمبراں" کہنا خلاف مذہب حق ومخالف عقائد اہل سنت ہے اور شان انبیاء کرام علیہم السلام میں بے ادبی وگستاخی کا کلمہ ہے۔ یہ حضرت خواجہ کی شان میں کیا امت میں کسی کی شان میں اطلاق کرنا جائز نہیں، حتی کہ صحابہ عظام اور اہلبیت کرام کیلئے بھی ممنوع ہے، شاعر کو یہ تمیز نہیں کو ولی کو جو کرامت ومنزلت جو علمی وعملی فضیلت درگاہ الہی میں جو قرب وخصوصیت حاصل ہوتی ہے وہ نبی کے اتباع وغلامی کا صدقہ ہے۔

علامہ قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں فرماتے ہیں:

ان کل کرامۃ اوتیہا واحدا من ہذہ الامۃ فی علم اوعمل ہی من آثار معجزۃ نبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وسر تصدیقہ وبرکات طریقہ وثمرات الاہتداء بہدیہ وتوقیفہ۔ (مواہب لدنیہ شریف مصر ص ۱۸۹ ج ۲)

علامہ ابن حجر مکی فتاوی حدیثیہ میں فرماتے ہیں:

الولی انما اعطی ذلک ببرکۃ اتباعہ للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وشرف وکرم فلا تظہر حقیقۃ الکرامۃ علیہ الا اذا کان داعیا لاتباع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بریئا من کل انحراف عن شریعۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فبرکۃ اتباعہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یؤیدہ اللہ تعالی بملائکتہ وروح منہ ویقذف فی قلبہ من انوارہ والحاصل ان کرامۃ الولی من بعض معجزات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لکن لعظم

اتباعه له اظهر الله بعض خواص النبي على يدي وارثه ومتبعه في سائر حركاته و...

(فتاوی حدیثیہ مصری ص ۷۸)

ان عبارات سے ثابت ہوگیا کہ ولی کو جو کمال جو خصوصیت جو کرامت حاصل ہے وہ...
میں سے ایک معجزہ اور اتباع پیغمبر کا صدقہ ہے، تو جب درجہ ولی درجہ نبی سے کمتر ہے۔ لہذا...
پیغمبراں کیسے ہوئے، معلوم ہوتا ہے کہ شاعر کو مسلمانوں کا یہ عقیدہ معلوم نہیں۔

عقائد کی مشہور کتاب شرح فقہ اکبر میں ہے:

ان الولي لا يبلغ درجة النبي۔ (شرح فقہ اکبر)

اور اگر شاعر درجہ ولی کو درجہ نبی کی برابر سمجھ کر رشک پیغمبراں کہتا ہے تو یہ عقیدہ بھی باطل...

فتاوی حدیثیہ میں ہے:

من اعتقد ان الولي يبلغ مرتبة النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقد كفر۔

(فتاوی حدیثیہ مصری ص ۱۸...)

اور اگر مرتبہ ولی کو مرتبہ نبی سے افضل جانتا ہے تو یہ بھی کفر ہے۔

لہذا ان الفاظ میں حضرات انبیاء کرام کی شان میں بے ادبی اور گستاخی ہے، شاعر پر...
توبہ لازم ہے، اور جن بزرگ نے اس شعر کے پڑھنے سے قوال کو روک دیا انہوں نے حق کی...
منکر کو روک دیا۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من رأى منكم منكرا فليغيره بيده فان لم يستطع فبلسانه فان لم يستطع...
وذلك اضعف الايمان۔ (مسلم شریف ص ۵۱ ج ۱)

جزاء الله تعالىٰ خير الجزاء۔ (واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔)

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل...
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۰۹)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ
ہم اہل سنت بعد نماز کے سوائے مغرب کے صلاۃ کہتے ہیں یہاں عبدالکریم جو باہر کار...

...ے اس کو ناجائز بتاتا ہے۔ چنانچہ اس نے اس کے بارے میں مدرسہ جامع العلوم کانپور سے استفتاء کیا
...س میں صلاۃ کو ناجائز و بدعت بتایا، فتوی مع سوالات و جوابات کے نقل کر کے خدمت اقدس میں پیش
کیا جاتا ہے، بتایا جائے کہ کیا یہ فتوی صحیح ہے۔ اگر غلط ہے تو اس کا رد بلیغ فرما کر ہمارے ہاتھ تیغ بید ریغ
عطا فرمائی جائے کہ موقع پر مخالفین کے مقابلہ میں استعمال کرسکیں۔

نقل فتوی

بخدمت جناب مفتی دار العلوم جامع العلوم کانپور جامع مسجد پٹکاپور کانپور۔

زید اذان کے بعد اور تکبیر کے قبل کلمات الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وغیرہ پکارتا ہے یہ کیسا
ہے؟ کیا یہ جائز ہے؟ کیا سرور کائنات کے زمانے میں یہ رائج تھا؟ کس صورت میں کیا جائز ہے؟ اس
مسجد میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟ اختلاف ہونے کی صورت میں کیا کیا جائے؟
جواب جلد از جلد دینا اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے گا۔
عبدالکریم۔

الجواب

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

اذان و تکبیر کے درمیان اس طرح کے کلمات پکارنا کہیں سے ثابت نہیں اس لئے بدعت ہے۔

(۱) ناجائز ہے۔
(۲) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں بالکل نہ تھا۔
(۳) جواب اوپر ہو چکا۔
(۴) اس کو اگر قدرت ہو روک دینا چاہئے۔ مگر جھگڑے اور فساد سے بہر حال بچنا چاہئے۔
(۵) اس مسجد میں باوجود ان کلمات پکارے جانے کے نماز صحیح ہے۔
(۶) ایسے شخص کو سمجھانا چاہئے کہ وہ ایسا نہ کرے اور اگر وہ ضد و اصرار کرے تو پھر چونکہ وہ غلط
بات پر ضد کر رہا ہے اس لئے اس کے پیچھے نماز نہ پڑھے۔

غرض بدعت کی اصلاح حتی الوسع ضروری ہے مگر جھگڑے و فساد اور مسلمانوں میں اختلاف سے
احتراز ضروری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصوب۔

کتبہ بندہ محمد نصیر غفرلہ مدرس جامع العلوم کانپور ۱۶ رمضان المبارک ۳۷ھ

(۱) کیا ایسے مفتی کی جانب مسائل دینیہ میں رجوع کرنا چاہیے؟ کیا ایسے مفتی کو اپنی مسج
دینے چاہیے؟ کیا ایسے مفتی کو اس جماعت میں شریک ہونے دینا چاہیے؟ اس کی شرکت سے اس
میں تو کوئی خرابی لازم نہیں آئے گی؟ بینوا توجروا۔

حافظ غلام احمد کانپور ۲۳ر رمضان المبارک ۷۳ھ

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مدرسہ جامع العلوم جامع مسجد کانپور کا یہ فتوی غلط وباطل ہے اور تصریحات کتب فقہ کے بالکل
خلاف ہے۔ مجیب کے پاس کسی معتبر کتاب کا اگر کوئی ایک بھی حوالہ ہوتا تو اسے اپنے فتوی میں نقل ک
اور اس کو مدلل فتوی بناتا۔ اس فتوی کو دیکھ کر تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ مجتہد الوقت ہے جو بلا نقل دلیل
جو چاہتا ہے حکم دیدیتا ہے۔ اس کی جہالت ولاعلمی کا یہ حال ہے کہ نہ وہ غریب بدعت کے معنی ہی کو
جانتا ہے، نہ جائز و ناجائز کی معرفت رکھتا ہے، نہ اس کی کتب فقہ پر نظر ہے، نہ اس کو احکام رسم المفتی
کچھ خبر ہے۔ تو ایسے لغو فتوی کے رد وجواب کی کوئی حاجت ہی نہیں تھی لیکن اس سے عوام مسلمین
غلطی میں مبتلا ہونے کا زبردست خطرہ ہے اس لئے یہ مختصر رد بروقت لکھا جاتا ہے۔ مجیب نے اگر ج
کی ہمت کی تو انشاء اللہ تعالی اس کی پوری تحقیق پیش کردی جائے گی۔

مجیب لکھتا ہے:

اذان وتکبیر کے درمیان اس طرح کے کلمات پکارنا کہیں سے ثابت نہیں اسلئے بدعت ہے

مجیب کا یہ قول یا تو اس کی انتہائی جہالت ولاعلمی کی بناپر ہے کہ اس نے نہ کسی فقہ کی کتاب کو دیکھا۔ نہ
کسی قول فقیہ کی خبر ہے۔ یا اس کے سخت معاند اور ہٹ دھرم ہونے کی بناپر ہے کہ باوجود تصریحات
کے قصداً جان بوجھ کر اس کا انکار کر رہا ہے اور جرات ودلیری سے کیسا لکھ رہا ہے کہ کہیں سے ثابت نہیں
تو ہم اس جاہل اور ہٹ دھرم کو ثابت کئے دیتے ہیں کہ اذان وتکبیر کے درمیان اس طرح کے کلمات کا
پکارنا بکثرت کتب فقہ سے ثابت ہے۔ مجیب آنکھیں کھول کر دیکھے کہ فقہاء نے اس کا نام تثویب رکھا
۔اور اس کو نہ فقط جائز بلکہ مستحسن قرار دیا ہے۔

چنانچہ نور الایضاح اور اس کی شرح مراقی الفلاح میں ہے:

(ویثوب) بعد الاذان فی جمیع الاوقات لظهور التوانی فی الامور الدی

فی الاصح وتثویب کل بلد حسب ما تعارفه اهلها۔ (طحطاوی ص۱۱۴)

اور صحیح مذہب میں تمام وقتوں میں اذان کے بعد تثویب کہے کیونکہ دینی باتوں میں سستی ظاہر ہے
اور ہر شہر کی تثویب وہ ہے جو اس کے رہنے والے اسے سمجھ لیں۔

طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے:

(قوله فی جمیع الاوقات) استحسنه المتاخرون وقد روی احمد فی السنن
والبزاز وغیرهما باسناد حسن موقوفا علی ابن مسعود ما راه المسلمون حسنا فهو
عند الله حسن ولم یكن فی زمنه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ولا فی زمن اصحابه الا ما
امر به بلال ان یجعله فی اذان الفجر۔ (طحطاوی مصری ص۱۱۴)

فقہاء متاخرین نے تثویب کو مستحسن جانا اور استحسان کا ثبوت اس حدیث سے ثابت ہے جسے امام
احمد نے سنن میں اور بزار وغیرہ نے بسند حسن حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے موقوفا روایت
کیا کہ جسکو مسلمان اچھا جانیں وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی اچھی ہے۔ اور تثویب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم کے زمانہ میں نہ تھی مگر اس قدر کہ حضرت بلال کو یہ حکم ہوا تھا کہ وہ اسکو اذان فجر میں کہیں۔ (یعنی
الصلاۃ خیر من النوم) کا اذان میں اضافہ کرنا۔

کنز الدقائق اور اس کی شرح عینی میں ہے:

(ویثوب) من التثویب وهو العود الی الاعلام بعد الاعلام وانما اطلقه تنبیها علی
ما استحسنه المتاخرون من التثویب فی كل الصلوات لظهور التوانی فی الامور
الدینیة۔ (عینی مصری ج۱ ص۲۷)

تثویب پہلے اعلان کے بعد دوسرے اعلان کی طرف لوٹنا ہے۔ صاحب کنز نے اسکو مطلق بیان
کرنے میں اس بات کی تنبیہ کی ہے کہ متاخرین نے اس تثویب کو نمازوں میں مستحسن جانا ہے۔ اسلئے کہ
دینی امور میں سستی ظاہر ہو چکی تھی۔

جوہرہ نیرہ شرح مختصر القدوری میں ہے:

المتاخرون استحسنوه فی الصلوات كلها لظهور التوانی فی الامور الدینیة و
صفته فی كل بلد علی ما یتعارفونه۔ (جوہرہ نیرہ ۱/۴۵)

متاخرین نے سب نمازوں میں تثویب کو مستحسن جانا کہ امور دینیہ میں سستی ظاہر ہے اور تثویب

کے الفاظ ہر شہر کیلئے وہ ہیں جنہیں وہاں کے رہنے والے سمجھ لیں۔

تنویر الابصار اور اس کی شرح درمختار میں ہے:

یثوب بین الاذان و الاقامة فی الکل للکل بما یتعارفوہ۔

(ردالمحتار ص ۲۷۲)

اذان وتکبیر کے درمیان اوقات نماز میں ہر اس لفظ سے تثویب کہیں جس کو لوگ جانتے

علامہ شامی ردالمحتار میں عنایہ سے ناقل ہیں:

احدث المتاخرون التثویب بین الاذان و الاقامة علی حسب ما تعا
جمیع الصلوات سوی المغرب۔ (ردالمحتار ۲۷۲)

متاخرین نے سوائے مغرب کے تمام نمازوں میں اذان وتکبیر کے مابین ہر اس لفظ
جسے لوگ سمجھتے ہوں تثویب کہنا جائز کہا ہے۔

بخیال اختصار اس وقت دس کتابوں کی عبارت پیش کی گئیں ورنہ اس تثویب کے جواز
قنیہ، ملتقط، ہدایہ، بحر الرائق، فتاوی قاضیخان، نہر مجتبی، درر، نہایہ، وغیرہا کتب فقہ میں ہے۔

خود مجیب کے پیشوا مولوی خرم علی غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار میں صاف طور پر یہ لکھتے ہیں:

اور موذن اذان اور اقامت کے درمیان بلاوے سب نمازیوں کو بدون تخصیص اس پر
سب نمازوں میں جس طرح کہ ان کے بلد کی عادت ہو۔ تثویب یعنی اعلان بعد الاذان کا طریقہ
کہ بعد اذان بقدر بیس آیت پڑھنے کے ٹھہر جانے کے بعد اس طرح الصلوۃ الصلوۃ کہنا۔ یا چلو
ہے۔ یا جس طرح کا رواج ہو۔ پھر اس کے بعد بقدر بیس آیت کے توقف کرے پھر کہے۔ کذا فی
مگر مغرب میں تثویب نہیں۔ (غایۃ الاوطار ج ۱ ص ۱۸۱)

لہذا اب مجیب کا اسقدر کتب فقہ سے ثابت شدہ جائز و مستحسن فعل کو یہ کہہ دینا کہ اس کا کہیں
ثبوت نہیں کیسا صریح کذب اور جیتا جھوٹ ہے۔ مجیب کو چاہئے کہ اپنے اوپر لعنة الله علی الک
پڑھ کر دم کرے۔

پھر مجیب کا مزید براں اس پر یہ کہنا کہ (اس لئے کہ بدعت ہے) کیسی زبردست جراءت و
ہے کہ اس کے فتوے سے گویا ان کتابوں نے ایک فعل بدعت کو جائز و مستحسن قرار دیکر غلط و باطل حکم
تمام فقہا اور ان کے بعد کی ساری امت کے سب بدعتی و گمراہ ٹھہرے۔ العیاذ باللہ

لطف تو یہ ہے کہ اس جاہل مفتی کو خود اپنے گھر کی بھی خبر نہیں کہ اس کے پیشوا خرم علی نے غایۃ الاو
ار میں اس صلاۃ کو بدعت حسنہ لکھا ہے، جس کی اصل آگے نقل کیجائے گی، اور بدعت حسنہ کے متعلق اس
کے دوسرے پیشوا گنگوہی صاحب (فتاوی رشیدیہ ج ۱ ص ۱۰) میں فرماتے ہیں:

جس کو بدعت حسنہ کہتے ہیں سنت ہی ہے۔

تو ان دونوں کے کلاموں سے یہ صلاۃ سنت قرار پائی۔ لہذا مجیب نے اس کو بدعت کہا تو گویا
یک سنت کو بدعت قرار دیا اور خود اپنے پیشواؤں کی مخالفت کی اور ان کو بدعتی ٹھہرایا۔ علاوہ بریں مجیب یہ
ی بتائے کہ اب خود اس کا حکم غلط و باطل ٹھہرا۔ یا اس کے پیشوا مولوی خرم علی کا۔ اور یہ ظاہر ہے کہ اس
کے پیشوا کا قول تو فقہا کے قول کے موافق ہے جیسا کہ عبارت مذکورہ سے ظاہر ہو چکا ہے۔ تو خود مجیب ہی
کا صلاۃ کو ناجائز و بدعت کہنا غلط و باطل قرار پایا اور کتب فقہ کی تصریحات کے خلاف ٹھہرا۔ قول مجیب بلا
یہ گمراہ وضال ثابت ہوا۔

پھر مجیب کا بعد اذان صلوۃ پکارنے کے جواب نمبر ایک میں یہ لکھنا۔ کہ ناجائز ہے۔ یہ بالکل غلط و
باطل حکم ہے کہ تصریحات فقہ کے خلاف ہے۔

چنانچہ درمختار میں ہے:

التسلیم بعد الاذان حدث فی ربیع الاخر سنة سبعمائة و احدی و ثمانین فی
عشاء لیلة الاثنین ثم یوم الجمعة ثم بعد عشر سنین حدث فی الکل الا المغرب ثم فیها
تین و هو بدعة حسنة۔ (ردالمحتار مصری ج اول ص ۲۷۳)

رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر سلام کہنا نیا پیدا ہوا ربیع الآخر (۷۸۱) سال ہجری میں عشا کی
نماز میں دوشنبہ کی رات پھر جمعہ کے دن پھر دس برس کے بعد پیدا ہوا سب نمازوں میں سوائے مغرب
کے پھر مغرب میں بھی دوبار سلام کہنا رائج ہوگیا اور یہ امر بلاشبہ جائز ہے۔

(ترجمہ اردو درمختار غایۃ الاوطار جلد اول کشوری ص ۱۸۱)

اس عبارت درمختار اور مولوی خرم علی کے ترجمہ سے ثابت ہوگیا کہ بعد اذان حضور نبی کریم صلی
اللہ تعالی علیہ وسلم پر بآواز بلند صلاۃ وسلام کہنا اس چودھویں صدی کے کسی عالم کا ایجاد کردہ مسئلہ نہیں ہے
بلکہ اس کی ابتداء ۷۸۱ھ میں ہوئی اور اس کے بعد فقہا نے ہر زمانے اور صدی میں اس فعل کو باقی رکھا اور
اس پر اتفاق نہیں فرمایا بلکہ اپنی اپنی تصنیف میں ذکر فرمایا کہ اس صلوۃ کے بدعت حسنہ اور مستحسن و جائز ہو

نے کا حکم دیا۔ لہٰذا اب انصاف پسند طبیعتوں کیلئے اس سے زیادہ روشن ثبوت اور صاف ...
سکتی ہے۔ اور جو فعل تخمیناً چھ سو سال سے رائج ہے اور فقہاء امت کا معمول ہے آج کسی نا...
کسی دلیل وثبوت کے اسے ناجائز وبدعت محض اپنی رائے ناقص سے کہدینا کتنی بڑی دلیر...
ہے اور چھ صدی کے فقہا وعلما ومشائخ بلکہ تمام مسلمین کو بدعتی وگمراہ ٹھہرانا ہے۔ والعیاذ باللہ تعا...

پھر مجیب کا جواب نمبر۲ میں یہ لکھنا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں یہ...
مسلم ہے لیکن کسی چیز کا زمانہ اقدس میں نہ ہونا اس کے ناجائز ہونے کی دلیل نہیں۔

چنانچہ طحطاوی میں صاف طور پر فرمایا کہ:

اگرچہ یہ زمانہ اقدس اور زمانہ صحابہ میں نہ تھی مگر باوجود اس کے متاخرین فقہا نے ا...
جائز بلکہ مستحسن قرار دیا۔

نیز مجیب کا مدرسہ جامع العلوم اور اس کے نصاب تعلیم کی کتابیں اور معلمین ومدرسین...
بھی زمانہ اقدس میں نہ تھیں تو کیا مجیب کے نزدیک یہ تمام امور محض اس بنا پر بدعت وناجائز...
اپنی دلیل کو خود اپنے اوپر بھی تو جاری کرے اور اس مدرسہ کو بدعت وناجائز اور اس کے نصا...
کتابوں کو بدعت وناجائز اور اپنی تنخواہوں کو بدعت وحرام ہونے کا بھی تو فتویٰ صادر کرے...
لفت کرے۔

پھر مجیب کا جواب نمبر۴ میں یہ لکھنا کہ "اس کو اگر قدرت ہو روک لینا چاہئے" بھی...
جب صلاۃ بعد اذان کا جائز ومستحسن ہونا کتب فقہ سے ثابت ہو چکا تو اس کو روکنا نہ چاہئے۔ مجیب...
سے تنخواہ نہ لینے پر قدرت ہی ہے تو وہ تعلیم دین پر کیوں تنخواہ لیتا ہے کہ تعلیم دین پر تنخواہ لینا حضو...
تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ہرگز ہرگز نہیں تھا۔ تو مجیب اپنی تنخواہ کا جواز کس آیت یا حدی...
ثابت کرتا ہے، بلکہ اس کی دلیل سے اس کی تنخواہ بدعت وحرام ہے تو مجیب اپنی قدرت کو استعمال...
اپنا حرام مال سے کیوں پیٹ بھرتا ہے۔

پھر مجیب کا جواب نمبر۵ میں یہ لکھنا کہ "ایسے شخص کو سمجھانا چاہئے، وہ ایسا نہ کرے اور اگ...
اصرار کرے تو پھر چونکہ وہ غلط بات پر ضد کر رہا ہے اس لئے اس کے پیچھے نماز نہ پڑھے"۔ عجب...
بعد اذان صلاۃ کہنا غلط نہیں بلکہ ایسا صحیح ہے کہ کتب فقہ سے ثابت ہے، تو اس کو کس طرح منع ک...
ہے اور اس پر ضد واصرار کرنے والے کے پیچھے نماز کیوں نہ پڑھی جائے گی۔ ہاں سمجھانا تو اس...

...گمراہ کو ہے جو اس صلاۃ کو بدعت وناجائز کہے۔ اور نماز تو اس خبیث ضال کے پیچھے نہ پڑھی جائے جو
...اس کے ناجائز وبدعت ہونے پر ضد واصرار کرے اور اپنی غلطی سے جائز فعل کو ناجائز ٹھہرائے۔

مجیب کی یہ بات کہ "بدعت کی اصلاح حتی الوسع ضروری ہے" صحیح ہے۔ تو یہ مدرسہ جامع العلوم
...کثرت بدعات کا مجموعہ ہے تو مجیب پہلے اس مدرسہ کی تو اصلاح کرے۔ اگر خود ساری بدعات کو نہیں
...روک سکتا ہے تو کم از کم تعلیم دین پر تو اجرت وتنخواہ ہرگز ہرگز نہ لے۔

سائل کے سوال اول کا جواب یہ ہے۔ ایسے جاہل مفتی کی طرف جو قصداً فقہ کی مخالفت کرے
ہرگز ہرگز رجوع نہ کیا جائے۔ نہ اسے اپنی مسجد میں آنے دیا جائے۔ نہ اسے اپنی جماعت میں شریک کرنا
چاہئے کہ اس کی شرکت سے مسلمانوں میں تفریق پیدا ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۵ رشوال المکرم ۷۳ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۱۰)

مولانا الاعلی الافضل مکرمنا الاجل الانجل حضرت مولانا المولوی المفتی الحاج الشاہ محمد اجمل دام
فیضہم الاعم الاکمل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ السلام علیکم ورحمۃ وبرکاتہ

بزم قادری رضوی کانپور کا سنی بھائیوں کو ضروری اعلان شائع ہونے پر وہابیہ دیوبندیہ نے اس
کے خلاف غلط اور زہریلے پروپگنڈے کر کے بھولے بھالے سیدھے سادے مسلمان اہل سنت کے
درمیان فتنہ وشر وفساد برپا کر دیا۔ لہٰذا یہ اشتہار مذکور خدمت عالی میں پیش کر کے جناب والا سے استفتاء
ہے کہ یہ اشتہار شرعاً حق وصحیح ودرست ہے یا نہیں؟۔ اور جو شخص کہے کہ یہ اشتہار سرتاپا غلط ہے اس پر کیا حکم
شرعی ہے؟۔ جواب براہ کرم جہاں تک ہو سکے جلد عنایت ہو۔ بینوا توجروا۔ ال

المستفتی سگ بارگاہ رضوی فقیر ابوالفتح عبید الرضا محمد حشمت علی خان۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

بزم قادری رضوی کانپور کا اشتہار بعنوان "سنی اسلامی بھائیوں کو ضروری اعلان" میں نے اول
سے اخیر تک پڑھا۔ اس اشتہار کا نہ فقط مضمون بلکہ ہر کلمہ لفظ لفظ شرعاً حق وصحیح ودرست ہے اور اہل اسلام

کے لئے فضاء ملکی اور اپنی استطاعت وقوت وقتی کو مدنظر رکھتے ہوئے بہترین مشورہ اور عمدہ
ہے اور اشتعال انگیز تحریکوں اور ناعاقبت اندیشیوں کی بنا پر آنے والے زہریلے خطرات اور
واقعات سے بچنے کے لئے نفیس ترین سپر وقلعہ ہے، اور بمقتضائے آئیہ کریمہ " لا یکلف اللہ
وسعھا" کے اسکا ہر حکم اور ہر مشورہ انمول موتی اور جوہر پارہ ہے۔ کہ اس میں مفتی صاحب
وقت واستطاعت کی پورے طور پر نباضی کر کے بہترین تشخیص کی ہے۔ اور قوم مسلم کے
مناسب اور انتہائی مفید وقتی نسخہ تجویز کیا ہے کہ جو ہر طرح کے خطرہ اور نقصان سے حفاظت کر
صحیح شاہراہ پر لے جانے والا ہے۔ اگر کسی نے اپنی کم فہمی یا انتہائی غیظ وغضب کی بنا پر اس کی
ہے تو اس غم وغصہ کے اتر جانے کے بعد جب وہ ٹھنڈے دل سے سوچے گا تو وقت اور فضا اس
درست کہنے پر اس کو مجبور کردیگی۔ اور جن لوگوں نے محض فتنہ پردازوں اور اشتعال انگیزوں
مشتعل ہو کر اپنے آپ کو گرفتار کرالیا تھا اور وہ جیل سے معافی مانگ کر واپس ہوئے انہوں
چہروں پر کیسا بدنما سیاہ دھبہ لگادیا جیسا کہ اخبارات سے ظاہر ہوا۔ لہذا یہ لوگ کاش اگر اس
کرتے تو انہیں یہ روز بد کیوں دیکھنا پڑتا۔ مولی تعالی ہمارے سنی بھائیوں کو عقل وفہم اور انہیں
فتنہ پردازیوں اور شرانگیزیوں سے محفوظ رکھے۔ یہ ساری گفتگو ہمارے برادران اہل سنت سے

اب رہے وہابیہ ودیوبندیہ تو سرکار رسالت میں توہین اور گستاخیاں کرنا انکا تو عین
چنانچہ انکی کتابوں میں صدہا توہین آمیز عبارتیں مطبوعہ موجود ہیں جن میں سے اس اشتہار میں
عبارات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ تو ان دیوبندیوں کو سرکار رسالت کی توہین نہ کبھی ناگوار گزر
ناگوار ہے۔ ابھی تقریبا چھ ماہ کا عرصہ گذرا کہ بابوراؤ پٹیل کی توہین رسالت پر ہر مقام پر صرف
نے ہی پرامن جلسے کئے اور پاس کر کے حکومت کو بھیجے، کسی جگہ سے دیوبندیوں کی کوئی آواز
ہوئی۔ اور اس امرت پتریکا کی توہین پر بھی یہ ہرگز نہ ابھرتے۔ لیکن اخبار نئی دنیا دہلی نے جمیعۃ ا
جب لعن طعن کیا تو اس پر محض یہ مقصد مدنظر رکھ کر اس اپیل پر انتہائی غضب دکھایا اور پرجوش مظاہ
اس وقت ہم توہین رسالت پر مظاہرہ کر کے اور غم وغصہ کی پرجوش تقریریں کر کے مسلما
باور کرائیں گے کہ دیوبندی جماعت تو توہین کرنے والوں سے بہت سخت بیزار ہے اور اس پر جا
ہر طرح کی قربانی پیش کررہی ہے۔ لہذا عامۃ المسلمین کے قلوب سے خود ہماری توہین رسالت
دھل جائیگا اور ہم عاشقان محبوب خدا صلی اللہ تعالی علیہ وسلم میں شمار ہونے لگیں گے، پھر اس سے

لے بھالے مسلمانوں کو اپنے دام تزویر میں پھانس لیا کریں گے۔

اس اشتہار نے چونکہ ان کے مقصد پر پانی پھیر دیا اور ان کے توہین آمیز مضامین کی طرف اشارہ
کر کے ان کے عیب کو اور اچھال دیا اس بنا پر دیوبندیوں نے اس اشتہار کے خلاف پروپیگنڈہ کیا اور
بھولے بھالے مسلمانوں میں فتنہ وفساد برپا کیا، ورنہ اگر دیوبندیوں کی اس بات میں کہ وہ توہین رسالت
کرنے والوں کے دشمن ہیں اور واقعی انہیں توہین رسالت ناگوار ہے اور وہ اس پر جان ومال کی
قربانیاں پیش کرنے کو تیار ہیں، تو اپنے اکابر کی کتابوں میں تقویۃ الایمان، حفظ الایمان۔ براہین قاطعہ،
تحذیر الناس وغیرہ رسائل کی طباعت بند کریں اور اپنے اکابر کی توہین آمیز عبارات سے بیزاری کا اعلان
کریں اور ان پر حکم شرعی صادر کریں تو دنیا اس فیصلہ پر مجبور ہوجائے گی کہ دیوبندی اپنے دعوی میں صادق
ہیں اور جب تک دیوبندی یہ کام نہیں کریں گے تو ان کا یہ ''امرت پتریکا'' کی توہین کے خلاف مظاہرہ کرنا
اور غم وغصہ کا اظہار کرنا محض نمائش بلکہ دجل وفریب ہے۔ بلکہ ان کے اس زائد جوش اور مظاہروں کا یہ غلط
نتیجہ برآمد ہوا کہ خاص مرکز وہابیت سہارنپور میں اس توہین سے زائد شرمناک اور گندہ واقعہ ظہور میں آیا۔
جو اخبار بینوں سے پوشیدہ نہیں ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ان دیوبندیوں نے اس توہین پر کیا کارنامہ کیا اور
ان کی چوٹی کی ذمہ دار ہستیوں نے جو حکومت میں دخیل ہیں کیا اپنی کرسیوں کو چھوڑ کر اپنے ظاہری غم
وغصہ کا کچھ بھی مظاہرہ کیا ہرگز ذرہ بھر نہیں۔ بلکہ ان کے شیخ نے آخر یہی مضمون لکھا جو اس اشتہار کا مضمون
ومفہوم ہے کہ مسلمان مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہیں ارصبر وسکون سے کام لیں۔ تو اب دیوبندیوں کو
چاہیے تھا کہ شیخ جی کے خلاف بھی پروپگنڈے کرتے اور فتنہ وفساد کرتے۔ مگر اب آنکھیں کھلیں اور اسی
نتیجہ پر پہنچے جو اس بزم قادری کے اشتہار کا نظریہ تھا۔ اب ٹھوکر کھا کر عقل آئی۔ ہمارے سنی بھائی اس سے
سبق حاصل کریں اور اپنے اشتہار کی قدر کریں۔

اب باقی رہا اس شخص کا قول جو اس اشتہار کو سرتاپا غلط کہتا ہے۔ ظاہر ہے کہ سنی مسلمان تو ایسا نا
پاک جملہ نہ کہے گا۔ کہ اس کے عقیدہ میں سرکار رسالت کی شان اقدس میں گستاخی بڑی مصیبت عظمی اور
سخت ترین آفت کبری ہے۔ اور خلاف شریعت امور کا ارتکاب کرنا اور نصاری وغیرہ گمراہوں کا شعار
اختیار کرنا اور مسلمانوں کو شر وفساد اور تباہ کنی کے غلط مشورے دینا شرعا حرام ہیں۔ اور محرمات سے اجتناب
کرنا اور یکمشت داڑھی رکھنا اور نمازوں کی پابندی کرنا شعار دین ہے، اور دیوبندیوں کا اپنی کتابوں میں
صدہا گستاخیاں اور گندی گھنونی توہین کرنا تیح اور امر واقعی ہے۔ اور وقت مصیبت وحاجت کے۔ بارگاہ

الٰہی میں بتوسل انبیاء کرام علیہم السلام واولیاء عظام دعا کرنا سنت ہے،تو کوئی سنی ان امور کو غلط
دولت ایمان کو کیوں برباد کرے گا۔پھر بھی اگر کسی نے اپنی کم فہمی یا ناواقفیت سے انکو غلط کہا تو
شرع ہے۔لہذا اس پر توبہ لازم ہے اور تجدید ایمان ضروری ہے۔

ہاں اس کو سرتاپا غلط کہنے والا کوئی بیدین دیوبندی وغیرہ گمراہ ہوگا۔جس کا اصل مذہب
ہی یہ ہے کہ توہین سرکار رسالت کو بڑی مصیبت عظمی اور سخت ترین آفت کبری سمجھنا غلط ہے۔اور
سے اجتناب کرنا غلط ہے۔اور نصاریٰ اور گمراہوں کے شعار سے پرہیز کرنا غلط ہے۔اور مسلما
وفساد اور تباہ کنی سے بچانا غلط ہے۔اور یکمشت داڑھی کا رکھنا غلط ہے۔اور نمازوں کی پابندی کر
اور دیوبندیوں کا کتابوں میں سرکار رسالت کی شان میں گستاخیاں کرنے کو فقط برا جاننا بلکہ ا
کے لئے نقل کرنا بھی غلط ہے اور بوقت مصیبت وحاجت بتوسل حضرات انبیاء علیہم السلام واولیا
اللہ تعالی سے دعا کرنا بھی غلط ہے۔

بالجملہ ان میں سے نہ کسی ایک بات کا بلکہ تمام امور کو سرتاپا غلط کہنے کی جرأت کوئی دیو
گمراہ و بیدین ہی کرسکتا ہے کہ جب وہ توحید و رسالت ہی کے اہم عقائد کو غلط کہتے ہیں ا
احادیث ہی کے احکام کو غلط ٹھہراتے ہیں تو ایسے لوگوں کا اس اشتہار بزم قادری کو سرتاپا غلط کہہ د
ہے۔لہذا جس دیوبندی نے اس اشتہار کو سرتاپا غلط کہا ہے اس نے اپنے کفریات میں اس
اضافہ کرلیا ہے۔مولی تعالی ان کو ہدایت فرمائے۔واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

۷؍ذی الحجۃ الحرام ۱۳۷۱ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل،الفقیر الی اللہ عزوجل
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول،ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۱۱)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں

خالص سنی عقیدے کے مسلمانوں نے جو لاکھوں اور کروڑوں روپے کی اوقاف مزارا
کرام رحمۃ اللہ تعالی علیہم کے ضروری مصارف کے لئے وقف کیے ہیں جن میں عرس کے مصا
شامل ہیں کیا ان اوقاف کی حفاظت ونگرانی اور انتظام کے لئے ان لوگوں کو مقرر کرنا جو اولیائے
عقیدت نہیں رکھتے،جو ان کے مزارات کی تعظیم نہیں کرتے اور جو ان کے مراسم عرس کو شرک ا

تے ہیں کیا از روئے شریعت اسلام یہ جائز ہے؟ کیا اولیائے کرام کے معتقدین کے اعتقادی مذہبی اور
امی امور میں زبردستی دخل دینا مداخلت فی الدین نہیں ہے؟۔کیا سنی عقیدے کے مسلمانوں کے
ح وطلاق اور مہر وغیرہ کے معاملات میں بدعقیدہ لوگوں کو قاضی مقرر کرنا جائز ہے؟ اور کیا مسلمانوں
ے پرسنل لاء (مذہبی معاملات) میں نامناسب مداخلت نہیں ہے۔از راہ کرم شرعی احکام سے مطلع
مائیں۔ خادم ملت۔محمد مستحسن فاروقی،مدیر آستانہ سجادہ نشین کلیمی دہلی۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

سوالات کے جوابات سے پہلے یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ جمعیۃ العلماء یعنی فرقہ وہابیہ دیوبندیہ
ب علماء،اولیاء،ائمہ،صحابہ،تمام امت سارے اہل سنت وجماعت کو کافر ومشرک جانتے ہیں۔یہاں بہ
ظر اختصار اس کا صرف ایک نمونہ پیش کیا جاتا ہے۔چنانچہ تمام امت سارے اہل سنت وجماعت کا
جماعی اتفاقی اعتقادی یہ عقیدہ ہے کہ حضرات انبیاء کرام علیہم السلام گنہگاروں کی شفاعت اور سفارش
رمائیں گے۔یہ عقیدہ بکثرت آیات واحادیث سے ثابت ہے۔حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ
قہ اکبر میں اسی عقیدہ کو تحریر فرماتے ہیں:۔

شفاعۃ الانبیاء علیہم السلام حق و شفاعۃ نبینا علیہ الصلوۃ والسلام للمومنین
المذنبین ولا ہل الکبائر منہم المستوجبین للعقاب حق ثابت۔(فقہ اکبر۔ص۳)

حضرات انبیاء علیہم السلام کی شفاعت حق ہے اور ہمارے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی شفاعت
گناہگار مسلمانوں اور ان کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لئے جو عذاب کے مستوجب ہوگئے حق اور ثابت
ہے۔

اب دیکھیے اس جمعیۃ العلماء کے پیشوا امام الوہابیہ اسمعیل دہلوی تقویۃ الایمان میں لکھتے ہیں:۔

امیر کی وجاہت کے سبب سے اسکی سفارش قبول کی سو اس قسم کی سفارش اللہ کی جناب میں ہرگز
ہرگز نہیں ہوسکتی۔اور جو کوئی کسی نبی ولی کو یا امام اور شہید کو یا کسی فرشتے کو یا کسی پیر کو اللہ کی جناب میں اس
قسم کا شفیع سمجھے سو وہ اصلی مشرک ہے۔ (تقویۃ الایمان۔ص۳۵)

نیز اسی میں ہے؛

اور انکو اپنا وکیل اور سفارشی سمجھنا بھی انکا کفر وشرک تھا سو جو کوئی کسی سے یہ معاملہ کرے گا گو کہ

اس کو اللہ کا بندہ مخلوق ہی سمجھے سو ابوجہل اور وہ شرک میں برابر ہے۔ (تقویۃ الایمان
اب اس دیوبندی جمعیۃ العلماء سے دریافت کرو کہ تمہارے اس پیشوا دہلوی نے خود حضر
اعظم تمام فقہاء ومحدثین، اولیا وصالحین صحابہ وتابعین تمام امت سارے اہل سنت وجماعت کو ا
بلکہ ابوجہل کے برابر مشرک کہا، اور تم اس کے اس حکم اور فتوی سے سرمو انحراف نہیں کر سکتے تو
عقیدے اور مذہب میں بھی تمام اہل سنت وجماعت اصلی مشرک اور ابوجہل کے برابر مشر
ہوئے۔

اسی طرح اہل سنت وجماعت کے عقائد واعمال مثلاً میلاد شریف، گیارہویں شری
چہلم، فاتحہ، نذر ونیاز، عرس، قبروں پر غلاف ڈالنا، پھول نچھاور کرنا، توسل، استمداد از اولیائے کر
جو شرعاً جائز ومستحب ہیں۔ اور یہ دیوبندی جمعیۃ العلماء ان سب کو اپنے مذہب کے حکم سے ب
شرک وکفر کہتی ہے۔ چنانچہ تذکیر الاخوان تقویۃ الایمان میں ہے:۔

ربیع الاول میں مولود کی محفل ترتیب دینا، اور جب وہاں ذکر حضرت کے پیدا ہونے
کھڑے ہو جانا، ربیع الثانی کو گیارہویں کرنا، شعبان میں حلوا پکانا، رمضان میں اخیر جمعہ کو خط
اور قضاء عمری پڑھنا، شوال میں عید کے روز سویاں پکانا اور بعد نماز عیدین کے بغلگیر ہو کر ملنا، یا مص
کفن کے ساتھ جانماز اور چادر بھی ضرور بنانا، کفن پر کلمہ وغیرہ لکھنا، قبر میں قل کے ڈھیلے اور شجرہ
تیجہ، دسواں، چالیسواں، اور چھ ماہی، اور برسی، عرس مردوں کے کرنا، قبروں پر چادریں ڈالنا
بنانا، قبروں پر تاریخ لکھنا، وہاں چراغ جلانا، اور دور دور سے سفر کر کے قبروں پر جانا، مقلد کا حق تق
کافی جاننا (وغیرہ امور گنا کر حکم یہ ہے) جو شخص اس کی برائی دریافت کر کے ناخوش اور خفا ہوا اور
برا لگے تو صاف جان لیا چاہئے کہ وہ شخص اس آیۃ کے بموجب مسلمان نہیں۔
(تذکیر الاخوان۔ص ۸۷، ۸۸)

فتاوی رشیدیہ حصہ دوم ص ۹۱ پر ہے۔ فاتحہ کھانے یا شیرینی پر پڑھنا بدعت ضلالہ ہے،
نہ کرنا چاہئے۔

اسی فتاوی رشیدیہ میں اس ص ۱۱۲ پر ہے:
کسی عرس اور مولود میں شریک ہونا درست نہیں۔ اور کوئی سا عرس اور مولود درست نہیں
اسی فتاوی رشیدیہ میں ص ۶۷ پر ہے۔ غیر اللہ سے مدد مانگنا اگرچہ ولی ہو یا نبی شرک ہے

چند سطر کے بعد ہے۔ نذر حرام وناجائز ہے۔
اسی فتاوی رشیدیہ حصہ اول کے ص ۱۳۸ میں ہے۔ مجلس مولود مروجہ بدعت ہے، فاتحہ مروجہ بھی
عت ہے اور سوم دہم چہلم جملہ رسوم ہنود کی ہیں۔
اسی فتاوی کے حصہ دوم کے ص ۳۰ پر ہے۔ ہاں عرس کے دن زیارت کو جانا حرام ہے۔
اسی کے جلد سوم ص ۱۱۳ پر ہے۔ قبر پر پھول وغیرہ چڑھانا نادرست ہے۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ وہابیہ نے اہل سنت وجماعت کے مذہبی امور خیر اور افعال
تحبہ کو اپنے مذہب میں ناجائز وحرام اور بدعت وشرک قرار دیا تو یہ امر متحقق ہو چکا کہ دیوبندی جمعیۃ
العلماء ہمارے تمام اہل سنت وجماعت کو اصلی مشرک ابوجہل کے برابر جانتی ہے اور انکے اعمال وافعال کو
عت وناجائز کہتی ہے۔ لہذا اہل سنت وجماعت کے مذہب اور دیوبندی جمعیۃ العلماء کے مذہب میں
لیسا زبردست اختلاف ثابت ہے جس کا کوئی ذی عقل انکار نہیں کر سکتا۔

اب باقی رہا اوقاف اہل سنت وجماعت کا حکم تو ظاہر ہے کہ جب اتحاد مذہب کے باوجود صرف
فروعی اختلاف کی بنا پر وہ مدرسہ جو حنفیوں پر وقف ہے، شافعیہ یا حنبلیہ یا مالکیہ کے قبضہ واختیار میں نہیں
دیا جا سکتا باوجود کہ یہ سب ہم مذہب اہلسنت وجماعت ہیں۔

ردالمحتار میں ہے:۔ کمدرسة موقوفة علی الحنفیة، مثلا لا یملك احد ان یجعلها
لاهل مذهب آخر وان اتحدت الملة۔ (ردالمحتار ج ۳۔ ص ۲۸۰)

تو وہ دیوبندی جمعیۃ العلماء جو اہل سنت وجماعت سے نہ فقط فروعی اختلاف بلکہ مذہبی اصولی
اختلاف بھی رکھتی ہے تو اوقاف اہل سنت وجماعت کو اس دیوبندی جمعیۃ العلماء کے انتظام اور نگرانی میں
دینا ہرگز ہرگز جائز نہیں اور حکومت کا ان کے قبضہ واختیار میں دینا یقیناً زبردستی مداخلت فی الدین ہے۔
پھر یہ بھی ظاہر ہے کہ ہر وقف کے لئے اس کے واقف کے شرائط کا لحاظ ضروری ہے اور مثل شارع کے نص
کے ہے۔

فقہ کی مشہور کتاب ردالمحتار میں ہے:۔ صرحوا بان شرط الواقف کنص الشارع۔
(ردالمحتار ج ۳، ص ۴۳۵)

اور جب شرائط واقف کا لحاظ اس قدر ضروری ثابت ہوا تو جو اوقاف مزارات حضرات اولیا کرام
کے لئے ہیں اور ان کے واقفوں نے ان کے مصارف عرس اور اس میں میلاد شریف، فاتحہ، نذر ونیاز،

چادریں، روشنی لنگر وغیرہ امور خیر کے لئے مقرر کر دیئے ہیں تو یہی شرائط وقف قرار پائے
دیوبندی جمیعۃ العلماء ان اوقاف پر قابض ہو کر اگر شرائط واقف کا لحاظ کرتے ہوئے کچھ
مصارف عرس، میلاد شریف، فاتحہ نذر و نیاز چادریں، روشنی لنگر وغیرہ اس مال وقف سے کریں
اپنے ہی مذہب کے حکم سے بدعتی اور کافر و مشرک ٹھہرتے ہیں، اور اس کا نتیجہ ہر ذی عقل جانتا ہے
یہ لوگ پورے طور پر ان اوقاف پر قابض ہو جائیں تو اپنے مذہب کے خلاف یہ امور کر کے اپنے
کیوں مجرم بنائیں گے۔ اور اپنے آپ کیوں بدعتی اور کافر و مشرک کہلائیں گے لہذا ان شرائط
بالکل نیست و نابود ہی کر دیں گے۔ اور شرعاً شرائط واقف کسی کے مٹ نہیں سکتے۔ اور ان کی مخالفت
کر نہیں سکتا۔

فتاوی خیریہ میں ہے:۔ اذا وجد شرط الواقف فلا سبیل الی مخالفتہ۔
(فتاوی خیریہ۔ ج ١۔ ص ١٢٣)

بحر الرائق میں ہے: تصرف القضاۃ بالاوقاف مقید بالمصلحۃ لا انہ یتصرف
شاء فلو فعل ما یخالف شرط الواقف لا یصح۔
(فتاوی خیریہ۔ ج ١۔ ص ١٤٤)

اسی فتاوی خیریہ میں ہے: لا یجوز لاحد ان یفعل شیئا مخالفا لما شرطہ الواقف
شرط الواقف کنص الشارع وقالو او ماخالف شرط الواقف فھو مخالف للنص۔
(فتاوی خیریہ۔ ج ١۔ ص ١٩٨)

ردالمحتار میں ہے: انھم صرحوا ان مراعاۃ غرض الواقفین واجبۃ۔
(ردالمحتار۔ ج ٣۔ ص ٤٦٧)

علامہ شامی بحر سے ناقل ہیں۔ وما خالف شرط الواقف فھو مخالف للنص۔
(ردالمحتار۔ ج ٣۔ ص ٤٣٦)

اور جمیعۃ العلماء جب ہمارے اہل سنت و جماعت کے اوقاف پر قابض ہو گی تو ان جیسے
واقف کی ضرور مخالفت کرے گی اور شرائط کے خلاف کرتا گویا اس وقف کو نیست و نابود کر دینا ہے۔
حاصل کلام یہ نکلا کہ یہ دیوبندی جمیعۃ العلماء اس وقف بل کی آڑ لے کر ہمارے اہل سنت
جماعت کے اوقاف کو ہڑپنا چاہتی ہے۔ تاکہ یہ عرس، میلاد شریف، فاتحہ نذر و نیاز، روشنی وغیرہ امور

بالکل بند کرادے اور یہ وقف بل بلاشبہ یقیناً مداخلت فی الدین ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

جواب سوال دوم

جواب اول میں یہ ثابت ہو چکا ہے کہ دیوبندی جمیعۃ العلماء جب تمام امت اور سارے اہل
سنت و جماعت کو اصلی مشرک و کافر بلکہ ابوجہل کی برابر مشرک کہتی ہے تو تمام امت تو کافر مشرک ہو نہیں
سکتی کہ حدیث شریف میں وارد ہے جس کو ترمذی شریف میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے
روایت کی کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

لا یجتمع امتی علی ضلالۃ۔ (مشکوۃ شریف ص ٣٠)
میری امت گمراہی پر جمع نہیں ہو گی۔

تو یہ حکم کفر و شرک خود اسی دیوبندی جمیعۃ العلماء پر لوٹ کر آیا کہ حدیث شریف میں ہے جو مسلم و
ترمذی میں بروایت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

ایما امری قال لا خیہ کافر فقد باء بھا احدھما ان کان کما قال والا رجعت الیہ۔
(جامع صغیر۔ ج ١۔ ص ٩٨)

جو کسی اپنے مسلمان بھائی کو کافر کہے ان دونوں میں سے ایک پر یہ بلا ضرور پڑے اگر جسکو کہا وہ
سچ کافر تھا جب تو خیر ورنہ یہ لفظ اسی کہنے والے پر پلٹ آئے گا۔

اسی بنا پر امت کے سلف و خلف تصریح کرتے ہیں کہ جو ساری امت کو گمراہ کہے اور صحابہ کرام کی
تکفیر کرے وہ خود کافر ہے۔

علامہ قاضی عیاض شفا میں فرماتے ہیں: وکذالک نقطع بتکفیر کل قائل قال قولا
یتوصل بہ الی تضلیل الامۃ وتکفیر جمیع الصحابۃ۔ (شرح شفا۔ ج ٢ ص ٥٤١)

اور اسی طرح ہم یقین کرتے ہیں اس شخص کے کافر ہونے کا جو ایسی بات کہے جس سے تمام
امت کو گمراہ ٹھہرائے اور صحابہ کو کافر کہنے کی طرف راہ نکلے۔

تو یہ دیوبندی جمیعۃ العلماء تمام امت کو مشرک و کافر کہہ کر خود بھی کافر ہو گی اور جب ان
دیوبندیوں کا کافر ہونا ثابت ہو چکا تو کافر کو اہل اسلام کا قاضی مقرر کرنا شرعاً جائز نہیں۔

قرآن کریم میں ہے:

ولن یجعل اللہ للکافرین علی المومنین سبیلا۔

ردالمحتار میں ہے:۔ان تقلید الکافر لا یصح۔(وایضا)لم یصح قضاء الکا[...]
المسلم حال کفره ۔ (ردالمحتار ص۴۔ص۳۱۱)

یہاں تک کے مسلمان پر کافر کی شہادت مقبول نہیں فتاوی عالمگیر میں ہے:

لا تقبل شهادة الكافر على المسلم ۔

درمختار وتنویرالابصار میں ہے۔واهله (القضاء)اهل الشهادة ای ادائها على الم[...]
(ردالمحتار۔ج۴۔ص۳۱۱)

لہذاان دیوبندیوں کا مسلمانوں کے نکاح وطلاق وغیرہ مذہبی معاملات کے لئے قاض[...]
ناجائز ہے۔اور حکومت کا ہم پر جبر کرنا یقیناً مداخلت فی الدین ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل،الفقیر الی اللہ عزوجل
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول،ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۱۲)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین کہ
صبح بعد نماز فجر سلام ومصافحہ یا ہر نماز کے بعد صرف مصافحہ کس حد تک صحیح ودرست [...]
حدیث وفقہ کے مدلل جواب دیں اللہ آپکو جزائے خیر عطا فرمائے۔

جب ایک مسلمان کی دوسرے مسلمان سے ملاقات ہو سلام کرے اور مصافحہ کرے۔[...]
نماز عصر یا کسی نماز کے وقت کو خاص کرنا یا تمام نمازوں کے بعد سلام اور مصافحہ کو خاص کرنا مکر[...]
بدعت ہے سنن روافض سے ہے۔

شامی جلد۵ص۳۳۶پر فرماتے ہیں۔انه تكره المصافحة بعد اداء الصلوة لكل[...]
لان الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم ماصافحوابعد اداء الصلوة ولا نها من سنن الر[...]
ثم نقل عن ابن حجر من الشافعية انها بدعة مكروهةلااصل لها في الشرع اه و[...]
المصافحة فی الشرع انماهوعند لقاء المسلم لاخيه لا فی ادبار الصلوات۔

حضرات صحابہ نے نماز کے بعد مصافحہ نہیں کیا۔مصافحہ کا وقت شرعاً ملاقات کا وقت ہے یعنی
اپنے بھائی سے ملاقات ہو نہ کہ نمازوں کے بعد۔لہذا حتی الامکان مسلمانوں کو اس مکروہ اور بدعت
سے بچنا چاہیئے۔واللہ تعالیٰ اعلم۔۔۔احقر واحد رضا غفرلہ،مدرس مدرسہ شاہی مسجد مرادآباد،

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ جواب از روئے تصریحات فقہاحنفیہ صحیح ہے یا نہیں۔

الجواب

نحمده ونصلی علی رسوله الكريم

شاہی مسجد مرادآباد کا یہ جواب فقہاء احناف کی تصریحات کے خلاف ہے اور اس میں مجیب نے
[...]ت مغالطہ اور فریب دیا ہے۔اس وقت میں اس کا رد پیش کرتا ہوں،

مجیب کہتا ہے،

جب ایک مسلمان کی دوسرے مسلمان سے ملاقات ہو سلام کرلے اور مصافحہ کرے۔

اقول: مجیب کا اتنا حکم صحیح ہے اور یہ حکم ہر مسلمان کی دوسرے مسلمان سے ہر ملاقات اور ہر لمحے
[...]کے وقت کے لئے عام ہے تو نماز فجر وعصر یا اور نمازوں کے بعد کی ملاقاتوں کے لئے بھی یہی حکم ثابت
[...]ا کہ ہر مسلمان ایک دوسرے کو سلام کرے اور مصافحہ کرلے۔یہی حدیث شریف اور کتب فقہ حنفی کی
[...]صریحات سے ظاہر ہے۔

طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے:

والمصحافحة سنة في سائر الاوقات لما اخرج ابو داؤد عن ابی ذر ما لقيت النبي
صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الا وصا فحني الحديث۔(طحطاوی ص۱۸۶)

اور مصافحہ تمام وقتوں میں سنت ہے۔اس حدیث کی بنا پر جس کو ابوداؤد نے حضرت ابوذر سے
روایت کیا کہ میں جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ملاقات کرتا تو حضور مجھ سے مصافحہ فرماتے۔

علامہ محمد طاہر مجمع البحار میں فرماتے ہیں:

كانت المصافحة فی اصحابه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هی سنة مستحبة عند
كل لقاء وما اعتادوه بعد صلوة الصبح والعصر لا اصل له في الشرع ولكن لا باس به
وكونهم حافظين عليها فی بعض الاحوال ومفرطين فيها فی كثير منها لا يخرج ذلك
البعض عن كونه مما ورد الشرع باصلها وهی من البدع المباحة۔
(مجمع البحار۔ج۲۔ص۲۵۰)

مصافحہ حضور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ میں سنت تھا،اور ہر ملاقات کے وقت مستحب ہے
اور لوگوں نے جس مصافحہ کی نماز صبح اور عصر کے بعد عادت کرلی ہے اس کا شرع میں تو ثبوت نہیں لیکن اس

کے کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور بعض حالات میں ان کا اس پر محافظت کرنا اور بہت سے ا...
اس کو نہ کرنا اس بعض کو اس مصافحہ کے حکم سے خارج نہیں کرتا جس کی اصل شرع میں وارد ہوئی
مباح بدعت ہے۔

فقہ کی مشہور کتاب درمختار میں ہے:

یجوز المصافحة لا نهاسنة قديمة متواترة لقوله عليه الصلوة والسلام من... اخاه المسلم وحرك يده تناثرت ذنوبه واطلاق المصنف تبعا للدرر والكنز... النقاية والمجمع والملتقى وغيرها يفيد جوازها مطلقا ولو بعد العصر وقولهم... اى مباحة حسنة۔ (ردالمحتار۔ج ۵۔ص۲۵۲)

مصافحہ جائز ہے کہ وہ قدیم سنت متواترہ ہے۔ یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس حد... پر ہے کہ جس نے اپنے بھائی سے مصافحہ کیا اور اس کے ہاتھ کو جھٹکا دیا تو گناہ جھڑ جاتے ہیں، ... کا جواز مصافحہ کو مطلق رکھنا درر وکنز ووقایہ ونقایہ ومجمع وملتقی وغیرہ متون کے تابع ہو کر مصافحہ کے... جائز ہونے کو مفید ہے اگرچہ مصافحہ بعد عصر ہو اور علماء کا اس مصافحہ کو بدعت کہنا تو اس سے مراد... حسنہ ہے۔

خود مجیب کی پیش کردہ شامی میں اس کی نقل کردہ عبارت کے متصل یہ عبارت ہے۔

اعلم ان المصافحة مستحبة عند كل لقاء واما ما اعتاده الناس من المصاف... صلوة الصبح والعصر فلا اصل له فى الشرع على هذا الوجه لكن لا باس به فا... المصافحة سنة وكونهم حافظين عليها فى بعض الاحوال ومفرطين فى كثير من الا... او اكثرها لا يخرج ذلك البعض من كونه من المصافحة اللتى ورد الشرع باصلها ... الشيخ ابو الحسن البكرى وتقييده بها بعد الصبح والعصر على عادة كانت فى... والافعقيب الصلوة كلها كذلك كذا فى رسالة الشرنبلالى فى المصافحة ونقل م... الشمس الحانوتى وانه افتى به مستدلا بعموم النصوص الواردة فى مشروعيتها... الموافق لماذكره الشارح من اطلاق المتون۔ (شامی، ج۵، ص۲۵۲)

جانو کہ مصافحہ ہر ملاقات کے وقت مستحب ہے لیکن لوگوں نے نماز صبح اور عصر کے بعد جو مص... عادت کر لی ہے تو اس مصافحہ کی وجہ خاص کی شرع میں کوئی اصل نہیں لیکن اس مصافحہ کے کرنیکی و...

...ی مضائقہ نہیں کیونکہ مصافحہ کی اصل سنت ہے تو ان کا بعض احوال میں مصافحہ پر محافظت کرنا اور اکثر ...ال و اوقات میں نہ کرنا اس بعض احوال کے مصافحہ کو اس مشروع مصافحہ کے حکم سے خارج نہیں ...رتا جس کی اصل شریعت میں وارد ہے۔ شیخ ابو الحسن بکری نے فرمایا: مصافحہ کا بعد نماز صبح وعصر کے ساتھ ...قید کرنا ان کے زمانہ کی عادت کی بنا پر ہے، ورنہ مصافحہ سب نمازوں کے بعد اسی طرح مباح و جائز ہے، ...ی حکم جواز علامہ شرنبلالی کے رسالہ مصافحہ میں ہے اور یہی حکم جواز علامہ شمس حانوتی سے منقول ہے اور ...ہوں نے اس مصافحہ کے مشروع ہونے میں نصوص واردہ کے عموم سے استدلال کر کے فتوی دیا، اور یہی جواز مصافحہ کا حکم درمختار کے اس استدلال کے موافق ہے۔

ان احادیث اور عبارات فقہ سے ثابت ہو گیا کہ ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان سے ہر ملاقات کے وقت مصافحہ کرنا مستحب بلکہ سنت ہے۔ اور فجر وعصر وغیرہ میں نمازوں کے بعد مصافحہ بھی اسی مشروع اور وارد شدہ مصافحہ کے حکم میں شامل ہو کر جائز ومشروع ثابت ہوا۔ اور اس کے جواز ومشروعیت پر علامہ شمس الدین حانوتی نے فتوی دیا۔ یہاں تک کہ مجیب کے پیشوا اور مقتدا مولوی خرمعلیؔ نے غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار میں اس مصافحہ کو بدعت حسنہ قرار دیا۔ چنانچہ وہ تحریر کرتے ہیں:

خلاصہ یہ ہے کہ اصل مصافحہ سنت ہے اور خصوصیت وقت کی بدعت حسنہ ہے۔
(غایۃ الاوطار کشوری ج۴ص ۲۱۸)

لیکن یہ مجیب ان احادیث اور کتب فقہ کے خلاف اور خود اپنے پیشوا مولوی خرمعلیؔ کی مخالفت میں ...لکھتا ہے۔

نماز فجر یا نماز عصر یا کسی نماز کے وقت خاص کرنا یا تمام نمازوں کے بعد سلام اور مصافحہ کو خاص کرنا مکروہ ہے، بدعت ہے اور سنن روافض سے ہے۔

اقول مجیب جب ایک مسلمان کی دوسرے مسلمان سے ہر ملاقات پر سلام ومصافحہ کا حکم دے چکا تو اپنے اس حکم کو مدنظر رکھتے ہوئے خود ہی سوچتا کہ فجر وعصر وغیرہ کی نمازوں کے بعد بھی تو ایک مسلمان کی دوسرے مسلمان سے ملاقات ہی ہوتی ہے تو اس کے بعد بھی سلام ومصافحہ جائز ہی ہونا چاہئے۔ اگر احادیث وکتب فقہ کا لحاظ نہیں تو اپنے پیشوا کے حکم ہی کا لحاظ کیا ہوتا۔ لیکن مجیب نے سب کو پس پشت ڈال کر اس مصافحہ کا مکروہ و بدعت ہونا اور سنن روافض ہونا صاف طور پر آنکھیں بند کر کے لکھ دیا، اور پھر مجیب نے اپنے اس دعوے پر نہ کوئی آیت پیش کی، نہ کوئی حدیث نقل کی، نہ اس کی کراہت کی کوئی وجہ بیان کی

،نہ سنن روافض ہونے کی بنا ظاہر کی، بلکہ صاف طور پر ان فقہاء امت کو مثبت مکروہ اور اہل بد...
روافض کا حامی بنا کر اپنے اعمال نامہ کو خوب سیاہ کیا اور اقوال صحیحہ کتب فقہ کی مخالفت کر...
مخالف فقہ حنفی ہونے کا ثبوت پیش کیا۔ نیز مجیب یہ بھی ظاہر کرے کہ اس کے پیشوا مولوی خر...
ہیں کہ اصل مصافحہ سنت ہے اور خصوصیت وقت کی بدعت حسنہ ہے اور مجیب اس کے بالکل...
ہے کہ وقت کو خاص کرنا مکروہ، بدعت وسنن روافض ہے۔ تو اب کس کا حکم صحیح ہے اور کس کا غلط...
مجیب اپنے حکم کو صحیح کہتا ہے۔ تو ہمیں صاف الفاظ میں یہ لکھ کر دے کہ ہمارے مولوی خرم علی...
اس عبارت کو لکھ کر مثبت مکروہ، بدعتی اور سنن روافض پر چلنے والے قرار پائے، تو ہم سمجھ لیں...
اپنے حکم کو صحیح جانتا ہے اور کوئی کلمہ اپنے اس پیشوا کے خلاف نہیں لکھ سکتا تو ظاہر ہے کہ مجیب کا...
خود اس کی نظر میں بھی غلط قرار پائے گا، اور مولوی خرم علی کا حکم صحیح ہے کہ بعد نمازوں کے خاص...
مصافحہ کرنا بدعت حسنہ ہے اور بدعت حسنہ ان کے عرف میں سنت کہلاتی ہے۔

پھر مجیب نے اپنی کم فہمی ولاعلمی سے اپنے دعوے کے ثبوت میں شامی کی یہ عبارت پیش...
شامی جلد ۵ رص ۲۳۶ پر فرماتے ہیں: انہ تکرہ المصافحۃ بعد اداء الصلوٰۃ ل...
لان الصحابۃ رضی اللہ عنہ ما صافحوا بعد اداء الصلوٰۃ ولانہا من سنن الرو...
ثم نقل عن ابن حجر من الشافعیۃ انہا بدعۃ مکروہۃ لا اصل لہا فی الشرع اھ و...
المصافحۃ فی الشرع انہا ہو عند لقاء المسلم لاخیہ لا فی اداء الصلوات ۔ اھ

اقول: مجیب نے اس عبارت کے نقل کرنے میں ایک تو یہ شرمناک خیانت کی کہ شامی...
عبارت سے پہلے وہ عبارت تھی جو ہم نے اوپر نقل کی ہے۔ مگر مجیب نے اس کو محض اس لئے نقل نہ...
اس میں فقہاء حنفیہ کے نمازوں کے بعد مصافحہ کے جواز کے اقوال تھے۔ اس پر فتوے دیا جانے...
۔ اس میں فقہ حنفی کی کتابوں کا ذکر تھا۔ دوسری نقل عبارت میں خیانت یہ کی کہ چند عبارتوں کو ایک...
بنا دیا اور درمیان کے الفاظ قصداً چھوڑ دئے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس عبارت میں تین اقوال ہیں۔

پہلا: قول ملتقط کا ہے جو "انہ تکرہ المصافحۃ" سے "سنن الروافض" تک ہے...

اقول: اس عبارت میں کراہت کی دو علتیں بیان کیں۔ ایک علت یہ ہے کہ صحابہ کرام...
ز مصافحہ نہیں کیا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ کسی فعل کو صحابہ کرام کا نہ کرنا اس فعل کے شرعاً ناجائز...
دلیل نہیں۔

چنانچہ علامہ شہاب الدین قسطلانی مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں:

الفعل یدل علی الجواز وعدم الفعل لا یدل علی المنع ۔

(مواہب لدنیہ مصری ج ۲ رص ۱۶۲)

یعنی کسی چیز کا کرنا اس کے جائز ہونے پر دلالت کرتا ہے اور نہ کرنا اس کے منع ہونے پر دلالت نہیں کرتا۔

بلکہ یہ بات خود مجیب اور اس کے گروہ کو بھی مسلم ہے ورنہ صحابہ کرام نے قرآن کریم کو سات منزلوں اور تیس پاروں پر اور ہر پارہ کو ربع۔ نصف۔ ثلث پر تقسیم نہیں کیا، نہ اس میں اعراب لگائے، نہ اس کے دوسری زبانوں میں ترجمے کئے، نہ حدیثوں کو لکھ کر کوئی حدیث کی کتاب جمع کی، نہ مدرسے بنائے، نہ ان میں یہ کتابیں پڑھائیں جو زیر درس ہیں، نہ دینی تعلیم پر تنخواہیں لیں۔ تو کیا مجیب ان سب چیزوں کو محض صحابہ کرام کے نہ کرنے کی بنا پر ناجائز ومکروہ قرار دے سکتا ہے؟۔

تو ثابت ہو گیا کہ صحابہ کرام کا کسی فعل کو نہ کرنا اس کے ناجائز ومکروہ ہونے کی دلیل نہیں۔ لہٰذا اسی طرح صحابہ کرام کا نمازوں کے بعد مصافحہ نہ کرنا بھی اس کے ناجائز ہونے کی دلیل وعلت نہیں۔

اس عبارت میں دوسری علت یہ بیان کی کہ مصافحہ سنن روافض سے ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ جو فعل اس قوم کا شعار خاص ہو، یا فی نفسہ ممنوع ہو، یا کرنے والا اسکو بقصد تشبہ کرے تو ایسا تشبہ مکروہ ہے۔ اسی شامی میں ہے:

ان التشبہ انما یکرہ فی المذموم وفیما قصد بہ التشبہ لا مطلقا ۔

(شامی مصری ج ۱ رص ۴۵۳)

تو جب یہ مصافحہ نہ فی نفسہ ممنوع ومذموم، نہ کرنے والے اس کو بقصد مشابہت روافض کرتے ہیں۔ تو اس میں وہ تشبہ ہی نہیں پایا گیا جو اس مصافحہ کو مکروہ ثابت کر سکے۔ علاوہ بریں کسی گمراہ قوم کی سنت اس وقت تک لائق اجتناب ہے جب تک کہ وہ ان کی سنت وشعار ہے اور جب اس قوم سے اسکا رواج اٹھ جائے تو وہ نہ اس قوم کی سنت کہلائے گی اور نہ پھر اس پر تشبہ کی بنا پر ممانعت کی جائے نہ اس کو مکروہ قرار دیا جائے۔ اسی شامی میں انہیں روافض کے شعار پر فرماتے ہیں:

کان ذلک من شعارہم ۔ (ای الروافض) فی الزمن السابق ثم انفصل وانقطع فی ہذہ الازمان فلا ینہی عنہ کیفما کان ۔ (شامی مصری ج ۵ رص ۲۳۸)

اور اگر فرض بھی کرلیا جائے کہ صاحب ملتقط کے زمانے میں وہ مصافحہ سنت روافض
رے زمانے میں روافض میں نہ جماعت کا التزام ہے، نہ بعد نماز مصافحہ کا رواج ہے۔ تو ہما
میں وہ مصافحہ شعار روافض ہی نہ رہا۔

لہٰذا اب یہ مصافحہ نہ سنت روافض ہوا، نہ ان کے تشبہ کی بنا پر ممنوع ومکروہ قرار پا سکتا
بالجملہ عبارت ملتقط کی ہر دو دلیلیں مجروح ہو گئیں تو حکم کراہت بھی باقی نہ رہا۔ لہٰذا نمازوں کے
فحہ بلا کراہت جائز ومشروع ثابت ہوا، اور ملتقط کی عبارت سے مجیب کا استدلال غلط قرار پایا۔

دوسرا قول یہ ہے۔ ثم نقل عن ابن حجر من الشافعية انها بدعة مكروه
لها في الشرع۔

اقول: مجیب نے اس کے الفاظ نہ معلوم کیوں نقل کئے۔ اس عبارت کا جواب بھی دیا
اگرچہ یہ ایک شافعی المذہب کا قول ہے جو تصریحات فقہائے حنفیہ کے مقابلہ میں ہے۔ اس
ت اتو یہ ہے کہ اس مصافحہ کو بدعت مکروہ کہا اس کا جواب یہ ہے کہ علامہ ابن حجر شافعی نے اس
بدعت مکروہہ کن علتوں کی بنا پر کہا ہے اگر وہی علتیں ہیں جو ملتقط کی عبارت میں مذکور ہوئیں تو ا
کا صحیح نہ ہونا ثابت ہو چکا۔ اور جب علت ہی صحیح نہ ہوگی تو اس پر حکم کس طرح صحیح ہو سکتا ہے۔

لہٰذا اس مصافحہ پر بدعت مکروہ ہونے کا حکم صحیح نہیں ہوا۔ علاوہ بریں جب ہمارے
کتابوں میں اس مصافحہ کو بدعت حسنہ لکھا ہے جیسا کہ اوپر فقہ حنفی کی مشہور کتاب درمختار کی عبا
گذرا۔ انه بدعة مباحة حسنة۔ یعنی یہ مصافحہ بدعت مباحہ وحسنہ ہے اور یہی مجیب کے پیش
خرم علی نے غایۃ الاوطار میں لکھا۔ بدعت حسنہ ہے۔ تو مجیب نے اب درمختار کے حکم کے خلاف
پیشوا کے حکم کے مقابل ایک شافعی المذہب کے قول کو سند بنایا۔ مجیب کو چاہئے کہ اپنی کمزوری
دھرمی سے باز آئے اور اپنی غلطی کا اعتراف کر کے توبہ واستغفار کرے۔

دوسری بات اس عبارت میں یہ ہے کہ اس مصافحہ کی شرع میں کوئی اصل نہیں۔ اس کا جو
ہے کہ ہم نے شامی سے یہ عبارت نقل کی۔ لا يخرج ذلك البعض عن كونه من المص
اللتي ورد الشرع باصلها۔

یعنی بعض اوقات جیسے بعد نماز کا مصافحہ اس حکم سے خارج نہیں جس کی اصل شریعت میں
ہوئی اس میں صاف طور پر فرما دیا کہ بعد نماز کے مصافحہ کی اصل شرع میں وہی مشروع مصافحہ ہے

مصافحہ کی اصل شرع میں موجود ہوئی۔ لہٰذا اب اس کے مقابل یہ کہہ دینا کہ اس مصافحہ کی شرع میں کوئی
اصل نہیں کس طرح صحیح ہو سکتا ہے۔

تو اب مجیب بتائے کہ وہ شامی کی اس عبارت کو مانتا ہے یا اس قول شافعی المذہب کو مانتا ہے؟۔
علاوہ بریں علامہ ابن حجر شافعی کے قول کے خلاف خود اکابر شافعیہ جیسے علامہ نووی کا قول اذکار میں موجود
ہے کہ اس مصافحہ کی اصل شرع میں وہی مصافحہ مشروعہ ہے۔ جس کو ردالمحتار نے نقل کیا اور شافعیوں میں
علامہ نووی کی جلالت علامہ ابن حجر سے بدرجہا بلند ہے۔

بالجملہ اس مصافحہ کا بدعت مکروہہ اور بے اصل ہونا ثابت نہ ہو سکا بلکہ اس کا بدعت حسنہ اور شرع
میں موجود الاصل ہونا بدلائل ثابت۔

تیسرا قول یہ ہے۔

و موضع المصافحة في الشرع انما هو عند لقاء المسلم لا خيه لا في اداء
الصلوات۔

اقول مجیب نے عبارت کے نقل کرنے میں یہ عیاری کی ہے اس سے پہلے کے ان الفاظ۔
قال ابن الحاج من المالكية في المدخل انها من البدع۔ کو محض اس خوف سے نقل
نہیں کیا کہ دیکھنے والے حنفی کو یہ معلوم ہو جائے گا کہ یہ قول ابن حاج مالکی کا ہے۔ اس میں مصافحہ کو بدعت
کہا ہے جس سے بدعت حسنہ بھی مراد ہو سکتی ہے تو اس عبارت میں دو باتیں ہیں۔ ایک یہ بات ہے کہ یہ
مصافحہ بدعت ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ جن علماء نے مصافحہ کو مطلقا بدعت کہا ہے ان کی مراد بدعت
سے بدعت حسنہ ہے۔

چنانچہ اوپر درمختار کی عبارت میں منقول ہوا۔ و قولهم انه بدعة اى مباحة حسنة۔
جن علماء نے اس مصافحہ کو بدعت کہا اس سے ان کی مراد بدعت حسنہ ہے۔

اسی بنا پر مجیب نے اس لفظ کو نقل نہیں کیا تھا اور عبارت میں کتر بیونت کی تھی تو یہ بات تو مجیب کے
خلاف ہی ثابت ہوئی اور یہ مصافحہ بدعت مباحہ حسنہ قرار پایا۔

دوسری بات یہ ہے کہ یہ مصافحہ خلاف محل ہے۔ اور وہ ملاقات کا وقت ہی نہیں ہے۔ اس کا جوا
ب یہ ہے کہ نماز کے بعد کا مصافحہ بر محل ہے اور یہ وقت ہی ملاقات کا وقت ہے۔

چنانچہ حضرت محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی اخبار الاخیار میں حضرت شیخ نورالحق والدین

المشہور شیخ نور قطب عالم کے ذکر میں نقل کرتے ہیں اور یہ وہ بزرگ ہیں جن کی وفات ۸۱۳ھ
انھوں نے اپنے شیخ حضرت علاؤ الدین سے دریافت کیا۔

پیش شیخ عرض داشت کہ چہ سرست مشائخ بعداز سلام نماز فریضہ مصافحہ میکنند ،فرمود
است کہ چوں مسافرے ازسفر باز می آید بادوستاں مصافحہ می کند و چوں درویش درنماز ایستا
میگردد از خود بیروں می آید وسفر باطن حاصل میشود و چوں سلام میدہد بخود باز می آید ضرورت ست
میکند۔ (اخبار الاخیار مجتبائی ص۱۵۳)

شیخ کے سامنے دریافت کیا کیا راز ہے کہ مشائخ فرض نماز کے سلام کے بعد مصافحہ کر
انھوں نے فرمایا: طریقہ یہی ہے کہ جب کوئی مسافر سفر سے واپس آتا ہے تو دوستوں سے مصافحہ
اسی طرح جب بندہ نماز میں کھڑا ہوتا ہے تو سیر الی اللہ میں مستغرق ہو کر خودی سے باہر آتا ہے اور
حاصل ہو جاتا ہے اور جب سلام کرتا ہے خودی کی طرف واپس آجاتا ہے تو مصافحہ کی ضرورت محس
ہے۔

اس عبارت سے ثابت ہو گیا کہ نمازی کا نماز کو ختم کرنا درحقیقت سفر باطن سے واپس ہو
اسی بنا پر فرشتوں اور لوگوں کو سلام کرتا ہے۔ تو یہی تو اسکا وقت ملاقات ہے اسی لئے سلام کرنا
بلکہ ضروری ہے تو مصافحہ کم ازکم مشروع و جائز تو ہونا ہی چاہیے۔ لہذا یہ سلام و مصافحہ خلاف محل کہ
ہونے۔

بالجملہ مجیب کی پیش کردہ عبارت کے ایسے مسکت جوابات دیدئے گئے کہ اب مجیب کو
وجائے دم زدن باقی نہیں رہی۔ پھر مجیب نے عبارت کے بعد یہ لکھا "حضرات صحابہ نے نماز
مصافحہ نہیں کیا"

اقول: آج ہزاروں افعال اکابر وہابیہ کر رہے ہیں جو حضرات صحابہ نے نہیں کئے تو کیا
ناجائز ہونے کے لئے صرف یہ بات کافی ہے کہ انہیں حضرات صحابہ نے نہیں کیا؟۔ اگر مجیب ا
قاعدہ کو خود بھی صحیح جانتا ہو تو صاف لفظوں میں اقرار کرے تو پھر ہم اس کے تمام اکابر اور پیشواؤں
ناجائز افعال میں ملوث ہونا بلکہ رات دن ایسے گناہوں میں ڈوبا ہوا رہنا دکھا دینگے۔ ہمارے نز
صحابہ کرام نے بعد نماز مصافحہ نہیں کیا، پھر بھی یہ مصافحہ کے ناجائز ہونے کی دلیل نہیں جیسا کہ
مفصل لکھ چکے۔ اس کے بعد مجیب کہتا ہے۔ مصافحہ کا وقت شرعاً ملاقات کا وقت ہے یعنی جب ا

سے ملاقات ہو نہ کہ نمازوں کے بعد۔

اقول: مجیب پر لازم تھا کہ پہلے یہ ثابت کرتا کہ نماز کے بعد کا وقت ملاقات کا وقت نہیں ہے، اس
پر کوئی نص پیش کرتا اور جب اس نے کوئی نص پیش نہیں کی تو پھر اس کا دعوی بلا دلیل ہے اور ہم تو یہ ثابت
کر چکے کہ نماز کے بعد کا وقت بھی شرعاً ملاقات کا وقت ہے کہ سفر باطن سے واپس ہو کر اپنے بھائیوں
سے ملاقات ہوتی ہے جیسا کہ اخبار الاخیار کی عبارت میں گزرا۔

پھر مجیب اپنا فتوی اپنے اس حکم پر ختم کرتا ہے۔ لہذا حتی الامکان مسلمانوں کو اس مکروہ اور بدعت
طریقے سے بچنا چاہئے۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم۔ حررہ احقر واحد رضا غفرلہ

مدرس ومفتی مدرسہ شاہی مراد آباد۔

اقول: مجیب کا یہ حکم غلط ہے۔ کتب فقہ حنفی کی تصریحات کے خلاف ہے اور امت کے تمام مصا
فحہ کرنے الوں اور اس کو جائز کہنے والون کو بدعتی اور گنہ گار بتانا ہے اور مسلمانوں کو ایک فعل مشروع سے
روکنا ہے۔ لھذا مسلمان اس فتوی پر ہرگز ہرگز عمل نہ کریں اور نمازوں کے بعد مصافحہ کرتے رہیں اور اس
سے طلب ثواب اور کفارۂ معاصی کی امید رکھیں۔

مجیب میں اگر ہمت ہو تو ہمارے رد کا جواب لکھے اور ہماری پیش کردہ عبارتوں کے بدلائل جواب
دے اور دینی حمیت اور علمی قابلیت کا اظہار کرے مگر جس کی ناداری کا یہ عالم کہ جب اس کو علمائے حنفیہ کی
عبارات نہ مل سکیں تو کبھی شافعیہ کے اقوال سے استدلال کرنے لگا، کبھی مالکیہ کے اقوال سے استناد کرنے
لگا۔ اور حنفی ہونے کا مدعی ہو کر کتب حنفیہ کی تصریحات کے خلاف محض اپنے اکابر دیوبند کی تقلید میں ایسا
غلط فتوی لکھنے کی ناپاک سعی کی۔ تو پھر اس سے جواب کی کیا امید کی جا سکتی ہے۔ مولی تعالی اس کو قبول حق
کی توفیق دے۔ واللہ تعالی اعلم۔ ۸ ؍ ۷ جمادی الاخری ۱۳۷۳ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۱۳)

ما قولکم رحمکم اللہ فی ھذہ المسئلۃ

ان عالما یعظ فی الناس ویقول فی وعظہ ان الناس یحشرون یوم القیامۃ حفاۃ
عراۃ غرلا ای خالیا الرجل یعنی بلا نعل والجسد بلا کسوۃ وبغیر مختون ھل یصح قولہ

وسمع وعظه ويقيمه عليه ـ بينوا توجروا

الجواب

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

اقول وبالله التوفیق: ان قول الواعظ صحيح بلا ريب ووعظه مقبول...
الاسلام ولا انكارله لا سيما لا هل الاسلام لا ن قو له مؤيد بروا ية الصحيحين ك...
النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم عن عا ئشة رضی الله تعالى عنها قا لت سمعت...
الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يقول: يحشر النا س يو م القيامة حفا ة عراة غر لا ق...
رسول الله! الرجال والنساء جميعا ينظر بعضهم الى بعض فقال يا عا ئشة! الامر ا...
ان ينظر بعضهم الى بعض متفق عليه كذا فی المشكوة

(الجلد الثانی باب الحشر ص۳...

وايضا فيه عن ابن عباس عن النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم قا ل انكم تح...
حفا ة عراة غرلا ثم قرأ "كما بدأ نا اول خلق نعيده وعدا علينا انا كنا فا علين" ا...
يكسى يو م القيامة ابرا هيم عليه السلام الحديث متفق عليه

(ص۴۸۳) وهكذا فی جا مع الترمذی (ص۶۵)

وفی حا شية جلالين فی تفسير قوله تعالى "كما بدأنا اول خلق نعيده ا...
فی بطو ن امهاتهم حفا ة عرا ة غرلا كذا لك نعيدهم يو م القيامة (ص۳۰۹)

وفی الخا زن فی تفسير قو له تعالى "كما بدأ نا اول خلق نعيده ای كما بدأ...
فی بطو ن امها تهم حفا ة عراة غرلا كذالك نعيدهم يو م القيامة ثم نقل حديثا عن ا...
س قا ل قا م فينا رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم بمو عظة فقال ايها النا س...
تحشرون الى الله حفا ة عراة غرلا كما بدأ نا اول خلقا نعيده (المجلد الرابع ص۳...

وفی معالم التنزيل فی تفسير قوله تعالى "كما بدأنا اول خلق نعيده ای ك...
ناهم فی بطو ن امها تهم حفا ة عرا ة غرلا كذالك نعيدهم يو م القيامة

(المجلد الرابع ص۲۶۳)

هكذا حكم الكتاب ـ والله تعالیٰ اعلم بالصواب ـ

الجواب :ـ الحمد لله الذی هدا نا الى دينه المتين وانزل علينا كتا به فهو برها ن مبين ـ والصلوة والسلام على رسوله محمد خاتم النبيين ـ افضل الانبيا ء والمرسلين ـ الذی قال محد ثابنعمة رب العالمين ـ انا اول من تنشق عنه الارض فا كسى حلة خضرا ء من حلل الجنة فی يو م الدين ـ واقوم عن يمين العرش ثم يدعى با لنبيين ـ فيكسون حللا خضرا ء من حلل الجنة على رؤس الا ولين والاخرين وعلى اله وصحبه الذين يبعثون ويحشرون كا سين ـ اما بعد فهذه مقدما ت عديدة لطا لب الحق مهما ت شديدة ـ

المقدمة الاولى ان يومن با مو ر الآخرة ـ وليس للعقل فيها مجا ل ـ ولا يعترض على ذلك بعقل ولا بقيا س وليعتقد بما جا ء فی القرآن العظيم ـ وبما ورد فی احا ديث النبی الكريم ـ عليه الصلوة والتسليم ـ وبمااثبت فی كتب الكلام ـ وبما نقل عن اسلا فنا الكرام ـ وليعلم ان لم يكن عندهم دليل فما صر حوا بذالك ـ

المقدمة الثانيه: ان هيئة حشر النا س مختلفة فبعضهم يمشو ن من قبو رهم الى الموقف مشا ة وبعضهم يركبو ن من قبورهم اليه ركبا نا ـ ثم بعضهم يركب الدوا ب وبعضهم الاعما ل ـ والذين يمشو ن فبعضهم مشا ة على اقدامهم وبعضهم مشا ة على وجو ههم ـ والذين يركبو ن فواحد على برا ق او على نا قة ـ واثنا ن على بعير وثلثة على بعير ـ وار بعة على بعير ـ وعشرة على بعير ـ وبعضهم تسحبهم الملا ئكة خائفين فيحشر النا س جما عات متفرقة على احوال مختلفة ـ فمن قا ل اهل الموقف على حا لة واحدة ـ وهيئة حشر النا س ليست بمختلفة ـ فا نه يفتی بغير علم على شريعة مطهرة ـ

المقدمة الثالثه: ان اهل الحشر يحشرون بحسب اعما لهم ـ فيحشرون الكا فر على وجهه ويمشی على وجهه ويحشر المو منو ن ركبا نا ومشا ة ـ فا ما المعذ بون بذ نو بهم فيكو نو ن مشا ة على اقدا مهم واما المتقون فيحشرون ركبا نا وا ما الصحابة فيركبو ن على الدواب وبلال رضی الله تعالى عنه يحشر على نا قة من نو ق الجنة ينا دی با لا ذا ن وسيد ينا الحسن والحسين رضی الله تعالى عنهما يحشرون على العضباء والقصوا ء نا قتی جدهما عليه السلام ويبعث الانبيا ء عليهم السلام على الدواب من الجنة

ویحشر صالح علیه السلام علی نا قة اللتی عقرت فی الدنیا ۔ ویبعث نبینا محمد ص
تعالیٰ علیه وسلم علی البرا ق فی سبعین الفا من الملائکة ۔ واصحاب الدواب
یمشو ن وقتا ثم یرکبو ن ۔ وبعضهم یکو نو ن رکبانا فا ذا قا ربوا المحشر
الدواب فمشو ا ۔

ویوم القیامة جعله الله علی الکا فر مقدا ر خمسین الف سنة ۔ ویخف
المؤمن حتی یکو ن اهو ن علیه من الصلوة المکتوبة (وفی روایة) هو علی المؤمن
من ساعة من نها ر و ان ذلك یختلف با ختلا ف المؤ منین ولا یضر حر الشمس
مو منا ولا مو منة وانهم یتفاوتون فی ذلك بحسب اعما لهم ۔ فمن سوی
المحشر ولا یفرق بین الکا فر والمؤ من وبین الصالح والعاصی ۔ وبین الانبیا
اممهم فهو جا هل عن الکتاب والسنة ۔ بل عن الشریعة المطهرة ۔ وفقنا الله
اتباعهما واتبا ع رسوله علیه السلام ۔ فاقولُ ۔ بعد تمهید المقدما ت ان قول ال
وتصدیق المجیب له بلا تفرقة بین اهل المحشر وبغیر تفا وت بحسب اعما لهم
لیس بصواب بل دلت الاحادیث الا خری علی خلا فه وقا ل السلف ان الابرار
کا سین کما فی حدیث ابی سعید الخدری عند ابی دا ؤ د و صححه ابن حبا ن وا
انه لما حضرته المو ت دعا بثیاب جدد فلبسها وقال سمعت رسول الله صلی الله
علیه وسلم یقول ان المیت یبعث فی ثیا به اللتی یمو ت فیها ۔ وعند الحراث بن ابی
واحمد بن منیع فا نهم یبعثو ن من قبو رهم فی اکفا نهم اللتی یکفنون فیها ویتزا
یزور بعضهم بعضا فی القبو ر فی اکفانهم اکراما للمؤ منین بتا نیس بعضهم ببعض
کا ن حا لهم فی الدنیا وحدیث جا بر هذا اسنا ده صا لح کما نقله الحا فظ فی ال
عن العقیلی ورواه هو والخطیب وسمویه من حدیث انس مثله نقله العلامة القسط
فی الموا هب والعلامة الزرقانی فی شرحه ثم نقلا التو فیق فی الاحا دیث هکذا
کما قا ل البیهقی وغیره بینه ای ما ذکر من الاحادیث المصرحة با نهم یحشرون کا
وبین ما فی البخاری و مسلم انکم تحشرون حفا ة عراة بأن بعضهم یحشرون
وبعضهم کا سیا بثیا به وایضانقل ما رواه الطبرانی فی الریا ض النضرة وعزاه للامام ا

فی المنا قب عن محمد بن زید الهزلی ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قا ل لعلی اما
علمت یا علی انه انا اول من یدعی به یو م القیامة فا قو م عن یمین العرش فی ظله فا کسی
حلة خضرا ء من حلل الجنة ثم یدعی با لنبین بعضهم علی اثر بعض فیقومو ن سما طین
عن یمین العرش فیکسون حلة خضرا ء من حلل الجنة الحدیث فظهر من هذ التو فیق فیما
بین الاحا دیث ان احوال اهل المحشر مختلفة فبعضهم یحشر کا سیا و بعضهم عاریا ۔ بل
فی وقت کا سیا وفی وقت عریا فی حالة العری لا ینظر بعضهم الی بعض یشغلهم فان
لکل امری منهم شأن یغنیه ۔ فثبت ان الابرار یحشرون کا سین کما صرح العلامة
القسطلا نی فی المواهب والعلامة الزرقا نی فی شرحه ان النا س یحشرو ن علی ثلثة
افواج فو جا را کبین طاعمین کا سین وهم الا برار وفوجا تسحبهم الملائة علی وجو
ههم وهم الکفا ر وفو جا یمشو ن ویسعون وهم المؤمنون العاصون اه۔والانبیاء علیهم
السلام یکسون حلة الکرامة ولنبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خصوصیة اخری حیث
تبلی ثیا ب الخلا ئق وثیابه لا تبلی حتی تکسی الحلة کما صرح به االعلامة الزرقانی ۔

فکا ن ینبغی للوا عظ والمجیب ان یفرقا احوالهم بحسب اعما لهم ویبینا کل
فرقة مع احوالها ویظهرا التو فیق فیما بین الاحوال المختلفه ۔ فلما ترکا هذا فصا را غیر
معتمدین فلا یسمع وعظه احتیاطا ان کا ن من اهل السنة والافلا یجو ز جعله واعظا
للمسلمین ۔ والله تعالی اعلم با لصوا ب ۔ ۱۶/ رجب المرجب ۱۳۷٤ھ

کتبه: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۱۴)

وہابیوں کی ایک کتاب جس کا نام فیصلہ خصومات از محکمہ دار القضاۃ ملقب بہ" تازیانہ سلطانی
برمفتری کذاب رضا خانی" ہے۔اس میں نوشتہ ہے۔کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع رضا خانیوں
کی کتاب جس کا نام "نغمۃ الروح" ہے اس کے چند اشعار یہ ہیں۔

تیری عبدیت میں جبرالکھ گیا — منھ اجالا ہوگیا احمد رضا
نکیرین آ کے مرقد میں جو پوچھیں گے تو … کا ہے — ادب سے سر جھکا کر لوں گا نام احمد رضا خان کا

میری حالت آپ پر سب ہے عیاں — آپ سے کیا ہے چھپا احمد رضا
(نغمۃ الروح۔ص...

یہ دعا ہے یہ دعا ہے یہ دعا — تیرا اور سب کا خدا احمد رضا (ص۴۳)
حشر میں جب ہو قیامت کی تپش — اپنے دامن میں چھپا احمد رضا
جب زبانیں سوکھ جائیں پیاس سے — جام کوثر کا پلا احمد رضا (ص۴۵)

آیا یہ اشعار صحیح ہیں یا نہیں، اگر صحیح ہیں تو کیوں۔ وہابیوں کے اس اعتراض کا جواب دیکر مشکور فرمائیں اور جواب دلائل قاہرہ سے عنایت فرمائیں اور اصل حقیقت سے مطلع فرما کر عنداللہ ... ہوں۔

الجواب

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

مذہب وہابیت کی بنیاد ہی جب افتراء و بہتان پر ہے کہ وہ اپنی طرف سے کتابوں ... تصنیف کر ڈالیں۔ مصنفوں کے نام گڑھ لیں۔ مطابع بنالیں۔ عبارات محض اپنے دل سے گڑھ کر ... طرف منسوب کر لیں۔ جن کے چند نمونے میری کتاب ''ردشہاب ثاقب'' میں درج ہیں۔ تو پھر ... حوالے پر کس طرح اعتماد ہو۔ انہیں اشعار کے حوالے کی غلطیاں ملاحظہ ہوں کہ ان میں کے پہلے ... نغمۃ الروح سے نقل کئے ہیں۔ کہیں اس قصیدہ ''نغمۃ الروح'' میں یہ تین اشعار نہیں ہیں۔ نہ قصیدہ ... صفحہ ۹ پر نہ ص ۴۵ پر۔ بلکہ یہ نغمۃ الروح صفحہ ۴۴ سے شروع ہوا ہے، تو یہ کیسا صریح افترا ہے۔ اس ... آخر کے دو شعر صفحہ ۴۸ پر ہیں جن کا ۴۵ لکھا ہے۔ کیا یہ غلطی نہیں۔ یہ تو نام کتاب اور صفحات کی ... ہیں، اب اس کی حقیقت بھی سن لیجئے، کہ مدائح اعلیٰ حضرت ایک کتاب کا نام ہے جس میں اعلیٰ ... مولانا مولوی الحاج الشاہ احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مناقب میں انکے مریدین نے جو ... وقصائد لکھے تھے اس میں طبع ہوئے ہیں۔ اس میں ذمہ دار اور غیر ذمہ دار ہر طرح کے شاعر ہیں ... الروح ایک خاص قصیدہ کا نام ہے۔ جو اس کتاب کے صفحہ ۴۴ سے شروع ہو کر صفحہ ۴۸ پر ختم ہوا ہے۔ ... پر جلی قلم سے اس کتاب کا نام ''مدائح اعلیٰ حضرت'' چھپا ہوا موجود ہے۔ نیز ہر صفحہ پر یہ نام درج ہے ... صفحہ ۴۸ پر ''نغمۃ الروح'' جلی قلم کی سرخی سے ہے اور پھر آخر کتاب تک ہر صفحہ پر نغمۃ الروح لکھا ہے ... وہابیہ کو اتنی تمیز ہی نہیں کہ کتاب کا صحیح نام پڑھ سکیں۔ اور نام کتاب اور مستقل قصیدہ نغمۃ الروح کے ...

...سکیں اور پہلے تین اشعار مدائح کو نغمۃ الروح کا قرار دیں تو ایسے کم علم اور نادار لوگ ان اشعار کے صحیح ...مفہوم اور مراد کو کیا سمجھ سکتے ہیں۔

شعر اول

تیری عبدیت میں چہرہ لکھ گیا — منھ اجالا ہو گیا احمد رضا

اس کی صاف اردو یہ ہے، اے احمد رضا تیری غلامی میں چہرہ لکھ کر منہ اجالا ہو گیا۔ اس شعر میں لفظ عبدیت پر اعتراض ہے کہ شاعر نے اپنے آپ کو اعلیٰ حضرت کا عبد کہا۔ تو معترض اگر کہیں لغت کی کتاب کو دیکھ لیتا کہ عبد بمعنی غلام کے بھی آتا ہے۔

کریم اللغات میں ہے۔ عبد، بندہ غلام۔ تو پھر اس پر کوئی اعتراض ہی نہیں کرتا۔ شاعر نے یہاں عبد بمعنی غلام ہی کے لیا ہے۔ چنانچہ اس کے بعد اس کا چوتھا شعر یہ ہے۔

ہو غلاموں کا خدا کے واسطے — دونوں عالم میں بھلا احمد رضا

اور مناقب میں خود وہابیہ نے بھی عبد کو اسی طرح استعمال کیا ہے

چنانچہ وہابیہ کے شیخ الہند مولوی محمود حسن دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی کے مرثیہ میں (صفحہ ۱۱) پر صاف طور پر لکھتے ہیں،

قبولیت اسے کہتے ہیں مقبول ایسے ہوتے ہیں — عبید سود کا ان کے لقب ہے یوسف ثانی

اس میں گنگوہی صاحب کے کالے عبد کا لقب یوسف ثانی رکھا۔ تو جب وہابیہ گنگوہی جی کی طرف عبد کی نسبت جائز رکھتے ہیں تو انہیں اس شعر پر اعتراض کرنے کا حق کیا ہے۔ اور جو جواب اپنے شعر کا دیں وہی جواب ہماری طرف سے ہے۔

شعر دوم

میری حالت آپ پر ہے سب عیاں — آپ سے کیا ہے چھپا احمد رضا

اس شعر میں شاعر کی مراد یہ ہے کہ اے احمد رضا! میرا حال آپ پر سب عیاں ہے کہ میں بے علم ہوں، اپنی بے علمی کی بنا پر دشمنان دین کا مقابلہ نہیں کر سکتا ہوں، آپکا فیض علمی میرا ایمان بچائے گا، چنانچہ اس کے بعد کا شعر یہ ہے۔

گرگ ہیں ہر سمت اور میں بھولی بھیڑ — میرے ایماں کو بچا احمد رضا

اس شعر پر وہابیہ کا کیا اعتراض ہے۔ کیا انکو یہ خبر بھی نہیں کہ پیر کا فیض ہمیشہ مرید کے حال کی

اصلاح کیا کرتا ہے اور مرید کو فیض پیر کی توقع رہتی ہے۔ چنانچہ اسی مرثیہ صفحہ ۱۸ گنگوہی میں

تمہارے فیض سے اب بھی توقع ہے اگرچہ ہوں — اسیر قید نفسانی رہین کید شیـ

اس شعر میں صاف کہا کہ گنگوہی جی کا فیض مرنے کے بعد بھی مرید کے احوال کو کید
بچاتا ہے۔ اور گنگوہی جی پر مریدوں کے حالات چھپے ہوئے نہیں بلکہ سب عیاں ہیں۔ تو ان
وہی مضمون ہے۔ تو جب وہابیہ کے نزدیک مرثیہ والا شعر قابل اعتراض نہیں تو وہ مدائح اعلیٰ
شعر کس طرح قابل اعتراض ہے۔ تو جو جواب اس کا ہے وہی جواب اس کا ہے۔

شعر سوم

نکیرین آکے مرقد میں جو پوچھیں گے تو کس کا ہے
ادب سے سر جھکا کر لوں گا نام احمد رضا خان کا

اس شعر میں شاعر یہ کہتا ہے کہ نکرین جب قبر میں مجھ سے پوچھیں گے کہ تو دین میں کس
اور پیرو تھا، تو میں ادب سے سر جھکا کر امام اہل سنت مولانا احمد رضا خاں صاحب کا نام لوں
امام کا متبع اور پیرو تھا۔ تو اسمیں کوئی اعتراض کی بات نہیں ہے۔ وہابیہ آنکھیں کھول کر دیکھیں
الہند نے مولوی رشید احمد گنگوہی اور مولوی قاسم نانوتوی کے متعلق قصیدہ مدحیہ میں یہ شعر لکھا
سے بہت بڑھ چڑھ کر ہے۔

قبر سے اٹھ کے پکاروں جو رشید و قاسم — بوسہ دیں مرے لب کو مالک و رضوان

دیکھئے اس میں وہابیہ کے نزدیک قبر سے اٹھ کر حشر میں جب صرف رشید احمد و قاسم نا
پکارنے والے کے لب کو خازن دوزخ اور جنت حضرت مالک اور رضوان بوسہ دینے لگے
پیروی اور اتباع کر چکا ہوا سکے ساتھ نہ معلوم کیسا کریں گے۔ تو وہ مدائح والا شعر تو اس سے بہ
گیا۔ تو وہابیہ کو اپنے اس شعر کے باوجود اس پر اعتراض کا کوئی حق حاصل نہیں۔ پھر جو جواب ا
گے وہی جواب اس کا ہے۔

شعر چہارم:

یہ دعا ہے یہ دعا ہے یہ دعا — تیرا اور سب کا خدا۔ احمد رضا

اس شعر کے پیش کرنے میں وہابیہ کی مکاری اور پر فریب قطع و برید یہ ہے کہ قطع بند ا
ایک شعر کو لیکر مضمون کو خبط کر دیا ہے، اور شعر میں بھی تصرف کر ڈالا ہے، اور پھر یہ شعر کلام تام

ے یہ شعر اور ہیں۔

یہ دعا ہے یہ دعا ہے یہ دعا — تیرا اور سب کا خدا احمد رضا
تیری نسل پاک سے پیدا کرے — کوئی ہم رتبہ ترا احمد رضا
جو مدد فرمائے دین پاک کی — جیسی تو نے کی شہا احمد رضا

تو اب ان دو شعروں کے بعد ہر شخص پر عیاں ہو گیا کہ جس دعا کی طرف مکرر اشارہ کیا جا رہا ہے
وہ ان دو شعروں میں مذکور ہے، اور اب ان تینوں اشعار کی صاف تشریح یہ ہوئی کہ اے احمد رضا یہ دعا ہے
کہ تیرا اور سب کا خدا تیری نسل پاک سے کوئی تیرا ہم رتبہ پیدا کرے جو دین پاک کی مدد کرے جیسی تو
نے کی۔ تو وہابیہ نے اس شعر کے پیش کرنے میں اتنے فریب کئے۔

پہلا فریب یہ ہے کہ قطع بند اشعار سے ایک ناقص المضمون شعر کو پیش کیا۔

دوسرا فریب یہ ہے کہ مصرع ثانی میں لفظ خدا اور احمد رضا کے درمیان فصل کے لئے اس
طرح (خدا۔ احمد رضا) ڈیس تھا، وہابیہ نے یہ فریب کیا کہ اس فصل پر دلالت کرنے والا ڈیس اڑا دیا۔ اور
خدا کو احمد رضا سے ملا دیا۔

تیسرا فریب یہ ہے کہ احمد رضا جو ردیف ہے اس سے پہلے ندا کا اے محذوف ہے اور یہ صرف
اسی شعر میں نہیں ہے بلکہ قصیدہ کے اکثر اشعار میں محذوف ہے۔ تو اس کو مراد نہ لینا فریب نہیں ہے تو اور
کیا ہے۔

چوتھا فریب۔ یہ ہے کہ مصرع اولیٰ سے جس دعا کی طرف بار بار اشارہ ہے، ان دعائیہ اشعار
کو ذکر ہی نہیں کیا۔

پانچواں فریب۔ یہ ہے کہ مصرع ثانی کی ترکیب میں احمد رضا منادے اپنی ندا سے مل کر مستقل
علیحدہ جملہ ہے، وہابیہ کا فریب یہ ہے کہ انہوں نے اسکو منادی ہی نہیں بنایا اور اس کو ماقبل کی خبر بنا کر
جز جملہ بنا دیا۔

بالجملہ وہابیہ نے شعر مذکور میں وہ کفری مضمون گڑھا جو نہ شاعر کی مراد ہے، نہ ان اشعار سے
مستفاد ہو سکتا ہے۔ بلکہ انہوں نے محض اپنا الو سیدھا کرنے کے لئے قطع بند اشعار کا مضمون ایسا خبط اور
بے ربط کر دیا جس سے وہ کلام موزوں اور کلام تام کہلانے کے قابل نہ رہا۔ اس کی نظیر ایسی ہے کہ کسی شخص
کا نام خدا بخش تھا اس سے دریافت کیا گیا کہ تمہارا نام کیا ہے ابھی اس نے اپنے نام میں خدا ہی کہا تھا کہ

فوراً اس کی گردن پکڑلی اور کہنے لگے مردود اپنے آپ کو خدا کہتا ہے۔ اور بیچارے کو بخش کہنے

اس شعر میں وہابیہ نے اپنی کتر بیونت اور مکاری اور فریب کاری کا پورا نمونہ پیش کیا ہے۔

شعر پنجم و ششم:

حشر میں جب ہو قیامت کی تپش　　اپنے دامن میں چھپا احمد رضا

جب زبانیں سوکھ جائیں پیاس سے　　جام کوثر کا پلا احمد رضا

ان اشعار پر وہابیہ کا اعتراض کیا ہے۔ کاش ان میں اگر علم ہوتا تو اس کو نظر اعتراض

دیکھتے۔ عارف ربانی قطب صمدانی حضرت عبدالوہاب شعرانی میزان الشریعہ میں فرماتے ہیں

ان ائمة الفقهاء والصوفية يشفعو ن فى مقلديهم ويلا حظون احدهم ع

رو حه وعند سوال منكر ونكيرله وعند النشر والحشر والحساب والميزا ن وال

يغفلو ن عنهم فى مو قف من المواقف (وفيه ايضا) كان مشا ئخ الصو فية يلا ي

عهم ومريديهم فى جميع الاهوال والشدائدفى الدنيا والآخرة۔

(میزان الشریعہ مصری ص ٥٠ ج ١)

بیشک سب پیشوا اولیاء و فقہاء اپنے اپنے پیروؤں کی شفاعت کرتے ہیں اور جب ا

روح نکلتی ہے جب منکر نکیر اس سے سوال کرتے ہیں۔ جب اس کا حشر ہوتا ہے۔ جب اس کا

کھلتا ہے۔ جب اس سے حساب لیا جاتا ہے۔ جب اس کے اعمال تلتے ہیں۔ جب وہ صراط پر

وقت ہر حال میں اس کی نگہبانی کرتے ہیں۔ اصلا کسی جگہ اس سے غافل نہیں ہوتے۔ مشائخ

متبعین اور مریدوں کی دنیا و آخرت کی تمام سختیوں اور حالتوں مین نگہبانی کرتے ہیں۔

اس عبارت سے ثابت ہو گیا کہ علماء و فقہاء۔ مشائخ و اولیاء رضوان اللہ علیہم اجمعین ا

مریدین کی بوقت نزع اور سوال قبر اور میزان و صراط پر اور ہول محشر میں اور ہر سختی و مصیبت کے

ل میں نگہبانی فرماتے ہیں۔ اور ان کی شفاعت فرماتے ہیں، تو پھر کسی مرید کا اپنے پیر کو یہ لکھنا

ل مصیبت و سختی کے وقت میری مدد کرنا۔ محشر میں اپنے دامن میں چھپانا، یا جام کوثر پلا دینا

رشدائد کے وقت ان سے استمداد کرنا شرعاً ممنوع ہی نہیں ہے تو وہابیہ کس بنیاد پر ایسے اشعار

کر رہے ہیں۔ خود انکے شیخ الہند کے قصیدہ مدحیہ میں یہ اشعار مولوی رشید احمد گنگوہی اور قاسم نا

مدح میں ہیں۔

ان کے صدقہ سے غریبوں کے مطالب اغراض

سہل و دشوار خدا نے کئے آساں دونوں

وائے ناکامی اگر ہوں نہ عیاذاباللہ

روز محشر میں میرے حال کے پرساں دونوں

جاؤں عرصات میں جب خائف و نادم تہی دست

دونوں ہاتھوں میں ہوں دونوں کے داماں دونوں

دیکھو ان اشعار میں شیخ الوہابیہ اپنے پیر و استاذ گنگوہی و نانوتوی مرید و شاگردوں کے مطالب و

راض کے آسان ہونے کے لئے درگاہ الٰہی میں وسیلہ بنانے کی بھی ترغیب دی۔ پھر اتنے ہی پر بس نہیں

یا بلکہ ان کو بروز محشر پرسان حال اور مشکل کشا۔ اور انکے دامنوں کو اس میں خوف و ندامت اور تہی دستی

کے غموں سے نجات دینے والا ٹھہرایا۔ تو یہ اشعار ان اشعار سے بہت بڑھ چڑھ کر ہوئے۔ تو وہابیہ اپنے

ان اشعار کا جو جواب دیں گے وہی جواب نغمۃ الروح کے اشعار کا ہے۔ واللہ اعلم الصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (١١١٥)

وہابیوں کی اس کتاب میں لکھا ہے کہ مولوی حشمت علی خاں صاحب اپنے مریدوں کو شجرہ دیتے

ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کو قبر کے اندر ایک طاق میں رکھدینا۔ جب منکر نکیر آئیں گے تو اس کو دیکھ کر چلے

جائیں گے اور سوال نہ کریں گے۔

اس شجرہ کے آخری الفاظ یہ ہیں ملاحظہ ہو۔ الهم صلى وسلم وبا رك عليه وعليهم وعلى

عبدك الفقير ابو الفتح عبيد الرضا حشمت على القادرى الرضوى لكهنوى غفرله تعالى۔

آیا یہ وہابیہ کا لکھنا صحیح ہے یا نہیں۔ اور اگر صحیح ہے تو کیا کسی شیخ کو یہ مجال ہے کہ اس طرح سے

کہے جیسا کہ اوپر وہابیوں کا قول نقل ہو چکا ہے۔

الجواب

نحمده ونصلى على رسوله الكريم

اس میں بھی وہابیہ نے عوام کو مغالطہ دینے اور فریب میں ڈالنے کی سعی کی ہے باوجود کہ مسئلہ

نہایت صاف تھا، غیر انبیاء وملائکہ پر صلاۃ وسلام اصالۃ ومستقلا تو جائز نہیں ہے، اور تبعا بلاشبہ

شرح شفا میں ہے۔ لا خلاف في جواز الصلاة على غير الانبياء تبعا ۔

شفا شریف میں ہے۔ لا باس بالصلاة على الانبياء كلهم بالاصالة وع

تبعا۔ (شرح شفا شریف مصری ص ۱۴۵ ج ۲)

کون نہیں جانتا ہے کہ درود شریف الهم صل على سيدنا محمد۔ کے بعد و

واصحابه وازواجه ومن تبعه الى يوم الدين اجمعين ۔ دن رات پڑھا اور لکھا جاتا

امت پر تبعا صلاۃ وسلام بھیجا جاتا ہے۔ اس شجرہ میں اور کیا ہے یہی تو ہے کہ پہلے اصالۃ درود ش

"علیہ" کہہ کر حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر پھر "علیہم" کہکر مشائخ سلسلہ پر، پھر آخ

پیر پر تبعا درود ہے۔ اس میں کونسی ممانعت دینی اور محظور شرعی لازم آگیا۔ خود وہابیہ بھی حضور

والسلام پر اصالۃ اور آل اصحاب اور سلف وخلف تمام امت پر تبعا درود شریف پڑھا کرتے

اعتراض کس بنا پر ہے۔ اب باقی رہا یہ امر کہ شجرہ کا قبر کے طاق میں رکھنا تو اس کی صراحۃ ممانع

نہ کوئی نص پیش کرسکتا ہے نہ کوئی دلیل حرمت یا کراہت قائم کرسکتا ہے۔ تو بقاعدہ فقہائے کرام

في الاشياء الاباحة ۔ کے وہ بلاشک جائز ومباح ہے۔ تو وہابیہ کا اعتراض غلط ہوا۔ اور ج

ومباح ہے تو پھر شیخ پر اسکے حکم دینے کی ممانعت کہاں سے ثابت ہوگی۔ مولی تعالی مخالف کو

توفیق عطا فرمائے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل

العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

اسلامی تبلیغ والیاسی تبلیغ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسئلہ (۱۱۱۶) از جمشید پور جناب اصغر علی صاحب

حضرت حامی سنت دامت برکاتہم القدسیۃ تہدیہ سلام مسنون مزاج گرامی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان اہلسنت زادہم اللہ شرفا شوکتہ مندرجہ ذیل امور میں

(۱) تبلیغی جماعت کے نام سے ملک میں جو جماعت کلمہ اور نماز کی تبلیغ کرتی پھرتی ہے کس

عقیدے کے لوگ اس کی کمان کرتے ہیں؟۔

(۲) تبلیغی جماعت کا بانی کون ہے اور اس کے عقائد کیا تھے سنا جاتا ہے کہ ابن عبدالوہاب نجدی

اس طریقہ کا موجد ہے یہ کہاں تک صحیح ہے تاریخی دلائل مطلوب ہیں۔

(۳) بانی اعتقاد کا اثر اس کی قائم کردہ جماعت پر پڑسکتا ہے یا نہیں گو اس کے اصول اچھے ہوں

اور اول شرعی حکم کی بنا اس پر کس حد تک رکھی جاسکتی ہے؟۔

(۴) تبلیغی جماعت کے طریقہ تبلیغ کے متعلق یہ کہنا کہ یہ انبیاء علیہم السلام اور صحابہ کرام کی سنت

ہے شرعی اور تاریخی روشنی میں یہ درست ہے یا نہیں؟۔

(۵) تبلیغی جماعت والوں کے عقائد واعمال کچھ بھی ہوں صرف یہ دیکھ کر کہ بظاہر ان کے اصول

اچھے ہیں سنی مسلمانوں کو اس جماعت میں شریک ہونا جائز ہے یا نہیں؟۔ ہر دو شق پر کتاب وسنت سے

مدلل مرحمت فرمائی جائے۔ والسلام بینوا توجروا

الجواب

الحمد لله الذى هدانا الى طريق المومنين وارشدنا الى اتباع اولى الامر من

الفقهاء والمجتهدين والصلوة والسلام على سيدنا ومولانا محمد سيد المرسلين الذى

اعطاه مفاتيح السموات والارضين وعلمه علوم الاولين والاخرين وجعله رحمة للعالمين ۔

وعلى اله الطاهرين ۔ وصحبه الطيبين وعلى جميع السلف والخلف الصالحين اجمعين۔

امابعد

افسوس ہمارے عوام اہلسنت وجماعت کی سادہ لوحی، مذہب سے ناواقفی، دینی کتابو
رغبتی مجلس علماء واہلسنت سے بے تعلقی کا یہ نتیجہ برآمد ہورہا ہے کہ آج ہر بدمذہب ان کے
جال بچھا رہا ہے۔ بیدین دجل وفریب کا دام تزویر پھیلا رہا ہے۔ اور یہ اپنی سادہ لوحی کی بنا پر
چیڑی باتوں میں آجاتے ہیں اور محض اپنی ناواقفی کی وجہ سے ان کی فریب گفتگو پر گرویدہ
ہیں۔ وہ دیوبندی قوم اور وہابی جماعت جن کے صدہا مکائد اور فریب کاریاں انھوں نے د
کے ہزارہا کذب اور افترا پردازیاں انھوں نے سنیں، جو ہمیشہ سے ہر دور میں نیا روپ بنا کر
سامنے آیا کرتے ہیں، ہر فضا میں انکا ڈھونگ تیار کر کے رونما ہو جایا کرتے ہیں۔ کبھی وہ ا
وایثار کے جھوٹے خطبے پڑھنے لگتے ہیں۔ تو کبھی حمایت اسلام اور ہمدردی مسلمین کے دلکش تر
لگتے ہیں۔ کہیں جامعۃ العلماء کے کارنامے سنا کر ممبر سازی کر کے اپنی جیبیں بھر لیتے ہیں۔ تو
نام لیکر اپنی بے نیازی کا دلفریب نقشہ پیش کر دیتے ہیں۔ ہمارے بھولے بھالے سنی بھائی
صورت کو دیکھ کر فریفتہ ہو جاتے ہیں۔ ان کی ظاہری پابندی صوم وصلوۃ پر نظر کر کے گرویدہ بن
۔ لہذا ہم اس تبلیغی جماعت کی حقیقت کا اظہار کرینگے۔ اور اس کے ہر پہلو پر مفصل بحث پیش
لیکن اس سے قبل یہ سمجھا دینا بھی ضروری جانتے ہیں کہ آپ قرآن وحدیث کی روشنی میں پہلے
کرلیں کہ تبلیغ کن کن باتوں کی کی جاتی ہے اور تبلیغ کرنے کا کن کن لوگوں کا حق حاصل ہے او
نہیں ہے۔

تبلیغ کن باتوں کی ہوتی ہے

لغت میں تبلیغ کے معنی پہنچا دینا ہے۔ اور شریعت میں اس سے مراد احکام اسلام کا ب
تک پہچانا ہے۔ سب سے پہلے تبلیغ احکام اسلام کا حکم نبی کے لئے ہوتا ہے چنانچہ اللہ تعالی حبیب
تعالی علیہ وسلم کو تبلیغ کا حکم دیتا ہے۔ قرآن کریم میں ہے:

یاایھا الرسول بلغ ما انزل الیك من ربك وان لم تفعل فما بلغت رس
یعصمك من الناس (المائدہ ۱۰ع)

اے رسول پہونچا دو جو کچھ اترا تمہیں تمہارے رب کی طرف سے اور ایسا نہ ہو تو تم نے ا

غام نہ پہنچایا اور اللہ تمہاری نگہبانی کریگا لوگوں سے۔

علامہ جلال الدین سیوطی تفسیر جلالین میں آیۃ کریمہ کے متعلق فرماتے ہیں۔

یاایھا الرسول بلغ جمیع (ما انزل الیك من ربك) ولا تکتم شیا منه خوفا ان تنال
مکروہ (وان لم تفعل) ای لم تبلغ جمیع ما انزل الیك (فما بلغت رسلته) بالافراد
الجمع لان کتمان بعضها ککتمان کلها۔

(از تفسیر جلالین ص ۵۱۰)

اے رسول پہونچا دو تمام وہ جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف اترا اور اس سے کچھ بھی
ی ڈر سے مت چھپاؤ کہ تمہیں کوئی مکروہ بات پہونچ جائے اور اگر تم نے تمام وہ جو تمہاری طرف اترا
ہیں پہونچایا تو تم نے اس کا کوئی پیام نہ پہنچایا اس لئے کہ بعض کا چھپانا مثل کل کے چھپانے کے ہے۔
(رسالت مفرد وجمع ہر دو ہے۔)

علامہ جمل الفتوحات الالٰھیه حاشیه جلالین میں فرماتے ہیں:

(قوله جمیع ما انزل الیك) ای من الاحکام مایتعلق بها واما الاسرار التی اختصت
ها فلا یجوز لك تبلیغها۔

(جمل مصری جلد ۱ ص ۵۱۰)

یعنی پہونچا دو تمام وہ جو تمہاری طرف اترا ہے احکام سے جو لوگوں سے متعلق ہیں ہی لیکن وہ
یوب واسرار جو آپ کی ذات کے ساتھ خاص ہیں تو آپ کے لئے ان کی تبلیغ جائز نہیں۔

اور اللہ تعالی نے ہمیں جو حکم دیا ہے تو اس کی سب سے پہلی آیت قرآن کریم میں یہ ہے۔

ولتکن منکم امة یدعون الی الخیر ویامرون بالمعروف وینهون عن المنکر
واولئك هم المفلحون۔ (ال عمران ع ۱۱)

اور تم میں ایک گروہ ایسا ہونا چاہئے کہ بھلائی کی طرف بلائیں اور اچھی بات کا حکم دیں اور بری
بات سے منع کریں اور یہی لوگ مراد کو پہونچے۔

علامہ شیخ احمد تفسیر احمدی میں آیۃ کریمہ کے تحت میں فرماتے ہیں۔

ومعنی الآیة ولتکن بعض منکم امة تدعون للناس الی الخیر ای الافعال الحسنة
الموافقة للشریعة ویامرون بالمعروف ای الشئی الذی یستحسنه الشارع والعقل وینهون

عن المنکر ای الشئی الذی یستقبحه الشارع والعقل۔

(ازتفسیر احمدی مطبوعہ دہلی ص ۱۲۳)

اور آیت کے معنی یہ ہیں کہ تم میں سے بعض لوگوں کا گروہ ایسا ہو جو لوگوں کو شریعت... امور خیر افعال حسنہ کی دعوت دے۔

اور شارع اور عقل جس چیز کو مستحسن اور اچھا جانیں وہ گروہ اس کا حکم دے۔ اور شار... چیز کو قبیح اور برا سمجھیں وہ گروہ اس سے منع کرے۔

علامہ نسفی تفسیر مدارک التنزیل میں آیۃ کریمہ کے تحت میں فرماتے ہیں۔

المعروف ما وافق الکتاب والسنة والمنکر ما خالفهما والمعروف الطا... المعاصی والدعاء الی الخیر عام فی التکالیف من الافعال والتروک۔

(ازتفسیر مدارک مصری جلد ا ص ۱۳۵)

معروف ہر وہ چیز ہے کہ جو کتاب وسنت کے موافق ہو اور منکر ہر وہ ہے جو ان کے خلا... معروف طاعت ہے اور منکر معاصی ہیں۔ اور دعوت الی الخیر تمام تکالیف شرعیہ اور اوامر ونواہی...

علامہ صاوی حاشیہ جلالین میں آیۃ کریمہ کے تحت میں فرماتے ہیں۔

اقول بالمعروف) المراد ما طلبه الشارع اما علی سبیل الوجوب کا... الخمس وبر الوالدین وصلة الرحم والندب کالنوافل وصدقا تالتطوع وقوله عن... المراد به ما نهی عنه الشارع اما علی سبیل الحرمة کالزنا والقتل والسرقة او علی... الکراهة۔

(صاوی مصری جلد ا ص ۱۵۲)

معروف سے مراد ہر وہ چیز ہے جس کو شارع طلب کرے تو وہ یا تو بطریقہ وجوب... پنجوقتہ نمازیں اور والدین کے ساتھ احسان اور صلہ رحمی، یا بطریقہ کتاب کے ہو جیسے نافلہ... صدقے۔ اور منکر سے مراد ہر وہ چیز ہ جس سے شارع نے ممانعت کی یا بطریق حرام ہونے... قتل کرنا چوری کرنا یا بطریقہ کراہت کے۔

ان آیات وتفاسیر سے یہ ثابت ہو گیا کہ اللہ تعالی نے ہمیں تمام ضروریات دین اور ا... متین کی دعوت وتبلیغ کا حکم دیا ہے۔ تو دعوت الی الخیر تمام اوامر ونواہی کو شامل ہے اور امر بالمعر... تمام فرائض وواجبات سنن ومستحبات مطلوب ہیں اور نہی عن المنکر سے تمام محرمات ومکروہات...

...قصود ہے۔ اور ضروریات دین وعقائد اسلام کی تبلیغ اہم الفرائض میں سے ہے اور اعمال کی روح ہیں ...کہ عمل کی مقبولیت کی بنا صحت عقائد پر ہے۔ تو یہ عقائد دعوت الی الخیر اور امر بالمعروف میں داخل ہوئے ...ہی طرح ابطال عقائد فاسدہ اور تردید مذاہب باطلہ تبلیغ کے اعلی ترین مدارج میں سے ہے کہ رد باطل ...اثبات حق کا ایک شعبہ ہے تو یہ رد باطل نہی عن المنکر میں داخل ہوا۔

چنانچہ حضرت حجۃ الاسلام ابوبکر رازی احکام القرآن میں اسی آیۃ کریمہ کی بحث باب فرض امر ...المعروف ونہی عن المنکر میں فرماتے ہیں:

فان قیل فهل تجب ازالة المنکر من طریق اعتقاد والمذاهب الفاسدة علی وجه ...التاویل کما وجب فی سائر المناکیر من الافعال قیل له هذا اعلی وجهین فمن کان منهم ...داعیا الی مقالته فیضل الناس بشبهته فانه تجب ازالته من ذلك بما امکن

(احکام القرآن مصری جلد ۲ ص ۴۳)

اگر سوال کیا گیا جس طرح تمام منکر افعال کا ازالہ واجب ہے اسی طرح ان مذاہب فاسدہ کے ...عقیدے جواز قسم منکر ہوں اور وہ ان کی تاویل بھی کرتے ہوں کیا ازالہ واجب ہے اس کا جواب دیا گیا یہ ...دو وجہ پر ہے جو ان بد مذہبوں میں ایسا ہو کہ اپنے قول باطل کی طرف لوگوں کو دعوت دیتا ہو اور اپنے شبہ ...سے دوسرے لوگوں کو گمراہ کرتا ہو تو حسب قدرت وامکان اس منکر عقیدہ کا ازالہ واجب ہے۔

بالجملہ مبلغین پر جس طرح فرائض وواجبات سنن ومستحبات کا حکم دینے اور محرمات ومکروہات ...سے منع کرنے کی تبلیغ ہے اس سے اہم ضروری عقائد اسلام کی دعوت اور رد مذاہب باطلہ کی تبلیغ ہے۔

مسلمانو! یہی ہے وہ اسلامی تبلیغ جس کا حکم اللہ تعالی نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو دیا ...یہی ہے وہ اسلامی تبلیغ جس کا امر حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو ...دیا۔ یہی ہے وہ اسلامی تبلیغ جس کو ائمہ مجتہدین وسلف صالحین نے باحسن وجوہ انجام دیا۔ یہی ہے وہ ...اسلامی تبلیغ جس کی علمائے متقدمین ومتاخرین نے حسب مقدور خدمت کی ہی ہے وہ اسلامی تبلیغ جس کی ...خدمات آج بھی علماء اہلسنت حسب استطاعت قلم وزبان سے برابر کر رہے ہیں۔ مگر زمانہ اقدس سے ...آج تک کسی نے اپنی تبلیغی خدمات پر نہ فخر وغرور کیا۔ نہ نمود ونمائش کرائی۔ نہ اعلانات کر کے چندے ...وصول کئے۔ نہ اپنی شان کے امتیاز کے لئے پروپگنڈے کئے۔ نہ اپنے آپ کو تبلیغ کا موجد قرار دیا۔ نہ ...امام مجتہد ٹھہرا۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ الیاسی تزویری تبلیغ وتجدیدی دعوت اس اسلامی تبلیغ و دعوت
جدا اور علیحدہ ہے ہم ناظرین کے لئے یہاں پر بطور نمونہ کے چند امور پیش کرتے ہیں جن سے
تبلیغ کا تجدیدی ہونا ظاہر ہو جائیگا۔

(۱) اسلامی تبلیغ میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہاتھ سے کرنا یہاں تک کہ قتل کی سز
وسلاطین کا منصب ہے۔

الا مر بالمعروف و باليد على الامراء و باللسان على العلماء و بالقلب بع
وهو اختيار الزندوسي۔ (عالمگیری جلد ۴ ص ۱۱۱)

امر بالمعروف ہاتھ سے تو سلاطین وامراء پر ہے اور زبان سے علماء پر ہے اور قلب سے
کیلئے ہے۔ امام زندوسی نے اسی کو اختیار کیا۔

لیکن الیاسی تبلیغ نے یہ تجدید کی کہ عوام کے لئے جانبازی تک کرنا تبلیغ کا مقصد قرار دیا
چنانچہ سوانح مولوی الیاس میں ہے۔

فرمایا کرتے تھے کہ دین کے فروغ کیلئے جان دینے کے شوق کو زندہ کرنا اور جان کو
دینا ہماری تحریک کا مقصود اور خلاصہ ہے۔

(سوانح مولوی الیاس مطبوعہ جید برقی پریس دہلی ص ۲۱۸)

(۲) اسلامی تبلیغ میں زبان سے امر بالمعروف کرنا علماء کا منصب ہے چنانچہ پچھلے نمبر
عالمگیری سے عبارت منقول ہوئی مگر الیاسی تبلیغ نے یہ تجدید کی کہ یہ علماء کا منصب جاہلوں
دیدیا۔

سوانح میں ہے:
تبلیغ کے لئے عامیوں اور جاہلوں اور میوات کے دہقانیوں کا جانا سننے والوں کو بہت
دشوار معلوم ہوا۔ (سوانح ص ۸۹)

(۳) اسلامی تبلیغ نے عالم کو تبلیغ کا اہل قرار دیا اور جاہل کو نا اہل ٹھہرایا۔
فتاوی عالمگیری میں ہے۔ الامر بالمعروف يحتاج الى خمسة اشياء اولها ال
الجاهل لا يحسن الامر بالمعروف ـ

(فتاوے عالمگیری جلد ۴ ص ۱۱۱)

امر بالمعروف کے لئے پانچ چیزوں کی حاجت ہے اول علم دین کی اس لئے کہ جاہل امر
معروف کو بہتر طور پر ادا نہیں کرسکتا۔

لیکن الیاسی تبلیغ نے یہ تجدید کی کہ بے علم دہقانیوں کو تبلیغ کا اہل قرار دیا سوانح میں ہے۔
بے علم میواتیوں سے جو خود تعلیم واصلاح کے محتاج ہیں تبلیغ واصلاح کا کام لیا جاتا ہے۔ (سوانح ص ۱۴۴)

(۴) اسلامی تبلیغ لوجہ اللہ ہوتی ہے۔ فتاوے عالمگیری میں ہے۔

الثانی ان یقصد وجه الله تعالى واعلاء كلمته العليا۔

(عالمگیری جلد ۴ ص ۱۱۱)

لوجہ اللہ ہونا اور کلمہ حق کا بلند کرنا مقصود ہو۔
مگر الیاسی تبلیغ لوجہ اللہ نہیں بلکہ یہ محض نام آوری کے لئے ہے۔
چنانچہ سوانح میں ہے:
پندرہ سالہ کوشش کے بعد تبلیغ کے یہ انوارات یہ برکات اور یہ عزت اور دنیا کے اندر نام آوری
اور یہ ہر طرح کی نورانیت اور بہبودی کی کھلی آنکھوں سے محسوس کرتے ہوئے پھر کل (۸۰) آدمیوں کی
مقدار نکلی۔ (سوانح ص ۲۱۵)

(۵) اسلامی تبلیغ محض اعلائے کلمۃ الحق کے لئے ہے۔ چنانچہ فتاوے عالمگیری میں گذر چکا۔ اور
الیاسی جماعت تبلیغ کی غرض اعلاء کلمۃ الحق نہیں بلکہ محض نمود ونمائش کے لئے اور اپنے پیر کے نام اچھالنے
اور اپنی جمعیت کی گشت نکالنے لئے ہے۔ چنانچہ اس جماعت کا شہروں میں پھرنا بازاروں میں جماعت
بنا کر گشت کرنا، محلوں میں خالی چلنا پھرنا، جامع مساجد میں پہنچنا، وہاں پہنچ کر اپنا پیدل چل کر آنا بیان
کرنا، اپنی جماعت کے گیت گانا، اپنی کامیابی سنانا اور اپنے بانی الیاس صاحب کے حالات کا ذکر کرنا،
اپنی پرہیزگاری وتقدس کا اظہار کرنا، سب کو دہلی پہنچنے کی دعوت دینا کیا یہ سب امور نمود ونمائش نہیں ہیں
؟ کیا ان باتوں کا نام اعلاء الکلمۃ الحق رکھ لیا؟ کیا لوجہ اللہ کام کرنے والوں کی یہ شان یہ حالات ہوتے
ہیں؟۔

(۶) اسلامی تبلیغ فرض کفایہ ہے کہ اگر چند نے اس کو کیا تو اوروں کے ذمہ سے فریضہ ساقط ہو
گیا۔

احکام القرآن میں ہے۔

فرض الامر بالمعروف والنهي عن المنكر وبينا انه فرض على الكفا
البعض سقط عن الباقين ۔ (از احکام القرآن جلد۲ ص۴۰)

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر فرض ہے اور ہم نے یہ بیان کر دیا کہ وہ فرض کفایہ ہو
نے ادا کر دیا تو اوروں کے ذمہ سے ساقط ہو گیا۔

لیکن الیاسی تبلیغ نے یہ تجدید کی کہ تبلیغ کو فرض عین قرار دیا اور ہر مسلمان کے لئے تبلیغ
ٹھہرایا سوانح میں ہے۔

اسی طرح مسلمان کی زندگی تبلیغ اور دین کے لئے جدوجہد سے یکسر خالی نہیں ہو سکتی ا
میں لازماً تبلیغ اور دین کے لئے حرکت وسعی اور عملی جدوجہد کا کوئی نہ کوئی حصہ ضرور ہونا چاہئے

(سوانح ص۳۰۶)

(اسی میں ہے) ہماری یہ تحریک ایمان جس کی حقانیت کو اہل جہان تسلیم کر چکے ہیں ا
میں آنے کی صورت بجز اس کے کہ ہر آدمی لاکھ جان کے ساتھ قربان ہونے کو تیار ہو اور کوئی ذ
آتی ۔ وہ مضمون یعنی مضمون تبلیغ بعنوان دیگر اس خاص طریق کے ساتھ اشاعت اسلام کے لئے
سبیل اللہ کا ایک ضروری ولازمی فریضہ ہے جس کی طرف مسلمانوں کی توجہ کرنی فرض اور لازمی

(سوانح ص۲۸۶)

(۷) اسلامی تبلیغ اس دین کو سکھاتی ہے جو قانون آسمانی ہے اور جو کتاب اللہ اور احا
کتب عقائد وفقہ سے حاصل ہوتا ہے جامع العلوم میں ہے۔

الدين الاصطلاح قانون سماوي سائق لذوي العقول الى الخيرات بالذ
لاحكام الشرعيه النازلة على نبينا محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم۔

(از جامع العلوم جلد۲ ص۱۱۸)

(وفيها ايضا) ذالك الوضع دين من حيث يطاع وينقاد به وملة من حيث انه
عليها الملل ومن حيث انه تملى وتكتب۔

(جامع العلوم جلد۱ ص۸۶)

اصطلاح میں دین وہ آسمانی قانون ہے جو ذوی العقول کو بالذات نیکیوں کی طرف
والا ہے جیسے وہ احکام شرعی جو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہوئے۔

وہ قانون جو بحیثیت اطاعت وفرمانبرداری کیئے جانے کے دین کہلاتا ہے اور اس حیثیت سے
اس پر مذاہب جمع ہوں اور اس حیثیت سے کہ وہ املا کی جائے اور لکھا جائے وہ ملت کہلاتی ہے۔

الیاسی تبلیغ نے یہ تجدید کی کہ دین کو نہ قانون آسمانی مانا نہ اسے کتاب وسنت سے حاصل جانا۔

سوانح میں ہے۔

دین ایک جاندار اور متحرک شئی ہے کتابوں کے نقوش جامد ہیں جامد سے متحرک کا حاصل ہو
قانون فطرت کے خلاف ہے۔ (سوانح ص۳۰۴)

(۸) اسلامی تبلیغ ہر اس جماعت کو (جو حق وباطل ۔ ہدایت وضلالت ۔ اہلسنت واہل بدعت کو
یکساں اور برابر نہ ٹھہرائے) بے دین وگمراہ ٹھہراتی ہے۔

لیکن یہ الیاسی تبلیغ ایسی جماعت کا اہل دین ہونا بتاتی ہے۔

سوانح میں ہے:

فرمایا آپ کیا فرماتے ہیں آپ کی جماعت (یعنی جماعت اہل ندوہ) تو اہل دین کی جماعت
ہے۔ (سوانح ص۲۵۳)

مسلمانو! وہ جماعت اہل ندوہ جن کی گمراہی وبیدینی آفتاب سے زیادہ روشن ہے جن کی بے
نی پر علمائے حرمین شریفین اور عرب وعجم کے فتاوے طبع ہو چکے ۔ ان بے دینوں کو وہ الیاسی تبلیغ اہل دین
کی جماعت کہتی ہے العیاذ باللہ تعالیٰ۔

(۹) اسلامی تبلیغ بالکل سچائی پر مبنی اس کے مبلغین کے ظاہر وباطن کا یکساں ہونا ضروری یہاں
تک کہ اگر کسی کا ارادہ قلبی اور غرض نفسانی ظاہر عمل کے خلاف ہو گئی تو اسلام نے اس عمل نیک ہی کو
ریا ومنافقت اور نامقبول ومردود قرار دیا۔

لیکن الیاسی تبلیغ سراسر ریا وکذب اور مکر وفریب پر مبنی، اس کے مبلغین کا باطن ان کے ظاہر کے
بالکل خلاف ہے۔ ان کا ظاہر تو یہ ہے کہ یہ لوگ کلمہ شریف اور نماز کے تبلیغ کرتے ہیں اور ان کا باطن یہ
ہے کہ یہ دیوبندی قوم او روہابی جماعت بنانے کے لئے ساری کوشش کرتے پھرتے ہیں چنانچہ اس چیز کو
خود بانی جماعت ہی نے صاف الفاظ میں کہہ دیا۔

سوانح میں ہے۔

ظہیر الحسن میرا مدعا کوئی پاتا نہیں ۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ تحریک صلاۃ ہے میں قسم سے کہتا ہوں کہ یہ

ہرگز تحریک صلاۃ نہیں۔ ایک روز بڑی حسرت سے فرمایا کہ میاں ظہیر الحسن ایک نئی قوم پیدا کر

(سوانح ص ۲۲۶)

اسی میں ہے: ان سے اس کلمہ ہی کے ذریعہ تقرب پیدا کیا جائے اور اسی کے ذریعہ

جائے۔ (سوانح ص ۲۷۶)

ان عبارات سے ظاہر ہوگیا کہ الیاسی جماعت کے وفد اور دورے نماز کی تبلیغ کے لئے نہیں ہیں بلکہ اس جماعت کی انتھک کوشش اور تمام سعی قوم اور اس پردہ میں (وہابی) بنانے کے نماز کو براہ فریب اہلسنت سے ملنے اور اپنی طرف متوجہ کرنے کا وسیلہ بنالیا گیا ہے اسی طرح کلمہ صحیح کا نام لیکر سنیوں سے نزدیکی اور گفتگو کا ذریعہ پیدا کیا گیا ہے یہ ہے الیاسی تبلیغ کا مقصد اعظم

(۱۰) اسلامی تبلیغ میں یہ تعلیم دی جاتی ہے کہ صحابہ کرام کو تمام امت پر فضیلت حاصل امت کا کوئی فرد کثرت ثواب میں کسی صحابی کو برابر نہیں ہوسکتا چہ جائیکہ بڑھ سکے حدیث شریف جو بخاری و مسلم میں حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے مروی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فر

لو ان احدکم انفق مثل احد ذهبا ما بلغ مد احدهم۔

اگر تمہارا کوئی شخص احد کی برابر سونا خرچ کرلے۔ (از مشکوۃ شریف ص ۵۵۳)

لیکن الیاسی تبلیغ نے یہ تجدید کی کہ ہر بے علم جاہل دیہاتی مبلغ کو نہ صرف ایک صحابی صحابہ کرام کی برابر اجر و ثواب کی خوشخبری بلکہ وعدہ کردیا گیا۔ خود بانی اپنے گرامی نامے میں تحریر ہیں:۔

خدائے پاک کی ذرہ نوازی اور مراحم خسروانہ اور اس اخیر زمانہ والوں کے لئے ان کی صحابہ کے پچاس کے برابر اجر و ثواب کے ملنے کی خوش خبریاں اور سچے وعدے۔

(از سوانح ص ۲۲۵)

حاصل کلام یہ ہے کہ ہر منصف مزاج شخص صرف ان دس نمبروں کے دیکھنے کے بعد فیصلہ کیلئے مجبور ہوجائیگا کہ الیاسی تبلیغ واقعی تجدیدی دعوت اور تنز دیدی تبلیغ ہے اور یہ اسلامی تبلیغ سے جدا اور خلاف ہے اور براہ فریب نماز اور کلمہ شریف کا نام لیکر یہ جماعت حقیقۃ دیوبندیت کی وہابیت کی دعوت دیتی پھرتی ہے۔

اسلامی تبلیغ کون کرسکتا ہے؟

جب یہ امر ثابت ہوچکا کہ اسلامی تبلیغ میں تمام عقائد اسلامیہ واحکام شرعیہ کی تعلیم دی جاتی ہے تو خود ہی ظاہر ہوگیا کہ اسلامی تبلیغ وہی کرسکتا ہے جو تمام عقائد اسلامیہ واحکام شرعیہ کا علم رکھتا ہو لہذا اسلامی تبلیغ کا کرنا صرف عالم ہی کا منصب ہوا۔ چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے القول الجمیل میں مبلغ اور واعظ کے شرائط تحریر فرمائے۔

اما المذکر فلا بد ان یکون مکلفا عدلا کما اشترطوا فی راوی الحدیث والشاهد محدثا مفسرا عالما بجملة کافیة من اخبار السلف الصالح وسیرهم ونعنی بالمحدث المشتغل بکتب الحدیث با ن یکون قرألفظها وفهم معناها وعرف صحتها وسقمها ولو باخبار حافظ او استنباط فقیه وکذالك بالمفسر المشتغل بشرح غریب کتاب الله وتوجیه مشکلة وبماروی عن السلف فی تفسیر ه ویستحب مع ذلك ان یکون فصیحا لا یتکلم مع الناس الا قد ر فهمهم وان یکون لطیفا ذاوجه ومروة۔

(شفاء العلیل ترجمہ قول الجمیل ص ۱۱۰)

واعظ کے لئے ضروری ہے کہ وہ مسلمان عاقل بالغ ہو۔ اس میں ایسی عدالت ہو جیسی عدالت راوی حدیث اور شاہد کیلئے شرط ہے۔ وہ محدث ہو۔ وہ مفسر ہو۔ سلف صالحین کی سیرتوں کا حسب ضرورت جاننے والا ہو۔ ہماری محدث سے مراد وہ شخص ہے جو کتب حدیث کا شغل رکھتا ہو اس طرح پر کہ اس نے استاذ سے الفاظ حدیث پڑھ کر اس کے معنی سمجھے ہوں اور احادیث کی صحت وضعف کو پہچانتا ہو اگرچہ یہ معرفت اسے کوئی محدث کے بتانے یا فقیہ کے ذریعے سے حاصل ہو۔ اور مفسر سے مراد وہ ہے جو قرآن کریم کے مشکل کلمہ کی شرح اور آیات مشکلہ کی تاویل اور سلف کی تفاسیر سے شغل رکھتا ہو۔ اور ان کے ساتھ وہ فصیح ہو۔ لوگوں سے ان کی سمجھ کی مقدار سے گفتگو کرے۔ اور وہ نرم مزاج ہو صاحب وجاہت ومروت۔ یہ اخر کے چار امور مستحب ہیں۔

نیز حضرت شاہ صاحب اسی میں وعظ وتبلیغ کا ماخذ تعلیم فرماتے ہیں:

واما استمداده فلیکن من کتاب الله تعالیٰ علی تاویله الظاهر وسنة رسول الله المعروفة عند المحدثین واقاویل الصحابة والتابعین وغیرهم من صالح المو منین وبیان

سیرة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ولا یذکر القصص المجازفة فان الصحا
واعلیٰ ذالك اشد الانکار واخرجوا اولئك من المساجد وضربوهم ۔ (شفاء العلیل

لیکن واعظ کا ماخذ قرآن کریم موافق تفسیر بتاویل ظاہر ہو۔ اور وہ حدیث رسول اللہ
عندالمحدثین معروف ہو اور صحابہ وتابعین اومومنین صالحین کے اقوال ہوں۔ اور فضائل وسیرت
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہو۔ اور وہ بے ثبوت قصے نہ ذکر کرے کہ صحابہ نے ایسے قصوں کے بیان کرنے
سختی سے انکار کیا ہے اور قصہ خوانوں کو مساجد سے نکال دیا ہے اور انھیں مارا ہے۔

پھر حضرت شاہ صاحب اسی میں وعظ وتبلیغ کے ارکان تحریر فرماتے ہیں۔

اما ارکانه فالترغیب والترهیب والتمثیل بالامثال الواضحة وال
المرقفة والنكات النافعة فهذا طريق التذكير والشرح والمسئلة اللتي يذكرها امامن ا
اوالحرام او من باب آداب الصوفية او من باب الدعوات او من عقائد الاسلام ف
الحلي ان هناك مسئلة يعلمها وطريقها في تعليمها۔ (شفاء العلیل ص ۱۱۴)

لیکن واعظ کے لئے ارکان تو نیکی کی طرف رغبت دلانا اور بدی سے ڈرانا ہے او
مثالوں رقت آمیز قصوں نفع بخش نکتوں کو بیان کرتا ہے۔ تو یہ طریقہ وعظ ونصیحت کا ہے اور جو مسئلہ
وحرام کا یا آداب صوفیہ کا یا باب دعوات کا یا عقائد اسلام کا ذکر کیا جائے تو قول ظاہر یہ ہے کہ وہ ایسا
جس کا علم رکھتا ہو اور تعلیم کا طریقہ بھی جانتا ہو۔

نیز شاہ صاحب نے اسی میں وعظ وتبلیغ کا طریقہ تعلیم بیان فرمایا ہے

واما كيفية الذي التذكير ان يذكر الاغبا ولا يتكلم وفيهم ملال بل اذا عرف
الرغبة ويقطع عنهم وفيهم رغبة وان يجلس في مكان طاهر كالمسجد وان يبدء
بحمد الله والصلوة على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ويختم بهما ويدعو
منين عموما وللحاضرين خصوصا ولا يخص في الترغيب او الترهيب فقط بل ي
كلامه من هذا ومن ذلك كما هو سنة الله من ارداف الوعد بالوعيد والبشارة بالانذ
يكون ميسرا لا معسرا او تعم بالخطاب ولا يخص طائفة دون طائفة وان لا يشافه با
او الانكار على شخص بل يعرض مثل ان يقول ل ما بال اقوام يفعلون كذاو كذا ولا
بسقط وهزل ويحسن الحسن ويقبح القبيح ويامر بالمعروف وينهى عن المنكر ولا

امعة ۔ (شفاء العلیل ص ۱۱۱)

لیکن وعظ گوئی کی کیفیت یہ ہے وہ متواتر روزانہ نصیحت نہ کرے۔ اور ایسے وقت وعظ نہ کہے کہ
سامعین پر شاق ہو اور لوگوں میں شوق پہچان لے تو شروع کرے۔ اور ان کے رغبت وشوق ہی کے حال
میں ختم کردے۔ اور پاک مقام جیسے مسجد میں وعظ کے لئے بیٹھے۔ اور حمد وصلوۃ سے وعظ شروع کرے اور
انھیں پر ختم کرے۔ اور عام طور پر تمام مسلمانوں کے لئے اور خاص طور پر حاضرین کے لئے دعا کرے۔
اور وعظ گو خیر کی طرف رغبت دلانے۔ یا شر سے ڈرانے کے ساتھ خاص نہ کرے۔ بلکہ اپنے سلسلہ کلام
کو ملا جلا رکھے۔ کبھی اس سے تو کبھی اس سے۔ جیسا کہ عادت الٰہی ہے کہ وعدہ کے بعد وعید کا لانا اور
بشارت کے بعد تخویف کا ملانا۔ اور وہ نرمی وآسانی کرنے والا ہو نہ کہ سختی کرنے والا۔ اور وہ خطاب عام
رکھے اور وہ ایک گروہ کو چھوڑ کر دوسرے سے خاص نہ کرے۔ اور وہ کسی ایک قسم کی مذمت یا کسی شخص معین
پر انکار بالمشافہ نہ کرے بلکہ بطریق اشارہ یہ کہے کہ ان قوموں کا کیا حال ہے جو ایسا ایسا کرتے ہیں۔ اور
وہ سبک اور مذاق کی بات نہ کہے اور نیک بات کی خوبی بیان کرے۔ اور برائی کی قباحت ظاہر کرے اور
نیکی کا حکم کرے اور برائی سے روکے اور وہ واعظ ہر جائی یعنی رکابی مذہب نہ ہو۔

ان عبارات سے واضح ہو گیا کہ مبلغ وواعظ کے لئے دس شرائط ہیں:

(۱) مسلمان ہونا (۲) عاقل ہونا (۳) بالغ ہونا (۴) ایسا عادل ہونا جس کی عدالت کا اعتبار علماء نے راوی حدیث اور گواہ میں کیا۔

(۵) ایسا مفسر ہونا جو مشکل کلمات قرآنی کو حل کرتا ہو اور آیات مشکلہ کی توجیہ وتاویل جانتا ہو اور اسلاف مفسرین کی تفاسیر پر مطلع ہو۔

(۶) ایسا محدث ہونا جو کتب حدیث کا شغل رکھتا ہو اور معنی کو سمجھتے ہوئے الفاظ حدیث استاذ سے پڑھ کر سند حاصل کر چکا ہو۔ اور کسی طریقہ سے احادیث کی صحت وضعف کو پہچانتا ہو۔

(۷) سیرت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے واقف ہونا۔

(۸) صحابہ کرام وتابعین عظام اور سلف صالحین کے اقوال سے واقف کار ہونا۔

(۹) فصیح اور صاحب وجاہت ومروت ہونا۔

(۱۰) فہم عوام کے مطابق کلام کرنا۔

مبلغ وواعظ کے لئے چار ماخذ ہیں جن سے وہ تنظیم وتبلیغ کرے۔

(۱) قرآن کریم جس کے معنی تفاسیر سلف کے مطابق ہوں۔

(۲) وہ احادیث جو عند المحدثین معروف ہوں۔

(۳) سیرت وفضائل نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(۴) اقوال صحابہ وتابعین وسلف صالحین رضوان اللہ علیہم اجمعین۔

وعظ وتبلیغ کے ارکان وآداب بالتفصیل اوپر بیان کردیئے گئے۔ لہٰذا ان سے ثابت وعظ گوئی اور تبلیغ عالم ہی کا منصب ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے اسلامی تبلیغ کے مبلغ و شرائط وآداب تحریر فرمائے۔

اب باقی رہی الیاسی تبلیغ لہٰذا جب یہ اوپر ثابت کردیا گیا کہ وہ اسلامی تبلیغ کے بالکل خلاف اس کے مبلغین کے شرائط وآداب مبلغین اسلامی تبلیغ کے شرائط وآداب کے ضرور خلاف ہو چاہئیں۔ اسی بنا پر الیاسی تبلیغ نے اپنے مبلغین کے لئے مبلغین اسلام کے مقابلہ میں جو شرائط تجویز کئے ان میں سے چند بطور نمونہ کے پیش کیے جاتے ہیں۔

مبلغ اسلام کے لئے مسلمان ہونا شرط تھا۔ تو الیاسی تبلیغ نے اس کے مقابل ایسے مبلغ کئے جن پر علماء حرمین شریفین ومفتیان عرب وعجم نے کفر وضلال کے فتوے دیئے۔ جنھیں مسلمان جرم قرار دیا۔ جیسے علماء دیوبند۔ ندوۃ العلماء لکھنو۔ مبلغ اسلام کے لئے مکلف ہونا ضروری تھا لیکن تبلیغ نے اس کے مقابل غیر مکلف بچوں کو بھی اپنے مبلغین میں شمار کیا۔

مبلغ اسلام کے لئے عادل ہونا شرط تھا۔ مگر الیاسی تبلیغ اس کے مقابل غیر عادل کو مبلغ دیتی ہے۔ اس کا تجربہ آج بھی ہر جگہ کیا جاسکتا ہے کہ ان کے ساتھ بعض فاسق بھی ہوتے ہیں۔ الیاسی تبلیغ گمراہ ومرتد تک کو اپنا مبلغ بنالیتی ہے تو فساق کا تو ذکر کیا۔

مبلغ اسلام کے لئے علامہ مفسر محدث ہونا ضروری قرار دیا تھا۔ لیکن الیاسی تبلیغ نے اس زبردست مقابلہ اور ایسی سخت مخالفت کی کہ بے علموں جاہلوں ہی کو بکثرت اپنا مبلغ بنایا اور بے علم بھی جو دہقانی جہال ہیں۔ اور دیہاتی بھی ایسے دیہات سے لئے جو اپنی جہالت اور مذہب سے ناوا ضرب المثل ہیں۔ یعنی میوات کے دیہات جن کی جہالت اور اسلام ناواقفی اور برائے نام مسلمان میں اسی سوانح میں پورا باب سوم کافی دلیل ہے جس سے میں چند اقتباسات پیش کیے جاتے ہیں۔

سوانح کے صفحہ ۶ میں ہے۔

میوات قوم کی دینی حالت اس درجہ پر پہونچ گئی تھی جس کے بعد قومی ارتداد کے سوا کوئی درجہ نہ تھا۔

صف ۲۹ میں ہے: میوات تمام تر مسلمان ہیں لیکن برائے نام ان کے گاؤں کے دیوتا وہی ہیں جو ہندوز میں داروں کے ہیں وہ ہندوں کے کئی ایک تہوار مناتے ہیں ہولی میواتیوں میں مذاق اور کھیل کھیلنے کا زمانہ ہے اور اتنا ہی اہم اور ضروری تہوار سمجھا جاتا ہے جتنا محرم وعید اور شب برأت اسی طرح وہ جنم اشٹمی، دسہرا اور دیوالی بھی مناتے ہیں ان کے یہاں پیلی چٹھی لکھنے کے لئے یا شادی کی تاریخ مقرر کرنے کے لئے برہمن پنڈت بھی ہوتے ہیں ایک رام کے سوا لفظ کو چھوڑ کر وہ ہندووانہ نام بھی رکھتے ہیں۔

(اسی میں ہے) جب وہ نیا کنواں تعمیر کرتے ہیں تو سب سے پہلے بیروجی یا ہنومان کے نام کا چبوترہ بناتے ہیں۔

(اسی میں ہے) میوات پنے مذہب اسلام سے بہت ناواقف ہیں خال خال کوئی کلمہ جانتا ہے اور پابندی سے نماز پڑھنے والے اس سے بھی کم ہیں اور ان کے اوقات ومسائل سے تو وہ بالکل ہی ناواقف ہیں۔

(ص ۷۰ میں ہے) مرد دھوتی اور کمری پہنتے ہیں، پاجامہ کا رواج نہیں۔ ان کا لباس حقیقۃً ہندوانہ ہے، مرد سونے کے زیورات بھی استعمال کرتے ہیں۔

(اسی میں ہے) میوات اپنے عادات میں آدھے ہندو ہیں۔ ان کے گاؤں میں شاذ ونادر ہی مسجدیں ہوتی ہیں۔ ص ۷۱ میں ہے۔ میواؤں کے رسوم ہندوؤں اور مسلمانوں کے رسم ورواج کا معجون مرکب ہے۔

(صف ۲۷ میں ہے) بھی حج کو نہیں جاتے۔

(اسی میں ہے) ایک گوت میں بھی شادی نہیں کرتے لڑکیوں کو ترکہ نہیں ملتا۔

(اسی میں ہے) وہ تمام تر جاہل اور غیر تعلیم یافتہ ہیں ان میں بھاٹ اور گوئیے بھی ہوتے ہیں جن کو وہ بڑی بڑی رقمیں اور انعامات دیتے ہیں۔

(اسی میں ہے) بولی درشت اور سخت ہے جس میں عورت اور مرد سے کس طریقہ خطاب ہوتا ہے ان میں محرم اور نشہ آور چیزوں کے استعمال کا بھی رواج ہے وہ بہت ضعیف الاعتقاد اور توہم پرست واقع

ہوتے ہیں شگون بہت لیتے ہیں

(اسی میں ہے) غارت گری اور رہزنی ان کا پیشہ رہ چکا ہے اب اگر چہ ان کی اصلاح و
ہے پھر بھی جانور اوڑاکرا اور گائے بیل کھول کر لے جانے میں اب بھی وہ بہت مشہور ہیں۔ ص
ہے: یہ قوم ہندوستان میں اس چودھویں صدی میں بہت کچھ عرب جاہلیت کا نمونہ تھی۔

بالجملہ الیاسی تبلیغ کے بکثرت مستقل مبلغین یہی دہاتی میواتی لوگ ہیں چنانچہ خود الیاس
اس کا ان الفاظ میں اقرار کرتے ہیں۔ ''دنیاوی کاروبار میں مصروف رہنے والے بہتیرے ہیں دین
کے لئے گھر بار چھوڑنا اس وقت اللہ نے میواؤں کے نصیب کیا ہے (سوانح ص ۱۲۳)''

بلکہ اس الیاسی تبلیغ کی بنیاد ہی ان دیہاتی میواتیوں کے اوپر موقوف ہے۔

چنانچہ اسی سوانح میں ہے۔

مولانا کے قیام کے دوران میں میواتی بکثرت بیعت میں داخل ہوتے ہیں لیکن مولا
لیتے وقت ان کے سامنے اپنی تقریر فرماتے ہیں اپنے کام کا ان سے عہد لیتے اور اسی کو ان کی تعلیم
یہ نئے بیعت کرنے والے گویا تبلیغی اور دینی فوج کے لئے رنگروٹ تھے ص ۱۳۳

حاصل کلام یہ کہ ایسی تبلیغ نے اپنے مبغلین کے شرائط اسلامی تبلیغ کے شرائط مبلغین کے
خلاف ایجاد کئے تو آداب مبلغین اسلام کا وہ کیا لحاظ رکھتے اسی لئے آداب مبلغین الیاسی تبلیغ بھی
مبلغین اسلام کے خلاف ہیں میواتی ہونے کے بعد ہر ادنی سمجھ والا ان میواتیوں کے ان اقتباسا
اتنا نتیجہ نکال لے گا کہ یہ نام کے مسلمان ہیں دین سے ناواقف ہیں بے علم ہیں تو نہ عالم ہوئے
و محدث اور جب ان کی بولی درشت و سخت ہے تو نہ فصیح ہوئے نہ نرم مزاج اور جب یہ غیر تعلیم یافتہ
ہیں تو ان میں آداب مبلغین اسلام کس طرح حاصل ہو سکتے ہیں تو اب نہایت واضح طور پر ثابت ہو
مبلغین الیاسی تبلیغ کے اوصاف مبلغین اسلام کے بالکل خلاف ہیں اور اسلام نے جنھیں تبلیغ کے
نااہل قرار دیا تھا الیاس صاحب نے انھیں کو اپنی تجدید دعوت اور تزویری تبلیغ کا اہل ٹھہرایا۔

اسلامی تبلیغ جاہل نہیں کر سکتا ہے

جب یہ امر ثابت ہو چکا کہ تبلیغ کا حق عالم کے لئے ہے تو اس کا نتیجہ ظاہر ہے کہ کسی غیر عالم
کو تبلیغ کرنے کا حق حاصل نہیں۔ اس مبحث پر زیادہ گفتگو کی حاجت تو نہ تھی مگر وقت کی نزاکت نے

دیا کہ اس پر بھی کچھ ثبوت پیش کر دیا جائے۔

تفسیر جلالین میں آیۃ فلتکن منکم امۃ یدعون الی الخیر الآیۃ کے تحت میں فرمایا:

ومن للتبعیض لان ما ذکر فرض کفایۃ لا یلزم کل الامۃ ولا یلیق بکل احد کالجاھل۔ (از تفسیر جلالین)

آیت میں منکم میں من تبعیض کے لئے ہے اس لئے کہ دعوت و تبلیغ فرض کفایہ ہے کہ وہ نہ تمام
امت پر لازم ہے اور نہ ہر شخص کے لئے لائق ہے جیسے کوئی جاہل ہو۔

علامہ جمل الفتوحات الالٰہیہ حاشیہ تفسیر جلالین میں فرماتے ہیں

وذلك لان الامر بالمعروف لا یلیق الا من العالم بالحال وسیاسۃ الناس حتی
لایوقع المامور والمنھی فی زیادۃ الفجور۔ (از جمل مصری جلد ا ص ۳۰۱)

اور ایہ اس لئے کہ امر بالمعروف عالم ہی کے لائق ہے جو لوگوں کے حال اور سیاست کو جانتا ہے
یہاں تک کہ وہ امر و نہی سے اور زیادہ فجور واقع نہ ہونے دے۔

علامہ صاوی حاشیہ تفسیر جلالین میں فرماتے ہیں

(قولہ کالجاھل) ای فلا یامرو لا ینھی لانہ ربماامر بمنکر او نھی عن معروف
لعدم عملہ بذلك۔ (صاوی مصری جلد ا ص ۱۵۲)

پس جاہل امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نہ کرے اس لئے وہ اپنی جہالت سے کبھی بری چیز کا حکم
دیدیگا اور اچھی چیز سے منع کر دیگا۔

فتاوی عالمگیری میں ہے:

الامر بالمعروف یحتاج الی خمسۃ اشیاء اولھا العلم لان الجاھل لا یحسن الامر
بالمعروف۔ (فتاوے عالمگیری مجیدہ جلد ۴ ص ۱۱۱)

امر بالمعروف کے لئے پانچ چیزوں کی حاجت ہے۔ اول علم دین کی اس لئے کہ جاہل امر
بالمعروف کو اچھی طرح ادا نہیں کریگا۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ دعوت و تبلیغ اور امر بالمعروف ونھی عن المنکر فرض کفایہ
ہے جو تمام امت اور ہر مسلمان پر فرض نہیں بلکہ صرف علماء پر فرض ہے۔

جہال اگر اس کو کرینگے تو اپنی جہالت کی وجہ سے کبھی امر منکر کا حکم دیدینگے کبھی امر معروف سے

روک دینگے کہیں لوگوں کے لئے اور زیادہ مجبوری میں مبتلا ہونے کا باعث بن جائینگے کہیں عوام میں مزید نفرت کا سبب ٹھہرینگے یہاں تک کہ طریقہ نہ جاننے کی بنا پر وہ بھی خود بھی گمراہ ہو جا... دوسروں کو بھی گمراہ کر دیتے ہیں اسی وجہ سے حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ نے ایک واعظ کو مسجد کوفہ... دیا۔

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب تفسیر عزیزی میں اس واقعہ کو نقل فرماتے ہیں:

ابو جعفر نحاس از حضرت امیر المومنین مرتضی علی کرم اللہ وجہہ روایت نمودہ کہ ایشان رو... مسجد کوفہ داخل شدند کہ شخصے وعظ میگوید پرسیدند کہ ایں کیست مردم عرض کردند کہ ایں واعظ است گ... از خدا می ترساند واز گناہاں منع میکند فرمودند کہ غرض ایں شخص آنست کہ خود را انگشت نمائے مردم... وبہ پرسید کہ ناسخ از منسوخ جدا میدانی یا نہ؟ اوگفت کہ ایں علم خود ندارم فرمودند کہ ایں را از مسجد برآر...
(تفسیر عزیزی پارہ اول مطبوعہ حیدری ص ۵۴۰)

ابو جعفر نحاس حضرت امیر المومنین مولیٰ علی مرتضی کرم اللہ وجہہ سے روایت بیان کرتے... حضرت مولیٰ علی مسجد کوفہ میں ایک روز تشریف لائے ملاحظہ فرمایا کہ ایک شخص وعظ کہتا ہے دریافت... کون ہے لوگوں نے عرض کیا کہ یہ ایک واعظ ہے کہ لوگوں کو خدا سے ڈراتا ہے اور گناہوں سے... تا ہے فرمایا کہ اس شخص کی غرض یہ ہے کہ اپنے آپ کو لوگوں میں مشہور کرے اس سے دریافت کر... ناسخ منسوخ کا فرق جانتا ہے یا نہیں اس نے کہا کہ میں اس کا علم نہیں رکھتا ہوں حضرت مولیٰ نے فر... اس کو مسجد سے باہر نکالدو۔

ہاں ایسا واعظ جو با قاعدہ سند یافتہ فارغ التحصیل عالم تو نہیں ہے لیکن وہ تفاسیر آیت... تصریحات ائمہ تفاسیر اور احادیث موافق شروح محدثین ۔ اور اقوال سلف وخلف بلا تغیر کے بیـ... کرتا ہو اور اپنی رائے اور فہم سے کچھ اضافہ وتصرف نہ کرتا ہو اور بے ہودہ قصص نہ ذکر کرتا ہو تو اسے... کہنے کی اجازت ہے۔ فتاوے حدیثیہ میں ہے:

ان كان وعظه بآيات الترغيب والترهيب ونحوهما وبالاحاديث المتعلقة ب... وفسر ذلك بما قاله الائمة جاز له ذلك وان لم يعلم علم النحو وغيره لانه ناقل لـ... العلماء والناقل كلامهم الى الناس لا يشترط فيه الا العدالة وان لا يتصرف فيه بشيء... رأيه وفهمه ۔ (فتاوے حدیثیہ مصری ص ۱۶۲)

اگر اس واعظ کا وعظ ترغیب وترہیب وغیرہ آیات سے یا ان حدیثوں سے جو ان سے تعلق رکھنے والی ہیں اور ائمہ کے اقوال کے موافق تفسیر کرتا ہے تو اس کے لئے وعظ جائز ہے اگر چہ وہ واعظ علم نحو صرف نہ جانتا ہو اس لئے کہ وہ کلام علماء کا ناقل ہے۔ اس میں عدالت کے سوا اور کچھ شرط نہیں ہے اور وہ واعظ کسی طرح کا اپنی رائے اور فہم سے اس نقل کلام علماء میں تصرف نہ کرتا ہو۔

بالجملہ یہ امر بھی آفتاب کی طرح روشن طور پر ثابت ہو گیا کہ تبلیغ اسلام کرنا عالم دین کا منصب ہے اور جاہل اپنی جہالت اور ناواقفی کی بنا پر تبلیغ اسلام کرنے کا اہل ہی نہیں۔

لیکن الیاسی تبلیغ نے چونکہ اپنے سارے اصول ہی اسلام کے خلاف تجویز کئے ہیں انھوں نے اپنی تبلیغی جماعت کے لئے جاہلوں ہی کو اہل قرار دیا اور دیہات کے بے علموں میوائیوں کو تبلیغ کی جان اور اصل بنیاد ٹھہرایا جس کی بکثرت عبارات ہم نے سوانح سے نقل کیں۔ اور اب تحقیق کر لیجئے کہ اس جماعت میں آج بھی اکثریت جاہلوں دیہاتیوں موائیوں کی ہے۔ اس میں بانی کے جو خاص اغراض ومقاصد مضمر ہیں اس کے لئے ایک مستقل سرخی کے تحت میں کافی گفتگو آتی ہے۔

اسلامی فرقوں میں کس فرقہ کو تبلیغ کا حق حاصل ہے

آج تمام اسلامی فرقے اسلام کے دعویدار ہیں اور اعتقادی اعتبار سے اپنے آپ کو مسلمان اور کلمہ گو کہتے ہیں اور عملی لحاظ سے اپنے آپ کو پابند صوم وصلوۃ ظاہر کرتے ہیں۔ اپنے لئے اہل قبلہ اور متبع شریعت ہونے کے دعوے کرتے ہیں اور اللہ ورسول جل جلالہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کے مدعی ہیں حمایت اسلام وہمدردی مسلمین کا دم بھرتے ہیں۔ تو ان میں سے ہر ایک کو صرف اتفاقی امور میں تبلیغ کا حق دے دیا جائے۔ اور یہ بات بھی طے کر لی جائے کہ کوئی فرقہ کسی اختلافی بات کو اس سلسلہ تبلیغ میں نہ صراحۃ نہ ضمنا نہ اشارۃ کسی طرح ذکر نہ کریگا۔ تو اس کی نہ عقل ونقل اجازت دیتی ہے نہ اس کو کوئی سلیم الطبع اور تجربہ کار انسان گوارہ کر سکتا ہے۔

دیکھئے جرائم پیشہ لوگوں اور سلطنت کے باغیوں کو کسی ذی عقل نے ان سے اتفاقی امور کی بنا پر بھی انھیں مطلق العنان نہیں چھوڑ دیا ہے اور ان کے اختلافی امور کے نہ کرنے کے وعدوں پر بھی ذرہ بھر اعتماد نہیں کیا ہے بلکہ ان کے اخلاقیات کی پردہ پوشی کو جرم عظیم قرار دیا ہے اور ان کے اختلافات سے پیدا ہونے والے خطرات کو محسوس کرتے ہوئے انھیں سزا کا حقدار ٹھہرایا یہاں تک کہ ان کے سرگروہ کو موت کے

گھاٹ اتار دیا اور باقی لوگوں کو قید خانہ میں ڈال کر سڑا دیا اور ان کے وجود کو فنا کر کے زمین کو پاک
یا یوں سمجھئے کہ ایک شخص تندرست ہے اور اس کے اندرونی قوے کے حالات اور اعتدالی کیفیت
مناسب ہے لیکن اس کی صرف ایک انگلی زخمی ہو کر سڑ گئی ہے تو ہر ڈاکٹر اس کی بہترین جسمانی صحت
رکھتے ہوئے اور اس کی عمدہ تندرستی کا لحاظ کرتے ہوئے اس سڑی ہوئی انگلی کو ایک آن کے
بہترین جسم میں لگا ہوا رہنا گوارہ نہیں کر سکتا چاہئے۔ خود وہ شخص یا اس کے اعزا واحباب اس کے
کیلئے کتنا ہی اصرار کریں اور یہ دلیل بھی پیش کریں کہ ڈاکٹر صاحب آپ تو ملاحظہ فرمائیں کہ ا
انگلی کے سوا سارا جسم تو تندرست ہے۔ یہ تو دیکھئے کہ اس انگلی کو بقیہ جسم سے کس درجہ نسبت
سارے جسم کا بیسواں حصہ بھی نہیں ہے۔ آپ اکثریت کا لحاظ فرمائیں اور اس حقیر کو نظر میں نہ لا
کچھ زمانہ تک تو اسے جسم ہی میں لگا رہنے دیں اور ایک عضو جسم کو کم نہ کریں۔ تو کوئی ڈاکٹر ان نا
جاہلانہ ہٹ کو کیا پورا کر سکتا ہے اور ان ناعاقبت اندیشوں کی احمقانہ ضد کی وجہ سے اس انگلی کو با
ہوئے چھوڑ سکتا ہے اور اگر کسی ڈاکٹر نے ان لوگوں کے اصرار کی بنا پر اس سڑی ہوئی انگلی کو نہیں کا
ڈاکٹر کو کوئی متنفس ہمدرد نہیں کہہ سکتا بلکہ اس کو سخت ناعاقبت اندیش، ناتجربہ کار کہا جائے گا اور کچھ ع
بعد اس کو وہ مرض بڑھ کر سارے جسم کو سڑا دیگا۔

ان مثالوں کا نتیجہ ظاہر ہے کہ ایک جرائم پیشہ انسان اور حکومت کا باغی جب ان کی غلط کار
جرائم کا نظر انداز کرنا اور اخفائے جرم کر لینا۔ امن عالم کو خطرہ میں ڈالدیتا ہے اور سڑی ہو
تندرست جسم میں لگا رہنا بقیہ جسم کو سڑا دیتا ہے۔ تو وہ نام کے اسلامی فرقے جنھوں نے ضروریا
کے کسی ایک مسئلہ کی مخالفت کی اور انھوں نے اپنے اس اختلاف کو اپنی جماعت کا مابہ الامتیاز بنا
اس مخالف بات کو انہوں نے اپنے اعتقادیات میں داخل کر لیا تو اس جرأت و دلیری اور اتنے ج
عظیم سے چشم پوشی کر لینا اور اس کو امکانی سزا نہ دینا۔ اور اس جرم کا اظہار کر کے اور لوگوں کو اس
ہونے سے نہ بچانا اور ایسے ناقص وجود کا اپنی جماعت ہی میں شمار کیئے جانا گویا ہزار ہا فتنوں کا در
دینا ہے اور جماعت کے نظام امن کو خطرہ کے لئے پیش کر دینا ہے اور اس کے اختلاف سے اور
کی مذہبیت کو فاسد کر دینا ہے اور جماعت کے لئے افتراق و تشتت کی مہلک بیماری کی پرورش کرنا
اس سے اتفاق کا ہاتھ بڑھا کر اس کے جرم کو ہلکا کرنا بلکہ اس کی اعانت کرنا ہے۔

علاوہ بریں صرف فرقہائے اسلامیہ میں یہ نظریہ کہ ان کے اختلافات کو نظر انداز کر

امور میں ان کے ساتھ مل کر تبلیغ کرنا اگر کوئی ٹھوس اور اہم قاعدہ ہے تو اس کا انھیں کے ساتھ کیوں خاص
کیا جاتا ہے اس کو اور بھی عام کرنا چاہئے کہ ضروریات دین کے کسی ایک مسئلہ کی مخالفت یا چند مسائل کی
مخالفت یا سارے ہی ضروریات دین کی مخالفت سب کا ایک حکم یعنی کافر ہو جانا ہے تو جب ایک اختلاف
کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے تو چند اختلافات کو بھی کیا جا سکتا ہے۔ تو اہل کتاب یہود ونصاریٰ کے بھی ساتھ
یہی طریہ استعمال کریں کیا ان سے بہت سے عقائد ومسائل میں اتفاق نہیں ہے۔ اور پھر اہل کتاب کی بھی
کیا قید ہے مشرکین ومجوس وغیرہ کفار سے کیا بعض امور میں اتفاق نہیں ہے۔ مثلا خدا کا قائل ہونا۔ سچائی
اور احسان کو اچھا سمجھنا۔ جھوٹ اور ظلم کو برا جاننا وغیرہ۔ تو ان اتفاقی امور کی بنا پر کیا وہ اس رعایت کے
حقدار نہیں ہیں۔ لہذا آج کل کے یہ کم فہم مدعیان اسلام جس طرح فرقہائے مدعیان اسلام کے اختلافی
امور کو نظر انداز کرتے ہوئے صرف اتفاقی امور میں ان کے ساتھ مل کر تبلیغ کرنا روا سمجھتے ہیں۔ اسی طرح
یہود ونصاریٰ مشرکین ومجوس وغیرہ کے بھی اختلافی امور کو نظر انداز کرتے ہوئے صرف اتفاقی امور میں
ان کے ساتھ بھی تبلیغ کرنا پسند کر لیں گے۔ تو اب سوچیں اور غور کریں کہ جس طرح یہود ونصاریٰ وغیرہ
کفار مظاہرین سے مل کر کام کرنے میں دین حق کا سارا نظام مختل ہو جاتا ہے۔ اسی طرح ان مسلم صورت
کفر سیرت فرقوں کے ساتھ مل کر تبلیغ کرنے سے بھی نظام دین برباد ہوتا ہے۔

بالجملہ۔ یہ جو کچھ گفتگو تھی وہ عقلی پیرایہ میں تھی۔ اب اس غلط تخیل کی غلطی مذہبی روشنی میں دیکھئے
اور تاریخ اسلام کو اٹھا کر پڑھئے کہ ہر قرن وہر صدی میں فرقوں کی پیداوار ہوتی رہے گی مگر آپ کو دکھانا یہ
ہے کہ یہ امت مرحومہ نے اس بلا کا کس طرح مقابلہ کیا ہے اور کس طرح اس بیدینی کے بڑھتے ہوئے
سیلاب کو روک دیا ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ جس زمانہ میں جس شخص نے اسلام کے کسی مسئلہ سے اختلاف کیا تو امت
نے بھی اس اختلاف کی پرورش نہیں کی اس کے اس جرم پر چشم پوشی اختیار نہ فرمائی بلکہ اس کے درپے ہو
گئے اسکو پہلے سمجھایا۔ اسکے تمام شبہات کے مسکت جواب دیکر اس کو عاجز کر دیا پھر اگر وہ باز نہیں آیا تو اس
کو یا تو قتل کر دیا یا اسے قید خانہ میں ڈال دیا اور جہاں ایسی طاقت نہ پائی تو اس کو مسلمان کی جماعت سے
علحدہ کر دیا اس کے ساتھ سلام وکلام، مجالست مخالطت کے تعلقات ترک کر دیئے۔

اس طریقہ علاج سے یہ نتیجہ برآمد ہوا کہ وہ فرقے ختم ہو گئے اور اکثر وہ ہیں کہ آج جن کا نام لیوا
تک باقی نہیں ہے۔ اور اگر ان کے ساتھ ہمارے زمانہ کا سا غلط طریقہ یعنی رواداری اور ہدایت برتی جاتی

توان فرقوں کی شمار مشکل ہو جاتی۔

ہم اگر ان قوموں کے نام اور مختصر حالات بھی اگر پیش کریں تو نہ معلوم اس کتاب کی کتنی ج
ہو جائیں۔ لہٰذا بخیال اختصار صرف زمانہ اقدس کے سب سے پہلے فرقہ منافقین کی چند ضروری
قرآن عظیم سے پیش کرتے ہیں تاکہ آپ کو ان کے زبانی دعوے اور اعمال کی پوری حقیقت اور ان
احکام معلوم ہو جائیں سنئے۔

منافقین زمانہ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ایک گروہ تھا جو اپنے آپ کو مؤمن اور مسلما
تھا کلمہ شریف پڑھتا تھا نماز پڑھتا تھا روزہ رکھتا تھا جہاد کیا کرتا تھا اور اللہ ورسول جل جلالہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی محبت وتعظیم کرنے کا مدعی تھا پورا متبع شرع ہونے کا دعویدار تھا۔

قرآن کریم ان کی تصدیق رسالت کے دعوے اور شہادت وایمان کی حقیقت کا اظہار فرما

اذا جاءك المنفقون قالوانشهد انك لرسول الله والله يعلم انك لرسوله والله ي
ان المنفقين لكذبون اتخذوا ايمانهم جنة فصدوا عن سبيل الله انهم ساء ما كانوا يع
ذلك بانهم امنوا ثم كفروا فطبع علىٰ قلوبهم فهم لا يفقهون ۔
(سورہ منافقون)

جب منافق تمہارے حضور حاضر ہوتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں حضور بیشک یقیناً اللہ
رسول ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ تم اس کے رسول ہو اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ منافق ضرور جھوٹے
انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال ٹھہرالیا ہے تو اللہ کی راہ سے روکا بیشک وہی برے کام کرتے ہیں یہ اس
کہ وہ زبان سے ایمان لائے پھر دل سے کافر ہوئے تو ان کے دلوں پر مہر کردی گئی ا تو وہ اب
سمجھتے۔

اس آیت کریمہ نے منافقین کے سرکار رسالت میں حاضر ہونے اور پانے مسلمان ہو
قسمیں کھانے کے باوجود اللہ تعالیٰ نے انھیں جھوٹا قرار دیا اور مکار بد عمل کج فہم ٹھہرایا اور کس قدر
طریقہ پر شہادت رسالت دیتے ہوئے انھیں کافر فرمایا اور فرماتا ہے۔

ومن الناس من يقول امنا بالله وباليوم الأخر وما هم بمؤمنين يخدعون الله و
امنوا وما يخدعون الا انفسهم وما يشعرون ۔ (بقرہ)

اور بعض لوگ (منافقین) کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائے اور وہ مؤمن نہیں

اور ایمان والوں کو فریب دیا چاہتے ہیں اور حقیقت میں وہ اپنی جانوں کو ہی فریب دیتے ہیں اور انھیں
شعور نہیں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے منافقین کے دعوی ایمان کے باوجود بھی انھیں غیر مومن یعنی کافر قرار
دیا اور ان کے اظہار ایمان کو فریب ٹھہرایا تو ان آیات نے ان کے دعوے ایمان اور تصدیق رسالت کو
فریب ٹھہرا کر انھیں کافر قرار دیا اب رہے ان کے اعمال نماز وغیرہ اس کے متعلق فرمایا۔

ان المنفقين يخدعون الله وهو خادعهم واذا قاموا الى الصلوة قاموا كسالىٰ يرو ن
الناس ولا يذكرون الله الا قليلا مذبذبين بين ذلك ولا الى هؤ لاء ولا الىٰ هؤ لاء ومن
يضلل الله فلن تجد له سبيلا۔ (سورہ نساء ۲۱)

بیشک منافق لوگ اپنے گمان میں اللہ کو فریب دیا چاہتے ہیں اور وہ انھیں غافل کرکے ماریگا
اور جب نماز کو کھڑے ہوں تو ہارے جی سے لوگوں کو دکھاوا کرتے ہیں اور اللہ کا بہت ہی کم ذکر کرتے ہیں
بیچ میں ڈگمگا رہے ہیں نہ ادھر کے نہ ادھر کے اور اللہ تعالیٰ جسے گمراہ کرے تو اس کے لئے کوئی راہ نہ پائیگا۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے منافقین کو فریبی ریاکار بتایا اور ان کی نماز وغیر اعمال کو ریا ٹھہرایا اور
انھیں کفر وایمان کے بیچ میں ڈگمگانے والا ضال قرار دیا۔

اب باقی رہا ان کا محبت وتعظیم رسول اللہ کا دعوے تو سرکار رسالت میں حاضر ہوکر تو وہ اس طرح
اظہار تعظیم کرتے تھے۔

واذا جاوك حيوك بما لم يحيك به الله ۔ (سوہ مجادلہ)

اور جب تمہارے حضور حاضر ہوتے ہیں تو ان لفظوں سے تمہیں مجرا کرتے ہیں جو لفظ اللہ نے
تمہارے اعزاز میں نہ کہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے منافقین کا حال بتایا کہ سرکار رسالت میں حاضر ہوکر تو حضور کی تعظیم
میں اور اظہار محبت میں انتہائی تعریف کے الفاظ کہتے ہیں اور جب حضور کی مجلس شریف سے اٹھ کر جاتے
ہیں تو آپ کی شان میں توہین وگستاخیاں کرتے ہیں۔

چنانچہ تفسیر خازن میں ہے:

کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک درخت کے سایہ میں تشریف فرما تھے حضور
نے صحابہ کرام سے فرمایا ایک شخص عنقریب آئے گا اور تمہیں شیطان کی آنکھوں سے دیکھے گا وہ آئے تو اس

سے بات نہ کرنا کچھ دیر نہ ہوئے کہ ایک نجی آنکھوں والا سامنے سے گذرا حضور نے اس کو بلا کر
تیرے ساتھی کس بات پر میری شان میں گستاخی کے الفاظ بولتے ہیں وہ اپنے رفیقوں کو بلا لا
آکر قسمیں کھائیں کہ ہم نے کوئی کلمہ حضور کی شان میں گستاخی کا نہیں کہا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت
فرمائی۔

یحلفون باللہ ما قالوا ولقد قالوا کلمۃ الکفر وکفروا بعد اسلامھم (سورۃ
اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ انھوں نے نبی کی شان میں گستاخی نہیں کی اور بے شک وہ ضرور
بولتے ہیں اور اسلام میں آکر کافر ہو گئے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے منافقین کی اس عادت کا بیان فرمایا کہ شان رسالت میں
کریں گے کفری کلمے بولیں گے اور جب ان کی گرفت کی جائے گی تو صاف طور پر اس گستاخی
کر جائیں گے اور مکر جائیں گے اور انکار پر قسمیں بھی کھائیں گے لہذا اللہ تعالیٰ نے ان کا حکم
کہ یہ مسلمان ہونے کے بعد کافر ہو گئے۔

ان آیات کا خلاصہ مضمون یہ ہوا کہ منافقین محض دھوکہ دینے کے لئے مسلمانوں
قسمیں کھا کر تصدیق رسالت اور کلمہ شریف پڑھتے ہیں اور اپنے مومن اور مسلمان ہونے کا دعو
ہیں اور محض ریا اور دکھاوے کے لئے جہاد وغیرہ اعمال کرتے ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ
کے سامنے تو آپ کی انتہائی تعظیم وتوقیر اور تعریف ومدح کرتے ہیں اور جب مجلس شریف میں
خاص مجلسوں میں پہونچتے ہیں تو حضور کی شان پاک میں توہین وگستاخی کیا کرتے ہیں۔ مسلما
خلاف منصوبے تیار کرتے ہیں۔ کفار سے مسلمانون کے راز فاش کرتے ہیں انھیں اہل اسلا
جنگ کے لئے ابھارتے ہیں۔ مشرکین کے پاس تبلیغ واصلاح کا نام لیکر جاتے ہیں اور بانی اسلا
السلام اور مسلمانون کے خلاف ان سے مشورے کرتے ہیں اور اسلام کے مٹنے کے منصوبے بنا
جب مسلمان ان کی اس شرارت اور فتنہ پردازی پر مطلع ہو کر ان سے دریافت کرتے ہیں تم یہ کیسا
پھیلاتے ہو۔ تو کہتے ہیں کہ ہم تو تبلیغ واصلاح کیا کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ان کی اس تبلیغ واصلاح کی حقیقت کا قرآن کریم کی اس آیت میں بیان فرماتا

واذا قیل لھم لا تفسدوا فی الارض قالوا انما نحن مصلحون الا انھم
المفسدون ولکن لا یشعرون۔ (سورہ بقرہ رکوع ۲ پارہ ۱)

جب منافقین سے کہا جاتا ہے کہ تم زمین میں فساد نہ کرو تو وہ کہتے ہیں ہم ہی تو اصلاح کرنے
والے ہیں آگاہ ہو کہ یہ منافقین ہی فساد کرنے والے ہیں لیکن وہ شعور نہیں کرتے۔

بالجملہ ان تمام آیات میں اللہ تعالیٰ نے ان منافقین کو باوجود ان کے دعوے ایمان وکلمہ گوئی اور
نماز وجہاد وغیرہ اعمال کے بھی انھیں مکار، بدعمل، ریاکار، کم فہم، جھوٹے، دھوکہ دینے والے، ڈگمگانے
والے، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والے، اصلاح کا نام لیکر فساد کرنے
والے، فرمایا اور انھیں کافر وضال ہونے کا حکم دیا۔

پھر یہ منافقین خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں صولت
صدیقی کا لوہا مان کر تقیہ کر گئے اور کسی طرح کی شرانگیزی نہ کر سکے اور مانعین زکوۃ کے مآل واستیصال کو
دیکھ کر خاموشی کی زندگی گذارتے رہے۔

پھر یہ منافقین خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں ہیبت وجلالت
فاروقی سے دم سادھے پڑے رہے اور غیض وغضب کے گہرے گہرے گھونٹ پیتے رہے اور کسی طرح کی
ریشہ دوانی نہیں کر سکے۔

پھر یہ منافقین خلیفہ سوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شروع زمانہ خلافت میں کچھ
ابھرے اور فتنہ وفساد کی تخم ریزی کرنے لگے خلافت کے چھ سال گذر جانے کے بعد یہ عملی میدان میں
اترے اور ان کی شرارت کے شعلے بھڑکے اور انھوں نے خلیفہ کے خلاف بغاوت کے جھنڈے نصب کئے
یہاں تک کہ انھوں نے بلوائیوں کا ایک گروہ بنا کر خلیفہ کے مکان کا محاصرہ کیا اور ان کا پانی تک بند کر دیا
اور خلیفہ سوم کو نہایت ہی بے رحمی سے شہید کر دیا۔

پھر یہ منافقین خلیفہ چہارم حضرت مولیٰ علی مرتضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں پوری
طاقت ولشکر کے ساتھ مقابلہ کے لئے تیار ہوئے یہاں تک کہ انھوں نے حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ پر
خروج کیا تو یہ منافقین اب بجائے لقب منافقین کے خوارج کے نام سے مشہور ہوئے۔

علامہ جلال الدین سیوطی تاریخ الخلفاء میں تحریر فرماتے ہیں:

فخرجت علیہ الخوارج من اصحابہ ومن کان معہ وقالوا لا حکم الا اللہ وعسکر
والحروراء فبعث الیھم ابن عباس فخاصمھم وحجھم فرجع منھم قوم کثیر وثبت قوم
وساروا الی النھروان فعرضوا السبیل فسار الیھم علی فقتلھم بالنھروان وقتل معھم

ذو الثدية۔ (تاریخ الخلفاء ص ۱۱۸)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے اصحاب اور ہمراہیوں میں سے خوارج نے ان پر خروج ک
کے حکم تو اللہ ہی کے لئے ہے اور خوارج نے مقام حرورا میں لشکر جمع کیا تو حضرت مولیٰ نے
عباس کی قیادت میں لشکر بھیجا تو انھوں نے ان سے جنگ کی اور ان پر غالب ہوئے تو خوارج
نے رجوع کیا اور باقی اپنے مذہب پر باقی رہے تو وہ نہروان پہنچ کر رہزنی کرنے لگے۔ پھر حض
ایک لشکر لیکر ان کی طرف روانہ ہوئے اور انھیں نہروں میں قتل کیا اور ان میں ذوالثدیہ کو بھی قتل ک

صاحب سیرۃ النبی حضرت شیخ الاسلام علامہ سید احمد دحلان مکی نے درر السنیۃ میں ا
نقل فرمائی؛

لما قتل علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالی عنہ الخوارج قال رجل الحمد
اھلکھم واراحنا منھم فقال علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کلا والذی نفسی بیدہ ان
ھو فی اصلاب الرجال لم تحملہ النساء ولیکونن آخر ھم مع مسیح الدجال۔

(الدرر السنیۃ مصری ص ۵۱)

جب حضرت مولیٰ علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خوارج کو قتل کیا تو ایک شخص
اس خدا کے لئے حمد ہے جس نے خوارج کو ہلاک کر دیا اور ہمیں ان کے شر سے راحت دی تو
رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہرگز اس خیال میں نہ رہو قسم اس ذات کے جس کے قبضہ میں میری
بیشک ان میں بعض ایسے ہیں جو مردوں کی پشتوں میں ہیں ابھی تک اپنی ماؤں کی رحم میں بھی
ہیں ضرور بالضرور اس سلسلہ کا آخر مسیح دجال کے ساتھ ہوگا۔

اس سے یہ صاف ظاہر ہوگیا کہ خوارج نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا مقابلہ
خون بہانے کو حلال قرار دیا۔ حضرت مولیٰ کرم اللہ وجہہ کو حکم تسلیم کر لینے کی بنا پر کافر ٹھہرایا اور
تضی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان خوارج کو کافر قرار دیا۔ اس بنا پر خوارج سے قتل کو جائز ٹھہرایا
حکم بھی یہی ہے۔ فتاوے بزازیہ میں ہے:

یجب اکفار الخوارج فی اکفارھم جمیع الامۃ۔ (بزازیہ جلد ۳ ص ۳۱۸)

خارجیوں کا کافر کہنا واجب ہے اس بنا پر کہ وہ اپنے سوا تمام امت کو کافر کہتے ہیں۔

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی تحفہ اثنا عشریہ میں تکفیر خوارج پر اجماع کی

تے ہیں:

محارب حضرت مرتضی اگر از راہ عداوت وبغض ست نزد علمائے اہلسنت کافر ست بالاجماع
وہمیں است مذہب ایشان درحق خوارج واہل نہروان۔

(از تحفہ اثنا عشریہ مطبوعہ فخر المطابع ص ۳۹۵)

حضرت علی مرتضی سے از راہ عداوت وبغض (جیسے خوارج) لڑنے والے علمائے اہلسنت کے
نزدیک بالاجماع کافر ہیں یہی ہے علمائے اہلسنت کا مذہب خارجیوں اور اہل نہران کے خوارج کے حق
میں۔

ان ہر دو عبارات سے خوارج کے کافر کہنے کا وجوب اور ان کے کفر پر علمائے اہلسنت کا اجماع
ثابت ہوگیا۔

بالجملہ خوارج کا یہ سلسلہ خلفائے راشدین کے بعد ہر زمانہ اور ہر قرن میں شر انگیزی اور فتنہ وفساد
کرتا ہی رہا۔ خلفائے بنی امیہ وخلفائے عباسیہ سے برابر یہ جنگ وقتال کرتے رہے یہاں تک کہ
۱۲۳۳ھ میں عبدالوہاب نجدی کے متبعین نے حرمین شریفین پر حملہ کیا اور اہل حرمین کو شہید کیا، علمائے
اہلسنت کو قتل کیا۔ علامہ ابن عابدین شامی میں اس عبدالوہاب اور اس کے متبعین کو خوارج سے شمار کرتے
ہیں:

قولہ یکفرون اصحاب نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علمت ھذا ان غیر شرط
فی مسمی الخوارج بل ھو بیان لمن خرجوا علی سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ والا
فیکفی فیھم اعتقادھم کفر من خرجوا علیہ کما وقع فی زماننا فی اتباع عبدالوھاب
الذین خرجوا من نجد وتغلبوا علی الحرمین وکانوا ینتحلون مذھب الحنابلۃ لکنھم
اعتقدوا انھم ھم المسلمون وان من خالف اعتقادھم مشرکون واستباحوا بذلک قتل اھل
السنۃ وقتل علمائھم حتی کسر اللہ تعالیٰ شوکتھم وخرب بلادھم وظفر بھم عساکر
المسلمین عام ثلاث وثلثین ومائتین والف۔ (شامی مصری جلد ۳ ص ۳۱۹)

اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کافر کہنا کچھ خارجیوں کے ساتھ ضروری نہیں بلکہ یہ ان
خاص خوارج کا بیان ہے جنھوں نے ہمارے مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر خروج کیا تھا خارجی ہونے کو اتنا کافی
ہے کہ جن پر خروج کریں انھیں اپنے عقیدہ میں کافر جانیں جیسا ہمارے زمانہ میں عبدالوہاب کے

مقتدیوں سے واقع ہوا جنھوں نے نجد سے نکل کر حرمین شریفین پر ظلماً قبضہ کیا وہ اپنے آپ ک
تھے مگر ان کا اعتقاد یہ ہے کہ صرف وہی مسلمان ہیں اور جو ان کے اعتقاد کے خلاف ہے مشرک
بنا پر انھوں نے اہل سنت وعلمائے اہلسنت کا شہید کرنا حلال ٹھہرالیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے
کت توڑ دی اور ان کے شہر ویران کئے اور مسلمانوں کے لشکر کو ان پر فتح دی سن بارہ سو تینتیس ہجری

اس عبارت سے ثابت ہوگیا کہ عبدالوہاب نجدی اور اسکی جماعت بھی خوارج میں سے
نے حرمین شریفین میں اہلسنت وعلمائے اہلسنت کو شہید کیا تو جب اسکا خارجی ہونا ثابت
عقائد اہلسنت کا مخالف قرار پایا اور فتاوے بزازیہ وتحفہ اثنا عشریہ سے اس کی جماعت کا باجماع
اہلسنت کافر کہنا واجب ثابت ہوا۔

پھر ہندوستان میں یہ خوارج کا مذہب ۱۲۴۰ھ میں ظاہر ہوا۔ دہلی میں خاندان عز
اسماعیل نامی ایک شخص پیدا ہوا۔ اس نے محمد بن عبدالوہاب نجدی رئیس الخوارج سے اپنا رشتہ
جوڑا اور ابن عبدالوہاب نجدی خارجی مذکور کی کتاب التوحید کی شرح اردو میں لکھی جس کا نام تقویۃ
ہے۔ اسی اسماعیل دہلوی نے یہاں مذہب خوارج کی اشاعت کی اور جہاد کے نام سے ایک لشکر
نجدی کی طرح مسلمانان سرحد کو شہید کیا یہاں تک کہ خود بھی مارا گیا۔

پھر ان دہلوی کے بعد رشید احمد گنگوہی نے مذہب خوارج کی تبلیغ واشاعت کا ذمہ لیا
عبدالوہاب نجدی جس کا خارجی ہونا علامہ شامی نے ذکر کیا جس کے عقائد کا خلاف مذہب
ہونا جس کا باجماع علمائے اہلسنت کافر ہونا فتاوے بزازیہ سے ثابت ہو چکا اس گنگوہی نے ا
عقائد کو عمدہ قرار دیا اور اسکو اچھا ٹھہرایا۔ فتاوے رشیدیہ جلد اول ص ۷ میں ہے:

سوال سولہواں: وہابی کون لوگ ہیں اور عبدالوہاب نجدی کا کیا عقیدہ تھا اور کون مذ
اور وہ کیسا شخص تھا اور اہل نجد کے عقائد میں اور سنی حنفیوں کے عقائد میں کیا فرق ہے؟۔

الجواب: محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں ان کے عقائد عمدہ
مذہب ان کا حنبلی تھا البتہ ان کے مزاج میں شدت تھی مگر وہ اور ان کے مقتدی اچھے ہیں ہاں جو
بڑھ گئے ان میں فساد آگیا ہے اور عقائد سب کے متحد ہیں اعمال میں اختلاف حنفی شافعی مالکی حنبلی کا

(فتاوی رشیدیہ مطبوعہ ہندوستان پرنٹنگ ورکس دہلی جلد ا ص ۷)

گنگوہی جی نے اس فتوے میں نجدی اور اس کی جماعت خوارج کو عقائد کو عمدہ بتایا اور نجدی اور ا

دیوں کو اچھا ٹھہرایا اور ان سے اپنی خوش عقیدگی کا یہ اظہار کیا کہ جن کے مزاج میں شدت بھی پیدا ہوگئی
ہے اور جن میں حد سے بڑھ جانے کی بنا پر فساد بھی آگیا ہے تو باوجود ان کے عقائد نہیں بدلے بلکہ وہی
عقائد ہی باقی رہ گئے تو ظاہر ہوگیا کہ گنگوہی جی بھی اس کے ہم عقیدہ اور متبع ثابت ہوئے کہ ہر شخص
جانتا ہے کہ ہمیشہ عمدہ عقائد ہی کا اتباع کیا جاتا ہے تو یہ گنگوہی جی کے خارجی ہونے کی روشن دلیل ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ وہ فرقہ منافقین جس کو اللہ تعالیٰ نے کافر وضال فرمایا کافر فریبی شان
رسالت میں گستاخ وبدگو فرمایا جو چوتھی خلافت میں خوارج کے نام سے مشہور ہوگیا تھا اور جو بفرمان
حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ زمانہ دجال تک باقی رہے گا چنانچہ تیرھویں صدی میں وہ خوارج نجد میں ابن
عبدالوہاب اور اس کے مقتدی اور ہندوستان میں اسماعیل دہلوی پھر رشید احمد گنگوہی اور ان کے مقتدی
جواب وہابی کے نام سے مشہور ہوگئے ہیں ان خوارج کو علماء اہلسنت نے بالاجماع کافر قرار دیا۔ حضرت
خلیفہ چہارم نے انھیں قتل کیا خلفائے بنی امیہ وخلفائے عباسیہ نے انھیں قتل کیا۔ جماعت ابن عبدالوہاب
نجدی کو ترکوں نے قتل کیا۔ اسماعیل دہلوی کی فوج کو سرحدی پٹھانوں نے قتل کیا۔ گنگوہی جی ایسے دور میں
ابھرے کہ سلطنت اسلامی ہندوستان میں مٹ گئی تھی انھیں مذہب خوارج ووہابیت کی اشاعت کا خوب
موقع ملا۔

بالجملہ خوارج کو زمانہ اقدس سے تیرھویں صدی تک کبھی تبلیغ واصلاح کا حق نہ اہل سنت اسلام
نے کبھی دیا نہ اس وقت اور آئندہ دے سکتے ہیں بلکہ ہمیشہ سے خلفاء وسلاطین نے انھیں قتل کرکے ان کے
فتنہ وفساد کو دبایا۔ اور ان ابھرتے ہوئے سیلاب کو روکا۔

اس تبلیغی جماعت کے بانی الیاس صاحب اسی سلسلہ خوارج ووہابیت کی ایک کڑی ہیں۔ یہ
گنگوہی جی مذکور کی گود کے پرورش کردہ مرید خاص ہیں جس کی پوری تفصیل آگے آتی ہے۔ تو یہ الیاس بھی
خارجی وہابی ہوا جو بحکم فتاوے بزازیہ وتحفہ اثنا عشریہ بالاجماع کافر قرار پایا۔ تو اس کو تبلیغ واصلاح کا حق
دیدینا گویا مذہب خوارج کی تبلیغ کی اجازت دینا ہے اور کفر وضلالت کی اشاعت سے راضی ہونا ہے اور
اجماع امت کے عمل کی مخالفت کرنا ہے اور قرآن کریم کے بیان کردہ مفسدوں کے فتنہ وفساد کی اعانت
کرنا ہے۔

اسلام کی تبلیغ کا حق تمام فرقہائے اسلامیہ میں صرف اہلسنت وجماعت کو ہے، ان کی ہی وہ تبلیغ
ہے جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیا اور حضور نے اپنی امت کو امر فرمایا۔

یہی تبلیغ اسلام کے تنہا حقدار ہیں اور ان کے سوا جس قدر فرقے مدعیان اسلام ہیں جب وہ خو
نہیں تو انہیں اسلامی تبلیغ کا حق کس طرح حاصل ہوسکتا ہے۔

اس تبلیغی جماعت کا بانی

تبلیغی جماعت کا بانی محمد الیاس جن کا آبائی وطن پھنجھانہ ضلع مظفر نگر تھا۔ ان کے وال
جن کی وہابیت کے سمجھنے کیلئے اتنی بات بہت کافی کہ سوانح مولوی الیاس میں ہے۔

آپ نے (محمد اسماعیل نے) حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی سے طریق
حصول کی خواہش کی۔ (از سوانح ص ۴۷)

الیاس صاحب کے والد کی وہابیت تو اسی سے ثابت ہوگئی اب باقی رہی ان کی والد
وہ اس سے ظاہر ہے وہ مظفر حسین کاندھلوی کی نواسی تھی اور یہ مظفر حسین شاہ اسحاق کے شاگ
یعقوب کے خلیفہ اور پیر سید احمد کے دیکھنے والے ہیں اسی سوانح میں ہے۔

مولانا مظفر حسین جو حضرت شاہ اسحٰق صاحب کے نہایت عزیز شاگرد حضرت شاہ محمد
مجاز حضرت سید احمد صاحب اور ان کے رفقا کے دیکھنے والے تھے۔ (از سوانح الیاس ص ۳۵)

تو ان کا گھرانہ اور ماحول ضرور وہابی ہوگا تو یہ الیاس ایسے وہابی ماں باپ کے فرزند ہو
کی تربیت وہابی گہواروں میں ہوئی اور جب یہ گیارہ سال کے ہوئے تو وہابیت کے مرکز میں
ہوئی اور گنگوہی کی مجلس وصحبت کے نقوش ان کے قلب پر کندہ ہوئے۔

سوانح میں ہے۔

مولانا محمد الیاس صاحب کا وہ زمانہ گنگوہ میں گذرا جب گنگوہ آئے تو دس گیارہ سال
تھے جب ۱۳۲۳ھ میں مولانا گنگوہی نے وفات پائی تو بیس سال کے جوان تھے گویا دس برس کا عر
کی صحبت میں گذرا۔ (سوانح ص ۴۵)

تو جس نے دس سال گنگوہ جی کی صحبت میں گذارے ہوں اس کی وہابیت کیسی راسخ ہو
پھر مزید براں مولانا الیاس صاحب نے ان سے بیعت کی سوانح میں ہے

مولانا الیاس صاحب کے غیر معمولی حالات کی بنا پر ان کی خواہش ودرخواست پر بیعت
(سوانح ص ۴۶)

اسی صفحہ میں ہے، آپ کو حضرت مولانا رشید احمد صاحب سے ایسا قلبی تعلق پیدا ہوگیا تھا کہ آپ
کے بغیر تسکین نہ ہوتی۔

تو اس الیاس کی وہابیت پر اب تو مہر لگ گئی کہ یہ گنگوہی جی کا مرید بھی ہوگیا اب اس کے سلسلہ
لمذ اور تعلیم کو دیکھئے اسی سوانح میں ہے۔

آپ شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب کے حلقہ درس میں شرکت کے لئے دیوبند تشریف لے
گئے۔ (سوانح ص ۴۹)

لہٰذا اس الیاس کی تعلیم دیوبند میں ہوئی محمود حسن کا یہ شاگرد ہے اب تو اس کی وہابیت میں کوئی
شبہ کی گنجائش باقی رہی اب بھی کچھ شک ہو تو سنئے۔

گنگوہی کی وفات کے بعد آپ نے شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب سے درخواست دی آپ
نے مولانا خلیل احمد صاحب سے رجوع کا مشورہ دیا چنانچہ آپ نے مولانا سہارنپوری سے اپنا تعلق قائم
کرلیا اور آپ کی نگرانی ورہنمائی میں منازل سلوک طے کرے۔ (سوانح ص ۵۰)

اسی سوانح کے ص ۵۱ پر ہے) مولانا محمود حسن صاحب کے ہاتھ پر بیعت جہاد کی۔

جس الیاس نے وہابی آغوش میں آنکھیں کھولی ہوں جس الیاس نے پیشوایان وہابیہ کو استاذ بنایا
ہو جس الیاس نے گنگوہی وسہارنپوری سے بیعت حاصل کی ہو اور ان کی صحبت وتربیت میں رہا ہو تو اس
الیاس کی وہابیت وخارجیت پر کہیں پردے پڑ سکتے ہیں پھر اسے اکابر وہابیہ سے اس کا تعلق اس قدر زبر
دست ہو کہ سوانح میں ہے۔

مولانا گنگوہی کے دوسرے خلفا سے عقیدت مندی اور صحبت واستفادہ کا تعلق برابر قائم رہا شاہ
عبدالرحیم رائے پوری مولانا محمود الحسن صاحب دیوبندی اور مولانا اشرفعلی صاحب تانوتوی سے الیاس
تعلق تھا کہ فرماتے تھے۔ یہ حضرات میرے جسم وجان میں بسے ہوئے تھے اور ان حضرات کو بھی مولانا کی
امتیازی خصوصیات کی وجہ سے خصوصی محبت اور لحاظ تھا۔ (سوانح ص ۵۱)

لہٰذا یہ وہ الیاس ہے جو اکابر وہابیہ کو اپنے جسم وجان میں بسا ہوا کہتا ہے گنگوہی جی کو قلب جانتا
ہے اور ادھر اکابر وہابیہ کو اس الیاس سے خصوصی محبت ہے اور انھوں نے امتیازی خصوصیات اس کو دیئے
ہیں انھیں پورا پورا اس پر اعتماد حاصل تھا چنانچہ سوانح کا یہ واقعہ اس کی دلیل ہے۔

ایک مرتبہ کاندھلہ میں شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری مولانا خلیل احمد صاب سہارنپوری اور

مولانا اشرفعلی صاحب تھانوی موجود تھے نماز کا وقت آیا تو امامت کے لئے آپ کو (الیاس
بڑھادیا (سوانح ص ۵۴)

پھر ان الیاس صاحب نے عمر بھر جن مولوی سے ملاقات کی یا عقیدت سے ملے یا
تبلیغی جلسوں میں مدعو کیا وہ سب دیو بندی وہابی مولوی ہیں جن کی مختصر فہرست یہ ہے۔

(۱) مولوی خلیل احمد سہارنپوری، (۲) مولوی حسین احمد (۳) مفتی کفایت اللہ (
عبدالشکور لکھنوی ۔(۵) مولوی طیب مہتمم مدرسہ دیو بند (۶) مولوی محمد شفیع مہتمم مدرسہ عبد
۔(۷) مولوی عبداللطیف ناظم مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور (۸) مولوی اعزاز استاذ مدرسہ
مولوی عبدالقادر رائے پوری (۱۰) مولوی عبدالحنان (۱۱) مولوی عمران (۱۲) منظور نعمانی (۱۳)
بخاری (۱۴) مولوی ظفر احمد تھانوی (۱۵) عبدالحق مہتمم مدرسہ شاہی مراد آباد۔ حتی کی اس الیاس
الموت میں اور وقت موت اور بعد موت مولوی منظور سنبھلی اور ظفر احمد تھانوی اور مفتی کفایت
تھے تو جس الیاس کی ساری عمر اکابر وہابیہ کے ساتھ گذری ہو اور اس کی اس سوانح میں کہیں کسی
عالم سے ان کی نہ ملاقات اور نہ ملنے کا تذکرہ ہو نہ اپنے کسی تبلیغی جلسہ میں انھیں مدعو کرنے کا ذکر
لئے اس کی طرف کوئی ذی عقل سنی ہونے کا وہم بھی نہیں کر سکتا۔

حاصل کلام یہ ہے کہ یہ الیاس بانی تبلیغی جماعت نہایت سخت متعصب خارجی وہابی
ثابت ہوا بلکہ وہابیوں اور دیو بندیوں کا مقتدا و پیشوا ثابت ہوا اس کی وہابیت میں کسی کو ادنی وہم
گنجائش نہیں ہے۔

الیاسی تبلیغی جماعت کا مذہب

مذہبی جماعت کے بنانے کے دو طریق ہیں ایک طریقہ تو یہ ہے کہ لوگ مذہب سے وا
عقائد اسلام کو خوب جانتے ہیں احکام دین سے باخبر ہیں یہ لوگ محض اپنے ہم مذہبوں کے نظم کے
جماعت کرتے ہیں تو یہ لوگ اپنے چند اراکین تجویز کرتے ہیں اور پھر یہ ساری جماعت اپنی با
ایک صدر اعلیٰ کے ہاتھ میں دے دیتی ہے۔ اور اس صدر اعلیٰ کی اطاعت اپنے اوپر لازم قرار کر
اور اس کے کسی حکم اور منشا کے خلاف کرنا اپنے لئے جرم عظیم متصور کرتی ہے۔ اگر ان کا صدر اعلیٰ
سے ذرا انحراف کرتا ہے اور کسی عقیدہ حقہ یا مسئلہ شرعی کے خلاف کوئی حکم دیتا ہے تو یہ دیندار جماعت

کی ہرگز اطاعت نہیں کرے گی بلکہ پہلے تو اس صدر اعلیٰ کی حتی الامکان اصلاح کی سعی کریگی اگر وہ
درست ہو گیا تو اپنے عہدہ صدارت پر فائز رہے گا اور اگر اس صدر اعلیٰ کی اصلاح ہوئی اور وہ اپنی غلط
روی سے باز نہ آیا تو یہ واقف کار جماعت اس کو صدارت ہی سے معزول کر دے گی اور اپنا کوئی اور دیندار
صدر اعلیٰ منتخب کر لے گی بالجملہ ایسی دین سے واقف کار دیندار جماعت کا مذہب اس کے صدر اعلیٰ کا
مذہب نہیں ہوتا بلکہ اس صدر اعلیٰ کا وہ مذہب ہوتا جو اس جماعت کا مذہب ہوتا ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک شخص کے دماغ میں نئی مذہبی جماعت بنانے کا شوق پیدا ہو تو وہ سب
سے پہلے ایسے لوگوں کو تلاش کرتا ہے جو دین سے ناواقف ہوں۔ مذہبی اعتقادیات واحکام سے بے خبر
ہوں۔ جن کے قلوب پر دین کی کسی بات کا کوئی نقش کندہ نہ ہو۔ جو محض سادہ لوح ہوں۔ مادہ محض ہوں۔
کسی دینی پیشوا سے نہ انھیں عقیدت حاصل ہو نہ ان کی معرفت ہو۔ تو یہ شخص پہلے تو ان پر اپنا علمی اقتدار
قائم کرلے گا۔ پھر انھیں اپنے زہد و تقوی سے گرویدہ بنائیگا اور ان ناواقفوں میں اپنے ایثار و اخلاص کا
رنگ جمائیگا یہاں تک کہ ان میں سے ایک شخص کو بیعت کر لیگا۔ پھر کچھ روز کے بعد دوسرے شخص کو اپنا
مرید کر لیگا۔ پھر اسی طرح آہستہ آہستہ ایک ایک شخص کو اپنا گرویدہ بناتا جائیگا۔ کچھ عرصہ کے بعد اس
ساری ناواقف قوم کو اپنا لے گا۔ اور ان کی ایک جماعت تیار کر لیگا۔ چونکہ ان ناواقفوں کے سادہ قلوب پر
اس کے علم و فضل اس کے زہد و تقوے اور ایثار و اخلاص کے نقوش کندہ ہو گئے ہیں تو وہ بے خبر لوگ دنیائے
انسانیت میں نہ اور کسی کو ایسا عالم دین جانتے ہیں نہ کسی کو ایسا متقی اور پیر اعتقاد کرتے ہیں نہ کسی کو دین کا
ایسا خادم و مخلص سمجھتے ہیں۔

تو اس شخص کا حکم اس جماعت پر اس قدر زبردست ہوگا کہ گویا اس کی حکم عدولی نہیں کر سکتا۔ اس
کے اشارہ پر ساری جماعت گردش کریگی اس کا ہر قول ان کے صفحات قلب پر کندہ ہو جائیگا اس کا ہر فعل ان
کے لئے شاہراہ بن جائیگا اسی بنا پر ساری جماعت اس کے اقوال و افعال کا نمونہ نظر آیا کرتی ہے۔

اور اگر اس بانی سے کوئی دینی غلطی ہو جائے یا وہ کسی حکم شرعی کے خلاف حکم دیدے تو یہ ناواقف
جماعت اپنی عقیدت اور جہالت کی وجہ سے اس دینی غلطی کو صحیح جانے گی اور حکم مخالف شرع کو ہی اپنا دین
اعتقاد کر لے گی اور اگر کوئی عالم ان کے بانی کے حکم کے خلاف صریح آیت و حدیث بھی پیش کر دے یا
آفتاب سے زیادہ روشن دلائل بھی قائم کر دے تو وہ نادان جماعت اپنے بانی کے قول سے شمہ بھر نہیں ہٹ
سکتی۔ بلکہ اپنے بانی کے باطل قول اور غلط فعل ہی کی تائید کیے جائیگی تو اسی دن سے ناواقف جماعت

اپنے بانی کو نہیں چھوڑ سکتی۔ ایسی مذہب سے بے خبر جماعت اپنے پیشوا سے منہ نہیں موڑ سکتی
بانی کے ہر قول وفعل کو صرف مذہب جانتی ہے اور اپنے بانی کے مخالف قول وفعل کو بد مذہبی سمجھتی
لہٰذا ایسی جماعت کا وہی مذہب ہوتا ہے جو اس کے بانی کا مذہب ہوتا ہے اب اس بات کے
میں کسی ادنی عقل وفہم والے کو بھی تأمل نہ ہوگا جماعت بنانے کا یہ دوسرا طریق ہر بانی مذہب کو
پڑتا ہے۔

غلام احمد قادیانی نے اپنی جماعت قادیانی اسی طرح تیار کی۔ سر سید احمد نے اپنی نیچری
ایسے طریقہ سے بنائی۔ عبداللہ چکڑالوی نے اپنی جماعت اہل قرآن اسی طور پر منظم کی۔ عبد
نے اپنی جماعت روافض ایسے ہی ایجاد کی۔ اسمٰعیل دہلوی نے جماعت وہابیہ اسی انداز سے گڑھی
علی مودودی نے اپنی نام نہاد اسلامی جماعت ایسے ہی تعمیر کی۔

ان سب جماعتوں کے وہی مذاہب ہیں جو ان کے بانیوں کے مذاہب ہیں۔
جماعتوں کے وہی عقائد ہیں جو ان کو سادہ قلوب پر ان کے بانیوں نے کندہ کئے۔ ان جماعتوں
افعال ہیں جو ان کے جوارح کو ان کے بانیوں نے عادی بنایا۔ تو انھیں کی ہر ہر جماعت اپنے
واعتقاد میں فعل وعمل میں اخلاق وعادات میں اپنے اپنے بانی کا نمونہ ہے۔

الیاس صاحب کو جب بانی جماعت ہونے کا شوق ہوا تو ان کی نظر میوات پر پہنچی جو
مسلمان تھے دین سے ناواقف تھے۔ بوجہ بالکل سادہ لوح اور مادہ محض اور خالی زمین کی طرح
انھوں نے آہستہ آہستہ ایک ایک کو ان میں سے مانوس کیا اور اسے بیعت کرلیا وران سادہ لوح
عقائد کندہ کر دیئے اور ان مادہ محض میں اعمال دیوبندی کی صور ڈالدیں اور اس زمین میں
وخارجیت کا بیج بودیا اور جاہلوں کو مبلغ کا لقب دیکر زمیں ہند میں گشت کرنے کے لئے ملازم رکھ لیا

اس تبلیغ الیاسی کے اکثر واصل اعضاء یہی میواتی لوگ ہیں جن کا مذہب اور عقائد وہی
الیاس کا مذہب اور عقائد تھے اور اس الیاسی تبلیغ کے چلتے ہوئے کام کو دیکھ کر بعض وہ لوگ بھی شا
گئے جو نسلی وہابی ہیں اور میواتی نہیں ہے۔ تو اس الیاسی تبلیغ کی جماعت میں یہ دو قسم کے افراد تو وہ
نہایت پختہ وہابی دیوبندی ہیں۔ اور یہ ہر دو بانی جماعت کے بالکل ہم مذہب اور ہم عقیدہ ہیں یہ ہر
وہابیت کو خفا میں رکھنے کی کوشش کرتے ہیں مگر وہ کہیں نہ کہیں ظاہر ہو جاتی ہے۔

بعض وہ بھی ہیں جو اہلسنت وجماعت ہیں جو ان کے فریب میں آکر یا طمع میں ان کے سا

گئے ہیں۔ اور یہ لوگ ان پر بھی وہابیت کے ڈورے ڈال رہے ہیں اور وہ اپنی ناواقفی میں ان کے شکار بنے ہوئے ہیں لیکن ایسے لوگ اس جماعت میں بہت کم ہیں اکثر وبیشتر وہی افراد ہیں جو وہابیت میں راسخ اور نہایت پختہ ہیں۔

تبلیغی جماعت کے عقائد

جب یہ امر ثابت ہو چکا کہ تبلیغی جماعت کا مذہب اور عقائد بالکل وہی ہیں جو اس کے بانی الیاس کا مذہب اور عقائد تھے۔ اور خود الیاس کے متعلق یہ ثابت ہو چکا کہ وہ رشید احمد گنگوہی خلیل احمد سہارنپوری کا مرید ہے اور محمود حسن کا شاگرد ہے اور دیوبند کا وہ تعلیم یافتہ ہے۔ تھانوی رائے پوری اور تعلیم اکابر وہابیہ کا متبع اور پیرو ہے۔ اور تمام اکابر وہابیہ کا معتمد اور اصاغر وہابیہ کا پیشوا ہے۔ تو اس الیاس اور اسکی تبلیغی جماعت کے عقائد ومسائل وہی ہوئے جو تمام وہابیہ کے عقائد ومسائل ہیں اگر چہ عقائد وہابیہ میں مستقل رسالے بکثرت مطبوعہ موجود ہیں۔ میں اپنے رسالہ کاشف سنیت ووہابیت سے بطور نمونہ کے صرف ۲۵ عقائد اور ۲۵ مسائل ان وہابیہ کے مع ان کی اصل عبارات کے اور اسکے مقابلہ میں مشہور کتب اہلسنت وجماعت سے عبارات بقید صفحات نقل ہونگی تا کہ ہر ایک پر ان کا مقابل اہلسنت ہونا ظاہر ہو جائے۔

عقیدہ (۱) وہابیہ کے نزدیک اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے العیاذ باللہ

عقائد وہابیہ مع اصل عبارت

اصل عبارت: لانسلم کہ کذب مذکور محال بمعنی مسطور باشد۔

(از یکروزی ص ۱۴۵ مصنفہ امام الوہابیہ اسمٰعیل دہلوی)

ترجمہ: ہم نہیں مانتے کہ اللہ کا جھوٹ بولنا محال ہو (نیز) امکان کذب کا مسئلہ تو اب جدید کسی نے نہیں نکالا بلکہ قدماء میں اختلاف ہوا ہے۔

(براہین قاطعہ مطبوعہ ساڈھورہ ص ۲ مصنفہ خلیل احمد انبیٹی سہارنپوری ومصدقہ رشید احمد گنگوہی)

عقائد اہلسنت وجماعت مع عبارات

وہابیہ کے نزدیک جب اللہ تعالیٰ کا جھوٹ بولنا محال نہیں تو ان کے نزدیک خدا کا کذب ممکن ہوا یعنی وہ جھوٹ بول سکتا ہے اور اہلسنت کے نزدیک اللہ تعالیٰ کا جھوٹ بولنا محال ہے۔

شرح فقہ اکبر مصری کے صف ۲۲ پر ہے۔ والکذب علیه محال۔

ترجمہ: اللہ پر جھوٹ محال ہے۔

شرح مواقف کشوری کے ص ۶۰۴ پر ہے: یمتنع علیه الکذب اتفاقا۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ پر کذب باتفاق ناممکن ہے۔

مسایرہ اور مسامرہ مطبوعہ دہلی کے ص ۸۴ پر ہے: (وھو) ای الکذب (مستحیل علیہ تعالیٰ (لانه نقص)

ترجمہ: کذب اللہ تعالیٰ پر محال ہے اس لئے کہ وہ عیب ہے لہٰذ وہابیہ کا یہ عقیدہ بالکل اہلسنت وجماعت کے مخالف اور مقابل ہے۔

عقیدہ (۲) وہابیہ کے نزدیک اللہ تعالیٰ جاہل ہے العیاذ باللہ تعالیٰ

(عبارت) غیب کا دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو جب چاہے کر لے یہ اللہ صاحب شان ہے (از تقویۃ الایمان مطبوعہ مرکنٹائل پرنٹنگ پریس دہلی ص ۳ مصنفہ امام الوہابیہ اسمٰعیل دہلوی

عقائد اہلسنت

وہابیہ کے نزدیک خدا کا علم اختیاری ہے کہ وہ چاہے تو دریافت کر لے اور ظاہر ہے کہ دریافت کرنے سے پہلے اس غیب کا علم نہ ہوگا اور علم نہ ہونے کا نام ہی جہل ہے تو معاذ اللہ وہابیہ کا یہ عقیدہ خدا جاہل ہے اور اہلسنت کا عقیدہ یہ ہے۔

فتاوی عالمگیری مجیدی کے جلد ۲ ص ۲۸۱ پر ہے: یکفر اذا وصف الله تعالیٰ بما لا نسبه الی الجھل۔

ترجمہ جو خدا کی ایسی شان بیان کرے جو اسکے لائق نہیں یا اس کو جہل کی طرف نسبت کرے کافر ہے۔ لہٰذا وہ وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ اہلسنت کے بالکل خلاف اور مقابل ٹھہرا۔

عقیدہ (۳) وہابیہ کے نزدیک اللہ تعالیٰ کا علم قدیم نہیں العیاذ باللہ

یہی عبارت منقولہ عقیدہ نمبر ۲

عقائد اہلسنت

وہابیہ نے جب علم خدا کو اختیاری مانا تو اس کے علم کو ضروری ولازم نہ جانا اس لئے کہ دریافت کرنے سے پہلے وہ علم حاصل نہ ہوگا اور یہ علم حادث کی شان ہے علم قدیم کی یہ شان نہیں کہ وہ کسی وقت

ہو تو وہابیہ کے نزدیک علم خدا قدیم نہ ہوا۔ اور اہلسنت کا عقیدہ یہ ہے۔

شرح فقہ اکبر مصری کے ص ۳۸ پر ہے: فعلمه قدیم۔ اللہ تعالیٰ کا علم قدیم ہے۔

فتاوے عالمگیری کے ص ۲۸۲ پر ہے: لو قال علم خدا قدیم نیست یکفر ملخصا۔

ترجمہ جو علم خدا کو قدیم نہ مانے کافر ہے لہٰذ وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ اہلسنت کے بالکل خلاف ہے۔

عقیدہ (۴) وہابیہ کے نزدیک اللہ تعالیٰ مکار ہے العیاذ باللہ تعالیٰ

(عبارات) سو اللہ کے مکر سے ڈرا چاہئے۔

(تقویۃ الایمان مطبوعہ مذکور مصنفہ امام الوہابیہ اسمٰعیل دہلوی۔

عقائد اہلسنت مع عبارات

وہابیہ نے شان الٰہی میں کیسی گستاخی کی کہ خدا کے لئے مکر جیسے عیب کی طرف نسبت کر کے اسے مکار ثابت کر دیا اور اہلسنت کے نزدیک مکر عیب ہے لہٰذا اسکی نسبت خدا کی طرف نہیں ہو سکتی۔

تفسیر صاوی مصری کے جلد ۲ ص ۸۷ پر ہے: المکر فی الاصل الخدیعة والحیلة وذلك مستحیل علی الله۔

مکر اصل میں فریب اور بہانہ کے معنی میں مستعمل ہے تو یہ مکر اللہ کے لئے محال ہے۔

تفسیر مدارک التنزیل مصری کے جلد اص ۲۴۱ پر ہے: لا یجوز اضافة المکر الی الله تعالیٰ الا علی الجزاء لانه مذموم عند الخلق۔

سوائے معنی جزا کے اللہ تعالیٰ کی طرف مکر کی نسبت کرنا جائز نہیں کہ یہ لوگوں کے نزدیک مذموم اور برائی ہے) لہٰذا وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ اہلسنت کے بالکل خلاف ہے۔

عقیدہ (۵) وہابیہ کے نزدک قرآن کریم کلام الٰہی نہیں باہمی مشورہ ہے: العیاذ باللہ

(عبارت) بلکہ اس کے دربار میں ان کا تو یہ حال ہے کہ جب وہ کچھ حکم فرماتا ہے وہ سب سے رعب میں آ کر بے حواس ہو جاتے ہیں اور ادب و دہشت کے مارے دوسری بار اس بات کی تحقیق اس

سے نہیں کر سکتے بلکہ ایک دوسرے سے پوچھتا ہے اور جب اس بات کی آپس میں تحقیق کر
سوائے امنا وصدقنا کے کچھ کہہ نہیں سکتے پھر بات الٹنے کا تو کیا ذکر۔ (تقویۃ الایمان ص ۳۴ مذکور

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

وہابیہ کے نزدیک نبی بوقت وحی رعب سے بے حواس ہو گئے اور بے حواسی میں کلام ا
نہیں اور دوبارہ دریافت نہیں کر سکتے لہذا آپس میں ایک دوسرے سے پوچھ کر مشورہ کر کے امنا
کرلیا تو وہابیہ کے عقیدہ میں قرآن کریم کلام الٰہی تو ہوا نہیں بلکہ وہ باہمی مشورہ ہوا اور اہلسنت کا
ہے۔

امام اعظم علیہ الرحمۃ فقہ اکبر مصری کے ص ا پر فرماتے ہیں: القرآن كلام الله تعالىٰ فهو
ترجمہ: قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام اور قدیم ہے۔

شرح فقہ اکبر کے ص ۱۵۳ پر ہے: من جحد القران اى كلمة او سورة منه او آية
انها ليست من كلام لله تعالىٰ كفر۔

جس نے سارے قرآن کا یا اس کی کسی سورت کا یا کسی آیت کا انکار یا یہ گمان کیا کہ وہ ک
نہیں ہے تو وہ کافر ہو گیا۔ لہذا وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ اہلسنت کے بالکل خلاف قرار پایا۔

عقیدہ (۶) وہابیہ کے نزدیک انبیائے کرام عاجز ہیں العیاذ باللہ تعا

(عبارت) اولیاء انبیاء و امام زادہ پیر و شہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب
ہی ہیں اور بندے عاجز (تقویۃ الایمان مذکور ص ۶۸) چھوٹے بڑے سب اس کے بندے عاج
ہیں اور بے اختیار ہوتے ہیں اور پیغمبر سب برابر ہیں ن۔ (نصیحۃ المسلمین مطبوع ۱۲۹۵ھ محمد لکھنو ص ۱۲

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

وہابیہ کے نزدیک حضرات انبیائے کرام اور چھوٹے انسانوں کے برابر عاجز ہیں اور ا
کے عقیدہ میں حضرات انبیائے کرام خلفاء اللہ ہیں اور وہ بعطائے الٰہی عالم میں تصرف کرنے پر قادر ہیں

تفسیر عزیزی مطبوعہ حیدری کے ص ۱۹۷ پر ہے ''باز او را قدرتے دادند کہ نمونہ قدرت خ
بان معنی کہ چنانچہ قدرت کاملہ الٰہی سبب وجود حقائق متاصلہ ثابت الآثار است ہمچناں قدرت ایں خل
اللہ تعالیٰ نے خلیفہ کو ایسی قدرت دی جو اس کی اپنی قدرت کا نمونہ ہے بایں معنی کہ جیسے اللہ
کی قدرت کاملہ حقائق متاصلہ ثابت الآثار کے وجود کا سبب ہے ایسے ہی کسی خلیفہ کی لہذا وہابیہ کا

بھی عقیدہ اہلسنت کے خلاف ہے۔

عقیدہ (۷) وہابیہ کے نزدیک انبیاء کرام بے خبر اور نادان ہیں العیاذ باللہ

(عقائد وہابیہ مع اصل عبارات)

اسی طرح کچھ اس بات میں بھی ان انبیاء کو بڑائی نہیں ہے کہ اللہ صاحب نے غیب دانی ان کے اختیار میں دیدی ہو جس کے دل کا حال جب چاہیں معلوم کرلیں یا جس غائب کا احوال جب چاہیں معلوم کرلیں کہ وہ جیتا ہے یا مر گیا یا کس شہر میں ہے یا کس حال میں یا جس آئندہ بات کو جب ارادہ کریں تو دریافت کرلیں کہ فلانے کے ہاں اولاد ہوگی یا نہ ہوگی یا اس سوداگری میں اس کو فائدہ ہوگا یا نہیں ہوگا یا اس لڑائی میں فتح پاویگا یا شکست کہ ان باتوں میں بھی سب بندے بڑے ہوں یا چھوٹے سب یکساں بے خبر ہیں اور نادان۔ (تقویۃ الایمان ص ۲۹)

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

وہابیہ نے عقیدہ نمبر ۶ میں انبیاء کرام کو اپنی برابر عاجز و بے اختیار کہہ کر ان کی خداداد قوت وتصرف کا انکار کیا اس عبارت میں ان کی علمی فضیلت وفوقیت کے ختم کرنے کے لئے صاف کہہ دیا کہ وہ چھوٹوں کی برابر بے خبر اور نادان ہیں یعنی انبیاء علم میں ہماری برابر ہیں یہ شان انبیائے کرام میں گستاخی وتوہین ہے اہل سنت کے نزدیک حضرات انبیائے کرام کو اللہ تعالیٰ ایسی قوت مدرکہ عطا فرماتا ہے جس سے وہ غیوب کو باختیار خود دریافت کرلیا کرتے ہیں۔

علامہ زرقانی شرح مواہب لدنیہ میں حضرت امام غزالی سے ناقل ہیں ''النبوة عبارة عما يختص به النبي يفارق به غيره وهو يختص بانواع من الخواص احدها انه يعرف حقائق الامور المتعلقه بالله وصفاته وملئكته والدار الاخرة علما مخالفالعلم غيره بكثرة المعلولات وزيادة الكشف والتحقيق وثانيها ان له في نفسه صفة بها تتم الافعال الخارقة للعادة كما ان لنا صفة تتم بالحركات المقرونة بارادتناوهي القدرة ثالثها ان له صفة بها يبصر الملائكة ويشاهد هم كما ان البصر صفة بها يفارق الاعمى رابعا ان له صفة بها يدرك ما سيكون في الغيب۔ (زرقانی مصری جلد ا ص ۲۰)

نبوت اس وصف سے عبارت ہے کہ جس کے ساتھ نبی مختص ہوتا ہے اور غیر نبی سے ممتاز ہوتا ہے اور نبی چند خواص کے ساتھ مختص ہے پہلی خصوصیت یہ ہے کہ جو امور اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات

اور فرشتوں اور آخرت کے ساتھ متعلق ہیں نبی ان کی حقائق کا عارف ہوتا ہے غیر نبی کو کثرت
اور زیادتی کشف وتحقیق میں اس سے کچھ نسبت نہیں دوسری خصوصیت یہ ہے کہ نبی کی ذات میں
وصف ہے جس سے افعال خارقہ عادات تمام ہوتے ہیں جس طرح کہ ہمیں ایسی قدرت حاصل
جس سے ہمارے حرکات ارادیہ پورے ہوتے ہیں تیسری خصوصیت یہ ہے کہ نبی کو ایک ایسا وصف
ہوتا ہے جس سے ملائکہ کو دیکھتا اور مشاہدہ کرتا ہے جس طرح بینا کو ایک وصف حاصل ہے
باعث وہ نابینا سے ممتاز ہوتا ہے۔ چوتھی خصوصیت یہ ہے کہ نبی کو ایک ایسا وصف حاصل ہے جس
غیب کی آئندہ باتوں کو ادراک کر لیتا ہے۔ لہذا وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ اہلسنت کے خلاف ہے

عقیدہ (۸) وہابیہ کے نزدیک انبیائے کرام کی سرداری چودھری ا
زمیں دار کی طرح ہے

(عبارت) جیسا ہر قوم کا چودھری اور گاؤں کا زمیں دار سو ان معنوں کو ہر پیغمبر اپنی امت
رہے۔ (تقویۃ الایمان ص۴۷)

اہل سنت کا عقیدہ

وہابیہ کو عظمت شان انبیائے کرام کے اظہار کیلئے کیا اور کلمات نہیں مل سکے۔ ان کو اگر
ہی کہہ دیا ہوتا تو مسلمانوں کا دل تو نہیں دکھتا۔ اہلسنت کے نزدیک مراتب انبیائے کرام اور مرا
سے بہت بلند ہیں۔

شرح شفا شریف مصری کے جلد۱ ص۳۲۰ پر ہے: رتبهم اشرف الرتب ای اشرف
البشر فهو باجماع الامة ودر جاتهم ارفع الدر جات۔

باجماع امت انبیاء کے مراتب وادراکات بشر کے مراتب ودرجات سے اعلیٰ اور
ہیں۔ لہذا وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ اہلسنت وجماعت کے بالکل خلاف ہے۔

عقیدہ (۹) وہابیہ کے نزدیک انبیائے کرام کی بڑے بھائی کے براب
کی جائے العیاذ باللہ

عقائد وہابیہ مع اصل عبارت

انسان آپس میں سب بھائی ہیں جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے سو اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم
کیجئے اور مالک سب کا اللہ ہے بندگی اس کو چاہئے اس حدیث سے معلوم کہ اولیاء وانبیاء وامام زادہ پیر
وشہید جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی مگر ان کو
اللہ نے بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہوئے۔ (تقویۃ الایمان ص۶۸)

عقائد اہلسنت وجماعت مع عبارات

وہابیہ نے اس میں انبیائے کرام سے اپنی برادری اور بھائی بندی کا رشتہ جوڑ کر ان کی تعظیم بڑے
بھائی کے برابر کرنے کا حکم دیا اہلسنت کے نزدیک انبیائے کرام اپنی امتوں کے دینی باپ ہوتے ہیں۔

قرآن کریم میں ہے: النبی اولیٰ بالمؤمنین من انفسهم وازواجه امهاتهم۔

(ترجمہ) نبی مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک ہے اور اس کی بیبیاں ان کی مائیں ہیں۔

(تفسیر مدارک مصری جلد۳ ص۲۲۵) پر ہے: وفی قرائۃ ابن مسعود النبی اولیٰ بالمو منین من
انفسهم وهو اب لهم وقال مجاهد کل نبی ابو امته ولذالك صار المو منون اخوة لان
النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ابوهم فی الدین۔

ترجمہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قرات میں ہے کہ نبی مسلمانوں کا ان کی جان سے
زیادہ مالک ہے اور وہ ان کا باپ ہے۔ اور مجاہد نے فرمایا ہر نبی اپنی امت کا باپ ہے۔ اسی بنا پر تو مومنین
آپس میں بھائی ہوئے کیونکہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے دینی باپ ہیں۔ لہذا وہابیہ کا یہ عقیدہ
اہلسنت کے خلاف ہے۔

عقیدہ (۱۰) وہابیہ کے نزدیک انبیائے کرام کو وکیل وشفیع سمجھنے والا ابوجہل
کی برابر مشرک ہے العیاذ باللہ

(عبارت) جو کوئی کسی بھی ولی کو یا امام وشہید کو یا کسی فرشتے کو یا کسی پیر کو اللہ کی جناب میں اس
قسم کا (بالوجاہت) شفیع سمجھے وہ اصلی مشرک ہے (تقویۃ الایمان ص۳۵) ان کو اپنا وکیل وسفارشی
سمجھنا بھی ان کا کفر وشرک تھا سو جو کوئی کسی سے معاملہ کرے گو کہ اس کو اللہ کا بندہ ومخلوق ہی سمجھے سو ابوجہل
اور وہ شرک میں برابر ہے۔ (تقویۃ الایمان ص۸)

عقائد اہلسنت وجماعت مع عبارات

وہابیہ نے انبیائے کرم کے وکیل وشفیع سمجھنے والوں کو ابوجہل کی برابر اصل مشرک…
شفاعت انبیا کا اصاف انکار کیا اور اہلسنت انبیاء کے وکیل وشفیع سمجھنے والوں کو مؤمنین کاملین جا…
اوران کی شفاعت کو حق مانتے ہیں۔

حدیث ابن ماجہ مطبوعہ دہلی کے ص ۳۳۰ پر ہے: یشفع یوم القیمة ثلثة الانبیاء ثم العل…
الشهداء ۔ روز قیامت انبیاء اور علماء اور شہداء شفاعت کرینگے۔

حضرت امام اعظم علیہ الرحمۃ فقہ اکبر مصری کے ص ۳ پر فرماتے ہیں شفاعة الانبیاء…
الصلاة و السلام حق۔

انبیاء علیہم السلام کا شفاعت کرنا حق ہے لہٰذا وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ اہل سنت کے خلا…
اوران کے عقیدہ کی بنا پر تمام امت مشرک ہے۔

عقیدہ (۱۱) وہابیہ کے نزدیک انبیائے کرام کے معجزے سے بڑھ کر جادوگر او… والے کرسکتے ہیں العیاذ باللہ تعالیٰ

(عبارت) بسیار چیز ست کہ ظہور آں از مقبولین حق از قبیل خرق عادت شمردن می شو…
امثال ہماں افعال بلکہ اکمل واقوی ازاں ارباب سحر واصحاب طلسم ممکن الوقوع باشد۔

(فتاوی رشیدیہ ص ۱۳۱ ج ۳)

بہت چیزیں کہ مقبولین کی معجزہ یا کرامت گنی جاتی ہیں ایسی بلکہ قوت وکمال میں ان سے…
جادوگر اور طلسم والے کرسکتے ہیں۔

عقائد اہلسنت وجماعت مع عبارات

وہابیہ نے انبیائے کرام کو جادوگر اور طلسم والے سے گھٹایا اور جادو اور طلسم کو معجزے سے بڑ…
اہل سنت کے نزدیک جادو اور طلسم خارق عادت ہی نہیں۔

چنانچہ تکمیل الایمان کے صفحہ ۵۷ پر ہے: "وبہ حقیقت سحر وطلسمات وشعبدہ از خوارق عادت نیو…
اور حقیقة جادو اور طلسم اور شعبدہ خوارق عادت سے نہیں۔ اسی لئے انکا مثل لاکر دوسرا معارض…
سکتا ہے۔

مواہب لدنیہ مصری کے جلد ا صفحہ ۳۴۷ پر ہے: السحر المقرون بالتحدی فانه یم…

…ضته بالایمان مثله ۔ وہ جادو جو دعوی مقابلہ کے ساتھ ہو تو اس کا مثل لاکر معارضہ ممکن ہے۔

اور معجزہ کی یہ تعریف ہے۔ شرح عقائد نسفی مطبوعہ انوار محمدی کے ص ۹۹ پر ہے:
المعجزة امر یظهر بخلاف العادة علی ید مدعی النبوة عند تحدی المنکرین علی
…ه یعجز المنکرین عن الاتیان بمثله ۔
معجزہ ایسا امر ہے جو خلاف عادت مدعی نبوت کے ہاتھ سے منکروں کے مقابلہ کے وقت اس طور
ظاہر ہوتا ہے کہ منکرین اس کا مثل لانے سے عاجز ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ
…سنت کے بالکل خلاف اور مقابل ہوا۔

عقیدہ (۱۲) وہابیہ کے نزدیک انبیائے کرام چوہڑے چمار ہیں العیاذ باللہ تعالیٰ

عقائد وہابیہ مع اصل عبارات: ۔ ہمارا جب خالق اللہ اور اس نے ہم کو پیدا کیا تو ہم کو بھی چاہئے
کہ اپنے ہر کاموں میں اسی کو پکاریں اور کسی سے ہم کو کیا کام۔ جیسے جو کوئی ایک بادشاہ کا غلام ہو چکا تو وہ
اپنے ہر کام کا علاقہ اس سے رکھتا ہے دوسرے بادشاہ سے بھی نہیں رکھتا اور کسی چوہڑے چمار کا تو کیا ذکر
ہے۔ (تقویۃ الایمان مذکور ص ۲۱)

عقائد اہلسنت وجماعت مع عبارات

مسلمان چونکہ انبیاء واولیاء سے بھی علاقہ رکھتا ہے اور انھیں بخیال توسل واستمداد پکارتا ہے تو
امام الوہابیہ نے اسی کے جواب میں کہا کہ بس خدا ہی کو پکارو اسی سے علاقہ رکھو۔ کسی چوہڑے چمار یعنی
انبیاء اولیاء کا کیا ذکر کرتے ہو۔ اہلسنت کے نزدیک انبیاء کی محبت اور ان سے علاقہ رکھنا تو ایمان کا کمال
ہے جو بکثرت احادیث سے ثابت ہے۔ اور انبیا کو بوقت حاجت بخیال استمداد پکارنا سنت صحابہ ہے۔

شفاء قاضی عیاض میں ہے: ان عبدالله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما خدرت رجله
فقیل له اذکر احب الناس الیك یزل عنك فصاح یا محمداه فانتشرت۔

(از شرح شفا مصری جلد ۲ ص ۴۱)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا پائے مبارک سوگیا تو کسی نے عرض کیا آپ اپنے سب سے
پیارے کو یاد کیجئے تو یہ بات دور ہو جائیگی۔ تو انھوں نے یا محمداہ پکارا تو پاؤں اچھا ہو گیا۔ لہٰذا یہ عقیدہ وہابیہ

عقیدہ اہلسنت کے خلاف بھی ہوا اور اس میں شان انبیائے کرام میں سخت بے ادبی اور گستا
قلبی عداوت و دشمنی کا ثبوت دیا۔

عقیدہ (۱۳) وہابیہ کے نزدیک انبیائے کرام چمار سے بھی ذلیل ہیں العیاذ باللہ تعالیٰ

(عبارت) اور یہ یقین جان لینا چاہیے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے
سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔ (تقویۃ الایمان مذکور ص ۱۶)

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

امام الوہابیہ نے جب ہر مخلوق کو کہا تو انبیاء کو بھی یہ شامل ہو گیا کہ وہ بھی مخلوق ہیں پھر جب
تو ظاہر ہے کہ مخلوقات میں بڑے انبیاء کرام ہی ہوتے ہیں تو وہابیہ کے نزدیک انبیاء کرام چما
ذلیل قرار پائے اہلسنت کے نزدیک انبیاء کرام اللہ کے نزدیک بڑی وجاہت و عزت والے
قرآن کریم میں سیدنا موسیٰ علیہ السلام کے لئے فرمایا کان عند اللہ وجیہا۔
موسیٰ اللہ کے نزدیک وجاہت والا ہے۔
اور فرمایا وللہ العزۃ ولرسولہ۔ ترجمہ عزت اللہ کے لئے اور اس کے رسول کے لئے
لہٰذا یہ عقیدہ وہابیہ عقیدہ اہلسنت کے خلاف اور قرآن کریم کے خلاف ہے اور شان ا
توہین ہے اور اہل اسلام کے لئے سخت دل آزاری کا کلمہ۔

عقیدہ (۱۴) وہابیہ کے نزدیک انبیائے کرام ذرہ ناچیز سے کمتر ہیں باللہ تعالیٰ

(عبارت) سب انبیاء اور اولیاء اس کے روبرو ایک ذرہ ناچیز سے بھی کمتر ہیں۔
تقویۃ الایمان ص ۶۳

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

وہابیہ نے انبیاء کو نعوذ باللہ پہلے تو چمار سے زیادہ ذلیل کہا مگر پھر بھی ان میں بنی آ
شرف تھا اس میں ذرہ ناچیز سے کمتر کہہ کر شرف بشری کو بھی ختم کر دیا ہے۔ یہ ہے وہابیہ کا نا

اب اہلسنت کا عقیدہ دیکھئے کہ شرح شفا شریف مصری کے جلد ا ص ۳۲۰ پر ہے:
رتبهم اشرف الرتب ای رتب الموجودات ترجمہ انبیاء کے مرتبے تمام موجودات کے مرتبوں سے زیادہ بلند ہیں۔
اسی کے جلد ا ص ۹۷ پر ہے: الحميد الذی يحمده كل احد من مخلوقاته وهو حامد لانبيائه واصفيائه۔ اللہ وہ حمید ہے کہ جس کی مخلوقات میں سے ہر ایک حمد کرتا ہے اور خود اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء و اولیاء کی تعریف کرتا ہے۔ لہٰذا یہ عقیدہ وہابیہ عقیدہ اہلسنت کے خلاف بھی ہے اور شان انبیاء میں سخت توہین ہے اور مسلمانوں کے لئے سخت دل آزار ہے۔

عقیدہ (۱۵) وہابیہ کے نزدیک انبیائے کرام بوقت وحی بے حواس ہو جاتے ہیں العیاذ باللہ

عقائد وہابیہ مع اصل عبارات:- اس کے دربار میں ان کا (انبیاء) کا تو یہ حال ہے کہ جب وہ کچھ حکم فرماتا ہے وہ رعب میں آکر بے حواس ہو جاتے ہیں اور ادب و دہشت کے مارے دوسری بار اس کی بات کی تحقیق اس سے نہیں کر سکتے۔ (تقویۃ الایمان مذکور ص ۳۴)

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

وہابیہ کے نزدیک بوقت نزول وحی انبیاء تو بے حواس ہو گئے اور دوبارہ دریافت نہیں کر سکتے تو نہ بے حواسی میں احکام محفوظ رہ سکتے ہیں اور دوبارہ دریافت نہ کر سکے تو نہ احکام شرع حکم الٰہی ہو گئے۔ یہ ہے وہابیہ کا عقیدہ اور اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ بے حواسی کو غفلت لازم ہے اور انبیاء غفلت سے معصوم ہیں۔
شرح شفا کے جلد ۲ صفحہ ۱۹۷ پر ہے: وجب القول بعصمة الانبياء مما ذكر من الجهل بالله تعالیٰ وصفاته ومن السهو واللهو والفترة والغفلة بعد النبوة قطعا۔
انبیاء کا اللہ تعالیٰ اور اس کے صفات کے جہل سے اور سہو اور لہو اور قصر اور غفلت سے معصوم کہنا واجب ہے۔ لہٰذا وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ اہلسنت کے خلاف ہوا اور انبیاء کو بے حواس کہہ کر ان کی شان میں کیسی گستاخی و بے ادبی کی۔

عقیدہ (۱۶) وہابیہ کے نزدیک اعمال میں امتی انبیائے کرام سے بڑھ

جاتے ہیں العیاذ باللہ تعالیٰ

(عبارت) انبیاء اپنی امت سے ممتاز ہوتے ہیں۔ باقی رہا عمل اس میں بسا اوقات
مساوی ہو جاتے بلکہ بڑھ جاتے ہیں۔ تحذیر الناس مطبوعہ سہارنپور ص ۵ مصنفہ قاسم نانوتوی۔

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

وہابیہ نے اس میں انبیائے کرام کے لئے صرف امتیاز علمی مانا اور اعمال میں امتیوں کو
دیا اور ان کی عملی فضیلت کا انکار کر کے ان کی توہین کی اہلسنت کے نزدیک یہ عقیدہ ہے مدا
مطبوعہ ناصری کے جلد ا صفحہ ۳۶ پر ہے "واعتقاد باید کرد کہ مکارم اخلاق و محامد صفات از صور
وجمیع کمالات وفضائل ومحاسن حاصل است مر تمام انبیاء ورسل را وایشاں راجح وفائق اند
بشری ورتبۂ ایشاں اشرف رتب ودرجہ ایشاں ارفع درجات است
اور یہ اعتقاد کرنا چاہئے کہ صورت وسیرت کے تمام بزرگ اخلاق عمدہ صفات اور
کمالات وفضائل اور اوصاف تمام انبیاء ومرسلین کو حاصل ہیں اور تمام افراد بشری سے وہ حضر
اور راجح ہیں اور ان کا رتبہ سب رتبوں سے بہت اور انکا درجہ تمام درجات سے بلند ہے لہذا
عقیدہ اہلسنت کے خلاف ہے۔

عقیدہ (۱۷) وہابیہ کے نزدیک ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ونظیر ہوسکتا ہے والعیاذ باللہ تعالیٰ

اس شہنشاہ کی تو یہ شان ہے کہ ایک آن میں ایک حکم کن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی
وفرشتہ جبرئیل اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر پیدا کر ڈالے (تقویۃ الایمان)

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

وہابیہ نے اس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ان خصائص کا انکار کیا جن میں دو
شرکت ناممکن ومحال ہے۔ جیسے اول مخلوات اور خاتم النبیین سید المرسلین وغیرہ تو وہابیہ نے حضور کا
نظیر نہیں بلکہ کروڑوں مثل جائز مانکر سخت توہین کی اور تمام حضور کے خصائص کا انکار کیا اور اہلسنت
نزدیک حضور کے عدیم النظیر ہونے پر ایمان لانا ایمان کا کمال ہے۔
مواہب لدنیہ مصری کے جلد ا ص ۴۴۸) پر ہے۔ اعلم ان من تمام الایمان به صلی

تعالیٰ علیه وسلم الایمان بان الله تعالیٰ جعل خلق بدنه الشریف علی وجه لم یظهر قبله
ولا بعده خلق ادمی مثله۔
جاننا چاہئے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانے کی تکمیل یہ ہے کہ آدمی اسپر ایمان لا
ئے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے بدن شریف کی آفرینش اس شان کے ساتھ فرمائی کہ کوئی انسان آپ کا مثل
نہ آپ سے پہلے ہوا نہ بعد میں ہو لہذا وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی اہلسنت کے خلاف بھی ہوا اور اس میں سخت
گستاخی و بے ادبی بھی کی۔

عقیدہ (۱۸) وہابیہ کے نزدیک حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شارع ماننا شرک ہے العیاذ باللہ تعالیٰ

عقائد وہابیہ مع اصل عبارت:۔ یا خود پیغمبر کو یوں سمجھے کہ شرع انھیں کا حکم ہے جو جی چاہتا ہے
اپنی طرف سے کہہ دیتے تھے اور یہی بات ان کی امت پر لازم ہو جاتی تھی سو ایسی باتوں سے شرک ثابت
ہوتا ہے۔ (تقویۃ الایمان ص ۴۷)

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

امام الوہابیہ نے اس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شارع ماننا اور ان کے حکم کا امت پر لازم
ہو جانا یہ دونوں امور شرک قرار دیئے اور اہل سنت حضور ﷺ کو شارع مانتے ہیں۔ مدارج النبوۃ کے ص
۱۵۷ پر ہے "احکام مفوض بود بوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہر چہ خواہد حکم کند۔
(اسی صفحہ پر ہے) شارع را می رسد کہ تخصیص کند ہر کرا خواہد بہر چہ خواہد: ترجمہ احکام حضور صلی
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سپرد کئے گئے کہ جو کچھ چاہیں حکم فرمائیں شارع علیہ السلام کو یہ حق حاصل ہے کہ جس
کسی کو چاہیں جو کچھ چاہیں خاص کر دیں۔ اور قرآن کریم میں ہے ﴿ما اتاکم الرسول فخذوه
وما نهکم عنه فانتهوا﴾ ترجمہ: رسول تمہیں جو کچھ دیں وہ لو اور جس سے منع فرمائیں باز رہو۔ تو حضور
شارع بھی ہوئے اور انکا حکم امت پر لازم بھی ہوا لہذا وہابیہ کا یہ باطل عقیدہ بھی عقیدہ اہلسنت کے خلاف
ہے۔

عقیدہ (۱۹) وہابیہ کے نزدیک حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی چیز کے

مختار نہیں العیاذ باللہ تعالیٰ

(۱) جس کا نام محمد یا علی ہو وہ کسی چیز کا مختار نہیں (تقویۃ الایمان ص ۴۷)

(۲) رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا (تقویۃ الایمان ص ۶۶)

(۳) ان کی خواہش نہیں چلتی (تقویۃ الایمان ص ۲۵)

(۴) کسی کام میں نہ بالفعل ان کو دخل ہے نہ اس کی طاقت رکھتے ہیں (تقویۃ الایمان ...

(۵) خواہ یوں سمجھے کہ ان کاموں کی طاقت ان کو خود بخود ہے خواہ یوں سمجھے کہ اللہ نے ... قدرت بخشی ہے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے (تقویۃ الایمان ص ۱۱)

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

امام الوہابیہ کے یہ الفاظ دلخراش ہیں کہ نام اقدس کس بے ادبی سے لکھا اور پھر حضور صلی ... علیہ وسلم کے مختار ہونے کا صاف انکار کر دیا اہلسنت کے نزدیک حضور کا نام کتب آسمانی میں ... ہے اور ان کے اختیارات یہ ہے اشعۃ اللمعات ترجمہ مشکوۃ شریف کشوری کے صفحہ ۳۲ پر ہے وقدرت وسلطنت وی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زیادہ برآن بود وملک وملکوت جن وانس وتمامہ عو... وتصرف الٰہی عز وعلا در حیطۂ قدرت وتصرف وے بود" ترجمہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ... قدرت اور سلطنت مزید براں تھی ملک اور ملکوت جن اور انسان اور تمام عالم اللہ تعالیٰ کے ... قدرت دینے سے جور کے احاطہ قدرت وتصرف میں تھے۔

مواہب لدنیہ مصری کے ص ۶ پر ہے: اذا رام امرا لا یکون خلافہ۔ ولیس لذلک ... الکون صارف: حضور جب کوئی بات چاہتے ہیں تو اس کا خلاف نہیں ہوتا اور حضور کے چاہے میں کوئی پھیرنے والا نہیں ان عبارات سے حضور کا مختار کل ہونا ثابت ہو گیا لہذا وہابیہ کا یہ عقیدہ ... کے بالکل خلاف ہے اور توہین آمیز ہے۔

عقیدہ (۲۰) وہابیہ کے نزدیک نماز میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ... طرف خیال لے جانا بیل اور گدھے کے تصرف میں ڈوب جانے سے ...

(عبارت) صرف ہمت بسوئے شیخ ومثال آں از معظمین گو جناب رسالت مآب ... بچندیں مرتبہ بدتر از استغراق در صورت گاؤ وخر خود است۔

(از صراط مستقیم مجتبائی ص ۸۶ مصنفہ اسمعیل دہلوی)

نماز میں پیر اور اس کے مانند اور بزرگوں کی طرف خیال لے جانا اگرچہ جناب رسول صلی اللہ ... علیہ وسلم ہوں کتنے ہی درجوں اپنے بیل اور گدھے کے تصور میں ڈوب جانے سے بدتر ہے۔

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

امام الوہابیہ نے اس میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کیسی سخت توہین کی کہ ان کی طرف ... لے جانے کو بیل اور گدھے کے تصور میں ڈوب جانے سے کتنے درجوں بدتر ٹھہرایا اور اہلسنت کے ... یک ہے ان کے خیال کے نماز ناقص ہے کہ التحیات کا پڑھنا واجب ہے، اس میں۔ السلام علیک ... النبی ۔ اور۔ اشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ، ہے اور ان کے پڑھتے وقت ضرور حضور کی طرف ... جائیگا۔

اسی لئے میزان امام شعرانی مصری کے جلد ا صفحہ ۱۵۴ پر ہے: انما امر الشارع المصلی ... الصلوۃ والسلام علی رسول اللہ ﷺ فی التشھدلینبہ الغافلین فی جلو سھم بین یدی اللہ ... وجل علی شھود نبیھم فی تلک الحضرۃ فانہ لا یفارق حضرۃ اللہ تعالیٰ ابدا فیخاطبو ... بالسلام مشافہۃ۔

شارع نے نمازی کو تشہد میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود وسلام عرض کرنے کا اس لئے حکم ... کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے دربار میں عظمت کے ساتھ بیٹھے ہیں انہیں آگاہ فرمادے کہ اس حاضری میں ... علیہ السلام کو دیکھیں اس لئے کہ حضور بھی اللہ تعالیٰ کے دربار سے جدا نہیں ہوتے پس بالمشافہ حضور پر ... سلام عرض کریں لہذا وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ اہلسنت کے خلاف ہے اور سخت توہین آمیز ہے۔

عقیدہ (۲۱) وہابیہ کے نزدیک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مر کر مٹی میں مل گئے العیاذ باللہ تعالیٰ

(عبارت) فرمایا (حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے مجھ کو بھلا خیال تو کر جو تو گذرے میری قبر ... کیا سجدہ کرے تو اس کو کہا میں نے نہیں فرمایا تو مت کرو۔ یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ... ہوں تو کیا میں سجدہ کے لائق ہوں۔ (تقویۃ الایمان ص ۶۵)

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

امام الوہابیہ نے ایک جرأت تو یہ کی کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مر کر مٹی
کہا دوسری دلیری یہ کی کہ اس نے ناپاک قول کا حضور پر افتراء کیا اور مر کر مٹی میں ملنے کا یہ مقص
گل کر خاک ہو اور خاک میں خاک مل جائے اور یہ صریح توہین ہے اہلسنت کے نزدیک حض
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی قبر شریف میں بحیات جسمانی دنیاوی زندہ ہیں۔

حدیث ابن ماجہ میں ہے :ان اللہ حرم علی الارض ان تا کل اجساد الانبیا
حی یرزق ۔ (از مشکوۃ ص ۱۲۱)

بیشک اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کے اجسام کا کھانا حرام فرما دیا ہے تو اللہ کے نبی
روزی دیئے جاتے ہیں۔

مدراج النبوۃ کے صفحہ ۱۵۸ پر ہے: پیغمبر خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زندہ است در
انبیاء علیہم السلام۔

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں اور اسی طرح انبیاء علیہم ال
مواہب لدنیہ کے جلد ا صفحہ ۳۳۰ پر ہے: قد ثبت ان اجساد الانبیاء لا یبلی۔
یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ انبیاء کے اجسام بوسیدہ ہو کر خاک نہیں ہوتے لہذا عقید
عقیدہ اہلسنت کے خلاف ہے۔

عقیدہ (۲۲) وہابیہ کے نزدیک حضور خاتم النبیین بمعنی آخر الانبیاء نہیں العیاذ باللہ تعالیٰ

(عبارت) اول معنی خاتم النبین معلوم کرنے چاہیئں تا کہ فہم جواب میں کچھ دقت نہ
کے خیال میں تو رسول اللہ کا خاتم ہونا بایں معنی ہے کہ آپ کا زمانہ انبیاء سابق کے زمانے کے بع
سب میں آخر نبی ہیں مگر اہل فہم پر روشن ہوگا کہ تقدم یا تاخر زمانی میں بالذات کچھ فضیلت نہیں۔
(تحذیر الناس مطبوعہ سہارنپور مصنفہ مولی قاسم نانوتوی)

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

وہابیہ نے اس میں خاتم النبیین کے معنی آخر الانبیاء ہونے کا انکار کیا اس کو فہم عوام بتایا ک
کے خلاف ٹھہرا اس کو نا قابل فضیلت قرار دیا اور یہ صریح توہین ہے اور اہلسنت خاتم النبیین کے

الانبیاء ہی کرتے ہیں اور یہی معنی خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تعلیم فرمائے۔
امام احمد نے مسند میں اور طبرانی نے کبیر میں یہ حدیث روایت کی۔ وانی خاتم النبیین لا نبی
بعدی ۔ (جامع صغیر مصری جلد ۲ صفہ ۶۵)
بیشک میں خاتم النبیین ہوں کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں یعنی میں آخر الانبیاء ہوں۔ اسی بنا پر حضور
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آخر الانبیاء نہ ماننے والا کافر ہے۔
چنانچہ فقہ کی مشہور کتاب الاشباہ والنظائر میں ہے۔اذ الم یعرف ان محمد صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم اخر الانبیاء فلیس بمسلم لانہ من الضروریات۔
(الاشباہ والنظائر مع شرح کشوری صفحہ ۲۶۷)
جس نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آخر الانبیاء نہ پہچانا وہ مسلمان نہیں کہ وہ ضروریات
دین سے ہے) لہذا یہ عقیدہ وہابیہ بھی عقیدہ اہلسنت کے بالکل خلاف ہوا۔

عقیدہ (۲۳) وہابیہ کے نزدیک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم زید و عمر اور ہر بچے اور پاگل اور تمام جانوروں چوپایوں کی برابر ہے العیاذ باللہ تعالیٰ

(عبارت) پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت
طلب یہ امر ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کہ کل غیب، اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں
حضور کی کیا تخصیص ہے ایسا علم غیب تو زید و بکر بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی
حاصل ہے۔ (از حفظ الایمان مطبوعہ بلالی سیٹم پریس ساڈرہ مصنفہ اشرفعلی تھانوی)

عقائد اہلسنت و جماعت مع عبارات

وہابیہ نے اس میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں کیسی صریح تو
ہین و تنقیص اور کتنی سخت گستاخی و بے ادبی کی کہ حضور کے علم کو بچوں پاگلوں بلکہ جانوروں و چوپایوں کی
برابر ٹھہرایا اور حضور کی علمی فضیلت کی فوقیت کو بالکل میٹ دیا یہ صریح کفر ہے اور اہلسنت کا عقیدہ وہ ہے جو
عبارت زرقانی سے عقیدہ نمبرے میں منقول ہوئی کہ غیر نبی کثرت معلومات اور زیادتی کشف و تحقیق میں
نبی سے کچھ نسبت نہیں رکھتا۔
مدراج النبوۃ میں ہے۔ وبود آں حضرت در کمال عقول در مرتبہ کہ نہ رسید آن را ہیچ بشرے جز

وے۔ (مدارج النبوۃ جلد۱ ص۴۸)

اورحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کمال عقل وعلم کے بلند مرتبہ پر ہیں جس تک سوا ان کے
پہنچ سکا توجب کوئی عاقل انسان ان کے مرتبۂ اعلیٰ تک نہ پہونچ سکا تو بچوں پاگلوں اور جانورو
کا ذکر کرکے انھیں علمی، مساوات کے لئے پیش کرنا توہین ہے اور علمی مساوات بھی جب ہوسکتی
کمال کی کوئی ایسی حد ہو جس پر ترقی کی انتہا ہوگئی ہو اور پھر اس حد پر اطلاع حاصل ہو۔

فتاوی حدیثیہ مصری کے صفحہ۸ پر ہے: ان مقامه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وك
الزيادة فى العلم والثواب وسائر المراتب والدرجات وعلى ان غايات كماله
ولا انتهاء بل هو دائم الترقى فى تلك المقامات العلية والدرجات السنية بما لا
ولا يعلم كنهه الا الله تعالىٰ ۔

بیشک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مقام اور کمال علم اور ثواب اور تمام مرتبوں اور در
زیادتی کو قبول کرتا ہے علاوہ ازیں حضور کے حدود کمال کی نہ آخری حد ہے نہ کوئی انتہا ہے بلکہ
مقامات علیہ اور درجات رفیعہ میں ہمیشہ ایسی ترقی فرماتے ہیں جس پر اللہ تعالیٰ ہی مطلع ہے اور و
کنہ کو جانتا ہے۔لہٰذا جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علمی کمال کی کوئی انتہائی حد ہی متعین نہ
تعالیٰ کے سوا کسی کو اس کا علم نہیں۔تو پھر علم حضور علیہ السلام اور زید وصبی ومجنون اور حیوانات و بہا
ابری اور مساوات ثابت کرنا کیسی گندی گالی اور کتنی صریح تنقیص ہے مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ
جسے مسلمان کا قلب ایک لحظہ کیلئے برداشت نہیں کرسکتا العیاذ باللہ لہٰذا یہ عقیدہ وہابیہ تو بالکل عقی
کے خلاف قرار پایا۔

عقیدہ(۲۴) وہابیہ کے نزدیک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم
زائد شیطان اور ملک الموت کا علم ہے العیاذ باللہ

(عبارت) الحاصل غور کرنا چاہئے کہ شیطان وملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا
خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کونسا ایمان کا
شیطان وملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی
سے تمام نصوص کو رد کرکے ایک شرک ثابت کرتا ہے

(براہین قاطعہ مطبوعہ ساڈھورہ ص۵۱ مصنفہ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی سہارنپوری)

ص۵۴ پر ہے اور ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان
امور میں ملک الموت کی برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ۔ (براہین قاطعہ صفحہ۵۲)

عقائد اہلسنت وجماعت مع عبارات

وہابیہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی علمی فضیلت کو اسی طرح گھٹایا تھا کہ امتیوں کے اعمال کو
بڑھادیا تھا جس کا ذکر عقیدہ نمبر۱۶ رمیں گذرا اور عقیدہ نمبر۲۳ میں حضور کے علم کو نہ فقط عاقل انسان بلکہ
بچوں پاگلوں بلکہ تمام جانوروں چوپایوں کے برابر ٹھہرایا تھا لیکن اس پر بھی صبر نہ آیا تو اس نے شیطان
وملک الموت کے علم کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم پر بڑھادیا اور فضیلت علم کا صاف انکار کردیا تو
حضور کو نہ عملی فضیلت میں فوقیت باقی رہی نہ علمی فضیلت میں یہ کیسی صریح توہین وتنقیص اور کتنی سخت تر
گستاخی ر بے ادبی ہے العیاذ باللہ اہلسنت کے نزدیک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم محیط زمین کا بعطاء
الٰہی حاصل تھا۔

قرآن کریم میں ہے: ﴿ان فى خلق السمٰوٰت والارض واختلاف الليل والنهار لايات لاولى الالباب﴾

یعنی بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات دن کی باہم بدلیوں میں نشانیاں ہیں عقل
والوں کے لئے۔

اور عقل والوں میں سب سے بلند مرتبہ ہمارے حضور کا ہے تو علم زمین حضور کو حاصل ہوا۔

اور حدیث شریف میں ہے: ان الله زوى لى الارض فرايت مشارقها ومغاربها ۔
(از مشکوٰۃ شریف ص۵۱۲)

حضور نے فرمایا بے شک اللہ نے میرے لئے زمین کو سمیٹ دیا تو میں اس کے مشرقوں ومغربوں
کو یعنی تمام زمین کو دیکھا۔اور حدیث ترمذی میں ہے" فعلمت ما فى السموات والارض"
(مشکوٰۃ ص۶۹)

اشعۃ اللمعات میں اس کا ترجمہ لکھا: پس دانستم ہرچہ در آسمان ہا و ہرچہ در زمین بود عبارت ست
از حصول تمام علوم جزوی وکلی واحاطۂ آن۔ (اشعۃ اللمعات ص۳۳۳)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے جان لیا جو کچھ آسمانوں اور زمین میں تھا اور یہ

تمام علوم جزئی وکلی کے حاصل ہونے اوران ے احاطہ کرنے سے تعبیر ہے توان نصوص سے حضو...
زمین کا ثابت ہوگیا۔اب باقی رہا آپ کا علم الخلق ہونا تو یہ بھی تصریحات سے ثابت ہے۔

مدراج النبوت کے جلد ا ص ۳ پر ہے" وے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دانا ست بر ہمہ چیز از...
ذات الٰہی واحکام صفات حق واسماء افعال اثار وجمیع علوم ظاہر وباطن اول واخر احاطہ نمودہ ومص...
کل ذی علم علیم شدہ"

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام چیزوں وشیونات ذات الٰہی اوراحکام صفات حق...
افعال وا ثار کے جاننے والے ہیں اور تمام علوم ظاہر وباطن اول وآخر پر احاطہ فرمائے ہوئے اور...
کے اوپر عالم ہونے کے مصداق ہوگئے

تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ساری مخلوقات سے زائد عالم ہیں اور جو آپ کو مخلوقات...
جانے تو آپ کی تنقیص شان کرتا ہے۔

چنانچہ نسیم الریاض شرح شفا قاضی عیاض کے جلد ۴ ص ۳۳۵ پر ہے "من قال فلان ا...
صلی ...نہ تعالیٰ علیہ وسلم فقد عابہ و نقصہ"

جس نے کہا کہ فلاں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ علم والا ہے تو اس نے حضور کی...
اوران کی تنقیص کی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شیطان وملک الموت کو زیادہ علم ثابت کرنا...
شان میں عیب ونقص کرنا ہے جو صریح کفر ہے لہٰذا وہابیہ کا یہ عقیدہ بھی عقیدہ اہلسنت کے خلاف...
اس میں شان اقدس میں سخت توہین وگستاخی ہے۔

عقیدہ (۲۵) وہابیہ کا کلمہ شریف لا الہ اللہ اشرفعلی رسول اللہ اور درود شر... اللھم صلی علی سیدنا ونبینا ومولا اشرفعلی ہے

(عبارت) کچھ عرصہ کے بعد خواب دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ...
لیکن محمد رسول اللہ کی جگہ حضور کا نام (یعنی اشرفعلی) لیتا ہوں اتنے میں دل کے اندر خیال پیدا ہوا ک...
غلطی ہوئی کلمہ شریف کے پڑھنے میں اس کو صحیح پڑھنا چاہئے اس خیال سے دوبارہ کلمہ شریف پڑھ...
دل پر تو یہ ہے کہ صحیح پڑھا جائے لیکن زبان سے بے ساختہ بجائے رسول اللہ کے نام اشرفعلی نکل...
حالانکہ مجھ کو اس بات کا علم ہے کہ اس طرح درست نہیں لیکن بے اختیار زبان سے یہی کلمہ نکلتا...

...تین بار جب یہی صورت ہوئی تو حضور کو اپنے سامنے دیکھتا ہوں اور بھی چند شخص حضور کے پاس تھے
...لیکن اتنے میں میری یہ حالت ہوگئی کہ میں کھڑا کھڑا بوجہ اس کے کہ رقت طاری ہوگئی۔ زمین پر گرگیا
اور نہایت زور کے ساتھ ایک چیخ ماری اور مجھ کو معلوم ہوتا تھا کہ میرے اندر کوئی طاقت باقی نہیں رہی۔
اتنے میں بندہ خواب سے بیدار ہوگیا لیکن بدن میں بدستور بے حسی تھی اور اثر نا طاقتی بدستور تھا۔لیکن
حالت خواب وبیداری میں حضور کا ہی خیال تھا لیکن حالت بیداری میں کلمہ شریف کی غلطی پر جب خیال
آیا تو اس بات کا ارادہ ہوا کہ اس خیال کو دل سے دور کیا جائے۔اس واسطے کہ پھر کوئی ایسی غلطی نہ ہو
جائے بایں خیال بندہ بیٹھ گیا اور پھر دوسری کروٹ لیٹ کر کلمہ شریف کی غلطی کی تدارک میں رسول اللہ
پر درود شریف پڑھتا ہوں۔لیکن پھر بھی کہتا ہوں اللھم صل علی سیدنا ونبینا ومولانا اشرف
علی حالانکہ اب بیدار ہوں۔خواب نہیں۔لیکن بے اختیار ہوں۔مجبور ہوں۔زبان اپنے قابو میں نہیں۔
اس روز ایسا ہی کچھ خیال رہا تو دوسرے روز بیداری میں رقت رہی۔خوب رویا اور بھی بہت سے وجوہات
ہیں جو حضور کے ساتھ باعث محبت ہیں کہاں تک عرض کروں انتہی بلفظہ۔

الامداد مجریہ ماہ صفر ۱۳۳۶ھ ص ۳۵ منقولہ سیف یمانی مصنفہ مولوی منظور نعمانی۔

جواب: اس واقعہ میں تسلی تھی کہ جس کی طرف تم رجوع کرتے ہو وہ بعونہ تعالیٰ متبع سنت ہے۔

(از سیف یمانی ص ۳۸)

عقائد اہلسنت وجماعت مع عبارات

وہابی مرید کا تو یہ حال تھا کہ وہ غلط کلمہ پڑھتے ہوئے غلطی کا خیال بھی کرتا ہے صحیح کلمہ پڑھنے کا
ارادہ بھی کرتا اور خواب سے بیدار ہوکر بھی اپنی غلطی کا خیال بھی آیا اور بغرض تدارک درود شریف بھی پڑھا
اور باوجودیکہ وہ بیدار ہے ہوش حواس درست ہے یہ سمجھ رہا ہے کہ میں غلط کلمے بک رہا ہوں اس کی تصحیح کا
قصد بھی کررہا ہے تو پیر تھانوی کو یہ جواب دینا تھا او کمبخت کسی مسلمان سے کلمہ شریف میں خواب میں بھی
غلطی نہ ہوتی ہے اور نام اقدس کی جگہ کسی دوسرے کے نام کا وہم بھی نہیں ہوتا اور تیرا حال اور زیادہ
خطرناک ہے کہ تو نے دو تین بار اپنی غلطی کی تصحیح کرنی چاہی اور پھر صحیح کلمہ زبان پر ادا نہ ہوا۔اور پھر اے
خبیث تو نے بیدار ہوجانے کے بعد بدرستی ہوش وحواس درود شریف میں کلمہ نبی کے بعد میرا نام اشرفعلی
لے کر کفر بکا اور دن بھر یہ کفر بکتا رہا اور اپنی مجبوری زبان اور بے اختیاری کا جھوٹا عذر کرتا ہے۔تو جلد
استغفار وتوبہ کر مجھے تیرے سوال سے سخت تکلیف ہوئی۔خبردار آئندہ ایسی بات جلد پھر نہ ہونے پائے

۔مگر پیر نے بجائے اس کے اس مرید کو اور پختہ کر دیا اور یہ کہہ کر خوب جمادیا کہ میرا متبع سنت ہو
اسی طرح ہوئی کہ تو کلمہ لا اله الاالله اشرفعلی رسول الله کو اور درود اللهم صلی علی سید
ومو لا نا اشرفعلی کو خوب پڑھا کر اور پیر کے متبع سنت ہونے کی تسلی ایک مرید کو کیا تمام مر
چاہئے تو یہ تعلیم ہے کہ سارے مریدین یہی کلمہ اور یہی درود ہمیشہ پڑھا کریں اسی لئے یہ خط چھا
کیا ہے۔اہلسنت کے نزدیک ہر دعوی بے اختیاری پر دلیل شرعی درکار ہے اور ظاہر ہے کہ شخص
سر پر کوئی تلوار لئے ہوئے نہ تھا جس سے مجبوری ہوتی۔نہ اس نے اپنا شراب پیناذ کر کیا جس کی
کی زبان قابو میں نہیں تھی۔اور زبان بہکنے کی حالت ایک حرف یا ایک آدھ کلمہ کیلئے ہوتی ہے ا
منٹ تک رہتی ہے نہ کہ دن بھر بہکے۔دوسرے دن زبان اور دل میں لڑائی رہے کہ دل تو صحیح
زبان ایک مستقبل حیوان تھی جو سرکشی کرتی رہی اور دن بھر قابو میں نہ آئی اور کفر ہی بکتی رہی۔لہذا
بہکنے کا دعوی نہ عذر ہو سکتا ہے اور نہ قابل قبول اور نہ اس سے راضی ہونے والے کفر سے بچ سکتے
علامہ قاضی عیاض شفا شریف میں فرماتے ہیں ’’لا یعذر احد فی الکفر بالجها
عوی زلل اللسان‘‘ (شرح شفا مصری جلد۲ص ۴۲۹)

اس کی شرح نسیم الریاض میں ہے ’’واقحم لفظ دعوی فی قوله دعوی زلل الل
مراده انه اذا تکلم بذلك و شهدا ظاهر حاله علی قصده ثم قال انما قلته زللا لا تقبل
(نسیم الریاض جلد۲ص ۳۸۹)

خلاصہ مضمون یہ ہے کہ کفر میں نادانی اور زبان بہکنے کا دعوی کرنے سے کوئی شخص معذور
جاتا جب اس نے کفری قول کہا اور ظاہر حال اس کے قصد کی شہادت دیتا ہے پھر اس نے یہ کہا
سے زبان بہکنے کے حال میں کہا تو اسکی یہ بات مقبول نہیں ہوگی لہذا وہابیہ کے نزدیک تھانوی کے
ہونے کی تسلی جب ہی حاصل ہوگی کہ کلمہ اور درود شریف میں اشرفعلی کا نام لیا کریں اور اس کو نبی ا
کہا کریں اور عقیدہ اہلسنت میں اشرفعلی کو نبی یا رسول کہنا صریح کفر ہے تو وہابیہ کا یہ کلمہ اور درو
کے کلمہ شریف لا اله الا الله محمد رسول الله اور درود شریف اللهم صل علی سیدنا و
لا نا محمد کے بالکل خلاف ہے۔

تبلیغی جماعت صرف کلمہ شریف کی کیوں تبلیغ کرتی ہے

اس چودھویں صدی میں صرف تبلیغ کلمہ شریف کے نام سے یہ جماعت بنائی گئی اور ان لوگ

ن کو قائم کیا ہے جن کا پرانا اصول یہ ہے کہ جو چیز بایں ہیئت کذائی قرون ثلثہ میں نہ پائی جائے تو وہ
عت وضلالت ہے اور روایات صحیحہ سے قرون ثلثہ میں اہل اسلام ہی کے لئے صرف کلمہ شریف کی تبلیغ
ن کے لئے بایں ہیئت کذائی کسی جماعت کا وجود ثابت نہیں تو اصول وہابیہ کے لحاظ سے اس تبلیغی جماعت
کا قیام بدعت وضلالت ٹھہرا اور اس جماعت کے تمام افراد بدعتی وضال قرار پائے۔

لیکن لطف یہ ہے کہ ادھر تو وہابیہ خاص کلمہ شریف کی مجلس یعنی مجلس سوئم کو منہ بھر بھر کر بدعت سیئہ
کہیں اور پنجوقتہ جماعت نماز کے بعد کلمہ شریف ہی کی تبلیغی جماعت کو مجاہدین اسلام کے نام سے پکاریں
اور ان جاہلوں دہاتیوں کو صحابہ کرام سے افضل کہیں۔اور ان نا اہل مبلغین کا انتہائی اعزاز کریں۔ان
جہال کو مسند رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر واعظ بنا کر بٹھائیں۔اور ان کے ایسے بیانات کرائیں جو غلط
روایات صحابہ کرام کے بے اصل واقعات لغو حکایات، باطل عقائد، غلط مسائل پر مشتمل ہوں۔اور وہابیہ
کے وہ علماء ان بیانات کو سنیں جو صحیح روایات سے بھی میلاد شریف اور ذکر شہادت کے بیان کو حرام کہتے ہیں
اور وہ علماء وہابیہ نہ کبھی مبلغین تبلیغی جماعت کے غلط بیانات پر گرفت کریں۔نہ بیان پر کسی طرح کا فتوے
لگائیں بلکہ ان کی تبلیغ کو اسلامی تبلیغ کہیں اور ان کی ہر غلطی کی تصحیح کرنے کی امکانی سعی کریں۔

مسلمانو! دکھانا یہ ہے کہ جنھوں نے ہمیشہ کلمہ شریف پڑھنے کو بدعت سیئہ قرار دیا ہے وہ آج
صرف کلمہ شریف ہی کی تبلیغ کے لئے جماعت تیار کر رہے ہیں تو وہ حقیقۃ دجل وفریب مکر وکید ہے کہ اس
کے پیچھے وہ وہابیت کی تبلیغ کی جارہی ہے اور عوام میں اپنا اعتماد و پیدا کیا جارہا ہے اور اس ذریعہ سے
وہابیت کے خلاف پھیلی نفرت کو دور کرنا مقصود ہے۔اور ناواقفوں کے قلوب میں اپنی نمائشی خدمات سے
اثرات پیدا کرنے منظور ہیں۔اور اس کے ضمن میں علماء وہابیہ کی عظمت و وقار قائم کرنا اور علماء اہلسنت
و جماعت سے بیزاری ونفرت پیدا کرنا ہے۔

تبلیغی جماعت کا دعوی

اس تبلیغی جماعت کا دعوی تو یہ ہے کہ ہماری جماعت صرف کلمہ شریف ہی کی تبلیغ کرتی ہے اور کبھی
اہلسنت اور وہابیہ کے اختلافی عقائد و مسائل کا ذکر نہیں کرتی۔لیکن یہ صریح کذب اور جھوٹ ہے اور واقعہ
اس دعوے کے بالکل خلاف ہے۔میں خود اپنا مشاہدہ پیش کرتا ہوں کہ وہ علاقہ میوات جہاں سے اس
جماعت کی ابتدا ہوئی اور اس وقت اس کا مرکز قصبہ نوح بنا ہوا تھا میں میوات کے قصبہ نوح میں پہنچا اور
چند جگہ دورہ کیا۔لہذا میں نے اس نوح اور اس کے گرد ونواح میں دیکھا کہ جہاں جہاں اس تبلیغی جماعت

کا زیادہ دورہ ہوا ہے تو وہاں کے لوگ وہابی ہوگئے اور ایسے سخت وہابی ہوئے کہ شب میں کئی...
گوں پر حملہ آور ہوئے۔ ہمارے میزبانوں نے رات بھر ہمارا پہرہ دیا بلکہ جس کو شک ہو تو وہ آ...
اس مقام پر جا کر تحقیق کرلے جہاں اس جماعت کی زیادہ آمد ورفت ہے تو اسے ہمارے اس...
تصدیق ہوجائی گی کہ یہ کلمہ شریف کی تبلیغ نہیں ہے بلکہ درحقیقت وہابیت کی تبلیغ اور کلمہ شریف کا...
لیکر اہلسنت سے گفتگو کا ذریعہ پیدا کیا جارہا ہے۔

چنانچہ سوانح میں صاف لکھدیا۔

انھیں اس کلمہ ہی کے ذریعہ تقرب پیدا کیا جائے اور اسی کے ذریعہ خطاب کیا جائے۔

(ازسوانح ص ۲۷۶)

تو اس عبارت سے صاف اور نہایت روشن طور پر ثابت ہوگیا کہ تبلیغ میں کلمہ شریف کا نام...
فریب لیا جاتا ہے اور اس کو فقط اہلسنت سے خطاب وگفتگو کا ذریعہ بنایا جاتا ہے اور دراصل وہابیت...
کرنا اس جماعت کا مقصد اعظم ہے۔

اور اگر اس سے بھی قطع نظر کرلیجئے تو یہ تبلیغی جماعت جہاں پہونچتی ہے وہاں اپنی حیثیت...
دواعظ ہونے کی ظاہر کرتی ہے پھر اگر وہاں کے ساکن اس جماعت سے دریافت کریں کہ میلاد...
گیارھویں شریف فاتحہ عرس کرنا جائز ہے یا ناجائز۔ تو اگر اس جماعت کے مبلغین کچھ جواب نہیں...
ہیں تو ان کی مولویت اور مبلغیت ختم ہوئی جاتی ہے۔ لہٰذا اپنے وقار کے باقی رکھنے کے لئے ضرور...
دینگے۔ پھر اگر ان چیزوں کو جائز کہتے ہیں تو خود اپنے ضمیر ومسلک کے خلاف اور اپنے بانی جماعت...
عقیدہ ومذہب کیخلاف ہے تو یہ کیسے ممکن ہے۔ تو لامحالہ ان سب امور کو بدعت سیۂہ اور ناجائز...
بتائیں گے لہٰذا یہی تو وہابیت کی تبلیغ ہوئی۔

اب باقی رہا ان کا یہ فریب کہ یہ صرف کلمہ شریف ہی کی تبلیغ کرتے ہیں تو اس کی وجہ یہ...
جماعت تمام اہل سنت کو اپنی مذہبی کتابوں کی رو سے مشرک اور کافر جانتی ہے۔ تقویۃ الایمان...
الوہابیہ نے صاف لکھدیا۔

جوکوئی کسی انبیاء واولیاء کی اماموں یا شہیدوں کی نذر مانے مشکل کے وقت ان کو پکارے...
اولاد کا نام عبدالنبی امام بخش پیر بخش رکھے ان کی قبر کو بوسہ دیوے مورچل جھلے اس پر شامیانہ کھڑا...
ہاتھ باندھ کر التجا کرے وہاں کے گردوپیش کے جنگل کا ادب کرے ایسے مکانوں میں دور دور سے...

...کے جاوے یا وہاں روشنی کرے غلاف ڈالے یا یوں کہیں کہ اللہ ورسول چاہے گا تو میں آؤنگا (اسی قسم کی
...بہت سی چیزیں شمار کرکے یہ حکم لکھا) سو ان سب باتوں سے شرک ثابت ہوتا ہے۔ (دیکھو تقویۃ الایمان
...ص ۱۲ تا ۱۴)۔

اس عبارت میں صاف طور پر کہدیا کہ انبیاء واولیاء کی نذر کرنے والا مشرک ہے۔ مشکل کے
...وقت یارسول اللہ یا علی یا غوث پکارنے والا مشرک ہے۔ عبدالنبی، عبدالرسول، غلام نبی، غلام رسول، غلام
...علی، غلام امام، غلام حسن، غلام حسین، غلام غوث، غلام محی الدین، غلام معین الدین، نبی بخش، علی بخش
...امام بخش، حسین بخش، مدار بخش، سالار بخش، پیر بخش، وغیرہ نام رکھنے والے مشرک ہیں۔ قبر کو بوسہ دینے
...والا مشرک۔ قبر پر مورچھل جھلنے والا مشرک۔ قبر پر شامیانہ کھڑا کرنے والا مشرک۔ اس پر ہاتھ باندھ کر
...دعا کرنے والا مشرک۔ قبر کے گردپیش کا ادب کرنے والا مشرک۔ قبر کی طرف دور دور سے قصد کر کے
...جانے والا مشرک۔ قبر پر روشنی کرنے والا مشرک۔ قبر پر غلاف ڈالنے والا مشرک۔ لہٰذا اس عبارت سے
...تمام اہلسنت وجماعت مشرک قرار پائے۔

نیز تذکیر الاخوان بقیہ تقویۃ الایمان میں صاف لکھا۔

اس زمانہ میں ہندوستان مسلمانوں میں ہزاروں نئی باتیں اور نئے عقیدے اور رسم ورسوم جو رائج
...ہیں اور جہاں اس میں گفتار ہے جیسے لڑکا پیدا ہوتے وقت بندوقیں چھوڑنا، چھٹی کرنا، بسم اللہ کرنا، شادی
...کی منگنی کرنا، سہرا باندھنا، محرم کی محفلیں کرنا، ربیع الاول میں مولود کی محفل ترتیب دینا، اور جب وہ ذکر
...حضرت کے پیدا ہونے کا آوے کھڑے ہوجانا، ربیع الثانی کی گیارھویں کرنا، شعبان میں حلوا
...پکانا، رمضان میں اخیر جمعہ کو خطبہ الوداع پڑھنا، عید کے روز سویاں پکانا، اور بعد نماز عیدین کے بغل گیر ہو
...کر ملنا یا مصافحہ کرنا، کفن کے ساتھ جانماز اور چادر بھی ضرور بنانا، اور کفنی پر کلمہ وغیرہ لکھنا، قبر میں قل کے
...ڈھیلے اور شجرہ رکھنا، اور تیجہ دسواں چالیسواں اور چھ ماہی اور برسی عرس تک کرنا قبروں پر چادریں ڈالنا،
...مقبرے بنانا، قبروں پر تاریخ لکھنا، وہاں چراغ جلانا، دور دور سے سفر کرکے قبروں پر جانا، اور توشے کرنا
...اور مقلد کے حق میں تقلید ہی کافی جاننا (اور بہت سی چیزیں شمار کرکے سب کا حکم یہ دیا) جو شخص اس کی برائی
...دریافت کرکے ناخوش اور خفا ہو اور ان کا ترک کرنا برا لگے تو صاف جان لیا چاہئے کہ وہ شخص اس آیت کے
...بموجب مسلمان نہیں۔

(تذکیر الاخوان بقیہ تقویۃ الایمان ص ۸۶ تا ۸۸)

اس عبارت میں صاف کہہ دیا کہ بوقت پیدائش بندوقیں چھوڑنے والا کافر۔ چھٹی
کافر۔ بسم اللہ کی محفل کرنے والا کافر۔ منگنی کرنے الا کافر۔ سہرا باندھنے والا کافر، محرم کی محفلیں
کافر، مولود شریف کی محفل کرنے والا کافر، قیام کرنے والا کافر، گیارھویں کرنے والا کافر، شب
پکانے والا کافر، خطبۃ الوداع پڑھنے والا کافر عید کی سویاں پکانے والا کافر، عیدین کا معانقہ کر
مصافحہ کرنے والا کافر کفن کے ساتھ جا نماز بنانے والا کافر۔ اور چادر بنانیوالا کافر، کفنی
والا کافر قبر میں قل کے ڈھیلے رکھنے والا کافر اور شجرہ رکھنے والا کافر، تیجہ کرنے والا کافر دسواں
کافر، چالیسواں کرنے والا کافر چھ ماہی کرنے والا کافر برسی کرنے والا کافر عرس کرنے وال
چادر ڈلانے والا کافر، مقبرہ بنانے والا کافر، قبر پر تاریخ لکھنے والا کافر۔ قبر پر چراغ جلانے وال
سفر کرکے جانے والا کافر، توشہ کرنے والا کافر، مقلد کے لئے تقلید کو کافی جاننے والا کافر۔

یہ وہابیہ کی کفری مشین ہے اس سے تمام اہلسنت وجماعت کافر ٹھہرے تو وہابیہ کی ان
وکفری مشینوں سے تمام اہل اسلام مشرک وکافر قرار پائے اور کوئی سنی العقیدہ ان کے نزدیک
نہیں رہا۔

یہ تبلیغی جماعت اسی بنا پر اہلسنت کو کلمہ شریف کی تلقین کرکے اپنے ہم خیال اور مذہ
سے پہلے اپنے نزدیک مسلمان بناتی ہے اور کلمہ شریف کی اس بنیاد پر تبلیغ کرتی پھرتی ہے۔

مسلمانو! یہ ہے اس الیاسی تبلیغی جماعت کے صرف کلمہ شریف کے تبلیغ کرنے کی حقی
اصلی وجہ۔ ورنہ مسلمانوں میں آج تک صرف کلمہ شریف کی تبلیغ کیلئے کوئی جماعت نہ قرون ثلثہ
اور کسی صدی میں تیار ہوئی بلکہ اس کلمہ والی جماعت کا اصل مقصد تو یہ ہے کہ یہ مسلمانوں
واقتدار اور اعتماد واعتبار پیدا کرنے کے بعد اپنا خاص مذہبی دیوبندی کلمہ لا الہ الا اللہ اشر
رسول اللہ کی تبلیغ کریگی اور دیوبندی عقائد ومسائل کی تعلیم دے گی اور عوام اہلسنت کو وہابی
عقائد اہلسنت اور احکام دین کو شرک وکفر اور بدعت وحرام ٹھہرائیگی کیونکہ اس جماعت کو اسی مقص
گیا ہے۔

الیاسی تبلیغی جماعت صرف نماز ہی کی کیوں تبلیغ کرتی ہے

ہمارے نزدیک افضل العبادات اہم الفرائض احب الاعمال نماز ہے اور اس کی
مداومت کے ذکر میں اکثر احادیث وارد ہیں۔ اس کی فرضیت کا منکر کافر ہے اس کا ایک ہی وقت

...وڑنے والا فاسق ہے تو نماز کی تبلیغ جس طرح ضرور اسی طرح اور فرائض کی تبلیغ بھی ضروری ہے مثلا اس
...میں زکوۃ نہ دینے والے تارکین صلوۃ سے زیادہ ہیں بلکہ ایسے بھی بکثرت مسلمان موجود ہیں جو صوم
...صلوۃ کے تو بہت پابند ہیں لیکن زکوۃ کے نام سے ایک پیسہ نہیں دیتے اسی طرح اور فرائض کتنے ترک کئے
...رہے ہیں اور کس قدر مناہی ومحرمات کا ارتکاب کیا جا رہا ہے تو اس پر آشوب دور کا اقتضا تو یہ تھا کہ ہر
...ن کے امتثال کے لئے تبلیغ کی جائے ہر منکر ومحرم سے بچانے کی سعی کی جائے۔

لیکن تبلیغی جماعت کی تمام کوشش پوری سعی صرف تبلیغ صلوۃ کے لئے اس حقیقت پر مبنی ہے کہ تمام
...سنت وجماعت اپنی نمازوں میں باوجود توجہ تام الی اللہ کے ہر ہر رکن نماز میں موافقت فعل رسول اللہ
...لی اللہ تعالی علیہ وسلم کا خیال رکھیں کہ ہمارا قیام وقراءۃ رکوع وسجود وقومہ وقعود کوئی فعل حضور نبی کریم صلی اللہ
...تعالی علیہ وسلم کے افعال کے خلاف نہ ہو تو ان کا کوئی رکن خیال رسول اللہ سے خالی نہیں ہو۔ تو پھر الحمد
...یف میں اهدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیهم اور ان آیات میں جن میں
...ارے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا صراحۃ ذکر ہے بقصد تعظیم وتوقیر حضور کی طرف قصدا خیال ہوتا ہے۔ اور
...ھد میں السلام علیک ایها النبی اور اس کے بعد درود شریف میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی
...ف عظمت ووقار کے ساتھ ساتھ خیال جاتا ہے۔ نیز بوقت سنتوں کی نیت کے جب یہ کہتا ہے کہ سنت
...ول اللہ کی تو حضور کا خیال آتا ہے اور تبلیغی جماعت نماز میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی
...ف خیال لے جانے کو نہ فقط مکروہ وحرام بلکہ کفر وشرک کہتی ہے۔

چنانچہ ضمن عقائد میں صراط مستقیم کی عبارت میں صاف منقول ہوا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

نماز میں زنا کرنے کا وسوسہ اور اپنی بیوی سے جماع کرنے کا خیال بہتر ہے اور پیر اور اس کے ما
...اور بزرگوں کی طرف خیال لے جانا اگرچہ جناب رسالت مآب (صلی اللہ تعالی علیہ وسلم) ہوں اپنے
...اور گدھے کے تصور میں ڈوب جانے سے کتنوں درجے بدتر ہے کہ ان کا خیال انسان کے دل میں
...تعظیم وتوقیر کے ساتھ قرار پکڑتا ہے بخلاف گدھے اور بیل کے خیال کے کہ ان سے نہ تو ایسی چسپیدگی ہو
...ہے نہ ان کی ایسی تعظیم کی جاتی ہے بلکہ یہ ذلیل وحقیر ہیں اور نماز میں غیر خدا کی تعظیم وتوقیر کا ملحوظ ومقصود
...ہونا شرک کی طرف کھینچتا ہے۔ (صراط مستقیم مجتبائی ص ۸۶ مصنفہ مولوی اسمٰعیل دہلوی)

اس عبارت نے یہ بات ظاہر کر دیکہ ان تبلیغی وہابی جماعت کے نزدیک تمام اہلسنت کی نمازیں
...ارت نہیں ہیں بلکہ کفر وشرک ہیں اور سب اہلسنت وجماعت کافر ومشرک ہیں اس بنا پر تبلیغی جماعت

کے بانی نے اہلسنت کی نمازوں کو قابل اصلاح ولائق تبلیغ ٹھہرایا اور صرف نماز ہی کی تبلیغ
مبلغین کی جماعت تیار کی ہے جو لوگوں کو اپنا یہی مذہب اور عقیدہ تعلیم دیگی کہ نماز میں حضور
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف خیال کا لیجانا وسوسہ زنا اور جماع زوجہ کے خیال سے بدتر ہے
اور بیل کے تصور میں ڈوب جانے سے کتنے درجے بدتر ہے۔ لہٰذا یہ تبلیغی جماعت اتنی تو کھل کر
لگی ہے کہ سنتوں کی نیت کرتے وقت صرف سنت ہی کہا کرو اور سنت رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ
مت کہو باوجودیکہ مسلمان اگر صرف سنت بھی کہتا ہے تو اس سے اس کی مراد سنت رسول صلی اللہ
وسلم ہوتی ہے لیکن وہابی تبلیغی جماعت نے صاف کھل کر کہہ دیا کہ سنت رسول مت کہو بلکہ صر
کرو حالانکہ وقت نیت خارج صلوۃ کا وقت ہے تو جب یہ لوگ خارج نماز میں بھی رسول اللہ
تعالیٰ علیہ وسلم کا نام لینا گوارہ نہیں کرتے تو نماز میں حضور کی طرف خیال لے جانے کو کس طرح
سکتے ہیں بلکہ یہ صاف طور پر اس کو شرک جانتے ہیں۔

مسلمانو! اب سمجھو کہ اہلسنت وجماعت کی نماز میں اور اس تبلیغی جماعت کی نماز میں
زبردست فرق ہے جو لوگ اپنی ناواقفی سے یہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ نماز میں تو کوئی اختلاف
نہیں ہے وہ آنکھیں کھول کر دیکھیں کہ اہلسنت کی نماز اس تبلیغی جماعت کے نزدیک نہ صرف
نہیں ہے بلکہ شرک ہے اسی بنا پر یہ وہابی جماعت ناواقف اہلسنت کو پہلے کلمہ پڑھوا کر مسلمان
پھر انہیں نماز کی تبلیغ کرتی ہے اور وہابی نماز سکھاتی ہے جس میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ
خیال نہ آئے اور ان کی متابعت اور موافقت کا تصور نہ پیدا ہو۔ بالجملہ ان کے صرف تبلیغ صلوۃ
ہے نیز تبلیغ صلوۃ کا نام لیکر اہلسنت کو وہابی دیوبندی بنانا مقصود ہے۔ چنانچہ خود الیاس صاحب
جماعت نے صاف طور پر کہا:

سوانح میں ہے۔

ظہیر الحسن میرا مدعا کوئی پاتا نہیں لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ تحریک صلوۃ ہے میں ان سے کہتا
ہرگز تحریک صلاۃ نہیں ایک روز بڑی حسرت سے فرمایا کہ میاں ظہیر الحسن ایک نئی قوم (یعنی دیو
پیدا کرنی ہے۔ (سوانح ص ۲۲۶)

اس عبارت سے بانی جماعت کا مدعا اور غرض صاف طور پر ظاہر ہوگئی کہ اس تبلیغی جما
اور دورے نماز کی تبلیغ کے لئے ہرگز ہرگز نہیں ہیں تبلیغ صلاۃ کو براہ فریب عوام اہلسنت

ملاقات کرنے اور اپنی طرف متوجہ کرنے کا وسیلہ وذریعہ بنا رکھا ہے بلکہ یہ ساری نقل وحرکت تبلیغ
واشاعت ہی کے پردہ میں نئی قوم (وہابی جماعت) کے بنانے کیلئے ہے لہذا ہمارے ناواقف عوام
اہلسنت وجماعت ان کے تبلیغ صلاۃ کے فریب میں نہ پھنسیں اور ان کے طریقہ نماز کو نہ سیکھیں اور ان کی
جماعت کی شرکت سے دور بھاگیں۔ اور ان کی پرفریب باتوں کو نہ سنیں اور ان کی مجالس وعظ میں ہرگز شر
کت نہ کریں۔

الیاسی تبلیغی جماعت کا سفید جھوٹ

اس جماعت کے مبلغین اور ہواخواہ نہایت جرأت ودلیری سے یہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ ہم یہ
تبلیغی خدمات لوجہ اللہ کرتے ہیں۔ ایک پیسہ اس وقت کے مقابلہ میں نہیں لیتے ہیں۔ ہم پیدل سفر کرتے
ہیں۔ کسی کا کھانا نہیں کھاتے ہیں۔ کسی سے کوئی پیسہ نہیں لیتے ہیں۔ تو سوا ان ناواقف چند حضرات کے
جو اپنے فوری جذبہ کے تحت دو چار دن یا ہفتہ دو ماہ دیتے ہیں اور جس قدر پرانے پرانے مبلغین برابر کام
کرنے والے ہیں۔ وہ سب تنخواہ دار ہیں۔ ان کو سفر خرچ اور کھانے پینے کا صرفہ اور ماہانہ تنخواہ دلی کے دفتر
سے ملتی ہے۔ اس کی کافی ثبوت دستیاب ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ریل گاڑی اور موٹروں میں سفر کرتے
ہیں جن کے بہت سے مشاہدے پیش کئے جاسکتے ہیں۔ یہ جماعت جہاں قیام کرتی ہے وہاں کے لوگ
ان کو کھانا کھلاتے ہیں اور یہ خوب کھاتے ہیں۔ اور اگر یہ تسلیم بھی کرلیا جائے کہ یہ خود کسی سے کوئی پیسہ نہیں
لیتے لیکن یہ لوگوں کو اپنے مرکز دہلی میں چندہ بھیجنے کی تو ترغیب دلاتے ہیں اور وہ مرکز اس چندہ کو ان پر
خرچ کرتا ہے تو کیا اس تبلیغی جماعت نے قوم مسلم کا پیسہ نہیں لیا اور چندہ سے ان کی پرورش نہیں ہو رہی
ہے۔

یہ بھی واضح رہے ہمارا ان کے تنخواہ دار ہونے اور سفر خرچ لینے پر اعتراض مقصود نہیں ہے کہ جو
شخص اپنا دن رات اس کام میں خرچ کریگا تو وہ اپنے اور اپنے اہل وعیال کے حقوق ادا کرنے پر مجبور ہے
کہ جس کام میں اپنا سارا وقت گذارتا ہے تو اس محکمہ سے اس قدر رقم حاصل کرلے۔ چنانچہ یہ تمام سلف
وخلف، خلفاء اور امراء، قضاۃ وفوج کا معمول رہا ہے۔ دکھانا یہ ہے کہ یہ مبلغین حقیقت پر پردہ ڈالنے
واقعات کے چھپانے تنخواہیں لیکر مکرنے سفری خرچ حاصل کر کے انکار کرنے سواریوں پر سفر کرنے کے
باوجود پیدل چلنے دعوتیں کھا کر جھوٹ بولنے اپنا تقویٰ جتانے اپنے تقوے کے گیت گانے۔ صریح جھوٹ
بولنے، خلاف حقیقت ظاہر کرنے کی کیوں عادی ہیں۔ کیا ان باتوں سے تبلیغ میں چار چاند لگ جاتے

ہیں۔ یا ان کے امور کے اظہار سے لوگوں کا کلمہ جلد صحیح ہو جاتا ہے۔ یا وہ نماز جلد سیکھ لیتے ہیں
ہو گیا کہ ان باتوں سے اس جماعت کا مسلمانوں کو فریب دینا مغالطہ دینا مقصود ہے ور
جھوٹوں سے قوم کو کیا فائدہ پہنچا بلکہ خود ان کی عاقبت خراب ہوئی۔

الیاسی تبلیغی جماعت کی نمائش ونمود

تبلیغی کام گذشتہ صدیوں میں بھی ہمیشہ ہوئے اور ان کی تبلیغ سے صدہا بلکہ ہزارہا غیر
ہوئے لیکن وہ مبلغین نہ اپنے کارناموں کے اعلان جتایا کرتے۔ نہ ان کی کسی ادا میں نمود تھا
میں نمائش تھی۔ نہ ان کی تبلیغی نقل وحرکت میں شہرت پسندی کا شائبہ تھا۔ نہ وہ اپنی تکالیف
خطبے اور وعظ کہتے تھے۔ نہ اس راہ میں پیدل چلنے کے واقعات سناتے تھے۔ نہ اپنے تقدس او
درس دیتے تھے۔ نہ اس میں کسی عالم دین کے متعلق پروپیگنڈ کرتے تھے۔ بلکہ ان کی تبلیغ
ہر طریقہ نمود ونمائش سے پاک تھا۔ ان کا ہر کام عجب وریا سے دور تھا۔ ان کی ہر بات شہرت
جدا تھی۔ وہ اپنی تکالیف کا اظہار کرنا سبب حبط عمل جانتے تھے۔ وہ اپنے تقدس اور تقوے کا اعلا
بطلان سمجھتے تھے۔ وہ جو خدمت دین کرتے تو مخلوق کے دکھانے کے لئے نہیں کرتے تھے۔
ے رضائے الٰہی کے لئے تھے۔

لیکن آج جب اس تبلیغی جماعت کے حالات کا جائزہ لیا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے
سب کام محض نمود ونمائش کیلئے ہیں۔ ان کے تمام امور فقط شہرت واعلان کے لئے ہیں۔ ان کی
وحرکت صرف ریا وخود نمائی کیلئے ہے۔ چنانچہ وہ دیہات جہاں نہ علماء پہنچتے ہیں نہ ان تک کوئی
پہنچتی ہے وہاں کے مسلمان صرف نام ہی کے مسلمان ہیں جو تبلیغ کے سخت محتاج ہیں۔ تو ایسے
تبلیغی جماعت نہیں پہنچتی۔ بلکہ ان کو جب دیکھو تو شہروں میں موجود ہیں۔ بازاروں میں چکر
گے۔ جامع مسجدوں میں وعظ کہتے نظر آئیں گے۔ مسلم محلوں میں گشت کرتے ہوئے دکھائی
اپنے وعظوں میں بجائے تبلیغ دین کے اپنا پیدل چل کر آنا اپنی جماعت کے کارنامے سنانا۔
وتقوے کا ذکر کرنا۔ علماء دیو بند کے گیت گانا۔ وہابی پیشواؤں کی تعریفیں کرنا ہے۔ جماعت
الیاس صاحب کا پروپگنڈا کرنا۔ دہلی جانے کی ترغیب دینا۔ ان کے نزدیک تبلیغ دین
اشاعت کرنا خدمت اسلام ہے۔

تو اس جماعت کے مبلغین کا ان شہروں میں آنا جن میں جحاج حفاظ علماء بکثرت مو

ن میں مذہبی مدارس جاری ہوں۔ جہاں واعظین برابر آتے جاتے ہوں۔ جلسے اور تذکیر واعظ ہوتے
وں۔ جن کے اکثر مسلمانان جاہل مبلغ سے زیادہ تعلیم یافتہ ہوں۔ پھر جامع مسجدوں میں ان کا قیام کرنا۔
زاروں میں گروہ بنا کر پھرنا۔ مسلم محلوں میں گشت لگانا۔ نمود ونمائش نہیں ہے تو اور کیا ہے؟۔ حقیقت یہ
ہے کہ اس وہابیہ کی تبلیغی جماعت کا ہر فعل نمود کے لئے ہے۔ ہر کام نمائش کی غرض سے ہے۔ ہر عمل ریا
کیلئے ہے۔ ہر نقل وحرکت شہرت کیلئے ہے۔ ہر بات اعلان کے لئے ہے۔ تو یہ ہے ان کی نام نہاد تبلیغ کی
حقیقت اور یہ ہے ان کے کارناموں کی نمائشی حالت۔ مولیٰ تعالیٰ ان کے فریب سے محفوظ رکھے آمین۔

الیاسی تبلیغی جماعت علماء پر مشتمل کیوں نہیں

یہ تو ثابت ہو چکا ہے کہ تبلیغ کرنا علما کا منصب ہے شرعا جہال نہ کبھی اس کے اہل تھے نہ ہو سکتے
یں۔ مگر الیاسی جماعت کا یہ طریقہ امتیاز یوں ہے کہ وہ اپنے وفود میں جہال کو منتخب کرتی ہے۔ پڑھے لکھے
چند آدمی برائے نام ہمراہ کر دیتے ہیں جن کا وقت پر کبھی مظاہرہ کرا دیا جاتا ہے لیکن اس جماعت میں
اکثریت ایسے جاہلوں کی ہوتی ہے جنھیں نماز تو کیا صحیح طور پر طہارت کرنی بھی نہیں آتی۔ اس انتخاب
یں اس الیاسی جماعت کی نہایت گروہی سازش یہ ہے کہ اگر ان کے علماء تبلیغی دورے کرتے ہیں اور وفود کو
صرف علماء پر مشتمل رکھا جاتا ہے تو اہلسنت ان کو پہچان لیں گے کہ وہ وہابی دیو بندی علماء ہیں۔ یہ لوگ
ب تبلیغ کے لئے آتے ہیں تو وہابی اور دیو بندیت ہی کی تبلیغ کرینگے۔ تو اہلسنت نہ ان کے دام فریب
یں پھنسیں گے۔ نہ ان کے وعظ سنیں گے بلکہ ان سے نفرت کرینگے۔ ان سے مسائل مختلف فیہا وعقائد
دیو بندیہ کی بحث کریں گے۔ نیز اہلسنت اگر ان علماء کو مجلس ومیلاد شریف محفل گیارھویں شریف عرس
یا تحرسوم کی شرکت کی دعوت دیں گے تو یہ علماء اپنی مذہبی ذمہ داری کی بنا پر جب ان امور کو بدعات کہتے
یں تو ان میں ہرگز شرکت نہیں کرینگے۔ تو عوام اہلسنت بھی ان سے واقف ہو جائینگے کہ یہ لوگ وہابیہ
دیو بندیہ ہیں۔ ان کی کوئی بات ہی نہ سنے گا۔ لہذا علماء کے مبلغین مقرر کرنے میں مذہب وہابیت کی تبلیغ
نہ ہو سکے گی۔ اور اہلسنت ان کے دام تزویر میں نہ پھنس سکیں گے۔ اسی نظریہ کے ماتحت الیاسی جماعت
نے جہال کو مبلغین مقرر کیا کہ اہلسنت نہ تو ان غیر معروف جاہلوں کو پہچانتے ہیں۔ نہ یہ اپنی وہابیت کا
اظہار کرتے ہیں۔ نہ کسی نئی جگہ عقاید وہابیہ کو بتاتے ہیں۔ نہ یہ کم علم مسائل مختلف فیہا میں بحث کر سکتے
یں۔ نہ کسی کو وہابیہ کے بیان سنا سکتے ہیں۔ پھر اگر اہل سنت کو کہیں فاتحہ سوم میں میں شریک کرنا چاہیں
گے تو یہ بے تکلف شریک بھی ہو جائینگے۔ عرس کی تقریب میں بھی بے تامل کے شامل ہو جائینگے۔

گیارھویں شریف کا کھانا بھی یہ لوگ کھالیں گے۔ محفل میلاد شریف میں بھی یہ شریک ہو
قیام بھی کرلیں گے۔ اور اگر کہیں خود میلاد شریف پڑھنے کا موقع آگیا تو بلا تکلف میلاد کا بیا
گے۔ اور قیام بھی کرلیں گے کہ یہ لوگ وہابیت کے کوئی ذمہ دار تخص نہیں ہیں۔ تو جہال ال
کے فریب میں عوام پھنس سکتے ہیں کہ یہ تو ہمارے ساتھ میلاد شریف میں شریک ہوتے ہیں
قیام کیا ہے۔ انھوں نے گیارھویں شریف میں شرکت کی ہے۔ یہ عرس میں شامل ہوتے
نے خود فاتحہ دی ہے۔ اور اس کا کھانا کھایا ہے۔ لہٰذا یہ کیسے وہابی ہوسکتے ہیں۔ تو یہ جاہل مبلغین
طرح اپنے مذہب پر پردہ ڈال کر اپنا کام نکال لیتے ہیں۔ کہیں اپنی بے خبری اور ان اختلا
بن کر اپنا الو سیدھا کرلیتے ہیں۔ تو جہاں جیسا دیکھا ویسا ہی بن کر اپنا اعتبار پیدا کرلینا یہ کام ا
ہی کرسکتے ہیں۔ اسی مصلحت کی بنا پر اس الیاسی جماعت نے اپنے مبلغین جہال مقرر کیے او
اس میں انتخاب نہیں کیا۔ لہٰذا اس الیاسی جماعت کا جہال کے مبلغین بنانے میں بھی اور علما
میں یہ راز ہے۔

الیاسی تبلیغی جماعت کا مرکز دہلی کیوں ہے

اگر یہ الیاسی جماعت اپنا مرکز دیوبند یا تھانہ بھون یا گنگوہ یا انبیٹھہ مقرر کرتی تو یہ وہ
جو وہابیت میں مشہور ہوچکے ہیں۔ تو ہر سنی ان کا نام سننے کے بعد بے تکلف یہ سمجھ سکتا کہ جب ا
کا مرکز ان مقامات میں سے کوئی مقام ہے تو یہ وہابیت کی حد کو پہنچتا ہے۔ تو اس جماعت کے
اہلسنت نہیں آتے پھر تو تبلیغ کا مقصد اعظم یعنی تبلیغ وہابیت ہی ختم ہوجاتی۔

اس جماعت کے بانی نے اس خطرہ سے بچنے کے لئے دہلی کو مرکز قرار دیا اور اس
آبادی متعین کی جس کا صرف نام ہی سن کر ہر سنی کے جذبات میں طوفانی کیفیت پیدا ہوجا
عقیدت کا سمندر موجیں مارنے لگتا ہے۔ یعنی وہ مقدس سرزمین جس کو مرجع اولیاء مخزن اصف
شرف حاصل ہے۔ خانقاہ حضرت عالیجاہ قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین شاہ نظام الدین محبوب
سرہ کا جوار۔ اس کو اس جماعت نے اسی بنا پر مرکز قرار دیا کہ یہاں کا نام سن لینے کے بعد ا
وہابیت کا اہلسنت کے قلوب میں خطرہ بھی نہیں گذریگا۔ اس نسبت کی بنا پر اس جماعت کا احت
ان کی مہمان نوازی کی جائیگی ان کی باتوں کو بکمال عقیدت سنا جائیگا ان کے تعمیل حکم میں حتی الم
جائیگی۔

بالجملہ اس جماعت کا قریب خانقاہ حضرت محبوب الٰہی قدس سرہ میں مرکز مقرر کرنے میں یہی
فریب ہے کہ اہلسنت ان کی وہابیت کو نہ پہچان سکیں اور یہ اس پردہ میں ناواقف سنیوں کو وہابی بناتے
رہیں۔

الیاسی تبلیغی جماعت کا تقیہ

اگر اس الیاسی جماعت میں اسلام کا سچا جذبہ ہے تعمیل احکام کا صادق ولولہ ہے اتباع شریعت کا
واقعی ذوق ہے دینداری کا حقیقی شوق ہے تو قرآن وحدیث اقوال صحابہ وتابعین قیاس ائمہ ومجتہدین،
تصریحات متقدمین ومتاخرین عمل سلف وخلف امت خیر المرسلین صلوات اللہ علیہ وعلیہم اجمعین کو سامنے
رکھ کر صاف الفاظ میں اعلان کردے کہ ہمارا فلاں مذہب ہے اور ہم اس مذہب حق اور سبب فلاح ونجات
اعتقاد کرتے ہیں اور اسی مذہب کی تبلیغ کیلئے نکلے ہیں تو دنیا ان کو مشتبہ نظروں سے نہ دیکھے گی جو کھل کر اپنا
مذہب ظاہر کرتے ہیں وہ اس کو کوئی فریبی اور تقیہ باز نہیں کرسکتا ہے۔

یہ بات تو ظاہر ہے کہ اصل میں یہ جماعت نہ رافضی ہے نہ چکڑالوی، نہ غیر مقلد ہے نہ قادیانی
کہ اسکے بانی وارکین ومبلغین ان فرقوں کے کھلے ہوئے مخالف ہیں کہ اس جماعت کے خود اعمال ان
فرقوں کے اعمال کے موافق نہیں۔ اب رہے عقائد تو یہ ان کے بھی سخت مخالف ہیں۔ اسی طرح یہ بات
بھی اظہر من الشمس ہے کہ یہ الیاسی جماعت اہلسنت وجماعت بھی نہیں ہے کیونکہ یہ جماعت نہ کبھی عقائد
اہلسنت کا اظہار کرے نہ کبھی اعمال اہلسنت کو خود کرے نہ کبھی ان عقائد واعمال کی تبلیغ کرے نہ علماء اہل
سنت سے کوئی تعلق رکھے۔ نہ فتاوے اہلسنت کی پیروی کرے نہ خاص مجالس اہلسنت میں عقیدۃ شرکت
کرے نہ مخصوص افعال اہلسنت کی کبھی تائید کرے نہ حرمین شریفین بلکہ دنیائے اہلسنت کے علمائے دین
ومفتیان شرع متین نے جن کو بالاتفاق کافر ومرتد ہونے کے فتوے دیئے تو یہ جماعت ان فتووں کو حق کہنے
اور ان کو کافر ومرتد ماننے کے لئے کسی طرح تیار ہو۔ پھر اس جماعت کا نہ بانی اہلسنت۔ نہ ارکان
اہلسنت۔ نہ قائدین اہلسنت۔ نہ مبلغین اہلسنت۔ نہ حامیین اہلسنت۔ نہ مؤیدین اہلسنت۔ تو پھر یہ
جماعت اپنے آپ کو کسی طرح اہلسنت وجماعت کہتی ہے اور کس منہ سے اپنے آپ کو اہلسنت قرار دے
سکتی ہے۔ اور اپنے اہلسنت ہونے پر کونسی دلیل پیش کرسکتی ہے اور ان کے ان احوال کے باوجود ان کو کون
اہلسنت کہہ سکتا ہے۔ تو بھی یہ ثابت ہوگیا کہ یہ الیاسی جماعت ہرگز ہرگز اہلسنت وجماعت نہیں تو اب
ان کا وہابی دیوبندی ہونا خود ہی ظاہر ہوگیا اور ان کے وہابی ہونے کا بین ثبوت یہ موجود کہ اس جماعت کا

بانی وہابی۔اس کے خاص اراکین وہابی۔اس کے قائدین وہابی۔اس کے اصل مبلغین وہابی۔اس
حامیین وہابی۔اس کے موئیدین وہابی۔اس جماعت والے عقائد وہابیہ کی تصدیق کریں۔اعمال
کے مطابق عمل کریں۔علماء وہابیہ سے عقیدت رکھیں۔مفتیان وہابیہ سے فتوے لیں۔جلسہائے وہا
والنٹر بنیں۔مدارس وہابیہ کا پروپگنڈہ کریں۔وہابی عقائد کی تبلیغ کریں۔وہابی اعمال کی تعلیم دیں
علماء وہابیہ پر پورا اعتماد رکھیں۔علمائے وہابیہ ان پر کامل بھروسہ رکھیں۔اور نہ وہابی انھیں گردہ
اجانیں نہ یہ اپنے آپ کو وہابیہ سے الگ سمجھیں۔

اہل انصاف بتائیں کہ وہابی ہونا اور کسے کہتے ہیں اور دیو بندی ہونا اور کس چیز کا نام
الیاسی جماعت کا وہابی اور دیو بندی ہونا ایسی نا قابل انکار حقیقت ہے جس کا کوئی ادنی سمجھ والا انسا
کسی طرح انکار نہیں کرسکتا بلکہ یہ نہ خود یہ الیاسی تبلیغی جماعت اپنے وہابی اور دیو بندی ہونے کا کسی و
کار کے سامنے انکار کرسکتی ہے۔البتہ ناواقفوں کے سامنے یہ جماعت اپنی وہابیت پر ضرور پردہ ڈا
کوشش کرتی ہے کہیں اپنے وہابی ہونے کا صاف طور پر انکار کر جاتی ہے۔کہیں سنیوں میں پہنچ کر
جاتی ہے۔کہیں اپنی وہابیت سے لاعلمی وناواقفی ظاہر کر جاتی ہے۔لہٰذا یہی تو اس تبلیغی جماعت کا تق
یہی تو اس کی تبلیغی پالیسی ہے جس کا مفصل ذکر گذرا۔

بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ اس الیاسی جماعت نے اپنے تقیہ میں روافض کو بھی شرما دئے کہ
اپنے مذہب کو اس طرح نہیں چھپاتے ہیں جس طرح یہ جماعت اپنی وہابیت کو چھپاتی ہے۔پھر اس
انھیں اس لئے ضرورت پڑی کہ یہ اپنے آپ کو سنی ظاہر کر کے ناواقف سنیوں کو اپنے دام تزویر میں پھ
لے اور پھر آہستہ آہستہ انھیں تدریجا وہابی بنالیں۔

الیاسی تبلیغی جماعت کی غرض تبلیغ وہابیت ہے

جب ناظرین پر یہ چیز آفتاب سے زیادہ روشن طور پر ثابت ہوگئی کہ مولوی الیاس صاحب
تبلیغی جماعت نہ صرف متعصب نسلی وہابی دیو بندی ہیں بلکہ یہ اس وقت کے اکابر وہابیہ کے پیشوا
معمولی عقائد والا اس کا فیصلہ کرنے کیلئے مجبور ہے کہ جب اس بانی کو عمر کے کسی حصہ میں مذہب اہلس
سے کبھی ادنی سا لگاؤ بھی نہ ہوا۔نہ کبھی اپنے کسی مشہور عالم اہلسنت سے ملنا گوارہ کیا۔نہ کسی سنی عالم کو
کسی جلسہ میں مدعو کیا۔تو اس نے اپنے عمل سے صاف بتادیا کہ مجھے اہلسنت سے کوئی علاقہ نہیں بلکہ
الیاس نے جلسہائے اہلسنت کے کھل کر مقابلے کئے ہیں۔تقریبا بیس سال سے زائد ہوئے کہ میو

کے قصبہ نوح میں ایک اہلسنت کا جلسہ ہوا تھا۔اس کے منتظم حضرت مولانا رکن الدین صاب الوری کے
صاحبزادے حضرت مولانا محمود صاحب اور حضرت مفتی مولانا مظہر اللہ صاحب امام مسجد فتح پوری دہلی
کے صاحبزادے مولوی مشرف احمد صاحب تھے۔اس جلسہ میں فقیر کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔تو ایک جلسہ تو
بوقت صبح اسکول کے قریب میدان میں ہوا اور دوسرا جلسہ بعد ظہر اسکول کے اندر ہوا۔الیاس صاحب نے
ہم لوگوں کی خبر سن کر دہلی سے دیو بندی مولویوں کی ایک لاری بھر کر بغرض مناظرہ روانہ کی تھی۔جلسوں
میں ہماری تقریر فضائل نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم وترغیب اعمال میں ہو رہی تھیں۔دوسرے جلسہ
میں میں تقریر کر رہا تھا کہ درمیان تقریر ہی میں ان دیو بندی مولویوں میں سے ایک مولوی مجمع میں کھڑا ہو
گیا اور شور مچانے لگا کہ ہم مناظرہ کے لئے آئے ہیں۔میں نے ان سے کہا کہا آپ سے اور مناظرہ سے
کیا واسطہ۔اگر فی الواقع آپ لوگ مناظرے کے لئے آئے ہوتے تو کل سے آپ قصبہ نوح میں موجود
ہیں۔آپ نے چیلنج مناظرہ بھیجا ہوتا۔شرائط مناظرہ طے کئے ہوتے۔اور باضابطہ آپ نے مجلس مناظرہ
طلب کی ہوتی۔مگر آپ کو تو اس وقت جلسہ میں صرف شور وشر کرنا مقصود ہے۔خیر جب آپ نے مناظرہ
کا نام لیا ہے تو ہم اسی مجمع میں ابھی مناظرہ کا معاملہ طے کئے دیتے ہیں۔چنانچہ میں نے مجمع کو مخاطب بنا
کر دریافت کیا کہ آپ لوگ مناظرہ کن صاحب سے چاہتے ہیں۔مجمع نے کہا کہ ہم لوگ مناظرہ مولوی
الیاس صاحب سے چاہتے ہیں کہ ہمارے ملک میوات میں اختلاف وفساد کا بیج انھوں نے ہی بویا ہے
اور ہمارے گاؤں گاؤں گھر گھر میں باپ بیٹے بھائی بھائی میں جنگ وجدال قائم کر دیا ہے۔میں نے
مولویوں سے دریافت کیا کہ اس وقت آپ کی اس جماعت میں مولوی الیاس صاحب موجود ہیں انھوں
نے جواب دیا کہ وہ تو موجود نہیں ہیں۔

میں نے دریافت کیا کہ وہ آخر کہاں ہیں۔وہ بولے کہ مولانا صاحب دہلی میں ہیں۔میں نے در
یافت کیا کہ اگر انکو کوئی شخص یہاں سے دہلی لینے کیلئے جائے اور پھر ان کو دلی سے لے کر آئے تو اس میں
کتنے گھنٹے صرف ہونگے۔مجمع نے جواب دیا کہ وہ صرف ۵ گھنٹے میں یہاں آسکتے ہیں۔میں نے اسی مجمع
ہی میں بہ اعلان مولوی الیاس صاحب کو چیلنج مناظرہ دیا۔ہم ان کا ۲۵ رگھنٹہ تک انتظار کرینگے اگر اتنی
مقدار میں یہاں نہیں آئے تو ان کی شکست فاش ہوگی۔لیکن ان کے فرستادہ مولویوں نے انھیں اس وقت
تک حاضر نہیں کیا۔ہم نے وہاں بجائے ۲۵ رگھنٹے کے ۳۰ رگھنٹے تک انتظار کیا اور اس کے بعد وہاں سے
روانہ ہوئے۔

یہ واقعہ محض اس لئے پیش کیا کہ وہ اہلسنت کے سخت مخالف تھے کہ ان سے بھی اہلسنت
دیکھا نہیں جاتا تھا۔ چنانچہ ہم اس کو انھیں کے کلام سے ثابت کردیں۔ ان کی سوانح میں ہے۔

مولانا کی فطرت میں دین کی حمیت وغیرت کوٹ کوٹ کر بھری تھی۔ ان کی اس دعوت
بڑی محرک طاقت اور ان کی اس سوز دردمندی اور بے قراری کی ایک بڑی وجہ جوان کو کسی کل
چین نہیں لینے دیتی تھی دین کا یہی بڑھتا ہوا تنزل وانحطاط روز افزوں غلبہ واقتدار تھا جس کو ان
اور بیدار فطرت اور ان کا غیور مزاج ایک لحہ کیلئے برداشت نہیں کرسکتا تھا۔ (سوانح ۲۳۱) (اسی
دین کے روز افزوں انحطاط ہندوستان میں اسلام کے زوال عقائد وارکان دین کے ضعف وا
مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی دنیت اور مادہ پرستی نے مولانا کی حساس اور غیور طبیعت پر ایسا اثر کیا ک
وہ اس درد میں بے چین رہے (سوانح ص ۲۹۲

ان عبارات سے ظاہر ہوگیا کہ الیاس صاحب کی بے چینی کا سبب اور ان کی دردمن
قراری کا باعث جو نا قابل برداشت تھا وہ اہل سنت کا فروغ اور روز افزوں غلبہ واقتدار تھا ا
عقائد کی اشاعت تھی جس کو وہ اپنی نزدیک لادینیت اور اسلام کے زوال سے تعبیر کرتا ہے۔
اعمال اس کو تو براہ فریب پیش کردیا ہے۔ چنانچہ اسی سوانح میں ذرا کھل کر لکھتے ہیں۔

کفر کی حد تک پہونچے ہوؤں تک علم پہنچانا اصل کی تکمیل اور ہمارا فریضہ ہے۔
(سوانح ص ۳۰۵)

لوگوں نے غلط فہمی سے سمجھ لیا ہے کہ ایمان تو موجود ہی ہے اس لئے ایمان کے بعد جن
درجہ ہے ان میں مشغول ہوگئے حالانکہ سرے سے ایمان پیدا کرنے ہی کی ضرورت باقی ہے۔
(سوانح ص ۲۷۵) مولانا دین کے تمام کاموں میں ایمان اور مذہب کے اصول وار
جدوجہد اور تبلیغ ودعوت کو مقدم رکھتے تھے۔ (سوانح ص ۲۹۴)

اس دعوت وتبلیغ کو جو مسلمانوں میں ایمان پیدا کرنے اور اصول دین کا رواج دینے
تحریک ایمان سے موسوم کرتے تھے۔ (سوانح ص ۲۸۵)

ان عبارات سے صاف طور پر ثابت ہوگیا کہ یہ الیاسی تبلیغ اصل اعمال کے لئے نہیں
تک پہونچے ہوؤں کو تبلیغ کرنا اپنا فریضہ بنادیا اور سرے سے ایمان پیدا کرنا ضروری ٹھہرایا
واصول مذہب کی تبلیغ کو مقدم قرار دیا اور مسلمانوں میں ایمان پیدا کرنے اور اصول دین کا رواج

تبلیغ کا نام تحریک ایمان رکھا۔ تو یہ الیاسی تبلیغ حقیقت میں اعمال کی تبلیغ نہیں ہے بلکہ اصول دین عقائد
ایمان کی تبلیغ ہے اور تذکیر الاخوان کی عبارت منقول ہوئی کہ میلاد وقیام کرنے والے عرس فاتحہ کرنے
والے سوم وچہلم کرنے والے محفل محرم گیارہویں کرنے والے ان کے نزدیک کافر ہیں۔ کفر تک پہونچے
ہوئے ہیں۔ تو یہ اہل سنت ہی تو ہیں۔ لہٰذا یہ الیاسی تبلیغ خاص اہل سنت کے لئے سرے سے ایمان پیدا کر
نے کے لئے ہے۔ رہا اعمال کا ڈھونگ اور تحریک صلوۃ کا نام وہ محض فریب ہے۔ چنانچہ خود ہی اس فریب
کا اظہار بھی الیاس ہی نے کردیا ہے سوانح ہے۔

ظہیر الحسن میرا مدعا کوئی پاتا نہیں لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ تحریک صلوۃ ہے میں قسم سے کہتا ہوں کہ یہ
ہرگز تحریک صلاۃ نہیں ایک روز بڑی حسرت سے فرمایا میاں ظہیر الحسن ایک نئی قوم پیدا کرنی ہے۔
(سوانح ص ۲۲۶)

الیاس صاحب کی اس عبارت سے آفتاب سے زیادہ روشن طور پر ثابت ہوگیا کہ الیاس صاحب
یہ تبلیغی وفود نماز کی تبلیغ کے لئے ہرگز نہیں۔ تبلیغ صلاۃ کا ڈھونگ ایک فریب ہے۔ لوگوں سے ربط وملاقات
کا ذریعہ ہے۔ بلکہ یہ ساری تبلیغی جماعت کی نقل وحرکت ایک نئی قوم پیدا کرنی یعنی وہابی بنانے کے لئے
ہے۔ لہٰذا ظاہر ہوگیا کہ اس الیاسی تبلیغ کی غرض تبلیغ وہابیہ ہے۔

علاوہ بریں جب الیاسی تبلیغ کا نام تحریک ایمان ہے اور اس میں اصول دین وعقائد ایمان کی تبلیغ
مقدم ہے اور یہی الیاسی جماعت کا اصل تبلیغی فریضہ ہے تو ان کے اصول دین وعقائد ایمان وہی تو ہیں جو
مذہب وہابیت دیوبندیت کے اصول عقائد دین وایمان ہیں تو اب صاف بات ہوگئی کہ الیاسی جماعت
اس صلوۃ وعقائد کی تبلیغ کرتی ہے جو مذہب وہابیت کے اصل عقائد ہیں تو الیاسی تبلیغ کی غرض وہابیت ہی تو
قرار پائی۔

اور اگر کسی کو پھر بھی یہ اشتباہ ہو کہ تبلیغی جماعت کی تبلیغ غرض تبلیغ وہابیت نہیں ہے اور ان کا کام کسی
کو وہابی دیوبندی بنانا نہیں ہے ان کے بانی الیاس صاحب کا مدعا تبلیغ دیوبندیت نہیں ہے انکا دیوبندیوں
سے تعلق نہیں ہے تو صاف سنئے اسی سوانح میں ہے۔

منشی نصر اللہ صاحب راوی ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے عرض کیا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ آپ (
یعنی الیاس صاحب) مجدد وقت ہیں فرمایا تم سے کون کہتا تھا میں نے کہا کہ لوگوں میں چرچا ہے فرمایا
نہیں میری جماعت مجدد ہے (حاشیہ میں ہے) یعنی اس دورے کے علماء صالحین کی وہ جماعت جس سے

مولانا کا تعلق تھا۔ (سوانح ص ۲۲۷)

اس عبارت میں الیاس صاحب نے صاف الفاظ میں اعلان کر دیا کہ تبلیغ دیو بندیت
مجدد فقط میں ہی نہیں ہوں بلکہ میری ساری جماعت ہے اور محشی نے تو صاف کر دیا کہ جماعت
اس دور کے وہ علماء ہیں جن سے الیاس صاحب کا تعلق تھا اور ہم یہ امر پیش کر چکے ہیں کہ ا
اکابر واصاغر علمائے دیو بند سے تھا اور کسی سنی عالم سے ان کا تعلق ہی نہیں ہوا تو اب ثابت ہو گیا
تبلیغ صرف وہابیت و دیو بندیت کے لئے ہے اور ایسی جماعت کے ساری جد وجہد لوگوں کو
کے لئے ہے۔

بعض ناواقف یہ شبہ پیش کیا کرتے ہیں کہ الیاس تبلیغ میں اہل سنت کا رد نہیں ہوتا
صاحب اہل سنت کی تردید کرتے تھے نہ انھوں نے اپنی اس تبلیغی جماعت کو رد اہل سنت کا حکم
اس کا جواب اور اس کی پوری حقیقت خود انھیں سے سنئے۔

سوانح میں ہے:

مولانا (الیاس) امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے بارے میں خاص اصول و ترتیب
قائل تھے لیکن جب کھلا ہوا منکر پیش آ جاتا تو قطعا کوئی مداہنت اور رواداری گوارہ نہ کرتے۔ فا
الحق لم یقم لغضبہ شئی پھر اس استقامت اور تورع کا اظہار فرماتے جو ان کے اسلاف کر
اور علماء راسخین کا شیوہ ہے۔ (سوانح ص ۲۵۹)

مولانا نے جس مبارک ماحول میں ابھی تک پرورش پائی تھی وہاں کی دینی غیرت و
سنت اور جذبہ حفاظت شریعت اس کی اجازت نہیں دیتا تھا کہ کسی منکر کو زندہ رہنے کی فرصت دی
(سوانح ص ۲۹۶)

(اسی سوانح کے صفحہ ۱۱ پر ہے) عقائد اور فرائض میں مداہنت کی جائے تو یہ کسی حال
نہیں ہے۔

ان عبارات سے ظاہر ہو گیا کہ الیاس صاحب اس سلسلہ تبلیغ میں یہ فریب اور پا
ہیں کہ اہل سنت کو ایک دم وہابیت کی تبلیغ نہ کرو بلکہ آہستہ آہستہ بہ تدریج دیو بندیت کی د
ہاں جب میلاد شریف قیام گیارہویں شریف عرس وغیرہ کرنے لگیں جو وہابیہ کے نزدیک
میں سے ہیں تو ان پر مداہنت اور رواداری ہرگز نہ کرو یعنی ان منکرات کا کھل کر رد وابطال کروا

کے جواز پر کوئی مناظرہ کرے تو اس سے اپنے مشائخ وعلماء دیو بند کے طریقہ پر مناظرہ ومباحثہ بھی کرو اور وہابیت کے نہ ماننے والے منکر پر کسی طرح کا تقیہ نہ کرو بلکہ غصہ اور تیش میں آ جاؤ اور مشائخ وہابیہ کی راہ استقامت پر عقائد ومسائل اہل سنت کا مقابلہ کر وان کے ابطال وبدعت وحرام ہونے کا اظہار کرو اور یہاں تک کہ منکر کو زندہ رہنے کی فرصت بھی مت دو۔

مسلمانو! دیکھو یہ بانی تبلیغی جماعت کتنے صاف الفاظ میں وہابیت ودیو بندیت کی تبلیغ کا حکم دے رہا ہے اور عقائد ومسائل وہابیت کے اظہار کرنے کا حکم دے رہا ہے اور وہابیت کے کسی عقیدہ ومسئلہ کے چھپانے کو مداہنت ورواداری کہہ کر کس قدر تنبیہ کر رہا ہے اور اہل سنت کے رد وابطال کا کتنا زبردست سبق دے رہا ہے۔ اہل سنت کو نہایت پالیسی اور انتہائی فریب سے وہابی بنانے کا طریقہ بتا رہا ہے

-

ہمارے برادران اہل سنت آنکھیں کھولیں اور اس تبلیغی جماعت کے کید وفریب کو دیکھیں کہ یہ جماعت ہمارے اہل سنت کو وہابی بنانے کی فکر میں گشت کر رہی ہے۔ یہ جماعت وہابیت کی تبلیغ کے لئے دور بکرتی پھر رہی ہے۔ یہ جماعت دیو بندیت کی دعوت دیتی ہوئی شہر بہ شہر چکر لگا رہی ہے۔ اس جماعت کے بنانے کی غرض ہی یہ ہے کہ دیو بندی قوم پیدا کی جائے۔ اس جماعت کی بنیاد ہی اس پر رکھی گئی ہے کہ دائرہ وہابیت کو وسیع کیا جائے۔ چنانچہ جہاں انھوں نے کامیابی حاصل کر لی ہے وہاں کے لوگ سخت وہابی پختہ دیو بندی ہو گئے ہیں۔ جو سنی حضرات ان کے ساتھ شامل ہو گئے ہیں وہ سنیت سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں اور کھل کر وہابیت کے ہوا خواہ بن گئے ہیں۔ جن مقامات پر انکا بکثرت گشت ہوتا ہے وہاں دیو بندیت کے جراثیم پھیل گئے ہیں۔

لہٰذا میرے سنی بھائیو! تم اس جماعت کے فریب میں نہ آؤ۔ ان کی تحریک صلوۃ وتبلیغ کلمہ شریف کی ظاہری دعوت کو نہ دیکھو۔ ان کی جماعت میں ہرگز شامل نہ ہو۔ ان کے فریب سے اپنے بھائیوں کو بچاؤ۔ اور ان کی ان کی کھل مخالفت کرو۔ اور ان سے اپنے دین حق کی محافظت کرو۔

الیاسی تبلیغی جماعت کے ساتھ مسلمان کیا کریں

جب یہ ثابت ہو چکا کہ یہ الیاسی جماعت کوئی نئی جماعت نہیں ہے بلکہ یہ وہی جماعت ہے جو وہابی دیو بندی کے نام سے مشہور ہے جن کے عقائد ومسائل سلف وخلف مسلمین سے بالکل علیحدہ ہیں جنھوں نے حضرات اولیاء وانبیائے کرام علیہم السلام کی شانوں میں گستاخیاں خیال کرنا اپنا مذہب ٹھہرا لیا

ہے جنھوں نے شان الوہیت میں توہین آمیز الفاظ لکھنا اپنا طرہ امتیاز بنالیا ہے ان کی صدہا عبا
جل جلالہ اور اسکے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین وتنقیص میں مطبوعہ موجود ہیں ا
عقائد مذہب اسلام کی مشہور کتب عقائد کے خلاف ہیں اور ان کے عقائد مسلمانوں کے عقائد سے
جدا اور الگ ہیں۔ لہذا اسی بنا پر ان کو تمام علماء ہند وعرب حرمین شریفین نے خارج از اسلام ہو
فتوے تحریر فرمائے جنھیں انکا مطالعہ مقصود ہو وہ حسام الحرمین اور الصوارم الهندیہ کو دیکھیں بلکہ ان
کے دیکھ لینے کے بعد آپ کا ایمان خود آپ کو یہ باور کرادیگا کہ اللہ ورسول جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ
کی ایسی توہین وگستاخیاں کرنے والا یقیناً گمراہ بیدین کافر ومرتد ہے اور جب یہ امر محقق ہو چکا
اقوال کفر وضلال ہیں۔ ان کے عقائد غلط وباطل ہیں۔ تو ان کی اس جماعت کے ساتھ تعلق اور
رکھنا ان کی تعظیم وتوقیر کرنا ان سے سلام وکلام کرنا ان سے نکاح اور شادی کرنا ان کے پیچھے نماز
کے علماء کو علمائے دین سمجھنا ان کے وعظ سننا ان کی جماعت میں شامل ہونا کس طرح روا اور درست
ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ قرآن وحدیث سے اقوال سلف وخلف سے ایسے گمراہوں اور بے دینوں کے
بارے میں جو احکام ہیں وہ آپ کے سامنے پیش کردوں۔

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

آیت: ومن یتولهم منکم فانه منهم۔ (سورۂ مائدہ) اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی
تو وہ انھیں میں سے ہیں۔

علامہ نسفی تفسیر مدارک التنزیل میں تحت آیہ کریمہ فرماتے ہیں:

وهذا تغليظ من الله وتشديد في وجوب مجانبة المخالففي الدين۔

(تفسیر مدارک مصری جلد اص ۲۲۳)

یہ حکم اللہ کی جانب سے دین کے مخالف سے علیحدگی کے واجب ہونے میں زبردست
حکم ہے۔

علامہ خازن تفسیر خازن میں تحت آیہ کریمہ فرماتے ہیں:

هذا تعليم من الله تعالىٰ وتشديد عظيم في مجانبة اليهود والنصارى وكل مخالف
الاسلام۔ (تفسیر خازن مصری جلد ۲ ص ۵۱)

یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہود ونصاری سے اور ہر اس شخص سے جو دین اسلام کا مخالف

کی بڑی شدید تعلیم ہے۔

(آیت دوم) اذا سمعتم ایت الله یکفر بها ویستهزأ بها فلا تقعدوا معهم حتى
ض و فی حدیث غیره انکم اذا مثلهم۔ (سورۃ النساء رکوع ۲۰)

اور جب اللہ کی آیتوں کو سنو کہ انکا انکار کیا جاتا ہے اور ان کی ہنسی بنائی جاتی ہے تو ان لوگوں کے
ھ نہ بیٹھو جب تک وہ اور بات میں مشغول نہ ہوں ورنہ تم بھی انھیں جیسے ہو۔

علامہ خازن تفسیر لباب التاویل میں تحت آیہ کریمہ فرماتے ہیں:

قال ابن عباس دخل في هذه الآية كل محدث في الدين وكل مبتدع الى يوم
مة انكم اذا مثلهم) يعني انكم يا ايها الجالسون مع المستهزئين بايت الله اذ ارضيتم
لك فانتم وهم بالكفر سواء قال العلماء وهذا يدل على ان من رضي بالكفر فهو كافر
رضي بمنكر او خالط اهله كان في الاثم بمنزلتهم اذارضي به وان لم يباشر۔

(خازن جلد اص ۵۰۹)

حضرت ابن عباس نے فرمایا: اس آیۃ کے حکم میں قیامت تک کا ہر گمراہ اور دین میں ہر نئی راہ
لنے والا داخل ہو گیا (انکم مثلهم) یعنی تم اے اللہ کی آیات کے ساتھ مذاق کرنے والے کے
تھ بیٹھنے والو! جب تم اس مذاق سے راضی ہو گئے تو تم اور وہ کفار کفر میں برابر ہو گئے۔

علماء نے فرمایا اس آیت نے اس بات پر دلالت کی کہ جو کفر سے راضی ہو تو وہ کافر ہو گیا اور بری
ت سے راضی ہوا یا اس کے بڑوں سے میل جول کیا تو گناہ میں اس جیسا ہوا جب اس سے راضی ہوا اگر
اس کو خود نہ کرے۔

حضرت حجۃ الاسلام امام ابوبکر رازی تفسیر احکام قرآن میں تحت آیہ کریمہ فرماتے ہیں:

عن الحسن ان ما اقتضته الآية من اباحة المجالسة اذا خاضوا في حديث غيره منسوخ
بقوله (فلا تقعد بعد الذكرى مع القوم الظالمين) وفي هذه الآية دلالة على وجوب انكار
المنكر على فاعله وان من انكاره اظهار الكراهة اذا لم يمكنه ازالته وترك مجالسة فاعله
والقيام عنه۔ (از احکام القرآن مصری جلد ۲ ص ۳۵۳)

حضرت حسن سے مروی ہے کہ آیت نے جو بیٹھنے کے مباح ہونے کا اقتضا کیا جب وہ اور بات
ں مشغول ہو جائیں تو اس کو آیۃ فلا تقعد بعد الذکری الایۃ نے منسوخ کردیا یعنی یاد آئے پر

ظالموں کے پاس نہ بیٹھو۔ تو اس آیت میں برائی کے کرنے والے پر وجوب انکار پر
منکر سے جب اس کو نہ روک سکے کہ کراہت کا ظاہر کرنا ہے اور اس کے کرنے وا
و برخاست کا چھوڑ دینا ہے اور وہاں سے اٹھ جانا ہے۔

(آیت سوم) واذا رایت الذین یخوضون فی ایتنا فاعرض عنهم ح
حدیث غیره واما ینسینك الشیطن فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظالمین

(سورہ الانعام رکوع ۸)

اور اے سننے والے جب تو انہیں دیکھے جو ہماری آیتوں میں پڑتے ہیں تو ان
جب تک وہ اور بات میں نہ پڑیں اور جو کہیں تجھے شیطان بھلا دے تو یاد آئے پر ظالمو

حضرت حجۃ الاسلام امام ابوبکر رازی تفسیر احکام القرآن میں تحت آیۃ کریمہ فرما

هذا يدل على ان علينا ترك مجالسة الملحدين وسائر الكفار عند ا
والشرك فلا تقعد بعد الذكرى مع القوم الظالمين) يعنى بعدما تذكر نهي
تقعد مع الظالمين وذلك عموم افي لانهى عن مجالسة سائر الظالمين
واهل الملة لوقوع الاسم عليهم جميعا ملخصا۔ (احکام القرآن مصری جلد ۳ ص

یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہم پر بیدینوں اور تمام کفار کے ساتھ
کا ارادہ ظاہر کریں نشست کا چھوڑ دینا ضروری ہے تو آیت فلاتقعد بعد الذکری الایۃ
ممانعت کے یاد آجانے کے بعد ظالموں کے پاس نہ بیٹھ اور آیت میں تمام ظالموں
ممانعت کا عموم ہے چاہے وہ شرک والے ہوں یا دین والے اس لئے کہ ظالم کا لفظ
ہوتا ہے۔

علامہ احمد جیون تفسیر احمدی میں تحت آیۃ کریمہ فرماتے ہیں

والظاهر من كلام الفقهاء ان الاية باقية وان القوم الظالمين يعم المبتدع وال
والقعود مع كلهم ممتنع۔ (از تفسیر احمدی مطبوعہ دہلی جلد ا

کلام فقہاء سے ظاہر ہے کہ اس آیت کا حکم باقی ہے اور قوم ظالم گمراہ اور فاسق او
لئے عام ہے اور تمام کے پاس بیٹھنا ممنوع ہے۔

ان آیات اور ان کی تفاسیر سے ثابت ہو گیا کہ مسلمانوں پر کفار سے اور ہر مخالف

ے جدا رہنا اور پرہیز کرنا واجب ہے اور انکے پاس بیٹھنا ان کی ان مجالس میں جانا جن میں وہ خلاف
ئد اسلام تقریر کرتے ہوں ان کے جلسوں میں سننے کیلئے شرکت کرنا ان کے ساتھ رہنا اور تعلقات رکھنا
وع و نا جائز ہیں اور یہ احکام صرف کفار کے ساتھ ہی خاص نہیں ہیں بلکہ ہر گمراہ و بیدین حتی کی فاسق
اجر کے لئے بھی ہیں یہ انکار تو آیات سے پیش کئے گئے۔ اب باقی رہیں احادیث تو ان کے پیش کرنے
ے پہلے ان دو باتوں کا سمجھنا ضروری ہے۔

امر اول آپ اسی کتاب میں اسی بانی تبلیغی جماعت کے پیر مولوی رشید احمد گنگوہی کا فتوے
ھ چکے ہیں کہ محمد ابن عبدالوہاب کے عقائد عمدہ تھے اور وہ اور ان کے مقتدی اچھے ہیں اور ظاہر ہے کہ
وہ عقائد اور اچھے لوگوں کا ہی اتباع اور پیروی کی جاتی ہے۔ لہذا ان الیاس صاحب کے پیر گنگوہی
احب اور ان کے سب ماننے والے محمد ابن عبدالوہاب کے ہم عقیدہ اور متبع قرار پائے اور اس کتاب
ں فقہ کی مشہور کتاب ردالمختار سے اکابر و اساتذہ صاف طور پر المہند میں لکھتے ہیں:

ہمارے نزدیک ان (محمد بن عبدالوہاب) کا حکم وہی ہے جو صاحب درمختار نے فرمایا ہے خوارج
ایک جماعت ہے شوکت والی جنھوں نے امام پر چڑھائی کی تھی الخ۔

(المہند مطبوعہ بلالی پریس ساڈھورہ ص ۱۴)

تو اب ردالمختار اور خود الیاس صاحب کے اکابر اور استاذوں کے حکم سے محمد ابن عبدالوہاب اور
ن کے متبعین کا خارجی ہونا ثابت ہو گیا۔ لہذا اب بانی تبلیغی جماعت مولوی الیاس صاحب اور ان کے
روں اور استاذوں اور تمام اکابر وہابیہ اور ان کے سب ماننے والوں کا محمد بن عبدالوہاب کے ہم عقیدہ
تبع ہونے کی بنا پر خارجی ہونا ثابت ہو گیا تو اب تبلیغی جماعت کا فرقہ خوارج ہونا خوب ظاہر ہو گیا۔

ر دوم: آپ نے اس تبلیغی جماعت کے اسی کتاب میں ۲۵ عقائد دیکھے جو اہلسنت کی کتب عقائد کے
لکل خلاف ہیں ہم نے اس کتاب میں ان کے صرف ۲۵ عقائد ہی بطور نمونہ کے پیش کئے ہیں ورنہ یہ
لسنت کے صدہا عقائد میں مخالف ہیں جن کی تفصیل ہمارے رسالہ کاشف سنیت ووہابیت میں ہے
بالجملہ یہ جماعت مخالف اہلسنت و جماعت ہے اور مخالف اہلسنت ہی کا نام اہل بدعت ہے۔

چنانچہ علامہ ابن حجر کے فتاوے حدیثیہ میں اس کی صاف تصریح موجود ہے:

المراد باصحاب البدع فيه من كان على خلاف ماعليه اهل السنة والجماعة۔

(فتاوے حدیثیہ مصری ص ۲۰۰)

حدیث میں صاحب بدعت سے مراد وہ لوگ ہیں جو اہلسنت وجماعت کے
ہوں۔

ردالمحتار میں ہے

اهل البدعة كل من قال قو لا خالف فيه اعتقاد اهل السنة والجماعة۔

(ردالمحتار جلد ۳ ص ۱۸۹)

اہل بدعت ہر وہ شخص ہے جو اہلسنت وجماعت کے مخالف کوئی بات کہے

اس عبارت سے صاف ظاہر ہوگیا کہ الیاسی جماعت مخالف مذہب اہل سنت ہو
بدعت ہوئی۔ لہٰذا اس الیاسی تبلیغی جماعت کا اہل بدعت وخوارج ہونا متحقق ہوگیا تو اب
بدعت کی احادیث دیکھئے۔

حدیث بخاری شریف کے باب قتال الخوارج والملحدین میں حضرت علی کرم اللہ
کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

سيخرج قوم في اخر الزمان حداث الاسنان سفهاء الاحلام يقولون
البرية لا يجاوز ايمانهم حنا جرهم يمرقون من الدين كما يمرق السهم من
لقيتمو هم فاقتلو هم فان في قتلهم اجرا لمن قتلهم يوم القيمة۔

(بخاری شریف مجتبائی جلد ۲ ص

حدیث ۲ بخاری شریف کے اس باب قتال الخوارج میں حضرت ابوسعید خدری ر
مروی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

بينا النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقسم جاء عبد الله ذو الخويص
فقال اعدل يا رسو ل الله قال ويلك ومن يعدل اذا لم اعدل قال عمر بن الخط
فاضرب عنقه قال دعوه فان له اصحابا يحقر احدكم صلاته مع صلاته وصيا
يمر قون من الدين كما يمرق السهم من الرمية۔ (بخاری شریف ۲۸

حدیث بخاری شریف کے اسی باب من ترک قتال الخوارج من حضرت یسیر بن ع
سے مروی انھوں نے حضرت سہل بن حنیف سے دریافت کیا:

هل سمعت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول في الخوارج شيئا

ل واهوى بيده قبل العراق يخرج منه قوم يقرون القرآن لا يجاوز تراقيهم يمر قون من
لام مروق السهم من الرمية (از بخاری شریف مجتبائی ۲۸ ص ۱۰۲۵)

حدیث ۵ بخاری شریف کے باب صفۃ ابلیس وجنودہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
مروی انھوں نے فرمایا:

رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يشير الى المشرق ها ان الفتنة ههنا ان
نة ههنا من حيث يطلع قرن الشيطان ۔ (بخاری شریف مجتبائی ۱۳ جلد ۱ ص ۴۶۳)

حدیث ۶ بخاری شریف کے باب ذکر قوم عاد میں حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی
حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ نے سرکار رسالت میں یمن سے کچھ سونا بھیجا تھا حضور نبی کریم صلی اللہ
لیٰ علیہ وسلم نے اس کو چار شخصوں اقرع بن حابس حنظلی، عیینہ بن بدر فزاری۔ بنی نبہان کے ایک شخص
د بن علاثہ عامری اور بنی کلب کے ایک شخص کے درمیان تقسیم فرمایا۔

فغضب قريش والانصار فقالوا يعطي صناديد اهل نجد ويدعنا قال انما اتألفهم
ل رجل غائر العينين مشرف الوجنتين نا تي الجبين كث اللحية محلوق فقال اتق الله يا
محمد فقال من يطيع الله اذا عصيت ايا منني الله على اهل الارض فلا تامنو نني فسأله
جل قتله احسبه خالد بن الوليد فمنعه فلما ولى قال ان من ضئضئ هذا او عقب هذا قو ما
رئون القران لا يجاوز حناجرهم يمرقون من الدين مروق السهم من الرمية يقتلون اهل
سلام ويدعون اهل الاو ثان لئن ادركتهم لا قتلنهم قتل عاد۔

(بخاری شریف ۱۳ جلد ۱ ص ۴۷۲)

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

پھلواری کے اشتہار کا رد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوال (۱۱۱۷)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس بارے میں کہ صوبہ بہار میں
پھلواری شریف ہے اس میں ایک امارت شرعیہ ہے جس کا داعی جریدہ نقیب ہے اس کے جلد
۱۱/۵ جمادی الثانی ۸۷ھ یوم چہار شنبہ کے پرچے کے پہلے صفحہ پر قیام میلاد شرف کے متعل
مضمون لکھا ہے۔

میلاد میں مسئلہ قیام پر لڑائی کر کے دین کی مخالفت میں مواد فراہم نہ کیجئے۔ حضرت ا
بہار واڑیسہ کا ایک اہم اور ضروری مکتوب جناب عبدالسبحان صاحب اور محمد حنیف صاحب نے
قیام جائز ہے یا نہیں؟۔ یہ مسئلہ حضرت امیر شریعت سے دریافت کیا تھا کہ ان دنوں بہار کے
میں غیر ضروری مذہبی بحثیں چل رہی ہیں اور عوام کو مشتعل کیا جارہا ہے۔ ضلع ہزاری باغ بھی ا
حصوں میں سے ہے حضرت امیر شریعت نے جو فاضلانہ جواب دیا ہے وہ بغرض استفادہ
ہے۔ (ادارہ)

مخلصی جناب عبدالسبحان صاحب ومحمد حنیف صاحب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا خط ملا اس وقت ہندوستان میں مسلمانوں کے اندر اس قسم کے فتنے بہت پ
ہیں جگہ جگہ پر جھگڑا اور لڑائی ہے بات بات پر فتنہ اور فساد ہے آپ لوگوں کو ایسے لڑانے والوں
مولوی کے بھیس میں ہوں یا کسی اور روپ میں پورا پرہیز کرنا چاہئے اور ان لوگوں کی ہمت افز
کرنا چاہئے کتنے افسوس کی بات ہے جو چیزیں صاف صاف قرآن وحدیث سے ثابت
چیزوں کو سرکار دو عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیشہ انجام دیا اور کبھی ترک نہیں
ان چیزوں پر کچھ پوچھ گچھ نہیں ہے ایسی واضح چیزوں کے نہ کرنے والوں سے کوئی نہیں کہتا
کیوں چھوڑے ہوئے ہو۔ اور نہ کبھی ایسی چیزوں پر جھگڑا ہوتا ہے اور جھگڑا قیام پر کیا جاتا
شریعت میں کوئی اصل نہیں ہے اس وقت مسلمانوں کے سامنے بڑے اہم سوال ہیں لیکن یہ لڑوا

ت مسلمانوں کو غیر ضروری اور بیکار چیزوں میں الجھا کر اہم اور ضروری ضروری چیزوں کو پس پشت
ے ہیں جو قوم کے تنزل اور پستی کی کھلی نشانی ہے۔ مشہور واقعہ ہے کہ بیت المقدس میں عیسائیوں
مت تھی لیکن اس وقت عیسائی قوم کی بے حسی کا یہ حال ہو چکا تھا کہ اسلامی فوجیں بیت المقدس کے
ے میں داخل ہو رہی تھیں اور عیسائیوں کے دینی پیشوا اس شہر کے اندر آپس میں اس مسئلہ پر بحث
اظرہ کر رہے تھے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پسینہ پاک تھا یا ناپاک۔ کم وبیش یہی حال
نوں کے ان پیشواؤں کا ہے جو قیام یا اس قسم کے دوسرے جوازی اور غیر اہم مسائل پر مناظرہ
ل کی مجلس گرم کرتے ہیں اور اس کے ذریعہ مسلمانوں میں اختلاف اور افتراق پیدا کرتے ہیں کاش
ت جو ایسے مسائل میں صرف کی جارہی ہے۔ مسلمانوں تک اللہ اور اس کے رسول کا پیغام پہو
ے میں خرچ کی جاتی۔ ابھی چند دن ہوئے احمد آباد سے خبر آئی کہ وہاں، ان پیشواؤں نے آپس
ڑے کئے اور اس قسم کے مسائل پر گرم گرم تقریریں کر کے مسلمانوں کو ایسا بڑھا کایا کہ آپس میں
ساد کا خطرہ غالب آگیا اور شہر کا امن وسکون مشتبہ ہو گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ احمد آباد کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
وں جماعتوں پر دفعہ ۱۴۴ نافذ کرنا پڑی غور کیجئے کہ احمد آباد کا یہ واقعہ مذہبی پیشواؤں کے لئے باعث
ہے یا نہیں آج اس دہریت والحاد کے دور میں نعرہ لگتا ہے کہ مذہب ہی لڑائی اور جھگڑے کی جڑ ہے
لوگ اپنی اس روش اور طریقہ کار سے اس نعرہ کی صحت کے لئے دلیل مہیا کرتے ہیں۔ آپ نے
شرعی حیثیت پوچھی ہے اس لئے عرض ہے کہ قیام کی کوئی اصل شریعت میں نہیں اور نہ اس کا ثبوت
ن وحدیث سے ہے نہ فقہ حنفی سے۔ اس لئے اس کو دین کا کام سمجھنا اور قرآن وحدیث یا فقہ حنفی سے
مجھنا صحیح نہیں۔ قیام کے متعلق بعض لوگوں کا خیال یہ بھی ہے کہ ذکر ولادت باسعادت کے وقت
ردو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لاتے ہیں یہ عقیدہ غیر صحیح اور بے اصل ہے۔ اگر کوئی شخص اس
ے سے کھڑا ہوتا ہے تو گنہگار ہوگا اور اگر محض رسم ورواج کی خاطر یا صرف اس لئے کہ مجلس میں
سے لوگ کھڑے ہو گئے ہیں کوئی کھڑا ہو جائے تو اس پر نہ ثواب ہے اور نہ گناہ۔ اور اگر کوئی شخص محبت
اللہ کے جوش میں بے اختیار ہو کر کھڑا ہو جاتا ہے باعث نجات اور ذریعہ صد اجر وثواب ہے لیکن
ایسا نہیں ہے کہ اس پر پیشوایان مذہب آستینیں چڑھائیں اور ان کو جنگ وجدول کا موضوع
ئے۔ بہر حال آپ حضرات ایسے لڑانے والوں سے پرہیز کریں۔

ایک واقعہ سنئے: حضرت امام ابوداؤد علیہ الرحمہ جو فن حدیث کے امام ہیں آپ کو پانچ لاکھ

حدیثیں زبانی یاد تھیں اس سے انتخاب کر کے آپ نے ایک مسند ترتیب دی جو ابو داؤد شریف
موسوم ہے اور صحاح ستہ میں داخل ہے امام موصوف نے فرمایا کہ حدیث کے ذخیرہ
سمجھدار شخص کے لئے کافی ہیں۔

(۱) انما الاعمال بالنیات :انسان کے عمل کا مدار اس کی نیت پر ہے۔

(۲) من حسن اسلام المرء ترك ما لا یا یعنیه :لایعنی چیزوں کو چھوڑ دینا اللہ
کی سب سے بڑی خوبصورتی ہے۔

(۳) لا یکون المو من مو منا حتی رضی لا خیه ما یر ضاه لنفسه
وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے اس چیز کو پسند نہیں رکھے
پسند کرتا ہے۔

(۴) الحلال بین والحرام بین وبین ذلك مشتبهات فمن تقی الشبهات
حلال اور حرام دونوں واضح ہیں اور جو کچھ اس کے درمیان ہے مشتبہات ہیں پس جو کچھ
اس نے اپنا دین پاک کرلیا حقیقت یہ ہے کہ بالخصوص اس فتنہ اور فساد کے زمانہ میں مسلما
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس ارشاد پر پوری طرح عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ جناب محمد ر
تعالیٰ علیہ وسلم حرام اور حلال کو کھول کھول کر بیان کر دیا اب دونوں کے درمیان جو مشتبہات
غور وفکر کرنا اور بال کی کھال نکال کر اس میں مناظرہ اور بحثوں کی مجلسیں گرم کرنا ہماری تبا
ذریعہ ہوگا اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو ہدایت دے اور توفیق عطا فرمائے کہ خدا اور اس
واضح اور کھلے ہوئے احکام پر عمل کر سکیں اور فتنہ اور فساد سے محفوظ رکھے آمین۔ والسلام

پھر اسی نقیب کے صفحہ ۲ پر ایک سرخی لکھی ''اللہ کی باتیں'' اس کے بعد چند آیات لکھی
جمہ لکھا اور پھر اپنی طرف سے اس کی تشریح لکھی اس میں یہ آیۃ بھی ہے:

انما حرم علیکم المیتة والدم ولحم الخنزیر وما اهل به لغیر الله۔

حرام کیا ہے تم پر مردار اور خون اور گوشت سور کا اور جس پر نام پکارا اللہ کے سوا کا۔

(تشریح میں لکھا) حکم ہوا کہ مردار کو کھانا جائز نہیں مردار میں قرآن کی دوسری آیت
رہنے والی مردہ مچھلیاں مستثنیٰ ہیں یعنی ان کو کھا سکتے ہیں اسی طرح خون میں تلی اور جگر کھا
خواہ مردہ ہو یا زندہ جائز نہیں مردہ سے مطلب یہ ہے کہ بے ذبح کئے مر گیا ہو اور زندہ سے

کھانے کی نیت سے ذبح کیا جائے چوتھی چیز جو حرام ہے وہ یہ لہا ب پر غیر خدا کا نام بلند کیا جائے کفار
ذبح کرتے وقت غیر خدا کا نام بلند کرتے تھے ایسے ذبیحہ کو قرآن نے منع کیا ہے :ور یہی مطلب ابن
کثیر وغیرہ نے اہلال کا بیان کیا ہے نواب صدیق حسن خاں مرحوم نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ سلف
خلف میں مفسرین نے اہلال سے غیر خداء ے نام کا ذبح کیا ہوا جانور مراد لیا ہے۔ وہ شان نزول کی بنا
ہے ورنہ اہلال کے لفظی معنی تو صرف پکارنے کی ہیں جیسا کہ ترجمہ سے ظاہر ہے کہ اس لئے جس جانور
نام کسی غیر اللہ کا لیا جائے یا نہ لیا جائے یا اللہ ہی کے نام حلال کیا جائے یہی رائے علماء دیو بندی کی
تفسیروں میں بھی ہے ناچیز کے خیال میں احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ اس آخری رائے پر عمل کیا جائے ور
مفہوم وہی ہے جو ابن کثیر وغیرہ نے لکھا ہے۔

تو اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ نقیب کے یہ ہر دو مضامین مسلک اہلسنت و جماعت کے
موافق یا مخالف اور خود اس پھلواری کی امارت شرعیہ کے لوگوں کا کیا مذہب ہے آیا ان کو فرقہ اہلسنت
جماعت میں شمار کیا جائے یا نہیں بینوا توجروا۔

المستفتی، مولوی مصلح الدین مدرس مدرسہ اسلامیہ جامع مسجد قصبہ بھول
ضلع شاہ آباد آرہ

الجواب

الحمدلله وکفیٰ والصلوة والسلام علی من اصطفیٰ وعلی آله وصحبه ومن اجتبی

ہر ادنی سمجھ والا انسان اس جریدہ نقیب کو پہلی نظر میں دیکھ کر یہ فیصلہ کر لیتا ہے کہ یہ پرچہ پھلواری شریف کی
امارت شرعیہ کے محض پروپیگنڈے کے لئے جاری ہے اور اس کا نصب العین فقط اپنے امیر شریعت کے
مذہب اعزاز اور علمی وقار کا اچھالنا ہے۔ ہمیں اس وقت ان کی اس نئی تعمیر اور ان کے امر کی عملی حیثیت پر
گفتگو کرنا مقصود نہیں ہے نہ تمام جریدہ کے مضامین پر تنقید کرنی ہے بلکہ صرف مسائل کے نقل کردہ مضامین
پر کچھ بحث کرنی ہے۔

جواب کے شروع کرنے سے پہلے اس امر کا ظاہر کرنا ضروری ہے کہ ہمارے عوام اس مارت
شرعیہ اور امیر شریعت کے الفاظ سے کہیں اس فریب میں مبتلا نہ ہو جائیں کہ ان کے لفظ شریعت سے مراد
وہ شریعت اسلامیہ ہے جس کی تعلیم کے لئے قرآن کریم نازل ہوا جس کی تبلیغ کے لئے حضور نبی کریم صلی
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مبعوث ہوئے جس کی معرفت کے لئے احادیث کو جمع کیا گیا جس کی تفصیل کے لئے

اصول عقائد میں کتابیں تصنیف ہوئیں اور فروع کے کام میں فقہ کے متون وشروح اور
ہوئے جس کے ضبط کے لئے علوم دینیہ کی صدہا کتابیں مرتب ہوئیں۔

بلکہ پھلواری کی شریعت تو قرآن کریم سے بے نیاز ہے حدیث شریف سے بے تعل
عقائد کی محتاج نہیں، کتب فقہ کی پابند نہیں، کتب علوم دینیہ سے اس کو واسطہ نہیں، بلکہ وہ
قرآن کریم کا مقابلہ کرتی ہے مثلاً توہین رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم والے کو قرآن ک
دیتا ہے۔

حضرت امام محی السنۃ بغوی تفسیر معالم التنزیل میں سبب نزول اس طرح تحریر فرماتے

قال ابن عباس كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم جالسا في
فقال انه سياتيكم انسان فينظر اليكم بعيني الشيطان فاذا جاء فلا تكلموه فلم يلب
رجل ازرق فدعاه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال علام تش
واصحابك وفانطلق الرجل وجاء باصحابه فحلفوا بالله ما قالو فانزل الله عزو
الآية۔ (تفسیر معالم التنزیل مصری ص۱۰۰)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حجرہ
تشریف فرما تھے حضور نے فرمایا بیشک عنقریب ایک شخص تمہارے پاس آئیگا تو وہ تمہیں شیطا
سے دیکھے گا تم اس سے بات نہ کرنا کچھ دیر نہ ہوئی کہ ایک کرنجی آنکھوں والا شخص نکلا رسو
تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے بلاکر فرمایا تو اور تیرے ساتھی کس بات پر مجھ کو گالیاں دیتے ہیں و
ساتھیوں کو بلالایا سب نے آکر اللہ کی قسمیں کھائیں کہ کوئی گستاخی کا کلمہ نہ کہا:
تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔

يحلفون بالله ما قالوا ولقد قالوا كلمة الكفر و كفروا بعد اسلامهم۔

(سورہ توبہ ۱۰-۱۰)

وہ اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ انھوں نے نہ کہا اور بیشک ضرور انھوں نے کفر کی
مسلمان ہوکر کافر ہوگئے۔

اس قرآن کریم کی اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمادیا کہ نبی کی شان میں گالی دی
آمیز کلمہ بے ادبی وگستاخی کا کہنا ایسا کفر ہے کہ اس کا کہنے والا اگرچہ اپنے مسلمان اور کلمہ گو

کافر ہوجاتا ہے تو قرآن کریم تو توہین رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کرنے والے کو کافر کہے۔

اور وہ علمائے دیوبند جن کی شان رسالت میں صدہا گستاخیاں اور توہینیں چھپی کتابوں میں مو
دہیں چنانچہ بطور نمونے کے یہاں چند نقل کرتے ہیں۔

(۱) پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہوتو دریافت طلب یہ
امر ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہیں یا کل غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور کی کیا
تخصیص ہے ایسا علم غیب تو زید وعمرو بلکہ ہر صبی ومجنون بلکہ جمیع حیوانات وبہائم کے لئے بھی حاصل ہے۔
(حفظ الایمان ص ۷، ۶ مصنفہ مولی اشرفعلی تھانوی)

(۲) شیطان وملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی فخر عالم کی وسعت علمی کی کونسی نص
قطعی ہے جس سے تمام نصوص کو رد کرکے ایک شرک ثابت کرتا ہے۔
(از براہین قاطعہ ص ۵۱ مصنفہ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی ومصدقہ گنگوہی صاحب)

(۳) انبیاء اپنی امت سے اگر ممتاز ہوتے ہیں تو علوم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں باقی رہا عمل اس
میں بسا اوقات بظاہر امتی مساوی ہوجاتے ہیں بلکہ بڑھ جاتے ہیں۔
(از تحذیر الناس ص ۵ مصنفہ مولوی قاسم دیوبندی)

دیکھو پہلی عبارت میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم شریف کو بچوں اور دیوانوں جانوروں چو
پاؤں کے علم کی برابر قرار دیا تو کیا یہ شان رسالت میں صریح گستاخی اور توہین نہیں ہے اسی طرح دوسری
عبارت میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ وسیع علم شیطان وملک الموت کا تسلیم کرلیا
تو کیا یہ شان رسالت میں کھلی ہوئی گستاخی وبے ادبی اور صریح توہین نہیں ہے۔ تیسری عبارت میں اعمال
میں امتیوں کو انبیاء سے زائد بڑھادیا تو کیا یہ شان انبیاء میں سخت گستاخی وتوہین نہیں ہے۔

تو ان عبارات کتب علماء دیوبند سے ثابت ہوگیا کہ علماء دیوبند شان رسالت میں سخت گستاخی
کرنے والے صریح توہین آمیز کلمات بکنے والے گالی دینے والے ہیں تو یہ علماء دیوبند بحکم قرآن کریم تو
کافر ہوگئے اور ان کا اسلام کا دعوی اور کلمہ گوئی ان کو کفر سے نہ بچاسکی۔

لیکن پھلواری کی امارت شرعیہ اور امیر شریعت ان علماء دیوبند کو باوجود ان کی شان رسالت میں تو
ہین آمیز اور گستاخانہ صدہا چھپی ہوئی عبارت کے مسلمان لکھتے ہیں بلکہ ان کو علماء دین اسلام سمجھتے ہیں بلکہ
ان کو اہل اسلام کا پیشوا قرار دیتے ہیں بلکہ ان کو دین میں معتمد ومستند بنا کر خود ان کا اتباع وپیروی کرتے

ہیں چنانچہ اسی نقیب میں یہ سب کچھ مذکور ہے جس کا ذکر آگے آئیگا۔

تو انھوں نے حکم قرآنی کے مقابلہ میں شان رسالت کے توہین کرنے والوں کو نہ فقط مسلمان قرار دیا بلکہ مسلمانوں کا پیشوا ٹھہرادیا تو یہ اس امارت شرعیہ کا قرآن کریم سے مقابلہ ہے۔

نیز قرآن کریم فرماتا ہے ﴿ تعزروہ وتوقروہ ﴾

یعنی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر کرو) اور کون نہیں جانتا ہے کہ قیام بھی ایک نوع تعظیم وتوقیر مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ہے اور پھلواری کا یہ امیر اس کے مقابلہ میں کہتا ہے کہ جو نقیب کے اسی مسئلہ قیام کی بحث میں ہے قیام کی کوئی اصل شریعت میں نہیں اور نہ اس کا حکم قرآن وحدیث سے ہے تو دیکھو یہ اس امیر پھلواری کا قرآن سے کیسا کھلا مقابلہ ہے۔

اسی طرح قرآن پاک میں وما ذبح علی النصب کی تفسیر میں علامہ بغوی معالم میں اس آیہ کریمہ کے تحت میں فرماتے ہیں۔

معناه ما ذبح علی اسم النصب قال ابن زید وماذبح علی النصب وما اهل بغیر الله به هما واحد۔ (معالم مصری جلد۲ص ۷)

آیت کے یہ معنی ہیں کہ وہ جانور حرام ہے جو بتوں کے نام پر ذبح کیا گیا۔ ابن زید نے کہا کہ ما ذبح علی النصب اور ما اهل به لغیر الله دونوں ایک ہیں۔

تو اس تفسیر سے ثابت ہوگیا کہ ما اهل به لغیر الله کی تفسیر خود قرآن کریم نے یہ کی ما ذبح علی النصب یعنی حرام وہ جانور ہے جو بتوں کے نام پر ذبح کیا جائے تو قرآن کریم تو ان ہر دو آیت میں یہ فرمائے جو جانور بتاں کے نام پر ذبح کیا جائے وہ حرام ہے، اور پھلواری کی شریعت اس کے مقابلہ میں کس دلیری سے لکھے کہ جس جانور پر کسی غیر اللہ کا نام پکارا گیا وہ جانور اس کی طرف منسوب ہوا اسے نذر ونیاز کے لئے رکھا گیا تو وہ حرام ہو چکا خواہ وقت ذبح کے اس پر نام غیر اللہ کا لیا جائے یا نہ لیا جائے یا اللہ ہی کے نام پر حلال کیا جائے بلکہ قرآن کریم یہ فرمایا جاتا ہے:

فکلو مما ذکر اسم الله علیه ان کنتم بآیاته مومنین۔

یعنی تم کھاؤ اس میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا اگر تم اس کی آیتیں مانتے ہو تو قرآن کریم تو یہ فرماتا ہے کہ جو جانور اللہ کے نام پر حلال کیا جائے اس کو کھاؤ کہ وہ حلال ہے اور پھلواری کی شریعت اس کے مقابلہ میں یہ کہتی ہے جو غیر اللہ کی نذر و نیاز کا ہو اگرچہ بوقت ذبح اس پر غیر اللہ کا نام نہ لیا جائے بلکہ

اللہ ہی کے نام پر حلال کیا جائے اس کو مت کھاؤ کہ وہ حرام ہے بالجملہ ان آیات سے یہ ثابت ہوگیا کہ قرآن کریم جس شریعت کے لئے نازل ہوا وہ اسلامی شریعت ہے اور پھلواری کی شریعت اس کے مقابل اور مخالف ہے۔

اسی طرح حدیث جس شریعت کے لئے ہے وہ وہی شریعت ہے کہ قرآن کریم جس کے لئے نازل ہوا۔

چنانچہ بخاری ومسلم کی حدیث میں وارد کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو طلب فرمایا جب وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے قریب پہونچنے والے تھے تو حضور نے انصار کو حکم دیا قوموا الی سیدکم یعنی تم اپنے سردار کے لئے قیام کرو تو مستحق تعظیم کے لئے قیام کا کیا جانا حدیث شریف سے ثابت ہے۔

ابوداؤد شریف کی حدیث میں ہے کہ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے ذکر میں ہے۔ کان اذا دخل علیها قامت الیه فاخذت بیده فقبلته۔ (از مشکوۃ شریف ص۴۲۰)

یعنی جب حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم حضرت فاطمہ کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ حضور کے لئے قیام فرماتیں اور آپ کی دست بوسی کرتیں) اس حدیث شریف سے ثابت ہوگیا کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ نے حضور کے لئے قیام تعظیمی کیا بلکہ حضرات صحابہ کرام نے بھی کیا

چنانچہ بیہقی میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یجلس معنا فی المسجد یحدثنا فاذا قام قمنا قیاما حتی نراه قد دخل بعض بیوت ازواجه (مشکوۃ ص۴۰۳)

حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مسجد میں ہمارے ساتھ جلوس فرماتے اور گفتگو کرتے اور جب حضور کھڑے ہوتے تو ہم بھی کھڑے ہو جاتے اور ہم یہاں تک کھڑے رہتے کہ وہ اپنی ازواج کے کسی گھر میں داخل ہو جاتے۔

اس حدیث سے ثابت ہوگیا کہ صحابہ کرام حضور کے لئے قیام تعظیمی کیا کرتے تھے لیکن پھلواری کی شریعت اس کے مقابل یہ حکم دیتی ہے کہ قیام کی کوئی اصل شریعت میں نہیں نہ اس کا ثبوت قرآن وحدیث سے ہے۔

اسی طرح بخاری ومسلم کی حدیث شریف میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا:

ما انهر الدم وذكر اسم الله فكل۔ (ازمشکوۃ شریف ص ۳۵۷)

جو چیز خون کو بہادے اور اللہ کا نام ذکر کر دیا جائے تو کھاؤ) تو حدیث شریف میں تو...
جانور پر بوقت ذبح اللہ کا نام ذکر کر دیا جائے تو اس کو کھاؤ کہ وہ حلال ہے۔

اور پھلواری کی شریعت کا حکم اوپر مذکور ہوا کہ جب غیر اللہ کی نذر و نیاز کے لئے ہو...
وقت ذبح اللہ ہی کا نام لیا جائے تو وہ حرام ہے تو پھلواری کی شریعت کے احکام احادیث کے...
ہیں تو پھلواری کی شریعت بالکل اسلامی شریعت کے خلاف ہے اور پھلواری کے امیر شریعت...
حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے احکام کے بالمقابل صادر ہوتے ہیں۔

اسی طرح کتب عقائد اسلامیہ سے شرح فقہ اکبر میں یہ حدیث مذکور ہے:

من فسر القرآن برائه فقد كفر۔ (شرح فقہ اکبر مصری ص ۵۴)

یعنی جس نے اپنی رائے سے قرآن کی تفسیر کی وہ کافر ہو گیا تو عقائد کی کتاب...
شریف تو اپنی رائے سے قرآن کی تفسیر کرنے والے کو کافر قرار دے اور پھلواری کی شریعت...
اپنی رائے سے تفسیر کو صحیح اور حق ٹھہرائے اور ایسی تفسیر کرنے والے کو نہ فقط مسلمان بلکہ اہل...
قرار دے چنانچہ اسی نقب میں ہے جس کی عبارت سوال میں درج ہے اور اس کا رد آگے آتا...
سلف اور خلف مفسرین کے خلاف نواب صدیق حسن خاں جیسے گمراہ امام غیر مقلدین اور علا...
ذاتی تفسیر بالرائے کو صحیح و حق قرار دیا اور ان الفاظ میں اس کی تائید کرے کہ اس آخر رائے پر عمل...
تو پھلواری کی شریعت تو تفسیر بالرائے پر عمل کرنے کا حکم صادر کرے اور اس کو ایمان اور حق قرا...
کتب عقائد و حدیث تفسیر بالرائے کو کفر قرار دے اور نا قابل عمل ٹھہرائے تو پھلواری کی شر...
شریعت کے خلاف ہے جس کی تائید کتب عقائد کرتی ہیں۔

اسی طرح کتب فقہ کی عبارات ملاحظہ ہوں تنویر الابصار و درمختار میں ہے۔

فان فصل صورة ومعنى كالدعاء قبل الاضطجاع والدعاء قبل ال...
بعدالذبح لا باس به لعدم القران اصلا۔ (ردالمحتار مصری ص ۱۵۷)

اور اگر غیر خدا کا نام خدا کے نام سے صورۃ و معنی جدا کیا جیسے ذبیحہ کے گرانے اور تسمیہ...
دعا کرنا یا بعد ذبح دعا کرنا تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں کہ اس میں غیر خدا کا اصلا اتصال نہیں۔

جوہرہ نیرہ شرح قدوری میں ہے:

ولا ينبغي ان يذكر مع اسم الله تعالىٰ شيئا غيره مثل ان يقول بسم الله محمد
رسول الله والكلام فيه على ثلثة اوجه احدها ان يذكره موصولا به لا معطوفا مثل ان
يقول ما ذكرناه فهذا يكره ولا تحرم الذبيحة والثاني ان ذكره معطوفا مثل ان يقول بسم
الله ومحمد رسول الله بكسر الدال فتحرم الذبيحة لانه اهل بها بغير الله والثالث ان يقول
مفصولا عنه صورة ومعنى بان يقول قبل التسميه او بعدها وقبل ان يضطجع الذبيحة فانه
لا باس به۔ (جوہرہ جلد ۲ ص ۲۴۶)

اور اللہ تعالی کے نام کے ساتھ کسی غیر خدا کا بوقت ذبح ذکر کرنا مناسب نہیں جیسے یہ کہنا بسم اللہ محمد
رسول اللہ اور اس میں مسئلہ کی تین صورتیں ہیں۔ پہلی صورت یہ ہے کہ غیر خدا کا نام اللہ کے نام سے ملا کر
بغیر عطف کے ذکر کرنا جیسے بسم اللہ محمد رسول اللہ کہنا تو یہ مکروہ ہے اور ذبیحہ حرام نہ ہوگا دوسری صورت یہ
ہے کہ غیر خدا کا نام اللہ کے نام سے ملا کر بعطف ذکر کرنا جیسے بسم اللہ و محمد رسول اللہ محمد کی دال کو زیر کے
ساتھ کہنا تو ذبیحہ حرام ہو جائیگا اور یہی اھل بہ لغیر اللہ ہوا۔ اور تیسری صورت یہ ہے کہ غیر خدا کا نام اللہ
کے نام سے صورۃ و معنی جدا ہو کہ وہ غیر خدا کا نام بسم اللہ سے پہلے یا بعد یا جانور کے لٹانے سے پہلے کہے تو
اس میں کوئی حرج نہیں۔

درمختار میں ہے:

ولو ذبح للضيف لا يحرم لانه سنة الخليل واكرام الضيف اكرام الله۔
(ازردالمحتار جلد ۵ ص ۲۰۳)

اگر مہمان کے لئے ذبح کیا گیا تو ذبیحہ حرام نہیں ہوگا کہ یہ حضرت خلیل اللہ کی سنت ہے اور مہمان
کا اکرام اللہ تعالی کا اکرام ہے۔

فتاوی عالمگیری میں ہے:

مسلم ذبح شاة المجوسي لنارهم او لكافر لالهتهم توكل لانه سمى الله تعالىٰ۔
(ازفتاوی عالمگیری قیومی جلد ۴ ص ۲۴۷)

مجوسی نے اپنی نار کے لیے یا کافر نے اپنے بتوں کے لئے بکری ذبح کرائی مسلمان نے اس کو
اللہ تعالی کے نام پر ذبح کیا تو وہ کھائی جائے یعنی حلال ہے۔

ان عبارات فقہ سے ثابت ہو گیا کہ جو جانور اللہ کا نام لیکر ذبح کیا جائے تو وہ حلال ہے چاہے

اس پر غیر اللہ کا نام بسم اللہ کہنے سے پہلے یا ذبح کرنے کے بعد لیا جائے اور وہ غیر اللہ بت وغیرہ کی طرف منسوب ہو اور ان کی نذر و نیاز کے لئے ہو تو اس کا غیر اللہ کی طرف منسوب ہونا یا ان کی نذر و نیاز کے لئے ہونا یا اس کا مہمان کے لئے ہونا اس ذبیحہ کو حرام نہ کر سکا بلکہ وہ اللہ ہی کے نام پر ذبح ہونے کی بنا پر حلال ثابت ہوا تو یہ احکام شریعت اسلامیہ کی کتب فقہ ہیں۔ لیکن پھلواری کی شریعت نے ان کے خلاف یہ حکم دیا کہ اگر چہ بوقت ذبح اس پر غیر اللہ کا نام نہیں لیا گیا بلکہ اس کو اللہ ہی کے نام پر حلال کیا گیا مگر چونکہ یہ پہلے غیر اللہ کی طرف منسوب تھا اور ان کی نذر و نیاز کے لئے تھا تو وہ جانور حرام ہو گیا اور اسی پر عمل کیا جائے

مسلمانو! دیکھو کہ کتب فقہ نے جس ذبیحہ کو حلال قرار دیا اس کو پھلواری کی شریعت نے اسکو حرام ٹھہرا دیا اور اس کی حرمت پر عمل کرنے کا حکم صادر کیا تو ثابت ہو گیا کہ پھلواری کی شریعت کے احکام کتب شریعت اسلامیہ کے بالکل خلاف ہیں۔

اسی طرح علوم دینیہ کی تصریح دیکھئے علوم دینیہ میں سب سے اعلیٰ واشرف علم تفسیر ہے تو ہم علم تفسیر کی کثیر عبارات پیش کر سکتے ہیں لیکن بخوف طوالت صرف دو عبارات پیش کی جاتی ہیں۔

تفسیر احمدی میں ہے۔

وما اهل به لغير الله معناه ذبح به لاسم غير الله مثل لا ت وعزى واسماء الانبياء وغير ذلك فان افرد باسم غير الله او ذكر مع اسم الله عطفا بان يقول باسم غير الله او ذكر مع اسم الله عطفا بان يقول باسم الله ومحمد رسول الله بالجر حرم الذبيحة وان ذكر معه موصولا لا معطوفا بان يقول باسم الله محمد رسول الله كره ولا يحرم وان ذكر مفصولا ان يقول قبل التسمية وقبل ان يضجع الذبيحة او بعده لا باس به هكذا فى الهداية ومن ههنا علم ان البقرة المنذورة للاولياء كما هو الرسم فى زماننا حلال طيب لانه لم يذكر اسم غير الله عليها وقت الذبح وان كانوا بنذورنها۔

(از تفسیر احمدی مطبوعہ دہلی جلد ۱ ص ۳۴)

ما اهل به لغير الله کا معنی جو غیر خدا کے نام پر ذبح کیا گیا جیسے لات وعزی اور انبیا وغیرہ کے نام پر تو اگر تنہا غیر خدا کے نام پر یا اللہ کے نام کے ساتھ بعطف غیر خدا کا نام بھی مذکور ہوا اور یوں کہا باسم الله ومحمد رسول الله تو ذبیحہ حرام ہو گیا اور اگر اللہ کے نام کے ساتھ غیر خدا کا نام ملا کر بغیر عطف کے ذکر کیا اسی طرح کہا باسم الله محمد رسول الله تو ذبیحہ مکروہ تو ہو گیا اور حرام نہیں ہوا اور

اگر غیر خدا کا نام اللہ کے نام سے جدا ذکر کیا کہ بسم اللہ سے پہلے اور جانور کو لٹانے سے پہلے یا بعد میں کہا تو کچھ مضائقہ نہیں اسی طرح ہدایہ میں ہے اور یہیں سے اس گائے کو جو اولیاء کے لئے نذر مانی جاتی ہے جیسا کہ اس کی ہمارے زمانہ میں رسم ہے یہ حکم معلوم ہوا کہ وہ حلال طیب ہے اس لئے کہ بوقت ذبح اس پر غیر خدا کا نام نہیں لیا گیا اگر چہ انھوں نے اسے ان کی نذر مانا۔

تفسیر صاوی علی الجلالین میں ہے

اما ان قصد ان الذبح لله وثوابه للولى فلا باس بذلك (از صاوی مصری جلد ۱ ص ۲۳۱)

لیکن اگر یہ قصد کیا کہ ذبح تو اللہ کے لئے ہے اور اس کا ثواب ولی کے لئے ہے تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں۔

ان عبارات سے ثابت ہوا کہ جس جانور پر بوقت ذبح تو اللہ ہی کا نام لیا گیا اور وہ جانور اولیاء کی نذر و نیاز کے لئے اور ان کے ثواب کے لئے ذبح ہوا ہو تو وہ ذبیحہ حلال طیب ہے تو یہ علوم دینیہ کے افضل ترین علم تفسیر کا حکم ہے اس کے مقابل میں پھلواری کی شریعت کا حکم آپ دیکھ چکے کہ (اگر چہ اس جانور پر بوقت ذبح غیر خدا کا نام نہیں لیا گیا ہو بلکہ اس کو اللہ کا نام لیکر حلال کیا ہو لیکن وہ غیر اللہ کی نذر و نیاز اور ان کی طرف منسوب ہونے کی بنا پر حرام ہو گیا)۔ تو جس کو شریعت اسلامیہ کی تفاسیر نے حلال طیب قرار دیا اسی کو پھلواری کی شریعت نے حرام ٹھہرا دیا۔ تو پھلواری کی شریعت اسلامی شریعت کے خلاف ہوئی۔

الحاصل پھلوری کی شریعت کے احکام قرآن کریم کے خلاف حدیث شریف کے خلاف کتب عقائد اسلام کے خاف کتب فقہ کے خلاف کتب علوم دینیہ کے خلاف تو آفتاب سے زیادہ روشن طور پر ثابت ہو گیا کہ پھلواری کی شریعت اسلامیہ شریعت سے جدا اور علیحدہ چیز ہے تو پھلواری کی امارت شرعیہ کو نہایت صاف الفاظ میں یہ اعلان کر دینا چاہئے کہ ہماری امارت شرعیہ نہ قرآن وحدیث کے تابع نہ کتب عقائد فقہ کی پیرو ہمارا امیر شریعت نہ حضرت شارع علیہ السلام کا پابند نہ سلف وخلف صالحین کا متبع تاکہ عامۃ المسلمین کو لفظ شریعت سے مغالطہ اور اشتباہ نہ ہو۔

اس وقت پھلواری کی امارت شرعیہ کا یہ ایک پرچہ میرے سامنے ہے اگر میرے مطالعہ میں اس نقیب کے کل پرچے آجائیں تو اس منگھڑت شریعت کی پوری حقیقت منظر عام پر پیش کر دی جائے اور ان کی امارت کی تعمیر کو خاک میں ملا دیا جائے اور ان کی وہابیت کا گھونگھٹ کھول کر ان کی اصلی صورت دکھا دی جائے۔

اب میں پہلے نقیب کے ''صفحہ ا'' کے مسئلہ قیام پر مختصر تنقید کرتا ہوں۔ اس کی سرخی یہ

میلاد میں مسئلہ قیام پر لڑائی کر کے دین کی مخالفت میں مواد فراہم نہ کیجئے

امیر کی پہلی عداوت تو یہ ہے کہ ادھر تو پھلواری شریف لکھا کہ چوں کہ اس کی کسی بزرگ
نسبت ہے اس لئے اس کے ساتھ لفظ شریف ضروری سمجھا ادھر میلاد شریف کو فقط میلاد لکھا حیرت
کیا اس کی نسبت تمام بزرگوں کے بزرگ علماء کے سرکار انبیاء کرام کے سردار حبیب کبریا حضرت
محمد مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی طرف نہیں ہے۔ تو جس طرح پھلواری کے ساتھ لفظ شریف کا
تھا اسی طرح میلاد کے ساتھ بھی لفظ شریف کا اضافہ کیا جاتا مگر چونکہ امیر کے دل میں پھلواری
ہے اس لئے اس کو تو پھلواری شریف لکھا اور اس کے قلب میں میلاد مصطفی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
عظمت نہیں اس لئے اس کو بجائے میلاد شریف کے صرف میلاد چھاپا ثانیا قیام میلاد شریف کا
جس کی اصل قرآن وحدیث سے ثابت جسے تفصیلی طور پر دیکھنا ہو تو ہمارے رسالہ عطر الکلام
المولد والقیام کا مطالعہ کرے ہم نے اوپر ایک آیت اور تین حدیثیں پیش کیں جن سے قیام کی اصل
وحدیث سے ثابت ہوگئی اور آگے سیرت حلبی نثر الدرر۔ اور۔ المولد الکبیر وغیرہ سے یہ ثابت کیا جا
قیام سات صدی سے امت کا معمول بہ ہے۔ اس کے جواز کا نہ کسی نے انکار کیا نہ کوئی مخالفت
آئی آج سات صدی کے بعد پھلواری کی نئی شریعت کے بہادر امیر شریعت میدان میں لڑائی
کو در ہے ہیں اور تقریبا اخبار کے تین کالم انھوں نے اپنے نصیب کی طرح سیاہ کر ڈالے۔ تو
اور اجماع کے مقابلہ میں قرآن وحدیث کی مخالفت میں لڑنے والا ایک یہی پھلواری کا امیر شریعت
ظاہر ہے کہ سات صدی کے علماء ومشائخ جس قیام پر متفق رہے تو ما راہ المسلمون حسنا فہو
حسن، کے اعتبار سے اس قیام کا کرنا دین بھی قرار پایا تو اب دین کی مخالفت کرنے والا بھی یہی
کا امیر شریعت ہوا۔

بالجملہ یہ ثابت ہو گیا کہ اہلسنت کے پاس تو جواز قیام کے صدیوں کے معمول کے
لڑنے والا اور دین کی مخالفت کرنے والا یہی امیر شریعت پھلواری قرار پایا پھر بحمد اللہ اہل سنت
جواز قیام میں کثیر دلائل جمع ہیں ان کو کسی نئے مواد کے فراہم کرنے کی حاجت نہیں مواد فراہم
حاجت تو اس نام کے امیر کو ہے جو دلائل کے اعتبار سے فقیر ہے اور قیام کے عدم جواز کے دعوے
بھر دلیل نہیں رکھتا پھر اسی سرخی کے بعد یہ سرخی لکھی۔

حضرت امیر شریعت بہار واڑیسہ کا اہم اور ضروری مکتوب

مدیر کو پروپگنڈہ تو صرف اتنے جملہ کا کرنا ہے۔ حضرت امیر شریعت بہار واڑیسہ ورنہ مکتوب کے
اہم وضروری ہونے کی ساری حقیقت ابھی سامنے آئی جاتی ہے اگر اس امیر کو اپنی امارت کی کچھ عظمت اور
اپنی علمی قابلیت کا کچھ وقار قائم کرنا تھا تو اس مکتوب میں قیام کے عدم جواز پر دلائل شرع سے کوئی دلیل
قائم کی ہوتی۔ آیات قرآن واحادیث نبوی پیش کی ہوتیں تاکہ اس مکتوب کی اہمیت ظاہر ہو جاتی پھر جب
اس نام کے امیر نے اہم تو کیا غیر اہم دلیل بھی پیش نہیں کی تو پھر یہ مکتوب اہم اور ضروری کس اعتبار سے
قرار پایا مدیر محض الفاظ سے اس مکتوب کو اہم اور ضروری کہہ کر لوگوں کی آنکھوں میں خاک جھونک رہا
ہے۔ پھر مدیر اپنی طرف سے دین میں یہ رائے زنی کرتا ہے۔

جناب عبد السبحان صاحب اور محمد حنیف صاحب نے میلاد میں قیام جائز ہے یا نہیں یہ مسئلہ
حضرت امیر شریعت سے دریافت کیا تھا ان دنوں بہار کے بعض حصوں میں غیر ضروری بحثیں چل رہی
ہیں اور عوام کو مشتعل کیا جا رہا ہے ضلع ہزاری باغ بھی انھیں بدقسمت حصوں میں سے ہے حضرت امیر
شریعت نے جو فاضلانہ جواب دیا ہے تو وہ بغرض استفادہ عام ہدیہ ناظرین ہے (ادارہ)

جواب ان سائلوں نے بقول مدیر کے قیام میلاد شریف کا مسئلہ امیر شریعت پھلواری سے در
یافت کیا تھا مدیر نے یہ سطور لکھ کر کیوں اس قدر کاغذ کو سیاہ کیا نہ اس کی مفتی ہونے کی حیثیت نہ اس کو سوال
پر کوئی رائے زنی کرنے کا حق حاصل ہے لیکن چونکہ میلاد شریف نام آ گیا تھا یہ سن کر اس کی قلبی عداوت
رنگ لے آئی اور اتنے الفاظ میں چند جہالت آمیز باتیں لکھ کر اپنی بے علمی کا ثبوت پیش کر گیا:

پہلی جہالت یہ ہے کہ وہ کسی چیز کے جائز وناجائز ہونے کے سوال کو غیر ضروری قرار دیتا ہے
باوجودیکہ جائز کو ناجائز جاننا اور ناجائز کو جائز جاننا ضروریات دین سے ہے تو ضروریات دین کو غیر
ضروری کہنا جہالت نہیں ہے تو اور کیا ہے۔

دوسری جہالت یہ ہے کہ عوام کو ضروریات دین کا سکھانا اسلام کی اصل تبلیغ ہے مدیر کا اس کو ان
الفاظ (عوام کو مشتعل کیا جا رہا) کے ساتھ تعبیر کرنا جہالت نہیں ہے تو اور کیا ہے۔

تیسری جہالت یہ ہے کہ جس مقام پر اصول اسلام کی تبلیغ ہوتی ہو عقائد مذہبی کی بحث کر کے قول
حق کا احقاق کیا جاتا ہو اس مدیر کا اس مقام کو بدقسمت قرار دینا جہالت نہیں ہے تو پھر اور کیا ہے غالبا مدیر
کے عقیدہ میں تو ایسا خوش قسمت مقام بس پھلواری ہوگا جہاں اصول اسلام کی کوئی تبلیغ نہ کی جاتی ہو اور

عقائد حقہ کی جہاں تحقیق نہ ہوتی ہو۔

چوتھی جہالت یہ ہے کہ مدیر نے اپنے امیر کے جواب کو فاضلانہ قرار دیا باوجودیکہ اس

نہایت عامیانہ ہے۔

پانچویں جہالت یہ ہے کہ جس مکتوب میں نہ کوئی دلیل ہے نہ اس میں کسی کتاب سے حوالہ ہے نہ مسئلہ کی کوئی علمی تحقیق ہے نہ مخالف کے دلائل کا کوئی جواب ہے تو عام ناظرین کو اس سے استفادہ حاصل کرنے کی دعوت دینا مدیر کی جہالت نہیں ہے تو اور کیا ہے پھر اس امیر شریعت نے اپنے مکتوب کو ان الفاظ سے شروع کیا۔

مخلصی جناب عبدالسبحان صاحب و محمد حنیف صاحب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ملا اس وقت ہندوستان میں مسلمانوں کے اندر اس قسم کے فتنے بہت پیدا ہو رہے ہیں جگہ جگہ لڑائی ہے بات بات پر فتنہ وفساد ہے

مجیب نے اگر کوئی تاریخ کی کتاب کے اوراق دیکھے ہوتے تو یہ بات نہ لکھتا اور اس فقرہ کرتا لیکن جب وہ امیر کہلاتا ہے تو اتنی لاعلمی تو نہ ہوگی بلکہ اس نے کتب تاریخ کا ضرور مطالعہ کیا ہر قرن وصدی میں مسلمانوں کے اندر گمراہ فرقے پیدا ہوتے رہے ہیں اور پھر اس فرقہ بندی انھیں جگہ جگہ لڑائی اور جھگڑے اور بات بات پر فساد اور فتنے رونما ہوتے رہے ہیں پھر مجیب کا کے مسلمانان ہندوستان کے اندر ایسے اختلاف اور فرقہ بندی کو ایک نئی اور انوکھی بات ثابت کر مغالطہ اور فریب سے مرعوب کر کے ان کے حق و باطل کے امتیاز کے جذبہ کو مٹا دیتا ہے لہذا اس دور میں مسلمانان ہند کے اندر مجیب یہ ملحدانہ مضمون لکھ کر خود فتنہ وفساد اور لڑائی جھگڑے کی رہا ہے اور براہ دجل وفریب دوسروں کو فسادی وفتنہ گر بتانے کی ناپاک سعی کر رہا ہے اور اپنے آپ فتنہ پرواز اور اور مصلح ثابت کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

نیز مجیب کی اس حدیث شریف پر بھی نظر نہیں ہے کہ خود بانی اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں:

تفترق امتی علی ثلث و سبعین ملة كلهم فی النار الاملة واحدة ـ

میری امت تہتر فرقے ہو جائیگی ایک فرقہ کے سوا سب دوزخی ہیں۔

ظاہر ہے کہ جب حدیث شریف میں اس امت کے تہتر فرقے ہو جانے کی خبر موجود

تہتر فرقے ہونگے تو ان میں ضرور اختلاف ہوگا اور جب اختلاف ہوگا تو بات بات پر فساد اور فتنے ہونگے جگہ جگہ لڑائی جھگڑے ہونگے لہذا امت میں تہتر فرقوں کو ہونا اور پھر ان میں فتنہ وفساد اور لڑائی جھگڑے کا ہونا ایسا یقین ہے جس کی خبر مخبر صادق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دی ہے تو ان فرقوں کی پیداوار اور پھر ان کے پیدا ہونے والے فتنہ وفسادات کو کون روک سکتا ہے اگر امارت پھلواری میں کچھ دم خم ہے تو وہی ان فرقوں کی پیداوار اور ان کے فتنہ وفسادات کو روکے لیکن جب وہ خود صراط مستقیم وطریقہ مسلمین سے منحرف ہے اور گمراہ فرقہ دیوبندیہ کی پیرو ہو چکی تو پھر فتنہ وفسادات کے ہونے اور لڑائی جھگڑے کے پیدا ہونے کا رونا کیوں رویا جا رہا ہے پھر اس کے بعد مجیب لکھتا ہے۔

آپ لوگ ایسے لڑانے والوں سے خواہ وہ مولوی کے بھیس میں ہوں یا کسی اور روپ میں پورا پرہیز کرنا چاہئے اور ان لوگوں کی ہمت افزائی ہرگز نہ کرنی چاہئے۔

مجیب نے لڑنے والوں سے جس قدر فرق باطلہ روافض، وہابیہ، غیر مقلدین، اہل قرآن مودودی وغیرہا ہیں یا تو ان میں سے کوئی گمراہ فرقہ مراد لیا ہے۔

تو اس کی یہ بات صحیح ہے کہ گمراہ فرقہ سے پرہیز کیا جائے اور اسکی ہمت افزائی ہرگز نہ کی جائے کہ شریعت طاہرہ نے گمراہوں سے اسی طرح ترک تعلق کا حکم دیا ہے لیکن خود امارت شرعیہ کا عمل اس کے خلاف کیوں ہے کہ وہ ان لڑانے والے فرقہ باطلہ کا اتباع اور پیروی اور ان کی ہمت افزائی کر رہی ہے چنانچہ اسی جریدہ نقیب کے صفحہ ۲ پر فرقۂ باطلہ غیر مقلدین کے امام نواب صدیق حسن خاں اور فرقۂ باطلہ وہابیہ دیوبندیہ کے علماء کی سلف خلف اہل حق کے اقوال کے مقابلہ میں پیروی اور تائید کر رہے ہیں اور ان گمراہوں کے اماموں کے اقوال کو قابل عمل قرار دے رہی ہے تو جب اس امارت پھلواری نے ان گمراہ فرقوں کی ہمت افزائی کی اور ان سے اجتناب و پرہیز نہیں کیا بلکہ کھل کر ان کے باطل اقوال کی تائید کی اور ان پر عمل کرنے کی ترغیب دی تو یہ امارت پھلواری خود ان گمراہ فرقوں لڑانے والوں میں داخل ہوگئی تو بحکم مجیب اس پھلواری کے لوگوں سے پورا پرہیز کرنا چاہئے اور ان کی ہمت افزائی ہرگز ہرگز نہ کرنی چاہئے اگرچہ اس کے بعض ارکان مولوی کے بھیس میں ہوں یا پیر کے روپ میں ہوں یا مدیر کی صفت میں ہوں یا امیر کے لباس میں ہوں۔ لہذا مجیب کا حکم اس بنا پر امارت پھلواری کے لوگوں کے لئے صحیح ہے۔ ہم بھی اس کی تصدیق کرتے ہیں۔

اور اگر مجیب نے لڑانے والوں سے صرف فرقہ اہلسنت وجماعت مراد لیا ہے تو ہم مجیب سے در

یافت کرتے ہیں کہ آپ اس فرقہ اہلسنت وجماعت میں داخل ہیں یا نہیں اگر داخل نہیں مخالف فرقہ حقہ اہل سنت ہوکر خود ہی اہل حق سے لڑانے والے قرار پائے اور گمراہ و بیدین ثابت آپ سے پورا پرہیز کرنا چاہئے اور اگر آپ فرقہ اہل سنت میں داخل ہیں تو بقول آپ کے آپ والے قرار پائے اور بحکم آپ کے آپ سے پورا پرہیز کرنا چاہئے اور آپ کی ہمت افزائی چاہئے۔

اور حقیقت الامر یہ ہے کہ مجیب لڑانے والوں سے فرقۂ اہلسنت وجماعت مراد لے کھل کر مسلک اہلسنت قیام میلاد شریف کا رد کر رہا ہے اس کو بے اصل اور خلاف قرآن وحد دے رہا ہے اور جریدہ نقیب کے صفحہ ۲ کی عبارت سے ظاہر ہے کہ امام غیر مقلدین نواب صدیق اور علماء دیوبند کے باطل اقوال کی تائید و جماعت اور ان کی رائے پر عمل کرنے کی ترغیب دینا پھلواری کے مخالف اہلسنت وجماعت ہونے اور موافق وہابیہ دیوبندیہ ہونے کی بین دلیل ہے

بالجملہ اہلسنت وجماعت کا مسئلہ قیام ہو یا ذبح للاولیاء۔ بلکہ اس کے علاوہ کوئی عقید مسئلہ یہ فرقہ نہ قرآن وحدیث سے لڑنے والا۔ نہ اجماع وقیاس سے لڑنے والا۔ نہ اقوال سلف لڑنے والا۔ نہ طریق مسلمین سے لڑنے والا۔ بلکہ یہ فرقہ ان سب کا ماننے والا ہے۔ اور پھلواری نے یہ ظاہر کر دیا کہ یہ امارت پھلواری قرآن وحدیث سے لڑنے والی اجماع وقیاس سے لڑنے سلف وخلف سے لڑنے والی طریق مسلمین سے لڑنے والی تو مسلمانوں کو لڑانے والی یہی امارت ہے۔ اب اس کے افراد مولوی کی شکل میں ہوں یا پیر کے بھیس میں ہوں اور یا مدیر کے لباس امیر کے روپ میں ہوں لہذا مسلمانو اس گمراہ کن امارت پھلواری کو پہچانو ان کے فریب ودجل ان سے اجتناب و پرہیز کرو ان سے قطع تعلق کرو۔ پھر مجیب کہتا ہے۔

افسوس کی بات ہے کہ جو چیزیں صاف صاف قرآن وحدیث سے ثابت ہیں اور جن سرکار دو عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیشہ انجام دیا اور کبھی ترک نہ فرمایا آج ا پر کچھ پوچھ گچھ نہیں مجیب نے غالبا اس میں اپنی امارت شرعیہ کا حال بیان کیا ہے کہ وہاں ایسے سو اسکتے نہیں پہونچتے جن میں ایسی چیزوں کو دریافت کیا جائے جو قرآن وحدیث سے صاف ثابت ہوں یا جن کو شارع علیہ السلام نے ہمیشہ انجام دیا ہو اور کبھی ترک نہ فرمایا ہو ورنہ ہمارے کے ہر دار الافتاء میں رات دن ایسی چیزوں کے سوالات آتے رہتے ہیں۔ چنانچہ صدہا ایسے

جوابات مدرسہ اجمل العلوم کے دار الافتاء سے دیئے جا چکے تو پھلواری میں ایسے سوالات نہ پہونچنے کی یہ وجہ ہوسکتی ہے کہ پہلے لوگوں نے ایسے سوالات وہاں بھیجے ہونگے جب وہاں سے جواب نہیں دیئے گئے تو عام طور پر یہ بات مشہور ہوگئی ہو کہ پھلوری میں ایسا کوئی قرآن وحدیث کا جاننے والا نہیں ہے جو ایسے سوالات کے جوابات لکھ سکے تو اس میں قصور خود پھلواری کی امارت شرعیہ کا ہے کہ وہ اس میں ایسے مفتی کیوں مقرر نہیں کرتی۔ علاوہ بریں اس امارت شرعیہ کی دلیل اور قوت استدلال ملاحظہ ہو کہ پھلواری میں ایسے سوالات نہ آنا کیا اس امر کی دلیل ہے کہ کسی دار الافتاء میں ایسے سوالات نہیں آتے پھر اس سے بھی قطع نظر کیجئے تو بہت ممکن ہے کہ سائل ایسے سوالات اس بنا پر نہیں کرتے کہ آج بکثرت قرآن وحدیث کے تراجم وتفاسیر وشروح موجود ہیں تو ایسے سوالات ان میں دیکھ کر حل ہو جاتے ہیں لہذا ایسے سوالات میں مفتیوں کی طرف اس وجہ سے رجوع نہیں کیا جاتا ہے۔ اب باقی رہے ایسی چیزوں کے سوالات جو قرآن وحدیث سے صاف صاف ثابت نہ ہوں یا جن کو بانی اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیشہ انجام نہ دیا ہو اور کبھی ترک بھی کر دیا ہو یا جن کو حضور نے بالکل ہی نہ کیا ہو تو مجیب کے نزدیک آیا ایسے سوالات کرنے کا شرعا سائلوں کو کوئی حق حاصل نہیں یا مفتیوں کو ایسے سوالات کے جواب دینے کی اجازت نہیں یا ایسے سوالات شرعا وعقلا از قسم محالات ہیں مجیب جس شق کو اختیار کرلے اس پر شرعی طور پر کوئی دلیل قائم کرے کاش اگر یہ مجیب کو کچھ علم ہوتا تو ایسی بے اٹکل اور بہکی ہوئی باتیں نہ لکھتا۔ پھر اس کے بعد مجیب لکھتا ہے۔

ایسی واضح چیزوں کے نہ کرنے والوں سے کوئی نہیں کہتا کہ تم انھیں کیوں چھوڑ آئے ہو اور نہ کبھی ایسی چیزوں پر جھگڑا ہوتا ہے۔

مجیب نے اس عبارت میں بھی اپنا اور پھلواری کا حال ذکر کیا ہے کہ پھلواری میں قرآن وحدیث کی ثابت شدہ چیزوں کے نہ کرنے والوں سے یہ امیر شریعت کچھ نہ کہتا ہوگا اور ان کے چھوڑ دینے پر یہ امیر کوئی تنبیہ یا مطالبہ نہ کرتا ہوگا اور پھلواری میں ایسی تبلیغ وتخویف اور تنبیہ ومطالبہ کے نہ ہونے کی وجہ ظاہر ہے کہ پھلواری کی امارت شرعیہ اور خاص کر امیر جب قرآن وحدیث کی صاف صاف ثابت شدہ تعظیم نبی ورسول کے نہ کرنے والوں غیر مقلدوں۔ دیوبندیوں کو نہ کچھ کہتی ہے نہ ان پر شرعی حکم کفر صادر کرتی ہے نہ ان پر ترک تعلقات کا فتوی لکھتی ہے نہ ان سے اجتناب و پرہیز کرنے کا حکم دیتی ہے نہ ان سے عظمت شان رسالت کو چھوڑ دینے پر کوئی مطالبہ کرتی ہے نہ ان کی توہین رسالت پر کسی بحث ومناظرہ

اور جھگڑا کرنا روا رکھتی ہے بلکہ یہ امارت پھلواری ایسے مخالفان قرآن وحدیث کو اپنا رہبر و پیشوا
کے باطل اقوال پر دوسروں کو عمل کرنے کے حکم دیتی ہے تو یہ امارت پھلواری اور کسی قرآن
ثابت شدہ چیزوں کے نہ کرنے والوں سے کیا کہہ سکتی ہے اور کس منہ سے یہ مطالبہ بیان کر
انہیں کیوں چھوڑے ہوئے ہو۔ لہٰذا مجیب اپنی اور اپنی امارت پھلواری کی اسی بے حسی پر
کرے وہ کم ہے پھر حیرت ہے کہ اس نے اور علمائے حقانی کو بھی اپنے اوپر قیاس کرنا شروع کر
علماء اہل سنت ہندوستان بھر میں احکام شرع پر عمل نہ کرنے والوں پر تنبیہ کیا کرتے ہیں ا
مطالبے کرتے ہیں ان پر فتوے صادر کرتے ہیں ان سے اجتناب پرہیز کرنے کا حکم دیتے
بعد مجیب اپنے ناپاک عقیدہ کا اس طرح اظہار کرتا ہے اور جھگڑا قیام پر کیا جاتا ہے جس کی
کوئی اصل نہیں۔ مجیب نہ تو شریعت کو ہی جانتا ہے نہ شریعت میں کسی چیز کے اصل ہونے نہ ہو
ہے اگر اس کو یہ علم ہوتا تو ایسا غلط اور خلاف واقعہ دعوی نہ کرتا۔ ہم پہلے اس کو شریعت میں کسی
ہونے نہ ہونے کی معرفت کرادیں مجیب کے ہم مسلک جو قیام میلاد شریف کے سخت منکر ہیں
بند کے امام ہیں یعنی مولوی رشید احمد گنگوہی جو مجیب کے بھی پیشوا ہوں گے کہ یہ مجیب تو ہر د
کو پیشوا کہتا ہے تو جو علماء دیو بند کے پیشوا ہیں وہ اس کے پیشوا کس طرح نہ ہونگے انہیں گنگو
کے فتاوے رشدیہ میں یہ فتاوی مطبوعہ موجود ہیں۔

سوال پچیسواں: صوفیہ کرام یہاں جو اکثر اشغال اور اذکار مثل رگ کیماس کا پکڑنا
حلقہ بر قبور نہیں بلکہ ویسے ہی اور حبس دم وغیرہ جو قرون ثلثہ سے ثابت نہیں بدعت ہے یا نہیں۔

الجواب: اشتغال صوفیہ بطور معالجہ کے ہیں سب کی اصل نصوص سے ثابت ہے جیسا
ثابت ہے مگر شربت بنفشہ حدیث صریح سے ثابت نہیں ایسا ہی سب اذکار کی اصل ہیئت ثابت
توپ و بندوق کہ اصل ثابت ہے اگرچہ اس وقت میں نہ تھی سو وہ بدعت نہیں الخ۔

سوال تیسواں: کسی مصیبت کے وقت بخاری شریف کا ختم کرانا قرون ثلثہ سے ثابت
اور بدعت ہے یا نہیں؟۔

الجواب: قرون ثلثہ میں بخاری تالیف نہیں ہوئی تھی مگر اس کا ختم درست ہے کہ ذکر
دعا قبول ہوتی ہے اس کی اصل شرع سے ثابت ہے بدعت نہیں فقط۔

سوال اکتیسواں۔ بعض صوفی قبور اولیاء پر چشم بند بیٹھتے ہیں اور سورۃ الم نشرح پڑھتے

ہیں کہ ہمارا سینہ کھلتا ہے اور ہم کو بزرگوں سے فیض ہوتا ہے اس بات کی کچھ اصل بھی ہے یا نہیں۔

الجواب: اس کی بھی اصل ہے اس میں کوئی حرج نہیں اگر بہ نیت خیر ہے فقط واللہ تعالی اعلم۔

(از فتاوے رشیدیہ حصہ اول ص۱۰۱/۱۱۱)

ان جوابات سے ظاہر ہو گیا کہ حبس دم، ذکر ارہ، اشغال صوفیہ، اذکار صوفیہ، رگ کیماس کا پکڑنا،
آنکھیں بند کر کے قبور اولیاء پر بیٹھنا۔ شربت بنفشہ سے علاج کرنا۔ بندوق کا استعمال کرنا، توپ سے کام
لینا، دفع مصیبت کے لئے بخاری شریف کا ختم کرانا یہ دس امور وہ ہیں جن کی ہیئت کذائی نہ قرآن سے
ثابت نہ حدیث سے ثابت نہ قرون ثلثہ میں اس کا وجود تھا لیکن گنگوہی صاحب نے ان کی اصلوں کو شرع
سے ثابت مانا اور وہ بتادیا کہ اگرچہ امور قرون ثلثہ سے ثابت نہیں اور ان کی خاص ہیئت کذائی شرع میں
نہیں ہے مگر چونکہ ان کی اصل کا شریعت میں ادنی مناسبت سے وجود پایا جاتا ہے تو ان کو یہ نہیں کہا جاسکتا
کہ شریعت میں ان کی کوئی اصل نہیں۔

ہم یہ کہتے ہیں کہ قیام تعظیمی تو وہ ہے کہ جس کی نہ فقط اصل بلکہ ہیئت کذائی بھی شرع سے ثابت
ہے قرآن کریم میں ہے وتعزروہ وتوقروہ یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی تعظیم کرو اور توقیر کرو
تو قیام تعظیمی بھی طرق تعظیم میں سے ایک بہتر طریقہ ہے تو قیام تعظیمی کی اصل آیت قرآنی سے ثابت ہو
گئی اسی طرح بخاری و مسلم کی حدیث شروع میں منقول ہوئی کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے
حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے لئے انصار کو قیام تعظیمی کا ان الفاظ میں حکم دیا قوموا الی سیدکم۔

(از مشکوۃ ص۴۰۳)

یعنی تم اپنے سردار کے لئے قیام کرو اور ابوداؤد شریف کی حدیث میں ہے کہ حضرت فاطمہ زہرا
رضی اللہ عنہا نے خود نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے لئے قیام تعظیمی کیا۔

الفاظ حدیث یہ ہیں کان اذا دخل علیہا قامت الیہ۔ (از مشکوۃ ص۴۰۲)

یعنی جب حضور نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم حضرت فاطمہ کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ
حضور کے لئے قیام کرتیں بلکہ ذکر خیر کے لئے قیام کرنا فعل خلفاء راشدین سے ثابت ہے جیسا کہ حضرت
امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ایک ذکر خیر سننے کے لئے
قیام کیا۔

چنانچہ حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔

قلت تو فی اللہ تعالیٰ نبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبل ان نسئلہ عن نجات الامر قال ابو بکر قد سئلتہ عن ذلك فقمت الیہ ۔ (ازمشکوۃ شریف ص۱۶)

حضرتِ عثمان نے کہا کہ میں نے حضرت ابوبکر سے عرض کی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی تعالیٰ علیہ وسلم کو وفات دی اور ہم اس امر کی نجات آپ سے دریافت نہ کرسکے حضرت صدیق میں نے حضور سے دریافت کرلیا ہے۔ حضرت عثمان نے کہا کہ تو میں اس کے سننے کے لئے کھڑا ہو

الحاصل ان احادیث سے قیام تعظیمی کی اصل ثابت ہوگئی تو جب قرآن وحدیث دونو اس قیام کی اصل ثابت ہوگئی مجیب کی نہ فقط بے علمی بلکہ اس کی جرأت وبے ایمانی دیکھو کہ وہ آنکھ کرکے کیسا غلط حکم لگا رہا ہے کہ قیام کی شریعت میں کوئی اصل نہیں پھر اگر مجیب کے قلب میں قبول صلاحیت اور قرآن وحدیث کی عظمت ہے تو اپنے حکم کی غلطی کو تسلیم کرکے اور صاف طور پر یہ اعتر لے کہ اس قیام کی قرآن وحدیث میں اصل موجود ہے۔

علاوہ بریں کون نہیں جانتا ہے کہ شریعت کے چار اصول ہیں جن میں سے دو اصول وحدیث اور تیسرا اجماع امت ہے تو اجماع سے جو چیز ثابت ہوگئی وہ شریعت ہی سے ثابت ہو اس قیام کی نہ فقط اصل بلکہ اس کی ہیئت کذائی بھی اجماع سے ثابت کرتے ہیں۔

علامہ علی بن برہان الدین حلبی سیرت حلبی میں فرماتے ہیں۔

جرت عادۃ کثیرہ من الناس اذا سمعوا بذکر وضعہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقوموا تعظیما لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وھذا القیام بدعۃ حسنۃ) وقد وجد القیا ذکر اسمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من عالم الامۃ ومقتدی الائمۃ دینا وورعا تقی الدین السبکی وتابعہ علی ذالك مشایخ الاسلام فی عصرہ ویکفی مثل ذالك لاقتداء ملخصا۔ (سیرت حلبی مصری جلد۱ص۱۰۰)

بہت سے لوگوں کی عادت جاری ہوئی کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر ولادت تو وہ حضور کی تعظیم کے لئے قیام کرتے ہیں اور یہ قیام بدعت حسنہ ہے اور بیشک حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پاک کے ذکر کے وقت قیام کرنا امام تقی الدین سبکی سے پایا گیا ہے جو اس امت اور دین تقوے میں اماموں کے امام ہیں اور ان کے معاصرین ائمہ ومشائخ اسلام نے اس قیام متابعت کی اور اس قدر بات پیروی کرنے کے لئے کافی ہے۔

علامہ سید احمد دحلان سیرت نبوی میں فرماتے ہیں

جرت العادۃ ان الناس اذا سمعوا ذکر وضعہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقومون تعظیما لہ صلی اللہ علیہ وسلم وھذا القیام مستحسن لما فیہ من تعظیم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقد فعل ذالك کثیر من علماء الامۃ الذین یقتدی بھم،

(سیرت نبوی مصری جلد۱ص۴۴)

یہ عادت جاری ہوئی کہ جب لوگ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کا ذکر سنتے ہیں تو حضور کی تعظیم کے لئے قیام کرتے ہیں اور یہ قیام مستحسن ہے اس لئے کہ اس میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ہے اور اس قیام کو بکثرت ان علماء امت نے کیا جن کی پیروی کی جاتی ہے۔

علامہ ابن حجر نے المولد الکبیر میں فرمایا

فیقال نظیر ذالك فی القیام عند ذکر ولادتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وایضا قال اجتمعت الائمۃ من اھل السنۃ والجماعۃ علی استحسان القیام المذکور قد قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یجتمع امتی علی الضلالۃ ۔ (از الدرالمنظم ص۱۴۳)

کہا گیا کہ اس کی نظیر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کے وقت قیام کرنا ہے نیز قیام مذکور کے استحسان پر امت محمدیہ اہلسنت وجماعت نے اجماع کرلیا ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت گمراہی پر جمع نہ ہوگی۔

ان عبارات سے ثابت ہوگیا کہ قیام میلاد شریف کے استحباب پر امت نے اجماع کرلیا ہے تو وہ قیام صدیوں سے مسلمانوں کا معمول بہ قرار پایا اور اس کا اجماع سے ثابت ہونا شریعت سے ثابت ہونا ہے تو اس قیام کی شریعت سے نہ فقط اصل بلکہ ہیئت کذائی بھی ثابت ہوگئی پھر جب اس قیام کے استحباب پر اجماع ہوچکا اور اب کئی صدی کے گذر جانے کے بعد اس کی مخالفت کرنا اور اس کے مقابلہ میں کوئی نیا قول کہنا جائز نہیں۔

نورالانوار میں ہے:

ثم اجماع من بعد ھم ای بعد الصحابۃ من اھل کل عصر علی حکم لم یظھر فیہ خلاف من سبقھم من الصحابۃ فھو بمنزلۃ الخبر المشھور یفید الطمانیۃ (وفیہ ایضا) ولا تجوز لمن بعدھم احداث قول آخر۔

پھر صحابہ کے بعد ہر عصر کے لوگوں کا کسی ایسی بات پر اجماع کر لینا جس پر سلف وصحا
خلاف قول ظاہر نہ ہو تو ایسا اجماع بمنزلہ خبر مشہور کے ہے جس سے طمانیت کا فائدہ حاصل ہوتا ہے ا
والوں کے لئے دوسرا قول ایجاد کرنا جائز نہیں۔

تلویح شرح توضیح میں یہ صاف تصریح ہے

ان الاجماع القطعی المتفق علیه لا یجوز تبدیله ۔

بیشک وہ اجماع قطعی جس پر اتفاق ہو چکا اس کا بدلنا جائز نہیں۔

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ حضرات صحابہ کرام کے بعد میں کسی بات پر ہر عصر میں پا
اجماع کر لینا ایسا حجت ہے کہ بعد والوں کو نہ اس کا بند کرنا جائز نہ اس کے خلاف کوئی نیا قول ای
جائز۔ تو جب ساتویں یا آٹھویں صدی میں اس قیام کے استحباب پر اجماع ہوا اور اس پر علماء اعلام
کرام کا برابر عمل ہوتا رہا ہے تو اب پانچ یا چھ صدی کے بعد اس حکم استحباب کو بدلنا اور اس کے خلاف
کا نیا قول ایجاد کرنا گویا اجماع امت سے جھگڑنا ہے تو مجیب استحباب قیام کے خلاف یہ مضمون
اجماع سے جھگڑا کرنے والا ثابت ہوا تو مجیب اس قیام میں خود تو جھگڑا کرنے والا قرار پایا اور برا
وفریب اجماع کے ماننے والے اہلسنت کے جھگڑالو ٹھہراتا ہے تو اگر مجیب کے اندر ذرہ برابر ا
پسندی اور قبول حق کی صلاحیت ہے تو اپنی غلطی کا اعتراف کرے اور قیام مذکور کے جواز پر ایمان لا

پھر اس کے بعد مجیب لکھتا ہے:

اس وقت مسلمانوں کے سامنے بڑے اہم اہم سوال ہیں لیکن یہ لڑانے والے ج
مسلمانوں کو غیر ضروری اور بیکار چیزوں میں الجھا کر اہم اور ضروری ضروری چیزوں کو پس پشت
رہے ہیں جو قوم کی تنزلی اور پستی کی کھلی نشانی ہے

مجیب کو اپنی بے مائیگی کی بنا پر یہ علم نہیں ہے کہ مسلمانوں کی دینوی واخروی کامیابی کے لئے
سے اہم وضروری کیا چیز ہے اور قوم مسلم کے تنزلی وپستی کا اصلی وحقیقی سبب کیا ہے۔ مجیب اپنے نز
مسلمانوں کے لئے سب سے اہم وضروری چیز اعمال کو قرار دیتا ہے جس کی وہ اس مضمون میں تص
رہا ہے۔

مسلمان کے لئے اعمال کی ضرورت واہمیت کا اعتراف ہم بھی کرتے ہیں کہ شجر اسلام
اور شاخیں یہی اعمال ہیں دنیوی زندگی میں مؤمن کے ایمان کی زینت حسن عمل ہی سے ہے اور

کے لئے وہ بہترین توشہ اعمال صالحہ ہی ہیں اور اخروی حیات کے لئے نمایاں کامیابیاں اور عزت کا ذریعہ اور کثیر اجر وثواب کا وسیلہ نیک اعمال سرمایہ ہے اور جنت کی کنجی کے دندانے یہی اعمال ہیں اور اس میں رفع درجات اور کثرت نعم کے باعث یہی اعمال صالحہ ہیں لیکن ان عمال کی اصلیت ومقبولیت اور ان پر مرتب ہونے والے تمام منافع اور فوائد حاصل ہو جائینگے اور اگر عقائد اسلام سے کسی عقیدہ میں کوئی خامی ہے یا ضروریات دین میں سے کسی ایک چیز کا بھی انکار ہے کفریات سے کسی کفر کے ساتھ رضا یا تائید حاصل ہے تو سارے اعمال بیکار اور رائیگاں ہو جائیں گے سب نیکیاں برباد اور اکارت ہو جائینگی اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کا مآل ظاہر فرماتا ہے عاملة ناصبة تصلی نارا حامية۔ یعنی عمل کے مشقتیں جھیلیں بھڑکتی آگ میں پہونچیں گے۔ لہٰذا اب ثابت ہو گیا کہ مسلمانوں کی حمایت دنیوی واخروی کی اصل کامیابی کیلئے سب سے ضروری اور سب سے اہم ایمان کی اصلیت وعقائد کی درستی وجائز چیزوں کو جائز جاننا اور ناجائز چیزوں کو ناجائز ماننا ہے تو اس فتنہ وفساد کے دور میں مسلمانوں کے سامنے سب سے بڑا اہم سوال اور سب سے زیادہ ضروری فریضہ ایمانی کی صحت اور عقائد کی درستی ہے اور عقائد اسلام کے نہایت اہم وضروری عقیدہ جائز وحلال چیزوں کا جائز وحلال جاننا ہے۔ تو جب اس قیام کے ناجائز ہونے پر کوئی دلیل شرعی نہ تو یہ اس کے جائز ہونے کی خود زبردست دلیل ہے۔ لہٰذا اس قیام کا جائز جاننا اور حلال ماننا اہم وضروری عقیدہ ثابت ہوا۔]

مجیب کی اس عبارت میں کس قدر جہالتیں ہیں: پہلی جہالت تو یہ ہے کہ وہ مسلمان کے لئے عقائد اسلام کی صحت کو سب سے زیادہ اہم وضروری نہیں جانتا: دوسری جہالت یہ ہے کہ وہ اعمال کو عقائد پر ترجیح دیتا ہے تیسری جہالت یہ ہے کہ وہ جائز شئی کے جائز اعتقاد کرنے کو غیر ضروری اور بیکار قرار دیتا ہے چوتھی جہالت یہ ہے کہ وہ اس تصحیح عقیدہ یعنی جائز شئی کے جواز کی تحقیق کرنے کو الجھنا ٹھہراتا ہے۔ پانچویں جہالت یہ ہے کہ جو جائز شئی کو دلیل سے جائز ثابت کرنے والا ہے وہ اس کو لڑانے والا بتاتا ہے چھٹی جہالت یہ ہے کہ وہ صحیح عقائد کرانے والے رہنما کو مضل بنانا چاہتا ہے۔ ساتویں جہالت یہ ہے کہ وہ اعمال کی تعلیم کو عقائد کی تعلیم سے زیادہ اہم وضروری لکھتا ہے۔ آٹھویں جہالت یہ ہے کہ وہ قوم مسلم کی ترقی صرف اعمال کی اصلاح کو قرار دیتا ہے۔ نویں جہالت یہ ہے کہ وہ قوم مسلم کے لئے عقائد کی اصلاح کو تنزلی وپستی کی کھلی نشانی ٹھہراتا ہے۔ دسویں جہالت یہ ہے کہ قیام میلاد شریف کے جواز کے اعتقاد کو غیر ضروری وبیکار بتا کر حلال وجائز چیز کو حرام وناجائز بناتا ہے اور عقیدہ اسلام کی صاف مخالفت کرتا ہے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ قوم مسلم کے تنزلی وپستی کی سب سے بڑی کھلی نشانی عقیدہ کی غلطی وخرا[بی]
کہ جس مسلمان نے جائز شئی کو ناجائز اعتقاد کیا تو اس کا عقیدہ ہی بدل گیا جو کفر کو مستلزم ہے اور جو
صراط مستقیم سے منحرف ہو گیا اور عقیدہ حقہ کے خلاف چلا گیا تو اس کی حیات دنیوی واخروی دونوں
ہو گئیں۔ تو قوم مسلم کی اس سے زائد تنزلی وپستی کی کھلی نشانی اور کیا ہو سکتی ہے مجیب کو اگر مذہب کے
امور کا علم ہوتا تو اس قدر جہالت آمیز باتیں نہ لکھتا لہذا وہ اپنے حال زار پر جس قدر ماتم کرے وہ کم
پھر مجیب کو چاہئے تھا کہ وہ قیام کے ناجائز ہونے پر کوئی دلیل شرعی قرآن وحدیث سے پیش کرتا
بجائے دلیل ایک غیر مستند قصہ اس طرح لکھتا ہے:

مشہور واقعہ ہے کہ بیت المقدس میں عیسائیوں کی حکومت تھی لیکن اس وقت عیسائی قوم کی
حتی کا یہ حال ہو چکا تھا کہ اسلامی فوجیں بیت المقدس کے دروازے میں داخل ہو رہی تھیں اور عیسا[ئیوں]
کے دینی پیشوا اس شہر کے اندر آپس میں اس مسئلہ پر بحث اور مناظرہ کر رہے تھے کہ حضرت عیسی
السلام کا پسینہ پاک تھا یا ناپاک کم وبیش یہی حال مسلمانوں کے ان پیشواؤں کا ہے جو قیام یا اس قسم
دوسرے جزوی اور غیر اہم مسائل پر مناظرہ اور مجادلہ کی مجلس گرم کرتے ہیں اور اس کے ذریعہ مسلما[نوں]
میں اختلاف اور افتراق پیدا کرتے ہیں۔

مجیب کی اس میں پہلی نااہلیت تو یہ ہے کہ قیام کے عدم جواز کے دعوے پر بجائے دلائل
قرآن وحدیث اجماع وقیاس کے ایک غیر مستند قصہ سے استدلال کرتا ہے۔

دوسری نااہلیت یہ ہے کہ ملک کے تحفظ کی ذمہ داری مذہبی پیشواؤں کے ذمہ پر اکثر وبیشتر
ہوتی ہے کہ اس کا تعلق حکومت کے فوجی محکمہ سے ہوتا ہے۔ تو اس غفلت کا مذہبی پیشواؤں پر کیا اثر۔

تیسری نااہلیت یہ ہے کہ اگر اس واقعہ کو صحیح بھی مان لیا جائے تو کیا اس سے مطلقا بحث ومنا[ظرہ]
بیکار وباطل ہونا لازم آئے گا۔

چوتھی نااہلیت یہ ہے کہ مجیب نے مسلمانوں کے حال کو عیساؤں کے حال پر قیاس کیا تو اس
قیاس کے پانچوں شرائط اور رکن وحکم سب متحقق ہو گئے۔

پانچویں نااہلیت یہ ہے کہ کسی فرعی مسئلہ پر بحث ومناظرہ کو ممنوع قرار دیا تو ثابت کرے کہ
ممنوعیت کیوں ہے اور اس میں کیا محظور شرعی لازم آتا ہے اور کس کتاب سے ثابت ہے۔

چھٹی نااہلیت یہ ہے کہ قیام جزوی مسئلہ ہے اور غیر اہم مسائل سے ہے اس کا یہ مطلب

یہ کس نے لکھا ہے۔

ساتویں نااہلیت یہ ہے کہ مجیب کے نزدیک جب مناظرہ اختلاف افتراق پیدا کرتا ہے تو اگر
صرف غیر اہم مسائل پر بحث ومناظرہ کر کے وہ اختلاف وافتراق پیدا کرنے والے قرار پائے یا نہیں۔

آٹھویں نااہلیت یہ ہے کہ مجیب کے نزدیک جو مناظرہ غیر اہم مسائل سے ہو گا وہ اختلاف
وافتراق پیدا کرتا ہے تو اصول اور ضروری مسائل پر جو مناظرہ ہو گا وہ اختلاف وافتراق نہیں پیدا کریگا تو
اس کے نزدیک قابل اعتراض صرف غیر اہم مسائل پر مناظرہ قرار پایا۔

نویں نااہلیت یہ ہے کہ مناظرہ اکثر وبیشتر اصول پر ہوتا ہے احمد آباد کا مناظرہ بھی اصول پر تھا تو
مجیب نے اس پر کیوں اعتراض کیا اور اس کو کیوں باعث اختلاف وافتراق ٹھہرایا

دسویں نااہلیت یہ ہے کہ مجیب کے نزدیک تو قیام غیر اہم مسائل سے تھا تو اس نے یہ مضمون لکھ کر
مسلمانوں میں کیوں اختلاف وافتراق پیدا کیا تو مجیب اپنے منہ پر تھوک لے کہ خود تو اختلاف وافتراق
مسلمانوں میں پیدا کرتا ہے اور دوسروں پر بلاوجہ لعن وطعن کرتا ہے پھر مجیب کے یہ الفاظ ملاحظہ ہوں۔

کاش یہ طاقت جو ایسے مسائل میں صرف کی جارہی ہے مسلمانوں تک اللہ اور اس رسول کا پیغام
پہنچانے میں خرچ کی جاتی۔

مسلمانو! تم نے دیکھا کہ مجیب قیام کی مخالفت میں کس قدر ایڑی چوٹی کی طاقت صرف کر رہا ہے
یہاں تک کہ دلائل شرع دستیاب نہ ہونے کی صورت میں غیر مستند قصوں اور واقعوں تک کو دلیل بنا رہا ہے
اور ساری علمی قابلیت کا زور لگا کر عوام کو مغالطہ اور فریب دے رہا ہے لیکن اللہ تعالی تعالی اور اس کے رسول
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا کوئی پیغام اپنی طاقت خرچ کر کے قیام کے عدم جواز پر نہ لا سکا اور غلط الزام
اہلسنت کو دیتا ہے کہ وہ اللہ تعالی اور اس کے رسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے پیغامات اس بارے میں
پیش نہ کر سکے باوجودیکہ ہم نے اسی قیام کے جواز میں ایک آیہ کریمہ اور تین احادیث اوپر پیش کر دیں۔
پھر مجیب کی یہ بے ادبی وگستاخی ملاحظہ ہو کہ وہ اللہ ورسول عزوجل وصلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے اسمائے طیبہ
کے ساتھ کوئی جلالت وعظمت کا کلمہ نہیں لکھا یہ قلبی عداوت کا نتیجہ نہیں ہے تو اور کیا ہے پھر دوسرا استدلال
اس غلط واقعہ سے کرتا ہے۔

ابھی چند دن ہوئے احمد آباد سے خبر آئی کہ ان پیشواؤں نے آپسی جھگڑے کیے اور اس قسم کے
مسائل پر گرم گرم تقریریں کر کے مسلمانوں کو ایسا بھڑکایا کہ آپس میں فتنہ وفساد کا خطرہ غالب آ گیا اور شہر کا

امن وسکون مشتبہ ہوگیا نتیجہ یہ ہوا کہ احمد آباد کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو دونوں جماعتوں پر دفعہ ۱۴۴ نا
پڑی۔ غور کیجئے کہ احمد آباد کا یہ واقعہ مذہبی پیشواؤں کیلئے باعث شرم ہے یا نہیں۔

افسوس یہ ہے کہ مجیب نے اس واقعہ میں صداقت سے کام نہیں لیا۔

اس کا پہلا جھوٹ یہ ہے کہ سرزمین احمد آباد میں اہلسنت و دیوبندی ہر دو فریق میں کوئی منا
تقریری ہوا نہ تحریری۔ نہ کسی طرح کا کوئی جھگڑا ہوا صرف مناظرہ طے ہوا تھا وہ پولس نے نہیں ہو

دوسرا جھوٹ یہ ہے کہ وہاں اس قسم کے مسائل پر گرم گرم تقریریں کر کے مسلمانوں کو نہیں
بلکہ وہاں علماء اہلسنت کی تقریریں ہوئیں۔ ان میں کفر وایمان کا امتیاز رکھا گیا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جلالت وعظمت کے خطبے دیئے گئے۔ عقائد اسلام واقوال کفریہ کی
معرفت کرائی گئی۔

تیسرا جھوٹ یہ ہے کہ آپس میں فتنہ وفساد کا خطرہ غالب آگیا حالانکہ پولس سے اجازت
شہر کے مختلف محلوں میں نہایت شاندار جلسے ہوئے کسی فتنہ وفساد کا خطرہ پیدا نہ ہوا۔

چوتھا جھوٹ یہ ہے کہ شہر کا امن وسکون مشتبہ ہوگیا حالانکہ شہر میں اس قدر امن وسکون
شارع عام پر بغیر پولس کے انتظام کے نہایت پر امن عظیم الشان جلسے ہوئے اور جلسوں میں از ابت
سکون رہا۔

پانچواں جھوٹ یہ ہے کہ خود ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی۔ حقیقت یہ
مجسٹریٹ صاحب کا یہ دفعہ نافذ کرنا نہ اپنی ذاتی رو سے تھا نہ امن وسکون کے مشتبہ ہونے کی بنا پر
وفساد کے خطرہ کی وجہ سے تھا۔ بلکہ اس کے نافذ کرنے کی اصل وجہ یہ ہوئی کہ شہر بھر میں اہلسنت کے
تقریریں ہوتی تھیں جس سے سنیت کے پھریرے لہرا رہے تھے اور دیوبندیت فنا ہو رہی
صدہا دیوبندی مجمع عام میں توبہ کرتے تھے۔ تو دلی سے حفظ الرحمٰن صاحب کے تار پر تار موصول
اور دیوبندیت کی حمایت کی جا رہی تھی۔ خود مجسٹریٹ صاحب نے کہا کہ یہ اگر یہ دہلی کے پے در پے
سے نہ آتے تو ہمیں مناظرہ کی اجازت دینے میں کوئی تامل نہ ہوتا۔

تو مجیب کا اس کو مجسٹریٹ صاحب کے سر تھوپنا جھوٹ نہیں ہے تو اور کیا ہے۔ میں احمد آباد
موجود تھا تو سرزمین احمد آباد میں پیشوایان اہلسنت کا عقائد اسلام کی تبلیغ کرنا اور شان رسالت کی
ورفعت کے ڈنکے بجانا اور احقاق حق کرنا اور عوام کو اس کو قبول کرنا اور مذہب اہلسنت کی حقانیت کا آ

زیادہ روشن ثابت ہو جانا ان پیشوایان اہل سنت کے لئے تو باعث عزت وسبب افتخار قرار پایا اور دیو
پیشواؤں کا مناظرہ سے منہ چھپانا تحریری وتقریری مناظرہ سے صاف انکار کرنا پولس سے مدد طلب
اور کسی عام جلسہ میں اپنے مذہب دیوبندیت کی حمایت میں نہ بولنا صدہا دیوبدنیوں کا تائب ہونا دیو
پیشواؤں کا احمد آباد سے منہ چھپا کر کسمپرسی کے حال میں بھاگنا ہم بھی کہتے ہیں کہ ان کے لئے سخت
شرم تھا۔ مجیب انھیں کے لئے یہ لکھ رہا ہے۔ پھر مجیب اس کے بعد لکھتا ہے۔

آج اس دھریت والحاد کے دور میں نعرہ لگاتا ہے کہ مذہب ہی لڑائی اور جھگڑے کی جڑ ہے اور
لوگ اپنی روش اور طریقہ کار سے اس نعرہ کی صحت کیلئے دلیل مہیا کرتے ہیں۔

مجیب سن لے کہ اسلامی عقیدہ میں تو مذہب ہی وہ چیز ہے ہے جس کے لئے مسلمان ہر قربانی کرنا
اہم فریضہ جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تو یہی پیغام ہے کہ مذہب حق
حمایت میں اہل باطل سے جھگڑنا، لڑنا، جہاد کرنا، اپنا خون بہانا، عبادت کی جان اور ایمان کا مقتضا اور
ت ہے۔ اور اعلائے مذہب حق کے لئے ہر طرح کی تیاری کرنا حتی کہ مرجانا شہادت ہے۔ صحابہ کرام
اف عظام علمائے اعلام ہمیشہ مذہب حق کی حمایت کے لئے لڑے اور جھگڑتے ہی رہے۔ اکابر امت
ہر صدی میں حفاظت مذہب کے لئے خون بہائے سر کٹائے گھر لٹائے اہل ومال قربان کئے ظلم وستم
ے۔

مجیب کی پھلواری میں غالباً امارت شرعیہ نے لا مذہبیت کا ایسا سنگ بنیاد رکھ دیا ہے جس کا بقول
ب کے یہ اثر مرتب ہوا ہے کہ وہاں دھریت والحاد کا دور شروع ہوگیا ہے اور وہ اپنی لا مذہبیت کی بنا پر
مستحریہ نعرہ لگاتے ہونگے کہ مذہب ہی لڑائی اور جھگڑے کی جڑ ہے اور قرینہ بھی اسی کا مقتضی ہے کہ
واری میں امارت شرعیہ نے ایسی فضا بنادی ہو جب کہ وہ حق وباطل میں کوئی امتیاز نہیں کرتی صریح
ری اقوال کو کفر نہیں کہتی جن سے کفریات صادر ہوں ان کو کافر نہیں جانتی گستاخان شان رسالت پر کفر کا
کی صادر نہیں کرتی وہ علماء دیوبند جن کی عرب وعجم کے مفتیوں نے تکفیر کی یہ امارت شرعیہ ان کو نہ فقط
مان بلکہ اپنا پیشوا اور مفتی دین اعتماد کرتی ہے ان کی رائے پر عمل کرنے کی عوام کو ترغیب دیتی ہے تو وہ یہ
ب کی قدر کو کیا جانے اور حق وباطل کے امتیاز کو کیا پہچانے پھر اس لغو تمہید کے بعد مجیب نے سوال کے
اب میں یہ لکھا۔

آپ نے قیام کی شرعی حیثیت پوچھی ہے اس لئے عرض ہے کہ قیام کی کوئی اصل شریعت میں نہیں

اورنہ اس کا ثبوت قرآن وحدیث سے ہے فقہ حنفی سے اس لئے اس کو دین کا کام سمجھنا و
فقہ حنفی سے ثابت سمجھنا صحیح نہیں اس میں مجیب نے یہ صرف دعوے ہی کیا کہ قیام کی کوئی
نہیں ہے لیکن وہ اس پر کوئی دلیل شرعی پیش نہ کرسکا۔ نہ اس دعوے کو کسی معتبر و مستن
منسوب کرسکا مجیب خود تو اس دعوے کرنے کا اہل نہیں کہ وہ نہ پوری شریعت سے واقف
شریعت میں اصل ہونے کی اس کو معرفت حاصل تو اس کا اہل وہ شخص ہوسکتا ہے جو شری
مسئلہ سے پوری طرح واقف ہو اور اس کا علم تمام احکام شریعت کو محیط ہو اس میں استنباط
چہار دلائل شرع پر اس کو کامل عبور ہو مجیب کی بے مائیگی و بے علمی کا حال تو اتنے ہی مضمو
تو اس کا یہ دعوے غلط ولغو ہے ہم نے اوپر قیام کی نہ فقط اصل بلکہ اس کی ہیئت کذائی
ثابت کردی اور قرآن وحدیث سے اس کی اصل ثابت کردی تو یہ قیام دینی امور میں داخل
مسلمانو! دیکھو قیام کی نہ فقط اصل بلکہ اس کی ہیئت کذائی بھی شریعت
اجماع سے پیش کردی اور قرآن وحدیث سے اس کی اصل بھی ظاہر کردی تو اہل اسلام تو
کام سمجھتے ہیں پھر جو چیز قرآن وحدیث سے ثابت ہوگئی وہ فقہ حنفی سے بدرجہ اولیٰ ثابت
ماخذ قرآن وحدیث ہی سے ہے مجیب نے جو کہا کہ قیام کی کوئی اصل شریعت میں نہیں
اسلامی شریعت مراد نہیں ہوئی بلکہ وہی پھلواری کی شریعت مراد ہوئی اسی طرح قرآن وحد
کا قرآن وحدیث مراد نہیں بلکہ وہابیہ کی تقویۃ الایمان، وتذکیر الاخوان وغیرہ کتب وہابیہ
اپنے خیال میں قرآن وحدیث پر ترجیح دیا کرتے ہیں ورنہ قرآن وحدیث کے ایسے صر
کرنا شریعت میں اس کی اصل نہ ماننا اس کو امر دینی نہ سمجھنا گویا بوقت نصف النہر کے آ
ہے جو اس کی کور چشمی اور ہٹ دھرمی نہیں ہے تو اور کیا ہے اگر مجیب میں ذرہ بھر ایمان کا ش
اس فحش غلطی کا اقرار کرلے اور قیام کو قرآن وحدیث سے ثابت مانے مولیٰ تعالیٰ اس
فیق دے اس کے بعد مجیب لکھتا ہے قیام کے متعلق بعض لوگوں کا خیال بھی یہ ہے
سعادت کے وقت سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لاتے ہیں یہ عقیدہ غیر
ہے اگر کوئی شخص اس عقیدہ کے کھڑا ہوتا ہے تو گنہگار ہے، یہ مجیب کا اہل سنت پر افترا ہے
اہلسنت اس بات کا مدعی نہیں کہ ذکر ولادت کے وقت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
ہیں مجیب کو اگر اپنے قول کا پاس ہے تو ان بعض لوگوں میں سے کسی ایک دو عالم کا قول

صداقت کا ثبوت دے ورنہ اپنے اوپر لعنۃ اللہ علی الکاذبین پڑھ کر دم کرلے اب باقی رہا مجیب کا یہ
کہ یہ عقیدہ غیر صحیح اور بے اصل ہے تو وہ اپنے اس دعوے پر کوئی دلیل پیش نہ کرسکا بلکہ آئندہ پیش بھی
کرسکتا ہے مجیب بتائے کہ قیام بوقت ذکر ولادت باسعادت حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
تشریف فرما ہونے میں کونسا محظور شرعی لازم آتا ہے اور کس عقیدہ اسلام کا انکار لازم آتا ہے اور کونسا
دلیل شرعی لازم آتا ہے مجیب میں اگر کچھ علم وقابلیت ہے تو ان امور کا جواب دے ورنہ اعتراف کرے
مجھ سے یہ غلطی ہوئی پھر جب اس عقیدہ ہی کو وہ باطل ثابت نہ کرسکا تو پھر اس عقید سے کھڑے ہونے
والے کو گنہگار کہاں سے ثابت کرسکتا ہے پھر اس کے بعد مجیب لکھتا ہے اور اگر محض رسم ورواج کی خاطر یا
ت اس لئے کہ مجلس میں بہت سے لوگ کھڑے ہوگئے ہیں کوئی کھڑا ہوجائے تو اس میں نہ ثواب نہ
مجیب نے اس میں اپنی لاعلمی ظاہر کی کہ وہ رسم ورواج اگر خلاف شرع تھا تو اس رسم ورواج پر عمل کر
والا کیوں گنہگار ہوگا۔ اور اگر وہ رسم ورواج موافق شرع ہے تو اس رسم ورواج پر عمل کرنے والا کیوں
ب کا مستحق نہ ہوگا اسی طرح مجلس میں جو لوگ کھڑے ہوگئے ہیں تو ان کا کھڑا ہونا اگر حکم شرع کے
ف ہے تو ان کا کھڑا ہونا اور جو ان کو دیکھ کر کھڑا ہو یہ سب کیوں گنہگار نہ ہونگے اور اگر ان کا کھڑا ہونا
ف شرع نہ تھا تو ان کے کھڑے ہونے پر کیوں ثواب مرتب نہ ہوگا مجیب کے اندر اگر کوئی علمی قابلیت
ی تو ایسی جہالت آمیز بات نہ لکھنا علاوہ بریں جب اس قیام کے کرنے والے پر نہ ثواب ہ نہ گناہ تو
ل مجیب یہ قیام شرعاً مباح قرار پایا اور پھر جب یہ شرعاً مباح ہوا تو پھر اس پر مجیب کا پہلا حکم قیام کی کوئی
شریعت میں نہیں اور نہ اس کا ثبوت قرآن وحدیث سے ہے اور نہ فقہ حنفی سے) لغو و باطل نہیں ہوا تو
ہوا پھر جب اس کی اباحت ثابت ہوگئی تو اس کو دین کا کام سمجھنا کیا صحیح نہ ہوگا مجیب نے یہ لکھ کر خود اپنا
رد کردیا تو غلط بات کی تائید کا ایسا غلط نتیجہ مرتب ہوتا ہے۔
اس کے بعد مجیب لکھتا ہے اگر کوئی شخص محبت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جوش میں بے
ار کھڑا ہوجاتا ہے باعث نجات اور ذریعہ صد اجر وثواب ہے مجیب نے یہ لکھ کر اپنی انتہائی نادانی
ثبوت دیا اور اپنی ساری لکھی اس بحث کو مٹا دیا اس سے دریافت کرو کہ جب اس قیام کی اس کے
یک نہ شریعت میں کوئی اصل تھی نہ قرآن وحدیث سے ثبوت تھا نہ یہ دین کا کام تھا تو وہ قیام اب
ث نجات اور ذریعہ صد اجر وثواب ہوسکتی ہے اگر ہوسکتی ہے تو اس کو کسی دلیل شرعی سے ثابت کرلے ور
ن کو باعث نجات وذریعہ صد اجر وثواب کس چیز نے بنایا اگر مخالفت قرآن وحدیث نے اس کو اس اعلیٰ

منزلت پر پہنچایا تو مجیب کے نزدیک مخالفت قرآن وحدیث نجات کا سبب اور صد اجر وثواب پائی تو غالبا اس کے نزدیک موافقت قرآن وحدیث باعث ہلاکت اور ذریعہ صد سزا وعذاب یہ ہیں پھلواری کی شریعت کے احکام العیاذ باللہ مگر میلاد شریف کی کرامت دیکھو کہ ایسے مخالف باعث نجات وصد اجر وثواب ہونے کا اقرار کرالیا اسی کو کہتے ہیں اقبالی ڈگری ۔ مجیب اہل سنت وجماعت مجیب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کے جوش میں آکر قیام کیا آپ کے نزدیک بھی اہلسنت کا میلاد شریف میں قیام کرنا نجات کا سبب اور صد اجر و قرار پایا تو اس کے خلاف آپ کی سب محنت رائیگاں اور بیکار ہوگئی اور آپ نے خود اپنے لیا۔ اس کے بعد مجیب لکھتا ہے۔

لیکن یہ مسئلہ ایسا نہیں ہے کہ اس پہ پیشوائے دین آستین چڑھائیں اور اس کو موضوع بنائیں بہر حال آپ ایسے لڑانے والوں سے پرہیز کریں مجیب صاحب قیام کا نزدیک بھی جب باعث نجات وذریعہ صد اجر وثواب ہے تو ہر مسلمان اس کے لئے کیوں چڑھائے اور اس کے مخالف سے کیوں جنگ وجدال نہ کرے اور پیشوایان اسلام ایسے باعث اجر فعل کے مٹانے والوں کے مقابلہ میں کیوں نہ آستینیں چڑھائینگے اور ان سے کیوں کرینگے اور اس کی بحث کو کیوں موضوع نہ بنائینگے ۔ غالبا مجیب باعث ہلاکت اور ذریعہ صد کے افعال کی حمایت میں آستینیں چڑھاتا ہوگا اور ان کو جنگ وجدال کا موضوع بناتا ہوگا مجیب جیسے حق سے لڑنے والے اور موجب صد اجر وثواب کی مخالفت کرنے والے سے کریں اور اس کے ایسے لایعنی اور لغو مضامین اور تحریوں کی ہرگز ہرگز نہ دیکھیں کہ وہ دین قرآن وحدیث سے لڑتا ہے بلکہ خود اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسلمانوں کو لڑادینا اور قیام جیسے باعث نجات موجب صد اجر وثواب سے روکنا اس کی عمر مولیٰ تعالیٰ اس کو قبول حق کی توفیق دے اور اسلاف کے نقش قدم پر چلنے کی ہدایت دے آمین

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل ، الفقیر الی اللہ عز
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ

بارش سنگی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایمان فروش کانگریسی مولویوں کا بھنگیوں سے ملاپ

مولوی اسمٰعیل صاحب کانگریسی جب سے ہوگئے ہیں، سنبھل کی فضا بدل گئی اور کانگریسیوں کی بن گئی، انہوں نے اس کی خوشی میں ایک جلسہ منعقد کیا جس میں کانگریس کی جاں نثار جماعت احرار کو کیا، انہوں نے تین شب وروز کانگریس میں مسلمانوں کے شامل ہونے پر ایڑی چوٹی کے زور لگائے اپنی ہندو پرستی کے ثبوت دئے ۔ اور ہندوؤں کو راضی کرنے کے لئے رام چندر وغیرہ کی تعریفیں کیں کو انبیاء میں شامل کیا اور اپنے دوش بدوش باسدیو آرئی اور پجاری وغیرہ کو پلیٹ فارم پر مسلمانوں سے بٹھایا ۔ اور جلسہ گاہ کے قریب جو کبابوں کی دکان پہلے سے تھی اس کو بزور اٹھادیا ۔ ان کے امیر یعت عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری نے بھنگیوں کے ساتھ کھانے پینے ، پاس بٹھانے کی بار بار تاکید کی۔ کہ وہاں پر بھی بھنگی کے منہ کا کاٹا ہوا آدھا آلو خود کھانا بیان کیا ۔ اور دیگر بھنگیوں کے ساتھ ہم پیالہ ہم الہ ہونا ظاہر کیا، اپنی زوجہ کا بھنگن کے ساتھ میل جول کھانا پینا بھی بیان کیا۔

سنبھل میں اس امیر شریعت ملک کے نئے نرالے حکم پر سب سے پہلے حکیم ایوب نے عمل کیا اور لی بھنگی نے آدھی بوٹی خود کھائی اور آدھی حکیم صاحب کو دی ۔ حکیم صاحب نے اس کے ساتھ خوب کھایا اس واقعہ پر جب مسلمانوں نے حکیم صاحب کو سر بھنگی بنادیا اور ان کا حقہ پانی بند کیا تو کانگریسی لویوں نے بھنگیوں کے ساتھ کھانا پینا جائز کردیا ۔ اور عوام کو مغالطہ میں ڈالنے کے لئے براہ مکر وفریب کی کتابیں پیش کرنی شروع کردیں ۔ ہر طرح ہر شخص پریشان وحیران ہے کہ آج تک یہ مسئلہ کبھی اپنے دادا سے بھی نہیں سنا ۔ لہذا اعلامہ محقق حضرت مولوی شاہ محمد اجمل صاحب مفتی سنبھل سے اس کا سوال جس کو بجنسہ ہم رفاہ عام کے لئے شائع کرتے ہیں۔

سوال (۱۱۱۸)

کیافرماتے ہیں علماء دین مفتیان شرع متین اس مسئلے میں کہ اگر کوئی شخص خاکروب بھنگی کے ہاتھ دھلوا کر اور خوب صاف کر کے اسکے ساتھ کھانا کھالے تو جائز ہے؟ فقط

الجواب

بھنگی کافر اصلی ہے اور کفار کے ساتھ کھانا منع ہے۔ اسکے لئے کثیر دلائل آیات و تصریحات سلف وخلف میں موجود ہیں۔ اس وقت بلحاظ اختصار چند حوالے نقل کرتا ہوں۔

آیۃ۔ لاتجد قوما یومنون باللہ والیوم الاخر یوادون من حاداللہ ورسولہ ابائھم او ابنائھم او اخوانھم او عشیرتھم۔ (سورۂ مجادلہ ۳ ع)

تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں کہ دوستی کر جنھوں نے اللہ اور اس کے رسول سے مخالفت کی اگر چہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی کنبے وا

علامہ امام ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی اس آیۃ کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

من الممتنع ان تجد قوما مومنین یؤلون المشرکین والمراد انہ لاینبغی ذلک وحقہ ان یمتنع ولایوجد بحال مبالغۃ فی الزجر من مجانبۃ اعداء اللہ احترازا من مخالطتھم ومعاشرتھم وزاد ذلک تاکیدا وتشدیدا بقولہ ولو کا الآیہ۔ (تفسیر مدارک مصری ج ۴ ص ۱۶۹)

یہ ناممکنات سے ہے کہ آپ ایمان داروں کو مشرکین سے دوستی کرتا پائیں۔ مرادیہ ہونا چاہئے۔ اس کا حق یہ ہے کہ یہ بات ناممکن ہوئی اور کسی حال میں نہ پائی جاوے۔ یہ خدا سے میل جول اور باہم برتاؤ سے پرہیز کرنے اور دور رہنے اور الگ ہوجانے کے لئے بڑا جھڑکا ہے اور اللہ تعالی نے اس کی تاکید اور تشدید اپنے اس قول سے اور زائد کی (اگر چہ وہ یا بیٹے یا بھائی یا کنبے والے ہوں۔

علامہ اسماعیل حقی تفسیر روح البیان میں فرماتے ہیں:

عن سھل بن عبداللہ التستری قدس سرہ من صحح ایمانہ فانہ لا مبتدع ولایجالسہ ولایواکلہ ولایشاربہ ولایصاحبہ ویظھر من نفسہ العداوۃ و

(تفسیر روح البیان ج ۴ ص ۴۷۵)

سہل بن عبداللہ تستری قدس سرہ سے منقول ہے جس نے اپنا ایمان درست کرلیا اس کو گمراہ سے ن نہ ہوگا۔ نہ وہ اس کے ساتھ بیٹھے۔ نہ اس کے ساتھ کھائے پیئے، نہ اس سے یارانہ کرے۔ اور اس سے نفرت اور عداوت ظاہر کرے گا۔

اس آیہ کریمہ اور ان دونوں تفسیروں سے آفتاب کی طرح روشن ہوگیا، کہ کفار مشرکین سے دور نا، ان سے پرہیز کرنا، ان سے نفرت وعداوت ظاہر کرنا، مومن کے ایمان کی علامت ہے، اور ان سے ل جول کرنا، ان سے دوستی کا برتاوا کرنا، ان سے انس کرنا ان کے ساتھ بیٹھنا، ان کے ساتھ کھانا پینا ائز وممنوع ہے۔

اب ایک دو حدیث بھی پیش کردوں کہ مسئلہ اور واضح ہوجائے۔

ابن حبان، عقیلی، ابن نجار نے حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے اور دار قطنی نے حضرت ابن عود رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کی کہ حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا:

حدیث۔ لاتجالسوھم ولاتشاربوھم ولاتواکلوھم ولاتناکحوھم۔
(الصواعق المحرقۃ للعلامۃ ابن حجر الہیتمی)

تم کفار کے پاس نہ بیٹھو، ان کے ساتھ پانی نہ پیو، ان کے ساتھ کھانا نہ کھاؤ، ان سے نکاح نہ رو۔

ترمذی شریف میں حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

حدیث۔ لاتصاحب الامومنا ولایاکل طعامک الاتقی۔
(ترمذی شریف ج ۲ ص ۶۲)

مت دوستی کر مگر مومن سے اور تیرا کھانا نہ کھائے مگر متقی شخص۔

علامہ محمد طاہر اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:

لایاکل طعامک الاتقی ھو فی طعام الدعوۃ دون طعام الحاجۃ وانما ھو زجر عن بۃ غیر التقی ومواکلتہ لان المطاعمۃ یوقع الالفۃ والمودۃ۔
(مجمع البحار ج ۱ ص ۳۹)

تیرا کھانا نہ کھائے مگر متقی۔ یہ دعوت کے کھانے میں ہے نہ کہ حاجت کے میں، اور اس میں غیر

متقی (فاسق فاجر) کی صحبت اوراس کے ساتھ کھانا کھانے سے جھڑکنا مراد ہے، کیونکہ ساتھ کے درمیان میں محبت اورالفت پیدا کرتا ہے۔

ان احادیث سے واضح طور پر معلوم ہوگیا کہ کفار ومشرکین، گمراہ بے دین کے ناجائز وممنوع ہے اور ساتھ کھانا، آپس میں محبت والفت پیدا کرتا ہے۔ لہذا جب کفار کے ہوگا تو ان سے محبت والفت پیدا ہوگی، اور کفار سے مسلمانوں کی محبت والفت کرنے کی مما کریمہ سے معلوم ہوچکی، تواب مسئلہ نہایت واضح اور روشن ہوگیا کہ مسلمان کا کسی کافر کے اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول ﷺ دونوں کے صاف وصریح احکام سے ناجائز وممنوع ہے۔ کہ وہ ان کی کھلی ہوئی مخالفت کرتا ہے اور قرآن کریم اور احادیث شریفہ پر صریح افترا اسلام کے خلاف کوئی نیا راستہ نکالتا ہے اور اپنے ناقص فہم سے نیا مسئلہ ایجاد کرتا ہے۔

اب باقی رہا کافر کے جھوٹے کا حکم وہ اگر چہ کتے کے جھوٹے کی طرح ناپاک نہیں بھی ضروری نہیں ہے کہ ہر وہ چیز کہ ناپاک نہ ہو اس کا کھالینا بھی لازمی ہو۔ رینٹھ بھی تو ناپاک کون عاقل ہے جو اسے زبان ولب پر لگانا گوارہ کریگا۔ کاش اگر علم ہوتا تو یہ بھی شریعت ہوجاتا کہ کس کا جوٹھا کھائے اور پیے؟۔ شارع علیہ السلام نے ہمیں کس کے جوٹھے کی طرف ہے۔

دارقطنی میں ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مرفوعا مروی ہے:

حدیث۔ التواضع ان یشرب الرجل من سور اخیه ای المومن۔

(موضوعات کبیر ص ۴۰)

منجملہ تواضع کے یہ بات ہے کہ آدمی اپنے مومن بھائی کا جوٹھا پیے۔

مگر جاہل مفتیوں، نام کے مولویوں نے نہ فقط مومن بلکہ کفار کا جوٹھا کھانا پینا تواضع قرار دیا بلکہ مزید برآں اپنی گندی طبیعت اور پلید مزاج کی بنا پر کفار میں سے بھی نہایت ہروقت نجاست میں آلودہ رہنے والے کافر بھنگی کا انتخاب فرمایا۔ اوراس کے جوٹھے کو کرلیا۔ اوراس شرمناک بات کا عام مجمع میں اظہار کیا اوراس بے حیائی پر فخر کیا اور پھر اس اسلام کا حکم بتا کر غیر مسلم اقوام کو نہ فقط اپنے اوپر بلکہ مذہب اسلام پر ہنسنے اور مذاق اڑانے انہیں کے لئے مخبر صادق ﷺ نے فرمایا:

حدیث۔ ان اللہ لا یقبض العلم انتزاعا ینتزعه من العباد ولکن یقبض العلم بقبض العلماء حتی اذا لم یبق العلماء اتخذ الناس رؤسا جهالا فسئلوا فافتوا بغیر علم فضلوا واضلوا۔ (مشکوۃ شریف ص ۳۳)

اللہ تعالیٰ بندوں سے اس طرح مذہبی علم نہیں لے گا کہ صرف علم اٹھالے لیکن علم کو علماء کے ساتھ اٹھائے گا۔ یہاں تک کہ جب کوئی عالم باقی نہ رہے گا تو لوگ جاہلوں کو مفتی قاضی وغیرہ سردار بنالیں گے تو ان سے دریافت کیا جائے گا وہ بغیر علم فتوی دینگے تو خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

بلکہ ایسوں کے لئے خاص طور پر حضور نے فرمایا اور ہمیں متنبہ کیا:

حدیث۔ یکون فی اخر الزمان دجالون کذبون یاتونکم من الاحادیث بمالم تسمعوا انتم ولا اباءکم فایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم۔

(مشکوۃ شریف ص ۲۸)

آخر زمانے میں کچھ دجال کذاب ہوں گے تمہارے پاس وہ باتیں لائینگے جو تم نے اور تمہارے باپ دادانے نہ سنیں، تم ان سے دور رہنا اور انہیں اپنے سے دور کرنا، کہیں وہ تمہیں بہکانہ دیں، کہیں وہ تمہیں فتنہ میں نہ ڈالدیں۔

ان احادیث سے معلوم ہوگیا کہ یہ مفتی بھی ایسی ہی بات بیان کررہے ہیں جس کو ہمارے باپ دادانے نہیں سنا، لہذا خود بھی گمراہ اور دوسروں کو بھی گمراہ کرنا چاہتے ہیں۔ مسلمانو! ان کے فتنے سے بچو، اور ان کی بات نہ سنو، پھر لطف یہ ہے کہ کانگریسی جماعت ایسے جاہلوں کو اپنے مذہب کا امیر شریعت اور شیخ الہند اور احرار اسلام نام رکھتی ہے۔ باوجودیکہ یہ مذہب سے ناواقف، دین سے بے خبر، شریعت سے ناآشنا ہیں۔ اسلام کا نام لیکر اسلام کو اغیار کے سامنے تمسخر اور مذاق کے لئے پیش کرتے ہیں۔ ہندوؤں کا دل خوش کرتے ہیں۔ اسلام کے پردے میں کانگریس کی تبلیغ کرتے ہیں۔ اور اپنی ہندو پرستی کا اظہار کرتے ہیں، مسلمان ان کی کسی بات پر کان نہ رکھیں اور ان کے دام تزویر میں نہ پھنسیں، ان کی باتوں کو نہ مانیں، ان کو ہندوؤں کا زرخرید غلام سمجھیں۔ اور تمام کفار سے خاص کر بھنگیوں کے ساتھ کھانے پینے سے نفرت اور پرہیز کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل محمد اجمل غفرلہ اللہ عزوجل

افضل الانبیاء

رسالہ در جوابات سوالات عیسائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ و کفی والصلوۃ علی من اصطفی ۔وعلی آلہ وصحبہ المجتبی

امابعد: عیسائیوں نے اسلام پر ہمیشہ اپنے عناد سے اعتراضات کئے ۔اور علماء اسلا
کے اعتراضات کے نہایت مسکت اور منہ توڑ جوابات دیئے ۔اور ان کو ساکت ومبہوت کر
والزامی دلائل پیش کر کے انہیں لاجواب بنادیا۔لیکن ہر زمانہ میں ان کی آتش عناد بھڑکتی ہی رہ
عوام اہل اسلام کو فریب دینے کی ناپاک سعی کرتے ہی رہے۔اس وقت میرے سامنے جن اع
کی فہرست ہے ان میں معترض نے پہلے ایک اصل بنائی اور اپنے ناقص خیال میں اپنے اعترا
پر قائم کیا ہے۔لہذا میں پہلے اس کی اصل کی حقیقت اور اس کی غلطی وبطالت کا اظہار کر کے ان
کاری کا نمونہ پیش کروں۔چنانچہ عیسائی معترض کہتا ہے:

اگر غیر معتبر روایات وحکایات کو چھوڑ کر فقہ وقرآنی بیانات کو دیکھیں تو مسیح ابن مریم
ﷺ سے افضل ہیں۔

پہلا فریب: اس میں یہ ہے کہ معترض حضور افضل الانبیاء احمد مجتبی محمد مصطفی ﷺ
ہونے کا انکار کرتا ہے اور حضرت مسیح علیہ السلام کو حضور سے افضل ثابت کرنا چاہتا ہے۔تو یہ معتر
افضلیت کو مبحث بناتا ہے جو ایک فرعی مسئلہ ہے حالانکہ اسے نبوت کو مبحث قرار دینا تھا کہ افضل
پر مرتب ہے۔یعنی جب ہر دو حضرات کا نبی ہونا تسلیم ہو جائے تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان
افضلیت حاصل ہے۔مگر یہ معترض نبوت کو مبحث قرار نہیں دیتا۔تو اس کا نبوت کو مبحث نہ بنانا

خالی نہیں۔یا تو یہ حضور نبی کریم ﷺ کی نبوت کا مقر ہے یا منکر۔اگر مقر ہے تو اس کا یہ اقرار کس بنا پر ہے یعنی وہ قرآن وحدیث،اجماع وقیاس کو مانتا ہے۔تو پھر وہ ہمارے حضور کے افضل ہونے کا کیوں منکر ہے کہ جن اسلامی دلائل سے حضور کی نبوت تسلیم کرتا ہے وہی دلائل حضور کی افضلیت ثابت کررہے ہیں جن کا ذکر ضمن جوابات میں آئے گا۔اور اگر وہ قرآن عظیم کے سوا اور کتب آسمانی کی بنا پر ہمارے حضور کی نبوت تسلیم کرتا ہے،تو جن کتب آسمانی سے حضور کی نبوت ثابت مانتا ہے انہیں سے حضور کی افضلیت بھی ثابت ہورہی ہے جنکے جوابات میں مذکور ہونگے۔تو یہ واضح ہوگیا کہ وہ ہمارے حضور ﷺ کی نبوت ہی کا مقر نہیں کہ اگر وہ مقر ہوتا تو افضلیت کو مبحث ہی نہیں ٹھہراتا۔لہذا جب وہ ہمارے حضور کی نبوت ہی کا منکر ثابت ہوا تو اس کو پہلے یہ ضروری تھا کہ وہ حضور کی انکار نبوت پر دلائل قائم کرتا،لیکن چونکہ وہ انکار نبوت پر دلائل قائم کرنے سے عاجز وقاصر ہے۔اس لئے اس نے نبوت کے اصل مبحث کو چھوڑا اور افضلیت کو مبحث بنا کر درئل بصورت سوال پیش کررہا ہے۔تو معترض کا فریب یہ ہے کہ نبوت جو اصل مبحث تھا اس نے محض اپنی کمزوری کی بنا پر اس کو ترک کیا۔اور افضلیت جو ایک فرعی مسئلہ تھا اسکو مبحث ٹھہرایا۔

دوسرا فریب: اس کی عبارت سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ وہ اپنا مخاطب کس کو بنارہا ہے۔لہذا اگر وہ اپنا مخاطب عیسائیوں کو قرار دے رہا ہے تو اس کا یہ دعوی کہ "مسیح ابن مریم حضرمحمد" (ﷺ) سے "افضل ہیں" عیسائیوں اور ان کی مروجہ کتاب انجیل کے خلاف ہے۔

چنانچہ انجیل یوحنا باب ۱۴ آیت ۳ میں ہے کہ حضرت مسیح فرماتے ہیں "بعد اس کے میں تم سے بہت کلام نہ کروں گا اس لئے کہ اس جہان کا سردار آتا ہے مجھ میں اس کی کوئی چیز نہیں"

کتاب عہد جدید مطبوعہ مرزاپور ۱۸۷۵ء ص ۲۰۸۔

ظاہر ہے کہ جہان کا سردار سید عالم کا ترجمہ ہے اور بعد سیدنا مسیح علیہ السلام کے سید اعظم سوائے ہمارے نبی سید انبیاء احمد مجتبی محمد مصطفی ﷺ کے اور کون کہلایا گیا۔تو ثابت ہوگیا کہ جب ہمارے حضور جہان کے سردار ہیں تو وہ افضل جہان اور افضل الخلق بھی ہوئے کہ جب ان میں وہ فضائل وخصوصیات ہیں جو حضرت مسیح میں اس کی کوئی چیز نہیں تو حضرت مسیح علیہ السلام سے ہمارے نبی ﷺ افضل ثابت ہوئے۔لہذا اس معترض کا یہ دعوی خود کتاب انجیل اور سیدنا عیسی علیہ السلام کے بھی خلاف قرار پایا۔تو یہ معترض عیسائیوں کو بھی یہ فریب دے رہا ہے کہ ان کی کتاب انجیل اور حضرت مسیح کی تعلیم کے خلاف یہ غلط اور باطل دعوی کر کے اسے مذہب عیسائیت کا ایک عقیدہ ثابت کرنا چاہتا ہے۔

تیسرا فریب:- اگر یہ معترض مسلمانوں کو اپنا مخاطب ٹھہراتا ہے اور بظاہر اس کی منشا بھی یہی ہے تو وہ عوام اہل اسلام کو ایک یہ فریب دیتا ہے کہ پیشوایان اسلام اسلامی عقائد واحکام میں غیر معتبر روایات وحکایات کو دلیل قرار دے لیتے ہیں۔ اوران سے استدلال کر کے غلط احکام بتادیتے ہیں اور اپنی ذمہ داری کا فرض ادا کرنے میں قصور کرتے ہیں۔ تو یہ رہنمایان اسلام پر افترا و بہتان ہے۔ باوجودیکہ غیر معتبر روایات سے کبھی استدلال کسی مسلمان نے نہ کیا، نہ اسلام کا کوئی حکم ایسا ہوسکتا ہے۔

چوتھا فریب: یہ ہے کہ ہمارے نبی ﷺ کا افضل انبیاء ہونا غیر معتبر روایات وحکایات سے ثابت ہے اور جس کا ثبوت غیر معتبر روایات وحکایات سے ہو وہ کسی مذہب حق کے عقیدہ ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ تو گویا عامۃ المسلمین کو یہ فریب دیتا ہے کہ اسلام میں حضرت محمد مصطفی ﷺ کا افضل انبیاء ہونا نہ کسی معتبر روایت سے ثابت، نہ کسی اجماع امت سے، نہ کسی صحیح حکایت سے، ظاہر ہے کہ اسلام کا عقیدہ غلط ہے۔ حالانکہ ہمارے نبی ﷺ کا افضل انبیاء ہونا نہ صرف قرآن کریم سے بلکہ تمام کتب الٰہیہ سے اور بکثرت احادیث صحیحہ سے ثابت ہے، جنکا کچھ نمونہ جوابات میں پیش کیا جائے گا۔

پانچواں فریب: یہ ہے کہ اس معترض نے اسلام کی دلیل صرف ایک قرآن کریم کو قرار دے کر یہ ثابت کیا کہ جو قرآن کریم سے ثابت ہو وہ تو اسلامی حکم اور عقیدۂ حقہ ہے اور جو قرآن کریم سے ثابت نہ ہو وہ نہ اسلامی حکم نہ اعتبار کے قابل۔ حالانکہ بہت سے اسلامی احکام وہ ہیں جو علاوہ قرآن کے اور دلائل اسلامی سے ثابت ہیں۔

چھٹا فریب:- یہ ہے کہ اس معترض نے قرآن کریم کے علاوہ اور باقی تین دلائل کو غیر معتبر ٹھہرایا۔ اور حقیقت یہ ہے کہ قرآن کریم جس طرح اسلام کی ایک دلیل ہے اسی طرح اسلام کی دوسری دلیل حدیث شریف اور تیسری دلیل اجماع امت ہے اور چوتھی دلیل قیاس مجتہدین ہے۔ تو اہل اسلام کے نزدیک جو احکام قرآن کریم کے علاوہ ان تینوں دلائل سے ثابت ہوں نہ وہ غیر معتبر ہوسکتے ہیں نہ ان کو چھوڑا جاسکتا ہے۔

ساتواں فریب:- یہ ہے کہ اس معترض نے قرآنی بیانات کے علاوہ احادیث صحیحہ ومتواترہ۔ اور حکایات صحیحہ سب کو چھوڑ دینے کا لفظ لکھ کر اسلام پر حملہ کیا۔ اور احادیث کریمہ اور حکایات صحیحہ کی عظمت ووقعت کو گھٹایا۔ اور حامیان دین کے قلوب کو مجروح کیا کہ مسلمان جس طرح قرآن کو نہیں چھوڑ سکتے اسی طرح احادیث کریمہ کو بھی نہیں چھوڑ سکتے۔ اور جس طرح قرآن شریف کو چھوڑ دینے کا لفظ

مسلمان کے لئے باعث تکلیف ہے اسی طرح احادیث کو چھوڑ دینے کا لفظ اس کے لئے باعث تکلیف ہے۔

بالجملہ جب اس معترض کا یہ قاعدہ اسلام کے بالکل خلاف ہے اور اس قدر مکروفریب سے پر ہے تو کوئی مسلمان اس کو کیوں کر تسلیم کرسکتا ہے اور وہ اہل اسلام کو اپنا مخاطب کس بنیاد پر بناسکتا ہے۔ لہذا اس کا یہ قاعدہ غلط اور باطل ہے اور بہت پرفریب اور لغویات پر مشتمل ہے۔ پھر یہ معترض اس کے بعد کہتا ہے۔ ''اس دعوی پر دلائل حسب ذیل ہیں'' معترض کا یہ دعوی کہ حضرت مسیح علیہ السلام ہمارے نبی کریم ﷺ سے افضل ہیں۔ بالکل غلط اور باطل ہے۔ اور مذہب عیسائیت اور اسلام کے خلاف ہے۔ دلائل اسلام تو اس دعوی کا رد وبطال اس طرح کرتے ہیں۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

تلك الرسل فضلنا بعضهم على بعض منهم من كلم الله ورفع بعضهم درجٰت ۔

(سورہ بقرہ ع ۳۲ ج ۳)

یہ رسول ہیں کہ ہم نے ان میں ایک کو دوسرے پر افضل کیا ان میں کسی سے اللہ تعالیٰ نے کلام فرمایا اور کوئی وہ ہے جسے سب پر درجوں بلند کیا۔

علامہ ابوالبرکات نسفی تفسیر مدارک التنزیل میں تحت آیہ کریمہ فرماتے ہیں:

منهم من رفعه على سائر الانبياء فكان بعد تفاوتهم فى الفضل افضل منهم بدرجات كثيرة وهو محمد ﷺ لانه هو المفضل عليهم بارساله الى الكافة وبانه اوتى مالم يوته احد من الانبياء المتكاثرة المرتقية الى الالف او اكثر ۔

(مدارک مصری ج ۱ ص ۹۹)

ان میں بعض وہ ہیں جنہیں تمام انبیاء پر بلند کیا تو وہ انکے فضل کے تفاوت کے بعد ان سے بہت سے درجوں افضل ہیں اور وہ افضل محمد ﷺ ہیں۔ کیونکہ یہ ان انبیاء پر اپنے تمام مخلوق کی طرف رسول ہونے کی بنا پر فضیلت دیئے گئے اور انہیں ہزار بلکہ زیادہ بہت سے وہ فضائل عطا ہوئے جو انبیاء نے کسی کو نہیں دئے گئے۔

علامہ محی السنہ تفسیر خازن میں آیہ کریمہ کے تحت میں فرماتے ہیں:

(ورفع بعضهم درجات) يعنى محمدا ﷺ رفع الله منصبه ومرتبته على كافة سائر

الانبیاء بما فضله علیهم من الآیات البینات والمعجزات الباهرات فما اوتی نبینا م
ﷺ مثل ذلك وفضل محمد ﷺ علی غیره من الانبیاء بآیات ومعجزات اخر مثل انش
القمر باشارته ۔ (خازن مصری ج ۱ ص ۲۲۴)

اوران میں بعض کو درجوں بلند کیا یعنی حضرت محمد ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء پر ان کے شرف کو اس لئے بلند کیا کہ انہیں آیات بینات اور معجزات باہرات دیکر انہیں ان پر فضیلت دی تو سے جس نبی کو جو آیت یا معجزہ دیا گیا تو ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کو اس کا مثل ضرور دیا گیا اور حضر ﷺ کو اپنے سوا تمام انبیاء پر اور دوسرے معجزات وآیات جیسے ان کے اشارہ سے چاند کا شق ہو سے فضیلت دی گئی۔

اس آیہ کریمہ سے اور اس کی ہر دو تفاسیر سے ثابت ہو گیا کہ ہمارے نبی ﷺ انبیائے کرا افضل ہیں۔ اور جو انبیاء کو معجزات وفضائل علیحدہ علیحدہ دیئے گئے ہمارے نبی ﷺ کو وہ تمام عطا فر گئے اور ان کے سوا اور بکثرت فضائل وخصائص عطا کئے گئے۔

نیز اسلام کی دوسری دلیل حدیث شریف سے بھی یہی ثابت ہے:

چنانچہ ترمذی شریف میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ ﷺ نے فر

انا اکرم ولد آدم علی ربی ولافخر۔ (جامع صغیر للسیوطی ج ۱ ص ۸۹)

میں اپنے رب کے نزدیک تمام اولاد آدم سے زیادہ بزرگ ہوں اور یہ از راہ فخر نہیں۔

دارمی شریف میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا

انا قائد المرسلین ولافخر وانا خاتم النبیین ولا فخر۔ (جامع صغیر ج ۱ ص ۹۰)

میں مرسلین کا پیشوا ہوں اور کچھ تفاخر نہیں اور میں خاتم النبیین ہوں اور کچھ افتخار نہیں۔

مسلم وترمذی شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ رسول اللہ ﷺ
فرمایا: فضلت علی الانبیاء بست اعطیت جوامع الکلم ونصرت بالرعب واحلت لی ال
وجعلت لی الارض طهورا ومسجدا وارسلت الی الخلق کافة وختم بی النبیون۔

(جامع صغیر مصری ج ۲ ص ۶۳)

میں چھ وجہ سے سب انبیاء پر فضیلت دیا گیا۔ مجھے جوامع الکلم کی صفت عطا فرمائی گئی رعب سے مدد کی گئی۔ میرے لئے غنیمتیں حلال کی گئیں۔ میرے لئے زمین پاک کرنے والی اور م

گئی۔ میں تمام خلق کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا۔ مجھے انبیاء کا خاتم بنایا گیا۔

طبرانی شریف میں حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: فضلت علی الانبیاء بخمس بعثت الی الناس کافة وذخرت شفاعتی لامتی ونصرت بالرعب شهرا امامی وشهرا خلفی وجعلت لی الارض مسجدا وطهورا واحلت لی الغنائم ولم تحل لاحد قبلی۔

میں پانچ وجہ سے تمام انبیاء پر فضیلت دیا گیا۔ میں سب لوگوں کی طرف بھیجا گیا۔ میری امت کے لئے میری شفاعت ذخیرہ ہوئی۔ اور میرے آگے اور پیچھے ایک ایک ماہ راہ تک رعب سے میری مدد کی گئی۔ اور میرے لئے زمین مسجد اور پاک کرنے والی بنادی گئی۔ اور میرے لئے غنیمتیں حلال کی گئیں جو مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال نہ ہوئیں۔

ان احادیث سے بھی ثابت ہو گیا کہ ہمارے نبی ﷺ سب انبیاء سے افضل ہیں۔

نیز اسلام کی تیسری دلیل اجماع سے بھی یہی ثابت ہے۔

چنانچہ خازن میں ہے:

اجمعت الامة علی ان الانبیاء بعضهم افضل من بعض وان نبینا محمد ﷺ افضلهم لعموم رسالته۔ (خازن مصری ج ۱ ص ۴۳)

امت نے اس بات پر اجماع کیا ہے کہ انبیاء میں بعض بعض سے افضل ہیں اور ہمارے نبی محمد ﷺ ان سے اس لئے افضل ہیں کہ ان کی رسالت عام ہے۔

اس عبارت سے ثابت ہو گیا کہ امت کا اجماع بھی اسی پر قائم ہو چکا کہ ہمارے نبی ﷺ افضل انبیاء ہیں۔ قیاس مجتہدین کی اس میں حاجت نہیں کہ یہ صریح نصوص سے ثابت ہو چکا۔

بالجملہ ہمارے نبی ﷺ کا افضل انبیاء ہونا تمام دلائل اسلام سے ثابت ہو چکا۔ تو اہل اسلام کے نزدیک اس معترض عیسائی کا یہ دعوی بالکل غلط اور باطل ہے۔ بلکہ اس کا یہ دعوی خود اپنے مذہب عیسائیت اور کتاب انجیل کے بھی خلاف ہے۔ اور حضرت مسیح علیہ السلام کی تعلیم اور فرمان کے تو بالکل مقابل ہے جس کا بیان اوپر فریب دوم میں گزرا کہ انجیل یوحنا باب ۱۴ کی تیسویں آیت میں خود حضرت مسیح علیہ السلام نے ہمارے نبی ﷺ کو سردار جہان کہا اور یہ فرمایا کہ ان میں وہ فضائل وخصائص ہیں جو مجھ میں اس کی کوئی چیز نہیں جس کی بلفظہ عبارت اوپر پیش کی کردی گئی۔ لہذا اس سے آفتاب سے زیادہ روشن طور پر ثابت

ہوگیا کہ ہمارے نبی ﷺ حضرت مسیح علیہ السلام سے افضل ہیں۔

نیز اسی انجیل یوحنا ۱۶ ساتویں آیت میں ہے۔

"لیکن میں تمہیں سچ کہتا ہوں کہ تمہارے لئے میرا جانا ہی فائدہ مند ہے کیونکہ اگر میں نہ [جاؤں] تو تسلی دینے والا تمہارے پاس نہ آئے گا۔ اگر میں جاؤں تو میں اسے تمہارے پاس بھیجدوں گا۔

(کتاب عہد جدید ص ۴۲)

اس عبارت میں حضرت مسیح علیہ السلام نے ہمارے نبی ﷺ کی بشارت بھی دی اور یہ فرمادیا کہ وہ خاتم الانبیاء ہونگے۔ ان کا ظہور جب ہی ہوگا جب میں دنیا سے تشریف لے جاؤں جب ہمارے نبی ﷺ خاتم الانبیاء قرار پائے تو اس خصوصیت کی بناپر حضرت مسیح علیہ السلام سے [افضل] ثابت ہوئے۔ لہذا جب یہ دعوی انجیل اور خود حضرت مسیح علیہ السلام کے فرمان کے بھی خلاف [ہے تو یہ] دعوی مذہب اسلام اور مذہب عیسائیت دونوں اعتبار سے غلط اور باطل قرار پایا۔

الحاصل جب اس معترض کا قاعدہ اور دعوی ہر دو غلط اور باطل ثابت ہو۔ تو نہ اس کے [پر] مرتب ہونے والے دلائل صحیح ہوسکتے ہیں۔ نہ ایسے غلط استدلال سے دعوی کو قوت پہنچتی ہے۔ ان کے اعتراضوں کی حقیقت تو اس مختصر تقریر سے ظاہر ہوگئی۔ ضرورت تو نہیں تھی کہ کچھ اور لکھا جا[ئے] اہل اسلام کے لئے محض بغرض اطمینان خاطر ہر اعتراض کا جواب لکھا جاتا ہے۔ و باللہ التوفیق [وعلیہ] التوکل۔

اعتراض اول:- مسیح ابن مریم علیہ السلام کی پیدائش کا معجزہ ہونا قرآن سے ثابت ہے [جس] کی بشارت حضرت مریم کو حضرت جبریل علیہ السلام کے ذریعہ دی گئی۔ برعکس اس کے حضرت محمد [کی] پیدائش کا ذکر تک بھی قرآن میں نہیں۔ ان کی پیدائش نہ معجزہ ہوئی نہ خرق عادت۔ پس بلحاظ پیدا[ئش مسیح] علیہ السلام حضرت محمد سے افضل ہیں (علی نبینا وعلیہ السلام)

جواب:- حضرت مسیح علیہ السلام کی پیدائش کا معجزہ ہونا کہ وہ بلا باپ کے پیدا ہوئے اور [ان کی] والدہ حضرت مریم کو بواسطہ جبریل علیہ السلام کے بشارت دینا ہمارے قرآن کریم میں مذکور ہے [اور اہل] اسلام کا اس پر ایمان ہے۔ لیکن عیسائیوں کے نزدیک تو حضرت مسیح کی پیدائش معجزہ ہی نہیں۔ دیکھو متی باب اول آیت ۱۶ میں ہے۔

اور یعقوب سے یوسف پیدا ہوا جو شوہر تھا مریم کا جس سے یسوع مسیح کہلاتا ہے پیدا ہوا۔

(کتاب عہد جدید ص ۲)

اور انجیل یوحنا باب اول آیت ۴۵ میں ہے۔

جس کا ذکر موسیٰ نے توریت میں اور نبیوں نے کیا ہے ہم نے اسے پایا وہ یوسف کا بیٹا یسوع ناصری ہے۔

(کتاب عہد جدید ص ۱۷۱)

ان ہر دو آیات انجیل سے ظاہر ہوگیا کہ عیسائیوں کے نزدیک یوسف حضرت مریم کے شوہر اور حضرت مسیح کے باپ ہیں۔ اسی بناپر انجیل متی اور انجیل لوقا میں حضرت مسیح کا نسب نامہ حضرت ابراہیم تک اور پھر ان سے حضرت آدم تک جو پیش کیا ہے وہ اسی یوسف کے ذریعہ سے لکھا ہے۔ لہذا عیسائیوں کے نزدیک حضرت مسیح کی پیدائش نہ بطور معجزہ ہوئی نہ بطریقہ خرق عادت۔ تو عیسائیوں کے نزدیک حضرت مسیح اور ہمارے نبی ﷺ کی پیدائش ماں باپ کے ذریعہ سے ہوئی۔ تو یہ دونوں باعتبار پیدائش کے برابر ثابت ہوئے۔ اب باعتبار پیدائش کے افضلیت کا استدلال تو فنا ہوگیا۔ تو یہ جو کچھ تھا وہ انجیل موجودہ کے اعتبار سے جواب ہے۔ اب باقی رہا یہ امر کہ ہمارے قرآن کریم کے حکم سے ان کی پیدائش بلا باپ کے ہوئی تو اگر بقول عیسائی اس چیز کو سبب افضلیت قرار دیا جائے تو حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش حضرت مسیح علیہ السلام کی پیدائش سے اور زائد عجیب ہے کہ حضرت آدم تو بلا ماں باپ کے پیدا ہوئے۔ لہذا اگر صرف پیدائش کا معجزہ ہونا دلیل افضلیت ٹھہرا تو حضرت آدم علیہ السلام حضرت عیسی علیہ السلام سے افضل ہونے چاہئے۔ حالانکہ اہل اسلام تو حضرت عیسی علیہ السلام کو حضرت آدم علیہ السلام سے افضل کہتے ہیں۔ اور غالباً مذہب عیسائیت میں بھی یہی ہے۔

بالجملہ صرف پیدائش کا معجزہ ہونا دلیل افضلیت نہیں۔ لہذا معترض کا حضرت مسیح کی پیدائش کو مدار فضیلت ٹھہرا کر حضرت مسیح علیہ السلام کو ہمارے نبی ﷺ سے افضل قرار دینا دجل وفریب اور مغالطہ ہے۔

اب باقی رہا معترض کا یہ قول

(حضرت محمد ﷺ کی پیدائش کا ذکر تک بھی قرآن میں نہیں)

یہ صریح کذب ہے۔ ہمارے نبی ﷺ کی بشارت اور ذکر پیدائش قرآن کریم میں بکثرت موجود ہے۔ بخیال اختصار صرف ایک آیت پیش کرتا ہوں جو عیسائیوں کے لئے تو پیغام موت سے کم نہیں ہے [یہ] معترض بگوش دل سنے۔

واذ قال عیسی ابن مریم یبنی اسرائیل انی رسول اللہ الیکم مصدقا لما بین یدی من

التوراۃ و مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد ۔ (سورۃ الصف ج ۲۸)

اور یاد کرو جب عیسی ابن مریم نے کہا اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف اللہ کا رسول
سے پہلی کتاب توریت کی تصدیق کرتا ہوں اور ان رسول کی بشارت سناتا ہوں جو میرے
لائیں گے ان کا نام احمد ہے۔

اس آیہ کریمہ میں کس قدر صراحت سے ہمارے نبی ﷺ کی بشارت اور ذکر پیدائش
۔اور قرآن کریم تو حضور نبی کریم ﷺ ہی پر نازل ہوا ہے اس میں تو یہ چیزیں بکثرت ہونی
ہمارے نبی ﷺ کی بشارت اور پیدائش کی خبریں پہلی تمام کتب آسمانی میں بھی ہیں، بطور نمو
سمانی کی آیات پیش کی جاتی ہیں جو صحیح روایات سے مروی ہیں۔

علامہ جلال الدین سیوطی نے اپنی کتاب خصائص کبری میں ان کو جمع فرمایا۔صحیفہ
علیہ السلام میں ہے جو حضرت شعبی سے مروی ہے۔

فی مجلۃ ابراھیم علیہ السلام انہ کائن من ولدك شعوب وشعوب حتی
الامی الذی یکون خاتم الانبیاء۔ (خصائص کبری ج ا ص ۹)

صحیفہ ابراہیم علیہ السلام میں ہے بیشک تیری اولاد سے قبیلے ہونگے یہاں تک کہ وہ نبی
جو خاتم الانبیاء ہوگا۔

وحی سیدنا یعقوب علیہ السلام میں ہے جو محمد بن کعب قرظی سے مروی ہے۔

اوحی اللہ الی یعقوب انی ابعث من ذریتك ملوکا وانبیاء حتی ابعث النبی
الذی تبنی امتہ ہیکل بیت المقدس وھو خاتم الانبیاء واسمہ احمد۔
(خصائص کبری ج ا ص ۹)

اللہ تعالی نے یعقوب علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی بیشک میں تیری ذریت سے با
مبعوث کروں گا یہاں تک کہ وہ حرم والا نبی بھیجوں گا جس کی امت بیت المقدس کی تعمیر کر
خاتم الانبیاء ہونگے ان کا نام احمد ہے۔

صحیفہ حضرت اشعیاء علیہ السلام میں ہے جس کو ابو حاتم اور ابو نعیم حضرت وہب بن
سے ذکر کرتے ہیں

اوحی اللہ الی اشعیاء انی باعث نبیا امیا افتح بہ آذانا صما وقلوبا غلفا

بمکۃ ومھاجرہ بطیبۃ وملکہ بالشام عیدی المتوکل المصطفی المرفوع الحبیب المتحبب
المختار۔ (خصائص کبری ج ا ص ۱۲)

اللہ تعالی نے اشعیا علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ میں اس نبی امی کو بھیجنے والا ہوں جن سے
بہرے کانوں اور غلاف چڑھے دلوں اور اندھی آنکھوں کو کھولدوں گا۔ان کی ولادت کی جگہ مکہ اور ہجرت
کی جگہ طیبہ ہے اور ان کا ملک شام ہے میرا بندہ متوکل مصطفی مرفوع حبیب متحبب مختار ہیں۔

زبور شریف میں ہے جس کو بیہقی نے حضرت وہب ابن منبہ رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت ذکر
کرتے ہیں:

ان اللہ اوحی الی داؤد فی الزبور یاداؤد انہ سیاتی من بعدی نبی اسمہ احمد
محمد صادقا نبیا لاغضب علیہ ابدا ۔ (خصائص کبری ج ا ص ۱۴)

اللہ تعالی نے داؤد علیہ السلام کی طرف زبور میں وحی بھیجی اے داؤد عنقریب تیرے بعد وہ سچا نبی
آئے گا جس کا نام احمد و محمد ہے میں کبھی اس سے ناراض نہ ہونگا،

تورات شریف میں ہے جس کو دارمی اور ابن سعد اور ابن عسا کر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ
تعالی عنہما سے روایت کرتے ہیں:

عن ابن عباس انہ سال کعب الاحبار کیف تجد نعت رسول اللہ ﷺ فی التوراۃ
فقال کعب نجدہ محمد بن عبداللہ یولد بمکۃ ویھاجر الی طابۃ ویکون ملکہ بالشام
ولیس بفحاش ولا بسخاب فی الاسواق ولایکافی بالسیئۃ السیئۃ ولکن یعفو ویغفر۔
(خصائص ج ا ص ۱۰)

حضرت ابن عباس نے کعب احبار سے سوال کیا: تم نے توریت میں رسول اللہ ﷺ کی نعت کیسی
پائی؟۔کعب نے فرمایا کہ ہم نے ان کی نعت اس طرح پائی کہ محمد بن عبداللہ کے فرزند ہیں جو مکہ میں پیدا
ہونگے اور طیبہ کی طرف ہجرت کریں گے اور ان کا ملک شام ہوگا۔نہ بے ہودہ بات کرنے والے، نہ
بازاروں میں چیخنے والے، نہ وہ برائی کا برائی سے بدلہ کرینگے، ہاں وہ معاف کردینگے اور بخش دینگے۔

اسی توریت شریف میں ہے جس کو عالم یہود حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالی عنہ نے ذکر
فرمایا:

ان اللہ تعالی قال فی التوراۃ انی باعث من ولد اسمعیل نبیا اسمہ احمد من آمن بہ

فقد اهتدی ورشد ومن لم یومن به فهو ملعون۔ (سیرۃ حلبی مصری ج ا ص ۲۴۸)

بیشک اللہ تعالیٰ نے توریت میں فرمایا: میں اولاد اسمعیل سے نبی بھیجنے والا ہوں جن
جوان پر ایمان لایا تو اس نے ہدایت پائی اور جو ایمان نہ لایا وہ ملعون ہے۔

انجیل شریف میں ہے: ابن سعد اور ابن عساکر نے سہل جو اہل مریس سے ہیں
لکھی۔

قال اخذت الانجیل فقرأته حتی مرت بی ورقة ملصقة بفری ففتقتها ف
نعت محمد ﷺ انه لا قصیر ولا طویل ابیض ذو ضفرین بین کتفیه خاتم (ال
من ذریة اسمعیل اسمه احمد۔ (خصائص ج ا ص ۱۵)

سہل نے کہا میں نے انجیل لیکر پڑھی یہاں تک کہ میں ایسے ورق پر پہنچا جو سر لیش
تو میں نے اس کو کھولا پس اس میں نعت محمد ﷺ کو پایا کہ نہ تو وہ پست قد ہیں نہ دراز قد،
گیسو والے، ان کے شانوں کے درمیان مہر نبوت۔ اور وہ ذریت اسمعیل سے ہیں ان کا نا

اسی انجیل شریف میں ہے جس کو علامہ حلبی نے سیرۃ حلبی میں نقل کیا:

ان اجتمونی فاحفظوا وصیتی وانا اطلب الی ربی فیعطیکم بارقلیط
لایجیئکم مالم اذهب فاذا جاء ونج العالم علی الخطیئة ولایقول من تلقا
مایسمع یکلمهم ویسوسهم بالحق ویخبرهم بالحوادث والغیوب۔
(سیرۃ حلبی مصری ج ا ص ۲۴۸)

اگر مجھ پر ایمان لے آؤ تو میری وصیت کو یاد رکھو۔ میں اپنے رب کا طالب ہوں تو
عطا فرمائے گا اور وہ رسول تمہارے پاس جبھی آئینگے کہ میں چلا جاؤں اور جب وہ آجائ
سے بری ہو چکا ہوگا اور وہ اپنی طرف سے کچھ نہ کہیں گے لیکن وہ جوان سے کہیں گے وہی
کے ساتھ سیاست کریں گے اور لوگوں کو حادثوں اور غیبوں کی خبر دینگے۔

ان صحائف وکتب آسمانی میں ہمارے نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی بشارت اور
قدر صراحت سے موجود ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ ایسا ذکر پیدائش اور ایسی بشارت کسی اور
۔اس وقت اگرچہ موجودہ انجیل میں بیشمار تغیرات اور تحریفیں ہو چکی ہیں لیکن باوجود اس کے
ﷺ کی بشارت اور ذکر پیدائش اس تحریف شدہ انجیل میں بھی موجود ہے۔ انجیل یوحنا کی

پر نقل کی گئیں۔ کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے بشارت دی کہ میرے جانے کے بعد تمہارے پاس جہان
کا سردار اور تسلی دینے والا آتا ہے۔

نیز اسی انجیل یوحنا باب ۱۴/۱۶ آیت میں ہے۔

اور میں اپنے باپ سے درخواست کروں گا اور وہ تمہیں دوسرا تسلی دینے والا بخشے گا کہ ہمیشہ
تمہارے ساتھ رہے۔

اور اسی باب کی انتیسویں (۲۹) آیت میں ہے۔

اور اب میں نے تمہیں اس کے واقع ہونے سے پیشتر کہا تھا کہ جب وقوع میں آوے تو تم ایمان
لاؤ۔

نیز اسی انجیل یوحنا باب ۱۶ تیرہویں آیت میں ہے۔

لیکن جب وہ یعنی روح حق آوے تو وہ تمہیں ساری سچائی کی راہ بتا دیگی اس لئے کہ وہ اپنی نہ
کہے گی لیکن جو کچھ وہ سنے گی سو کہے گی اور تمہیں آئندہ کی خبریں دیگی۔

ان آیات انجیل میں بھی ہمارے نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی بشارت اور خبر آمد کا ذکر موجود ہے
اگرچہ ان آیات سے ہمارے حضور کا نامی نکالدیا ہے۔ لیکن ہر ذی عقل منصف یہ فیصلہ کرے کہ حضرت
مسیح علیہ السلام کے بعد ایسی ذات جو سردار جہاں ہو، تسلی دینے والا ہو، جس کا دین تا قیامت رہے، جس
پر ایمان لایا جائے، جو سچائی کی راہ دکھائے، جو اپنی طرف سے کچھ نہ کہے، جو اللہ تعالیٰ سے سنے وہی کہے
جو غیب یعنی آئندہ کی خبریں دے۔ سوا ہمارے نبی ﷺ کے اور کس کی ذات ہے۔ لہذا ثابت ہوا کہ
ہمارے نبی ﷺ کی بشارت اور ذکر پیدائش اس انجیل موجودہ میں بھی ہے اور قرآن کریم اور تمام صحائف
وکتب آسمانی میں بھی مذکور ہے۔ تو اس معترض کا قول غلط اور باطل ہے۔ اور اس نے جس چیز کو مدار
فضیلت ٹھہرایا تھا وہ ہمارے نبی ﷺ میں اس قدر ثابت ہوا جس کی نظیر اور کسی نبی کے لئے ثابت نہیں
ہو سکتی۔ لہذا ہمارے نبی ﷺ بلاشک افضل الانبیاء ہیں۔

اعتراض نمبر ۲: مسیح (علیہ السلام) کی والدہ حضرت مریم کی فضیلت علی نساء العلمین خود قرآن
نے بیان فرمائی اور ان کو صدیقہ کا لقب دیا ہے لیکن حضرت محمد (ﷺ) کی والدہ کا نام تک قرآن میں
موجود نہیں اور بعض مسلمان ان کے ایماندار ہونے کے بھی قائل نہیں۔ اس لحاظ سے بھی مسیح افضل ہیں۔

جواب: — بلاشک حضرت مسیح علیہ السلام کی والدہ حضرت مریم اس زمانہ کی عورتوں سے افضل

تھیں اوران کالقب صدیقہ تھا۔اہل اسلام تو یہی کہتے ہیں۔لیکن عیسائیوں کے نزدیک تو حضر
السلام کے لئے یہ الفاظ استعمال کئے۔

انجیل متی باب ۱۳ کی آیت ۵۳ تا ۵۵ میں ہے۔

جب یسوع یہ تمثیلیں کہہ چکا تو وہاں سے روانہ ہوا ۵۴) اور اپنے وطن میں آ کے اس
عبادت خانہ میں انہیں ایسی تعلیم دی کہ وہ حیران ہوئے اور کہنے لگے کہ ایسی حکمت اور معجز
کہاں سے پائے (۵۵) کیا یہ بڑھئی کا بیٹا نہیں اور اس کی ماں مریم نہیں کہلاتی۔

نیز انجیل مرقس باب ۶ کی آیت ۲و۳ میں ہے۔

جب سبت کا دن ہوا وہ عبادت خانہ میں وعظ کرنے لگا اور بہتوں نے سن کے حیران
یہ باتیں اس نے کہاں پائیں۔اس نے کہاں سے باتیں اور یہ کیا حکمت ہے جو اسے ملی
کرامات اس کے ہاتھ سے ظاہر ہوتی ہے (۳) کیا یہ مریم کا بیٹا بڑھئی نہیں۔

ان آیات انجیل سے ظاہر ہوگیا کہ عیسائیوں کی نظر میں حضرت مسیح کی کوئی عزت
لئے ان کے گستاخانہ الفاظ کو سنکر خود مسیح نے فرمایا:

یسوع نے انہیں کہا کہ نبی اپنے وطن اور گھر کے سوا اور کہیں بے عزت نہیں ہے۔

انجیل متی باب ۱۳ آیت ۵۷ اور انجیل مرقس باب ۱۶ آیت ۴ میں ہے۔

تب یسوع نے انہیں کہا نبی بے عزت نہیں ہے مگر اپنے وطن میں اور اپنے کنبے اور ا

تو عیسائیوں کے نزدیک حضرت مسیح اور حضرت مریم کی یہ عزت ہے جو ان آیات
ظاہر ہے لیکن کوئی مسلمان ان کے لئے ایسے الفاظ بھی گوارہ نہیں کرسکتا۔بلکہ اگر عیسائیوں
حضرت مریم کی عزت ہوئی تو ان کا شوہر بھی ایسا ہی باعزت تجویز کرتے مگر انھوں نے
یوسف کو تجویز کیا جس کے لئے ابھی انجیل کی آیات میں گزرا کہ وہ بڑھئی تھا۔لیکن اہل ا
حضرت مریم کو افضل النساء اور صدیقہ مانتے ہیں تو ان کے نزدیک ان کے شوہر بھی وہ
افضل الخلق اور امام الصدیقین احمد مجتبی محمد مصطفی ﷺ ہیں۔اور یہ بات بکثرت احادیث
ثابت ہے بخوف طوالت ایک دو حدیث پیش کرتا ہوں۔

طبرانی میں حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں:

ان اللہ تعالیٰ زوجنی فی الجنۃ مریم بنت عمران و امراۃ فرعون و اخت م

(جامع صغیر للسیوطی ج ۱ ص ۵۹)

بیشک اللہ تعالیٰ جنت میں میرا نکاح مریم بنت عمران اور فرعون کی عورت اور موسی علیہ السلام کی
بہن سے کرے گا۔

اور علامہ حلبی سیرۃ حلبی میں یہ حدیث نقل کرتے ہیں جس میں حضرت ام المومنین خدیجہ مخاطب
ہیں۔

ان اللہ تعالیٰ قد زوجنی معک فی الجنۃ مریم ابنۃ عمران و کلثوم اخت موسی
وھی اللتی علمت ابن عمھا قارون الکمیاء و آسیۃ امراۃ فرعون فقالت اللہ اعلمک بھذا قال
نعم۔

(سیرۃ حلبی مصری ج ۱ ص ۳۸۵)

بیشک اللہ تعالیٰ جنت میں تیرے ساتھ میرا نکاح مریم بن عمران اور کلثم موسی علیہ السلام کی ہمشیرہ
جنہوں نے اپنے چچازاد بھائی قارون کو کیمیا سکھائی اور آسیہ زوجہ فرعون سے کرے گا۔حضرت خدیجہ نے
عرض کیا: یارسول اللہ آپ کو یہ بات بتائی اور ایک روایت میں ہے یارسول اللہ: یہ اللہ نے کہا؟۔حضور نے
فرمایا: ہاں۔

انہیں روایات کی بنا پر علامہ حلبی اسی سیرۃ میں فرماتے ہیں:

وقد حمی اللہ ھولاء النسوۃ عن ان یطاھن احد۔ (سیرۃ حلبی ص ۷۸)

اللہ تعالیٰ نے ان عورتوں کو کسی کے وطی کرنے سے محفوظ رکھا۔

لہذا مسلمان کے نزدیک حضرت مریم کی یہ فضیلت ہے کہ وہ زوجہ افضل الانبیاء احمد مجتبی محمد مصطفی
ﷺ ہیں اور عیسائیوں نے جو الفاظ ان کی شان میں استعمال کئے ان سے ان کی ذہنیت کا پتا چلتا ہے
۔پھر حیرت ہے کہ باوجود اس کے انھیں حضرت آمنہ پر فضیلت ثابت کرنے کی سعی کرتے ہیں۔حضرت
آمنہ کی فضیلت کے لئے یہی شرف بہت کافی ہے کہ وہ افضل الخلق سید المرسلین نبی الانبیاء۔محبوب کبریا
احمد مجتبی محمد مصطفی ﷺ کی والدہ ماجدہ ہیں پھر ان کے فضائل کتب احادیث و سیرت میں بکثرت موجود
ہیں۔

سیرت حلبی، مواہب لدنیہ و سیرۃ ہشام ہے۔

آمنۃ بنت وھب وھی یومئذ افضل امراۃ فی قریش نسبا و موضعا۔

(سیرۃ ابن ہشام مصری ص ۹۸)

حضرت آمنہ بنت وہب اسوقت قریش میں پدری مادری نسب میں بہترین عورت تھیں
اس عبارت سے ثابت ہوگیا کہ حضرت آمنہ قریش کی عورتوں سے افضل ہیں اور قر
سیدنا ابراہیم علیہ السلام سے افضل ہیں جیسا کہ حدیث شریف میں وارد ہے۔

جس کو ترمذی شریف نے حضرت واثلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ حضور اکر
فرمایا:

ان اللہ تعالیٰ اصطفی من ولد ابراھیم اسمعیل و اصطفی من ولد اسمعیل
واصطفی من بنی کنانۃ قریشا الخ ۔ (جامع صغیر مصری ج ۱ ص ۵۶)

بے شک اللہ تعالیٰ نے اولاد حضرت ابراہیم سے حضرت اسمعیل کو منتخب کیا اور اول
اسمعیل سے بنی کنانہ کو چنا اور بنی کنانہ سے قریش کا انتخاب کیا۔

اس حدیث شریف سے ثابت ہوگیا کہ اولاد سیدنا ابراہیم علیہ السلام میں قریش افضل
اور قریش کی عورتوں میں حضرت آمنہ منتخب و افضل تو حضرت آمنہ کی افضلیت نا قابل انکار چیز

نیز حضرت آمنہ وہ ہیں جن کو فرشتے بشارت دینے کو آتے تھے۔

سیرۃ حلبی وغیرہا کتب سیر میں ہے:

قالت آمنۃ واتانی ای من الملائکۃ وانا بین النائمۃ والیقظۃ فقال ھل شعر
قد حملت بسید ھذہ الامۃ ونبیھا وفی روایۃ بسید الانام وفی روایۃ لخیر العا
ولدتیہ فسمیہ محمدا واکتمی شانک۔ (سیرۃ حلبی مصری ج ۱ ص ۵۵)

حضرت آمنہ نے فرمایا کہ میرے پاس ایک فرشتہ آیا اور میں بیدار اور سونے والی کے
تو اس نے کہا تو نے جانا کہ تو بلاشک حاملہ ہوگئی جو اس امت کا سردار نبی ہوگا۔ اور ایک روایت
کہ وہ مخلوقات کا سردار ہے۔ اور ایک روایت میں ہے اس کا نام محمد رکھنا اور اپنے حال کو چھپانا
اس حدیث شریف سے حضرت آمنہ کی فضیلت وخصوصیت ثابت ہوئی بلکہ ان
خصوصیات میں بکثرت روایات وارد ہیں۔

اب باقی رہا معترض کا یہ قول۔

لیکن حضرت محمد مصطفی ﷺ کی والدہ کا نام تک قرآن میں موجود نہیں۔

حضرت آمنہ کی فضیلت کے منافی نہیں دیکھو قرآن کریم میں صرف پچیس انبیائے کر

مذکور ہوئے حالانکہ حضرت موسیٰ وحضرت عیسیٰ علیہما السلام کے درمیان (۷۰) ستر ہزار انبیاء کرام تشریف
لائے۔ اور ان کے علاوہ ہزارہا انبیائے کرام مبعوث ہوئے تو کیا کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ جن (۲۵) پچیس
انبیاء کا ذکر قرآن کریم میں ہے صرف وہی صاحب فضل وکمال ہیں۔ باقی ہزارہا انبیاء میں کوئی فضیلت
نہیں۔ تو ثابت ہوگیا کہ قرآن کریم میں کسی کے نام کا نہ ہونا اس کے فضل وشرف کے منافی نہیں۔ خود
انجیل میں بہت سے انبیائے کرام کے نام نہیں۔ ام البشر حضرت حوا، حضرت ابراہیم علیہ السلام کی والدہ
حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ، اور انبیاء کی والدہ کے نام نہیں۔ تو کیا صرف نام کا نہ ہونا ان کے فضائل
کے منافی ہے۔ پھر جب ان کا نام اور فضائل احادیث میں مروی ہیں تو اہل اسلام کے لئے یہی چیز بہت
کافی ہے کہ قرآن کریم جس طرح اسلام کی ایک دلیل ہے احادیث بھی اسلام کی دلیل ہیں۔

بالجملہ معترض کی یہ بات اہل اسلام کے واسطے کچھ قابل التفات نہیں۔ ہاں اگر دلائل اسلام سے
کسی دلیل سے بھی حضرت آمنہ کی فضیلت ثابت نہ ہوتی تو معترض کو حق اعتراض تھا۔ اور جب احادیث
سے ثابت، تو اسلام کی دوسری دلیل حدیث سے ثابت ہے تو معترض کو کوئی حق اعتراض ہی حاصل نہیں۔

اب باقی رہا معترض کا یہ قول:

اور بعض مسلمان ان کے ایماندار ہونے کے بھی قائل نہیں۔

یہ اسلام کے مشہور مصنفین محققین کے خلاف ہے۔ اگر معترض اسلام کی کتابیں دیکھتا تو ایسی
جرأت نہ کرتا۔ محققین اسلام نے یہ تصریح کی ہے کہ حضرت آمنہ ایماندار تھیں۔ چنانچہ علامہ قسطلانی نے
مواہب لدنیہ اور علامہ زرقانی نے اس کی شرح میں حضرت آمنہ کے وہ چند اشعار نقل کئے جو انہوں نے
اپنی وفات سے قبل حضور نبی ﷺ کو دیکھ کر کہے:

انہیں میں سے چند اشعار یہ ہیں۔

ان صح ماابصرت فی المنام ☆ فانت مبعوث الی الانام
میں نے جو خواب میں دیکھا اگر صحیح ہے ☆ تو تو مخلوق کی طرف مبعوث ہوگا
تبعث فی الحل وفی الحرام ☆ تبعث فی التحقیق والاسلام
تو زمین حل اور شہر حرام میں بھیجا جائیگا ☆ تو حق اور اسلام کے بیان میں بھیجا جائیگا
دین ابیک البر ابراھام ☆ فاللہ انھاک عن الاصنام
وہ اسلام جو تیرے نیک باپ ابراہیم کا دین ہے ☆ پس اللہ تجھے بتوں کی عبادت کرنے سے باز

رکھے گا

حضرت آمنہ کے ان اشعار سے شرح مواہب لدنیہ میں علامہ زرقانی نے یہ استدلال

وهذا القول منها صريح فى انها موحدة اذ ذكرت دين ابراهيم وبعث
بالاسلام من عند الله ونهيه عن الاصنام وموالاتها وهل التوحيد شئ غير هذا
الاعتراف بالله والهيته وانه لاشريك له والبراءة من عبادة الاصنام ونحوها وهذا
كاف فى التبرى من الكفر وثبوت صفة التوحيد فى الجاهلية قبل البعثة ـ

(زرقانی مصری ج ۱ ص ۱۶۵)

حضرت آمنہ کا یہ قول ان کے موحدہ ہونے میں صریح ہے۔اس لئے کہ انہوں نے دین
اور اپنے صاحبزادے کی بعثت اور اسلام کا اللہ کی طرف سے ہونا اور ان کا بتوں اور ان کی محبت
رہنا ذکر کیا اور توحید اسکے سوا اور کیا شی ہے کہ توحید اللہ اور اس کی الوہیت کا اعتراف کرنا اور کہنا
کا کوئی شریک نہیں۔اور بتوں کی عبادت سے برائت ظاہر کرنا اور اس کے مثل سے اور اس قدر
بعثت کے زمانہ جاہلیت میں کفر سے بیزاری اور صفت توحید کے ثبوت کے لئے کافی ہے۔

پھر علامہ زرقانی نے اس کے بعد احادیث نقل کیں:

ولماذكر وفاة امه ومايدل على موتها على التوحيد جره ذلك الى حديث
واحياء ابيه لكن قدمها لكثرة الروايات فيها فروى ان آمنة امنت به ﷺ بعد موتها
الطبرى بسنده عن عائشة ان النبى ﷺ نزل الحجون كئيبا حزينا فاقام به ماشاء الله
ثم رجع مسرورا قال سالت ربى احياء امى فامنت بى ثم ردها الى ماكانت عليه من
رواه ابو حفص بن شاهين فى كتاب الناسخ والمنسوخ ملخصاً۔

(زرقانی مصری ج ۱ ص ۱۶۶)

جب مصنف حضرت آمنہ کی توحید پر وفات کا ذکر کر چکا تو حضرت آمنہ اور حضرت
زندہ کرنے کے واقعہ کی حدیث کی روایت تک پہنچا اور پہلے اس حدیث کو پیش کیا جس کی روایتیں
ہیں۔مروی ہے کہ حضرت آمنہ اپنی وفات کے بعد رسول اللہ ﷺ پر ایمان لائیں کہ طبرانی نے
سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ نبی ﷺ حجون میں بہت غمگین ہو کر اتر
عزوجل نے جتنا چاہا حضور نے وہاں اقامت فرمائی پھر مسرور وہاں سے واپس ہوئے۔فرمایا

اپنے رب سے اپنی والدہ کے زندہ کرنے کی خواہش کی تو اللہ تعالیٰ نے میری والدہ کو زندہ کیا اور وہ مجھ پر ایمان لائیں، پھر وہ پہلے ہی موت کے حال کی طرف واپس ہوئیں۔اس روایت کو ابوحفص بن شاہین نے کتاب ناسخ ومنسوخ میں نقل کیا۔

ان عبارات اور حدیث شریف سے ثابت ہوگیا کہ حضرت آمنہ کی وفات توحید پر ہوئی اور ان کو حضور اکرم ﷺ نے زندہ کیا اور وہ ایمان لائیں۔اسی کے اثبات میں حضرت خاتم المحدثین علامہ جلال الدین سیوطی نے چھ رسائل تحریر فرمائے جن میں بکثرت دلائل سے حضرت آمنہ کا موحد ہونا اور زندہ ہو کر ایمان لانا ثابت کیا جس کو تفصیل درکار ہو تو ان رسائل کا مطالعہ کرے۔

اب باقی رہا معترض کا یہ نتیجہ کہ "اس لحاظ سے بھی مسیح افضل ہیں" باطل ہے بلکہ اس سے ہمارے نبی ﷺ کی افضلیت ثابت ہورہی ہے کہ حضرت مریم ہمارے نبی ﷺ کی زوجہ ثابت ہوئیں اور حضرت مسیح ہمارے نبی ﷺ کے مثل بیٹے کے ہوئے۔لہذا ہمارے نبی ﷺ بالیقین حضرت مسیح سے افضل ثابت قرار پائے۔

اعتراض نمبر ۳۔ مسیح کی پیدائش کے وقت خارق عادت امور وقوع میں آئے مثلا نخل خشک ہرا بھرا ہوکر پھل لایا۔ایک چشمہ جاری ہوگیا۔مریم کی تسکین کے لئے فرشتہ نازل ہوا۔جیسا کہ سورہ مریم کے دوسرے رکوع میں ہے۔لیکن حضرت محمد ﷺ کی پیدائش کے وقت کوئی معجزہ یا خارق عادت امر وقوع میں نہ آیا اور قرآن سے بھی کسی معجزہ کا ثبوت نہیں ملتا پس ابن مریم ابن آمنہ سے برتر ہے۔

جواب:۔حضرت مسیح علیہ السلام کا بلا باپ کے پیدا ہونا اور پیدائش کے وقت نخل خشک کا ہرا بھرا ہونا اور پھل لانا۔اور چشمہ کا جاری ہونا۔اور فرشتہ کا نازل ہونا یہ خوارق اسلام نے سکھائے، قرآن کریم نے بتائے۔لہذا حضرت مسیح کے متعلق اہل اسلام کا یہی عقیدہ ہے۔اور عیسائیوں کے نزدیک حضرت مریم کا شوہر یوسف تھا اور حضرت مسیح اسی یوسف سے پیدا ہوئے۔تو حضرت مسیح بلا باپ کے نہیں پیدا ہوئے بلکہ ان کے باپ یوسف ہیں۔لہذا ان کی پیدائش بطور خرق عادت کے نہیں ہوئی۔نہ اور خارق عادت امور مذکورہ کا ذکر ان مروجہ انجیلوں میں ہے بلکہ ان کی نظر میں حضرت مسیح اور حضرت مریم کی یہ قدر ہے "کیا یہ (یعنی حضرت مسیح) مریم کا بیٹا بڑھئی نہیں اور کیا (یعنی مسیح) بڑھئی کا بیٹا نہیں اور اس کی ماں مریم نہیں کہلاتی" یہ پوری عبارات جواب اعتراض دوم انجیل متی مرقس سے نقل کی گئیں۔تو جب عیسائیوں کی ذہنیت اور ان کی مذہبی کتاب انجیل کی تعلیم ظاہر ہوچکی تو کسی عیسائی کو اہل اسلام پر اعتراض

کرنے کا کیا حق حاصل ہے۔اور قرآن کریم سے کس طرح استدلال کرسکتا ہے۔مگر یہ معتر
اپنے اس حال زار کے یہ کہتا ہے''لیکن حضرت محمد ﷺ کی پیدائش کے وقت کوئی معجزہ یا خارق عا
وقوع میں نہ آیا''معترض کا یہ قول ایسا ہے جیسے کوئی شخص نصف النہار کے وقت وجود آفتاب کا انکا
واقعہ تو یہ ہے کہ ہمارے نبی ﷺ کی پیدائش کے وقت اس قدر خوارق ظہور میں آئے جن
کیا جائے تو ایک مستقل رسالہ تیار ہو جائے۔اور وقت پیدائش تو خوارق کے ظہور کا وقت ہی
یہاں تو حضرت آمنہ کے ابتدائے حمل ہی میں جس قدر خوارق واقع ہوئے وہ بھی بہت زیادہ
اختصار چند نقل کئے جاتے ہیں۔

علامہ قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں ان احادیث کو جمع فرماتے ہیں۔

ولماحملت امنة برسول الله ﷺ ظهر لحمله عجائب ووجد لايجاده غرا
الخطيب البغدادى لما اراد الله تعالىٰ خلق محمد ﷺ فى بطن امه امنة ليلة رجب
ليلة جمعة امرالله تعالىٰ فى تلك الليلة رضوان خازن الجنان ان يفتح الفردوس وينا
فى السموات والارض الا ان النور المخزون المكنون الذى يكون منه النبى الها
هذه الليلة يستقر فى بطن امه الذى فيه يتم خلقه ويخرج الى الناس بشيرا ونذيرا و
كعب الاحبار انه نودى تلك الليلة فى السماء وصفاحها والارض وبقاعها ا
المكنون الذى منه رسول الله ﷺ يستقر الليلة فى بطن امنة فياطوبى لها ثم
واصبحت يومئذ اصنام الدنيا منكوسة وكانت قريش فى جدب شديد وضي
فاخضرت الارض وحملت الاشجار واتاهم الرفد من كل جانب فسميت تلك الس
حمل فيها برسول الله ﷺ سنة الفتح والابتهاج وخرج ابونعيم عن ابن عباس ر
تعالىٰ عنهما قال كان من دلالة حمل امنة برسول الله ﷺ ان كل دابة لقريش نطق
الليلة وقالت حمل برسول الله ﷺ ورب الكعبة وهو امام الدنيا وسراج اهلها ولم يب
لملك من ملوك الدنيا الا اصبح منكوسا وفرت وحوش المشرق الى وحوش ا
بالبشارات وكذالك اهل البحار يبشر بعضهم بعضا وله فى كل شهر من شهور حم
فى الارض ونداء فى السماء ان ابشروا فقد آن ان يظهر ابو القاسم ﷺ مبعوثا
الحديث۔ (ملخصا مواہب مصری ج ۱ ص ۱۹)

جب حضرت آمنہ رسول اللہ ﷺ سے حاملہ ہوئیں تو اس حمل کی عجیب باتیں ظاہر ہوئیں۔اور ان
کی پیدائش کے لئے نادر چیزیں پائی گئیں۔خطیب بغدادی نے روایت کی کہ جب اللہ تعالیٰ نے رجب
کی رات جو شب جمعہ تھی حضرت آمنہ کے بطن میں حضرت محمد ﷺ کے پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا تو اللہ تعالیٰ
نے اس رات میں رضوان خازن جنت کو یہ حکم دیا کہ وہ جنت فردوس کو کھول دے اور ایک پکارنے والا
زمین اور آسمانوں میں ندا دے۔آگاہ کہ وہ نور جو خزانہ میں پوشیدہ تھا جس سے نبی ہادی ہونگے اس شب
میں اپنی والدہ کے بطن میں قرار پاگئے جس میں انکا وجود تام ہوگا اور وہ لوگوں کی طرف بشیر ونذیر ہوکر
تشریف لائیں گے۔اور کعب احبار کی روایت میں ہے کہ اس رات آسمان اور اس کی جانبوں اور زمین
اور اس کے حصوں میں ندا کرادی جائے کہ بیشک وہ پوشیدہ نور جس سے رسول اللہ ﷺ پیدا ہونگے وہ اس
شب حضرت آمنہ کے بطن میں قرار پاگئے۔تو انہیں بشارت ہو پھر بشارت ہو۔تو اس دن دنیا کے تمام بت
اوندھے ہوگئے اور قریش سخت قحط سالی اور بہت تنگی میں تھے تو زمین سرسبز ہوئی اور درخت بارآور ہوئے
اور ہر جانب سے ان پر خیر وبرکت نازل ہوئی اور اس سال کا نام جس میں رسول اللہ ﷺ حمل میں آئے
فتح وسرور کا سال رکھا گیا۔اور ابونعیم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت نقل کی کہ انہوں
نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کا حمل حضرت آمنہ میں ہونے کی یہ علامت ظاہر ہوئی کہ اس رات قریش
کا ہر جانور بول اٹھا۔کہنے لگا کہ کعبہ کے رب کی قسم رسول اللہ ﷺ حمل میں تشریف لے آئے جو دنیا کے
پیشوا اور اہل دنیا کے لئے چراغ ہیں۔اور دنیا کے بادشاہوں میں کسی بادشاہ کا تخت بغیر اوندھا ہوئے نہ
رہا۔اور مشرق کے وحشیوں نے مغرب کے وحشیوں کو بشارتیں دیں۔اور اسی طرح دریائی جانوروں نے
بعض نے بعض کو خوشخبری دی اور ان حمل کے مہینوں سے ہر مہینہ میں ان کے لئے ایک ندا زمین میں اور
ایک آسمان میں یہ ہوتی کہ ابوالقاسم ﷺ کے مبعوث ہونے اور ظہور کا وقت قریب ہوگیا بشارت حاصل
کرو۔

ان احادیث سے اس قدر خوارق تو وہ ثابت ہوئے جو حضرت آمنہ کے زمانہ حمل میں واقع
ہوئے۔پھر ہمارے نبی ﷺ کی پیدائش کے وقت جس قدر خوارق ظہور میں آئے وہ بہت کثیر ہیں اور ان
سب کو جمع کیا جائے تو جواب طویل ہوجائے گا۔

لہذا اسی مواہب سے چند خوارق نقل کرتا ہوں۔

وروى ابو نعيم عن عمر بن قتيبة قال سمعت ابى وكان من اوعية العلم قال لما

حضرت ولادة آمنة قال الله تعالیٰ لملائکته افتحوا ابواب السماء کلها وابواب الجنان
والبست الشمس یومئذ نورا عظیما وکان قد اذن الله تعالیٰ تلک السنة لنساء الدنیا
یحملن ذکورا کرامة لمحمد ﷺ ۔ (مواہب لدنیہ ج ا ص ۲۱)

ابونعیم نے عمر بن قتیبہ سے روایت کی انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا جو بڑے
تھے انہوں نے فرمایا کہ جب حضرت آمنہ کے جننے کا وقت آیا تو اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا کہ آسمان
کے کل دروازے اور جنتوں کے دروازے کھول دو۔ اور آج آفتاب کا نور زیادہ کردیا جائے۔ اور اللہ
نے اس سال دنیا کی عورتوں کے لئے یہ ارادہ فرمایا کہ وہ لڑکوں سے حاملہ ہوں یہ نبی ﷺ کی عزت
صدقہ میں۔

اخرج البیہقی والطبرانی وابونعیم وابن عساکر عن عثمان بن ابی العاص
حدثتنی امی انها شهدت ولادة امنة رسول الله ﷺ لیلة ولدته قالت فما شئ انظر الیه فی
البیت الا نور وانی لانظر الی النجوم تدنو حتی انی لا قول لیقعن علی فلما وضعت
مها نور اضیاء له البیت والدار حتی جعلت لاری الانورا ۔

(الخصائص الکبری ج ا ص ۴۵)

بیہقی اور طبرانی اور ابونعیم اور ابن عساکر نے حضرت عثمان بن ابوالعاص سے روایت کی
انہوں نے کہا مجھے میری والدہ نے روایت کی کہ وہ اس رات جس میں رسول اللہ ﷺ حضرت آمنہ سے
پیدا ہوئے موجود تھیں۔ کہتی ہیں کہ مجھے گھر میں ہر چیز روشن نظر آئی اور میں ستاروں کو دیکھتی کہ وہ قریب
ہوگئے یہاں تک کہ میں کہتی کہ یہ مجھ پر ضرور گر پڑینگے۔ تو جب پیدا ہوئے ایسا نور ظاہر ہوا جس سے
گھر منور ہوگیا یہاں تک کہ میں نور ہی نور دیکھتی تھی۔

اخرج ابونعیم عن عمرو بن قتیبة قال سمعت ابی وکان من اوعیة العلم قال
حضرت ولادة امنة قال الله تعالیٰ لملائکته افتحوا ابواب السماء کلها وابواب الجنان
وامر الله لملائکته بالحضور فنزلت تبشر بعضها بعضا وتطاولت جبال الدنیا وارتفعت
البحار وتباشر اهلها فلم یبق ملک الاحضروا خذ الشیطان فغل سبعین غلا والقی منکوسا
فی لجة البحر الخضراء وغلت الشیاطین والمردة والبست الشمس یومئذ نورا عظیما
واقیم علی راسها سبعون الف حوراء فی الهواء ینتظرون ولادة محمد ﷺ وکان قد اذن

الله تلک السنة ان لا تبقی شجرة الاحملت ولاخوف الاعاد امنا فلما ولد النبی ﷺ
امتلات الدنیا کلها نورا وتباشرت الملائکة وضرب فی کل سماء عمود من زبرجد
وعمود من یاقوت قد استناربه وقد انبت الله لیلة ولد علی شاطی نهر الکوثر سبعین الف
شجرة من المسک الاذخر جعلت ثمارها بخور اهل الجنة وکل اهل السموات یدعون الله
بالسلامة ونکست الاصنام کلها الحدیث ۔

(خصائص ج ا ص ۴۷)

ابونعیم نے عمر بن قتیبہ کی روایت کی تخریج کی کہ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا اور
وہ زبردست عالم تھے انہوں نے فرمایا کہ جب حضرت آمنہ کے جننے کا وقت آیا اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم
دیا کہ تم آسمان کے سب دروازے کھولدو اور خدا نے فرشتوں کے حاضر ہونے کا حکم دیا تو وہ اتر کر بعض
بعض کو بشارت دیتے اور دنیا کے پہاڑ دراز ہوئے اور سمندر بلند ہوئے اور اپنے اہل کو خوشخبری دیتے۔ تو
کوئی فرشتہ بلا حاضر ہوئے نہ رہا اور شیطان گرفتار ہوا پس ستر طوق ڈالا گیا اور بحر اخضر کے درمیان الٹا
لٹکا دیا گیا اور سرکش جنات مقید ہوئے اور اس روز آفتاب کا نور زیادہ کردیا گیا اور ان کے سر پر ہوا میں ستر
ہزار حوریں قائم کردی گئیں۔ یہ سب حضرت محمد ﷺ کی پیدائش کی منتظر تھیں اور اللہ تعالیٰ نے اس رات حکم
دیا تھا کہ ہر درخت بار آور ہونے سے باقی نہ رہے اور ہر خوف امن ہو کر لوٹے۔ اور جب نبی ﷺ پیدا
ہوگئے تمام دنیا نور سے بھر گئی۔ اور فرشتوں نے بشارت دی اور ہر آسمان میں ایک ستون زبرجد کا اور ایک
ستون یاقوت کا نصب ہوا جو روشن ہوا۔ اور اللہ تعالیٰ نے اسی شب نہر کوثر کے کناروں پر مشک اذخر کے ستر
ہزار درخت اگادئے اور اس کے پھلوں کو اہل جنت کے لئے بخور بنادیا اور تمام اہل فلک اللہ سے سلامتی
کی دعا مانگتے اور تمام بت سرنگوں ہوگئے۔

روی البیہقی وابونعیم وابن عساکر لما کانت اللیلة اللتی ولد فیها رسول الله ﷺ
ارتجس ایوان کسری وسقطت منه اربعة عشر شرفة وخمدت نار فارس ولم تخمد قبل
ذلک الف عام وغاضت بحیرة ساوة الحدیث ۔ (خصائص کبری للسیوطی ج ا ص ۵۱)

بیہقی اور ابونعیم اور ابن عساکر نے روایت کی جب وہ رات ہوئی جس میں رسول اللہ ﷺ پیدا
ہوئے تو کسری کے محل میں زلزلہ آیا اور اس سے چودہ کنگرے گر پڑے اور فارس کی آگ بجھ گئی جو اس
سے پہلے ایک ہزار سال سے نہیں بجھی تھی اور بحیرہ ساوہ خشک ہوگیا۔

ان احادیث سے ظاہر ہوگیا کہ ہمارے نبی ﷺ کی پیدائش کے وقت اس قدر خوارق
آئے۔ اب معترض کا ان کے انکار کے لئے یہ کہنا (اور قرآن سے بھی کسی معجزہ کا ثبوت نہیں
وفریب ہے جس کا جواب پہلے جوابوں اور تمہید میں گذر چکا۔ کہ اسلام کی دلیل صرف قرآن کریم
ہے بلکہ احادیث بھی اسلام کی دوسری دلیل ہیں اور مسلمان کے لئے جس طرح کوئی چیز قرآن
ثابت ہو کر قابل اعتقاد یا لائق عمل قرار پاتی ہے۔ اسی طرح جو احادیث سے ثابت ہو وہ بھی قابل
یالائق عمل ٹھہرتی ہے۔ مذہب اسلام میں جو چیزیں قرآن کریم سے تو ثابت نہ ہوں اور انکا ثبوت
یا اجماع سے ہو تو کیا مسلمان اس کو اس لئے کہ وہ قرآن کریم سے ثابت نہیں صرف اتنی ہی بات
کو غلط یا باطل کہہ سکتا ہے۔ ہرگز نہیں۔ لہذا معترض کا یہ قول مسلمان کے لئے کچھ مضر نہیں۔ بلکہ
دیکھے کہ خود عیسائیوں کے بعض اعمال صرف حواریوں کے کلام سے ثابت ہیں کتاب انجیل سے
کیا عیسائی ان کو اس لئے کہ وہ انجیل سے ثابت نہیں قابل عمل نہیں قرار دیں گے اور ان کو چھوڑ دیں

پھر یہ معترض اپنے استدلال کو ان الفاظ میں لکھتا ہے۔ ''پس ابن مریم ام منہ سے
علیہما السلام۔ معترض کا یہ نتیجہ جب اس کو مفید ہوتا کہ وہ حضرت مسیح کے لئے یہ خوارق انجیل سے
کرتا کہ اس کے لئے قرآن کریم تو دلیل ہی نہیں ہے۔ اور اہل اسلام کے نزدیک حضور اکرم
پیدائش کے وقت خوارق کا ہونا بکثرت احادیث سے ثابت ہے تو مسلمان کے نزدیک حضرت
لئے بھی خوارق ہونا قرآن کریم سے ثابت اور نبی کریم ﷺ کے لئے خوارق کثیرہ ہونا احادیث
ثابت تو معترض کا یہ نتیجہ مسلمان کے نزدیک تو غلط اور باطل ہی ہے۔ لہذا ہمارے نبی ﷺ باعتبار
کے بھی حضرت مسیح علیہ السلام سے افضل ہیں کہ کثرت خوارق زیادتی فضل پر دلالت کرتا ہے۔

اعتراض نمبر ۴۔ مسیح کا تکلم فی المہد اور ایتائے کتاب ونبوت بزمان شیر خوارگی تمام ا
کی فضیلت کی نہایت صاف وصریح دلیل ہے برخلاف اس کے محمد ﷺ صاحب نے کتاب ونبوت
کا دعوی اس وقت کیا جبکہ سن بلوغ سے گذر کر پیرانہ سالی تک پہنچ گئے تھے اور ان کی دنیاوی تجربہ
میں غالبا کوئی کسر باقی نہ تھی لہذا وہ افضل نہیں۔

جواب: ۔حضرت مسیح علیہ السلام کا تکلم فی المہد قرآن کریم سے تو ثابت ہے۔ لیکن ا
دمرقس ولوقا ویوحنا میں تو حضرت مسیح کا تکلم فی المہد کا معجزہ کہیں نظر سے نہیں گذرا۔ ہاں انجیل لو

ہے۔

انجیل لوقا باب ۲ آیت ۴۰ تا ۴۵۔

لڑکا بڑھتا اور حکمت سے بھر کے روح میں قوت پاتا رہا اور خداوند کا فضل اس پر تھا (۴۱) اس کے
ماں باپ ہر برس عید فسح میں یروشلم کو جاتے تھے (۴۲) اور جب وہ بارہ برس کا ہوا اور وہ عید کے دستور پر
یروشلم کو گئے تھے (۴۳) اور ان دنوں کو پورا کیا اور جلد پھر گئے، وہ لڑکا یسوع یروشلم رہ گیا پر یوسف اور
اس کی ماں نے نہ جانا (۴۴) بلکہ سمجھے کہ وہ قافلہ میں ہے ایک منزل گئے اور اسے رشتہ داروں اور جان
پہچانوں میں ہر کہیں ڈھونڈا (۴۵) اور نہ پا کر اس کی تلاش ہر کہیں کرتے ہوئے یروشلم کو پھرے (۴۶)
اور ایسا ہوا کہ انہوں نے تین روز پیچھے اسے ہیکل میں استادوں کے بیچ بیٹھے ہوئے ان کی سنتے اور ان
سے سوال کرتے پایا (۴۷) اور سب جو اس کی سنتے تھے اس کی سمجھ اور اس کے جوابوں سے دنگ تھے
(۴۸) تب وے اسے دیکھ کر حیران ہوئے اور اس کی ماں نے اس سے کہا اے بیٹے کس لئے تو نے ہم
سے ایسا کیا، دیکھ تیرا باپ اور میں کڑھتے ہوئے تجھے ڈھونڈھتے تھے (۴۹) اس نے انہیں کہا کیوں تم
مجھے ڈھونڈھتے تھے کیا تم نے نہ جانا کہ مجھے اپنے باپ کے یہاں رہنا ضرور ہے۔

اس انجیل سے ظاہر ہوا کہ حضرت مسیح جب بارہ برس کے ہوگئے تو انہوں نے پہلی مرتبہ یروشلم
میں استادوں کی ہیکل میں کلام کیا۔ ایسے جوابات دیئے جن سے لوگ دنگ ہوگئے اور خود ان کے ماں
باپ بھی حیران ہوئے۔ تو معترض کے نزدیک جب یہ بات ہے تو اسے کسی اعتراض کا کیا حق حاصل ہے
۔ اہل اسلام کے نزدیک حضرت مسیح کا تکلم فی المہد ثابت ہے لیکن محض تکلم فی المہد کو سبب افضلیت ٹھہرانا
بھی معترض کا فریب ہے کہ تکلم فی المہد تو غیر انبیاء کے لئے بھی ثابت ہے۔

علامہ بغوی تفسیر معالم التنزیل میں حدیث نقل فرماتے ہیں جو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ
عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

تکلم فی المهد اربعة وهم صغا رابنة فرعون وشاهد یوسف وصاحب جریج
وعیسی ابن مریم علیه السلام ۔ (معالم)

گہوارہ میں چار بچوں نے کلام کیا۔ فرعون کی لڑکی نے، حضرت یوسف علیہ السلام کے گواہ نے،
حضرت جریج کے لئے لڑکے نے۔ اور حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نے۔

ان النبی ﷺ تکلم اوائل ماولد وذکر ابن سبع فی الخصائص انه مهده کان
یتحرك بتحریك الملائكة وان اول كلام تكلم به ان قال الله اکبر کبیرا والحمد لله کثیرا ۔

(خصائص ص ۵۲۔۵۳)

بیشک نبی ﷺ نے پیدا ہو کر ہی کلام فرمایا۔ اور ابن سبع نے خصائص میں ذکر کیا کہ حضور
گہوارہ میں جھلاتے تھے اور حضور نے سب سے پہلا کلام یہ فرمایا اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا۔

اس میں حضرت مسیح کے علاوہ وہ تینوں "نبی نہیں تھے تو کیا معترض ان کو محض تکلم فی المہد"
انبیاء سے افضل کہہ سکتا ہے۔

انجیل لوقا باب اول آیت ۶۴۔

اور اسی دم (آٹھویں دن) اس (یوحنا) کا مونھ اور زبان کھل گئی اور وہ بولنے لگا اور
تعریف کی۔

تو اس انجیل میں یوحنا کے لئے تکلم فی المہد ثابت کیا اور حضرت مسیح کے لئے انجیل خاموش
تو معترض کے نزدیک کیا حضرت مسیح سے یوحنا افضل ہیں۔ لہذا معلوم ہوگیا کہ محض تکلم فی المہد
افضلیت نہیں۔ اور ہمارے نبی ﷺ ان کے لئے تکلم فی المہد بھی ثابت اور بعد تولد کے بھی
ثابت ہے۔

خصائص کبریٰ میں ہے کہ حضرت ابن حجر نے سیرۃ واقدی سے نقل کیا۔ اس کی عبارت
ہے۔ ان احادیث سے ثابت ہوگیا کہ ہمارے نبی ﷺ نے بعد تولد ہی کلام فرمایا اور اللہ تعالیٰ
وتحمید بیان فرمائی۔ تو معترض دیکھے کہ ہمارے نبی ﷺ سے تکلم فی المہد بھی ثابت ہے۔ تو یہ حضرت
علیہ السلام کے ساتھ خاص نہیں ہوا تو اس سے افضلیت کا استدلال ختم ہوگیا۔

اب رہتا ہے معترض کا یہ قول کہ۔

حضرت مسیح کو ابتدائے کتاب ونبوت بزمانہ شیرخوارگی تمام انبیاء پر اس کی فضیلت کی صاف
دلیل ہے۔

معترض حضرت مسیح کے لئے کتاب ونبوت بزمانہ شیرخوارگی ماننا اپنی کتاب انجیل مرجہ
کرتا ہے۔ ہمیں تو انجیلوں میں اس کے خلاف ملتا ہے۔

دیکھو انجیل لوقا باب ۳ آیت ۲۱۔

جب سب لوگ بپتسمہ پاچکے تھے اور یسوع بھی بپتسمہ پاکر دعا مانگ رہا تھا آسمان
(۲۲) اور روح قدس جسم کی صورت میں کبوتر کی اس پر اتری اور آسمان سے ایک آواز آئی جو یہ کہ

میرا پیارا بیٹا ہے تجھ سے میں راضی ہوں (۲۳) اور یسوع اب برس تیس ایک کا ہوا۔

انجیل مرقس باب اول آیت ۱۴۔

پھر یوحنا کی گرفتاری کے بعد یسوع نے گلیل میں آ کے خدا کی بادشاہت کی خوشخبری کی منادی کی
(۱۵) اور کہا کہ وقت پورا ہوا اور خدا کی بادشاہت نزدیک آئی توبہ کرو اور انجیل پر ایمان لاؤ۔

ان آیات انجیل سے ظاہر ہوگیا کہ جب مسیح پر روح قدس نازل ہوئے اور ان کو نبوت دی گئی تو وہ
تیس برس کے تھے اس وقت انہوں نے بادشاہت خداوندی اور لوگوں کو توبہ کرنے اور انجیل پر ایمان
لانے کی تبلیغ شروع کی۔ تو عیسائیوں کے نزدیک حضرت مسیح کو کتاب ونبوت تیس سال کی عمر میں دی گئی
اور اہل اسلام کی کتابوں کا مطالعہ کیا جائے تو حضرت مسیح کو نبوت وکتاب بقول معتمد چالیس برس کی عمر
میں ملی۔ چنانچہ تفسیر صاوی میں حضرت مسیح علیہ السلام کے ذکر میں ہے۔

رسولا الی بنی اسرائیل فی الصبا ای وھو ابن ثلاث سنین وقولہ او بعد البلوغ ای
وھو ابن ثلثین سنۃ وکلا القولین ضعیف والمعتمد انہ نبی علی راس الاربعین وعاش نبیا
ورسولا ثمانین سنۃ فلم یرفع الا وھو ابن مائۃ وعشرین سنۃ۔

(تفسیر صاوی مصری ج۱ ص ۳۸)

حضرت مسیح بچپنے میں بنی اسرائیل کی طرف رسول ہو کر آئے یعنی وہ تین سال کے تھے اور
بعد بلوغ کا قول تیس سال کا ہے اور یہ ہر دو قول ضعیف ہیں اور قول معتمد یہ ہے کہ چالیس سال کی عمر پر نبی
ہوئے اور ۸۰ برس نبی ورسول ہو کر رہے اور ایک سوبیس برس کی عمر میں اٹھائے گئے۔

علامہ قسطلانی مواہب لدنیہ میں اور علامہ زرقانی اس کی شرح میں فرماتے ہیں۔

وانما یکون الوصف بالنبوۃ بعد البلوغ الموصوف بھا اربعین سنۃ اذ ھو سن
الکمال ولھا تبعث الرسل ومفاد ھذا الحصر الشامل لجمیع الانبیاء حتی یحیی وعیسی ھو
الصحیح۔ (زرقانی مصری ج۱ ص ۳۴)

اور نبی نبوت سے بعد بلوغ چالیس سال کی عمر میں متصف ہوتا ہے کیونکہ یہی سن کمال ہے اور
اسی پر رسول مبعوث ہوتے ہیں۔ اس حصر کا مفاد یہ ہے کہ یہ بات تمام انبیاء کو شامل ہے یہاں تک کہ
قول صحیح حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام بھی۔

ابن مردویہ اور ضیاء نے مختارہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی کہ انہوں نے

اس کو مرفوع کیا۔

مابعث اللہ نبیا الاشابا ۔ (زرقانی مصری ج ۱ ص ۳۵)

اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو مبعوث نہیں کیا مگر بحال جوانی۔

ان عبارات وحدیث شریف سے ثابت ہوگیا کہ نبوت جوانی ہی میں دی جاتی ہے اور
چالیس برس کی عمر ہے۔ تو تمام انبیاء کو چالیس سال کی عمر ہی پر نبوت عطا فرمائی گئی۔ لہذا
حضرت یحیی وحضرت عیسی علیہما السلام کو بھی چالیس برس کی عمر پر نبوت دی گئی۔ لہذا اہل اسلام
مسیح کے متعلق یہ اعتقاد ہے۔ اور عیسائیوں کے نزدیک انہیں تیس برس کی عمر میں نبوت ملی تو
کوئی قائل نہیں ہوا۔ تو اس معترض نے حضرت مسیح علیہ السلام کے لئے زمانہ شیر خوارگی میں نبوت
ملنا کہاں سے ثابت کیا۔

بالجملہ ہمارے نبی ﷺ اور حضرت مسیح چالیس برس کی عمر میں کتاب ونبوت کے ملنے
ثابت ہوئے تو اس معترض کا افضلیت کا سبب تو ختم ہوگیا اور افضلیت کی تعمیر ہی منہدم ہوگئی کہ
کے لئے ابتائے کتاب ونبوت زمانہ شیر خوارگی میں اہل اسلام اور عیسائیت دونوں کے نزدیک
ہوگا۔ لہذا معترض کا سارا منصوبہ ہی ختم ہوگیا۔

اس کے بعد کہتا ہے:

برخلاف اس کے محمد ﷺ صاحب نے کتاب ونبوت ہونے کا دعوی اس وقت کیا جبکہ
سے گذر کر پیرانہ سالی تک پہنچ گئے تھے اور ان کی دنیوی تجربہ کاری میں غالبا کوئی کسر باقی نہ تھی
افضل نہیں۔ معترض کا یہ قول بھی اہل اسلام کے خلاف ہے۔

چنانچہ ابونعیم نے حلیہ میں حضرت میسرہ سے اور ابن سعد نے حضرت ابن ابوالجدعا
طبرانی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی:

کنت نبیاوآدم بین الروح والجسد ۔ (جامع صغیر ج ۲ ص ۸۱)

میں نبی تھا اور اس وقت آدم روح اور جسم ہی کے درمیان تھے۔

بیہقی اور حاکم اور امام احمد نے حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روا
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

انی عنداللہ لخاتم النبیین و ان ادم لمنجدل فی طینۃ ۔ (مواہب ص ۶)

بیشک میں اللہ کے نزدیک خاتم النبیین تھا اور آدم بلا روح کے مٹی ہی میں تھے۔

امام احمد نے اور امام بخاری نے تاریخ میں اور ابونعیم نے حلیہ میں اور اس کی حاکم نے تصحیح کی کہ
حضرت میسرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا:

یارسول اللہ متی کنت نبیا قال وآدم بین الروح والجسد ۔ (مواہب ص ۶)

یارسول اللہ آپ کب نبی ہوئے؟ فرمایا جب کہ آدم روح اور جسم ہی کے درمیان تھے۔

علامہ علی قاری شرح فقہ اکبر میں ان احادیث سے استدلال فرماتے ہوئے لکھتے ہیں۔

وفیہ دلالۃ علی ان نبوتہ لم تکن منحصرۃ فیمابعد الاربعین کماقال جماعۃ بل
اشارۃ الی انہ من یوم ولادتہ متصف بنعت نبوتہ بل یدل حدیث کنت نبیاوآدم بین الروح
والجسد علی انہ متصف بوصف النبوۃ فی عالم الارواح قبل خلق الاشباح وھذا وصف
خاص لہ۔ (شرح فقہ اکبر مصری ص ۵۸)

اس میں اس بات پر دلالت ہے کہ حضور کی نبوت چالیس سال کے بعد میں منحصر نہیں ہے جیسا
کہ ایک جماعت نے کہا، بلکہ یہ اشارہ ہے کہ حضور یوم ولادت سے نعت نبوت کے ساتھ متصف ہیں بلکہ
وہ حدیث کہ میں نبی تھا اور آدم روح اور جسم ہی کے درمیان تھے اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ حضور
اجسام کے پیدا ہونے سے پہلے عالم ارواح میں بھی وصف نبوت کے ساتھ متصف تھے یہ حضور کی خاص
صفت ہے۔

ان احادیث اور عبارات سے ثابت ہوگیا کہ ہمارے نبی ﷺ چالیس برس ہی کے بعد نہیں بلکہ
یوم ولادت سے بھی متصف بہ نبوت تھے بلکہ عالم ارواح میں بھی روح مبارک حقیقۃ نبوت کے ساتھ
متصف تھی۔ ہاں جسد شریف کی نسبت کے اعتبار سے چالیس برس کی عمر شریف میں متصف بہ نبوت
ہوئے۔ تو جب حضرت مسیح علیہ السلام کو سن چالیس میں نبوت ملی اور ہمارے نبی ﷺ کو نہ فقط زمانہ
شیر خوارگی میں بلکہ یوم ولادت میں بلکہ اس سے قبل عالم ارواح میں بھی نبوت کا ہونا ثابت ہو چکا تو
معترض ہی کے معیار افضلیت کی بنا پر ہمارے نبی ﷺ حضرت مسیح علیہ السلام سے افضل قرار پائے۔ تو
پھر معترض کا استدلال ہی الٹ گیا۔ اور اس کا دعوی ہی خاک میں مل گیا۔

اعتراض نمبر ۵۔ از روئے قرآن عیاں ہے کہ جس وقت مسیح کو دشمنوں نے پکڑنا چاہا آسمان
سے فرشتہ نازل ہوا اور اسے بجسد عنصری اٹھا کر آسمان پر لے گئے اور اس طرح کفار سے خدا نے اسے

محفوظ رکھا لیکن جب کہ مکہ میں دشمنوں نے محمد (ﷺ) صاحب کا محاصرہ کیا تو نہ کوئی فرشتہ ان...
آیا اور نہ وہ آسمان پر پہنچائے گئے۔ عام لوگوں کی طرح پیادہ چل کر دشت پر خار سے گذر... دشمنوں سے پوشیدہ ہوکر ایک تیرو تار غار میں جا چھپے۔ پھر وہاں سے بھاگ کر مدینہ میں انصار... داخل ہوئے۔ کیا یہ زمین وآسمان کا فرق نہیں۔ دیگر انبیاء کو بھی اگر دشمنوں سے بچایا ہے تو زمین... بغرض حفاظت آسمان پر نہیں پہنچایا گیا۔ اگر مسیح بھی ویسا ہی ہوتا جیسے وہ تھے تو ان کی طرح ز... جاسکتا تھا۔ آسمان پر حفاظت اس امر کی صاف دلیل ہے کہ وہ تمام انبیاء سے نرالا اور افضل... صاحب (ﷺ) مسیح کے ہم رتبہ ہوتے تو ضرور دشمنوں سے محصور ہونے کے موقع پر آسمان... جاتے اور زمین میں بھاگ بھاگ کر غاروں میں چھپنے کی ضرورت نہ ہوتی۔

جواب:۔ قرآن کریم نے حضرت مسیح علیہ السلام کی دشمنوں سے محافظت اور ان کا آ... جسم کے تشریف لے جانا بیان کیا۔ اہل اسلام کا تو اس پر ایمان ہے لیکن عیسائیوں کا حضرت مسیح... یہ عقیدہ ہے۔

انجیل یوحنا باب ۱۸ آیت ۱۲۔

تب سپاہی اور صوبہ دار اور یہودیوں کے پیادوں نے ملکر یسوع کو پکڑا اور باندھا۔

نیز اسی کے باب ۱۹ آیت ۱۔

تب پلاطوس نے یسوع کو پکڑ کے کوڑے مارے۔

انجیل لوقا باب ۲۲ آیت ۶۳

اور وے مرد جنکے حوالے یسوع تھا اسکو ٹھٹے میں اڑانے اور مارنے لگے (۶۴) اور ا... موند کے اس کے مونھ پر طمانچے مارے۔

انجیل مرقس باب ۱۵ آیت ۱۔

جو صبح ہوئی سردار کاہن نے بزرگوں اور فقیہوں اور ساری صدر مجلس کے ساتھ مشو... یسوع کو باندھا اور اسے لیجا کر پلاطوس کے حوالے کیا (۱۵) تب پلاطوس نے لوگوں کی رضا... یسوع کو کوڑے مار کے حوالے کیا کہ صلیب پر کھینچا جائے (۲۵) اور تیسرا گھنٹہ تھا کہ انہو... کو صلیب دی (۳۴) اور نویں گھنٹے یسوع بڑی آواز سے چلا کر بولا ایلی ایلی لما سبقتنی جس کا... اے میرے خدا میرے خدا تو نے مجھے کیوں چھوڑا (۳۷) تب یسوع نے بڑی آواز سے...

دیا۔

انجیل متی باب ۲۶ آیت ۵۰۔

یسوع نے اس سے کہا اے میاں تو کاہے کو آیا تب انہوں نے پاس آکر یسوع پر ہاتھ ڈالے اور اسے پکڑ لیا (۶۷) تب انہوں نے اسکے منہ پر تھوکا اور اسے گھوسا مارا اور دوسروں نے اسے طمانچے مار کے کہا کہ (۶۸) اے مسیح ہمیں نبوت سے بتا کہ کس نے تجھے مارا۔

ان آیات انجیل سے یہ ظاہر ہوگیا کہ عیسائیوں کے نزدیک حضرت مسیح کو دشمنوں نے پکڑ بھی لیا باندھ بھی لیا۔ ان کے کوڑے بھی مارے انکے گھوسے بھی مارے۔ ان کے طمانچے بھی لگائے۔ ان کے تمسخر بھی اڑائے۔ یہاں تک کہ انہیں صلیب پر چڑھایا۔ اور حضرت مسیح نے خدا کو پکارا اور بڑی آواز سے چلا کر کہا اے خدا تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا۔ بالآخر انہوں نے بڑی زور سے چلا کر دم چھوڑ دیا۔ اور خدا نے نہ کوئی فرشتہ نازل کیا نہ انہیں دشمنون سے چھڑایا۔ یہاں تک کہ یہود نے انہیں صلیب دی اور انہوں نے اپنی جان دی۔ تو انجیلوں سے نہ ان کی دشمنون سے حفاظت کرنا ثابت، نہ ان کی مدد کو فرشتہ کا آنا ثابت ۔نہ ان کے جسد عنصری کا آسمان پر ہی جانا ثابت بلکہ ان انجیلوں سے یہ ثابت ہے کہ ان کے بارہ شاگردان خاص اس وقت پر کام نہ آئے۔ پطرس یعنی شمعون نے تو قسم کھا کر تین بار ان کی معرفت ہی سے انکار کردیا اور یہود نے صرف تیس روپیہ لیکر انہیں گرفتار کرادیا۔ اس قسم کی عیسائیوں کی بکثرت خرافات ہیں جو ان کی کتابوں میں ہیں۔ اس پر یہ معترض حضرت مسیح کی حمایت کا دم بھرتا ہے۔ اور ان کی افضلیت کے ثابت کرنے میں اوروں کے فضائل اور خصائص سے انکار کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اہل اسلام تو حضرت مسیح علیہ السلام کے لئے ایسی خرافات کا ذکر کرنا بھی پسند نہیں کرتے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ حضرت مسیح کی تعظیم وتوقیر کا اسلام نے سبق پڑھایا۔ قرآن کریم نے ان کی عزت ومنزلت کا درس دیا۔ احادیث نے ان کی شان وشوکت ورفعت کا اظہار کیا۔ تو حضرت مسیح کی سچی عزت وعظمت کرنیوالے صرف اہل اسلام ہیں بلکہ یوں کہئے کہ حقیقی عیسائی تو محمدی ہیں۔

پھر معترض کا یہ قول۔

ولیکن جب مکہ میں دشمنوں نے محمد صاحب ﷺ کا محاصرہ کیا نہ کوئی فرشتہ ان کو بچانے آیا نہ وہ آسمان پر پہنچائے گئے۔

صریح باطل اور جیتا جھوٹ ہے کہ واقعہ ہجرت بہت مشہور واقعہ ہے۔ اس میں احادیث کثیرہ

وارد ہیں۔خود قرآن کریم میں بھی اس کو ان الفاظ میں بیان فرمایا:

واذیمکربک الذین کفروا لیثبتوك اویضلوك او یخرجوك ویمکرون ویمکراللہ

(ع۴ ج۹)

اوراے محبوب یاد کرو جب کافر تمہارے ساتھ مکر کرتے تھے تمہیں بند کرلیں یا شہید یا نکا

اور وہ اپنا سا مکر کرتے تھے اور اللہ ان کے مکر کا جواب دیتا تھا۔

احادیث میں ہے کہ حضرت جبرئیل امین نازل ہوئے اور کفار کے مشورہ کی اطلاع دی

مواہب لدنیہ میں نقل کیا۔

اتی جبرئیل النبی ﷺ فقال لاتبت ھذہ اللیلۃ علی فراشك الذی کنت تبیت

(مواہب لدنیہ مصری ج۱ ص۶۰)

حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں جبرئیل نازل ہوئے اور عرض کی کہ آپ اس را
بچھونے پر رات نہ گذاریں جس پر آپ شب باشی فرمایا کرتے تھے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت جبرئیل امین بوقت ہجرت نازل ہوئے اور انہوں
کے تمام مشوروں کی اطلاع دی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو رفیق بنانے کا حکم دیا۔تو اس
کے سردار کا نازل ہونا احادیث سے ثابت ہے۔لہذا معترض کا قول کس قدر غلط وباطل ثابت ہوا

اب باقی رہا ہمارے نبی ﷺ کا مع جسم شریف کے آسمان پر جانا بکثرت احادیث معت
ثابت ہے جن کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔پھر اس میں بھی ہمارے نبی ﷺ کی خصوصیت وافضلیت
حضرت مسیح علیہ السلام تو صرف فلک دوم ہی تک پہنچے اور ہمارے نبی ﷺ تو ہفت افلاک کو طے
ہوئے کرسی اور عرش عظیم تک پہنچے بلکہ بالائے عرش بہت سے حجابات کو طے کرتے ہوئے مقام
پہنچے۔تو معترض کا ہمارے حضور کے آسمان پر جانے کا انکار کرنا نہ صرف غلط وباطل بلکہ اس
عداوت ہے۔اسی بنا پر دیدہ ودانستہ انکار کرتا ہے۔پھر یہ معترض اسی واقعہ ہجرت کے متعلق کہتا

تمام لوگوں کی طرح پیادہ چل کر دشت پرخار سے گذرتے ہوئے دشمنوں کی نظر سے پو
ایک تیرہ غار میں جاچھپے۔

معترض نے اس میں چار امور ذکر کئے (۱) پیادہ چلنا (۲) دشت پرخار سے گذرنا (۳
کی نظر سے پوشیدہ ہوجانا (۴) تیرہ غار میں چھپ جانا۔ظاہر ہے کہ اگر یہ امور نبی کی نبوت و

اس کے فضل وکمال کے منافی ہوتے تو حضرت مسیح علیہ السلام کے لئے ان کا اثبات نہ ہوتا حالانکہ انجیل
موجودہ میں ان امور کا حضرت مسیح کے لئے اثبات کیا گیا ہے۔

(۱) پیادہ چلنا اس کو تو ہر انجیل میں بکثرت جگہ دیکھ کہ حضرت مسیح پیادہ چلتے تھے اور ان کے بارہ
شاگردان کے ہمراہ ہوتے اور بڑی بڑی بھیڑ ان کے پیچھے چلا کرتی تھی۔

(۲) اسی طرح دشت پر سے گذرنا اور بیابان طے کرنا۔

چنانچہ انجیل یوحنا باب ۱۱ آیت ۵۳۔

سو وے دشمن اسی روز سے آپس میں مشورت کرنے لگے کہ اسکو جان سے ماریں (۵۴) اس
لئے یسوع یہودیوں میں آگے ظاہرانہ پھرا بلکہ وہاں سے بیابان کے نواحی کے افرالیم نام ایک شہر میں گیا
اور اپنے شاگردوں کے ساتھ وہاں گذران کرنے لگا۔

اس سے ظاہر ہے کہ حضرت مسیح دشمنوں کے خوف سے شہر افرالیم میں بیابان طے کرتے ہوئے
پہنچے۔اور دشت پرخار سے گذر کر یہودیوں سے چھپ گئے۔

(۳) اسی طرح دشمنوں کی نظر سے پوشیدہ ہوجانا بھی ابھی اسی عبارت سے ثابت ہوگیا کہ یسوع
یہودیوں سے پوشیدہ ہوئے۔نیز اسی انجیل یوحنا باب ۸ آیت ۵۹ میں ہے۔

تب انہوں (دشمنوں) نے پتھر اٹھائے کہ اسے ماریں پس یسوع اپنے تئیں پوشیدہ کیا اور ان
کے بیچ سے گذر کر ہیکل سے نکلا اور یوں چلا گیا۔

اس میں صاف صریح ہے کہ حضرت مسیح دشمنوں کی نظر سے پوشیدہ ہوکر چلے گئے۔اسی طرح غار
میں چھپ جانا یہ بھی گذرا کہ حضرت مسیح شہر افرالیم میں دشمنوں کے خوف سے جاچھپے۔

نیز اسی انجیل یوحنا کے باب ۷ آیت ۱۔

بعد اس کے یسوع جلیل میں سیر کرتا رہا کہ یہودیہ میں سیر کرنا نہ چاہا اسلئے کہ یہودی اس کے قتل
کی فکر میں تھے۔

اسی کے باب ۱۲ آیت ۳۶ میں ہے۔

یسوع نے یہ باتیں کہیں اور جاکے اپنے تئیں ان سے چھپایا۔

اس میں صاف ہے کہ حضرت مسیح اپنے آپ کو دشمنوں سے چھپاتے تھے اور جب چھپ جانا ہی
کہا جائے گا تو اب چاہے وہ شہر میں ہو یا بیابان میں۔مکان میں ہو یا غار میں۔اجالے میں ہو

یا اندھیرے میں ہو۔ سب کو چھپ جانا ہی کہا جائے گا۔

بالجملہ جب حضرت مسیح علیہ السلام کے لئے انجیل میں یہ چار امور موجود ہیں۔ تو معترض ہمارے نبی ﷺ کے لئے ان چار امور کو بہ نظر اعتراض کیا سمجھ کر لکھا۔ اگر معترض کے نزدیک ہمارے نبی علیہ السلام کے فضل وکمال اور نبوت ورسالت کے منافی ہیں۔ تو حضرت مسیح کے لئے امور ان کے فضل وکمال اور نبوت ورسالت کے ضرور منافی ہونگے۔ تو معترض اپنے اعتراض اگر اپنی کتاب انجیل کی تو تلاوت کر لیتا۔ پھر اعتراض کرنے کی ہمت نہ کرتا۔ لہذا یہ امور نہ نبی وکمال کے خلاف۔ نہ نبی کی نبوت ورسالت کے منافی۔ تو معترض کا یہ قول از راہ عناد وعداوت ہے

پھر اپنی مزید عداوت کا اظہار ان الفاظ میں کرتا ہے:۔

پھر وہاں سے بھاگ کر مدینہ میں انصار کی پناہ میں داخل ہوئے۔

معترض نے اس میں دو باتیں کہیں۔ ایک ہمارے نبی ﷺ کے وطن اصلی چھوڑ نے معظمہ سے ہجرت کرنے کو بھاگنا کہنا۔ دوسرے ان کے اقامت مدینہ کو انصار کی پناہ میں د قرار دیا۔ تو ہر دو امور اگر ان کے فضل وکمال اور نبوت ورسالت کے منافی ہیں تو انجیل میں یہ ہر یعنی وطن اصلی سے ہجرت کرنا اور دوسرے کسی مقام کو جائے قیام ٹھہرالینا حضرت مسیح علیہ السلام نہ ذکر کئے جاتے جن کا ایک ذکر تو ابھی انجیل یوحنا باب ۱۱ آیت ۵۳ و ۵۴ کی عبارت میں گزرا کہ مسیح نے بخوف قتل اور یہودیوں کے جان سے ماردینے کے مشورے کے باعث اپنے وطن کو چھوڑ افرائیم میں مع اپنے شاگردوں کے اقامت اختیار کر لی۔ تو کیا یہ گستاخ معترض اسکو بھی بھاگنے شاگردوں کی پناہ میں داخل ہونے سے ہی تعبیر کرے گا۔

نیز انجیل متی باب ۲ آیت ۱۳ میں ہے۔

خداوند کے ایک فرشتہ نے یوسف (جنہیں حضرت کا باپ اور مریم کا شوہر تجویز کیا) کو خوا دکھائی دیکے کہا اٹھ اس لڑکے اور اس کی ماں کو ساتھ لیکر مصر کو بھاگ جا اور وہاں رہ جب تک میں دوں کیونکہ ہیرودیس اس لڑکے کو ڈھونڈے گا کہ مار ڈالے۔

اور اسی باب کی پہلی آیت میں ہے:

اور جب یسوع ہیرودیس بادشاہ کے وقت یہودیہ کے بیت لحم میں پیدا ہوا۔

نیز اسی باب کی آخری آیات میں ہے

(۲۲) جب سنا کہ ارخلاؤس اپنے باپ ہیرودیس کی جگہ یہودیہ پر بادشاہت کرتا ہے تو وہاں جانے سے ڈرا۔ اور خواب میں آگاہی پاکر جلیل کے اطراف میں روانہ ہوا (۲۳) اور ایک شہر جس کا نام ناصرت تھا جا کے رہا کہ وہ جو نبیوں نے کہا تھا پورا ہوا کہ وہ ناصری کہلائے گا۔

اسی انجیل کے باب ۴ آیت ۱۲ میں ہے۔

جب یسوع نے سنا کہ یوحنا گرفتار ہو گیا تب جلیل کو چلا گیا (۱۳) اور ناصرت کو چھوڑ کر کفرناصم میں جو دریا کے کنارے زبوں اور نفتالی کی سرحدوں میں ہے جا رہا۔

ان آیات انجیل سے ظاہر ہو گیا کہ حضرت مسیح علیہ السلام بھی اپنے جائے ولادت یہودیہ کے بیت لحم میں دشمنوں کے خوف کی وجہ سے قیام نہ کر سکے اور یوسف ان کو اور حضرت مریم سے بھی ہجرت کر کے کفرناصم میں رہنے لگے۔ پھر وہاں سے بھی ہجرت کر کے شہر افرائیم میں اپنے شاگردوں کے ساتھ گذران کرنے گئے۔ تو اگر ایک مقام یا وطن سے ہجرت کر کے کسی دوسرے مقام کو دار الاقامہ بنالینا کوئی عیب یا قابل طعن چیز ہوتی تو حضرت مسیح کے لئے انجیل میں اس کا ذکر نہ کیا جاتا۔ لہذا ثابت ہو گیا کہ یہ چیز نہ کسی عیب ونقص کو لازم نہ نبوت ورسالت کے منافی۔

بالجملہ اس معترض نے ہمارے نبی پر اس بات کا اعتراض محض اپنی عداوت سے کیا تھا تو معترض کا اعتراض تو ختم ہو گیا۔ اب باقی رہا اس کا یہ گستاخانہ جملہ کہ "انصار کی پناہ میں داخل ہونا" نہایت سخت ہے کہ نبی خدا کے سوا کسی کی پناہ میں نہیں رہتا۔ اور انبیاء کرام کا اپنے جاں نثاروں میں رہنا تعلیم دین کے لئے ہوتا ہے جس طرح حضرت مسیح اپنے بارہ شاگردوں کے ساتھ رہتے تھے۔ معترض اتنا بھی نہیں جانتا کہ والیان ملک اپنے ملازمین وخدام اور سپاہ وفوج کے ساتھ رہتے ہیں تو جس طرح کسی کم فہم کا یہ کہدینا کہ یہ والی ملک ملازمین وخدام کی پناہ میں داخل ہے انتہائی حماقت کی بات ہے اسی طرح اس معترض کا یہ جملہ کہنا انتہائی جہالت اور دلی عداوت کا ثمرہ ہے۔

پھر معترض کہتا ہے۔ "کیا یہ زمین آسمان کا فرق نہیں" میں بھی کہتا ہوں کہ بلاشک زمین وآسمان کا فرق موجود ہے (۱) حضرت مسیح نے تو یہودیہ سے مصر کی طرف ہجرت کی۔ پھر وہاں سے ناصرت کی طرف ہجرت کی۔ پھر وہاں سے کفرناصم کی طرف ہجرت کی۔ پھر وہاں سے افرائیم کی طرف ہجرت کی۔ اور باوجود ان کے بھی بقول عیسائی دشمنوں سے محفوظ نہ رہے اور ہمارے نبی ﷺ نے صرف مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت کی اور دشمنوں نے اپنے انتہائی اجتماعی حملے کئے اور پسپا ہوئے

ناکام اور خائب وخاسر ہوکر واپس ہوئے۔ اور مدینہ طیبہ کو فتح نہ کر سکے بلکہ ہمارے حضور نبی کر
نے چند برس کے بعد مکہ مکرمہ کو فتح کرلیا۔

(۲) بقول عیسائیوں کے حضرت مسیح کو دشمنوں نے گرفتار کرلیا۔ اور ہمارے نبی
گرفتار نہ کر سکے۔

(۳) بقول عیسائیوں کے حضرت مسیح کو اعداء نے زدوکوب کی۔ اور ہمارے نبی
ایسی آزار وتکالیف نہ پہنچا سکے۔

(۴) بقول انجیل حضرت مسیح کو صلیب دی گئی۔ اور ہمارے نبی کو کفار قتل نہ کر سکے۔

(۵) بخیال عیسائی حضرت مسیح کو بوقت صلیب دینے کے کوئی فرشتہ انہیں بچانے
آیا اور ہمارے نبی ﷺ کی حفاظت کے لئے جنگ احد وحنین میں صدہا فرشتے نازل ہوئے۔

(۶) حضرت مسیح مع جسد عنصری صرف فلک دوم تک پہنچے اور ہمارے نبی علیہ
افلاک سے اوپر اور عرش اعظم سے بالاتر اسی جسم شریف کے ساتھ پہنچے۔

(۷) بقول معترض حضرت مسیح صرف بغرض حفاظت آسمان کی طرف اٹھائے گئے۔
نبی کو آسمانوں اور عرش وکرسی تک بغرض سیر وتفریح اور اکرام واعزاز لیجایا گیا۔ تو معترض دیکھے
مسیح اور ہمارے نبی علیہ السلام کے مدارج میں کس قدر زمین وآسمان کا فرق موجود ہے۔

پھر یہ معترض یہ کہتا ہے۔

دیگر انبیاء کرام بھی اگر دشمنوں سے بچایا ہے تو زمین ہی پر کسی کو بغرض حفاظت آسمان
گیا۔ اگر مسیح بھی ویسا ہی ہوتا جیسے وہ تھے تو ان کی طرح زمین پر بچایا جاسکتا تھا۔

معترض کو دیگر انبیاء کرام کو دشمنوں سے بچایا جانا تو تسلیم ہے اگر چہ ان کی زمین ہی
ہوئی لیکن اس کی مروجہ انجیل حضرت مسیح کے لئے تو زمین پر بچانا بھی ثابت نہیں کرتی۔ بلکہ
صاف موجود ہے کہ دشمنوں نے حضرت مسیح کو گرفتار بھی کیا۔ اور ان کو زدوکوب بھی کیا۔ یہاں تک
صلیب بھی دی۔ پھر انہوں نے درگاہ الٰہی میں اپنی حفاظت کے لئے دعا بھی کی مگر خدا نے ان
نہ کی اور بالآخر انہوں نے چلا کر اپنی جان دی ۔ تو پھر اس معترض کو کیا حق ہے کہ وہ دیگر ا
حفاظت کا حضرت مسیح سے مقابلہ کرے۔ اور ان پر حضرت مسیح کی افضلیت کی دلیل حفاظت کر
اور غلط نتیجہ نکالے کہ۔

آسمان پر حفاظت اس امر کی دلیل ہے کہ وہ تمام انبیاء سے نرالا اور افضل ہے۔

معترض پر پہلے تو یہ لازم تھا کہ وہ اپنی انجیلوں سے یہ ثابت کرتا کہ حضرت مسیح کو دشمن نہ گرفتار
کرسکے نہ انہیں صلیب دے سکے۔ اور اس وقت فرشتہ آیا اور ان کو بغرض حفاظت آسمان کی طرف لے گیا
مگر انجیلوں میں تو اس کے خلاف نہایت صاف بیان ہے یہ ہے کہ انہیں دشمنوں نے پکڑ لیا اور صلیب
دیدی۔ پھر صلیب سے ان کی لاش اتار کر سوتی کپڑے میں کفنا کر نئی قبر میں رکھدی اور قبر کے مونھ پر ایک
پتھر رکھدیا۔ اور کئی دن پہرا لگا رہا۔ پھر بعد موت کے ان زندہ ہوجانا اور فرشتہ کا آنا اور آسمان پر لے جانا
اس کو صرف مرقس اور لوقا کی انجیلوں نے ذکر کیا اور متی اور یوحنا میں یہ بھی نہیں۔ اور یہاں بحث اس
آسمان پر پہنچنے میں ہے جو قبل موت ہوا اور یہ کسی انجیل سے ثابت نہیں۔ اور ان انجیلوں میں جو بعد صلیب
کے آسمان کی طرف جانا مذکور ہے اس میں حضرت مسیح کی کوئی خصوصیت نہیں کہ اور انبیاء کرام بھی اس کے
بعد آسمان پر پہنچے تو اس صورت میں معترض جو حضرت مسیح کا دیگر انبیاء کرام سے امتیاز ثابت کر رہا ہے تو یہ
امتیاز غلط قرار پایا۔ اور جب یہ دلیل افضلیت ہی غلط ہے تو نتیجہ کیوں نہ غلط ہوگا۔

پھر اس معترض نے اپنی دلی عداوت کا اظہار ان الفاظ میں کیا ہے۔

اگر محمد (ﷺ) صاحب مسیح کے ہم رتبہ ہوتے تو ضرور دشمنوں سے محصور ہونے کے موقع پر
پہنچائے جاتے اور زمین پر بھاگ بھاگ کر غاروں میں چھپنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

ہمارے نبی ﷺ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے افضل تو اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے دشمنوں
سے حفاظت کی جگہ بھی ایسی مقرر فرمائی جو حضرت مسیح کی حفاظت کی جگہ سے افضل ہے کہ سرزمین مدینہ
طیبہ اللہ تعالیٰ کی محبوب جگہ ہے۔

علامہ نورالدین سمہودی وفاء الوفا میں فرماتے ہیں:

انها احب البقاع الی الله تعالیٰ ویؤیده انه تعالیٰ اختارها لحبیبه ﷺ حیا ومیتا فهی
محبوبة الی الله تعالیٰ ورسوله وسائر المومنین ۔ (وفاء الوفا مصری ج ۱ ص ۱۵)

بیشک مدینہ شریف اللہ کے نزدیک محبوب ترین بقعہ ہے اور اس کی یہ بات تائید کرتی ہے کہ اللہ
تعالیٰ نے اس کو اپنے حبیب ﷺ کے لئے حیات اور بعد وفات کے لئے چن لیا۔ تو یہ مدینہ اللہ تعالیٰ اور
اس کے رسول اور تمام مسلمانوں کا محبوب ہے۔

پھر اس مدینہ طیبہ میں بھی خاص کر وہ بقعہ شریفہ جو ہمارے نبی ﷺ کی آرامگاہ ہے وہ تمام آسمان

کے بقعوں بلکہ عرش عظیم سے بھی افضل ہے۔ چنانچہ یہی علامہ سمہودی اسی وفاء الوفاء میں فرماتے
علامہ زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں:

وقع الاجماع على ان افضل البقاع الموضع الذى ضم اعضاء ه الكريمة صلى
الله وسلامه عليه حتى من الكعبة لحلوله فيه بل نقل التاج السبكي عن ابن عقيل الـ
انه افضل من العرش وصرح الفاكهاني بتفضيله على السموات۔

(وفاء الوفاج ۱ص ۳۰ زرقانی ج ۱ص ۳۴)

اس پر اجماع منعقد ہے کہ افضل بقعہ وہ مقام ہے جو حضور ﷺ کے اعضاء شریفہ سے مشر
یہاں تک وہ ان کے تشریف فرما ہونے کی وجہ سے کعبہ سے بھی افضل ہے بلکہ تاج سبکی نے ابن عقیل
سے نقل کیا کہ وہ عرش سے بھی افضل ہے اور علامہ زرقانی نے اس کے آسمانوں سے افضل ہونے
کی۔

ان عبارات سے ثابت ہوگیا کہ ہمارے نبی ﷺ کی ہجرت کا شہر اللہ تعالیٰ کا محبوب مقام
ان کی آرام گاہ کے لئے وہ بقعہ مبارکہ منتخب فرمایا جو نہ صرف آسمانوں بلکہ عرش عظیم سے بھی افضل
اب رہی ہمارے نبی ﷺ کی حفاظت یہ اللہ تعالیٰ نے ایسی کی کہ ان کے دشمنوں کو یا تو ان
وفرمانبردار کردیا کہ انہوں نے اپنے مال واولاد، اور عزت وجان سب کچھ ان کے قدموں پر قربا
اور اپنی غلامی ونیاز مندی کی وہ نظیر قائم کردی جن کا نام سنکر دشمن لرز جایا کرتے تھے۔ اور ان
دشمنوں نے ادنی سرکشی کی اور ان کی غلامی کو قبول نہ کیا تو پھر ان کو کہیں غاروں میں چھپنے اور کہیں
بھاگ کر جان بچانے کی مہلت نہ مل سکی۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے بر وبحر میں۔ دشت وجبل
۔زمین وآسمان میں۔ ہمارے نبی ﷺ کی سلطنت کے پھریرے لہرائے۔ اور تحت الثری سے عرش
ان کے تحت تصرف کردیا۔

بالجملہ ہمارے نبی ﷺ کی ان کے رب نے یہ حفاظت کی اور ان کے دشمنوں کو ہلاک
۔معترض عداوت کی عینک اتار کر نظر انصاف سے دیکھے۔

اعتراض نمبر ۶۔ مسیح کا بجسد عنصری آسمان پر رہنا اور حوائج بشری کا باوجود جسم بشر مثل
یعنی خوردونوش سے فارغ ہونا اور باوجود بشریت الآن کما کان کا مصداق بنے رہنا مسلمات اسلا
ہے۔ برخلاف اس کے دیگر تمام بنی آدم کی نسبت قرآن میں یوں مرقوم ہے۔

فيها تحيون وفيها تموتون ومنها تخرجون الم نجعل الارض كفاتا احياء واموانا۔

یعنی بنی آدم کے واسطے قانون الٰہی یہ ہے کہ ان کا پیدا ہونا اور مرجانا جینا اور نشر وحشر سب کچھ
زمین پر ہی ہوگا۔ اس سے صاف ظاہر ہے بشر زمین ہی پر رہ سکتا ہے۔ خواہ وہ رسول ہو یا نبی۔ اگر کوئی
شخص بشر کہلا کر بھی آسمان پر رہ سکے تو ماننا پڑے گا کہ وہ تمام بنی آدم سے نرالی بشریت رکھتا ہے۔ پھر تمام
انبیاء کے حق میں مرقوم ہے۔

ماجعلنا هم جسدا لاياكلون الطعام وماكانوا خلدين۔

پس جو کوئی باوجود جسد عنصری کھانے پینے کے بغیر زندہ رہ سکے وہ تمام انبیاء سے نرالا وافضل ہے
۔اس آیت کو غلط ماننا پڑے گا۔ تقریبا دو ہزار سال سے بلا خوردونوش آسمان پر زندہ ہے وہ ان رسل وانبیاء
میں شمار نہیں ہوسکتا جن کی زندگی کا مدار کھانے پینے پر ہے جبکہ محمد صاحب ان اوصاف سے خالی ہیں تو مسیح
ان سے افضل ہوئے۔

جواب: ۔ حضرت مسیح علیہ السلام کا مع جسم کے آسمان پر رہنا اور حوائج بشری خوردونوش وغیرہ
سے جدا ہونا اور اپنی اسی حیات پر باقی رہنا اہل اسلام کے مسلمات سے ہے۔ لیکن عیسائیوں کو اس سے
استدلال کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں کہ ان کے نزدیک تو حضرت مسیح کو صلیب دیدی گئی، اور ان کی روح
اس جسم سے جدا ہوگئی، اور یہ حیات ختم ہوگئی یہاں تک کہ ان کو دفن کردیا گیا، تو وہ اس جسد عنصری کے ساتھ
قبل موت آسمان پر نہیں لے جائے گئے۔ اب رہا بعد موت کے زندہ ہو کر آسمان پر جانا اور وہاں رہنا یہ
حضرت مسیح ہی کے ساتھ خاص نہیں اور انبیاء بھی بعد موت کے زندہ ہو کر آسمان پر رہتے ہیں۔ علاوہ بریں
مسلمات اسلام سے اس معترض کو کیا واسطہ۔ کہ اسلام کے مسلمات سے جس طرح حضرت مسیح کی حیات
اور ان کا آسمان دوم پر رہنا ہے اسی طرح حضرت ادریس علیہ السلام کا آسمان پر زندہ ہو کر رہنا ہے کہ وہ
بھی مسلمات اسلام سے ہے۔

چنانچہ علامہ بغوی تفسیر معالم التنزیل میں اور علامہ خازن تفسیر خازن میں فرماتے ہیں:

قالوا اربعة من الانبياء احياء اثنان في الارض وهما الخضر والياس واثنان في
السماء ادريس وعيسیٰ۔ (خازن ج ۴ ص ۲۰۴)

اکابر علماء نے فرمایا انبیاء سے چار حضرات زندہ ہیں۔ دو تو زمین میں ہیں۔ ایک حضرت خضر
دوسرے حضرت الیاس۔ اور دو آسمان میں حضرت ادریس اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام۔

حضرت مسیح علیہ السلام افلاک دوم پر ہیں اور حضرت ادریس فلک چہارم پر ہیں۔ تو معتر
آسمان پر ہونے کی بنا پر جو امور حضرت مسیح کے لئے ثابت کرتا ہے وہ امور حضرت ادریس علیہ السلام
لئے بھی ثابت ہونگے۔ لہذا اسی بنا پر وہ حضرت مسیح کے لئے جو امور مخصوص کرنا چاہتا تھا تو وہ خصوصیت
ہوگئی کہ حضرت ادریس علیہ السلام بھی ان امور میں شریک ثابت ہوئے۔

اب معترض کا یہ قول۔

برخلاف اس کے دیگر تمام بنی آدم کی نسبت قرآن میں یوں مرقوم ہے: فیہا تحیون وفیہا تموتون ومنہا تخرجون الم نجعل الارض کفاتا احیاء واموا تا۔ یعنی بنی آدم کے واسطے قا الٰہی یہ ہے کہ ان کا پیدا ہونا اور مرجانا جینا اور نشر وحشر سب کچھ زمین پر ہی ہوگا اس سے صاف ظاہر بشر زمین ہی پر رہ سکتا ہے۔ خواہ وہ رسول ہو یا نبی۔

اس کی جہالت کی دلیل ہے کہ حضرت مسیح بھی زمین ہی پر پیدا ہوئے اور ایک سو بیس سال رفع اور چالیس برس بعد نزول اسی زمین پر رہے اور رہیں گے۔ اور بعد نزول بعد چالیس سال کے زمین پر ان کی وفات ہوگی۔ اور اسی زمین میں مدفون ہونگے یہ تو اہل اسلام کا اعتقاد ہے۔ اور مذ عیسائیت میں بھی ان کی پیدائش اسی زمین ہی پر ہوئی پھر وہ زمین ہی پر رہے یہاں تک کہ انہیں زمین پر صلیب دی گئی۔ اور وہ بعد صلیب زمین ہی میں دفن ہوئے۔ اور نشر وحشر تو ہوگا ہی زمین پر۔ تو ان ا میں حضرت مسیح تمام بنی آدم کے خلاف ہی کب ثابت ہوئے۔ حضرت مسیح کو اس سے مستثنیٰ ثابت کر کی سعی کرنا نادانی نہیں تو کیا ہے۔

پھر معترض کا یہ دعویٰ۔

کہ بشر زمین ہی پر رہ سکتا ہے خواہ وہ رسول ہو یا نبی۔

بلا دلیل ہے اسے چاہئے تھا کہ وہ اس پر پہلے دلیل قائم کرتا لیکن وہ یہ بلا سوچ سمجھ لکھ گیا کیونکہ اگر اس کو تسلیم ہے آدم علیہ السلام تک تحریر ہے تو ان باتوں کا نتیجہ یہ نکل آیا کہ یہ عیسائی معترض حضرت کے آسمان پر رہنے کا منکر ہے اور یہ انکار نہ فقط مذہب اسلام بلکہ مذہب عیسائیت کے بھی خلاف ہے۔

پھر معترض کا قول۔

اگر کوئی شخص بشر کہلا کر بھی آسمان پر رہ سکے تو ماننا پڑے گا کہ وہ تمام بنی آدم سے نرالی بشر رکھتا ہے۔

خود اپنا ہی رد ہے کہ یہ معترض اگر حضرت مسیح کے لئے آسمان پر رہنے کو تسلیم کرتا ہے تو انہیں بشر مانے گا یا نہیں۔ اگر انہیں بشر نہیں مانتا تو یہ انجیل کے خلاف ہے کہ انجیل میں انہیں بشر اور بنی آدم کہا گیا جس کی عبارات پیش کی جاچکیں۔ تو یہ خود اپنے قول کہ بشر زمین ہی پر رہ سکتا ہے کے خلاف لازم آتا ہے۔ لہذا اگر معترض حضرت مسیح کا قیام آسمان پر مانتا ہے تو یہ بھی اسی کے قول سے غلط اور اگر نہیں مانتا تو یہ بھی اسی کے کلام سے غلط۔ تو معترض اپنی اس گتھی کو سلجھائے۔

پھر اسکا یہ قول۔

وہ تمام بنی آدم سے نرالی بشریت رکھتا ہے۔

مزید جہالت ہے کہ جس میں نرالی بشریت ہوگی وہ بشر بھی ہوگا یا نہیں۔ اگر بشر ہوگا تو اس پر احکام بشر مرتب ہونگے تو وہ بقول معترض زمین ہی پر رہ سکتا ہے اور اس کے لئے آسمان کا رہنا ثابت نہیں ہوسکتا۔ اور اگر وہ بشر نہ ہوگا تو اس میں نرالی بشریت رکھنے کا کیا مقصد ہے۔ کیا اتصاف صفت کے باجود کوئی شی متصف بمشتق نہ ہوگی۔ کیا برف میں نرالی سفیدی نہیں پائی جاتی؟ کون کہہ سکتا ہے نہیں پائی جاتی۔ تو کیا اس کو سفید نہیں کہا جاسکتا۔ تو ظاہر ہوگیا کہ جس میں نرالی بشریت پائی جائے تو وہ بشر ہی کہلائے گا، پھر جب بشر ہوگا تو اس پر احکام بشر کیونکر متعلق نہ ہونگے۔ حضرت ادریس بشر کہلا کر ہی آسمان پر رہتے ہیں تو معترض کو نرالی بشریت ان میں بھی ماننی پڑے گی۔ لہذا معترض حضرت مسیح کے لئے جو خصوصیت ثابت کرنا چاہتا تھا وہ استدلال ہی ختم ہوگیا اور اس کی ساری تعمیر ہی سر بخاک ہوگئی۔

پھر یہ معترض کہتا ہے:

پھر تمام انبیاء کے حق میں مرقوم ہے: ماجعلنا ہم جسدا لایاکلون الطعام وماکانوا خالدین۔

پس جو کوئی باوجود جسد عنصری کھانے پینے کے بغیر زندہ رہ سکے وہ تمام انبیاء سے نرالا وافضل ہے تو اس آیت کو غلط ماننا پڑے گا۔

اس آیت کریمہ میں فرمایا گیا ہے وہ حق ہے فی الواقع تمام انبیاء کرام جب تک زمین پر رہے کھاتے پیتے رہے۔ حضرت مسیح علیہ السلام بھی آسمان پر اٹھائے جانے سے قبل ایک سو بیس برس تک زمین پر رہے، تو وہ بھی کھاتے پیتے رہے معترض اس کا تو انکار ہی نہیں کرسکتا۔ لیکن معترض نے اس آیت کریمہ کو کس لئے پیش کیا کہ اس آیت سے معترض کے استدلال کا تو کوئی مقدمہ ثابت نہیں ہوتا۔ تو یہ

آیت معترض کو تو کچھ مفید نہیں۔اس لئے کہ معترض کا استدلال ان مقدمات پر مبنی ہے۔

(۱)مقدمہ اولی آسمان پر بھی کھانے پینے کے لئے وہی چیزیں ہیں جو زمین پر تھیں۔

(۲)مقدمہ ثانیہ جسد عنصری آسمان پر بھی بلا کھائے پیئے زندہ نہیں رہ سکتا۔

(۳)مقدمہ ثالثہ جو کوئی باوجود جسد عنصری کے بلا کھائے پیئے زندہ رہ سکے وہ تمام
نرالا و افضل ہوتا ہے۔

(۴)مقدمہ رابعہ حضرت مسیح آسمان پر بجسد عنصری بلا کھائے پیئے زندہ ہیں۔

معترض پر پہلے یہ لازم تھا کہ ان مقدمات کو دلائل سے ثابت کرتا پھر اس کو یہ نتیجہ نکا
حاصل تھا کہ حضرت مسیح جب آسمان پر بجسد عنصری بلا کھائے پیئے زندہ موجود ہیں تو وہ تمام ا
افضل ہیں۔اور جب اس کے مقدمات ہی کسی دلیل سے ثابت نہ ہوسکے تو اس کا نتیجہ کس ط
ہوسکتا ہے۔اور جب معترض کی یہ کمزوری تھی تو پھر استدلال کرنے کا کیوں شوق اٹھا تھا۔اور اگر
بھی قطع نظر کیجئے تو حضرت مسیح جس طرح آسمان پر بجسد عنصری بلا کھائے پیئے زندہ ہیں اس طرح
ادریس علیہ السلام بھی آسمان پر بجسد عنصری بلا کھائے پیئے زندہ ہیں۔تو کیا معترض اپنے اس ا
بنا پر حضرت ادریس علیہ السلام کو بھی تمام انبیاء سے افضل مانے گا؟۔اور حضرت مسیح کی اس با
خصوصیت نہیں ہوئی کہ یہ چیز حضرت ادریس علیہ السلام کے لئے بھی ثابت ہوئی۔بالجملہ معترض
استدلال کا تو خاتمہ ہوگیا۔

پھر یہ معترض اس پر تفریع کرتا ہے۔

کہ مسیح تقریباً دو ہزار سال سے بلا خور و نوش کے آسمان پر زندہ ہیں۔

معترض نے یہ بات کہہ کر اور اپنے اوپر الزام قائم کرلیا کہ حضرت مسیح اگر آسمان پر تقر
سال سے بلا خور و نوش کے زندہ ہیں تو حضرت ادریس علیہ السلام تو آسمان پر تقریباً چھ ہزار
بلا خور و نوش کے زندہ ہیں۔تو اگر مدار فضیلت اسی پر ہے تو حضرت ادریس حضرت مسیح سے
افضل ثابت ہوئے۔اور باوجودیکہ حضرت مسیح حضرت ادریس سے افضل ہیں علیہما السلام۔تو ثا
کہ معترض کا اس کو مدار فضیلت ٹھہرانا غلط و باطل تھا۔

پھر معترض کا یہ نتیجہ نکالنا کہ۔

وہ (حضرت مسیح) ان رسل وانبیاء میں شمار نہیں ہوسکتا جن کی زندگی کا مدار کھانے پینے

یہ بھی غلط ہے۔حضرت مسیح ایک سو بیس برس تک قبل رفع زمین پر رہے اور کھاتے پیتے رہے۔تو
ان کا شمار ان رسل وانبیاء ہی میں ہوا جن کی زندگی کا مدار کھانے پینے پر تھا۔پھر جب آسمان پر تشریف لے
گئے تو ان کا شمار ان رسل وانبیاء میں ہوا جن کی آسمانی زندگی ہے اور وہ دنیا کے سے کھانے پینے سے پاک
ہیں۔جیسے حضرت ادریس علیہ السلام۔لہذا حضرت مسیح کا شمار بہر صورت رسل وانبیاء ہی میں رہا۔اب جو
معترض حضرت مسیح کو رسل وانبیاء کی شمار سے خارج کرتا ہے تو اس کا ایک پہلو تو یہ ہے کہ وہ انہیں مرتبہ
نبوت ورسالت ہی سے گرانا چاہتا ہے اور اس عیسائی معترض سے یہ بعید بھی نہیں کہ پولس رسول کے خط
میں جو گلتیوں کو ہے اس کے باب ۳ ورس ۱۳ میں ہے۔

مسیح نے ہمیں مول لیکر شریعت کی لعنت سے چھڑایا کہ وہ ہمارے بدلے میں لعنت ہوا کیونکہ
لکھا ہے جو کوئی کاٹھ پر لٹکایا گیا سو لعنتی ہے۔

اس میں صاف الفاظ میں حضرت مسیح کو ملعون و لعنتی کہا۔العیاذ باللہ تعالی۔تو جو ملعون ہو وہ مرتبہ
نبوت ورسالت پر کیسے فائز ہوسکتا ہے۔لہذا جس قوم نے حضرت مسیح کو ملعون و لعنتی کہدیا تو وہ انہیں رسل
وانبیاء میں کس طرح شمار کرسکتے ہیں۔دوسرا پہلو یہ ہے کہ وہ حضرت مسیح کے لئے مرتبہ نبوت ورسالت
سے بالاتر وصف الوہیت ثابت کرنا چاہتا ہے،اسی بنا پر انہیں رسل وانبیاء کی شمار سے خارج کرتا ہے۔تو یہ
بھی عیسائیوں کا مذہب ہے کہ وہ حضرت مسیح کو خدا بیٹا یا خدا بلکہ خدا سے بھی افضل کہتے ہیں۔ان کو خدا کا
بیٹا یا خدا کہنا تو انجیلوں میں بکثرت مقامات میں ہے لیکن ان کے خدا سے افضل ہونے کی عبارت سنئے۔

انجیل یوحنا باب ۱۷ کی پہلی آیت میں ہے۔

یسوع نے یہ باتیں فرمائیں اور اپنی آنکھیں آسمان کی طرف اٹھائیں اور کہا اے باپ گھڑی
آپہنچی ہے اپنے بیٹے کو جلال بخش تا کہ تیرا بیٹا بھی تجھے جلال بخشے۔

اس میں صاف طور پر خدا کے لئے مسیح کا جلال بخشنے والا قرار دیا تو مسیح کو خدا سے افضل
بنادیا۔لہذا جب عیسائی کے نزدیک حضرت مسیح خدا یا خدا سے افضل ہوئے تو وہ انہیں رسل وانبیاء
میں کیسے شمار کرسکتا ہے۔تو معترض کی اس عبارت کے ہر پہلو غلط و باطل ثابت ہوئے۔

پھر یہ معترض آخر میں اپنی عداوت کا اظہار کرتا ہے۔

جب محمد صاحب ان اوصاف سے خالی ہیں تو مسیح ان سے افضل ثابت ہوئے۔

معترض نے ہمارے نبی ﷺ کے لئے یہ بالکل غلط و باطل کہا کہ ہمارے حضور کا آسمان پر بجسد

عنصری تشریف لے جانا تو اوپر ثابت کردیا گیا۔اب باقی رہا بلا کھائے پیئے زندہ رہنا تو یہ وصف تو… حضور کے غلاموں کے لئے ثابت ہے۔

چنانچہ علامہ یافعی نے روض الریاحین میں نقل کیا:

قال الفضیل فوالله لقد بقیت عشرة ایام لم اطعم طعاما ولم اشرب شرابا ۔

(روض الریاحین مصری ص ۵۲)

حضرت فضیل بن عیاض نے فرمایا خدا کی قسم میں دس دن بغیر کھانا کھائے اور بلا پانی پیئے رہے جاؤنگا۔

یہی علامہ یافعی اسی کتاب میں شیخ ابوعبدالرحمٰن میں خفیف کا واقعہ تحریر فرماتے ہیں:

قال لم اکل اربعین یوما ولم ادخل علی الجنید وخرجت ولم اشرب وکنت… طهارتی ۔

(روض الریاحین ص ۸۵)

حضرت ابوعبدالرحمٰن نے فرمایا میں نے چالیس دن کھانا نہ کھایا اور حضرت جنید کی خدمت… حاضر نہ ہوا اور میں نے نکل کر پانی نہ پیا اور اپنی طہارت ہی پر رہا۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی اخبار الاخیار شریف میں حضور غوث اعظم رضی اللہ تعا… کے ذکر میں خود ان کا کلام نقل فرماتے ہیں:

تامدت چہل سال نماز فجر بوضوء عشاء گزاردم و پانزدہ سال بعد از ادائے نماز عشا قرآ… استفتاح می نمودم و بریکجائے ایستادہ ودست درمیخ دیوار زدہ تاوقت سحر ختم کردم واز ہمہ روز تا چہار… گذشت کہ قوت نمی یافتم وخواب نمی کردم وتایازدہ سال در برج بغداد کہ اورا بجہت طول مکث من در… برج عجمی گویند مشغول بودم وباخدا عہدمی بستم کہ نخورم تانخورانند ومدتہائے مدید بریں بگذشت و… شلستم وہرگز عہدے کہ باخدا بستم نہ شکستم۔

(اخبار الاخیار مجتبائی ص ۱۱و۱۲)

(حضور غوث اعظم نے فرمایا) میں نے چالیس سال تک نماز فجر عشاء کے وضو سے ادا… پندرہ سال تک نماز عشاء کے بعد سے قرآن کریم شروع کیا اور ایک قدم پر کھڑے ہوکر اور ہاتھ د… میخ پر رکھدیا وقت سحر تک ختم کردیا اور تین روز سے لیکر چالیس روز گذر جاتے کہ کھانا نہ پاتا اور سونہ…

گیارہ سال تک اس برج میں رہا جسکو بغداد میں میرے قیام کی وجہ سے برج عجمی کہتے مشغول رہا اور میں نے خدا سے عہد کیا کہ میں جب تک نہ کھاؤں گا یہاں تک تو کھلائے اور اسی حال میں ایک عرصہ دراز گذر گیا لیکن میں نے اپنا عہد نہ توڑا اور میں جو بھی عہد خدا سے کرتا اس کو ہرگز نہ توڑتا۔

ان واقعات سے ثابت ہوگیا کہ یہ اولیائے کرام زمین پر رہنے کہ باوجود بھی اس قدر مدت تک بلا کھائے پیئے زندہ رہے تو جن کے غلام ان اوصاف سے خالی نہیں انکے آقا کیسے خالی ہوسکتے ہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ تمام انبیاء کرام کو جو اوصاف عطا ہوئے ہمارے نبی ﷺ کو وہ سب عطا فرمائے گئے اور ہمارے حضور کو جو وصف بھی ملا اس میں ان کا کوئی مثل ونظیر نہیں۔حضور صوم وصال رکھتے تھے یعنی پے در پے کئی روز تک نہ کھانا کھاتے نہ پانی پیتے اور بلا افطار کے روزہ پر روزہ رکھتے تھے۔صحابہ کرام نے بھی صوم وصال رکھنا شروع کیا تو حضور نے انہیں منع فرمایا۔اس حدیث شریف کو بخاری شریف ومسلم شریف نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ان الفاظ میں روایت کی۔

قال رسول الله ﷺ ایاکم والوصال قالوا فانك تواصل یارسول الله قال انی لست فی ذاتکم مثلکم انی ابیت یطعمنی ربی ویسقینی فاکلفوا من العمل مالکم به طاقة ۔ (بیہقی شریف ج ۴ص ۲۸۲)

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تم اپنے آپ کو وصال سے بچاؤ صحابہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ آپ تو صوم وصال رکھتے ہیں فرمایا میں تمہارے مثل ہرگز نہیں ہوں میں تو رات گذارتا ہوں اور میرا رب مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے اور تمہیں اس عمل طاقت نہیں۔

اس حدیث شریف سے ثابت ہوگیا کہ ہمارے نبی ﷺ کی ذات پاک ہی بے مثال ہے اور وہ اس وصف میں بھی بے مثل ہیں تو ہمارے حضور کا اپنی ذات وصفات میں کوئی بشر مثل ونظیر نہیں ہوا نہ اب ہے نہ آئندہ ہوسکتا ہے۔لہذا نہایت روشن طور پر ثابت ہوگیا کہ ہمارے نبی ﷺ افضل الخلق خیر البشر ہیں حضرت مسیح علیہ السلام ہمارے حضور ﷺ سے افضل نہیں۔

اعتراض نمبر ۷۔مسیح کا مردوں کو زندہ کرنا اہل اسلام نے ازروئے قرآن تسلیم کیا ہے اور احیاء موتے بڑی طاقت سے بالاتر ہے اور فقط الوہیت سے مخصوص ہے۔چنانچہ قرآن کریم کہتا ہے "ھوالذی یحی ویمیت" خدا کسی کو اپنی صفات مخصوصہ میں شریک نہیں کرتا۔پس خاصۂ الوہیت میں سوا مسیح کے کوئی دوسرا شریک نہیں۔کیا محمد صاحب نے بھی کوئی مردہ زندہ کیا۔بتوسط مولانا مولوی مبین

صاحب مدرس مدرسہ اسلامیہ

جواب:- حضرت مسیح علیہ السلام کا احیاء موتے کا معجزہ قرآن کریم سے ثابت ہے
اسلام کے نزدیک یہ حق ہے اور حقیقۃ اللہ تعالیٰ ہی کی قدرت اور تصرف سے تھا کہ حضرات انبیا
تعالیٰ کے صفات مظہر ہوتے ہیں اب باقی رہا معترض یہ قول۔

اور احیاء موتے بڑی طاقت سے بالاتر ہے اور فقط الوہیت سے مخصوص ہے۔ چنا
کہتا ہے ھو الذی یحی ویمیت خدا کسی کو اپنی صفات مخصوصہ میں شریک نہیں کرتا۔

بایں مراد صحیح ہوسکتا ہے کہ احیاء موتے مخلوق کی ذاتی طاقت سے تو یقیناً بالاتر ہے اور خال
وتعالیٰ کی صفت خاص ہے اور جب یہ اس کی منجملہ صفات سے ہے تو اس کا ذاتی قدیم۔ ازلی۔
ظاہر ہے۔ اور خدا کی کسی صفت میں کوئی مخلوق اس لئے شریک نہیں ہوسکتی کہ مخلوق خود حادث تو ا
صفت نہ تو ذاتی ہوسکتی ہے نہ قدیم نہ ازلی ہوسکتی ہے نہ ابدی۔ تو مخلوق کی جو بھی صفت ہوگی و
عطائی اور غیر ازلی ہوگی۔ لہذا اسقدر باتوں کا فرق ہوتے ہوئے کوئی مخلوق خدا کی کسی صفت
طرح شریک ہوسکتا ہی نہیں۔ احیاء موتے کے صفت بھی اللہ تعالیٰ کی ذاتی۔ قدیم۔ ازلی۔ ابد
ہے اور حضرت مسیح علیہ السلام یا اور کسی مخلوق کے لئے اگر یہ صفت چاہت ہوگی تو حادث عطائی غیر
ابدی صفت ہوسکتی ہے تو احیاء موتے کے صفت میں حضرت مسیح یا اور کوئی مخلوق خدا کا شریک نہیں
اب معترض کا اس کے خلاف یہ کہنا۔

پس خاصۂ الوہیت میں سوا مسیح کے کوئی دوسرا شریک نہیں۔

سراسر غلط و باطل ہے۔ معترض نے حقیقۃ اس میں اپنے مذہب باطل کا اظہار کیا اور صا
میں یہ اقرار کیا کہ حضرت مسیح خاصۂ الوہیت میں خدا کے شریک ہیں۔ یعنی حضرت مسیح بھی
دوسرے اور خدا ہیں۔ اس عقیدہ کو اسلام نے تو منافی توحید اور صریح کفر و شرک اور باطل عقیدہ قر
لیکن اور کتب الٰہیہ نے بھی اس کو شرک ٹھہرایا۔ بلکہ موجودہ انجیل نے بھی اس کو باطل بتایا۔

چنانچہ مرقس باب ١٢ آیت ٢٩۔

یسوع نے اس سے جواب میں کہا کہ سب حکموں میں اول یہ ہے کہ اے اسرائیل سن لو
ہمارا خدا ہے ایک ہی خداوند ہے۔

اسی باب کی آیت ٣٢ میں ہے۔

کیونکہ خدا ایک ہے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔

اس میں نہایت صاف الفاظ میں کہا کہ خدا ایک ہی ہے اسکے سوا اور کوئی خدا نہیں۔ لہذا معترض کا
کافر و مشرک ہونا نہ فقط مذہب اسلام سے بلکہ انجیل سے بھی ثابت ہوگیا۔ اب معترض پر توبہ کرنا لازم ہے
۔ اس معترض نے اپنی قلبی عداوت کا ان الفاظ میں اظہار کیا۔

کیا محمد صاحب نے بھی کوئی مردہ زندہ کیا ہے۔

معترض ہمارے نبی ﷺ کے متعلق کیا دریافت کرتا ہے۔ ان کی شان تو بہت ارفع ہے ان کے
غلاموں نے بلکہ نہ امان غلام نے مردوں کو زندہ کردیا ہے۔ بخیال اختصار چند واقعات نہایت معتبر و مستند
کتابوں سے نقل کرتا ہوں۔

علامہ ابن حجر مکی فتاوی حدیثیہ میں نقل فرماتے ہیں۔

احد كبار مشائخ رسالة القشيرية انه خرج غازيا فی سرية فمات المهر الذی تحته
وهو فی البرية فقال رب اعرناه حتی نرجع الی تستر فاذا المهر قائم فلما غز اورفع الی تستر
قال لابنه یابنی خذ السرج عن المهر فقال انه عرق فیضره الهواء فقال یابنی انه عارية فاخذ
السرج فوقع المهر میتا۔ (فتاوی حدیثیہ مصری ص ٢١٥)

رسالہ قشیریہ کے مشائخ کبار سے ایک صاحب غزوہ کے لئے ایک لشکر میں نکلے تو ان کا گھوڑا جو
ان کی سواری میں تھا مر گیا اور وہ بیابان میں ہیں۔ عرض کی: اے پروردگار ہم اس کو شہر تستر تک واپسی
ہونے تک مانگتے ہیں تو وہ کھڑا ہوا۔ پس جب وہ غزوہ کر کے تستر تک واپس ہوئے تو اپنے بیٹے سے کہا
اے بیٹے گھوڑے سے زین کو اتار۔ عرض کیا اس کو پسینہ آرہا ہے اور ہوا نقصان دے گی۔ فرمایا: اے بیٹے
یہ مانگا ہوا ہے۔ اس نے جب زین اتاری تو وہ گھوڑا مر کر گر پڑا۔

اسی فتاوی حدیثیہ میں رسالہ قشیریہ سے ناقل ہیں۔

انه انطلق للغزو علی حماره فمات فتوضأ وصلی ودعاالله ان یبعث له حماره
ولایجعل علیه منه لاحد فقام الحمار ینفض اذنیه۔

(فتاوی حدیثیہ مصری ص ٢١٥ وخصائص عن البیہقی ص ٦٨)

ایک بزرگ غزوہ کے لئے اپنے گدھے پر روانہ ہوئے وہ گدھا مر گیا تو انہوں نے وضو کر کے
نماز پڑھی اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گدھے کے زندہ ہوجانے کی دعا کی کہ کسی کا ان پر احسان نہ ہو، پس وہ

گدھا کھڑا ہو گیا اور اپنے کان جھاڑنے لگا۔

اسی میں حضرت امام یافعی سے ناقل ہیں۔

ان الشیخ الاھدل کانت عندہ ھرۃ بطعمھا فضربھا الخادم فقتلھا ورماھا
فسالہ الشیخ عنھا بعد لیلتین او ثلاث فقال لاادری فناداھا الشیخ فاتت الیہ ا
عادتہ۔

حضرت شیخ اہدل کے پاس ایک بلی تھی جس کو وہ کھانا کھلاتے اس کو خادم نے مارا اور
اسے ویرانہ میں پھینک دیا۔ شیخ نے دو یا تین شب کے بعد خادم سے بلی کو دریافت کیا اس
میں نہیں جانتا۔ تو شیخ نے بلی کو پکارا وہ آپ کے پاس آ گئی تو اسے حسب عادت کھانا کھلایا۔

اسی میں ہے جس کی سند پانچ طریق سے اجلاء مشائخ سے ہے۔

ان القطب الشیخ عبدالقادر نفع اللہ بہ جاءت الیہ امرأۃ بولدھا وخرج
ولہ فقبہ ثم امرہ بالمجاھدۃ فدخلت امہ علیہ یوما فوجدتہ بخیلا مصفرا یاکل ق
فدخلت علی الشیخ فوجدت بین یدیہ اناء فیہ عظیم دجاجۃ قد اکلھا فقالت
تاکل لحم الدجاج ویاکل ابنی خبز الشعیر فوضع یدہ علی ذلک الطعام وقال
محیی العظام فقامت الدجاجۃ سویۃ وصاحب فقال الشیخ اذا صارا بنک ھک
الدجاج وماشاء۔ (فتاوی حدیثیہ مصری ص ۲۱۵)

بیشک قطب شیخ عبدالقادر نفع اللہ تعالیٰ بہ کی خدمت میں ایک عورت اپنے لڑکے کو
نے اللہ اور شیخ کے لئے اس کو سونپا پس حضور نے اس کو قبول کر لیا۔ پھر اسے مجاہدہ کا حکم د
عورت اسکے پاس آئی تو اس کو دبلا اور زرد پایا کہ وہ جو کی روٹی کھا رہا ہے۔ پھر وہ حضرت شیخ
میں حاضر ہوئی تو اس نے دیکھا کہ حضور کے سامنے ایک برتن ہے جس میں مرغ کی ہڈیاں
نے اسے تناول فرمایا ہے۔ عرض کیا اے میرے سردار آپ تو مرغ کا گوشت تناول فرمایا اور
روٹی کھاتا ہے۔ پس حضور نے اپنا دست مبارک اس کھانے پر رکھ کر فرمایا ہڈیوں کے زندہ کر
اللہ کے حکم سے کھڑا ہو۔ تو وہ مرغ سیدھا کھڑا ہو کر چیخنے لگا۔ پھر حضور نے فرمایا جب تیرا بیٹا
گا تو مرغ یا جو کچھ چاہے کھائے۔

اسی فتاوی حدیثیہ میں انہیں حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا واقعہ ہے۔

قالوا مرت بمجلسہ حدأۃ فی یوم شدید الحر وھو یعظ للناس فشوشت علی
الحاضرین فقال یاریح خذی راس ھذہ الحدأۃ فوقعت لثانی وقتھا بناحیۃ وراسھا فی ناحیۃ
فنزل الشیخ واخذھا یدہ وامر یدہ الاخری علیھا وقال بسم اللہ الرحمن الرحیم قومی باذن
اللہ فحیت وطارت والناس یشاھدون۔

(فتاوی حدیثیہ ص ۲۱۵)

اولیا نے فرمایا ایک چیل تیز گرم روز میں حضور غوث اعظم کی مجلس وعظ پر گذری تو وہ حاضرین کے
لئے تشویش کا سبب ہوئی۔ حضور نے فرمایا: اے ہوا تو اس چیل کا سر پکڑ تو اس وقت وہ تو ایک طرف اور اس
کا سر دوسری طرف گر پڑا۔ پھر حضور ممبر سے اترے اور اس کو اپنے ہاتھ میں لیا اور دوسرا ہاتھ اس پر پھیرا اور
بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر فرمایا اللہ کے حکم سے اٹھ وہ زندہ ہوئی اور اڑ گئی اور سب لوگ دیکھ رہے تھے۔

بہجۃ الاسرار میں بسند متواتر منقول ہے۔

کان الشیخ ابو محمد الشنبکی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جالسا البطیحۃ وحدہ
فاجتازبہ اکثر من مائۃ طیر فنزلت حولہ واختلطت امواتھا فقال یارب قد شوش علی
ھولاء فنظر فاذا الکل موتی فقال یارب ماردت موتھم فقاموا ینتفضون وطاروا۔

(بہجۃ الاسرار مصری ص ۱۳۶)

شیخ ابو محمد شنبکی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بطیحہ میں تنہا بیٹھے ہوئے تھے تو سو پرندوں سے زائد گذرے اور
ان کے گرد اُتر آئے اور ان کی آوازوں سے شور مچایا تو فرمایا اے رب انہوں نے مجھے پریشان کیا
پھر نظر جو کی تو وہ سب مردہ ہیں تو پر پھڑ پھڑائے اور اڑ گئے۔

یہ تو وہ واقعات ہیں جن سے اولیاء کرام کا حیوانات کو زندہ کرنا ثابت ہوا۔ اب ان کے انسانوں کو
زندہ کرنے کے واقعات پیش کئے جاتے ہیں۔

اسی فتاوی حدیثیہ میں ہے۔

بعض اصحاب الشیخ الی یوسف الدھمانی مات فحزن علیہ اھلہ فاتی علیہ وقال
قم باذن اللہ تعالیٰ فقام وعاش بعد ذلک ماشاء اللہ من الزمان۔

(فتاوی حدیثیہ ص ۲۱۵)

شیخ ابو یوسف دہمانی کا ایک خادم مر گیا اس کے اعزہ نے اس پر رنج کیا تو حضرت شیخ

کے پاس آئے اور فرمایا اللہ تعالیٰ کے حکم سے کھڑا ہو جا تو وہ کھڑا ہو گیا اور اس کے بعد جس زمانہ
نے چاہا زندہ رہا۔

ابن ابی الدنیا اور ابن عدی اور بیہقی اور ابونعیم نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
ہیں۔

قال عدنا شابا من الانصار وعنده ام له عجوز عمياء فما برحنا ان مات فا
ومددنا على وجهه الثوب وقلنا لامه احتسبيه قالت وقد مات قلنا نعم فمدت يدي
السماء وقالت اللهم ان كنت تعلم انى هاجرت اليك والى نبيك رجاء ان تغيثني
شدة فلا تحمل على هذه المصيبة اليوم قال انس فوالله مابرحنا حتى كشف الثو
وجهه وطعم وطعمنا معه ۔ (خصائص الکبری للسیوطی ج ۲ ص ۶۶)

حضرت انس نے فرمایا ہم نے انصار سے ایک جوان کی عیادت کی، اسکے پاس اس کی
بوڑھی ماں تھی ہم موجود تھے کہ اس کا انتقال ہو گیا۔ ہم نے اس کی آنکھیں بند کیں اور اسکے چہرہ پر
۔ اور ہم نے اس کی ماں سے کہا تو اس سے طلب اجر کر اور صبر کر، اس نے کہا وہ مرگیا۔ ہم نے کہا
اس نے آسمان کی طرف اپنے ہاتھ دراز کر کے کہا اے میرے اللہ تو جانتا ہے کہ میں نے تیری او
طرف ہجرت کی اس امید پر کہ تو ہر مصیبت کے وقت میری مدد کریگا اور آج مجھ پر اس مصیبت کا
ڈال ۔ حضرت انس نے فرمایا کہ ہم موجود ہی تھے کہ اس جوان نے اپنے چہرہ سے کپڑا اٹھایا اور ا
کھانا کھایا اور ہم نے اس کے ساتھ کھانا کھایا۔

بیہقی شریف میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

قال كنا في الصفة عند رسول الله ﷺ فاتته امرأة مهاجرة معها ابن لها قد بل
يلبث ان اصابه وباء المدينة فمرض اياما ثم قبض فغمضه النبي ﷺ وامر بجهازه فلما
ان نغسله قال يا انس ايت امه فاعلمها قال فاعلمتها فجاءت حتى جلست عند قد
فاخذت بهما ثم قالت اللهم انى اسلمت لك طوعا وخلعت الاوثان زهدا وهاجرت
رغبة اللهم لاتشمت بى عبدة الاوثان ولا تحملني من هذه المصيبة مالا طاقة لى بها
قال فوالله فماتقضى كلامها حتى حرك قدميه والقى الثوب عن وجهه وعاش حتى
الله رسوله وحتى هلكت امه ۔ (خصائص کبری ج ۲ ص ۴۷)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں صفہ میں تھے تو
خدمت اقدس میں ایک مہاجرہ عورت حاضر ہوئی اور اس کے ساتھ اس کا لڑکا تھا جو بالغ تھا کچھ دن
گذرے تھے کہ اس کو مدینہ کی وباء پہنچی تو وہ چندروز بیمار رہا پھر فوت ہو گیا۔ حضور نبی کریم ﷺ نے اسکی
آنکھیں بند کیں اور اس کی تجہیز وتکفین کا حکم کیا پس ہم نے اس کے غسل دینے کا ارادہ کیا۔ فرمایا: اے انس
اس کی ماں کے پاس جا اور اس کو خبر دے۔ حضرت انس نے کہا میں نے اس کو خبر دی تو وہ آکر اس کے
قدموں کے پاس بیٹھی اور ان کو پکڑ کر کہنے لگی اے میرے خدا میں فرمانبردار ہو کر تیرے لئے اسلام لائی
اور بتوں سے جدا ہو کر آزاد ہوئی اور میں نے برغبت تیری طرف ہجرت کی ۔ اے میرے اللہ تو بت
پرستوں کو میرے بارے میں ہنسنے کا موقع نہ دے اور مجھ پر ایسی مصیبت کا جس کے اٹھانے کی مجھکو طاقت
نہیں بوجھ نہ ڈال۔ حضرت انس نے فرمایا خدا کی قسم ابھی اس کی دعا ختم نہ ہوئی تھی کہ اسکے ہر دو قدم ہلے
اور اس نے اپنے چہرہ سے کپڑا ہٹایا اور وہ زندہ رہا یہاں تک کہ اللہ نے اپنے رسول کو اٹھالیا اور اسکی ماں
فوت ہوگئی۔

حضرت شیخ اخبار الاخیار شریف میں فرماتے ہیں۔

بعضے از اولیاء عصر آں حضرت فرمودند الشیخ عبدالقادر یبری الاکمہ والابرص ویحی الموتی باذن اللہ
۔ (اخبار الاخیار مجتبائی ص ۲۰۵)

اور بعض ہم زمانہ اولیاء نے فرمایا کہ شیخ عبدالقادر مادرزاد اندھے اور سفید داغ والے کو شفا دیتے
ہیں اور مردوں کا اللہ کے حکم سے جلاتے ہیں۔

فتاوی حدیثیہ میں حضرت سہل تستری سے مروی ہے کہ وہ فرماتے ہیں:

الذاكر الله على الحقيقة يوهم ان يحي الموتى لفعل باذن الله تعالىٰ۔
(فتاوی حدیثیہ ص ۲۱۵)

حقیقۃ اللہ کا ذکر کرنے والا اگر مردوں کے زندہ کرنے کا قصد کرے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ضرور
کردے گا۔

ان واقعات سے ثابت ہو گیا کہ جب اللہ تعالیٰ نے غلامان مصطفیٰ ﷺ کو بھی احیاء موتی کی
صفت عطا فرمائی ہے تو جن کے غلاموں نے مردوں کو زندہ کردیا تو ان کے آقا ﷺ مردوں کو زندہ نہ
کرسکیں گے حالانکہ اہل اسلام کا یہ اعتقاد ہے جس کو علامہ یافعی نے روض الریاحین میں تحریر فرمایا:

قال الاستاذ الامام ابوالقاسم القشيري رضی الله تعالیٰ عنه وكل نبي ظهر
كرامته على واحد من امته فهي معدودة من جملة معجزاته ۔

(روض الریاحین مصری ص ۲۷)

استاذ امام ابوالقاسم قشیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہر نبی جس کی امت سے کسی امتی کی
کرامت ظاہر ہو۔ تو وہ اس نبی کے معجزات سے شمار ہوگی۔

اس عبارت سے ثابت ہوگیا کہ اولیاء کرام کے واقعات جو احیاء موتی اور کرامات ہیں یہ
ان اولیاء کے آقا ﷺ کے معجزات ہیں۔ تو احیاء موتی کے واقعات ہمارے نبی ﷺ کے معجزات
معہذا ہم اپنے آقا کے احیاء موتی کے واقعات پیش کرتے ہیں۔

مواہب لدنیہ اور اس کی شرح میں ہے:

ان جابر اذبح شاة وطبخها وثرد في جفنة واتى به رسول الله ﷺ فاكل الق
وكان ﷺ يقول هم كلوا ولا تكسروا عظما ثم انه عليه الصلاة والسلام جمع الع
ووضع يده عليها ثم تكلم بكلام فاذا لشاة قدقامت تنفض اذنيها فقال خذ شاتك يا
بارك الله لك فيها فاخذتها ومضيت وانها لتنازعني اذنها حتى اتيت بها المنزل فقا
المرأة ماهذا ياجابر قلت والله هذه شاتنا اللتي ذبحناها لرسول الله ﷺ دعا الله فا
فقالت اشهد انه رسول الله رواه ابونعيم ومحمد بن المنذر ۔

(زرقانی ج ۵ ص ۱۸۴ وخصائص ج ۲ ص ۶۷)

حضرت جابر نے ایک بکری ذبح کی اور اس کو پکایا اور ایک برتن میں روٹی توڑ کر اس کا ث
رسول اللہ ﷺ تشریف فرما ہوئے۔ صحابہ نے کھانا کھایا اور رسول کریم ﷺ ان سے یہ فرماتے کھانا
اور ہڈیاں مت توڑو۔ پھر حضور نبی کریم ﷺ نے ان ہڈیوں کو برتن میں جمع فرمایا اور ان پر اپنا
مبارک رکھا۔ پھر کوئی کلام پڑھا تو فوراً وہ بکری اپنے کان جھاڑتی ہوئی اٹھ کھڑی ہوئی پس حضور نے
اے جابر اپنی بکری لے۔ اللہ تیرے لئے اس میں برکت کرے، تو میں نے اس بکری کو پکڑ لیا اور
اور وہ بکری ہی اپنے کان مجھ سے چھڑانے کی کوشش کرتی تھی یہاں تک کہ میں اس کو مکان میں
میری بیوی نے کہا اے جابر یہ کیا ہے؟ میں نے جواب دیا کہ خدا کی قسم یہ ہماری وہی بکری ہے جس
نے رسول اللہ ﷺ کے لئے ذبح کیا تھا۔ حضور نے اللہ سے دعا کی پھر اس کو زندہ کردیا۔ اس بیوی

میں گواہی دیتی ہوں کہ بیشک وہ اللہ کے رسول ہیں۔ اس حدیث کو ابونعیم نے اور محمد بن منذر نے روایت
کیا۔

بیہقی دلائل النبوۃ میں راوی۔

انه ﷺ دعا رجلا الى الاسلام فقال لا اومن بك حتى يحي لي ابنتي فقال النبي
ﷺ ارني قبرها فاراه اياه فقال ﷺ يافلانة فقالت وقد خرجت من قبرها لبيك وسعديك
فقال ﷺ اتحبين ان ترجعي فقالت لا والله يارسول الله اني وجدت الله خيرالي من ابوي
ووجدت الآخرة خيرا لي من الدنيا ۔ (زرقانی ج ۵ ص ۱۸۲)

حضور ﷺ نے ایک شخص کو اسلام کی دعوت دی۔ اس نے کہا میں آپ پر ایمان نہیں لاؤنگا یہاں
تک کہ آپ میری لڑکی کو زندہ کریں۔ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس کی قبر مجھ کو دکھا۔ تو اس نے حضور کو
وہ قبر دکھائی، حضور ﷺ نے فرمایا اے فلاں یعنی اس کا نام لیکر پکارا تو وہ قبر سے نکل کر کہنے لگی میں حاضر
ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کیا تو اپنی واپسی کو پسند کرتی ہے عرض کرنے لگی یارسول اللہ خدا کی قسم میں پسند
نہیں کرتی، میں نے اپنے ماں باپ سے بہتر اللہ کو پایا اور اپنے لئے آخرت کو دنیا سے بہتر پایا۔

شفا شریف میں حضرت قاضی عیاض حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔

اتى رجل النبي ﷺ فذكر له انه طرح بنتة له في وادي كذا فانطلق معه الى الوادي
وناداها باسمها يافلانة اجيبي باذن الله تعالىٰ فخرجت وهي تقول لبيك وسعديك فقال
لها ان ابويك قد اسلمافان احببت ان اردك عليهما فقالت لاحاجة لي بهما وجدت الله
خيرا لي منهما ۔ (شرح شفا مصری ج ۱ ص ۶۴۸)

ایک شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور حضور سے عرض کیا کہ فلاں جنگل میں اس
کی لڑکی مردہ پڑی ہے۔ حضور اس کے ساتھ اس جنگل کی طرف تشریف لے گئے اور اس لڑکی کا نام لیکر اس
کو پکارا کہ اے فلاں اللہ تعالیٰ کے حکم سے اجابت کر تو وہ یہ کہتی ہوئی نکل کر حاضر ہوئیکہ میں حاضر ہوں۔۔

(یہ رسالہ یہاں تک ہی دستیاب ہوا)

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

۷۸۶

قول فیصل

حضور نبی کریم ﷺ کے والدین کریمین مومن وموحد تھے

سوال
(۱۱۱۹)

بعالی خدمت فیض درجت محبوب ملت حضرت مولانا رئیس المتقین الحاج الشاہ محمد اجمل صا
قبلہ مفتی ہند دامت برکاتہم القدسیہ۔ بعد سلام مسنون معروض، کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان
اس بارے میں کہ حضور پرنور علیہ الصلاۃ والسلام کے والدین شریفین مومن موحد ہیں یا نہیں؟ یہاں
میں موچیان کہتے ہیں: کہ حضور کے والدین شریفین مومن موحد نہیں تھے اوران کا انتقال کفر پر ہوا۔ ز
ہے کہ والدین شریفین حضور پرنور مومن موحد ناجی ہیں اور توحید پر ہی ان کا انتقال ہوا اور امام مذکو
دلیل میں شرح فقہ اکبر مطبوعہ محمدی لاہور کی یہ عبارت پیش کرتا ہے۔ والدا رسول ﷺ ماتا ع
الکفر۔ (ص ۱۲۹)

ملا علی قاری اس کی شرح میں لکھتے ہیں:

هذا رد على من قال انهما ماتا على الايمان۔

اور حدیث پیش کرتا ہے:

(۱) حدیث: عن ابی هريرة قال نادى النبی ﷺ قبرامه فبكى وابكى من حوله ف
استاذنت ربی فی ان استغفر لها فلم یاذن لی (الی اخره)　(مسلم شریف وابن ماجہ)

قال یا رسول الله فاین ابوك قال رسول الله ﷺ حیث ما روث (الخ)

(ابن ماجہ ۱۱۴)

(۳) وفی روایة ابی واباك فی النار۔ زید ان کا جواب دیتا ہے کہ شرح فقہ اکبر مطبوعہ مح
پریس لاہور میں ہی یہ عبارت ہے مصری مطبوعہ فقہ اکبر و شرح فقہ اکبر میں یہ عبارت نہیں۔

اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے امام اعظم کو بدنام کرنے کے لئے یہ عبارت بڑھادی ہے
احادیث کا جواب یہ ہے کہ حدیث (۱) میں اس وجہ سے استغفار کی اجازت نہیں ملی کہ حضور کی وال

انتقال مثل معصوم بچوں کے ہوا جیسا کہ شیخ جلال الدین سیوطی نے لکھا ہے۔ حدیث (۲،۳) میں باپ
سے مراد ابو طالب ہیں چنانچہ شیخ عبدالحق دہلوی وشیخ جلال الدین سیوطی نے اس کا یہی جواب دیا ہے۔
امام مذکور کہتا ہے کہ شیخ جلال الدین سیوطی شافعی ہیں۔

زید کہتا ہے: عقائد میں تقلید نہیں ہوتی ہے۔ یہ مسئلہ عقیدہ سے تعلق رکھتا ہے، شافعی وحنفی کا سوال
کھڑا کرنا بے جا ہے۔

اب حضور والا سے گذارش ہے کہ تفصیل سے اس کا جواب دیجئے۔ حضور کے والدین شریفین مو
من موحد ہیں یا نہیں؟ اگر ہیں تو عبارت شرح فقہ اکبر واحادیث کا کیا جواب ہے اور امام مذکور کے لئے
شریعت کا کیا حکم ہے؟ اس کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں۔ جس قدر جلد ہوسکے جواب دیجئے۔　بینوا تو
جروا یوم القیامۃ

ماسٹر نیاز محمد محمد رمضان جودھپور۔ ۱۶ اکتوبر ۵۶ء

الجواب

الحمد لله وكفى والصلوة والسلام على من اصطفى وعلى آله وصحبه ومن
اجتبى۔

بلاشک حضور نبی کریم ﷺ کے والدین کریمین ہرگز ہرگز کافر نہیں تھے، اس دعوی پر قرآن
وحدیث سے کثیر دلائل پیش کئے جاسکتے ہیں۔ بطور نمونہ چند دلائل پیش کرتا ہوں۔

دلیل اول: قرآن کریم میں ہے۔ ولعبد مومن خیر من مشرك۔

بیشک مسلمان غلام مشرک سے بہتر ہے۔

اور بخاری شریف جلد اول کتاب المناقب باب صفۃ النبی ﷺ میں یہ حدیث مروی ہے:

بعثت من خير قرون بنی آدم قرنا فقرنا حتى كنت من القرن الذی كنت منه۔

(بخاری مصطفائی ص ۵۲۰)

یعنی میں قرون بنی آدم کے ہر طبقہ اور قرن کے بہتر میں بھیجا گیا یہاں تک کہ اس قرن میں جس
میں پیدا ہوا۔

اس حدیث شریف سے ثابت ہوا کہ حضور نبی کریم ﷺ ہر قرن وزمانہ کے بہترین زمانہ اور خیر
قرن میں پیدا ہوئے۔ اور آیت کریمہ نے بتایا کہ کافر مسلمان غلام سے خیر و بہتر نہیں ہوسکتا، تو اب

صاف طور پر نتیجہ نکل آیا کہ حضور کے آباء اور امہات کسی قرن وطبقہ میں کافر نہیں ہو سکتے کہ کافر تو کسی
خیر قرن نہیں ہو سکتا۔ ورنہ اس آیت اور حدیث دونوں کا انکار لازم آئے گا۔ لہذا ثابت ہو گیا کہ وال[دین]
کریمین ہرگز کافر ومشرک نہیں تھے۔

چنانچہ امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں: ان آباء محمد ﷺ ما کانوا مشرکین
السیوطی فی کتابه التعظیم والمنة ۔

علامہ قسطلانی مواہب لدنیہ میں تصریح کرتے ہیں: فوجب ان لا یکون احد من اج[داده]
مشرکا

(مواہب لدنیہ ص ۳۴ ج ۱)

یعنی یہ واجب ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کے آباء واجداد سے کوئی بھی مشرک نہ ہو اور بلا شک
مشرک نہیں تھے۔

بالجملہ قرآن وحدیث اور اقوال ائمہ امت سے ثابت ہو گیا کہ حضور کے والدین کریمین
ہرگز کافر ومشرک نہیں تھے۔

دلیل دوم: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: انما المشرکون نجس ۔ یعنی مشرک اور کافر ناپاک ہی
اور ابو نعیم نے دلائل النبوۃ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی
ﷺ نے فرمایا:

لم یزل اللہ عزوجل ینقلنی من اصلاب طیبة الی ارحام طاهرة صافية مهذ[بة]
تتشعب شعبتان الا كنت فی خیرها ۔ (دلائل النبوۃ ص ۱۱)

یعنی ہمیشہ اللہ عزوجل مجھے پاک پشتوں سے پاک شکموں کی طرف نقل فرماتا رہا۔ صاف
آراستہ، جب دو شاخیں پیدا ہوئیں تو میں اس میں بہتر شاخ میں پیدا ہوا۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ حضور نبی کریم ﷺ کے آباء وامہات پاک ہوئے اور قرآن
نے فرمایا کہ کافر ناپاک ہے تو آفتاب سے زیادہ روشن طور پر نتیجہ ظاہر ہو گیا کہ حضور کے تمام آباء
وامہات جب پاک ہیں تو وہ کافر ومشرک نہیں ہوئے، ورنہ اس آیت وحدیث کی مخالفت لازم آئے
، اسی بنا پر زرقانی میں علامہ سنوسی ومحقق تلمسانی محشی شفا کا قول منقول ہے:

لم یتقدم لوالدیه ﷺ شرک وکانا مسلمین لانه علیه الصلوۃ والسلام انتقل

الاصلاب الکریمة الی الارحام الطاهرة لا یکون ذلك الا مع الایمان بالله تعالیٰ۔

(زرقانی مصری ص ۱۷۴ ج ۱)

یعنی حضور ﷺ کے والدین کے لئے پہلے شرک ثابت نہیں تو وہ مسلمان ہوئے، اس لئے کہ حضور
نبی کریم ﷺ بزرگ پشتوں سے پاک پشتوں کی طرف منتقل ہوئے اور یہ بات اللہ تعالیٰ پر ایمان کے
ساتھ ہی ہو سکتی ہے۔

الحاصل ان آیات واحادیث واقوال ائمہ ملت سے ثابت ہو گیا کہ ہمارے نبی ﷺ کے والدین
کریمین ہرگز کافر ومشرک نہیں تھے بلکہ وہ حضرات مسلمان موحد تھے۔ اس دعویٰ پر دلیل اول یہ ہے۔ اللہ
تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

وتقلبك فی الساجدین : یعنی تمہارا کروٹیں بدلنا سجدہ کرنے والوں میں۔

علامہ سیوطی "الدرج المنیفہ" میں تحت آیت کریمہ فرماتے ہیں: معناه انه کان ینقل نوره من
ساجد الی ساجد، ولهذا التقریر فالآیة دالة علیٰ ان جمیع آباء محمد ﷺ کانوا مسلمین۔

یعنی آیت کے معنی یہ ہیں کہ حضور ﷺ کا نور ایک سجدہ کرنے والے سے دوسرے سجدہ کرنے
والے کی طرف نقل ہوتا تھا تو اس تقریر کی بنا پر آیت نے اس بات پر دلالت کی کہ نبی کریم ﷺ کے تمام
آباء مسلمان تھے۔

حضرت امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں: ان آباءه ﷺ کلهم الیٰ آدم کانوا علی التوحید
۔ (السبل الجلیة)

یعنی حضور ﷺ کے آباء حضرت آدم علیہ الصلوۃ والسلام تک تمام آباء توحید پر تھے۔

حضرت علامہ سیوطی "الدرج المنیفہ" میں خاص والدین کریمین کے لئے تصریح کرتے ہیں:

انهما کانا علی التوحید ودین ابراهیم علیه الصلوۃ والسلام کما کان علی ذلك
طائفة من العرب کزید بن عمرو بن نفیل وقیس بن ساعده وورقه بن نوفل وعمیر بن
حبیب الجهنی وعمرو بن عتبة۔

یعنی والدین کریمین توحید اور دین ابراہیمی پر تھے جیسے کہ اس پر عرب کا ایک گروہ زید بن عمرو بن
نفیل، قیس بن ساعدہ، ورقہ بن نوفل، عمیر بن حبیب جہنی اور عمرو بن عتبہ تھے۔

دلیل دوم: ولسوف یعطیك ربك فترضیٰ ۔ یعنی بے شک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں اتنا

دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اس آیت کریمہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

من رضاء محمد ﷺ ان لا یدخل احد من اھل بیته النار۔ (مسالک… ص ۱۳)

یعنی رسول اللہ ﷺ کی یہ رضا ہے کہ ان کے اہل بیت سے دوزخ میں کوئی داخل نہ ہو… اس سے ثابت ہو گیا کہ جب اللہ تعالیٰ حضور نبی کریم ﷺ کی رضا کا طالب تو ان کے… ت پھر کیسے اہل نار سے ہو سکتے ہیں۔ نیز احادیث ملاحظہ ہوں۔

مسلم شریف باب شفاعۃ النبی ﷺ لابی طالب میں حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ… انہوں نے عرض کیا:

یا رسول اللہ! ھل نفعت ابا طالب بشیء فانه کان یحوطك ویغضب… ﷺ نعم، ھو فی ضحضاح من نار ولو لا انا لکان فی الدرك الاسفل من النار۔

یعنی یا رسول اللہ! کیا آپ نے ابو طالب کو کچھ نفع پہنچایا کہ وہ آپ کی حفاظت کر… خاطر غضبناک ہوتے، حضور نے فرمایا: ہاں میں نے نفع پہنچایا کہ وہ ٹخنوں تک آگ میں ہے او… ہوتا تو وہ دوزخ کے نیچے طبقے میں ہوتے۔

حدیث مسلم شریف کے اسی باب میں انہیں حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی… اللہ ﷺ نے فرمایا:

اھون اھل النار عذابا ابو طالب وھو منتعل بنعلین یغلی منهما دماغه… ص ۱۱۵)

یعنی دوزخیوں میں سب سے ہلکے عذاب والا ابو طالب ہے کہ وہ آگ کی دو جوتیاں… ہے جن سے اس کا دماغ کھولتا ہے۔

ان احادیث سے ثابت ہو گیا کہ دوزخیوں میں سب سے زیادہ ہلکے عذاب والے ابو… اور ظاہر ہے کہ ابو طالب پر سب سے ہلکا عذاب ہونا ان کے اعمال کی بناء پر تو ہو نہیں سکتا کہ کافر… ہی برباد ہو جاتے ہیں۔ تو پھر ان پر یہ تخفیف عذاب ہمارے نبی ﷺ کی نسبت قرابت اور خدمت… ہی کی بنا پر تو ہوئی بلکہ حضور کی شفاعت سے ان پر اس قدر ہلکا عذاب ہوا۔ باوجودیکہ انہوں نے…

…م پایا، انہیں دعوت اسلام دی گئی اور انہوں نے قبول اسلام سے صاف طور پر انکار کر دیا۔ اور نبی کریم ﷺ کے والدین کریمین نے تو نہ زمانہ اسلام ہی پایا، نہ ان کو دعوت ہی پہنچ سکی۔ پھر ان کو نسبت جزئیت حاصل ہے، اس کا کوئی خدمت اور قرابت مقابلہ نہیں کر سکتی۔ نیز ان کے حق میں جس قدر شفاعت ہو سکتی تھی وہ کسی اور کے لئے متصور نہیں ہو سکتی۔ پھر اللہ تعالیٰ ان پر جو رعایت و عنایت کرتا وہ کسی غیر کے لئے ہو نہیں سکتی کہ اس میں محبوب کا اعزاز و اکرام تھا۔ تو اگر بقول مخالف یہ اہل نار سے ہوتے تو ان پر ابو طالب سے بھی بہت زائد ہلکا عذاب ہونا چاہئے تھا۔ لہذا اہل نار میں سب سے ہلکے عذاب والے یہی ہوتے اور یہ مسلم شریف کی حدیث کے خلاف ہے۔ کہ اس میں ابو طالب کا عذاب سب سے ہلکا ہونا مذکور ہے۔ اور یہ بات جب ہی متصور ہے کہ والدین کریمین اہل نار ہی سے نہوں۔ تو اب بمقتضائے حدیث مسلم شریف یہ ثابت ہو گیا کہ ہمارے نبی ﷺ کے والدین کریمین ہرگز ہرگز اہل نار سے نہیں بلکہ بلاشبہ اہل جنت سے ہیں۔

حاکم نے بسند حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی:

انه ﷺ سئل عن ابویه فقال ما سألتهما ربی فیعطینی فیهما وانی لقائم لهما المقام المحمود۔ (المقامۃ السندسیۃ للسیوطی ص ۸)

یعنی حضور ﷺ سے آپ کے والدین کے بارے میں سوال ہوا تو فرمایا میں نے ان کے لئے اپنے رب سے جو کچھ طلب کیا اس نے ان کے حق میں مجھے عطا فرمایا، بیشک میں ان کے لئے مقام محمود پر قائم ہوں گا۔

ابو سعید نے شرف النبوۃ میں اور حافظ محب الدین طبری نے ذخائر العقبی میں اور ابو القاسم نے اپنے امالی میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

سألت ربی ان لا یدخل احد من اھل بیتی النار فاعطانیها۔

(جامع صغیر مصری ص ۳۴ ج ۱)

یعنی میں نے اپنے رب سے یہ سوال کیا کہ میرے اہل بیت سے کوئی دوزخ میں داخل نہ ہو تو اس نے مجھے یہ بات عطا فرما دی۔

بالجملہ اس قدر آیات اور احادیث سے آفتاب سے زیادہ روشن طور پر ثابت ہو گیا کہ نبی کریم ﷺ کے والدین کریمین ہرگز ہرگز کافر و مشرک نہیں تھے۔ بلکہ بلاشک مومن و موحد تھے اور بلاشبہ اہل

جنت سے تھے اور ان کی وفات بھی اسی ایمان پر ہوئی۔

چنانچہ علامہ سیوطی ''السبل الجلیة'' میں فرماتے ہیں:

قد ماتافی حداثة السن فان والده ﷺ صحح الحافظ الصلاح الدين العلائی عاش من العمر نحو ثمان عشرة سنة ووالدته ماتت فی حدود العشرين تقريبا العمر لا يسمع الفحص عن المطلوب فی ذلك الزمان وحكم من لم تبلغه الد يموت ناجيا ولا يعذب ويدخل الجنة ۔

یعنی والدین کریمین نے نوعمری میں وفات پائی اور صلاح الدین علائی نے اس کی حضور کے والد اٹھارہ سال کی عمر تک زندہ رہے۔ اور آپ کی والدہ نے تقریبا بیس ۲۰ سال میں ئی اور اس جیسے عمر والا نوعمری کے زمانے میں کسی مقصد کی تلاش کے وسعت نہیں رکھتا تو جن پہنچے تو اس کا حکم یہ ہے۔ کہ وہ بیشک ناجی ہوکر مرے گا اور عذاب نہ دیا جائے گا اور جنت میں دا

نہ ''التعظیم والمنہ'' میں فرماتے ہیں:

انا ندعی انهما كانا من اول امرهما علی الحنفية دين ابراهيم عليه السلا لم يعبدا صنما قط ۔ (التعظیم والمنہ ص۴۰)

بیشک ہم دعوی کرتے ہیں کے والدین کریمین اپنی ابتداہی سے دین حنفی ابراہیمی پر تھے ان دونوں نے کبھی بت کی عبادت نہیں کی۔

درمختار میں ہے'' واما الاستدلال علی نجاتهما بانهما ماتا فی زمن ال مبنی علی اصول الاشاعرة ان من مات ولم تبلغه الدعوة يموت ناجيا واما الما فان مات قبل مجيء مدة يمكنه فيها التامل ولم يعتقد ايمانا ولا كفرا افلا عقاب (پھر چند سطر کے بعد ہے) فالظن فی كرم الله تعالی ان يكون ابواه ﷺ من ا القسمين بل قيل اباؤه ﷺ كلهم موحدون۔ (درمختار مصری ص۳۹۶ ج۲)

حاصل کلام یہ ہے کہ حضور کے والدین کریمین کی وفات توحید ہی پر ہوئی اور ان ثابت ہی نہیں ہوسکا تو انہوں نے ناجی ہوکر وفات پائی تو ان پر کسی طرح کا عذاب ہے نہ عتا شبہ جنتی ہیں۔

عبارت فقہ اکبر وشرح فقہ اکبر

امام مذکور کی پیش کردہ عبارت فقہ اکبر نہ مصر کے مطبوعہ فقہ اکبر میں ہے، نہ دائرۃ المعارف حیدر آباد کے مطبوعہ فقہ اکبر میں۔ نیز علامہ امام اہل سنت ابومنصور ماتریدی کی شرح فقہ اکبر میں نہ یہ عبارت فقہ اکبر نہ اس کی شرح میں ہے۔ اسی طرح علامہ احمد حنفی کی شرح فقہ اکبر میں اوپر فقہ اکبر ہے اور خط کے نیچے شرح ہے، تو متن وشرح میں کہیں اس مضمون کا ذکر نہیں، خود ملا علی قاری کی اسی فقہ اکبر مصری میں دیکھ لیجئے نہ اس میں یہ عبارت فقہ اکبر ہے نہ شرح اکبر فقہ، تو ثابت ہوگیا کہ شرح فقہ اکبر مطبوعہ لاہور میں یہ تحریف ہے۔ اور محرف کتاب قابل حجت نہیں۔ اب باقی رہا علامہ علی قاری کا خود اس بارے میں کیا مسلک تھا پہلے ان کا یہی مسلک تھا جو امام مذکور کا مسلک ہے اور اس میں انہوں نے ایک رسالہ بھی تصنیف کیا پھر انہیں علامہ قاری نے اس مسلک سے رجوع کیا۔ چنانچہ علامہ مذکور شرح شفا شریف میں فرماتے ہیں:

ابو طالب لم يصح اسلامه واما اسلام ابويه ففيه اقوال واسلامهما علی ما اتفق عليه الاجلة من الامة كما بينه السيوطی فی رسائله الثلاث۔ (شرح شفا مصری ص۲۰۱ ج۱)

یعنی ابوطالب کا اسلام لانا صحیح نہیں لیکن حضور کے والدین کے اسلام لانے میں کئی قول ہیں، زائد صحیح قول یہی ہے کہ ان دونوں کا مسلمان ہونا ثابت ہے، اس پر جملہ امت کا اتفاق ہے جیسا کہ اس کو علامہ سیوطی نے اپنے تین رسالوں میں بیان کیا۔

پھر انہی علامہ قاری نے حدیث احیاء ابوین کو بھی صحیح ٹھہرایا اور جمہور کے نزدیک اس کو مطابق واقع بتایا۔ چنانچہ اسی شرح شفا جلد اول کی فصل احیائے موتی میں یہ تصریح کی:

واما ما ذكروا من احيائه عليه الصلوة والسلام ابويه فالاصح انه وقع علی ما عليه الجمهور الثقات كما قال السيوطی فی رسائله الثلاث ۔

(شرح شفا مصری ص۲۳۸)

یعنی جو حضور کے والدین کے زندہ کرنے کا محدثین نے ذکر کیا ہے تو زیادہ صحیح قول یہی ہے۔ اور اس پر جمہور ثقات اور علماء ہیں جیسا کہ علامہ سیوطی نے اپنے تین رسائل میں ذکر کیا۔

ان عبارات سے ثابت ہوگیا کہ علامہ علی قاری نے والدین کریمین کے اسلام کے قول کو زیادہ صحیح قرار دیا اور اسی پر اجلہ امت کا اتفاق ثابت کیا یہاں تک کے ان کے حق میں حدیث احیاء کو صحیح ٹھہرایا

اور جمہور ثقہ کے نزدیک اس کو مطابق واقع مانا۔ تو یہ ان علامہ کا اپنے پہلے مسلک سے رجوع ہی
اس امام مذکور کا ان کے پہلے قول کی عبارات کو حجت لانا فریب ہے۔ لہذا شرح فقہ اکبر کی عبار
اس کا استدلال کرنا غلط اور باطل قرار پایا۔

جوابات حدیث

جواب اول: سائل نے جو حدیث مسلم شریف سے استناد کیا ہے تو یہ حدیث صحیح ہے لیکن
صحیح کا جب کوئی معارض ہو تو پھر وہ قابل عمل نہیں ہوتی،
چنانچہ علامہ سیوطی "مسالک الحنفا" میں فرماتے ہیں:
لیس کل حدیث فی صحیح مسلم یقال بمقتضی لو جو ہ المعا رض لہ ۔
جیسے صحیح حدیث بخاری و مسلم میں ہے کہ جب کتا کسی برتن کو چاٹ لے تو اس کو سات با
ئے۔ لیکن ہمارا اس پر عمل نہیں تو اسی طرح صحیح مسلم میں ہے کہ بغیر فاتحہ کے نماز نہیں ہوتی۔ یعنی فا
فرض لیکن اس پر ہمارا عمل نہیں، تو اسی طرح کثیر احادیث مسلم و بخاری میں جن کے معارض مو
معارض پر عمل کیا جاتا ہے اور مسلم و بخاری کی احادیث پر عمل نہیں کیا جاتا تو جب اس حدیث کا م
جود ہے تو یہ حدیث مسلم قابل نہ رہی اور معارض کا ذکر آگے آتا ہے۔
جواب دوم: یہ حدیث مسلم منسوخ ہے۔ چنانچہ علامہ سیوطی فرماتے ہیں:
اجابو اعن الا حادیث التی بعضھا فی صحیح مسلم با نھا منسو خۃ
التی بنوا علیھا قا عدۃ شکر المنعم وقد اوردو اعلی ذلک من التنزیل اصولا م
تعالی: وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا ،ثم استدل با لآ یا ت السبعۃ "
(القامۃ السندیہ ص ۷)
اسی میں ہے: اما قول المنکر انہ وردت احادیث کثیرۃ فی عذابھما (فقد
علیھا با سرھا ۔ وبا لغت فی جمعھا و حصرھا وا کثرھا ما بین ضعیف ومعلو ل و
منھما منسوخ بما تقدم من النقول او معارض فیطلب الترجیح علی ما تقرر فی الا
(القامۃ السندیہ)
انہیں علامہ سیوطی نے "السبل الجلیہ فی الآباء الطیبہ" میں فرمایا:
فالجواب عن الاحادیث الواردۃ فی الابوین بما یخالف ذلک انھا ور

ورود الآیات والاحادیث المشار الیھا فیما تقدم ۔
دوسطر کے بعد ہے: قال بعض ائمۃ المالکیۃ فی الجواب عن تلک الاحادیث الواردۃ
فی الابوین انھا اخبار احاد فلا تعارض القاطع وھو قولہ تعالیٰ: وما کنا معذبین حتی نبعث
رسولا ،ونحوھا من الآیات فی معناھا۔
(السبل الجلیہ ص ۷)
ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ حدیث مسلم منسوخ ہے اور جب یہ منسوخ ہے تو پھر اس سے
امام مذکور کا استدلال کرنا سخت جہالت و نادانی ہے۔
جواب سوم: اس حدیث مسلم میں حضرت آمنہ کا ذکر ہے اور ان کی وفات توحید و ایمان پر
ہوئی، علامہ سیوطی "التعظیم والمنۃ" میں فرماتے ہیں: وقد ظفرت باثر یدل علی انھا ماتت وھی
موحدۃ اخرج ابو نعیم فی دلائل النبوۃ من طریق الزھری عن ام سماعۃ بنت ابی رحم عن
امھا قالت شھدت آمنۃ ام رسول اللہ ﷺ فی علتھا اللتی ماتت فیھا و محمد ﷺ غلام
خمس سنین یقعد عند رأسھا فنظرت الی وجھہ ثم قالت:

بارك اللہ فیك ومن غلام — یا ابن الذی من حومۃ الحمام
نجا بعون الملك المنعام — فودی غداۃ الضرب بالسھام
بمأۃ من ابل سوام — ان صح ما ابصرت فی المنام
فانت مبعوث الی الانام — من عند ذی الجلال والاکرام
تبعث فی الحل والحرم — تبعث بالتحقیق والاسلام
دین ابیك البر ابراھام — فاللہ انھاك عن الاصنام

ھذا القول من ام النبی ﷺ صریح فی انھا موحدۃ اذ ذکرت دین ابراھیم وبعث ابنھا
ﷺ بالاسلام من عند ذی الجلال والاکرام ونھیہ عن عبادۃ الاصنام وھل التوحید شی غیر
ھذا التوحید الاعتراف باللہ والوھیتہ وانہ لا شریك لہ والاباء من عبادۃ الاصنام ونحوھا
وھذا القدر کاف فی التنزیہ من الکفر لثبوت صفۃ التوحید فی الجاھلیۃ قبل البعث وانما
یشترط قدر زائد علی ھذا بعد البعثۃ۔ (التعظیم والمنۃ ص ۱۹)
اس حدیث مسلم کے خلاف خود حضرت آمنہ کا یہ صریح قول موجود ہے جس میں دین ابراہیمی

اوراسلام پر حضور کی بعثت۔ بتوں کی عبادت سے ممانعت کا صاف ذکر ہے تو یہ توحید کا اقرار، او
دت اصنام سے بیزاری وانکار ہے تو انکی وفات توحید اور ایمان پر ہوئی، لہذا حدیث مسلم قابل تاو

جواب چہارم: اس حدیث میں یہ فرمایا گیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کو حضرت آمن
میں استغفار کا اذن نہیں ملا، تو اس سے ان پر کفر لازم نہیں آتا کہ ممکن ہے کہ اہل فترۃ کے حق میں
ابتداء اسلام میں ممنوع ہو، جیسے مسلمان قرضدار کی نماز جنازہ اور اس کی استغفار ابتداء اسلام م
تھی پھر اسکی اجازت ہوئی۔ چنانچہ علامہ سیوطی ''التعظیم والمنہ'' میں فرماتے ہیں:

واما حدیث عدم الاذن فی الاستغفار فلا یلزم منہ الکفر بدلیل انہ ﷺ
ممنوعا فی اول الاسلام من الصلوۃ علی من علیہ دین لم یترک لہ وفاء و من الا
لہ و ہو من المسلمین۔ (التعظیم والمنہ ص ۲۱)

اس عبارت سے ظاہر ہو گیا کہ حضرت آمنہ کے لئے استغفار کا اذن نہ ملنے کو دلیل کفر
غلط وباطل ہے۔ تو امام مذکور کا استدلال حدیث مسلم سے غلط وباطل ثابت ہوا۔

حدیث دوم: نہ فقط ابن ماجہ نے بلکہ مسلم شریف نے روایت کیا، روایت مسلم کے الفاظ
حدثنا ابو بکر بن ابی شیبۃ قال نا حماد بن سلمۃ عن ثابت عن انس ان
ل یا رسول اللہ! این ابی؟ قال فی النار۔ فلما قفی دعاہ فقال: ان ابی و اباک فی ال
(مسلم مع نووی ص ۱۱۴ ج ۱)

ہمیں حدیث بیان کی ابوبکر ابن شیبہ نے، انہوں نے کہا ہمیں حدیث بیان کی حماد ب
، وہ روایت کرتے ہیں ثابت سے وہ روایت کرتے ہیں حضرت انس سے کہ ایک شخص نے
رسول اللہ! میرے باپ کہاں ہیں؟ فرمایا: دوزخ میں، پھر جب وہ شخص واپس ہوا تو حضور نے
فرمایا: بیشک میرے باپ اور تیرے باپ دوزخ میں ہیں۔

اس حدیث کو امام مذکور نے اپنے استدلال میں پیش کر کے یہ ثابت کیا کہ حضو
ﷺ کے والد دوزخ میں ہیں، اس کے بھی چند جوابات دیتا ہوں۔

جواب اول: حدیث شریف کے یہ الفاظ " ان ابی و اباک فی النار " حماد بن س
روایت میں ہیں۔ لیکن ثابت سے جو معمر راوی نے روایت کی اس میں یہ الفاظ نہیں ہیں، او
کے حافظہ میں محدثین نے کلام کیا ہے، اور محدثین کو معمر راوی کے حافظہ میں کسی طرح کلام نہیں

معمر اس روایت مسلم سے زیادہ قوی ثابت ہوئی اور حدیث مسلم جو بروایت حماد ہے حدیث منکر ہے اور یہ
حماد راوی ضعیف ہے۔ علامہ سیوطی مسالک الحنفا میں فرماتے ہیں:

الطریق التی رواہ مسلم منہا و قد خالفہ معمر عن ثابت فلم یذکر ان ابی و اباک
فی النار فان معمر اثبت من حماد فان حمادا تکلم فی حفظہ و وقع فی احادیثہ منا
کیر و اما معمر فلم یتکلم فی حفظہ و لا استنکر شئی من حدیثہ و اتفق علی التخریج لہ
الشیخان فکان لفظہ اثبت ملخصا۔ (مسالک الحنفا ص ۴۹)

یہی علامہ ''التعظیم والمنہ'' میں فرماتے ہیں:

و المناکیر فی روایۃ حماد کثیرۃ فبان بہذا ان الحدیث المتنازع فیہ لا بد ان
یکون منکرا۔ (التعظیم والمنہ ص ۳۶)

علامہ زرقانی شرح مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں: قد اعل السہیلی ہذا الحدیث بان
معمر بن راشد فی روایتہ عن ثابت عن انس فان حمادا فلم یذکر ان ابی و اباک فی النا
ر بل قال اذا مررت بقبر کافر فبشرہ بالنار و ہو کما قال فمعمر اثبت فی الروایۃ من حماد
لاتفاق الشیخین علی تخریج حدیثہ و لم یتکلم فی حفظہ و لم ینکر علیہ شئی من حدیثہ
و حماد و ان کان اماما عالما عابدا فقد تکلم جماعۃ فی روایتہ و لم یخرج لہ البخاری
شئیا فی صحیحہ۔ (زرقانی ص ۱۷۹)

ان عبارات سے ثابت ہو گیا کہ یہ حدیث مسلم حدیث منکر ہے اور اس میں حماد راوی ضعیف ہے
اور امام مذکور نے جن الفاظ حدیث سے استدلال کیا تھا وہ اقوی اور اثبت روایت کے اعتبار سے الفاظ
حدیث ہی نہیں، تو اس کا استدلال حدیث ہی سے نہ ہوا۔

جواب دوم: اس حدیث مسلم میں ثابت راوی ضعیف ہے۔

چنانچہ علامہ سیوطی التعظیم والمنہ میں فرماتے ہیں:

فثابت و ان کان اماما ثقۃ فقد ذکرہ ابن عدی فی کاملہ فی الضعفاء و قال: انہ
وقع فی احادیثہ منکرۃ۔ (التعظیم والمنہ ص ۳۵)

اسی طرح علامہ زرقانی نے شرح مواہب میں تصریح کی۔ لہذا یہ حدیث مسلم احتجاج کے قابل نہ
رہی تو امام مذکور کا اس حدیث سے احتجاج کرنا اس کی جہالت ہے۔

جواب سوم: یہ حدیث مسلم خبر واحد ہی تو ہے، لہذا یہ دلیل قطعی کے معارض نہیں ہوسکتی۔ چنانچہ علامہ زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں: انہ خبر احاد فلا یعارض القاطع و ہو نص وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا۔

اسی میں ہے: ثم لو فرض اتفاق الرواۃ علی لفظ مسلم کان معارضا بالادلۃ الآتیۃ والادلۃ الواردۃ فی اہل الفترۃ والحدیث الصحیح اذا عارضہ ادلۃ اخری وجب تاویلہ و تقدیمہ تلک الادلۃ علیہ کما ہو مقرر فی الاصول۔ (زرقانی ص ۱۸۰ ج ۱)

اس عبارت سے ثابت ہوگیا کہ جب حدیث مسلم دلیل قطعی کے معارض ہوگئی تو اس کی تاویل کی جائیگی اور اس دلیل قطعی کو قابل عمل قرار دیا جائیگا، تو اس امام مذکور کا اس حدیث کی تاویل نہ کرنا اور دلیل قطعی پر عمل نہ کرنا جہالت نہیں تو اور کیا ہے۔

جواب چہارم: یہ حدیث مسلم منسوخ ہے۔ چنانچہ علامہ زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں:

الجواب انہ منسوخ بالآیات والاحادیث الواردۃ فی اہل الفترۃ۔

(زرقانی ص ۱۷۹)

علامہ سیوطی "التعظیم والمنہ" میں فرماتے ہیں:

ان ہذا الحدیث متقدم علی الاحادیث الواردۃ فی اہل الفترۃ فیکون منسوخا بہا۔ (التعظیم والمنہ ص ۳۸)

اسی میں ہے: الاحادیث التی وردت فی ان ابوی النبی ﷺ فی النار کلہا منسوخۃ اما باحیائہما وایمانہما واما بالوحی فی ان اہل الفترۃ لا یعذبون۔

(التعظیم والمنہ ص ۲۶)

ان عبارات سے ثابت ہوگیا کہ یہ حدیث مسلم منسوخ ہے تو اس امام مذکور کا اس حدیث منسوخ سے استدلال کس قدر غلط ہے۔

جواب پنجم: اس حدیث مسلم میں ابی سے ابوطالب مراد ہیں کہ چچا بھی باپ کہلاتا ہے۔ جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چچا آزر کو قرآن کریم میں اب فرمایا گیا حالانکہ ان کے والد تارخ ہیں۔ اسی طرح اس حدیث میں ابی سے مراد ابوطالب ہیں نہ آپ کے والد ماجد عبداللہ رضی اللہ تعالی عنہ۔

علامہ سیوطی مسالک الحنفا میں فرماتے ہیں: قولہ ﷺ فی حدیث انس ان ابی وا

المراد عمہ ابو طالب لا ابوہ عبد اللہ کما قال بذلک امام فخر الدین فی ابی ابراہیم انہ عمہ۔ (مسالک الحنفا ص ۵۲)

علامہ زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں: واراد بابیہ عمہ ابا طالب لان العرب تسمی المربی ابا۔ (زرقانی ص ۱۷۹ ج ۱)

ان عبارات سے ثابت ہوگیا کہ حدیث مسلم میں ابی سے مراد ابوطالب ہیں نہ کہ آپ کہ والد ماجد عبداللہ رضی اللہ عنہ، تو اب اس امام مذکور کا حدیث کے لفظ ابی سے حضرت عبداللہ کو مراد لینا غلط ہوا۔ لہذا ان جیسی احادیث سے امام مذکور کا استدلال کرنا غلط و باطل ثابت ہوا۔ اور زید کا عبارت فقہ اکبر اور اسکی شرح کا یہ جواب صحیح ہے کہ سائل کی پیش کردہ عبارت نہ مصر کے مطبوعہ فقہ اکبر میں ہے نہ شرح فقہ اکبر میں، تو عبارت کا محرف ہونا ظاہر ہے اور اسکی پیش کردہ احادیث کے مفصل جوابات مذکور ہوئے۔

اب باقی رہا امام مذکور کا یہ کہنا کہ علامہ سیوطی شافعی ہیں تو یہ اس کی جہالت ہے کہ یہ بات فرعی مسائل ہی سے نہیں جس میں تقلید ائمہ کا تفرقہ ہوتا ہے بلکہ ایسے امور میں ان ائمہ میں اختلاف ہی نہیں ہوتا ہے۔ چنانچہ اسی بات میں علامہ علی قاری حنفی، شیخ محقق ابن نجیم حنفی صاحب الاشباہ والنظائر، علامہ سید احمد حنفی صاحب حموی، شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی، علامہ ابن عابدین شامی صاحب ردالمحتار وغیرہم احناف علامہ سیوطی کی تائید کرتے ہیں تو اگر یہ مسئلہ شافعیہ کا ہوتا تو ایسے مشہور حنفی اپنی تصنیفات میں اس قول کی ہرگز تائید نہیں کرتے۔ تو ظاہر ہوگیا کہ امام مذکور کا یہ قول بدتر از بول قرار پایا۔

اب رہا اس امام مذکور کا حکم تو اس کے لئے فقہ حنفی کے مشہور کتاب الاشباہ والنظائر ہی کو دیکھئے۔ پھر شیخ علامہ سید احمد حنفی نے اس کی شرح حموی میں قاضی ابوبکر ابن عربی کا فتوی نقل کیا:

سئل عن رجل قال ان ابا النبی ﷺ فی النار فاجاب بانہ ملعون لان اللہ تعالی یقول ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والآخرۃ ولا اذی اعظم من ان یقال عن ابیہ انہ فی النار۔ (حموی مع الاشباہ ص ۴۵)

یعنی اس شخص کے بارے میں سوال کیا گیا جس نے کہا کہ بیشک نبی ﷺ کے والد دوزخ میں ہیں، تو قاضی صاحب نے جواب دیا کہ بیشک وہ شخص ملعون ہے، اس لئے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے: بیشک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں ان پر اللہ دنیا و آخرت میں لعنت کرتا ہے۔ اور کون سی ایذا اس سے بڑھ کر ہوگی کہ حضور کے والد کے بارے میں یہ کہا جائے کہ وہ دوزخ میں ہیں۔

اس عبارت سے خود ہی ظاہر ہوگیا کہ امام مذکور سخت گستاخ و بے ادب اور موذی خدا و رسول اور ملعون ہے اور ایسے گستاخ و ملعون کے پیچھے اہل اسلام کی نماز کیسے جائز ہوسکتی ہے جو دنیا اور آخرت میں اللہ تعالی کی لعنت کا مورد ہے تو اس کی نماز یا کوئی عبادت کیا قبول ہوسکتی ہے، لہذا مسلمان اس کے پیچھے اپنی نمازیں ہرگز ہرگز برباد نہ کریں بلکہ اس کو فوراً امامت سے علیحدہ کردیں۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی و مرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

نوٹ: دہلی و دیوبند کو جو استفتا بھیجا تھا اس میں امام مسجد موچیاں کی جگہ عمر لکھا تھا لہذا ناظرین کرام عمر سے امام مذکور سمجھیں باقی استفتا وہی ہے جو ابتدا میں نقل ہے۔

الجواب:

فتوی دہلی

مجھے افسوس ہے کہ میں نے کچھ تفصیل سے اس کے جواب کا مواد تحریر کیا تھا لیکن وہ گم ہوگیا۔ لہذا اب اس سے زیادہ کچھ نہیں لکھ سکتا کہ زید نے جو جواب دیئے ہیں وہ صحیح ہیں عمر و ابوین کو شریفین کو ناری کہتا ہے تو اس کے پیچھے نماز پڑھنا چاہئے کہ اس کا یہ قول سرکار اقدس ﷺ کی ایذا کا موجب ہے۔ جو شخص قطعی ملعون ہے۔ شرح فقہ اکبر کی عبارت۔ ماتا علی الکفر، یہ کہاں ثابت ہوتا ہے کہ معاذ اللہ ابوین شریفین ناری ہیں، اس عبارت کی تقدیر تو یہ ہے کہ "ماتا علی زمان الکفر" یہ اس میں کہاں ہے کہ ماتا کافرین بلکہ اگر یہ ہوتا تب بھی کافر اور ناری ہونا ثابت نہ کرسکتا تھا بعض احادیث سے ان کی صحابیت بھی ثابت ہے۔

علامہ طحطاوی حاشیہ درمختار میں فرماتے ہیں: ان اللہ تعالیٰ احیاھما وآمنا کما ورد بہ الحدیث لینالا فضیلۃ الصحبۃ۔

یہ مسئلہ فقہی نہیں کہ اختلاف سے فائدہ اٹھایا جاسکے، اور اس مسئلہ میں تو بکثرت احناف بھی ابوین شریفین کے ناجی ہونے کے قائل ہیں فقط واللہ تعالی اعلم بالصواب

محمد مظہر اللہ غفرلہ جامع مسجد فتحپوری دہلی

الجواب دیوبند صحیح سہارنپور

عمر اس جراٴت اور دریدہ دہنی کی وجہ سے سخت گنہگار ہے کیونکہ محققین فقہاء نے اس بارہ میں زبان کو روکنے کا حکم فرمایا اور کوئی حکم نہیں لگایا گیا کہ اس مسئلہ میں اختلاف ہے، اور اخبار مختلفہ اس بارہ میں وارد ہیں۔

امام سیوطی رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے اس مسئلہ میں رسالے لکھے ہیں اور یہ ثابت کیا ہے کہ والدین آنحضرات ﷺ کے جنتی ہیں۔ یہ امر اگرچہ مومن کے نزدیک پسندیدہ ہے اور مقتضائے ادب بھی یہی ہے لیکن روایات حدیث اسباب میں ضعیف ہیں اس لئے حدود اسلام اور ادب کا مقتضی یہ ہے، اس بارہ میں توقف کیا جائے اور زبان کو روکا جائے اور کوئی حکم نہیں لگایا جائے، محققین فقہاء نے اسی کو اختیار کیا ہے ۔ واللہ اعلم۔ مسعود احمد عفا اللہ عنہ نائب مفتی دارالعلوم دیوبند

عمر سخت گنہگار ہے نماز اس کے پیچھے مکروہ ہے تاوقتیکہ وہ اس عقیدہ سے توبہ نہ کرے اس کو امام نہ بناویں۔ الجواب صحیح سید احمد علی سعید دارالافتاء دیوبند

فتوی کانپور یوپی

جو لوگ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے ابوین کریمین کو کافر و مشرک کہتے ہیں ان سے سوال ہے کہ وہ اپنے کو مومن کہتے ہیں یا نہیں؟ اگر کہتے ہیں تو حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو ایذا پہونچانا رحمت کا سبب سمجھتے ہیں یا لعنت کا؟ اگر رحمت کا سمجھتے ہیں تو میرا روئے سخن ان کی طرف نہیں ہے، اور اگر لعنت سمجھتے ہیں تو میں بتادینا چاہتا ہوں کہ اس سے نبی کریم ﷺ کو اذیت پہونچتی ہے۔

صاحب مواہب لدنیہ حضرت آمنہ کی مدینہ طیبہ سے مکہ معظمہ کی طرف مراجعت کو بیان فرماتے ہوئے حضرت آمنہ کی اپنے فرزند ارجمند کو دعا و نصیحت تحریر فرماتے ہیں:

ثم قالت:
بارك فيك الله من غلام — ان صح مابصرت فی المنام
فانت مبعوث الی الانام — تبعث فی الحل والحرام
تبعث فی التحقیق والاسلام — دین ابیك البرابراهام حق واسلام
فالله انهاك عن اصنام — ان لا توالیها مع الاقوام ۔

اے صاحبزادے خدائے تعالی تجھے مبارک بنائے، اگر میرا یہ خواب صحیح ہے تو تم ساری کائنات کے لئے رسول بنائے جاؤ گے،

حل وحرم سب کے رسول ہو گے ،اپنے باپ حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کے دین کو ظاہر کرنے کے لئے بھیجے جاؤ گے ،اے صاحبزادے اللہ تعالیٰ کی قسم یاد دلا کر کہتی ہوں بتوں سے دور رہنا جیسے قومیں بتوں کی عبادت وتعظیم کرتی ہیں ان سے تمہیں روکے جاتی ہوں۔

اس روایت سے اندازہ لگاؤ کہ اس قسم کی وصیت کوئی مشرکہ یا کافرہ کرسکتی ہے،اس سے حضرت آمنہ کی توحید پرستی اور ایمان ثابت ہوتا ہے۔جو کہتا ہے کہ حضرت آمنہ اور حضرت عبداللہ کو کافر ومشرک کہنے سے اللہ تعالیٰ کل قیامت کے دن اس بارے میں نہ پوچھے گا اسے آیت ومن یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ، پڑھ کر سنایئے اور اس موذی سے پوچھئے کہ جب کافر ومشرک بلا دلیل کہنے والے سے خدا قدوس نہ پوچھے گا تو مومن وموحد بالدلیل کہنے والے سے کیوں پوچھے گا، پھر جب تمہارا ایمان ہے کہ ان کے متعلق سوال نہ ہوگا تو یہ مطلب ہوا کہ وہ امور دینیہ میں سے نہیں ،اور جب دینی بات نہیں تو پھر مسلمانوں دینداروں میں یہ بات کیوں پھیلائی گئی، کافر ومشرک کہنے پر کیوں زور دیا گیا۔اب تو یہ بات واضح ہوگئی کہ اس موذی کا مقصد صرف رحمت عالم ﷺ کو روحی صدمہ اور ایذا پہونچانا ہے جس کے لئے قرآن مجید ناطق ہے:

والذین یوذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والآخرۃ واعد لھم عذابا مھینا،

جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کو ایذا پہونچاتے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت دنیا میں بھی ہے اور آخرت میں بھی اور اس کے لئے ذلت والا عذاب مقرر ہے۔

حضرت ملا علی قاری کی عبارت کو آڑ بنانے سے پہلے حضرت موصوف کی تالیفات پر نظر ہونی چاہئے ،کیونکہ زندگی میں مختلف حوادث وکوائف سے دوچار ہونا پڑتا ہے،جس وقت جو امر محقق ہوا اسی کے مطابق حکم لگایا جائے گا،جب اس کے خلاف کا ثبوت ملا رجوع کرلیا جیسا کہ ائمہ دین کی تصنیفات سے ظاہر ہے۔یہی حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح صفا میں حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے آباء کرام کے نکاح سے متعلق فرماتے ہیں کہ کبھی خلاف شرع نہیں ہوا، پھر فرماتے ہیں:

من اعتقد غیر ھذا فقد اخطأ وشك فی الخبر ۔ جو اس کے علاوہ عقیدہ رکھے وہ خاطی ہے اسے حدیث میں شک ہے۔

پھر فرماتے ہیں: ویؤید ذلك قولہ ﷺ ننتقل فی الاصلاب الزاکیۃ الی الارحام الطاھرۃ ، کہ اس کی تائید حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس فرمان سے ہوتی ہے کہ میں منتقل ہوتا

پاک صلبوں سے پاک رحموں میں ۔تو حضور ﷺ کے نور پاک کا مستقر ہمیشہ پاک وطاہر رہا،اب اگر معاذ اللہ سلسلہ آبائے کرام میں کوئی مشرک ہے تو یہ حدیث کس طرح صحیح ہوگی کیونکہ مشرک نجس ہے ،قرآن مجید میں ہے:انما المشرکون نجس ،یقیناً مشرکین نجس ہیں۔

اب اچھی طرح واضح ہوگیا کہ سلسلہ آبائے کرام میں کسی کو مشرک وکافر کہنا حدیث شریف کی تکذیب ہے،ایسی صورت میں اگر وہ عبارت "ماتا علی الکفر" والی ہو بھی تو اس کی ویسی توجیہ کی جائے گی جو ان کے مسلک کے موافق ہو،اور یہ میں نے اس لئے کہا کہ حضرت ملا علی قاری کی شرح فقہ اکبر مختلف مطابع میں چھپی، کسی میں یہ عبارت نہیں بجز اس کے جسے وہابیوں نے پیش کیا،اور دوسرے نسخے اٹھا کر دیکھئے حال منکشف ہوجائے گا۔

امر محقق یہ ہے کہ کفر وشرک اور عذاب ونار کی گفتگو بعثت پر متفرع ہے اور والدین کریمین آنحضرت ﷺ قبل بعثت انتقال فرماگئے ،قرآن مجید کا ارشاد ہے: وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا ، ہم عذاب کرنے والے نہیں جب تک ان میں اپنا رسول نہ بھیج دیں۔لہذا ابوین شریفین کے متعلق عذاب وشرک کا سوال نہیں پیدا ہوتا خصوصاً جب کہ ان سے کلمات اسلام کا ثبوت ملتا ہے جیسا کہ پہلے گذرا۔اب دو حدیثیں سنئے جو صراحۃً ابوین کریمین کے مومن ہونے کو بتاتی ہیں۔

سیرت حلبیہ میں بسند محدثین مذکور ہے:

عن ام المؤمنین عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھا ان اللہ احیا لہ اباہ وامن بہ ۔

ام المؤمنین فرماتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے والد ماجد کو آپ کے لئے زندہ فرمایا اور وہ حضور پر ایمان لائے۔

مواہب لدنیہ شریف میں ہے:احیی اللہ لہ ابویہ حتی آمنا بہ ۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کے والدین محترمین کو آپ کے لئے زندہ فرمایا یہاں تک کہ وہ دونوں حضور ﷺ پر ایمان لائے۔ یہ زندہ کرنا اس امت میں داخل کرنے کی وجہ سے تھا ورنہ وہ مومن موحد تو تھے ہی اور اسی پر ان کا انتقال ہوا تھا۔ایسے شخص کو یعنی جو حضور کے والدین کو معاذ اللہ کافر کہے امام نہ بنایا جائے ،اس کے پیچھے نماز درست نہیں واللہ تعالیٰ اعلم۔

فقیر رفاقت حسین غفرلہ احسن المدارس قدیم کانپور

تحائف حنفیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله رب العلمين الذى هدانا الى الصراط المستقيم والصلوة والسلام على الخلق سيد المرسلين الذى ارسله رحمة للعلمين وخاتم النبيين فهو يوم القيامة [illegible] المذنبين وعلى اهله وصحبه الطاهرين الذين هم ائمة الدين وعلى الفقهاء والمجتهـ[illegible] وعلى سائر المقلدين المهديين الذين هم على طريق المسلمين وعلينا معهم وبهم الى الدين اجمعين برحمتك يا ارحم الراحمين امين

اما بعد :

فقیر محمد اجمل عرض کرتا ہے کہ یہ بڑے فتنہ وفساد کا زمانہ ہے، گمراہی وضلالت کا دور ہے، ہر [illegible] وکم علم نے ایک نیا مذہب ایجاد کر رکھا ہے، اور سلف صالحین پر لعن طعن شروع کر دیا ہے، انہیں میں ایک فرقہ غیر مقلدین ہے جو نہایت سخت بے حیا اور بے غیرت ہے، بے ادب و بے باک ہے، ان [illegible] دعوے تو اس قدر بلند ہیں کہ عامل بالحدیث ہیں اور اپنے متبع حدیث ہونے کی بنا پر کسی امام ومجتہد کی کے محتاج نہیں اور پھر وہ اپنے آپ کو صداقت وراست بازی کا پیکر جانتے ہیں، لیکن ان کا عمل اس خلاف ہے اور وہ قرآن وحدیث کے دشمن ہیں اور جاہل ملوں کی تقلید کرتے ہیں، فقہا ومجتہدین کی شا[illegible] میں سخت بے ادب وگستاخ ہیں، اور کذب ودجل اور مکر وفریب میں بے مثل ہیں، اس قوم کی محنتو[illegible] نتیجہ یہ رسالہ ہے جو ہمارے پیش نظر ہے، اس رسالے پر اس قوم کو اس قدر ناز ہے کہ وہ اس کا نام تجویز نہ کر سکے، اور چونکہ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ کوئی مقلد اس کا جواب نہ لکھ سکے گا تو سینہ تان کر اسی کو [illegible] نام قرار دیتے ہیں، یعنی

انعام گیارہ ہزار لو

یہ شعبہ تبلیغ جماعت اہل حدیث صدر بازار دہلی ہند کی شائع کردہ ہے اور اس کے کوئی شیخ فاضل اجل عبدالجلیل سامرودی ساکن سامرودہ پوسٹ پلسانہ ضلع سورت وایا چلتھاں مورخہ ۶؍جولائی ۱۹۵۴ء

یہ رسالہ کسی غیر مشہور حکیم محمد حنیف ساکن کھنڈیلہ کے اشتہار کے جواب میں لکھا گیا ہے۔ کاش ہمارے پاس وہ اشتہار ہوتا تو پھر ہم شرح وبسط کے ساتھ لکھتے اور اس کی تائید میں امکانی سعی کرتے، اب اس رسالہ کا عام اعلان اور مطالبہ جواب پر یہ چند سطور تحریر کی جاتی ہیں اور اس قوم کے دروغ وکذب ودجل وفریب، اور مکر وکید سے عوام کو مطلع کیا جاتا ہے۔ اگر اس قوم میں اپنے اعلان کے مطابق مکڑی کے جالے برابر بھی صداقت اور سچائی اور طاقت وقوت ہو تو بلا تاخیر گیارہ ہزار کی رقم ادا کرے، اگر اس غریب ونادار مصنف کے پاس یہ رقم موجود نہ ہو تو اپنی مالدار قوم سے بھیک مانگ کر اپنے آپ کو سچا دکھانے کی کوشش کرے اور ایک مرتبہ تو ہندوستان کی فضا میں اس مذہب اہل حدیث کو راست گو ثابت کر دکھائے مگر ہم جانتے ہیں کہ ہماری یہ امید پوری نہیں ہوگی اور اس قوم میں اتنی حیا وغیرت پیدا ہونی مشکل ہے اور مصنف میں سچائی او[illegible] صداقت کا کوئی شائبہ تک نہیں ہے، جب ان جھوٹوں کے مذہب میں خدا بھی جھوٹ بول سکتا ہے تو جھوٹے مذہب کے پجاریوں سے صداقت کی کیا امید کی جا سکتی ہے، ہندوستان بھر میں اسی قوم کا یہ طرۂ امتیاز ہے کہ یہ ہمیشہ ایسے انعامی اعلانات کرتے رہتے ہیں اور آج تک کسی کو ایک پیسہ تک نہیں دیا ہے بلکہ نہ آئندہ ان کو کوئی پیسہ دینا ہے، پیسہ دینا تو در کنار کسی مقلد حنفی کے مقابلہ میں آنے کی ہمت بھی نہ ہوئی۔

لہذا نہ میں ان کے انعام کی طمع میں بلکہ بعض عوام جو ان کے کذب وفریب کا شکار ہو جاتے ہیں اس کی تسکین خاطر کے لئے اور ان ناواقف اہل حدیث کے لئے جو ان کے دعووں کو صحیح سمجھتے ہیں ان کی رہنمائی کے لئے یہ ان کے گیارہ ہزار انعامی سوالات کے جوابات پیش کئے جاتے ہیں اور ان کے کمزور دلائل کی حقیقت کا اظہار مقصود ہے، اسی امید پر ہم یہ چند سطور سپرد قلم کرتے ہیں تا کہ ہر ذی عقل ان کے کذب وفریب پر مطلع ہو کر ان کے جھوٹے مذہب سے بچے اور ممکن ہے کہ مولیٰ تعالیٰ کسی مخالف کو توبہ کی توفیق دے اور انعامی رقم دینے کی کسی میں ہمت پیدا کر دے۔

رسالہ کا آغاز عجیب ہے، نہایت مکر وفریب پر مبنی ہے، ہم اس کے لغویات اور غیر ضروری امور کو نظر انداز کرتے ہوئے پہلے اس کے مایہ ناز دلائل کی حقیقت آشکارا کر دیں، ناظرین بغور ملاحظہ کریں۔

اہل حدیث کی پہلی حدیث

یوں تو ساری قوم کو اس حدیث پر ناز ہے، مصنف نے بھی اپنے دلائل میں سب سے حدیث کو پیش کیا ہے، تو اس مایۂ ناز حدیث کو دیکھئے۔

من صلی خلف الامام فلیقرأ بفاتحۃ الکتاب ۔ (طبرانی)

یعنی جو امام کے پیچھے نماز پڑھے اس کو چاہئے کہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔

جواب

اقول اولا: مصنف یہ حدیث صحاح ستہ کے موجود ہوتے ہوئے طبرانی سے کرلایا، باوجودیکہ حدیث عبادہ صحاح کی ہر کتاب میں موجود ہے، تو یہ مصنف کی خود مطلبی نہیں ہے، بلکہ اس سے اس کے صحاح پر عمل کرنے کے دعوی کا جھوٹا اور غلط و باطل ہونا قرار دینا نہیں کیا ہے۔

ثانیا: مصنف نے اس حدیث کو بغیر اسناد کے لکھا تا کہ حدیث کے کسی راوی پر جرح، اور ظاہر ہے کہ طبرانی ہر جگہ دستیاب نہیں ہوسکتی، غالبا مصنف کے پاس بھی نہیں ہے ورنہ اس کا پتہ لکھتا، تو یہ مصنف کی بددیانتی اور خودغرضی نہیں تو اور کیا ہے۔

ثالثا: جب یہ حدیث حضرت عبادہ بن ثابت صحاح ستہ میں باتفاق الفاظ مروی ہے چھوڑنا اور طبرانی جیسی کتاب سے نقل کردینا مصنف کی نفسانیت نہیں تو اور کیا ہے، اور صحاح کی یہ حقیقت ہے، مصنف اپنے اس انداز سے اپنی اندھی قوم کو فریب دے رہا ہے اور وہ ان احادیث کے انکار پر تیار ہوگئے ہیں، یہ ہے مذہب غیر مقلدیت کی ننگی تصویر جس کو کوئی ذی نہیں کرسکتا۔

رابعا: جب صحاح ستہ کی روایات میں خلف الامام کے الفاظ نہیں ہیں تو طبرانی کے مقابلہ میں یہ زیادتی کس اعتماد وقوت پر روایت کی، مصنف اس کی کوئی صحیح توجیہ پیش کرے روایت سے استدلال کررہا ہے۔

خامسا: فصحا کے کلام میں زیادتی افادہ سے خالی نہیں ہوتی، مصنف بتائے کہ اس زیادتی کا فائدہ ہے؟۔

سادسا: کیا یہ حدیث طبرانی نص قرآنی اور احادیث صحاح کو منسوخ کرسکتی ہے یا نہیں؟۔

سابعا: اگر منسوخ کرسکتی ہے تو مصنف معتبر دلیل سے ثابت کرے۔

ثامنا: قرأت فاتحہ کی فرضیت کیا امام کے پیچھے مقتدیوں ہی پر ہے، امام اور منفرد پر نہیں، مصنف اگر اپنے آپ کو محدث کہتا ہے تو اپنے اس عقدہ کو حل کرے ورنہ حدیث سے استدلال کرنے کا ارادہ ترک کرے۔

تاسعا: کیا فرضیت فاتحہ صرف اسی حدیث سے ثابت ہے؟ یا اور حدیث بھی ایسی ہے جس کو صحاح ستہ میں سے کسی کتاب نے روایت نہیں کیا ہے۔

عاشرا: جب یہ حدیث طبرانی نص قرآنی اور احادیث صحاح کو منسوخ نہیں کرسکتی تو مصنف نے اس حدیث کو کیا درجہ دے کر دلیل بنایا اور ساری قوم کو اس پر فخر و ناز ہے۔

مصنف کی دوسری حدیث: جو رسالہ کے ص ۳ و ص ۴ پر ہے وہ یہ ہے:

لاصلوۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب خلف الامام۔

(رواہ بیہقی فی کتاب القرأت ص ۴۷)

امام کے پیچھے جو فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں ہوتی۔

جواب

اولا: یہ حدیث عبادہ صحیحین بلکہ صحاح ستہ میں بھی مروی ہے، تو مصنف نے ان صحاح کو چھوڑ کر امام بیہقی کے کسی رسالے سے کیوں نقل کی، ان کی سنن کبری سے کیوں نقل نہیں کی، یہ مصنف کی خودغرضی نہیں تو اور کیا ہے، مصنف بتائے کیا اسی فریب کا نام عامل بالحدیث اور اہل حدیث ہوتا ہے۔

کیا امام بیہقی کا یہ رسالہ ان کی سنن کبریٰ سے زیادہ معتبر و معتمد ہے؟

ثالثا۔ مصنف یہ بتائے کہ اگر فرضیت قرأت لا صلوۃ لمن یقرء بفاتحۃ الکتاب سے ثابت ہوگئی تھی تو خلف الامام کس فائدہ کے لئے آیا۔ آیا یہ مطلب ہے کہ امام کے پیچھے پڑھنے والے کی نماز تو بغیر فاتحہ پڑھے نہ ہوگی۔ مگر خود امام کی اور منفردوں کی نماز بغیر فاتحہ کے ہی ہوجاتی ہیں۔

رابعا۔ مصنف اپنی پیشکردہ حدیث کا مطلب تو بتائے، آیا یہ کہ جس نماز میں امام کے پیچھے فاتحہ نہیں پڑھی صرف وہی نماز ناجائز ہے تو اس میں کس چیز کی نفی ہے اور دلیل خصوص کیا ہے؟۔

خامسا۔ یا یہ مطلب ہے کہ جس نے کبھی امام کے پیچھے فاتحہ ترک کردی تو اس کی عمر بھر کی کوئی نماز

صحیح نہیں سب باطل ہوگئیں۔عمل ہی حبط ہوگئے۔اس مطلب کا دنیا میں کون قائل ہے۔
کراب جنہوں نے امام کے پیچھے قرأۃ نہیں کی ان کی عمر بھر کی نمازیں کیا ہوئیں اور کیا پچھلی نما
شرائط وآداب کی ساتھ ہوئیں ان کی صحت موقوف تھی۔

سادساً۔فرضیت قرأۃ خلف الامام میں یہ حدیث مطلق ہے یا مقید۔عام ہے یا خاص
خاص ہے تو دلیل تقیید وتخصیص کیا ہے؟

سابعاً۔کیا اس حدیث کی صحت محض بیہقی کی تصحیح سے بطور تقلید تخصی کافی ہے، یا اس کی
اور دلیل ہے۔اگر ہے تو کیا ہے؟

ثامناً۔مصنف کی یہ حدیث مجروح ہے کہ اسی بیہقی کی سنن کبریٰ میں یہ حدیث بھی مر

حدیث: عن زید بن ثابت قال من قرأ وراء الامام فلا صلوۃ،
(بیہقی سنن کبریٰ ص۱۶۳ ج۲)

حضرت زید ابن ثابت سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ جس نے امام کے پیچھے
تو اس کی نماز نہیں۔

مصنف اگر بیہقی کی روایت کو معتبر مانتا ہے تو اس کی روایت کو بھی معتبر مانے اور
ہونے سے توبہ کرے۔

تاسعاً: امام بیہقی نے اسی سنن کبریٰ میں ایک یہ حدیث مرفوع بھی روایت کی ہے:
قال النبی ﷺ: من صلی خلف الامام فان قرأۃ الامام له قرأۃ۔
(بیہقی ص۱۵۹ ج۲)

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو امام کے پیچھے نماز پڑھے تو بیشک امام کا قرأت کرنا اس
قرأت کرنا ہے۔

تو مصنف اگر امام بیہقی کی اس حدیث پر ایمان رکھتا ہے تو اپنے باطل مذہب سے تو
اپنے مقلد حنفی ہونے کا اعلان کرے، لیکن مصنف اگر فی الواقع اہل حدیث ہوتا تو اس حد
توبہ کر لیتا مگر اس کو توبہ کی توفیق نہ ہوگی۔

عاشراً: انہیں امام بیہقی نے اپنی سنن کبریٰ میں یہ حدیث مرفوع بھی روایت کی ہے:
قال النبی ﷺ من کان له امام فان قرآۃ الامام له قرأۃ۔(بیہقی ص۱۶۰ ج۲)

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس امام ہو تو بیشک امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے۔
تو یہ مصنف اگر بیہقی اور حدیث کو مانتا ہے تو اپنی غیر مقلدیت سے توبہ کرے اور حنفی ہونے کا
لان کرے ورنہ اپنے دشمن حدیث ومخالف بیہقی ہونے کو شائع کرے اور اپنی پیش کردہ حدیث اور ان
ادیث میں توفیق بیان کرے۔

مصنف کی تیسری حدیث

مصنف نے اپنے اثبات دعوی میں یہ تیسری حدیث پیش کی ہے جو رسالہ کے ص۱۴ پر ہے۔
لعلکم تقرؤن خلف امامکم لا تفعلوا الا بفاتحة الکتاب ۔
شاید کہ تم اپنے امام کے پیچھے قرأت کرتے ہو تو سوائے فاتحہ کے کچھ نہ پڑھو۔

جواب اولا: مصنف یہ بتائے کہ جب مقتدی قرأت امام کے وقت اس حدیث کے حکم سے فاتحہ
ڑھے گا تو وہ استماع وانصات نہ کر سکے گا، تو اس میں حکم قرآنی "فاستمعوا له وانصتوا" کی مخالفت
گی یا نہیں؟۔

ثانیا: جب صحاح ستہ میں سے صحیح مسلم وابن ماجہ میں یہ حدیث بالفاظ مختلف مروی ہے،
اذا قرء الامام فانصتوا ۔جب امام قرأت کرے تو تم چپ رہو۔
تو بموجب اس حدیث کے بوقت قرأت امام فاتحہ پڑھنے میں اس حدیث مسلم وابن ماجہ کی
الفت ہوگی یا نہیں؟۔

ثالثا: مصنف کی پیش کردہ حدیث عند المحدثین حدیث موقوف ہے، چنانچہ جواہر النقی حاشیہ بیہقی
اس کی تصریح موجود ہے، تو مصنف بتائے کہ کیا حدیث موقوف اس کے مذہب کی دلیل ہے اور کیا
یث موقوف حدیث مرفوع کو منسوخ کر سکتی ہے؟۔

رابعا: جب خود اس حدیث کے راوی ابوداؤد وامام بیہقی نے اس حدیث کو روایت کرنے کے
عد اپنے امام کی تقلید پر عمل کرنا مقدم قرار دیا، مصنف کا تمام صحاح ستہ کے مقابلہ میں اس کو قابل عمل
رار دینا جہالت نہیں ہے تو اور کیا ہے۔

خامسا: جب مصنف اس قدر جاہل ہے کہ حدیث مرفوع وموقوف کے امتیاز اور مراتب سے بے
ہے تو اس کو حدیث پر عمل کرنے کا کیوں خبط پیدا ہوگیا ہے۔

سادسا: جب مصنف حدیث کے اقسام اور مراتب سے جاہل ہے تو عامل بالحدیث ہونے کا

اسے سودا کیوں ہوگیا ہے۔

سابعا: اس حدیث سے قرأت فاتحہ کی فرضیت آیا بصراحۃ النص ثابت ہے یا باشار
یا اقتضاء النص؟ اور ان کی کیا تعریف ہے؟

ثامنا: حدیث کے الفاظ الا بفاتحۃ الکتاب سے استثناء متصل مراد ہے یا منفصل
ہے اس پر کیا دلیل ہے؟۔

تاسعا: فانہ لا صلوۃ الحدیث کس کا بیان ہے؟ آیا مستثنی منہ کا یا مستثنی کا؟

عاشرا: لا تفعلوا، آیا نہی کا صیغہ ہے یا نفی کا؟ اور نہی و نفی میں کیا فرق ہے اور فرضیت
جملہ سے مستفاد ہے، ہر بات دلیل سے ہو۔

ملا علی قاری اور مولوی عبدالحی نہ ہمارے امام نہ ہم ان کے مقلد، اور یہ خود مقلد امام
مصنف نے ان کا ذکر کیوں کیا کہ یہ اس حدیث کے عامل نہیں۔

مصنف کی چوتھی حدیث

مصنف نے اپنے رسالے کے ص ۶ پر یہ حدیث امام بیہقی کے رسالہ سے نقل کی
سنن سے اس کی تصحیح پیش کی، حدیث کے الفاظ یہ ہیں: فلا تقرؤا بشیء من القرآن اذا جهر
الا بام القرآن۔ (رسالہ بیہقی ص ۴۴)
تم قرآن سے کچھ مت پڑھو جب امام بالجہر پڑھے مگر الحمد شریف۔

جواب اولا: اس مسئلہ میں صحاح کی احادیث موجود ہوتے ہوئے امام بیہقی کے رسا
حدیث کو پیش کر دینا بد دیانتی نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ غیر مقلد جو اپنے ملوں کی اندھی تقلید کرتے
اس مصنف کی حرکت پر کچھ نہ کہیں تو یہ ان کی کم علمی اور جہالت ہے، مگر اہل علم اور حدیث
والے اس کی غلطی اور بے مائیگی کو خوب پہچان لیں گے۔

ثانیا: جب امام جہر سے قرأت کرے گا تو بحکم قرآن مقتدی پر استماع وانصات واجب
حدیث سے اس کے ذمہ پر فاتحہ کو واجب قرار دینا کیا حکم خداوندی کا مقابلہ ہے یا نہیں؟
کے نزدیک کتاب اللہ وحدیث میں بھی ایسا مقابلہ ہو سکتا ہے یا نہیں؟

ثالثا: کیا حدیث خبر واحد کتاب اللہ کے حکم کو منسوخ کر سکتی ہے؟ اگر کر سکتی ہے تو دلیل

ورنہ حنفی ہونے کا اعلان کرے۔

رابعا: یہ حدیث وجوب فاتحہ کے لئے اگر نص ہے تو جہری نمازوں میں ہوگی تو سری نمازوں میں
اس سے وجوب فاتحہ کس طرح ثابت ہے۔

خامسا: سری نمازوں میں بھی امام قرأت کرتا ہے تو بحکم قرآن اس پر انصات واجب، تو وجوب
انصات کے منافی ہے یا نہیں؟۔

سادسا: سری نمازوں میں بموجب حدیث مسلم "اذا قرء الامام فانصتوا" کے مقتدی پر
انصات واجب ہوا تو اس حدیث سے اس پر وجوب فاتحہ کیسے ثابت ہوگا؟۔

سابعا: امام طحاوی نے اس حدیث کو موقوف بتایا ہے تو حدیث موقوف حدیث مرفوع کو کیسے
منسوخ کر سکتی ہے؟۔

تاسعا: اس حدیث کے رواۃ میں نافع بن محمود مجہول وغیر معروف راوی ہے تو یہ حدیث مجروح
ہوئی یا نہیں؟۔

عاشرا: غیر مقلدین کے جھوٹے مذہب کی یہ حقیقت ہے کہ وہ اگرچہ اہل حدیث اپنے آپ کو
کہتے ہیں اور حدیث موقوف بلکہ مجروح کو اپنی دلیل بناتے ہیں، یہ ان کے دلائل کا احوال ہے۔

مصنف کی پانچویں حدیث

یہ حدیث اس رسالہ کے ص ۸ و ۹ پر ہے۔ یہ بھی امام بیہقی کے رسالہ سے ہے۔

سألت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ عن القرأۃ خلف الامام فقال لی
اقرأ فقلت وان کنت خلفك فقال وان کنت خلفی فقلت وان قرأت قال وان قرأت۔
(رسالہ کتاب القرأت ص ۴۰)

یزید ابن شریک نے کہا کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ سے امام کے پیچھے
قرأت کرنے کے بارے میں سوال کیا تو انھوں نے مجھ سے فرمایا: تو قرأت کر، پھر میں نے کہا اگرچہ
میں آپ کے پیچھے ہوں؟ فرمایا: اگرچہ تو میرے پیچھے ہو، میں نے کہا اگرچہ آپ قرأت کرتے ہوں
فرمایا کہ اگرچہ میں قرأت کرتا ہوں۔

جواب اولا: یہ حدیث مرفوع نہیں بلکہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کا قول ہے اور شارح علیہ

السلام کا قول نہیں، تو یہ حدیث مرفوع کے حکم میں ہے یا نہیں؟۔

ثانیا: جب یہ قول صحابی ہے تو قول نبی ﷺ کے قول کے معارض ہوسکتا ہے یا نہیں؟۔

ثالثا: یہ قول صحابی ہے تو آیۂ کریمہ وصحاح احادیث کے خلاف ہے تو ان کے مقابلہ کیا اس
ضروری ہے یا نہیں؟۔

رابعا: اگر اس حدیث کی اسناد جید تھی تو اس کو صحاح ستہ میں سے کسی کتاب نے کیوں روایت
کیا، اس کی وجہ مصنف ظاہر کرے۔

خامسا: جب بحکم قرآن واحادیث مرفوعہ صحیحہ مقتدی پر استماع وانصات واجب ہے تو
وجوب قرأت فاتحہ اس جیسی حدیث سے کس طرح ثابت ہوگا؟۔

سادسا: اگر فرض کرلیا جائے کہ حضرت فاروق اعظم کا بھی مذہب ہے تو ان کا مذہب صریح
واحادیث صحیحہ کے خلاف ومقابل کیوں ہے؟۔

سابعا: یہ حدیث مصنف کے نزدیک کس مرتبہ کی ہے، اس سے حکم کتاب اللہ واحادیث صحیحہ
منسوخ ہوسکتا ہے یا نہیں؟۔

ثامنا: انہیں حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کا یہ قول بھی احادیث میں مروی
انہوں نے خاص اسی مسئلہ میں یہ
فرمایا: لیت فی فم الذی یقرأ خلف الامام حجرا۔ (مؤطا امام محمد ص ۷۹)
جو امام کے پیچھے قرأت کرے کاش اس کے منہ میں پتھر ہوتا۔

تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کا کونسا قول صحیح ہے اور کونسا قابل عمل ہے؟۔

تاسعا: انہیں امام بیہقی کی سنن کبری کے حاشیہ پر انہیں حضرت عمر فاروق کا یہ قول منقول
قال عمر بن الخطاب وددت ان الذی یقرء خلف الامام فی فیه حجر۔
حضرت عمر نے فرمایا: جو امام کے پیچھے قرأت کرے میں پسند کرتا ہوں کہ اس کے منہ میں

تو جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کے یہ مختلف اقوال مروی ہیں تو کس قول کو
سمجھا جائے اور کس کو سند بنایا جائے؟۔

عاشرا: یہ مصنف اب حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کے ان مختلف اقوال کی تاریخ

اور یہ ظاہر کرے کہ کون قول مقدم ہے اور کون مؤخر ہے اور انہوں نے خود کس پر عمل کیا، پھر مصنف کی عیاری ملاحظہ ہو کہ ادھر تو وہ ہم سے حدیث مرفوع طلب کرتا ہے اور قولی حدیث کا مطالبہ کرتا ہے، حدیث فعلی کو نہیں مانتا، اور خود حدیث موقوف بلکہ مجروح سے استدلال کررہا ہے، یہ ہے اس کی بے ایمانی وبد دیانتی کا مظاہرہ، اس کمزور حقیقت پر اس کا عامل بالحدیث ہونے کا دعوی اس کی اندھی اور جاہل قوم غیر مقلدین قدر کرے تو کرے لیکن جو حقیقۃ اہل حدیث ہیں وہ اس کی بات اور اس کے ایسے غلط استدلالات کو پتھر سے ماریں گے اور اس کو نااہل اور دشمن حدیث قرار دیں گے۔

مصنف کے وہ انعامی سوالات اوران کے تحقیقی جوابات ملاحظہ ہوں

مصنف نے اپنے سوالات میں اگرچہ نہایت عیاری وفریب کاری سے کام لیا ہو اور پھر بنا بر خوف کے انکو شرط سے مشروط کیا ہے اور اسکے ساتھ اپنا یہ گندہ عقیدہ بھی ظاہر کردیا کہ قول نبی ﷺ کو حجت ودلیل مانتا ہے، اور فعل شارع علیہ السلام نہیں مانتا۔ باوجودیکہ فعل نبی ﷺ بھی اہل اسلام کے نزدیک دلیل ہے۔ مصنف نے اس ضمن میں احادیث فعلیہ کا انکار کرکے نصف شرع کا انکار کردیا۔ یہ ہے اس کے دعوائے اسلام کی حقیقت کہ فعل نبی ﷺ کا منکر اور مخالف ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ وہ قول وفعل نبی ﷺ کا منکر ومخالف ہے۔ ان غیر مقلدین کا مذہب ہی یہ ہے جس کا کہیں دب کر اقرار بھی کرلیتے ہیں۔

بحث مسئلہ قرأت خلف الامام

سوال اول۔ نبی ﷺ نے مقتدیوں کو سورہ فاتحہ پڑھنے سے منع کیا ہو۔ یا یوں فرمایا ہو کہ تم مقتدی بن کر سورۂ فاتحہ پڑھو گے تو تمہاری نماز نہ ہوگی۔ ایک ہزار نقد انعام لو۔

جواب

اللہ تعالی قرآن کریم میں خاص اس مسئلہ میں آیہ کریمہ نازل فرماتا ہے وہ یہ ہے:

واذا قری القرأن فا ستمعو اله و انتصتوا لعلکم تر حمون ۔

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے سنو اور چپ رہو کہ تم پر رحم کیا جائے۔

(سورۂ اعراف پ ۹ رکوع ۱۴)

امام بیہقی اس آیہ کریمہ کا سبب نزول سنن کبری میں اس طرح نقل فرماتے ہیں:

عن مجا ھد قال کا ن رسو ل اللہ ﷺ یقر أ فی ا لصلا ۃ فسمع قر أۃ فتی من الانصار فنزلت

واذا قری القرآن فا ستمعو اله و انصتوا ۔

حضرت مجاہد سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نماز میں قرأت پڑھ ر
آپ نے انصار کے ایک نوجوان کی قرأت سنی تو یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی کہ جب قرآن پڑھا
اسے سنو اور چپ رہو۔

بیہقی کی اس روایت سے ثابت ہوگیا۔ کہ یہ آیہ کریمہ خاص اسی مسئلہ قرأت خلف الا
نازل ہوئی، اور آیت نے مقتدی کو سننے اور چپ رہنے کا حکم دیا تو امام کی قرأت کے وقت مقتدی
چپ رہنا اس آیت سے صراحۃ ثابت ہوگیا، تو اس آیت نے مقتدی کو امام کے پیچھے قرأت کر
کردیا اور ظاہر ہے کہ جب مقتدی سورۂ فاتحہ پڑھے گا تو سننا اور چپ رہنا ترک ہوتا ہے اور خدا
نافرمانی اور مخالفت ہوتی ہے اور حدیث سے کلام اللہ کا منسوخ کرنا لازم آتا ہے اور یہ غلط و باطل
خود حکم حدیث کے خلاف ہے۔ چنانچہ دار قطنی و ابن عدی نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
کی:

کلامی لا ینسخ کلام الله و کلام الله ینسخ کلامی ۔

(جامع صغیر مصری ص۸۱ ج ۲)

نبی ﷺ نے فرمایا کہ میری حدیث کلام اللہ کو منسوخ نہیں کرتی اور کلام اللہ میرے کلا
کردیتا ہے۔

اس حدیث سے ثابت ہوگیا کہ حدیث حکم قرآنی کو منسوخ نہیں کرسکتی، لہذا جب خاص ا
میں صریح آیت موجود ہے تو اس کے موجود ہوتے ہوئے احادیث کو دلیل بنانا آیت پر ایمان لا
منافی ہے اور حدیث سے آیت کے حکم کو منسوخ کرنا ہے اور ایسا کوئی نام کا اہل حدیث بھی نہ کر
آیت کے مقابل حدیث پر عمل کرے، تو اس مسئلہ میں آیت کریمہ کے باوجود کسی حدیث کو کس طر
کیا جائے۔ لیکن غیر مقلدین کی جہالت پر اتمام حجت کے لئے چند احادیث بھی پیش کرتا ہوں۔

حدیث (۱) صحیح مسلم شریف میں حضرت ابو ہریرہ و قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی
نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

لیؤمکم احدکم فاذا کبر فکبروا و اذا قال غیر المغضوب علیهم و لا الضال
ا آمین ۔عن قتادة من الزیاده و اذا قرء فانصتوا فقال حدیث ابی هریرة صحیح ۔

چاہئے کہ تم سے ایک امامت کرے، جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ غیـــــر
المغضوب علیهم و لا الضالین کہے تو تم آمین کہو، اور حضرت قتادہ سے یہ اور مروی ہے کہ جب امام
قرأت کرے تو تم چپ رہو، امام مسلم نے کہا یہ حدیث صحیح ہے۔

حدیث (۲) ابوداؤد شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے:

قال انما جعل الامام لیؤتم به فاذا کبر فکبروا و اذا قرء فانصتوا ۔

حضور ﷺ نے فرمایا کہ امام کو مقتدا بنایا گیا ہے جب وہ تکبیر کہے تو تکبیر کہو اور جب وہ قرأت
کرے تو چپ رہو

حدیث (۳) اذا قرء الامام فانصتوا ۔ جب امام قرأت کرے تو تم چپ رہو۔

حدیث (۴) ابن ماجہ میں ہے: قال رسول الله ﷺ اذا قرء الامام فانصتوا ۔ رسول اللہ صلی
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب امام قرأت کرے تو تم چپ رہو۔

حدیث (۵) جامع ترمذی شریف میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: من صلی رکعة لم یقرء
فیها ام القرآن فلم یصل الا ان یکون وراء الامام ۔ (ترمذی شریف ص۴۲)
جس نے کوئی رکعت پڑھی اور اس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز نہیں ہوئی مگر جب امام کے پیچھے ہو

حدیث (۶) نسائی شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے: قال رسول
الله ﷺ انما الامام لیؤتم به فاذا کبر فکبروا و اذا قرء فانصتوا ۔ (نسائی ص۹۲)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ امام کی اقتداء کی جائے، جب وہ تکبیر کہے تو تکبیر کہو اور جب وہ
قرأت کرے تو تم چپ رہو۔

حدیث (۷) ابن ماجہ شریف میں ہے جو حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں
نے کہا: قال رسول الله ﷺ من کان له امام فقرأة الامام له قرأة ۔ (ابن ماجہ ص۶۱)
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کا امام ہو تو امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے۔

حدیث (۸) امام بیہقی کی سنن کبری میں ہے: قال النبی ﷺ: من صلی خلف الامام فان
قرأة الامام له قرأة۔ (بیہقی ص۱۵۹ ج ۲)
حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے امام کے پیچھے نماز پڑھی تو بیشک امام کی قرأت اس کی قرأت ہے۔

حدیث (۹) انہیں امام بیہقی کی سنن کبریٰ میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی

ہے:انہ کان یقول من صلی وراء الامام کفاہ قرأۃ الامام ۔ جو امام کے پیچھے نماز پڑھے تو ا
امام کی قرأت کافی ہے۔

حدیث (١٠)اسی سنن کبریٰ میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے،وہ ک
ہیں:من قرء وراء الامام فلا صلوۃ لہ ۔ جس نے امام کے پیچھے قرأت کی تو اس کی نماز ہی نہیں ۔

اس موضوع پر کثیر احادیث پیش کی جاسکتی ہیں لیکن یہ صرف صحاح سے دس منقول ہوئیں
میں صاف طور پر فرمادیا گیا کہ جب امام قرأت کرے تو مقتدی سنے اور چپکا رہے کہ امام کی قرأت مقت
کے لئے کافی ہے،مقتدی کا اس وقت سورۂ فاتحہ پڑھنا قرآنی حکم کے خلاف اور ان احادیث کے خلا
ہے،اور مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنے کی ممانعت قرآن وحدیث سے ثابت ہوگئی،مصنف ایسا جاہل
کہ اپنی پیش کردہ احادیث سے جو موقوف ومجروح احادیث ہیں ان سے حکم قرآنی اور احادیث ص
منسوخ کرنا چاہتا ہے کہ یہ ہم نے حدیث پیش کرکے ثابت کردیا کہ حدیث آیت کے حکم کو منسوخ
کرسکتی،تو اہل اسلام کو آیت اور ان احادیث صحاح ستہ پر عمل کرنا چاہئے ،پھر اس قدر روشن اور صریح
کے ہوتے ہوئے بھی اگر مصنف یا کوئی غیر مقلد نہ مانے اور اپنی ضد پر اڑا رہے تو وہ ختم اللہ علی
قلوبھم کا مصداق ہوچکا ہے اور اس میں صداقت اور حق پسندی کا جذبہ مٹ چکا ہے اور وہ اپنی بے ح
جتنا ماتم کرے کم ہے۔وما علینا الا البلاغ

بحث مسئلہ آمین بالجہر

سوال دوم ۔ نبی ﷺ نے اپنے صحابہ کو آمین بالجہر سے اقتدا کی حالت میں منع فرمایا ہ
آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہو کہ تم آہستہ آمین کہو۔ایک ہزار نقد انعام حاصل کرو:

جواب

خاص اس مسئلہ میں میرا ایک رسالہ ہے جس میں غیر مقلدین کی ہر حدیث پر جرح کی گئی
اگر مصنف اس مسئلہ میں کوئی حدیث پیش کرتا تو اس کی جرح لکھ دی جاتی مگر چونکہ وہ اپنی کمزوری کو خ
جانتا ہے۔اسی لئے اس نے اس مسئلہ میں کوئی حدیث پیش نہیں کی ۔ باوجودیکہ جیسے پہلے مسئلہ میں
نے جس طرح اپنی احادیث پیش کی تھیں اسی طرح اس مسئلہ میں پیش کرتا لیکن اس کو اپنے دلا
کمزوری کا خود بھی احساس ہے اسی لئے وہ آمین بالجہر کے دلائل پیش نہ کرسکا۔

لہذا ہم بھی اس جرح کو پیش نہیں کرتے ۔ اگر مصنف نے مسئلہ قرأت خلف الامام کی جرح کے
جواب کی ہمت کی تو ہم بھی اپنی بقیہ جرح کو پیش کردیں گے۔لہذا اس مسئلہ پر اپنے دلائل پیش کرتے ہیں
۔یہ ظاہر ہے۔آمین یا از قسم کی دعا ہے یا از قسم ذکر اللہ ہے۔اگر از قسم دعا ہے۔چنانچہ بخاری شریف میں ہے:

قال عطا آمین دعا۔ حضرت عطا نے فرمایا کہ آمین دعا ہے۔

(بخاری مصطفائی ص ١٠٧)

اور قرآن کریم میں دعا کے متعلق وارد ہے:

آیت ۔ ادعوا ربکم تضرعا وخفیہ ۔ اپنے رب سے دعا کرو گڑگڑاتے اور آہستہ

(سورۃ اعراف پارہ ٨ رکوع ٦)

تو آیہ کریمہ سے ثابت ہوگیا کہ دعا آہستہ ہونی چاہئے ۔دعا کے لئے جہر نہیں ہے۔اور اگر آمین
از قسم ذکر اللہ ہے تو قرآن کریم میں ذکر اللہ کے متعلق وارد ہے۔

آیت ۔ اذکر ربک فی نفسک تضرعا وخفیہ دون الجھر من القول ۔ اپنے رب کو
اپنے دل میں یاد کرو اور زاری کرے بے آواز نکالے زبان سے۔

(سورۃ اعراف ع١٤)

بالجملہ آمین سے جو بھی مراد لیا جائے قرآن کریم نے اس کو آہستہ کہنے کا حکم فرمایا۔لہذا کتاب
اللہ نے آمین کو آہستہ وبے آواز کہنا بتایا تو آمین کے بالجہر کہنے کی ممانعت کلام الٰہی سے ثابت ہوئی۔تو
قرآن کی ایسی صریح دلیل ہوتے ہوئے کسی اور دلیل کی حاجت باقی نہیں رہتی مگر ہم اتمام حجت کے لئے
چند صحاح احادیث بھی پیش کرتے ہیں:

حدیث (١)عن وائل عن ابیہ ان النبی ﷺ قرأ غیر المغضوب علیھم ولا الضالین
فقال آمین وخفض بھا صوتہ ۔ (ترمذی ص ٣٤)

حضرت وائل سے مروی ہے وہ اپنے والد سے راوی کہ بیشک نبی ﷺ نے غیر المغضوب
علیھم ولا الضالین کو پڑھا اور پھر آمین کہا اور اس کے ساتھ اپنی آواز پست کی۔

حدیث (٢) عن علقمۃ یحدث عن وائل انہ صلی مع رسول اللہ ﷺ فقال قرأ غیر
المغضوب علیھم ولا الضالین فقال آمین خفض بھا صوتہ۔

حضرت علقمہ سے مروی ہے وہ حضرت وائل سے راوی کہ انہوں نے حضور ﷺ کے ساتھ نماز

پڑھی تو حضور نے غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کو پڑھا پھر فرمایا: آمین اور اس کے ساتھ اپنی آواز کو پست کیا۔

ان احادیث سے ثابت ہوگیا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے آمین بالجہر نہیں فرمائی بلکہ آہستہ کہی صحابہ کرام کا عمل اسی پر رہا کہ وہ آمین آہستہ کہتے، چنانچہ خلفائے راشدین کا عمل مروی ہے کہ

حدیث (۳) ان عمر وعلیا لم یکونا یجھران بآمین ۔ بیشک حضرت عمر وحضرت علی آمین بالجہر نہیں کہتے تھے۔

اس حدیث سے ثابت ہوگیا کہ خیر القرون میں بھی آمین بالجہر نہیں کہی جاتی تھی اور صحابہ سے بھی اسی طرح ثابت ہے، تو جب شارع ﷺ وخلفائے راشدین کے فعل سے آمین بالجہر ثابت نہیں ہوئی آمین کا آہستہ کہنا ثابت ہوا اور آمین بالجہر کی ممانعت ثابت ہوئی۔

مسئلہ رفع یدین

سوال سوم۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہو کہ رکوع کرتے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین مت کیا کرو۔ یا اب میں نے اسے منسوخ کردیا ہے۔ ایک ہزار نقد انعام لو۔

جواب

اہل سنت احناف شروع نماز بوقت تکبیر تحریمہ کے رفع یدین کو سنت کہتے ہیں۔ اور رکوع سے پہلے یا بعد رفع یدین کا حکم نہیں دیتے۔ دلائل یہ ہیں:

حدیث (۱) عن علقمة قال قال عبد الله بن مسعود الا اصلی بکم صلوة رسول الله ﷺ قال فصلی فلم یرفع یدیه الا مرة ۔

(ابوداؤد شریف ص ۱۱۶ مجتبائی دہلی باب من لم یذکر الرفع عند الرکوع)

حضرت علقمہ سے مروی کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز نہ پڑھادوں۔ راوی نے کہا انہوں نے نماز پڑھائی اور رفع یدین صرف ایک بار کیا۔

حدیث (۲) عن البراء ان رسول الله ﷺ اذا افتتح الصلوة رفع یدیه الی قریب من اذنیه ثم لا یعود ۔ (ابوداؤد شریف باب مذکور ص ۱۱۶ جلد ۱)

حضرت براء سے مروی کہ بیشک رسول اللہ ﷺ جب نماز شروع کرتے تو اپنے ہاتھ کانوں کے

قریب تک اٹھاتے پھر ایسا دوبارہ نہ کرتے۔

حدیث (۳) عن البراء بن عازب قال رأیت رسول الله ﷺ رفع یدیه حین افتتح الصلوة ثم لم یرفعھما حتی انصرف ۔ (ابوداؤد شریف ص ۱۱۶)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کے جب آپ نے نماز شروع کی تو رفع یدین کیا۔ پھر نماز سے فارغ ہونے تک رفع یدین نہیں کیا۔

حدیث (۴) عن علقمة قال قال عبد الله بن مسعود الا اصلی بکم صلوة رسول الله ﷺ فصلی فلم یرفع یدیه الا فی اول مرة قال ابن عیسی حدیث ابن مسعود حدیث حسن ۔ (ترمذی شریف ص ۳۵ باب رفع الیدین عن الرکوع)

حضرت علقمہ سے مروی کہ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا تمہیں رسول اللہ ﷺ کی جیسی نماز پڑھادوں۔ پھر انہوں نے نماز شروع کی اور اپنے ہاتھ پہلی بار کے سوا کہیں نہیں اٹھائے۔ یعنی رفع یدین صرف ابتدا میں کیا۔ امام ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

حدیث (۵) عن علقمة عن عبد الله قال الا اخبر کم بصلوة رسول الله ﷺ قال فقام فرفع یدیه اول مرة ثم لم یعد ۔

(نسائی شریف ص ۱۰۳)

حضرت علقمہ حضرت عبداللہ بن مسعود سے راوی۔ انہوں نے فرمایا کہ میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز سے خبردار کروں راوی نے کہا تو انہوں نے قیام کیا اور رفع یدین پہلی بار کیا۔ پھر دوبارہ نہیں کیا۔

حدیث (۶) عن عبد الله بن مسعود رضی الله عنه قال صلیت خلف النبی ﷺ وابی بکر وعمر فلم یرفعوا ایدیھم الا عند افتتاح الصلوة ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے نبی ﷺ اور حضرت ابوبکر وحضرت عمر رضی اللہ عنہما کے پیچھے نماز پڑھی تو کسی نے شروع نماز کے سوا کہیں رفع یدین نہیں کیا۔

(بیہقی ص ۷۹ جلد ۲)

حدیث (۷) عن علی رضی الله عنه انه کان یرفع یدیه فی تکبیرة الاولیٰ من الصلوة ثم لا یرفع شیئ منھا ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی کہ وہ نماز میں رفع یدین تکبیر اولیٰ میں کرتے پھر نماز میں کہیں

اور نہ کرتے۔ (بیہقی ص ۸۰ جلد ۲)

بالجملہ ان احادیث نے مسئلہ صاف کردیا رفع یدین نماز میں صرف تکبیر اولی کے وقت
نماز میں رفع یدین کہیں اور نہیں۔ لہذا رکوع کے قبل یا بعد رفع یدین کرنا فعل نبی ﷺ اور فعل خلفاء ا
سے ثابت نہیں، بلکہ اس کا ثبوت صرف بوقت تکبیر اولی کے ہے۔ رکوع سے قبل وبعد کا نہیں۔ اب م
کا اس کے خلاف کرنا اللہ ورسول جل جلالہ ﷺ سے مقابلہ کرنا ہے۔ تو احناف کا مذہب ان احا
کے موافق ہے اور غیر مقلدین کا ان کے مخالف ہے۔ تعجب ہے کہ غیر مقلدین مدعی الحدیث ہوکر ا
حادیث کی مخالفت کرتے ہیں اور پھر اپنے آپ کو اہلحدیث کہتے ہوئے شرم نہیں کرتے۔

مسئلہ زیر ناف ہاتھوں کا رکھنا

سوال چہارم۔ نبی ﷺ نے سینہ پر ہاتھ باندھنے سے منع فرمایا ہو۔ آپ نے ناف کے
ندھنے کا حکم صادر فرمایا ہو۔ ایک ہزار انعام وصول کرو۔

جواب

احناف مردوں کے لئے سینہ پر ہاتھ باندھنے کو منع کرتے ہیں اور زیر ناف ہاتھ باندھنے ک
قرار دیتے ہیں، اس کے دلائل یہ ہیں۔

حدیث (۱) ان علیا رضی اللہ عنہ قال السنة وضع الکف علی الکف فی الـ
تحت السرة۔

بیشک حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نماز میں ایک ہاتھ کا دوسرے ہاتھ پر زیر ناف
سنت ہے۔ (ابوداؤد مصری باب وضع الیمنی علی الیسری ص ۲۰۱ جلد ۱)

حدیث (۲) قال ابو ہریرة اخذ الاکف علی الاکف فی الصلوۃ تحت السر
(ابوداؤد مصری ص ۲۰۱)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا نماز میں ہاتھوں کا ہاتھوں کو زیر ناف پکڑ کر رکھنا سنت

حدیث (۳) عن علی رضی اللہ عنہ قال ان من السنه فی الصلوۃ وضع الکف
الکف تحت السرة۔ (بیہقی ص ۳۱ جلد ۲)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا: بیشک نماز میں ایک ہاتھ کا دوسر

پر زیر ناف رکھنا سنت ہے۔

بالجملہ ان احادیث سے ثابت ہوگیا کہ سیدھے ہاتھ کا بائیں ہاتھ پر زیر ناف رکھنا سنت ہے اور
اخلاق نبوت سے ہے۔ اب اس سے زائد صاف دلائل کیا ہوسکتے ہیں، اسی بنا پر مذہب حنفی میں زیر ناف
ہاتھ رکھے جاتے ہیں۔ لہذا احناف کا عمل تو ان احادیث کے موافق ہے اور غیر مقلدین کا عمل ان
احادیث کے خلاف ثابت ہوا۔ تو ان کو اس بنیاد پر اپنے آپ کو اہلحدیث نہیں کہنا چاہئے۔

مسئلہ عدد رکعات تراویح

سوال پنجم۔ نبی ﷺ نے آٹھ رکعات تراویح سے منع فرمایا ہو، یا حکم صادر فرمایا ہو کہ تم آٹھ
رکعات تراویح مت پڑھو۔ ایک ہزار نقد انعام وصول کرو۔

جواب

احناف کے نزدیک تراویح کی بیس رکعات ہیں اور دلائل یہ ہیں:

حدیث (۱) عن ابن عباس قال کان النبی ﷺ یصلی فی شهر رمضان فی غیر جما
عة بعشرین رکعة والوتر۔ (بیہقی شریف ص ۴۹۶ ج ۲)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی انہوں نے کہا کہ نبی ﷺ ماہ رمضان میں بغیر جماعت
۲۰ رکعات اور وتر نماز پڑھتے تھے۔

حدیث (۲) عن السائب بن یزید قال کانوا یقومون علی عهد عمر بن الخطاب
رضی اللہ عنه فی شهر رمضان بعشرین رکعة۔ (بیہقی شریف ص ۴۹۶ ج ۲)

حضرت سائب بن یزید سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ زمانہ فاروقی میں ماہ رمضان میں صحابہ
۲۰ رکعت کے ساتھ قیام کرتے تھے۔

حدیث (۳) عن علی رضی اللہ عنه قال دعا القراء فی رمضان فامر منهم رجلا
یصلی بالناس عشرین رکعة۔ (بیہقی ص ۴۹۶ ج ۲)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی کہ وہ قاریوں کو بلاکر رمضان میں ایک کو حکم دیتے کہ وہ لوگوں کو بیس رکعا
ت نماز پڑھائے۔

حدیث (۴) عن یزید بن رومان قال: الناس یقومون فی زمان عمر بن الخطاب

رضی اللہ عنہ فی رمضان بثلاث وعشرین ویو ترون بثلاث۔

(بیہقی ص۴۹۲ ج۲)

یزید بن رومان سے مروی کہ لوگ زمانہ فاروقی میں رمضان میں ۲۰ رکعات نماز پڑھتے
روایات کو یوں جمع کیا جا سکتا ہے کہ ۲۰ رکعت تراویح تھیں اور تین رکعات وتر کی پڑھتے۔

بالجملہ ان احادیث سے واضح ہو گیا کہ تراویح کی بیس رکعات ہیں، حضرات خلفائے راشدین کے زمانہ میں بھی یہی معمول رہا، اس کے بعد امت کا اسی بیس رکعات پر اجماع ہو گیا۔ اور جن روایات میں ۸ر رکعات وارد ہیں وہ قیام الیل یعنی نماز تہجد کی ہیں جو ماہ رمضان کے ساتھ خاص نہیں، انہیں غیر مقلدین کا تراویح سمجھنا انکی حدیث سے لاعلمی کی دلیل ہے کہ احادیث میں تراویح کو قیام رمضان سے تعبیر کیا گیا ہے اور تہجد کو قیام اللیل سے بیان کیا گیا ہے، تو آٹھ رکعات تہجد کی ہیں، یہ تراویح کی نہیں ہیں کہ تراویح کی تو بیس رکعات ہی ہیں۔ مصنف یا اور کوئی غیر مقلد لفظ تراویح کے معنی اور حقیقت سے واقف ہیں، اگر جانتے تو ۸ر رکعات کو تراویح نہ کہتے کہ تراویح ترویحہ کی جمع ہے اور ترویحہ چار رکعات ہوتا ہے اور جمع میں کم از کم تین مفرد ہونا چاہئے تو تین ترویحوں کی بارہ رکعات ہونی چاہئے، ۸ر رکعات میں تین ترویحے نہیں ہو سکتے، اسی بنا پر غیر مقلدین کا ۸ر رکعات کو تراویح کہنا زبان عربی سے ناواقفیت کی دلیل ہے۔

علاوہ بریں نماز پنج گانہ کی ضروری رکعات ۲۰ر ہوتی ہیں، ۱۷ر فرض اور تین رکعت وتر کی
شرع نے ان بیس رکعات کی تکمیل کے لئے یہ بیس تراویح مقرر فرما دیں، غیر مقلد اپنی ۸ر رکعات کی بھی کوئی وجہ بتائیں اور ان کا تراویح ہونا ثابت کریں۔

الحاصل ہم نے تراویح کی ۲۰ر رکعات کی لغوی وعقلی ونقلی وجہ بیان کر دی، کسی غیر مقلد میں اگر ہمت ہو تو وہ ۸ر رکعات کی ایسی وجہ ذکر کرے اور زمانہ خلفاء کا عمل دکھائے کہ انہیں نے ۸ر رکعات تراویح پڑھی ہیں اور صحابہ کرام ۸ر رکعات تراویح پڑھا کرتے تھے۔

مسئلہ مسح رقبہ

سوال ششم۔ نبی ﷺ نے حنفیہ کی طرح گردن کا مسح کرنے کا حکم دیا ہو یا حلقوم کاٹنے کا حکم فرمایا ہو۔ ایک ہزار نقد انعام وصول کرو۔

جواب

احناف کے نزدیک وضو میں گردن کا مسح صرف مستحب ہے اور حلقوم کا بدعت ہے۔

حدیث (۱) عن طلحة بن مصرف عن ابيه عن جده قال رأيت رسول الله ﷺ يمسح راسه مرة واحدة حتى بلغ القذال هو اول القفا۔ (ابوداؤد ص۱۶)

طلحہ بن مصرف سے مروی ہے وہ اپنے والد سے راوی وہ اپنے دادا سے راوی انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے سر کا مسح ایک بار کیا یہاں تک کہ گدی یعنی گردن تک پہونچے۔

حدیث (۲) عن ليث بن ابى سليم فقال مسح راسه حتى بلغ القذال هو اول القفا،

(بیہقی ص۶۰ ج۱)

عبدالوارث نے لیث بن ابی سلیم سے روایت کی کہ حضور ﷺ نے سر کا مسح کیا یہاں تک کہ گدی کے پہلے حصہ یعنی گردن کا مسح کیا۔

ان احادیث سے ثابت ہو گیا کہ وضو میں گردن کا مسح بھی فعل نبی ﷺ سے ثابت ہے اور عقل بھی یہی کہتی ہے کہ جب کانوں کا مسح سر کی وجہ سے ہے کہ وہ سر کا جز ہیں۔ حدیث شریف میں ہے الاذنان من الراس، یعنی کان سر ہی سے ہیں اور گردن تو سر کی اصل اور جڑ ہے، تو جب کانوں کا مسح سر کی وجہ سے ہے تو گردن کا مسح بھی سر کی وجہ سے ہونا چاہئے۔ غیر مقلدین کو ایسے مسائل میں نہیں الجھنا چاہئے

مسئلہ ربع سر

سوال ہفتم: نبی ﷺ نے چوتھائی سر کے مسح کا حکم دیا، یا آپ نے فرمایا ہو کہ تم پورے سر کا مسح نہ کرو۔ ایک ہزار نقد انعام۔

جواب: احناف صعف چوتھائی سر کا مسح فرض کہتے ہیں اور پورے سر کا مسح سنت کہتے ہیں۔

حدیث (۱) مسلم شریف میں حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے

ان النبى ﷺ توضأ فمسح بناصيته۔ (مشکوۃ ص۱۲۶)

بیشک نبی ﷺ نے وضو کیا تو اپنی پیشانی کی مقدار چوتھائی سر پر مسح فرمایا۔

حدیث (۲) ترمذی شریف میں انہیں مغیرہ سے مروی ہے: انه مسح على ناصيته۔

(ترمذی ص۱۱۵)

حدیث (۳) ابوداؤد شریف میں انہیں سے مروی ہے:

ان رسول الله ﷺ توضأ ومسح ناصيته ۔ بیشک نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے وضوفرما[یا اور] بمقدار پیشانی مسح فرمایا۔

حدیث (۴) نسائی شریف میں انھیں سے مروی ہے:

ان النبی ﷺ توضاء فمسح ناصية بیشک نبی ﷺ نے وضو کیا اور بمقدار پیشانی کے [سر کا مسح کیا]۔
(نسائی ص ۱۵)

ان احادیث سے ثابت ہوگیا کہ جب چوتھائی سر کے مسح پر کفایت کی تو چوتھائی سر کا مسح [فرض] قرار پایا۔

وتر میں بوقت قنوت رفع یدین کرنا

سوال ہشتم۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہو کہ وتر میں قنوت کے لئے رفع یدین کیا کرو۔ اور آپ نے توڑ کر ہاتھ پھر باندھنے کا حکم فرمایا ہو۔ ایک ہزار انعام لو۔

جواب

احناف کے نزدیک وتر میں رکوع سے پہلے تکبیر کہنا اور رفع یدین کرنا احادیث سے ثابت [ہے]۔

حدیث۔ عن محمد بن عمر بن عطاء قال سمعت ابا محمد الساعدی فی [عشرة] من اصحاب رسول الله ثم اذا قام من الركعتين كبر و رفع يديه حتى يحازی بهما [منکبیه] كما كبر افتتاح الصلوة ۔
(ابوداؤد مجتبائی ص ۱۱۳ ج ۱)

محمد بن عمر عطاء سے مروی انہوں نے کہا کہ میں نے حمید ساعدی کو دس اصحاب رسول ﷺ [میں] کہتے سنا کہ حضور وتر کی دو رکعات کے بعد کھڑے ہوئے اور تکبیر کہی اور ہاتھ اٹھائے جیسا کہ تکبیر تحر[یمہ میں] اٹھاتے تھے۔

اس حدیث سے ثابت ہوگیا کہ قنوت سے پہلے تکبیر کہی جاتی ہے اور رفع یدین کیا جاتا ہے [اور] ظاہر ہے کہ جب تیسری رکعت کو وتر بنایا جائے گا تو اس کے شروع میں تکبیر اور رفع یدین ہونا چاہئے۔ مصنف کا اس کو نیت توڑ کر ہاتھ باندھنا کہنا جہالت نہیں ہے تو اور کیا ہے۔ غالبا یہ مصنف اپنی اس [جہالت سے] عیدین کی تکبیروں اور رفع یدین کو بھی یہی کہے گا کہ ہر رکعت میں تین مرتبہ نیت توڑ کر ہاتھ باند[ھے جاتے ہیں]۔

لہذا مصنف اپنا آگرہ میں علاج کرائے اور ایسے غلط مذہب سے توبہ کرے۔

رکعت وتر پر قعدہ اور قعدہ میں تشہد

سوال نہم۔ نبی ﷺ نے وتر کی تین رکعتوں میں قعدہ کا حکم فرمایا ہو، یا بیچ میں بیٹھ کر تشہد پڑھنے کا حکم دیا ہو۔ ایک ہزار نقد انعام لو۔

جواب

احناف کے نزدیک وتر کی تین رکعات کو مغرب کی طرح پڑھنا چاہئے۔ حدیث میں ہے:

عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالی عنه قال قال رسول الله ﷺ وتر الليل ثلث كوتر النهار صلاة المغرب ۔
(بیہقی ص ۳۰ ج ۲)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رات کے وتر تین ہیں جیسے دن کے وتر مغرب کی نماز ہے۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ وتر نماز مغرب کی طرح ہے کہ پہلا قعدہ دو رکعت کے بعد ہو اور قعدہ اخیرہ تین رکعت کے بعد ہو اور ہر قعدہ میں تشہد کا پڑھنا بھی صحیح حدیث سے ثابت ہے، حدیث میں ہے: مسلم شریف میں حضرت عبداللہ سے مروی ہے:

فاذاقعد احدكم فی الصلوة فليقل التحيات لله الخ۔ (مسلم شریف ص ۱۷۳)

جب نماز میں کوئی بیٹھے تو اسے چاہئے کہ تشہد پڑھے۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ہر قعدہ میں تشہد پڑھا جائے تو وتر میں دو قعدے اور ہر قعدہ میں تشہد پڑھنا ثابت ہو جو حنفی مذہب کا طریقہ ہے، یہی حدیث سے ثابت ہے۔ بالجملہ حنفی مذہب کا ہر مسئلہ حدیث سے ثابت ہے، غیر مقلد اگر اس کے خلاف کرتے ہیں تو حدیث کے خلاف کرتے ہیں۔

مسئلہ عدد تکبیرات عیدین

سوال دہم: نبی ﷺ نے بارہ تکبیریں عیدین میں کہنے سے منع کیا، یا فرمایا ہو کہ تم عیدین کی نماز بارہ تکبیروں سے مت پڑھو، ایک ہزار نقد انعام۔

جواب

احناف کے نزدیک نماز عیدین میں ۹ رتکبیریں ہیں، پانچ پہلی رکعت میں مع تکبیر تحریمہ کے اور

چار دوسری رکعت میں مع تکبیر رکوع۔ان کے دلائل احادیث سے یہ ہیں۔

عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنه انه قال فی التکبیر فی العید تسع تک
الرکعة الاولیٰ خمس تکبیرات قبل القرأة وفی الرکعة الثانیة یبدأ بالقرأة ثم یکبر
تکبیرة الرکوع۔ (ترمذی ص ۱۰۳)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انہوں نے کہا کہ عید کی تکبیریں ۹
رکعت میں ۵ر تکبیریں قرأت سے پہلے اور دوسری رکعت میں پہلے قرأت کو شروع کرے پھر
مع تکبیر رکوع کے کہے۔

بیہقی میں ہے:عن علقمة عن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ
:التکبیرات فی العیدین خمس فی الاولیٰ واربع فی الثانیة۔(بیہقی ص ۲۹۱ ج ۳)

حضرت علقمہ سے مروی ہے وہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی انہوں نے کہا
تکبیریں پہلی رکعت میں پانچ اور دوسری میں چار ہیں۔

ان احادیث سے ثابت ہوگیا کہ عیدین میں ۹ر تکبیریں ہیں،۵ر تکبیریں پہلی رکعت مع
تحریمہ اور چار تکبیریں دوسری رکعت میں مع تکبیر رکوع۔لہذا مذہب حنفی ان احادیث کے
۔مصنف اگر بارہ تکبیرات کی حدیث پیش کرے تو اس کی بحث کی جائے گی کہ محدثین نے بار
حدیث میں کلام کیا ہے جو بیہقی میں موجود ہے۔

مسئلہ تقلید شخصی

سوال: نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی ایک امام معین کی تقلید کا حکم صریح وارد ہو تو ثابت کرو۔ایک
انعام حاصل کرو۔

جواب

مطلق تقلید کے دلائل قرآن وحدیث میں بکثرت موجود ہیں۔

دلائل از آیات

آیت:اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم۔ (سورہ نساء ع ۸)
اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور ان کی جو تم میں صاحب امر ہیں۔

آیت: فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون ۔ (سورہ نحل ع ۶)
تو اے لوگو علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں۔

آیت: فلو لا نفر من کل فرقة منھم طائفة لیتفقھوا فی الدین ولینذروا قومھم اذا رجعوا الیھم لعلھم یحذرون ۔

(سورۂ توبہ پ ۱۱ رکوع ۱۵)

تو کیوں نہ ہوا کہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکلے کہ دین کی سمجھ حاصل کر سکے اور واپس آکر اپنی قوم کو ڈر سنائیں اس امید پر کہ وہ بچیں۔

آیت: یوم ندعو کل اناس بامامھم ۔ (سورۂ بنی اسرائیل پ ۱۵ رکوع ۸)
جس دن ہم جماعت کو اس کے امام کے ساتھ بلائیں گے۔

آیت:ولو ردوہ الی الرسول والی اولی الامر منھم لعلمه الذین یستنبطونه منھم۔
(سورہ نساء پ ۵ رکوع ۱۱)

اور اگر اس میں رسول اور اپنے ذی اختیار لوگوں کی طرف رجوع لاتے تو ضرور ان سے اس کی حقیقت جان لیتے۔

آیت:واتبع سبیل من اناب الی۔ (سورۂ لقمٰن پ ۲۱ رکوع ۲)
اور اس کی راہ کی اتباع کر جو میری طرف رجوع لایا۔

آیت: اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم۔(سورۂ فاتحہ)
ہم کو سیدھا راستہ چلا ان کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا۔

آیت:وکذلك جعلنکم امة وسطا لتکونوا شھداء علی الناس ۔
(سورۂ بقرہ پ ۲ رکوع ۷)

اور بات یوں ہی ہے کہ ہم نے تمہیں سب امتوں میں افضل کیا کہ تم لوگوں پر گواہ ہو۔

آیت:کنتم خیر امة اخرجت للناس۔ (سورہ آل عمران پ ۴ رکوع ۱۱)
تم بہتر ہوان سب امتوں میں جو لوگوں میں ظاہر ہوئیں۔

آیت:ومن یتبع غیر سبیل المومنین نوله ما تولی۔ (سورۂ نساء پ ۵ رکوع ۱۶۷)
اور جو مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے۔

دلائل از احادیث

حدیث(۱) عن انس اتبعو العلماء فانهم سراج الدنيا ومصابيح الاخرة۔

(رواہ فی مسند الفردوس از جامع صغیر ص ۶ ج ۱)

حضرت انس سے مروی کہ تم عالموں کا اتباع کرو کہ وہ دنیا کے چراغ اور آخرۃ کے قندیل ہیں

حدیث(۲) عن علی: العلماء مصابيح الارض وخلفاء الانبياء وورثتي وور[ثة الا]نبياء۔ (رواہ ابن عدی الکامل از جامع صغیر ص ۵۸ ج ۲)

حضرت علی سے مروی کے علماء زمین کے چراغ ہیں۔ اور نبیوں کے خلفاء اور میرے وار[ث] نبیوں کے وارث ہیں۔

حدیث(۳) عن جابر قال خرجنا فی سفر فاصاب رجلا منا حجر فشجه رأسه فاحتلم فسأل اصحابه هل تجدون لی رخصة فی التيمم قالو اما نجد لك ر[خصة] وانت تقدر على الماء فاغتسل فمات فلما قدمنا على النبی صلى الله عليه وسلم [اخبر] بذلك قال: قتلوه قتلهم الله ،الا سالو اذلم يعلموا فانما شفاء العی السوال انما يكفيه ان يتيمم ويعصب على جرحه خرقة ثم يمسح عليها۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی انہوں نے کہا ہم سفر کے لئے نکلے تو ہم سے ایک کے پتھر لگا اور اسکے سر کو زخمی کر دیا پھر اسے احتلام ہو گیا، اس نے صحابہ سے پوچھا کہ تم میرے لئے اجازت دیتے ہو، انہوں نے کہا ہم تیرے لئے اجازت نہیں دیتے کہ تو پانی پر قادر ہے تو اس نے لیا پھر مر گیا۔ پھر جب نبی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس واقعہ کی خبر دی۔ حضور نے اس کو قتل کر دیا اللہ انہیں قتل کرے، جب نہیں جانتے تھے تو دریافت کیوں نہیں کر لیا تھا کہ نادانی سوال کر لینا ہے اسے اتنا کافی تھا کہ تیمم کر لیتا اور زخم پر پٹی باندھ لیتا اور اس پر مسح کر لیتا۔

حدیث(۴) ابونعیم حلیہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے راوی:

العلم خزائن ومفتاحها السوال۔ (جامع صغیر ص ۵۸ ج ۲)

علم خزانے ہیں اور ان کی تالی سوال ہے۔

حدیث(۵) ابن ماجہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے راوی: اتبعو السواد الاعظ[م فانه] من شذ فی النار۔ (مشکوۃ شریف ص ۳۰)

بڑے گروہ کا اتباع کرو کہ جو علیحدہ ہوا وہ دوزخ میں گرا۔

حدیث(۶) امام احمد اپنی مسند میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے راوی: ان الشيطان ذئب الانسان كذئب الغنم ياخذ الشاذة والقاصية والناحية واياكم والشعاب وعليكم بالجماعة والعامة۔ (مشکوۃ ص ۳۱)

بیشک شیطان انسانوں کا بھیڑیا ہے جس طرح بکری کا بھیڑیا، اکیلی بکری یا گلہ سے علیحدہ چلنے والی بکری اور کنارہ پر چلنے والی بکری کو پکڑتا ہے۔ تم اپنے آپ کو فرقوں سے بچاؤ اور جماعت عام کو لازم پکڑو۔

ان آیات واحادیث میں عوام اور غیر مجتہدین کو حکم دیا گیا کہ وہ اجتہاد واستنباط کرنے والے علماء مجتہدین کی طرف رجوع کریں۔ اور ان سے سوال کر کے دین کے احکام جانیں اور ان کا اتباع وپیروی کریں، نا واقف عوام کیلئے دین کے جاننے کا یہی طریقہ ہے تو مطلق تقلید پر یہ آیات واحادیث نہایت روشن اور واضح دلائل ہیں تو ان مطلق سے انکار کرنا گویا ان آیات واحادیث کا انکار کرنا ہے۔ اور یہ بھی ثابت ہوا کہ ہر نا واقف وجاہل اپنی سمجھ پر اعتماد نہ کرے اور طریق مسلمین اور جماعت اہل اسلام سے جدا ہو کر نیا فرقہ اختیار نہ کرے۔ یہی وجہ ہے کہ امام بخاری وترمذی وغیرہ محدثین اگرچہ لاکھوں احادیث کے مع اسناد کے حافظ تھے مگر انہوں نے اپنی حدیث دانی اور اپنی عقل وفہم پر اعتماد کر کے ائمہ مجتہدین کے مقابل کوئی فرقہ نہیں بنایا بلکہ مسلمان مقلدین کی جماعت عامہ اور طریق مسلمین میں شامل ہو کر ایک امام کی تقلید کو اختیار کیا۔

آج کے اہلحدیث کو ان اہلحدیث سے کیا نسبت کہ یہ ایک حدیث سے پورے طور پر واقف نہیں اور عامل بالحدیث ہونے کا دعوی اور ائمہ مجتہدین سے مقابلہ کرنے کی جرأت۔ بالجملہ مطلق تقلید تو ان آیات واحادیث سے ثابت ہو چکی۔ اور اہل علم جانتے ہیں کہ مطلق کا وجود کسی شخص یا فرد وقید میں متحقق ہوگا، تو جب مطلق تقلید کا حکم ہے تو تقلید شخصی اس سے خود ہی ثابت ہو گئی، مگر ہم تقلید شخصی کے ثبوت کے لئے بھی ایک مستقل حدیث پیش کئے دیتے ہیں۔

ترمذی شریف میں حضرت حذیفہ وحضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور اقدس ﷺ فرماتے ہیں:

اقتدوا بالذين من بعدي من اصحابي ابي بكر وعمر ،واهتدوا بهدي عمار

و تمسکوا بعهد ابن مسعود ۔

تم میرے بعد میرے صحابہ سے ابوبکر وعمر کی اقتدا کرو اور عمار کے طریقے کو راہ راست بنا
عبداللہ بن مسعود کے عہد کو لازم پکڑو۔

اس حدیث میں صاف طور پر فرمادیا کہ حضرت ابوبکر وحضرت عمر وحضرت عمار وحضرت ع
بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی اقتدا کرو، ان کے طریقے کو راہ راست بناؤ، ابن مسعود کے ساتھ تمسک
،تو یہ اشخاص ہی تو ہیں جن کی اقتدا اور تمسک کا حکم فرمایا گیا، اسی کا نام تقلید تخصی ہے، تو تقلید تخصی کا
حدیث سے ثابت ہو گیا، اور اہل تواریخ پر ظاہر ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تمسک
مذہب حنفی کو حاصل ہے وہ کسی اور مذہب کو حاصل نہیں تو مذہب حنفی کی حقانیت کے لئے اس سے
صاف اور روشن ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے۔

الحاصل تقلید تخصی کو ہم نے حدیث سے ثابت کردیا اور مذہب حنفی کی بنیاد اور تمسک بھی قو
علیہ السلام سے دکھا دیا، اس کے بعد بھی اگر غیر مقلدین نہ مانیں تو یہ ان کی ہٹ دھرمی ہے اور ایسی ضد
نتیجہ دوزخ وجہنم کی سزا ہے۔ اگر غیر مقلدین میں انصاف کا کوئی شائبہ اور تحقیق حق کا ادنیٰ احسا
باقی ہے تو وہ مذہب حنفی کو اختیار کریں اور اپنی ضد اور ہٹ دھرمی کو ترک کر کے حنفی ہونے کا اعلان کر

غیر مقلدین کو آخری تنبیہ و چیلنج

غیر مقلدین کے یہ گیارہ سوالات وہ ہیں جن پر انہیں بہت ناز وفخر ہے اور انہیں موضوعا
دن رات مباحثے ومناظرے کیا کرتے ہیں، ہم نے ہر سوال کا جواب صحاح احادیث سے دے
،اگر ان میں حیا وغیرت کا کوئی جز باقی ہے تو اس رسالے کے دیکھنے کے بعد گیارہ ہزار کا انعام
کریں اور اپنی صداقت کا ثبوت پیش کریں تو لوگ ان کے لئے یہ فیصلہ کرنے کے لئے مجبور ہو
گے کہ اہل حدیث اپنے اعلان میں سچے ثابت ہوئے، لیکن میں تو یہی فیصلہ کرنے کے لئے مجبور
ان کے مال داروں کی تجوریاں دین کے لئے اور اپنے اعلان کی صداقت ثابت کرنے کے لئے
آتی ہیں۔

میں پہلے بھی ظاہر کر چکا ہوں کہ میں نے یہ جوابات حصول زر وانعام کی نیت سے نہیں لکھے
کہ مصنف یا اور جماعت اہل حدیث ان جوابات کو بغور دیکھ کر انصاف پسندی کی بنا پر اپنے مذہب

توبہ کرلیں اور حنفی ہونے کا اعلان کردیں تو میری محنت کامیاب ہو جائے گی اور میرا مقصد وغرض پوری ہو
جائے گی اور میں آئندہ بھی ان کی ہر بات اور ہر دشواری کے حل کردینے کا وعدہ کرتا ہوں وہ تحریرا یا تقریرا
جس طرح چاہیں اپنی تسکین کر سکتے ہیں۔ لیکن وہ انصاف سے ایسا طریقہ اختیار کریں جس مین فی الواقع
تحقیق حق مقصود ہو۔ ضد اور ہٹ دھرمی کا کوئی شائبہ نہ ہو۔ بہر حال وہ جو راستہ اختیا کریں میں حتی الامکا
ن ان کی خواہش پورا کرنے کی سعی کرونگا۔ مین نے جو کچھ عرض کیا اس کی بنیاد یہ ہے کہ مجھے اس جماعت
سے اتنا حسن ظن ہے کہ ان میں حق پسندی کے جذبہ میں وہ شاید ایسا کر جائیں تو میں بھی حتی المقدور ان کی
اعانت کروں ورنہ اس وقت میں حق پسندی کا وصف فنا ہو رہا ہے۔ اگر اس قوم میں اپنی زندگی کا کچھ احسا
س باقی رہ گیا ہے تو میری امید پوری ہو سکتی ہے۔ ورنہ ان کو بھی ان کے دوسرے بھائی وہابیہ دیوبندیہ کی
طرح بے حس سمجھ کر چھوڑ دوں گا۔ وما علینا الا البلاغ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

جواب الجواب مفتی کفایت اللہ شاہجہاں پوری

علامہ اجل حضرت مولانا مولوی شاہ محمد اجمل صاحب ادام اللہ فیوضہم وبرکاتہم السلام علیکم
اللہ برکاتہ

اخبار الجمعیۃ مورخہ ۵؍ستمبر ۱۹۳۶ء میں زیر عنوان ''حوادث واحکام آٹھ فتاوے نمبروار مع
غیر صواب ایسے دیکھے گئے جو طلبہ عوام سادہ لوح مسلمانوں کے لئے مضر ومخرب عقائد ہیں۔ فتاو
جناب والا کی خدمت اقدس میں روانہ کرتا ہوں۔ امید کے جواب کافی وشافی مع دلائل رسالہ '' ا
میں شائع فرمائیں گے۔ تاکہ عوام وطلبہ کی تشفی ہو۔ اور مخالفین کے دانت دیکھ کر کھٹے ہوں۔
نقل فتاوے مطابق اصل ذیل میں درج ہے:۔

(محمد علی متعلم مدرسہ خانقاہ سہسرام داودی گیاوی)

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مفتی وپیش امام کے باب میں
عقیدے رکھتا ہے اور دوسروں کو ترغیب دیکر فرقہ بندی کرتا ہے کہ:۔

(۱) حضرت محمد مصطفی ﷺ غیب داں ہیں۔

(۲) ہر جگہ حاضر وناظر ہیں۔

(۳) فریاد رسی کے لئے یا رسول اللہ پکارتے ہی اس کی مدد کرتے ہیں۔

(۴) حضرت محبوب سبحانی کو اتنی قدرت ہے کہ خدا کی قضا وبلا کو دور کردیتے ہیں۔

(۵) دور دور سے مشکلات میں یا محبوب سبحانی پکارنے والوں کی آواز سن کر خود مشکل آ
دیتے ہیں۔

(۶) اولیاء اللہ سے مدد مانگنا اللہ جل شانہ سے مدد مانگنا ہر دو ایک ہے۔

(۷) یہی عقیدہ اہل سنت وجماعت کا ہے۔

(۸) اس کے خلاف عقیدے رکھنے والے سب غیر مقلد وہابی نجدی اسلام سے خارج کفر کے مستحق ہیں۔ ان سے میل ملاپ رکھنا انکے پیچھے نماز پڑھنا سخت حرام ہے۔

پس کیا ایسے عقیدے حنفیوں کے ہوسکتے ہیں۔ اگر ہوں تو ایسا عقیدہ رکھنا کیسا ہے اور ایسے عقیدے رکھنے کی ترغیب دیکر اہل اسلام میں فساد وفرقہ بندی کرنے والے مفتی وپیش امام اور مددگار کے حق میں کیا حکم ہے۔ ہر نمبر کے عام فہم جواب باصواب سے سرفراز فرمادیں۔

الجواب:۔

نمبر اول سے نمبر ششم تک جو باتیں مذکور ہیں۔ یہ صریح طور پر اسلامی تعلیم اور نصوص کتاب وسنت کے خلاف ہیں۔ قرآن پاک میں صاف وصریح طور پر مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عالم الغیب نہیں۔ وہی تنہا علم غیب کی صفت کے ساتھ موصوف ہے۔ پیغمبر ﷺ باوجود اسکے حق تعالیٰ نے انکو ہزاروں غیوب کا علم عطا فرمادیا تھا۔ عالم الغیب نہیں تھے۔ ہر جگہ حاضر وناظر ہونا بھی خاص اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ ہر جگہ سے پکار کو سننا اور امداد طلب کرنے والے کی مدد کرنا بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے۔ نمبر ۴ یعنی یہ عقیدہ کہ حضرت غوث الاعظم کو اتنی قدرت ہے۔ کہ قضا وقدر کو دور کردیں صریح کفر یہ شرکیہ عقیدہ ہے۔ اسی طرح نمبر ۵ بھی خطا اور جہل ہے۔ نمبر ۶ کی تاویل نہ کی جائے تو وہ بھی مشرکانہ خیال ہے۔ نمبر ۷ یہ بالکل غلط ہے کہ اہل سنت والجماعت ان مشرکانہ عقائد کے قائل ہیں۔ ۸) یہ بھی جہالت اور تہمت اور افترا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات مختصہ کو اس کے ساتھ مخصوص کرنے والے اور انبیاء ومرسلین کو اپنے درجے پر رکھنے والے۔ اور اولیاء اللہ کو اپنے مرتبے پر ماننے والے وہابی غیر مقلد نجدی اسلام سے خارج ہیں۔ یہ سبھی باتیں مسلمانوں میں پیدا کرنے والی اور اسلامی وحدت کے شیرازہ کو بکھیرنے والی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ہدایت کرے اور راہ راست دکھائے۔ آمین!

(محمد کفایت اللہ کان اللہ لہ)

الجواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

یہ تمام وہ مسائل ہیں جن میں سلف وخلف کی بیشمار تصریحات اور علمائے اہلسنت کی بکثرت

تصنیفات موجود ہیں اہل حق نے ان مباحث پر عبارات کے انبار لگادیئے ہیں۔اہل تحقیق نے ان
میں تحقیقات کے دریا بہادیئے ہیں۔مخالفین آج تک ان رسائل کے جوابات سے عاجز ہیں
قیامت تک ان براہین قاطعہ اور دلائل لامعہ کی تردید سے قاصر رہیں گے۔

آج اگر کوئی شخص بغل میں جہالت کی کسوت دبا کر کسی مسند افتاء پر جابیٹھے اور الٹے استرے
مسلمانوں کو مونڈنے لگے۔کفروشرک کی عام بھانجی بانٹنے لگے۔ناواقفوں کو گمراہی کی دعوت دے
۔ناوانوں کی ہر جمعہ میں ناصح بنکر حجامت کرنے لگے۔تو بلا دلیل ایسے کی بات گھر والے ہی مانیں
اور بغیر سوچے سمجھے اس کے لفظ لفظ اور حرف حرف کی تصدیق کرینگے۔لیکن اہل علم وفضل کے نزدیک
تک دعوی بلادلیل ہے قابل التفات ولائق اعتماد نہیں۔

میں نے مفتی جی کے جوابات دیکھے اور استعجاب ہوا کہ یہ شخص جہالت کا مجسمہ، غباوت کا پتلا
عقل وفہم کا دشمن ہے۔اسی کو مدعیان علم وفضل نے اپنا مفتی اعظم بنا رکھا ہے، اسی کی قابلیت وعالمیت
خطبے شب وروز پڑھے جاتے ہیں۔یہ دکھیا تو خود اپنے لکھے ہوئے کو بھی نہیں سمجھتا، یہ غریب خود اپنے
ہوئے کو بھی نہیں جانتا، نصوص کتاب کی مخالفت کرتا ہے، قرآن کریم کی صاف وصریح تعلیم کا منکر
، صفات الٰہیہ کا علم نہیں رکھتا، انبیاء ومرسلین کے مدارج کو نہیں پہچانتا، اولیاء ومقربین کے مراتب
ناواقف ہے، عقائد مسلمین سے ناآشنا ہے، اصول اسلامیہ سے بے بہرہ ہے، اتحاد اسلامی وافتراق
مسلمین کے معنی سے بے خبر ہے۔لیکن باوجود اس حال زار کے آپ کو فتوی نویسی کا بہت شوق ہے
وقت میں ان کے جوابات کا مختصر رد کرتا ہوں جس سے مفتی جی کی جہالت اور ناقابلیت اظہر من الشمس
جائے گی۔

مفتی جی فرماتے ہیں:

نمبر اول سے نمبر ششم تک جو باتیں مذکور ہیں یہ صریح طور پر اسلامی تعلیم اور نصوص کتاب وسنت
کے خلاف ہیں۔

مفتی جی! دن میں آفتاب کے وجود کا انکار کرتے ہوئے کچھ بھی شرم کی ہوتی۔واقعی کسی نے
خوب کہا ہے:

بے حیاباش وہرچہ خواہی کن۔

مجھے حیرت ہے کہ باوجود ادعائے علم وفضل آپ کو ان نمبروں کی مؤید نصوص کتاب وسنت

اقوال امت نظر نہ آئے اور اسلامی تعلیم سے ان باتوں کا جواز نہ معلوم ہوسکا۔آیئے ایمانی چشمہ لگایئے تو
پھر آپ کو ساری باتیں شریعت مطہرہ سے ثابت ہوجائیں گی، پھر اگر آپ صرف اس قدر کہئے کہ مجھے ان
باتوں کا ثبوت اسلامی تعلیم اور نصوص کتاب وسنت سے ثابت نہیں ہوتو آپ کے کسی ہم عقیدہ کو یہ ضعیف
تاویل کرنے کا موقع بھی تھا کہ شاید مفتی صاحب کی نظران تک نہ پہونچی ہو، بلکہ کچھ دیر کے لئے ہم بھی
اس کو آپکے قصور علم ونظر پر محمول کر کے آپ کی ناقابلیت کا اعتراف کرلیتے۔لیکن آپ نے تو بالقصد اپنی بد
باطنی کی بنا پر صاف یہ دعوی کیا کہ یہ باتیں صریح طور پر اسلامی تعلیم اور نصوص کتاب وسنت کے خلاف ہیں
۔

مفتی جی! اگر آپ کے اس دعوے میں صداقت کی بو اور سچائی کا شائبہ بھی ہوتا۔تو آپ پہلے
کتاب وسنت سے کوئی نص پیش کرتے۔اسلامی تعلیم کا کوئی صریح قول نقل کرتے۔پھر ان کا اس کے
خلاف ہونا ثابت کرتے۔اس وقت اہل علم وفہم کے نزدیک آپ کا یہ دعوی قابل التفات ہوتا۔لیکن واقعہ
یہ ہے کہ آپ قیامت تک ایڑی چوٹی کا زور لگا کر بھی آپ ایسے صریح کذب اور غلط دعوے کا اثبات نہیں
کرسکتے اور کوئی نص کتاب وسنت پیش نہیں کرسکتے۔لہٰذا ازراہ دجل وفریب محض اپنے قومی اعتبار کی بنا پر نا
واقفوں کو الٹے استرے سے مونڈنا چاہتے ہیں۔دیوبندی قوم کے نزدیک آپ واقعی ان کے گھر کے
معتبر مفتی اعظم ہیں۔لیکن مخالف آپ کو معتبر نہیں سمجھتا۔اس کے لئے تو آپ کو دعاوی پر دلائل قائم کرنے
ہی پڑینگے۔

مفتی جی! آپ تو کیا آپ کا سارا دیوبندی کنبہ بھی کتاب وسنت سے کوئی نص پیش نہیں کرسکتا۔
آپ کے اس فتوے کی حقیقت تو انھیں چند الفاظ سے ظاہر ہوگئی۔ضرورت تو نہیں تھی کہ اس پر مزید گفتگو
کی جائے۔لیکن محض عوام کے لئے ہر جواب پر کچھ مختصر ابحاث پیش کی جاتی ہیں تاکہ ہر مسئلہ پر اجمالی نظر
ہوجائے

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا غیب داں ہونا

مفتی جی اس کے جواب میں لکھتے ہیں ''قرآن پاک میں صاف وصریح طور پر مذکور ہے کہ اللہ
تعالیٰ کے سوا کوئی عالم الغیب نہیں، وہی تنہا علم غیب کی صفت کے ساتھ موصوف ہے''۔

مفتی جی! آپ خود ہی قرآن کریم کا صاف وصریح حکم قرار دے رہے ہیں اور لطف یہ ہے کہ

آپ اس صاف اور صریح حکم کو سمجھ بھی نہ سکے۔ اور ایسی ظاہر المراد بات تک آپ کی فہم رسائی بھی نہ
۔ افسوس ہے، آپ کے اس علم وفضل پر جس سے آپ صاف صریح باتوں کے سمجھنے سے بھی
وقاصر ہیں۔

مفتی جی! اب ذرا سوچ سمجھ کر یہ بتایئے کہ قرآن کریم میں غیر اللہ سے علم غی ذاتی کی نفی
ہے یا علم غیب عطائی کی۔ اگر علم غیب ذاتی کی نفی کی گئی ہے اور حق بھی یہی ہے کہ غیر اللہ سے کسی کو ذ
علم غیب ذاتی کا اثبات صریح کفر ہے۔ تمام علماء اہل سنت کا یہی مسلک ہے۔ تو اس سے نبی کریم
الصلوٰۃ والتسلیم کے غیب داں ہونے پر کیا اثر پڑتا ہے۔ حضور کے لئے تو علماء اہل سنت علم غیب عطا
اثبات کرتے ہیں اور ذرہ بھر علم غیب ذاتی کا اثبات کفر کہتے ہیں۔

لہٰذا قرآن کریم کی وہ آیات جن میں غیر اللہ کے لئے علم غیب ذاتی کی نفی کی گئی ہے۔ وہ آ
غیر اللہ کے لئے علم غیب عطائی کے اثبات کی کب نفی کرتی ہیں۔

بلکہ اس کو صاف الفاظ میں یوں سمجھئے کہ ان آیات میں علم غیب ذاتی کی نفی کی جارہی ہے
ذاتی کا حضور علیہ السلام یا کسی غیر اللہ کے لئے اثبات نہیں کیا جاتا جو آیات نفی کے خلاف ہو حضور صلی
تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے علم غیب عطائی کا اثبات کیا جاتا ہے تو اس علم غیب عطائی کی نفی ان آیات کی
نہیں۔

حاصل کلام یہ ہے کہ ان آیات میں ماسوا اللہ سے جس علم کی نفی کی جارہی ہے اس کا ان کے
اثبات نہیں کیا جاتا اور جس علم کا ان کے لئے اثبات کیا جارہا ہے اس کی یہ آیات نفی نہیں کرتیں۔

اب باقی رہی یہ بات کہ آیت نفی میں غیر اللہ علم ذاتی ہی کی نفی مراد ہے اس پر ہمیں کسی دلیل
کرنے کی ضرورت نہیں اس پر خود آپ ہی کا یہ جملہ کافی دلیل ہے وہی اللہ تعالیٰ تنہا علم غیب کی صفت
ساتھ موصوف ہے۔ کہ ایسا علم غیب جو تنہا اللہ تعالیٰ ہی کی صفت ہو اور کسی غیر خدا کے لئے اس کا ذ
اثبات کفر ہو وہ علم غیب ذاتی ہی تو ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے لئے علم غیب عطائی کا اثبات کفر ہے اس
علم عطائی وہ ہے جس کو دوسرے نے دیا ہو جب اللہ تعالیٰ کا علم عطائی ہو تو ضرور کسی دوسرے کا دیا ہو
اب وہ دوسرا بندہ تو ہو نہیں سکتا۔ کہ بندہ کا علم تو خود خدا کا عطا کیا ہوا ہے تو وہ دوسرا کوئی خدا ہی ہوگا۔ جو
کو عطا کرتا ہے لہٰذا علم عطائی کی معنی صحیح کرنے کے لئے خدا کے لئے ایک اور خدا کا ماننا ضروری
العیاذ باللہ یہ کفر کا ایک پہلو ذکر کیا ورنہ اس کو بسط کیا جائے تو اس میں بہت سے کفر لازم آئیں گے۔

الحاصل اللہ تعالیٰ عطائی کے ساتھ موصوف نہیں ہوسکتا تو پھر یہ کس طرح ممکن ہے کہ وہی تنہا علم
غیب عطائی کی صفت کے ساتھ موصوف ہو تو اب نہایت واضح طور پر ثابت ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ جس علم غیب
کی صفت کے ساتھ موصوف ہے وہ علم غیب ذاتی ہی ہے بلکہ مفتی جی کا یہ جملہ خود اس امر کی دلیل بن گیا
کہ آیات نفی میں غیر اللہ سے جس علم غیب کی نفی کی جارہی ہے وہ علم غیب ہے جو اللہ تعالیٰ کا خاصہ اور وہی
تنہا جس کے ساتھ موصوف ہے اور ایسا علم غیب جو اس کا خاصہ ہو اور جس کے ساتھ تنہا وہی موصوف ہو وہ
علم غیب ذاتی ہے کہ علم غیب عطائی نہ اس کا خاصہ نہ وہ تنہا اس کے ساتھ موصوف ہوسکے اب خلاصہ بحث
یہ ہے کہ نہ فقط ہمارے کلام بلکہ مفتی جی کے کلام سے بھی یہی نتیجہ نکل آیا کہ آیات نفی میں غیر اللہ سے علم
غیب ذاتی کی نفی کی جارہی ہے تو یہ آیات حضور عالم غیوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعطائے الٰہی غیب
داں ہونے کی منافی نہیں کہ علم غیب ذاتی کی نفی علم غیب عطائی کو مستلزم نہیں

یہ سارا کلام تو پہلی شق کی بنا پر تھا۔ اب دوسری شق کو اختیار کیجئے کہ قرآن کریم میں غیر اللہ سے علم
غیب عطائی کی نفی کی گئی ہے تو اولا یہ دعوی صدہا آیات قرآنیہ کے خلاف ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں
فرماتا ہے۔

آیت: ذلك من انباء الغیب نو حیه الیك

(سورہ آل عمران)

یہ غیب کی خبریں ہیں ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں۔

آیت: ما کان الله لیطلعکم علی الغیب ولکن الله یجتبی من رسله من یشاء۔

(سورہ آل عمران)

اللہ کی شان یہ نہیں ہے کہ اے عام لوگو تمہیں غیب کا علم دے ہاں اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں
سے جسے چاہے۔

آیت: تلك من انباء الغیب نو حیها الیك۔ (سورہ ہود)

یہ غیب کی خبریں ہیں ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں

آیت: عالم الغیب فلا یظهر علی غیبه احد االا من ا رتضی من رسول ۔ (سورہ جن)

غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے

آیت وما هو علی الغیب بضنین۔ (سوہ کورت)

اور یہ نبی غیب بتانے میں بخیل نہیں۔

یہاں بخیال اختصار صرف پانچ وہ صریح آیات پیش کی جاتی ہیں۔جن میں حضورانور صلی اللہ
لی علیہ وسلم کا بعطائے الٰہی غیب داں ہونا بیان فرمایا جارہا ہے لہذا اب مفتی جی کا یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ کے
ئی (بعلم عطائی بھی ، عالم الغیب نہیں) ان آیات کی تکذیب اور صریح انکار ہے اور یہ دعوی کہ قرآن
میں غیر اللہ سے علم غیب عطائی کی نفی کی گئی ہے ان آیات کی کھلی ہوئی مخالفت ہے اور کلام الٰہی کے سا
کرنا ہے۔

ثانیا: مفتی جی کا یہ قول وہی اللہ تعالیٰ تنہا علم غیب کی صفت کے ساتھ موصوف ہے ان آیات
مخالف قرار پائیگا کہ ان آیات میں خود اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بالعطاء علم
کی صفت کے ساتھ موصوف فرمایا۔

ثالثا: ان آیات کے موجود ہوتے ہوئے قرآن پاک صاف وصریح طور پر حضور صلی اللہ تعالیٰ
وسلم کے بالعطا غیب داں ہونے کی نفی کس طرح پائی گئی یہ مفتی جی کا کیسا جیتا جھوٹ اور صریح کذب
فلعنة الله علی الکاذبین ۔یہ مختصر کلام تو مفتی جی کی ایک سطر پر پیش ہوا اب اسی جواب میں آپ
سے آگے فرماتے ہیں۔

پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باوجود اس کے کہ حق تعالیٰ نے ان کو ہزاروں غیوب کا علم عطا فرما
عالم الغیب نہیں تھے مفتی جی نے اس کلام میں دو باتیں بیان کیں ایک تو اس بات کا اقرار کہ حضور صلی
تعالیٰ علیہ وسلم کو حق تعالیٰ نے ہزاروں غیوب کا علم عطا فرمایا تھا اور دوسرے اس بات کا انکار کر حضور باو
ہزاروں غیوب کا علم عطا ہونے کے عالم الغیب نہیں تھے۔

مفتی جی کی پہلی بات: اگر ان کا عقیدہ ہے اور واقعی وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہزار
غیوب کا علم مانتے ہیں تو پہلے وہ اپنے پیشواؤں مقتداؤں کے فتوے اپنے اوپر صادر کریں۔

مفتی کفایت اللہ مولوی عزیز الرحمن مفتی دیوبند کے فتوے سے مشرک وکافر

مولوی عزیز الرحمن مفتی دیوبند کا فتوی فتاوی رشیدیہ حصہ سوم کے صفحہ ۳۶ پر ان الفاظ میں
ہے جو شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عالم الغیب ہونے پر کا معتقد ہے سادات حنفیہ کے نزد
قطعا مشرک وکافر ہے اور مفتی کفایت اللہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہ فقط ایک غیب کا

بلکہ ہزاروں غیوب کا علم مانا تو یہ اپنے ہی مفتی دیوبند کے فتوے سے ہزاروں درجے کے قطعی مشرک وکافر
ہوئے۔

مفتی کفایت اللہ مولوی رشید احمد گنگوہی کے فتوے سے صریح مشرک

مولوی رشید احمد گنگوہی فتاوے رشیدیہ حصہ دوم کے صفحہ ۱۰ پر لکھتے ہیں ''حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو
علم غیب نہ تھا، نہ کبھی اس کا دعوی کیا اور کلام اللہ شریف اور بہت سی احادیث میں موجود ہے کہ آپ عالم
الغیب نہ تھے۔اور یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ کو علم غیب تھا صریح شرک ہے۔
اور مفتی کفایت اللہ صاحب نے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے ایک غیب کے علم کا عقیدہ نہیں
بلکہ ہزاروں غیوب کا عقیدہ رکھا تو وہ اپنے ہی گنگوہی پیشوا کے فتوے سے ہزاروں صریح شرک کی وجہ سے
بڑے ڈبل مشرک ہوئے۔

مفتی کفایت اللہ امام الوہابیہ مولوی اسمٰعیل دہلوی کے حکم سے مشرک

امام الوہابیہ مولوی اسماعیل دہلوی تقویۃ الایمان مطبوعہ مرکنٹائل پرنٹنگ پریس دہلی کے صفحہ ۳۱ پر
لکھتے ہیں غیب کی بات اللہ کے سوائے کوئی جانتا ہی نہیں۔اسی کے صفحہ ۳۰ پر ہے۔کسی انبیا اولیاء یا امام یا
شہیدوں کی جناب میں ہرگز یہ عقیدہ نہ رکھے کہ وہ غیب کی بات جانتے ہیں بلکہ حضرت پیغمبر کی جناب
میں بھی عقیدہ نہ رکھے اسی کے صفحہ ۱۰ پر امور غیبیہ کی اطلاع کو خدا کا خاصہ ثابت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔
اللہ کا سا علم اور کو ثابت کرنا سو اس عقیدے سے آدمی البتہ مشرک ہو جاتا ہے خواہ یہ عقیدہ انبیاء و اولیاء سے
رکھے خواہ پیر و شہید سے خواہ امام و امام زادہ سے خواہ بھوت و پری سے پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ بات ان کو
اپنی ذات سے ہے خواہ اللہ کے دینے سے غرض اس عقیدے سے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے مفتی
کفایت اللہ نے حضرت پیغمبر کی جناب میں ہزاروں غیوب کے علم کا عقیدہ رکھا اور بقول اس کے اللہ کا سا
علم حضرت پیغمبر کو ثابت کیا لہذا یہ اپنے امام کے حکم ہی سے مشرک ہوئے پھر اس امام نے دکھیا مفتی کو اس
تاویل کی گنجائش کا بھی موقع نہ چھوڑا کہ وہ یہ کہہ دے کہ میں غیوب کا علم حق تعالیٰ کی عطا سے مانتا ہوں کہ
اس کو بھی صاف کردیا۔خواہ اللہ کے دینے سے غرض اس عقیدے سے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے مفتی
جی پر ایک ایک عالم دیوبند کے فتوے نقل ہو سکتے ہیں لیکن بخوف طوالت یہ تینوں پیشوا بہت کافی ہیں ان

کے آگے سب سرنگوں ہیں۔

مفتی کفایت اللہ کا خود اپنی اوپر شرک کا فتوے

یہی مفتی جی اپنی کتاب تعلیم الاسلام حصہ چہارم کے صفحے ۱۶ پر لکھتے ہیں شرک فی العلم یعنی خدائے تعالیٰ کی طرح کسی دوسرے کے لئے صفت علم ثابت کرنا مثلا یوں سمجھنا کہ خدائے تعالیٰ کی طرح فلاں پیغمبر یا ولی وغیرہ علم غیب جانتے تھے۔ کہئے مفتی جی خود آپ نے پیغمبر علیہ السلام کے لئے ایک غیب کا علم نہیں بلکہ ہزاروں غیوب کا علم جانا تو آپ اپنے ہی حکم سے کیسے ڈبل مشرک ہوئے لہذا مفتی جی آپ اس عقیدے کا اظہار کر کے اپنے اماموں پیشواؤں کے فتووں بلکہ خود اپنے فتوے سے بھی مشرک و کافر ہوئے آپ توبہ کیجئے ورنہ اپنے ان الفاظ کا خود ورد کر کے شائع کیجئے۔

مفتی جی کی دوسری بات: یہ کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہزاروں غیوب کا علم ہوتے ہوئے عالم الغیب نہیں آپ کی یہ بات تو نہایت ہی قابلیت کی ہے اور اس کی ایسی ہی نظیر ہے کہ کوئی شخص آپ کو کہے کہ مفتی جی منطق کا علم رکھتے ہوئے عالم منطق نہیں علم فقہ ہوتے ہوئے عالم فقہ نہیں علم حدیث ہوتے ہو عالم حدیث نہیں صرف نحو کو جانتے ہوئے عالم صرف ونحو نہیں۔

اگر زیادہ معلومات نہیں تھی تو کم از کم دہلی ہی کے شیخ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ کی مدارج النبوۃ شریف ہی میں اسماء کی بحث دیکھ لی ہوتی تو ایسی قابلیت کی بات تو نہ ظاہر ہوتی۔ حضرت شیخ فرماتے ہیں:

از اسماء ذی تعالیٰ علیم وعلام وعالم الغیوب والشہادہ ست ووصف کردہ است بنی خود را بالقلم مخصوص گردانیدہ است او را بخیریت وفضیلت در آں و علمك ما لم تكن تعلم و كا ن فضل الله عليك عظیما وگفت و يعلمكم الكتب والحكمة ويعلمكم ما لم تكو نو ا تعلمو نٗ"

(مدارج مطبوعہ ناصری ص ۳۰۱)

اور اگر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے اس لفظ کے اطلاق کی کہیں ممانعت وارد ہے تو اس کا کوئی حوالہ پیش کیا ہوتا آپ کا صرف یہ کہہ دینا تو حجت شرعیہ نہیں مفتی جی کے جواب اول کی دو سطروں پر حسب اقتضائے مقام یہ مختصر رپیش کیا گیا اور اگر مسئلہ علم غیب میں پوری وضاحت لکھی جائے تو ایک مبسوط کتاب تیار ہو جائے۔

یہی مفتی جی اپنی کتاب تعلیم الاسلام حصہ چہارم کے صفحے ۱۶ پر لکھتے ہیں شرک فی العلم یعنی خدائے تعالیٰ کی طرح کسی دوسرے کے لئے صفت علم ثابت کرنا مثلا یوں سمجھنا کہ خدائے تعالیٰ کی طرح فلاں پیغمبر یا ولی وغیرہ علم غیب جانتے تھے۔ کہئے مفتی جی خود آپ نے پیغمبر علیہ السلام کے لئے ایک غیب کا علم نہیں بلکہ ہزاروں غیوب کا علم جانا تو آپ اپنے ہی حکم سے کیسے ڈبل مشرک ہوئے لہذا مفتی جی آپ اس عقیدے کا اظہار کر کے اپنے اماموں پیشواؤں کے فتووں بلکہ خود اپنے فتوے سے بھی مشرک و کافر ہوئے آپ توبہ کیجئے ورنہ اپنے ان الفاظ کا خود ورد کر کے شائع کیجئے۔

مفتی جی کی دوسری بات: یہ کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہزاروں غیوب کا علم ہوتے ہوئے عالم الغیب نہیں آپ کی یہ بات تو نہایت ہی قابلیت کی ہے اور اس کی ایسی ہی نظیر ہے کہ کوئی شخص آپ کو کہے کہ مفتی جی منطق کا علم رکھتے ہوئے عالم منطق نہیں علم فقہ ہوتے ہوئے عالم فقہ نہیں علم حدیث ہوتے ہو عالم حدیث نہیں صرف نحو کو جانتے ہوئے عالم صرف ونحو نہیں۔

اگر زیادہ معلومات نہیں تھی تو کم از کم دہلی ہی کے شیخ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ کی مدارج النبوۃ شریف ہی میں اسماء کی بحث دیکھ لی ہوتی تو ایسی قابلیت کی بات تو نہ ظاہر ہوتی۔ حضرت شیخ فرماتے ہیں:

از اسماء ذی تعالیٰ علیم وعلام وعالم الغیوب والشہادہ ست ووصف کردہ است بنی خود را بالقلم مخصوص گردانیدہ است او را بخیریت وفضیلت در آں و علمك ما لم تكن تعلم و كا ن فضل الله عليك عظیما وگفت و يعلمكم الكتب والحكمة ويعلمكم ما لم تكو نو ا تعلمو نٗ"

(مدارج مطبوعہ ناصری ص ۳۰۱)

اور اگر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے اس لفظ کے اطلاق کی کہیں ممانعت وارد ہے تو اس کا کوئی حوالہ پیش کیا ہوتا۔ آپ کا صرف یہ کہہ دینا تو حجت شرعیہ نہیں۔ مفتی جی کے جواب اول کی دو سطروں پر حسب اقتضائے مقام یہ مختصر رپیش کیا گیا اور اگر مسئلہ علم غیب میں پوری وضاحت لکھی جائے تو ایک مبسوط کتاب تیار ہو جائے۔

جواب الجواب مفتی کفایت اللہ شاہجہانپوری

حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کا حاضر وناظر ہونا

مفتی جی نے جو اس کا جواب دیا وہ ان کی لاعلمی اور ناواقفیت کی بین دلیل ہے بلکہ میں
کہتا ہوں کہ جس قوم نے ان کو اپنا مفتی اعظم بنا کر دارالسلطنت دہلی میں مقیم کیا ہے ان کا انتخاب نہا
ہی کم فہمی پر مبنی ہے۔ پھر ان مفتی جی نے بھی شاید حق گوئی سے تو قسم کھالی ہے اپنی قوم کے بے علموں سے
آپ فرمادیتے ہیں وہ آنکھیں بند کر کے تسلیم کر لیتے ہیں نہ ان کے سامنے کسی دلیل پیش کرنے
ضرورت نہ کسی کتاب کے حوالے کے نقل کی حاجت۔ پھر ان سب سے بالاتر بات یہ ہے کہ سوال کچھ
جواب کچھ سائل یہ دریافت کرتا ہے کہ ایک مفتی وپیش امام عقیدہ رکھتا ہے کہ حضرت محمد مصطفی صلی ا
تعالیٰ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر وناظر ہیں۔ آیا از روئے شرع ایسا عقیدہ کیسا ہے اور ایسے مفتی وپیش امام
لئے کیا حکم ہے اس سوال کے جواب میں مفتی جی نے دو باتیں کہیں۔

پہلی بات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہر جگہ حاضر وناظر ہونا صریح طور پر اسلامی تعلیم ا
نصوص کتاب وسنت کے خلاف ہے۔ مفتی جی کا یہ فریضہ تھا کہ وہ سلف وخلف کی عبارات پیش کر کے ا
عقیدے کو بصراحت اسلامی تعلیم کے مخالف ثابت کرتے۔ اور نصوص کتاب وسنت کو نقل کر کے ا
عقیدے کا مخالف ہونا ظاہر کرتے۔ جب ان کی یہ بات قابل استناد اور لائق اعتماد ہوتی ان کے
والے چاہیں ان کو معتبر جانیں۔ ان کی ہر ایک بات کو بلاثبوت مانیں ان کے حرف بہ حرف پر ایمان لا
لیکن مخالف بلادلیل ان کا ایک کلمہ تسلیم کرنے کے لئے تیار نہ ہوگا ان کی ہر بات پر نقول عبارات کا مطا
کریگا

میں باعلان کہتا ہوں کہ مفتی جی اس دعوے پر نہ کوئی معتبر دلیل پیش کر سکتے ہیں نہ کوئی مع

عبارت نقل کر سکے ہیں۔ یہی ان کی اور ان کے فرقے کی اصل حقیقت ہے کہ دعوی تو آسمان سے بھی بلند
کرتے ہیں اور دلیل خاک نہیں رکھتے۔ اگر وہ بات کے پکے اور قول کے سچے ہیں تو کوئی دلیل پیش کریں
اپنی صداقت کا ثبوت دیں۔

مفتی جی نے صرف دو الفاظ رٹ لئے ہیں (یہ بات صریح طور پر اسلامی تعلیم اور نصوص کتاب
وسنت کے خلاف ہیں) ورنہ وہ دکھائیں کہ حضور کا بعطائے قدرت الٰہی ہر جگہ حاضر وناظر ہونا ان دلائل کو
تصریحات سے صریح طور پر اسلامی تعلیم کتاب وسنت کے خلاف ہے۔ مفتی جی قیامت تک اس پر کوئی
معتبر دلیل کوئی معتمد عبارت پیش نہیں کر سکتے۔

اب میں یہ ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ مفتی جی ذرا آنکھیں کھول کر دیکھیں کہ میں مذکورہ فی السوال
عقیدے پر نصوص کتاب وسنت پیش کرتا ہوں۔ لیکن پہلے اس بات کو سمجھ لینا بھی ضروری ہے کہ حاضر
وناظر کے کیا معنی ہیں۔ حضرت قاضی عیاض فرماتے ہیں۔

الشهيد من الشهود بمعنى الحضور ومعناه العالم۔ (شرح شفا شریف مصری ص ۷۵)

شہید شہود سے مشتق ہے اور شہود حضور کے معنی میں ہے اور شہید کے معنی عالم کے ہیں۔

لکن جب شہود حضور کا ہم معنی۔ تو شہید حاضر کا ہم معنی اور شہید کے معنی عالم تو حاضر کے معنی بھی
عالم ہوئے۔ اسی طرح نظر بمعنی رویت کے مستعمل ہوئی۔ شرح مواقف میں ہے۔

النظر فی اللغة جاء بمعنى الرؤية (شرح مواقف ص ۶۱۹) لغت میں نظر بمعنی رویت کے بھی
مستعمل ہوئے۔

تو ناظر کے معنی ذوالرویہ یعنی دیکھنے والا۔ اور حضرت علامہ شامی درمختار میں الفاظ حاضر وناظر
کے معنی لکھتے ہیں:

فان الحضور بمعنى العلم شائع والنظر بمعنى الرؤية فالمعنى یاحاضر یا عالم
ویاناظر یا من یری ملخصا۔ (شامی مصری جلد ۳ ص ۳۱۸)

حضور علم کے معنی میں شائع ہے اور نظر بمعنی رویت ہے تو یا حاضر کے معنی یا عالم اور یا ناظر کے معنی
وہ ذات جو دیکھے۔

لہٰذا اب یہ ثابت ہوگیا کہ حاضر کے معنی عالم اور ناظر کے معنی ذوالرویہ یعنی دیکھنے والا پھر اب
ہر جگہ حاضر وناظر سے مراد یہ ہے کہ ہر جگہ اور ہر مقام کا علم اور رویت رکھنا اور یہ قدرت وطاقت یہ علم

ورویت اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمائی۔انھیں ہر جگہ ہر مقام کا علم ورو
عنایت فرمایا:

آیت انا ارسلنك شاهدا و مبشرا و نذيرا۔ (سورہ فتح)

بیشک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر ناظر اور بشارت دینے والا اور ڈر سنانے والا۔

شرح شفا میں حضرت ملا علی قاری علیہ رحمۃ الباری اس آیت کریمہ کے لفظ شاھدا کی تفسیر کر
ہیں۔شاهدا ای عالما او مطلعا۔ص ۵۰۵)

شاہد عالم یا مطلع۔

اقول شاہد بمعنی عالم اس لئے ہے کہ شاہد شہود سے مشتق ہے اور شہود بمعنی حضور ہے اور حضور
کے معنی میں شائع ہے۔لہٰذا جب حاضر کے معنی عالم ہوئے تو شاہد جو مترادف المعنی حاضر کا ہے،اس
معنی بھی عالم ہوئے۔اس آیۃ کریمہ نے نہایت واضح طور پر ثابت کر دیا کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم حاضر وشاہد ہیں۔

آیت: ويكون الرسول عليكم شهيدا۔ سورہ بقرہ

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی تفسیر عزیزی میں اس آیۃ کریمہ کے تحت
فرماتے ہیں:

یعنی وباشد رسول شما برشما گواہ زیرا کہ مطلع است بنور نبوت بر رتبہ ہر متدین بدین خود کہ در کدا
درجہ از دین من رسیدہ وحقیقت ایمان او چیست وحجابے کہ بداں از ترقی محجوب ماندہ است کدام اس
پس اومی شناسد گناہان شمارا ودرجات ایمان شمارا ولہٰذا شہادت او در دنیا بحکم شرع درحق امت مقبول
وواجب العمل ست۔(تفسیر عزیزی مطبوعہ بمبئی ص ۶۷۶)

تمہارے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم پر گواہ ہونگے کیونکہ وہ اپنی نبوت کے نور کے سب
اپنے دین پر چلنے والے کے رتبہ سے واقف ہیں کہ وہ میرے دین میں کس درجہ پہنچا اور اس کے ایمان
کیا حقیقت ہے اور جس حجاب کے سبب وہ ترقی سے رکا ہے وہ کونسا حجاب ہے۔تو حضور صلی اللہ تعالیٰ عل
وسلم تم سب کے گناہوں کو پہچانتے ہیں اور تم سب کے ایمان کے درجوں کو جانتے ہیں اور تمہارے س
نیک وبد اعمال سے واقف ہیں اور تمہارے اخلاص ونفاق پر مطلع ہیں۔لہٰذا حضور کی گواہی دنیا وآخر
میں بحکم شرع امت کے حق میں مقبول اور اس پر عمل واجب ہے۔

اس سے صاف معلوم ہو گیا کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسلمانوں کے عام ازیں کہ وہ
ہند کے ہوں یا سندھ کے۔افغانستان کے ہوں یا انگلستان کے۔چین کے ہوں یا فلسطین کے۔عرب
کے ہوں یا روم کے۔بیت المقدس کے ہوں یا شام کے۔خلاصہ یہ ہے کہ بحر وبر،دشت وجبل،قریہ وشہر ہر
جگہ کے اہل اسلام سے ایک ایک کی حقیقت ایمان اور اس کے ادنی درجہ اور عدم ترقی کے اسباب اور تمام
معاصی کے نام،نیک وبد کے اعمال اور قلبی احوال کے عالم وشاہد ہیں۔ساری امت کے لئے ہر جگہ حاضر
وناظر ہیں۔کسی مقام کے مسلمان کسی جگہ کے امتی۔کے اعمال ظاہری واحوال باطنی ان کے علم ورویت
سے پوشیدہ نہیں۔بحمد اللہ انھیں دو آیات اور ان کی تفاسیر نے آفتاب سے زیادہ روشن طور پر ثابت کر دیا
کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے رب تبارک وتعالیٰ کی عطا وقدرت سے ہر جگہ حاضر وناظر
ہیں ان کے مولیٰ نے ان کو ہر جگہ ہر قسم کے علم ورویت کے شرف سے مشرف فرمایا۔

ان سید الانبیاء محبوب کبریا علیہ التحیۃ والثنا کی وسعت علمی تو خیال ووہم سے بہت بلند وبالا ہے وہ
خلیل جلیل جو بروز قیامت ان کی عزت وعظمت کا خطبہ پڑھتے ہوئے ان کی خدمت میں ملتجی ہو کر تشریف
لائیں گے یعنی حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام ان کے متعلق قرآن کریم میں صاف وصریح طور پر
ارشاد فرمایا جا رہا ہے۔

وكذلك نرى ابراهيم ملكوت السموٰت والارض ليكون من الموقنين۔

ایسے ہی دکھائے ہم نے ابراہیم کو تمام آسمانوں اور زمینوں کے ملک تاکہ وہ عین الیقین والوں
میں ہو جائیں۔

مسلمانو! دیکھو قرآن کریم کے بیان سے تمام آسمانوں اور زمینوں کے ملک حضرت سیدنا ابراہیم
علی نبینا وعلیہا الصلوۃ والسلام کے پیش نظر اور ان کے روبرو ہیں۔ان کے لئے ہر جگہ حاضر وناظر ہونے کی
صفت خود کتاب اللہ میں موجود ہے۔

مفتی جی! ذرا آنکھیں کھول کر دیکھیں کہ کتاب اللہ کی صاف وصریح نص،اسلامی تعلیم کی سب
سے بڑی کتاب قرآن کریم نے حضور سید الانبیاء محبوب کبریا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہر
جگہ حاضر وناظر ہونا ثابت کر دیا بلکہ قرآن پاک نے نہ فقط ہمارے مولیٰ بلکہ حضرت سیدنا ابراہیم علی نبینا
وعلیہ الصلوۃ والسلام کے لئے ہر جگہ حاضر وناظر ہونے کی صفت بیان فرمائی۔حیرت ہے کہ مفتی جی کو یہ
آیات نظر نہ آئیں اور بلا تکلف قینچی کی طرح زبان چلا دی کہ یہ صریح طور پر اسلامی تعلیم اور نصوص کتاب

وسنت کے خلاف ہے۔

لیجیے مفتی جی! نصوص کتاب تو منقول ہوگئیں لیکن ممکن ہے کہ آپ کا مطالبہ نصوص سنت
اور باقی رہ جائے لہذا میں چند نصوص سنت بھی پیش کردوں تا کہ پھر کسی طرح کی لب کشائی کا موق

حدیث حضرت عبدالرحمن بن عائش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی الل
علیہ وسلم نے فرمایا۔

رأیت ربی عزو جل فی احسن صورۃ قال فیم یختصم الملاء الاعلیٰ اقل
اعلم قال فوضع کفہ بین کتفی فوجد ت بر دھا بین ثدیی وعلمت ما فی الس
والارض وکذالك نری ابراھیم ملکوت السموات والارض لیکون من المو قنین
(ازمشکوۃ شریف ص۶۹)

میں نے اپنے رب عزوجل کو اچھی صورت میں دیکھا۔ فرمایا رب نے کہ فرشتے کس با
جھگڑا کرتے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ تو ہی خوب جانتا ہے۔ حضور نے فرمایا: پھر میرے رب
دست رحمت میرے دونوں شانوں کے درمیان رکھا۔ میں نے اس کے وصول فیض کی سردی اپ
چھاتیوں کے درمیان پائی۔ پس جان لیا میں نے جو کچھ کہ آسمانوں اور زمینوں میں ہے۔ پھر
اس حال کے مناسب یہ آیت تلاوت فرمائی وکــــذلك الآیۃ۔ یعنی ایسے ہی دکھائے ہم نے
ابراہیم کو آسمانوں اور زمینوں کے ملک تا کہ وہ عین الیقین والوں سے ہوجائیں۔

علامہ علی قاری علیہ رحمۃ الباری مرقات میں اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں۔

فعلمت ای بسبب وصول ذالك الفیض ما فی السموٰت والارض یعنی ما
اللہ تعالیٰ مما فیہا من الملئکۃ والا شجار وغیرھما عبارۃ عن سعۃعلمہ الذی فتح
علیہ وقال ابن حجر ای جمیع الکائنات اللتی فی السموات بل وما فو قہا کما یس
قصۃ المعراج والارض ھی بمعنی الجنس ای وجمیع ما فی الارضین السبع بل و
کما افادہ اخبارہ علیہ السلام عن الثور والحوت الذین علیہما ارضون کلہا یعنی
اری ابراھیم علیہ الصلوۃ والسلام ملکوت السموات والارض وکشف لہ ذلك و
ابواب الغیوب ۔ (ازمرقات شرح مشکوۃ جلد ا ص ۴۶۳)

اس فیض کے حاصل ہونے کے سبب سے میں نے وہ سب کچھ جان لیا جو آسمانوں ا

میں ہے۔ یعنی جو کچھ کہ اللہ سبحنہ نے تعلیم فرمایا ان چیزوں میں سے جو آسمان وزمین میں فرشتے اور درخت
وغیرہ میں سے۔ یہ عبارت ہے حضور کے وسعت علم سے جو اللہ تعالیٰ نے حضور پر کھول دیا۔ علامہ ابن حجر
نے فرمایا کہ مافی السمٰوت ان سے آسمانوں بلکہ ان سے بھی اوپر کی تمام کائنات کا علم مراد ہے جیسا کہ قصہ
معراج سے مستفاد ہے اور ارض بمعنی جنس ہے یعنی وہ تمام چیزیں جو ساتوں زمینوں میں بلکہ جو ان سے
بھی نیچے ہیں سب معلوم ہوگئیں جیسا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ثور وحوت کی خبر دینا جن پر سب
زمینیں ہیں اس کو مفید ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کو آسمانوں اور زمینوں
کے ملک دکھا دیئے اور اس کو ان کے لئے کشف فرمادیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر غیبوں کے در
وازے کھول دیئے۔

اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی اسی حدیث کی شرح میں حبیب اور خلیل علیہما الصلوۃ والسلام
کی روایتوں کا فرق لکھتے ہیں:

اہل تحقیق گفتہ اند کہ تفاوت است درمیان ایں دو روایت زیرا کہ خلیل علیہ السلام ملک آسمان
وزمین را دید وحبیب ہرچہ در آسمان وزمین بود حالے از ذوات وصفات وظواہر وبواطن ہمہ را دید۔
(اشعۃ اللمعات مطبوعہ کلکتہ ص ۶۶۲)

اہل تحقیق نے فرمایا کہ ان دونوں روایتوں کے درمیان فرق ہے اس لئے کہ خلیل علیہ السلام نے
آسمانوں اور زمین کا ملک دیکھا اور حبیب علیہ الصلوۃ والسلام جو کہ آسمان وزمین میں تھا۔ ذات وصفات
ظواہر سب دیکھے۔

حدیث: مواہب لدنیہ میں طبرانی سے بروایت حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مروی
ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیہا والی
ماھو کائن فیہا الی یوم القیٰمۃ کانما انظر الی کفی ھذہ ۔ (ازمواہب شریف جلد ۲ ص ۱۹۲)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے میرے لئے دنیا کو ظاہر فرمایا پس میں دنیا
کی اور جو کچھ اس میں تا قیامت ہونے والا ہے سب کو اس طرح دیکھ رہا ہوں جیسے اپنی اس ہتھیلی کی طرف،

علامہ زرقانی اسی حدیث شریف کی شرح اس طرح تحریر فرماتے ہیں۔

ان اللہ قد رفع ای اظہر وکشف لی الدنیا بحیث احاطت جمیع مافیہا فانا انظر

الیھا والی ماھو کائن فیھا الی یوم القیمة کانما انظر الی کفی ھذہ اشارة الی انه رفع له حقیقة لانه ارید بالنظر العلم ۔ (زرقانی ص۲۳۴)

اللہ جل شانہ نے حضور کے لئے دنیا ظاہر فرمائی۔ حضور نے جمیع مافیہا کا احاطہ کرلیا اور کا فرمان کہ میں اس کو اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے سب کو مثل اپنی کف دست ملاحظہ فرمارہا ہوں۔ یہ اشارہ ہے اس طرح ہے کہ نظر سے حقیقۃ دیکھنا مراد ہے نہ نظر سے مجازی علم۔
مشکوۃ شریف میں حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال: ان اللہ زوی لی الارض مشارقھا ومغاربھا۔ (از مشکوۃ شریف ص۱۲)

فرمایا رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیشک اللہ تعالیٰ نے سمیٹی میرے لئے زمین یعنی اس کو مثل ہتھیلی کے کردکھایا پس دیکھا میں نے اس کے مشرقوں اور مغربوں کو یعنی تمام زمین دیکھی۔
(مظاہر حق ص۵۰۳)

مفتی جی لیجئے! یہ صریح نصوص سنت بھی موجود ہیں۔

پہلی حدیث شریف نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسعت علمی کا اظہار ساتوں آسمان اوران سے اوپر کی تمام کائنات اور ساتوں زمین اوران کے تمام موجودات اور آسمان اور زمینوں، ذوات وصفات ظواہر وبواطن ہیں وہ سب ان کے سامنے حاضر۔ کوئی مقام جگہ ایسی نہیں جو ان کے حضور علمی سے مخفی ہو۔ لہٰذا اس حدیث نے حضور عالم غیوب حضور صلی اللہ وسلم کا ہر جگہ حاضر ہونا نہایت واضح طور پر ثابت کردیا۔ اور جہاں کا ذرہ ذرہ ان کے احاطہ میں حاضر دوسری اور تیسری حدیث نے بھی دنیا ومافیہا کو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس طرح بتایا جس طرح کف دست۔ ساری زمین بلکہ تمام جہان کے ہر مقام اور ہر جگہ پر ان کی درویت ثابت۔ خلاصہ یہ ہے کہ نصوص سنت نے بھی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعطائے الٰہی ہر جگہ کا اور ہر مقام پر نظر حقیقی کا بصراحت اثبات کیا۔ لیکن مفتی جی کو وہ نصوص نظر اور آنکھیں بند کرکے ایمان پر استرا چلادیا اور بھولے بھالے مسلمانوں کو اس طرح مونڈنے نصوص کتاب وسنت کے خلاف ہے مفتی جی کے دعوے کی دھجیاں تو انھیں مختصر کلمات سے اڑگئیں ہے کہ مفتی جی یہ اور کہہ دیں تعلی کہ اسلام کی صراحت سے کہیں اس کا پتہ نہیں چلتا۔ باوجود

واحادیث سے زیادہ اسلامی تعلیم نہیں مگر ہم ان کی دہن دوزی کے لئے پیشوایان اسلام ومعلمان امت کے چند اقوال اور پیش کردیں۔

سنئے عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ شریف میں فرماتے ہیں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیشہ نصب العین عابداں ست در جمیع احوال اوقات خصوصا در حالت عبادت وآخر آنکہ وجود نورانیت وانکشاف دریں محل بیشتر وقوی تر ست وبعضے از عرفاء گفتہ اند کہ ایں خطاب بجہت سریان حقیقت محمدیہ ست در ذرات موجودات وافراد ممکنات پس آنحضرت در ذوات مصلیاں موجود وحاضراست پس مصلی باید کہ ازیں معنی آگاہ باشد وازیں شہود غافل نبود تا بانوار قرب واسرار معرفت متنور وفائز گردد۔ (اشعۃ اللمعات مطبوعہ کلکتہ جلد ا ص۳۱۴)

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیشہ مومنین کے پیش نظر اور عابدوں کے نور دیدہ ہیں تمام حالات اور جملہ اوقات میں، خاص کر حالت عبادت میں، اور اس کے آخر میں کہ انکشاف ونورانیت کا وجود اس حالت میں بیشتر اور قوی تر ہوتا ہے۔ اور بعض عرفا نے فرمایا ہے کہ التحیات میں حضور ؑ والسلام علیک ایھا النبی کا خطاب اس وجہ سے ہے کہ حقیقت محمدیہ موجودات کے ذرہ ذرہ اور ممکنات کے ہر ہر فرد میں سرایت کے ہوئے ہے اسی لئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نمازیوں کی ذاتوں میں موجود اور حاضر ہیں پس چاہئے کہ نمازی اس سے باخبر اور آگاہ رہے۔ اور اس شہود سے غافل نہ ہوتا کہ قرب کے انوار اور معرفت کے اسرار سے فیضیاب ہو۔

مفتی جی دیکھئے! جب حقیقت محمدیہ علی صاحبہا التحیۃ والثناء موجودات کے ذرہ ذرہ اور ممکنات کے ہر فرد فرد میں موجود ہے تو ہر جگہ موجود ہونا اور کس کو کہتے ہیں اور پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر وناظر کیونکر ہونگے۔

حضرت قاضی عیاض شفا شریف اور علامہ علی قاری اس کی شرح میں حضرت عمرو بن دینار تابعی رضی اللہ عنہ کا قول تحت آیۃ کریمہ (فاذا دخلتم بیوتا فسلموا علی انفسکم) ناقل ہیں۔

(قال) ای ابن دینار وھو من کبار التابعین المکیین وفقھائھم ان وفی نسخة فان لم یکن فی البیت احد فقل السلام علی النبی ورحمته وبرکاته ای لان روحه علیه السلام حاضر فی بیوت اھل الاسلام۔ (شرح شفا مصری جلد۲ ص۱۱۶ و۱۱۷)

حضرت ابن دینار جو مکہ کے فقہاء تابعین کے معظم ہیں انھوں نے فرمایا اگر کسی گھر میں کوئی شخص

موجود نہ ہو تو اس طرح کہو السلام علی النبی یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام اور اللہ کی رح
کت نازل ہو۔ یعنی یہ اس لئے کہ نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی روح مبارک اہل اسلام کے گھرو
حاضر و موجود ہے۔

مفتی جی لیجئے! جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح مبارک مسلمانوں کے گھروں میں
وموجود ہے تو پھر حضور کا ہر جگہ حاضر ہونا اور کیا چیز ہے۔ لہٰذا آپ اپنا شرکی فتوی آنحضرت پر صادر
آپ مفتی ہیں ورنہ آپ مخطی تو ہیں ہی۔ حافظ الحدیث سید احمد سلجماسی قدس سرہ اپنے شیخ حضرت
عبدالعزیز بن مسعود دباغ علیہ الرحمہ سے کتاب ابریز میں نقل فرماتے ہیں۔

واقوی الارواح فی ذالک روحہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فانہا لم یحجب
شی من العالم فہی مطلعۃ علی عرشہ وعلوہ وسفلہ ودنیاہ وآخرتہ ونارہ وجنتہ
جمیع ذالک خلق لاجلہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتمییزہ علیہ السلام خارق
العوالم باسرہا فعندہ تمیز فی اجرام السموات من این خلقت ومتی خلقت ولم
والی این تصیر فی جرم کل سماء عندہ تمیز فی ملئکۃ کل سماء واین خلقوا ومتی
او الی این یصیرون وتمیز اختلاف مراتبہم ومنتہی درجاتہم عندہ علیہ السلام تمی
الحجب السبعین وملئکۃ کل حجاب علی الصفۃ السابقۃ وعندہ علیہ السلام تم
اجرام العالم العلوی مثل النجوم والشمس والقمر واللوح والقلم والبرزخ والروح ال
علی الوصف السابق وکذا عندہ علیہ السلام تمیز فی الارضین السبعین وفی مخلو
کل ارض وما فی البر والبحر من ذلک فتمیز جمیع ذلک علی الصفۃ السابقۃ وکذا
علیہ الصلوۃ والسلام تمیز فی الجنان ودرجاتہا وعدد سکانہا ومقاماتہم فیہا وک
بقی من العوالم ولیس فی ہذا مزاحمۃ لعلم القدیم الازلی الذی لانہایۃ لمعلوماتہ و
لان ما فی العالم القدیم لم ینحصر فی ہذہ العالم فان اسرار الربوبیۃ واوصاف الا
التی لا نہایۃ لہا لیست من ہذا العالم فی شیء۔ (کتاب ابریز ص ۴۳)

اس امتیاز میں سب سے زیادہ قومی روح ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہے
روح پاک سے عالم کی کوئی شئی پردے میں نہیں۔ یہ روح پاک عرش اور اس کی بلندی اور پستی او
وآخرت اور دوزخ اور جنت سب پر مطلع ہے۔ کیونکہ یہ سب اسی ذات پاک مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علی

کے لئے پیدا کی گئی ہیں۔ آپ کی تمیز ان جملہ عالموں کی خارق ہے۔ آپ کے پاس اجرام سموات کی تمیز
ہے کہ کہاں سے پیدا کئے گئے ہیں، کیوں پیدا کئے گئے، کیا ہو جائیں گے۔ اور آپ کے پاس ہر ہر آسمان
کے فرشتوں کی تمیز ہے کہ وہ کہاں سے اور کب سے پیدا کئے گئے اور کہاں جائینگے اور ان کے اختلاف
مراتب اور ان کے درجات کی بھی تمیز ہے، اور ستر (۷۰) پردوں اور ہر پردے کے فرشتوں کے جملہ
حالات کی بھی تمیز ہے۔ اور آپ کے پاس عالم علوی کے اجرام نیز ستاروں، سورج، چاند، لوح وقلم،
برزخ اور اسکی ارواح جو وصف سابق پر ہیں ان کا بھی ہر طرح امتیاز ہے۔ اسی طرح ساتوں زمینوں اور ہر
زمیں کی مخلوقات خشکی اور تری کی جملہ چیزوں کا بھی ہر ہر حال معلوم ہے، اسی طرح تمام جنتیں اور ان کے
درجات اور ان کے رہنے والوں کی گنتی اور ہر مقام سب خوب معلوم ہیں۔ ایسے ہی باقی تمام جہانوں کا علم
ہے اور اس علم میں ذات باری تعالیٰ کے علم قدیم ازلی سے جس کے معلومات بے انتہا ہیں کوئی مزاحمت
نہیں۔ کیونکہ علم قدیم کے معلومات اس عالم میں منحصر نہیں ظاہر ہے کہ اسرار ربوبیت اور اوصاف الوہیت
جو غیر متناہی ہیں اس عالم میں کوئی نہیں ہیں۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ مدارج النبوۃ شریف میں فرماتے ہیں۔

ہر چہ دنیاست از زمان آدم تا آواں نفحہ اولی بروے منکشف ساختند تا ہمہ احوال را از اول تا آخر معلوم گردد
یاران خود را نیز از بعضے ازاں احوال خبر داد۔ (از مدارج النبوۃ شریف ص ۱۶۵ مطبوعہ ناصری)

آدم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کے زمانہ سے نفحہ اولیٰ تک جو کچھ دنیا میں ہے سب ہمارے
حضور پر منکشف فرما دیا تھا۔ یہاں تک کہ تمام احوال اول سے آخر تک حضور کو معلوم ہوئے اور حضور نے
اپنے اصحاب کو ان میں سے بعد کی خبر دی۔

مفتی جی اب تو آپ کی آنکھیں کھلیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ساری کائنات تمام
مخلوقات کی ہر ہر شئے اور ان کے ہر ہر مقام اور جگہ کے حاضر و ناظر ہیں۔ ذرہ ذرہ حضور پر ظاہر و روشن
ہے دنیا کی ہر چیز ان کے پیش نظر ہے جہاں کی کوئی شئی ان پر مخفی نہیں۔ عالم کا کوئی مقام اور کوئی جگہ حضور
کے حضور علمی اور نظر حقیقی سے پوشیدہ نہیں اور اس میں علم حق جل شانہ کے ساتھ مساوات لازم نہیں آتی کہ
اس کا علم قدیم اور ان کا حادث اس کے غیر متناہی معلومات اس عالم میں منحصر نہیں اور ان کا علم متناہی جو اس
عالم محدود سے متعلق ہے۔

لیکن ممکن ہے کہ مفتی جی اس کو جبراً قہراً تسلیم کرتے ہوئے یہ کہہ دیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم کی وسعت اور نظر حقیقی زمانہ حیات تک تھی اور جب وہ تقویۃ الایمان کے مذہب کی بنا پر نعوذ باللہ مٹی میں مل گئے تو پھر نہ وہ وسعت علمی باقی رہی نہ وہ قوت نظر حقیقی قائم رہی لہذا میں مفتی جی کے اس عذر کو بھی خاک میں ملائے دیتا ہوں۔

مفتی جی ذرا کان کھول کر سنئے حضرت علامہ شہاب الدین قسطلانی مواہب لدنیہ شریف حاضری روضہ انور کا ادب تعلیم فرماتے ہیں۔

وينبغي ان يقف عند محاذاة اربعة اذرع ويلازم الادب والخشوع والتواضع غا البصر في مقام الهيبة كما كان يفعل بين يديه في حياته ويستحضر علمه بوقوعه بين يديه وسماعه لسلامه كما هو في حال حياته اذ لا فرق بن مو ته وحياته في مشاهدته لا ومعرفته باحوالهم ونياتهم وغرائمهم وخواطرهم وذلك عنده جلي لاخفاء به۔

(مواہب شریف مصری جلد ۲ ص ۳۸۷)

اور زائر کو یہ چاہئے کہ وہ مقابلے میں چار گز کے فاصلہ پر کھڑا ہو اور خشوع و تواضع کو لازم جا اور مقام ہیبت میں نگاہ نیچی رکھے جس طرح حیات شریف میں حضور کے روبرو کرتا اور اپنے علم میں بات حاضر رکھے کہ وہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے حاضر ہے اور حضور میرے سلام سماعت فرما رہے ہیں جیسا کہ حضور کی حیات ظاہر میں۔ اس لئے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حیات و وفات میں اس بات میں کچھ فرق نہیں کہ وہ اپنی امت کو ملاحظہ فرما رہی ہیں اور ان کی حالتوں نیتوں اور ارادوں اور دل کے خطروں کو پہچانتے ہیں۔ اور یہ سب حضور پر روشن ہے جس میں کسی طرح پوشیدگی نہیں۔

مفتی جی اگر ایسی صریح تصریحات کے بعد بھی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حاضر وناظر ہونے پر ایمان نہ لائیں اور اپنی گمراہی سے توبہ نہ کریں تو ایسے بیماروں کا کس کے پاس علاج اور ایسے بداعتقاد قلب کی کون اصلاح کرسکتا ہے۔ ہم اس موقع پر اور بھی کثیر عبارات پیش کر سکتے لیکن بخوف طوالت انھیں چند عبارات کا پیش کرنا بہت کافی سمجھا گیا۔ اور منصف کے لئے انشاء اللہ کافی و وافی بھی ہیں۔

مفتی جی لیجئے کہ یہ صریح اسلامی تعلیم کا ایک مختصر نمونہ حیرت ہے کہ دہلی میں رہ کر آپ کو یہ کتا دستیاب نہ ہوئیں مگر چونکہ آپ کو نور عظمت مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گوارہ نہیں ہوسکتی۔ اور آ

قلب تو حضور کی وسعت علمی اور قوت نظر حقیقی کا اعتراف ہی نہیں کرسکتا۔ اسی لئے آپ نے آنکھیں بند کر کے الٹا استرا چلا دیا کہ۔

''یہ صریح طور پر اسلامی تعلیم اور نصوص کتاب وسنت کے خلاف ہے''

اور یہ بھی تو ممکن ہے کہ مفتی جی نے اسلامی تعلیم سے اسماعیلی تعلیم اور نصوص کتاب وسنت سے مولوی اسمٰعیل دہلوی کی مصنفہ کتب اور ان کا طریقہ (سنت) مراد لیا ہو تو اس لحاظ سے مفتی جی کی یہ عبارت زیادہ بیجا بھی نہ ہوگی لیکن پھر بھی یہ مفتی جی کا قصور علم ضرور قرار پائیگا کہ ان کو اسماعیلی تعلیم اور اپنے بانی مذہب مولوی اسماعیل دہلوی کی کتب اور طریقہ کا بھی پتہ نہیں لہذا اب ہم اسی کے حوالے پیش کر کے اپنے مسلک کی تائید اور آپ کے دعوے کا ابطال کئے دیتے ہیں سنئے مولوی اسمٰعیل دہلوی اپنی کتاب صراط مستقیم میں اولیاء کرام کی وسعت علم اور نظر حقیقی حال لکھتے ہیں۔

افادہ (۱) برائے انکشاف حالت سمٰوات وملاقات ارواح وملائکہ وسیر جنت ونار واطلاع بر حقائق آن مقام ودریافت امکنہ آنجا وانکشاف امرے از لوح محفوظ ذکر یا حی یا قیوم است

(صراط مستقیم مجتبائی ص ۱۱۳)

آسمانوں کے حالات معلوم کرنے اور روحوں اور فرشتوں سے ملاقات کرنے اور جنت و دوزخ کی سیر کرنے اور اس مقام کی حقیقتوں سے باخبر ہونے اور ان مکانوں سے آگاہ ہونے اور لوح محفوظ میں سے کسی بات کے دریافت کرنے کیلئے یا حی یا قیوم کا ذکر ہے۔

نیز یہی امام الوہابیہ میاں اسمٰعیل صاحب دہلوی اسی صراط مستقیم میں دو ورق بعد لکھتے ہیں۔

افادہ (۱) برائے کشف ارواح وملائکہ ومقامات آنہا وسیر امکنہ زمین وآسمان وجنت ونار واطلاع بر لوح محفوظ شغل دورہ کنند وطرزش در فصل اول مفصلا مذکور شد پس باستعانت ہماں شغل بہر مقامی کہ از زمیں وآسماں وبہشت ودوزخ خود متوجہ شدہ سیر آں مقام نماید واحوال آنجا دریافت کند وباہل آں مقام ملاقات سازد۔ (صراط مستقیم مجتبائی ص ۱۱۷)

روحوں اور فرشتوں اور ان کے مقامات کے حالات دیکھنے اور زمین وآسمان اور جنت و دوزخ کے مقامات کی سیر کرنے اور لوح محفوظ پر مطلع ہونے کے لئے شغل دورہ کرے اور اسکا طریقہ فصل اول میں بالتفصیل مذکور ہوا۔ پس اس ذریعہ کی مدد سے زمین وآسمان اور بہشت و دوزخ کے جس مقام کی چاہے اس طرف متوجہ ہو کر وہاں کی سیر کرے اور وہاں کے حالات معلوم کرے اور وہاں کے لوگوں سے

ملاقات کرے۔

نیز یہی مفتی جی کے بانی مذہب اسمٰعیل دہلوی صراط مستقیم میں لکھتے ہیں۔

افادہ (۶) بعد اتمام نفی درصورت پیش می آید گاہے توحید صفاتی منکشف می گردد وجملش آنکہ صاحب این شغل خودرا کثرتے کہ در عالم است گماں می برد وتصویرش ایں طور نمودار میگردد وابدانش فراخی وپنہاں بایں مرتبہ رسد کی خیالش از عالم اجسام بالائے ہمہ عرش مجید است متجاوز از تمامی جوانب می دود وہمہ عالم درخود میگردد افلاک عناصر وجبال وبحار واشجار واحجار وحیوان وانسان ہمہ را منجملہ جسم خود می داند ودریں حالت اطلاع بر امکنہ افلاک وسیر بعضے مقامات زمین کہ دور دراز از جائے وے بود بطور کشف حاصل می آید وآں کشفش مطابقواقع می شود۔ (صراط مستقیم مجتبائی ص۱۰۹و۱۱۰)

شغل نفی کے تمام ہونے کے بعد دو صورتیں پیش آتی ہیں کبھی توحید صفاتی منکشف ہوجاتی ہے جس کا اجمال یہ ہے کہ اس کا شاغل اپنے آپ کو اس کثرت کا جائے صدور گمان کرتا ہے جو عالم میں ہے اس کی تصویر اس طرح نمودار ہوتی کہ اس کے بدن کو فراخی اور کشادگی معلوم ہوتی ہے اور یہ فراخی اور کشادگی اس مرتبہ تک پہنچ جاتی ہے کہ اس کا خیال عالم اجسام سے جن میں سب سے اوپر عرش مجید ہے تجاوز کرکے ہر طرف پھرتا ہے اور تمام عالم کو اپنے اندر دیکھتا ہے افلاک اور عناصر پہاڑ اور درخت اور حیوان اور انسان تمام کو من جملہ اپنے جسم کے جانتا ہے تو اس توحید صفاتی کے مقام پر پہنچ کر آسمانوں کے مکانوں پر اطلاع اور زمین کے ان مقامات کی سیر جواں کی جگہ سے دور دراز ہیں بطور کشف حاصل ہوگی۔ اور ان کا یہ کشف مطابق واقع کے ہوتا ہے۔

مفتی جی! دیکھئے کہ یہ بطور نمونہ آپ کی اسماعیلی کتاب وسنت کے تین نصوص ہیں جن میں صاف طور پر اولیاء کیلئے ایسا وسعت کشف تسلیم کیا کہ وہ زمین کے دور دراز مقامات، آسمانوں کے مکانات، ملائکہ اور ارواح اور ان کے مقامات جنت ودوزخ کے مقامات زمانہ آئندہ کے واقعات عرش وفرش کے حالات سے لوح محفوظ کے معلومات ان میں سے جو چاہیں باختیار خود فلاں فلاں شغل سے دریافت کرلیں، اور خود ہی ان اشغال کے طریقے بھی بتائے۔ تو اب مفتی جی آپ کے امام کے نزدیک اس شغل دورہ کرنے والوں میں ہر جگہ حاضر وناظر ہونے کی صفت پیدا ہوجاتی ہے وہ ہر جگہ اور ہر مقام کے حالات دریافت کرنے میں مختار بن جاتی ہیں۔

اور مفتی جی غالبا آپ کو یہ تسلیم ہوگا کہ اولیاء کو جو کشف وعلم حاصل ہے وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے توسل سے ہے اور یہ تسلیم نہ ہو تو اسماعیلی تعلیم ہی سے ثابت کردیا جاتا ہے۔

مولوی قاسم نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند اپنی کتاب تحذیر الناس کے ص۴ پر لکھتے ہیں۔

عالم حقیقی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اور انبیاء باقی اور اولیاء اور علماء گذشتہ ومستقبل اگر عالم ہیں تو بالعرض ہیں۔ (تحذیر الناس ص۴)

لہٰذا جب آپ کے بانی مذہب میاں اسمٰعیل نے عالم بالعرض اولیاء کو ہر جگہ اور ہر مقام کے حالات دریافت کرنے میں مختار مانا اور ان کو ہر جگہ حاضر وناظر ہونے کی صفت سے موصوف کیا تو عالم حقیقی یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہر جگہ اور ہر مقام کے حالت دریافت کرنے میں کیونکر مختار نہ مانتے اور حضور کو ہر جگہ حاضر وناظر ہونے کی صفت کے ساتھ کیوں موصوف نہیں کرتے۔ اگر حضور کے لئے اس صفت کا اثبات شرک ہے تو اولیاء کے لئے بدرجہ اولیٰ شرک ہونا چاہئے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہر جگہ حاضر وناظر ہونا آپ کی اسماعیلی کتاب وسنت کی صریح نصوص سے بھی واضح طور پر ثابت ہوگیا۔ تو اس کا خلاف نصوص کتاب ونسبت کہنا آپ کے خود اپنے اسمٰعیلی مذہب سے ناواقف ہونے کی دلیل ہے۔

اب اسمٰعیلی تعلیم اور باقی رہ گئی: اس کے بھی چند حوالے پیش کردیے جائیں تا کہ اس مضمون کی تکمیل ہوجائے تمام دیوبندیوں کے آقائے نعمت شیخ طریقت جناب حاجی امداد اللہ صاحب اپنے رسالہ ہفت مسئلہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

اعتقاد کہ مجلس مولد میں حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رونق افروز ہوتے ہیں۔ اس اعتقاد کو شرک وکفر کہنا حد سے بڑھا ہے۔ کیونکہ یہ امر ممکن ہے عقلا ونقلا بلکہ بعض مقات پر اس کا وقوع بھی ہوا ہے۔ رہا یہ شبہ کہ آپ کو کیسے علم ہوا یا کئی جگہ کیسے ایک وقت میں تشریف فرما ہوئے یہ تو آپ کے علم وروحانیت کی وسعت جو دلائل نقلیہ وکشفیہ سے ثابت ہے اس کے آگے یہ ایک ادنی سی بات ہے۔

(فیصلہ ہفت مسئلہ مطبوعہ مئیدی کانپور)

یہی حاجی صاحب کتاب شمائم امدادیہ مطبوعہ قیومی مصدقہ مولوی اشرف علی تھانوی میں فرماتے ہیں۔

لوگ کہتے ہیں کہ علم غیب انبیاء واولیاء کو نہ ہوتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اللہ والے جس طرح نظر کرتے ہیں دریافت وادراک مغیبات کا ان کو ہوتا ہے اصل میں یہ علم حق ہے۔ (شمائم امدادیہ ص۱۱۵)

مولوی قاسم نانوتوی بانی مدرسہ دیوبند تحذیر الناس میں لکھتے ہیں۔

النبی اولی بالمومنین من انفسھم کو بعد لحاظ صلہ من انفسھم کے دیکھئے تو یہ بات ثابت
ہوتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی امت کے ساتھ وہ قرب حاصل ہے کہ ان کی جانوں
بھی ان کے ساتھ حاصل نہیں (تحذیر الناس مطبوعہ خیر خواہ سرکار پریس سہارنپور ص ۱۱)

مولوی رشید احمد گنگوہی اپنی کتاب لطائف رشیدیہ میں فرماتے ہیں۔

انبیاء علیہم السلام ہر دم مشاہدہ امور غیبیہ اور تیقظ وحضور حق تعالیٰ کا رہتا ہے کہ کما قال النبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لو تعلمون ما اعلم لضحکتم قلیلا ولبکیم کثیرا اور فرمایا انی
اری ما لا ترون۔ (از لطائف رشیدیہ مطبوعہ بلالی سٹیم پریس ساڈھورہ ص ۲۷)

مفتی جی ملاحظہ کیجئے کہ آپ کے ان پیشواؤں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے کیسی
وسعت علمی ثابت کی اور کیسا صاحب نظر کہا۔ حضور کے لئے مختلف جگہ ایک وقت میں تشریف فرما ہونے
اقرار کیا۔ آپ کی علم وروحانیت کی وسعت کے روبرو ہر جگہ حاضر ہونے کو ایک ادنی سی بات بتا
اور جب اہل حق کے لئے ایسی نظیر ثابت کی جس سے وہ ادراک غیوب کرتے ہیں تو ان کے آقا و
حضور نبی مکرم علیہ التحیۃ والتسلیم کے لئے کیا ہر جگہ ناظر ہونے کا اقرار نہیں کیا۔ اور حضور کے لئے ہر
مشاہدہ امور غیبیہ کا وصف تسلیم کیا۔ حضور کو ایسی وسعت رویت ونظر ثابت کی جو دوسروں کو حاصل نہیں
حضور کو اپنی امت کے ساتھ ایسا قرب حاصل مانا جو قرب ان کو اپنی جانوں کے ساتھ حاصل نہیں۔ اب
اور سمجھ لیجئے کہ یہ امت مرحومہ زمین وآسمان کے ہر جگہ ہر ہر مقام پر پائی جاتی ہے۔ دنیا کے چپہ چپہ جگہ
کے گوشے گوشے میں پھیلی ہوئی ہے۔

فرشتے بھی حضور علیہ السلام پر ایمان لانے والے ہیں یہ بھی حضور کی امت میں داخل ہیں اب
انھیں کو دیکھئے کہ یہ سدرۃ المنتہی عرش بریں زمیں وآسمان اور ان کے مابین میں موجود ہیں ان سے ز
وآسمان کی کوئی جگہ کوئی مقام خالی نہیں۔ اور جب باقرار مولوی قاسم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے
ہر ہر امتی سی اس کی جان سے زیادہ قریب ہیں تو ان قاسم صاحب نے کیسے صاف طور پر حضور اکرم صلی
تعالیٰ علیہ وسلم کو زمین کی ہر جگہ آسمان کے ہر ہر مقام بیت المعمور کے ہر ہر مکان سدرہ اور عرش کے ہر
جانب ہر زمان وہر آن حاضر وناظر مانا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہر جگہ حاضر وناظر ہونے کا
سے زیادہ روشن اور واضح کیا ثبوت ہوگا۔ مفتی جی لیجئے کہ یہ آپ کی اسمٰعیلی تعلیم کے صریح وصاف ال

ہیں۔

حاصل کلام یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہر جگہ حاضر وناظر ہونا کتاب اللہ اور
احادیث رسول اللہ جل جلالہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صریح اسلامی تعلیم سے ثابت ہے بلکہ خود میاں
اسماعیل دہلوی کی کتاب وسنت سے اور اسماعیلی تعلیم سے بھی ثابت ہوگیا۔ اب مفتی جی کا یہ قول کہ (صریح
طور پر اسلامی تعلیم اور نصوص کتاب وسنت کے خلاف ہے۔ کیسا صریح کذب ہے اور کیسا شرمناک افتراء
وفریب ہے۔

مفتی جی اگر شمہ بھر بھی حیا وغیرت ہے تو اس قول کی غلطی کا اقرار کریں اور خود اس کی تردید شائع
کریں۔

مفتی جی! ہم کتاب وسنت اور صریح اسلامی تعلیم بلکہ آپ کی اسمٰعیلی کتاب وسنت سے بھی
نہایت واضح طور پر یہ ثابت کر چکے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعطائے قدرت الٰہی ہر جگہ حاضر
وناظر ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں ہر جگہ اور ہر مقام کا علم ورویت عطا فرمایا۔ آسمانوں اور زمینوں کے ملک ا
ن کے روبرو وپیش نظر ہیں۔ کوئی جگہ ایسی نہیں جو ان کے حضور علمی سے مخفی ہو۔ کوئی موجود ایسا نہیں جو ان
کی نظر حقیقی سے پوشیدہ ہو۔ اس مدعی کے اثبات میں کافی عبارات بھی پیش کر چکے۔

اب باقی رہا آپ کا یہ کلام کہ

''ہر جگہ حاضر وناظر بھی خاص اللہ تعالیٰ کی صفت ہے''

اس کے اگر یہ معنی ہیں کہ بلا کسی کی عطا کے ذاتی طور پر ہر جگہ کا علم ورویت خاص اللہ تعالیٰ کی
صفت ہے تو یہ بلا ریب عین ایمان ہے جو اس کا انکار کرے کافر ہے۔ لیکن یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کے لئے ہر جگہ کا علم رویت بعطائے الٰہی ثابت ہونے کی منافی نہیں کہ حضور کی صفت علم ورویت عطائی
حادث ہے اور اللہ تعالیٰ کی صفت علم ورویت ذاتی قدیم ہے اور اس بین فرق کے باوجود حقیقۃ اشتراک فی
الصفت لازم نہیں آیا یعنی اللہ تعالیٰ کی جو خاص صفت ہے اس کا اثبات حضور کے لئے ناممکن ہے اور حضور
کی جو صفت ہے اس کا اثبات اللہ تعالیٰ کے لئے محال ہے۔

لہٰذا مفتی جی کا یہ جملہ (ہر جگہ حاضر وناظر ہونا بھی خاص اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) اعتقاد وسائل کا
رد نہیں ہوا۔ اور اسے ہر جگہ حضور کے حاضر وناظر ہونیکی صفت خدا داد باطل نہیں ہوئی کہ معتقد اس کی
صفت جیسی اسکی شایان شان ہے اسی کے ساتھ خاص جانتا ہے۔ بعینہ اسی خاص صفت کا حضور کے لئے

اثبات نہیں کرتا بلکہ عطائی حادث صفت کا حضور کے لئے اثبات کرتا ہے اور ایسی صفت اللہ تعالیٰ کی صفت ہی نہیں ہوسکتی۔ تو مفتی جی اس پہلو کی بنا پر نہ سائل کا سوال سمجھے، نہ خود اپنا جواب سمجھے اس سوال کا جواب بن سکا، نہ یہ کلام خود مفتی جی کے مسلک کے موافق ہوا، نہ اس سے مخالف کو کوئی ضرر پہنچا۔

اور اگر مفتی جی کے اس جملے (ہر جگہ حاضر وناظر ہونا بھی خاص اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) سے مراد ہے کہ دونوں ذاتی وعطائی طور پر ہر جگہ کا علم ورویت خاص اللہ تعالیٰ کی صفت ہے تو یہ سخت ہے اور اللہ تعالیٰ کی بے عیب ذات کے لئے ایک عیب ثابت کرنا ہے کہ عطائی طور پر ہر جگہ کا حاضر ہونا خاص اللہ تعالیٰ کی صفت ہی نہیں ہوسکتی۔ بلکہ ذاتی طور ہر جگہ کا علم ورویت خاص اللہ تعالیٰ کی ہے کہ اس کی صفات ذاتی ہیں۔ اس کی کوئی صفت عطائی نہیں ہوسکتی۔ تو عطائی صفت اس کی خاص کس طرح ہوسکتی ہے۔

لہٰذا مفتی جی کی یہ مراد بھی جہالت وضلالت ہے اور اس بنا پر مفتی جی کا جواب نہایت مہمل یا ہے کہ سائل تو یہ دریافت کرتا ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعطائے قدرت الٰہی کے حاضر وناظر ہیں یا نہیں۔ اور مفتی جی کا جواب "ہر جگہ حاضر وناظر ہونا بھی خاص اللہ تعالیٰ کی ہے" نہایت بے محل ٹھہرا کیونکہ سائل اس جواب سے اگر یہ سمجھتا ہے کہ حضور کیلئے بعطائے الٰہی ثابت ہے تو پھر مفتی جی کا یہ جملہ کہ "یہ خاص اللہ تعالیٰ کی صفت ہے" کیا معنی رکھتا ہے۔ اور بالعطا خاص صفت کس طرح ہوسکتی ہے۔

اور اگر یہ سمجھا جائے کہ حضور کیلئے بعطائے الٰہی بھی یہ صفت ثابت نہیں تو مفتی جی نے اس دلیل قائم نہیں کی اور ان کا صرف یہ کہہ دینا کہ یہ خاص اللہ تعالیٰ کی صفت ہے اس دعوے کے منا خدا کے لئے کسی ذاتی صفت کے اثبات سے غیر خدا کی عطائی صفت کی نفی ثابت نہیں ہوتی۔

اب باقی رہا اللہ تعالیٰ پر لفظ حاضر وناظر کا اطلاق اس پر مفتی جی تو کوئی نقل پیش نہ کرسکیں ان کے پاس کسی معتبر ومستند کتاب کا اگر کوئی حوالہ ہو تو اس کو پیش کریں۔ اور لفظ حاضر وناظر کو اللہ خاص صفت ثابت کریں اور اس پر ان الفاظ کا اطلاق دکھائیں۔

ہم اللہ تعالیٰ کو شہید وبصیر اعتقاد کرتے ہیں اور لفظ حاضر وناظر کے اطلاق کی کوئی نقل نہیں اور اسمائے الٰہی توقیفی ہیں۔ مسامرہ میں ہے:

ان الاسماء توقيفية على الراجح ۔ (ص۴)

بیشک اسمائے الٰہی مذہب راجح کی بنا پر توقیفی ہیں۔

شرح مواقف میں ہے۔

ذهب الشيخ ومتابعوه الى انه لا بد من التوقيف وهو المختار۔ (ص۲۵۸)

شیخ اور ان کے متبعین اس طرف گئے کہ اسماء الٰہیہ میں توقیف ضروری ہے اور یہی مذہب مختار ہے۔

ان عبارات سے صاف طور پر معلوم ہوگیا کہ مذہب مختار کی بنا پر اسمائے الٰہی توقیفی ہیں یعنی کتاب وسنت یا جانب شرع سے جب تک کوئی علم نہ ہو ہمیں محض اپنی طرف سے کسی لفظ کا اطلاق نہیں کرنا چاہئے۔

لہٰذا اسمائے الٰہی میں قول مختار اور مذہب راجح یہی ہے یہاں تک کہ جو اثر ضعیف سے ثابت ہو اس میں بھی بعض نے انکار کیا ہے علامہ قسطلانی مواہب شریف میں حضرت امام نووی کا قول نقل فرماتے ہیں۔

قال النووى وقولهم اه (اى الرمضان) من اسماء الله تعالىٰ ليس بصحيح وان كان قد جاء فيه اثر ضعيف واسماء الله تعالىٰ توقيفية لا يثبت الا بدليل صحيح۔

(مواہب ص۳۰۲ جلد۲)

امام نووی نے کہا کہ بعض کا یہ قول کہ رمضان اللہ تعالیٰ کے اسماء سے ہے صحیح نہیں ہے اگر چہ اس میں اثر ضعیف آچکا ہے اور اللہ تعالیٰ کے اسماء توقیفی ہیں بلا دلیل صحیح کے ثابت ہی نہیں ہوتے۔

مفتی جی آپ حاضر وناظر کو اللہ تعالیٰ کی خاص صفت بتاتے ہیں لہٰذا آپ ان الفاظ کا اطلاق کتاب وسنت سے ثابت کریں اور ان کے صفت خاص ہونے پر دلیل صحیح پیش کریں بلکہ ان کے اسم الٰہی ہونے پر کوئی تصریح دکھائیں۔

اور اگر آپ قاضی ابوبکر باقلانی یا امام رازی وحجۃ الاسلام کے اقوال کی بنا پر اثبات کرنا چاہیں تو علاوہ ان کے اقوال کے مرجوح اور غیر مختار ہونے کی دوشرطیں ہیں۔

شرط اول وہ لفظ عظمت وجلالت پر دلالت کرنے والا ہو اور اس کے ماخذ اشتقاق سے اللہ تعالیٰ کا متصف ہونا زبان شرع سے ثابت ہو۔

شرط دوم اس لفظ میں معنی نقص وعیب کے نہ نکلتے ہوں یا وہ ایسے معنی کا موہم نہ ہو جو...
کبیر کے منافی ہو۔

شرح مواقف میں ہے:

قال القاضی ابوبکر من اصحابنا کل لفظ دل علیٰ معنی ثابت للہ تعالیٰ...
اطلاقہ علیہ بلاتو قیف اذا لم یکن اطلاقہ مو ھما لما لا یلیق لکبریائہ ومن ثم لم
یطلق علیہ لفظ العارف لا ن المعرفۃ قدیراد بھا علم یسبقھا غفلۃ و لا لفظ الفقیہ لان
فھم غرض المتکلم من کلامہ وذلك مشعر یسابقہ الجھل ولا لفظ العاقل علم...
الاقدام علیٰ مالا ینبغی ماخوذ من العقال وانما یتصور ھذاا لمعنی فیمن یدعوہ الداعی...
مالاینبغی الی غیر ذالك من الاسماء التی فیھا نوع ایھام بمالا یصح فی حقہ تعالیٰ۔

ہمارے علماء میں سے قاضی ابوبکر نے فرمایا ہر لفظ ایسے معنی پر دلالت کرے جو اللہ تعالیٰ...
ثابت ہے۔اس کا اطلاق اس پر بلاتو قیف جائز ہے جب اطلاق ایسے معنی کا موہم نہ ہو جو اس کی
کبریائی کے لائق نہ ہو اسی بناپر یہ جائز نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ پر لفظ عارف کا اطلاق کیا جائے اس...
معرفت سے کبھی ایسا علم مراد ہوتا ہے جس سے پہلے غفلت ہو اور اس پر لفظ فقیہ کا اطلاق بھی جا...
اس لئے کہ فقہ متکلم کے کلام سے اس کی غرض سمجھنے کا نام ہے۔اور یہ جہل کے سابق ہونے کا پتہ...
اور اس پر لفظ عاقل کا اطلاق بھی جائز نہیں کہ اس کا علم غیر مناسب باتوں پر اقدام کرنے سے مانع...
اور یہ عقال سے ماخوذ ہے اور یہ معنی اسی شخص میں ممکن ہیں جس کو غیر مناسب باتوں کی طرف کوئی دا...
ہو۔اس کے سوا اور ان اسماء کا اطلاق جائز نہیں جن میں کچھ ایسے معنی کا ایہام ہو جو اللہ تعالیٰ کے حق...
نہ ہوں۔ (شرح مواقف کشوری ص ۶۵۸)

امام کمال محمد ابن ابی شریف مسامرہ شرح مسایرہ میں فرماتے ہیں۔

اماعلی قول القاضی ابی بکر الباقلانی وھو انہ یجوز اطلاق اللفظ علیہ...
اذاصح اتصافہ بہ ولم یو ھم نقص وان لم یرو بہ سمع او علی مختار حجۃ الاسلام و...
الرازی من جواز الاطلاق دون تو قیف فی الوصف حیث لم یو ھم نقصا دون الاسم...
وضع الاسم لہ تعالیٰ نوع تصرف بخلاف وصفہ تعالیٰ بمعناہ ثابت لہ ۔
(مسامرہ مطبوعہ انصاری دہلی ص ۴)

لیکن قاضی ابوبکر باقلانی کے قول کی بناپر کہ اللہ تعالیٰ پر اس لفظ کا اطلاق جائز ہے جس کا اس کے
ساتھ متصف ہونا صحیح ہو اور کسی نقص کا موہم نہ ہو اگرچہ اس کے ساتھ سمع وارد نہ ہو اور حجۃ الاسلام اور امام
رازی کے اقوال کی بناپر وصف میں بلاتو قیف اطلاق جائز ہے جہاں کسی نقص کا موہم نہ ہو بغیر اسم۔اس
لئے کہ اسم کی وضع اللہ تعالیٰ کے لئے ایک نوع تصرف ہے بخلاف اسکے اس وصف کے جس کے معنی اس
کے لئے ثابت ہوں۔

بلکہ یہ قائلین بالاشتقاق بھی یہ ملحوظ رکھتے ہیں کہ جس وصف میں اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلالت کا
اظہار نہ ہو اس کا اطلاق جائز نہیں۔چنانچہ اسی مسامرہ میں ہے:

نحو الزارع والرامی فانہ لایجوز اطلاقہ مع ورود قولہ تعالیٰ ء انتم ترزرعونہ ام
نحن الزارعون وقولہ وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی۔
(مسامرہ ص ۱۶)

جیسے زارع (کاشت کار) رامی (پتھر پھینکنے والا) کہ ان الفاظ کا اطلاق اللہ تعالیٰ پر جائز نہیں
باوجودیکہ ان کا ورود قرآن کریم میں ہوا۔أ انتم تزرعونہ ام نحن الزارعون ۔یعنی کیا تم زارع ہو یا
ہم) اور (ما رمیت الآیۃ (یعنی اور آپ نے نہیں پھینکا جب آپ نے پھینکا لیکن اللہ نے پھینکا)

مفتی جی اس مسلک کی بناپر بھی آپ یہ ثابت کریں کہ اللہ تعالیٰ پر لفظ حاضر وناظر کے اطلاق
کرنے میں دونوں شرطیں پائی جاتی ہیں،اگر لفظ حاضر وناظر عظمت وجلالت کا مظہر ہے،ان کے ماخذ
اشتقاق سے اللہ کا متصف ہونا شرع میں وارد ہے،اور ان کے کسی معنی کا موہم نقص اور خلاف شان
کبریائی ہونا لازم نہیں ہوتا۔

مفتی جی!اگر عقل وفہم ہے تو درمختار اور ردالمحتار ہی سے استفادہ کر لیجئے صاحب درمختار نے فرمایا:

ویاحاضر ویا ناظرلیس بکفر

اے حاضر اے ناظر کا کہنے والا کافر نہ ہوگا۔

علامہ شامی لیس بکفر کے تحت میں فرماتے ہیں:

فان الحضور بمعنی العلم شائع (الی قولہ) والنظر بمعنی الرویۃ الم یعلم بان اللہ
یری فالمعنی یا عالم یا من رأی۔ (شامی جلد۳ص۳۱۷)

بیشک کہ حضور علم کے معنی میں مشہور ہے اور نظر رویت کے معنی میں ہے کیا نہیں جانتا کہ اللہ دیکھتا

ہے پس حاضروناظر کے معنی یہ ہیں کہ اے عالم، اے وہ ذات کہ دیکھے۔

مفتی جی جب فقہائے کرام اللہ تعالیٰ کو یا حاضر یا ناظر کہنے والے کو تاویلیں کر کے کفر رہے ہیں تو ایسے الفاظ اللہ تعالیٰ کی خاص صفت کس طرح ہو سکتے ہیں۔

لہٰذا آپ اپنے قول "ہر جگہ حاضروناظر ہونا بھی خاص اللہ تعالیٰ کی صفت ہے۔ کو یاد کر جہالت اورنا قابلیت لاعلمی اورنا اہلیت کا اقرار کیجئے۔

مسلمانو! یہ دیو بندی قوم کا مفتی اعظم ہے جس کو یہ معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی خاص صفات کون کون سے الفاظ ہیں جن کا اس پر اطلاق صحیح ہے اور اسمائے الٰہیہ توقیفی ہیں یا نہیں۔ "فقط"

مسئلہ علم غیب

عالم اجل فاضل اکمل حضرت مولانا مولوی شاہ محمد اجمل صاحب مدظلہ العالی

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین ان سوالات کے جواب میں

سوال اول: علم شاعری جمیع علوم ما کان وما یکون میں شامل کیوں نہیں ہے اور علمت الاولین والآخرین سے شعرگوئی جو اہل عرب کا بہترین علم مانا جاتا تھا اور آج بھی اس کی خاص وقعت ہے کیوں خارج ہے کہ ما علمناه الشعر سے اس کی نفی ہوتی۔

سوال دوم: ویکون الرسول علیکم شهیدا کی تفسیر میں حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا یہ قول معروف جو اکثر علماء اعلان کے مواعظ میں سنا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم سے فرمایا کہ اگر تم کو اپنی امت کی رازداری عزیز تر ہے تو میں ان کے گناہوں کو آپ سے بھی پوشیدہ رکھوں گا، منافی علم غیب عطائی ہے یا نہیں؟۔ اور باستثناء جمیع علوم غیبیہ کے منکر کو سہارا دیتا ہے یا نہیں؟۔

سوال سوم: جب کہ منکر علم غیب رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کافر کہا جاتا ہے اور حضور پرنور کے علم غیب پر ایمان لانا ضروریات دین سے سمجھا جاتا ہے تو حضرت عائشہ وحفصہ رضی اللہ عنہما نے معتقد علم غیب رسول اللہ کو جھوٹا فرمایا ہے۔ ان کو کیوں نہیں اس کلیہ میں داخل کیا جاتا؟۔ ان کا یہ فرمانا کہ جو شخص یہ عقیدہ رکھے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خدا کو دیکھا، کسی علم کو چھپایا۔ غیب جانتے تھے وہ جھوٹا ہے، کہاں تک واجب العمل ہے؟۔ حضرت سعدی بھی فرماتے ہیں۔

علم غیبی کس نمیداند بجز پروردگار — گر کسے دعوی کند ہرگز ازو باور مدار
مصطفیٰ ہرگز نگفتے تا نگفتے جبرئیل — جبرئیلش ہم نگفتے تا نگفتے کردگار

اور اکثر علمائے اسلام اس قول کے موئید ہیں۔

سوال چہارم: علم ذاتی وعطائی کا فرق کرنا اور دونوں کو علم غیب کہہ کرامت میں تفریق …
قبلہ جن کی تعریف حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی شیخ المشائخ عالم سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ
کتاب فتوح الغیب کی شرح میں "جزم مکند بر ہیچ یکے از خلق از اہل قبلہ بشرک ونہ بکفر ونہ بنفاق" فر…
ہیں ہدف بنانا کس دلیل شرعی سے جائز ہے حضرت شیخ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ کا تکمیل الایمان میں …
کہ جو کوئی اہل قبلہ یعنی نماز قبلہ کی طرف پڑھتا ہے اور دلیل کتاب سے اور سنت سے لیتا ہے …
شہادت پڑھتا ہے اسے کافر نہ کہا جائے (سبیل الجنان ص ۳۶)

المستفتی، رمضان علی دوکان آہن چوک بازار بہرائچ

جواب سوال اول: علم شعر کو جمیع علوم ما کان وما یکون شامل ہیں اور یہ بلاشبہ علم …
علم الاولین والاخرین کے تحت میں داخل ہے لیکن آیۃ کریمہ وما علمناہ الشعر سے حضور وا…
غیوب صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے علم شعر کی نفی مراد لینا غلط ہے آیۃ کریمہ میں نفی علم شعر کی نہیں ہے بلکہ …
کی نفی ہے کہ علم بمعنی ملکہ ہمارے محاورات میں بھی مستعمل ہے رات دن کا عرف ہے کہ فلاں شخص ر…
نا نہیں جانتا اس کے یہ معنی مراد ہوتے ہیں۔ کہ اس کو روٹی پکانے میں ملکہ نہیں ہے۔ ورنہ اسے یہ علم …
روٹی کس طرح پکتی ہے۔ وہ خوب جانتا ہے کہ روٹی پکانے میں کیا کیا باتیں کی جاتی ہیں۔ تو اس جملہ …
روٹی پکانے کے علم کی نفی نہیں بلکہ ملکہ کی نفی ہے۔ اسی طرح آیت کریمہ میں بھی علم سے ملکہ مراد ہے اور …
کی نفی کی جارہی ہے۔ نہ یہ معنی کہ حضور کو شعر کا علم ہی نہ تھا۔ تمام مفسرین آیت کریمہ کی یہی تفسیر فرماتے
ہیں۔ یہاں بخیال اختصار صرف ایک تفسیر کو پیش کیا جاتا ہے۔

علامہ اسمٰعیل حقی تفسیر روح البیان میں فرماتے ہیں۔

ولما كان الشعر مما لا ينبغي للانبياء عليهم السلام لم يصدر من النبي عليه السلام
بطريق الانشاء دون الانشاد الا ما كان بغير قصد منه و كان كل كمال بشرى تحت علمه
الجامع فكان يجيب كل فصيح وبليغ وشاعر واشعر وكل قبيلة بلغا تهم وعباراتهم وكان
يعلم الكتاب علم الخط واهل الحرف حرفتهم ولذا كان رحمة للعالمين

(تفسیر روح البیان جلد ۲ ص ۸۷۸)

ترجمہ: یعنی چونکہ شعر انبیاء کی شان کے لائق نہیں ہے اس لئے حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام

سے بطریق انشاء صادر نہیں ہوا، البتہ بلا قصد کبھی موزوں کلام زبان مبارک پر جاری ہو گیا اور حقیقت
حال یہ ہے کہ بشری کمال آپ کے علم جامع کے تحت میں ہے۔ اسی وجہ سے حضور ہر فصیح وبلیغ اور شاعر
واشعر کو، ہر ہر قبیلہ کو ان کے لغات کا انھیں کی عبارات میں جواب دیتے تھے اور کاتبوں کو علم خط اور اہل
حرفت کو ان کی حرفت تعلیم فرماتے تھے۔ اسی لئے تو حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم رحمۃ للعلمین ہیں۔

اس تفسیر سے نہایت واضح طور پر ثابت ہو گیا کہ آیت کریمہ وما علمناہ الشعر میں حضور سید
المرسلین وارث علوم اولین وآخرین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے شعر گوئی یعنی ملکہ کی نفی کی جارہی ہے نہ کی
علم شعر کی ان کے رب تبارک وتعالی نے انھیں ایسا جامع العلوم بنایا ہے کہ ہر کامل آپ کے علم جامع کے
تحت میں داخل کیا ہے یہاں تک کہ حضور کاتبوں کو علم خط اور اہل حرفت کو ان کی حرفت تعلیم فرماتے تھے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ نہ آیت کریمہ میں علم شعر کی نفی کی جارہی ہے نہ کسی مفسر نے اس کی تصریح
کی یہ مختصر جواب ہے جس کو تفصیل درکار ہو وہ الکلمۃ العلیا اور الدولۃ المکیہ کا مطالعہ کرے۔ واللہ
تعالی اعلم بالصواب۔

جواب سوال دوم: حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے جو آیۃ کریمہ
ویکون الرسول علیکم شہیدا کی تفسیر میں تحریر فرمایا ہے معلوم ہوتا ہے کہ واعظ مولویوں نے اسے
دیکھا ہی نہیں۔ لہذا میں حضرت شاہ صاحب کی تفسیر ہی کی عبارت نقل کئے دیتا ہوں۔

موجودہ تفسیر عزیزی کے صفحہ نمبر ۶۳۴ پر یہ حوالہ ہے۔

ویکون الرسول علیکم شہیدا یعنی وباشد رسول شما بر شما گواہ زیرا کہ او مطلع ست بنور نبوت بر رتبہ ہر
متدین بدین خود کہ در کدام درجہ از دین من رسیدہ وحقیقت ایمان او چیست وحجابے کہ بدان از ترقی
محجوب ماندہ است کدام ست پس او می شناسد گناہاں شمارا ودرجات ایمان شمارا واعمال نیک وبد شمارا و
اخلاص ونفاق شمارا ولہذا شہادت او در دنیا بحکم شرع حق امت مقبول وواجب العمل ست۔

(تفسیر عزیزی مطبوعہ بمبئی ص ۶۷۶)

ترجمہ: تمہارے رسول صلی اللہ تعالی علیہ وسلم تم پر گواہ ہونگے کیونکہ حضور اپنی نبوت کے نور کے
باعث اپنے دین پر چلنے والے کے رتبے سے واقف ہیں کہ حضور کے دین میں اس کا کتنا درجہ ہے اور اس
کے ایمان کی کیا حقیقت ہے اور جس پردے کے باعث وہ ترقی سے رک گیا ہے وہ کونسا حجاب ہے
تو حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم تم سب کے گناہوں کو پہچانتے ہیں اور تم سب کے ایمان کے درجوں کو

جانتے ہیں اور تمہارے نیک وبد اعمال سے واقف ہیں۔ اور تمہارے اخلاص ونفاق پر مطلع ہیں
گواہی دنیا وآخرت میں بحکم شرع امت کے حق میں مقبول اور اس پر عمل واجب ہے۔

اس تفسیر سے صاف ظاہر ہوگیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر مسلمان کے ایمان
درجے، اس کے ایمان کی حقیقت اس کی ترقی سے رک جانے کے سبب ہر امتی کے تمام گناہوں
برے کاموں کو جانتے ہیں ہر شخص کے دلی حالات پر مطلع ہیں کہ فلانے کے دل میں ایمان نہیں
ظاہر میں مسلمان ہے۔

لہٰذا شاہ صاحب نے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم عطائی کی کیسی وسعت تسلیم
امتی کے تمام گناہوں پر حضور کو کیسا مطلع مانا تو یہ تفسیر منکر کو کیا سہارا دے سکتی ہے بلکہ اس تفسیر
منکرین کا کلیجہ پھٹ جائیگا ہوش پرآں ہوجائیں گے ان کی ساری تحریری خال میں مل جائیں گی
تمام عقائد مٹ جائیں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

جواب سوال سوم: حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے مطلقاً علم غیب کا انکار
کفر ہے حضرت ام المومنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کوئی انکار ابھی تک نظر سے نہیں گذرا اور حضرت
المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو منکر قرار دینا وہابیہ کی کج فہمی وکم علمی کی بین دلیل ہے
صدیقہ تو زبردست عالمہ اور مجتہد فقیہہ تھیں ان سے تو یہ ناممکن تھا کہ حضور کے علم غیب عطائی کا انکار
چہ جائیکہ وہ قائل علم غیب عطائی کو جھوٹ اقرار دیں۔

اب باقی رہی حضرت صدیقہ کی وہ حدیث جس کو سائل نے پیش کیا ہے اس کے الفاظ یہ ہیں

قالت عائشة من اخبرك ان محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رأى ربه او
شيئا مما امر به او يعلم الخمس التى قال الله ان الله عنده علم الساعة الآية فقد اعظم

رواه الترمذی

ترجمہ: حضرت عائشہ نے فرمایا تجھے جو خبر دی کہ حضور نے اپنے رب کو دیکھا یا اس چیز کو چھپایا
کا حکم دیئے گئے تھے یا وہ پانچ باتیں جانتے تھے جو آیۂ کریمہ ان اللہ عندہ علم الساعة میں مذکور
اس نے بڑا جھوٹ بولا۔

اس حدیث میں حضرت عائشہ صدیقہ نے تین باتیں فرمائیں:
اول حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو نہیں دیکھا

دوم حضور نے کسی علم کو نہیں چھپایا
سوم آیت سورۂ لقمان میں جن پانچ چیزوں کا ذکر ہے یعنی (۱) قیامت کا علم (۲) حضور نے کسی
علم کو نہیں چھپایا (۳) اس کا علم کہ حاملہ کے پیٹ میں کیا ہے کل کی بات (۴) کا علم (۵) اس کا علم کہ کہاں
مرے گا۔ لہٰذا اجمالی طور پر تینوں امور کا بیان یا جاتا ہے کہ وہابیہ ہمارے عوام بھائیوں کو مغالطہ اور فریب
نہ دیں۔

امر اول حضرت خلال نے اپنی کتاب السنۃ میں حضرت مروزی سے نقل کیا کہ انھوں نے
حضرت امام احمد رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا

قلت لا حمد انهم يقولون ان عائشة قالت من زعم ان محمد ارأى ربه فقد اعظم
على الله الفرية فباى معنى يدفع قولها قال بقول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رأيت
ربى فقول النبى اكبر من قولها۔ (مواہب شریف ص ۳۸)

میں نے حضرت امام احمد سے دریافت کیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ نے فرمایا جس نے
گمان کیا کہ حضور نے اپنے رب کو دیکھا تو اس نے اللہ پر بڑا افترا کیا تو صدیقہ کے قول کو کس چیز سے دفع
کیا جائے جواب دیا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس حدیث سے رویت ربی یعنی میں اپنے رب کو
دیکھا تو حضور کا فرمان حضرت صدیقہ کے قول سے زیادہ بڑا ہے۔

علامہ نووی وغیرہ اجلہ محدثین نے حضرت صدیقہ کے اس کلام کے متعلق تصریح فرمائی:

لم تنف عائشة وقوع الرؤية بحديث مرفوع ولو كان معها لذكرته وانما
اعتمدت الاستنباط على ما ذجرته من ظاهر الآية وقد خالفها غيرها من الصحابة
والصحابى اذا قال قو لا وخالفه غيره منهم لم يكن ذلك القول حجة اتفاقا۔
(مواہب شریف جلد ۲/۳۵)

ترجمہ حضرت عائشہ صدیقہ نے وقوع رویت کی کسی حدیث مرفوع سے نفی نہیں کی اور اگر ان کے
پاس کوئی حدیث مرفوع ہوتی تو وہ ضرور اس کا ذکر فرماتیں انھوں نے تو ظاہر آیت سے استنباط کیا اور اس
پر اعتماد فرمالیا جیسا کہ ان کی روایت میں ہے اور صحابہ کرام نے ان کا خلاف کیا اور صحابی کے قول کی جب
اور صحابہ مخالفت کریں تو وہ قول باتفاق حجت نہیں ہوتا۔

ان دونوں عبارات سے نہایت روشن طور پر معلوم ہوگیا کہ حضرت صدیقہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم سے اگر رویت رب تبارک وتعالیٰ کا مطلقا انکار کیا تو یہ انکار اجتہاد تھا اس میں انھوں نے کوئی مرفوع حدیث پیش نہیں فرمائی اور اگر کوئی حدیث ہوتی تو حضرت صدیقہ اس کا ذکر فرماتیں اور صحابہ نے اس کا خلاف کیا اور حضرت صدیقہ کا قول جب صحابہ کے مخالف ہوا تو وہ باتفاق دلیل وحجت نہیں بن سکتا۔ نیز ان کے قول سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان زیادہ قابل لحاظ ہے کہ حضور نے فرمایا میں نے اپنے رب کو دیکھا۔ لہٰذا ان کی یہ رائے ہرگز قابل قبول نہیں کہ صحابہ کرام نے اس کی مخالفت کی اور علمائے اسلام نے اس کے خلاف تصریحات کیں یہ تمام گفتگو اس صورت میں ہے کہ حضرت صدیقہ کے اس کلام کے یہ معنی لئے جائیں کہ وہ مطلقا رویت کا انکار فرماتی ہیں اور اگر ان کے کلام کی یہ مراد لی جائے کہ وہ رویت بصر کی نفی کرتی ہیں اور رویت قلب کو تسلیم کرتی ہیں تو پھر ان کا یہ کلام زیادہ خلاف نہیں محققین کی ایک جماعت کا بھی یہی مسلک ہے اگر چہ اجلہ علماء کا یہ مسلک کہ حضور نے اپنے رب کو سر کی آنکھوں سے بھی دیکھا ہے۔

علامہ قسطلانی مواہب شریف میں تصریح کرتے ہیں:

فیمکن الجمع بین اثبات ابن عباس ونفی عائشة بان یحمل نفیها علی رویة البصر واثباتها علی رویة القلب۔ (مواہب جلد۲ص۳۷)

حضرت ابن عباس کے اثبات رویت اور حضرت عائشہ کی نفی کو اس طرح جمع کیا جاسکتا ہے کہ حضرت صدیقہ کی نفی کو رویت بصر پر اور حضرت ابن عباس کے اثبات کو رویت قلب پر حمل کرلیا جائے۔

لہٰذا اب صاف طور پر ظاہر ہوا کہ حضرت صدیقہ کی نفی رویت کی یہ مراد ہے کہ حضور نے اپنے رب کو اپنے سر کی آنکھوں سے نہیں دیکھا اور دل کی آنکھوں سے دیکھا ہے۔

امر دوم: کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی علم کو چھپایا اس قول کی یہ مراد ہے کہ حضور کو جن کی تبلیغ کا حکم تھا ان میں سے کچھ نہ چھپایا اور جن کے چھپانے کا حکم تھا وہ بیشک چھپائے تو یہ بات حق ہے اور موافق حدیث شریف کے ہے۔ چنانچہ حدیث معراج میں ہے۔

قال سألنی ربی فلم استطع ان اجیبه فوضع یده بین کتفی بلا کیف ولا تحدید فوجدت بردها بین ثدبی فاورثنی علم الاولین والاخرین وعلمنی علو ما شتی فعلم اخذ علی کتمانه اذ علم انه لا یقدر علی حمله احد غیری وعلم خیرنی فیه واعلمنی القرآن فکان جبریل علیه الصلوة والسلام یذرنی به علم امرنی بتبلیغه الی الخاص والعام من امتی۔ (مواہب شریف جلد۲ص۴۹)

مجھ سے میرے رب نے شب معراج میں کچھ دریافت فرمایا تو میں اس کا جواب نہ دے سکا پس اس نے اپنا دست قدرت بے تکلف وتحدی میں دونوں شانوں کے درمیان رکھا میں اس کی سردی پائی تو مجھے علم اولین وآخرین کا وارث کردیا اور کئی قسم کے علوم تعلیم کئے ایک علم تو ایسا ہے جس کے چھپانے پر مجھ سے عہد لے لیا میرے سوا کسی کو اس کے برداشت کرنے کی طاقت نہیں ہے اور ایک ایسا ہے علم جس کے چھپانے اور سکھانے کا اختیار دیا اور مجھ کو قرآن سکھایا۔ جبرئیل امین مجھے اس کو یاد کراتے تھے اور ایک ایسا علم جس کا مجھے ہر خاص وعام امتی کی طرف تبلیغ کرنے کا حکم فرمایا۔

اس حدیث شریف نے واضح کردیا کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو علم تبلیغ کے لئے عطا فرمایا وہ خاص وعام کو تعلیم کردیا اس میں سے کوئی بات نہیں چھپائی اسی کے متعلق حضرت صدیقہ نے فرمایا جو یہ کہتا ہے کہ حضور نے اس علم سے کچھ چھپالیا تو وہ جھوٹ اور مفتری ہے اور جس علم کے چھپانے کا خود اللہ تعالیٰ نے وعدہ لیا اس کو حضور کس طرح ظاہر فرماسکتے ہیں اور حضرت صدیقہ اس کے متعلق یہ بات کیسے فرماسکتی ہیں۔

سوم: جن پانچ چیزوں کا ذکر سورہ لقمان کی آیت میں ہے انھیں حضور نہیں جانتے تھے اس کلام کی یہ مراد تو نہیں ہوسکتی کہ حضور ان پانچ چیزوں کو اللہ تعالیٰ کی تعلیم اور عطا کے باوجود بھی نہیں جانتے تھے یہ بات تو کوئی عاقل ہرگز کہہ ہی نہیں سکتا۔ کتاب ابریز میں تو یہ تصریح فرمائی:

قلت للشیخ رضی الله عنه فان علماء الظاهر من المحدثین وغیرهم اختلفوا فی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یعلم الخمس المذکورات فی قوله تعالیٰ ان الله عنده علم الساعة الآیة فقال کیف یخفی امر الخمس علیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم والواحد من اهل التصرف من امته الشریفة لا یمکنها التصرف الا بمعرفة هذه الخمس ۔

(ابریز ص۵۸)

ترجمہ: میں نے اپنے شیخ عبدالعزیز عارف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا کہ علماء ظاہر یعنی محدثین وغیرہ کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان پانچ چیزوں کا علم تھا کہ جن میں آیہ ان اللہ عندہ علم الساعة الآیة وارد ہوئی تو شیخ نے جواب دیا کہ ان پانچوں کا علم حضور پر کیسے مخفی رہ سکتا ہے جب کہ ایک صاحب تصرف امتی کو بغیر ان پانچوں کے علم کے تصرف ممکن نہیں۔

اس عبارت سے واضح ہوگیا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کے خدام ان
چیزوں کو بتعلیم الٰہی جانتے تھے حضرت عائشہ صدیقہ سے یہ کیسے ممکن کہ وہ یہ فرمائیں کہ حضور ان کو
الٰہی بھی نہیں جانتے تھے بلکہ حضرت صدیقہ نے ایسی احادیث کی روایات کی جن میں حضور کے ان
پر مطلع ہونے کا صاف صاف بیان ہے۔اس وقت بخیال اختصار صرف دس احادیث پیش کی جاتی
(۱) حدیث مسلم شریف میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ایک طویل
مروی ہے جس میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آئندہ کے غیبی امور کا ذکر کرتے ہوئے فرما
ہیں:

ثم یبعث اللہ ریحاطیبة فتوفی کل من کان فی قلبه مثقال حبة من خردل من
فیبقی من لا خیر فیر جعون الی دین ابائهم ۔ (مشکوۃ شریف ص ۴۸۱)

پھر اللہ تعالیٰ ایک پاکیزہ ہوا بھیجے گا تو ہر وہ شخص کہ جس کے قلب میں رائی کے دانے برابر
ایمان ہوگا پس وہ مر جائیگا اور جن میں خیر نہ ہوگی وہ باقی رہیں گے اور اپنے آبا واجداد کے دین کی
لوٹ جائیں گے۔

(۲) حدیث ابویعلی اور حاکم اور ابونعیم نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی
قالت اول حجر حمله النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لبناء المسجد ثم حمل
بکر حجرا ثم حمل عمر حجرا ثم حمل عثمان حجرا فقال رسول اللہ صلی اللہ
علیه وسلم هؤلاء الخلفاء بعدی۔ (خصائص کبری جلد ۲ص ۱۱۴)

ترجمہ: ایک پتھر حضرت ابوبکر نے اٹھایا پھر ایک پتھر حضرت عمر نے اٹھایا پھر ایک پتھر حضرت
عثمان نے اٹھایا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہی میرے بعد خلیفہ ہوں گے۔

(۳) حدیث بخاری شریف و مسلم شریف میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی
کہ۔

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال فی مرضه دعی لی اباك واخاك حتی اکتب
لابی بکر کتابا فانی اخاف ان یقول قائل ویتمنی متمن ویا بی اللہ والمومنون الا ابابکر
(خصائص کبریٰ جلد ۲ص ۱۱۵)

ترجمہ: بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے زمانہ علالت میں فرمایا اے عائشہ تو اپنے

اور بھائی کو میرے پاس لاتا کہ میں ابوبکر کے لئے ایک فرمان تحریر کردوں کہ میں اس بات سے خائف
ہوں کہ کوئی کہنے والا کچھ کہے اور کوئی تمنا کرنے والا کچھ تمنا کرے اور اللہ تعالیٰ اور مسلمان ابوبکر کے سوا
کسی کو پسند نہیں کرتے۔

(۴) حدیث ابن عساکر نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی
ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال یا معاویة ان اللہ ولا ك من امر هذه الا مة
فانظر ما انت صانع قالت ام حبیبة او یعطی اللہ اخی ذلك یا رسول اللہ قال نعم۔
(خصائص کبری جلد ۲ص ۱۱۶)

ترجمہ: بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے معاویہ بیشک اللہ تعالیٰ تجھے اس بات کے
امر کا والی بنائیگا لہذا تو اس بات پر نظر رکھنا کہ تو کیا کرنے والا ہے حضرت ام حبیبہ نے عرض کی یا رسول اللہ
کیا اللہ تعالیٰ میرے بھائی کو یہ منصب عطا فرمائے گا فرمایا جی ہاں۔

(۵) حدیث ابن ماجہ اور حاکم اور بیہقی نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی
ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم دعا عثمان فجعل یشیر الیه ولون عثمان
یتغیر فلما کان یوم الدار قلنا الاتقاتل قال لا ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم عهد
الی امرا فانا صابر نفسی علیه۔ (خصائص کبری جلد ۲ص ۲۲)

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان کو طلب فرمایا اور ان سے مشورہ فرمانے
لگے اور حضرت عثمان کا رنگ متغیر ہوا جب واقعہ شہادت کا دن آیا ہم نے حضرت عثمان سے عرض کی آپ
مقاتلہ کیوں نہیں فرماتے فرمایا نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے اس امر پر عہد لے لیا
کہ میں اپنے نفس کو اس پر صابر رکھوں۔

(۶) حدیث: حاکم اور ابن ماجہ اور ابونعیم نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی
قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لعثمان ان اللہ مقمصك قمیصا فان ارادك
المنافقون علی خلعه فلا تخلعه۔

(خصائص کبری جلد ۲ص ۱۲۲)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان سے فرمایا بیشک اللہ تمہیں لباس خلافت پہنائیگا اگر
منافقین تم سے اس لباس خلافت کو اتارنا چاہیں تو تم اس کو نہ اتارنا۔

(۷) حدیث مسلم شریف میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسرعکن لحو قابی اطولکن یدا فکن ایھن اطول یدا فکانت زینب اطول یدا لانھا کانت تعمل بیدھا و تتصدق۔

(خصائص کبری جلد۲ص ۱۲۹)

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے سب سے جلد ملنے والی تم میں سے زیادہ ہاتھ والی ہوگی تو ازواج مطہرات آپس میں پیمائش کرتیں کہ ان میں کس کا زیادہ دراز ہاتھ ہے پس زینب زیادہ دراز ہاتھ کی ثابت ہوئیں کیونکہ وہ اپنے ہاتھ سے کسب کر کے صدقہ کرتی تھیں۔

(۸) حدیث امام احمد اور ابویعلی اور طبرانی اوسط میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تفنی امتی الا بالطعن والطاعون

(از خصائص کبری جلد۲ ۱۳۴)

ترجمہ: رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری اکثر امت قتل اور مرض طاعون میں فنا ہوگی۔

(۹) طبرانی نے اوسط میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی۔

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تقوم الساعۃ حتی یکون الولد غیظا والمطر قیضا وتفیض اللئام فیضا وتغیض الکرام غیضا یجتری الصغیر علی الکبیر واللئیم علی الکریم۔

(خصائص کبری جلد۲ص ۱۶۰)

ترجمہ: رسول اللہ نے فرمایا قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ بچہ غضبناک ہوگا اور بارش کم ہوگی اور بخیل خوب دیں گے اور سخی بہت کمی کریں گے اور چھوٹا بڑے پر اور بخیل سخی پر جرأت کرے گا۔

(۱۰) حدیث حاکم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ حضور سید صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان قوما من امتی یشربون الخمر یسمونھا بغیر اسمھا۔

(خصائص کبری جلد۲ص ۱۵۴)

میری امت سے ایک قوم شراب پیئے گی اور اس کا نام کچھ اور رکھ لے گی۔

ان احادیث سے نہایت واضح طور پر ظاہر ہوگیا کہ حضور عالم غیوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بکثرت امور غیبیہ کی خبر دی اور خصوصا امور خمسہ پر اپنے مطلع ہونے کا صاف اظہار فرمایا اس مدعا میں بکثرت احادیث پیش کی جاسکتی ہیں لیکن چونکہ یہاں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایات کا التزام ہے اس لئے بطور نمونہ یہ دس احادیث نقل کیں اور اگر اسی التزام کا خاص طور پر اہتمام کیا جائے تو صدہا احادیث پیش کی جاسکتی ہیں۔ بالجملہ اب مخالف ذرا آنکھیں کھول کر دیکھئے کہ یہ دس احادیث انھیں حضرت صدیقہ سے تو مروی ہیں جن کو وہ اپنے زعم باطل میں منکر علم غیب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہتا ہے بلکہ حقیقت حال یہ ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مطلع علی الغیوب اور عالم امور خمس ہونے کا اعتقاد رکھتی ہیں چنانچہ بطور مثال کے چند واقعات پیش کرتا ہوں۔

حدیث امام احمد اور ابویعلی اور بزار اور حاکم اور بیہقی اور ابونعیم نے حضرت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ حضرت قیس نے فرمایا۔

لما بلغت عائشۃ بعض دیار بنی عامر تبحت علیھا الکلاب فقالت ای ماء ھذا قالوا الحوائب قالت ما اظننی الا راجعۃ قال الزبیر لا بعد تقدمی فیراك الناس ویصلح اللہ ذات بینھم قالت مااظننی الا راجعۃ سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول کیف حالکن اذا نبحتھا کلاب الحوائب۔ (خصاص کبری جلد۲ص ۱۳۱)

ترجمہ: جب حضرت عائشہ دیار بنی عامر کے قریب پہونچیں ان پر کتے بھونکے۔ دریافت فرمایا یہ کونسا مقام ہے لوگوں نے عرض کیا: حوائب۔ فرمایا میں اپنے لوٹ جانے کو ہی بہتر خیال کرتی ہوں۔ حضرت زبیر نے کہا نہیں آپ تشریف فرما ہوں کہ لوگ آپ کو دیکھیں اور اللہ تعالیٰ ان میں صلح کردے۔ فرمایا میں اپنے جانے ہی کا خیال رکھتی ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تم میں سے ایک پر جب حوائب کے کتے بھونکیں گے تو کیا حال ہوگا۔

اس حدیث شریف سے صاف طور پر معلوم ہوگیا کہ حضرت صدیقہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سالہا سال پہلے کی غیبی خبر پر ایسا یقین کامل اور اعتقاد راسخ رکھتی تھیں کہ باوجود ہمراہیوں جاں نثاروں کے اصرار کے وہاں قیام سے گریز کرتی ہیں۔ لہٰذا یہی حضرت صدیقہ حضور کے مطلع علی الغیوب ہونے کا تو کس طرح انکار کرسکتی ہیں جبکہ اپنے والد ماجد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امور غیبیہ

سے واقف مانتی ہیں اور انھیں خاص کر امور خمس پر مطلع جانتی ہیں ۔ چنانچہ حضرت امام مالک نے حضر
عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت کی۔

ان ابا بكر نحلها جدادا عشرين وسقامن ماله بالغابة فلما حضرته الوفاة قال يا
والله ما من الناس احدا حب الي غنى منك ولا اغر علي فقرا بعدي منك واني ك
نحلتك جدادا عشرين وسقا فلو كنت جددته واحترزته كان لك وانما هو اليوم مال وار
وانما هو اخوك واختاك فاقسموه على كتاب الله فقالت يا اب لو كان كذا وكذا لتر
انما هي اسماء فمن الاخرى قال ذو بطن ابنة خارجة اراها جارية (وفي رواية ابن
فولدت ام كلثوم ۔ (از تاریخ الخلفاء ص ۶۱)

ترجمہ: حضرت صدیق اکبر نے ان کو ایک درخت کھجور کا دیدیا تھا جس بیس وسق کھجو
حاصل ہوتی تھیں جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو انھوں نے حضرت صدیقہ سے فرمایا کیا اے
خدا کی قسم مجھے تیرا غنی ہونا بہت پسند ہے اور غریب ہونا بہت ناگوار۔ اس درخت سے اب تک جو
نے نفع اٹھایا ہے وہ تمہارا تھا۔ لیکن میرے بعد یہ مال وارثوں کا ہے اور وارث تمہارے صرف دونوں
اور دونوں بہنیں ہیں ۔ اس ترکہ کو موافق حکم شرع کے تقسیم کر لینا۔ حضرت صدیقہ نے عرض کی: ایسا
سکتا ہے لیکن میری تو صرف ایک بہن اسماء ہی ہیں۔ آپ نے دوسری کون سی بتادی ۔ فرمایا حضر
صدیق اکبر نے وہ اپنی ماں کے پیٹ میں ہے میں جانتا ہوں کہ وہ لڑکی ہے۔ پس ام کلثوم پیدا ہوئیں

اب کوئی وہابی سے دریافت کرے کہ حضرت صدیقہ نے اس وقت انکار علم غیب صد
اکبر کیوں نہیں کیا اور ان کو اپنی حدیث سنا کر مفتری کذاب کیوں نہیں بنایا۔ اور اپنے والد ماجد کو آیت
لقمان سنا کر یہ کیوں نہیں کہا کہ ان پانچوں باتوں کا علم سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا۔ تم آیت کے خلا
انھیں پانچوں علموں میں سے علم مافی الارحام کو اپنے لئے ثابت کر رہے ہو بلکہ حضرت صدیقہ نے انھیں
کیوں نہیں بتایا کہ جب اللہ تعالی نے علم غیب اور خصوصا ان پانچ باتوں کا علم اپنے محبوب خاص سید الا
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ہی کو عطا نہیں کیا۔ تو تم ان کے غلام ہو کر اس آخر وقت میں ایسا بڑا افترا اور صر
کذب بول رہے ہو اور اپنے لئے ایسا عظیم شرک ثابت کر رہے ہو اور جزمی حکم لگا رہے ہو کہ ماں
پیٹ میں لڑکی ہے۔ تم اپنے لئے مدعی علم غیب ہو کر دولت ایمان کھو بیٹھے۔ تو اب جلد از جلد توبہ کر
تجدید اسلام کرو۔ نعوذ باللہ من هذه الخرافات

صاف مطلب یہ ہے کہ جو حضور کے لئے ذاتی طور پر علم غیب ثابت کرے وہ بہت بڑا مفتری وکذاب ہے
اور علم غیب عطائی کا اثبات خود حضرت صدیقہ کی ان احادیث سے ثابت ہے اور اگر اس التزام کا لحاظ نہ
ہوتا تو صدہا احادیث میں بھی باوجود اپنی کم بضاعتی اور قلت معلومات کی بنا پر پیش کر سکتا ہوں ۔ واللہ تعالی
اعلم بالصواب

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

سماع موتی

استفتاء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مرسلہ از (مولوی) محمد بن حاجی صالح محمد صاحب ساکن شہر جونا گڑھ

بخدمت اقدس حضرت سراپا برکت تاج العلماء زبدۃ الفضلاء مولینا مفتی شاہ محمد اجمل صاحب ظلہ العالی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

مضمون مندرجہ ذیل از تفسیر مواہب الرحمٰن مطبوعہ مطبع نولکشور لکھنو مترجمہ مولوی امیر علی صاحب پارہ (۲۱) سورہ روم رکوع ۵ صفحہ ۶۰ فانک لا تسمع الموتی الیٰ اخرہ تحریر ہے۔ اس کو مترجم صاحب نے ہمارے سردار تاج المحدثین سر تاج الفقہاء سند العلماء حضرت امام اعظم ابی حنیفۃ رضی اللہ تعالیٰ وارضاہ عنا کا عقیدہ بتایا ہے۔ درایں صورت واقعی بات ہمارے امام اعظم رضی اللہ عنہ کی طرف سے ثا ہے یا نہیں۔ اگر نہیں ہے تو حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ کا اس کے متعلق اعنی موتی کے سننے کی نسبت عقیدہ ہے۔ از کتاب وسنت اقوال ائمہ دین اور خاص کر امام اعظم رضی اللہ عنہ کا قول مع حوالہ کتاب م جمہ اردو حل فرما کر رسالہ اہل سنت میں اشاعت کی جگہ عطا فرما کر ممنون فرمائیں گے۔ بینوا بالکتاب توجروا

مضمون منقولہ از تفسیر مواہب الرحمٰن

اور حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ میں ہے کہ جو کوئی بندہ اپنے بھائی مسلمان کی قبر پر گذ جس دنیا میں پہچانتا تھا پس اس پر سلام کیا تو یہی ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی روح اس میں پھیر دیتا ہے حتی کہ امام کا جواب دیتا ہے (رواہ ابن عبد البر وقال صحیح) لیکن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فر

کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فانک لا تسمع الموتی پس مردہ نہیں سنتا ہے اور واقعہ بدر کی حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ تاویل فرمائی کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مراد یہ تھی کہ جو بات میں ان لوگوں سے کہتا تھا کہ اس کا حق ہونا ان لوگوں نے اب خوب جان لیا۔

قتادہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو آخرت کی زندگی اتنی دے دی کہ انھوں نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کلام شریف جو ان کے حق میں جھڑکی وملامت تھا سن لیا۔ اسی واسطے امام ابوحنیفہ وصاحبین وتمام فقہائے حنفیہ وجماعت علماء کا یہی قول ہے کہ مردے نہیں سنتے۔

اور کسی شخص کو یہ طاقت نہیں ہے کہ مردے کو اپنا کلام سنا دے ہاں اگر اللہ تعالیٰ اپنی قدرت سے چاہے کہ کوئی بات مردہ سنے تو اس کی اپنی قدرت کا اختیار ہے اسی واسطے جب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قلیب بدر والوں سے کلام کیا تو بوحی الٰہی عزوجل تھا۔ وہ اللہ تعالیٰ نے ان کو سنایا۔ اسی طرح مردے کو سلام کرنا اور اس کا جواب دینا بقدرت الٰہی عزوجل ہے حتی کہ سوائے سلام کے کسی دوسری بات کے واسطے ہم کو آگاہ نہیں کیا گیا کہ وہ بھی مردہ سنتا ہے۔

مترجم کہتا ہے کہ آج کل جو لوگ حنفی مقلد ہیں حتی کہ تقلید کے واسطے دوسروں کی تکفیر تک نوبت پہنچاتے ہیں ان سے نہایت عجب ہے کہ وہ بزرگوں کے مزاروں پر جا کر اپنی باتوں کی داستانیں سناتے ہیں حالانکہ امام ابوحنیفہ وتمام ائمہ حنفیہ سے قاطبۃ مخالف ہے اور اس مقام پر وہ قطعی غیر مقلد بن جاتا ہے پس اس نفس کے بندوں کا ظاہر حال یہ ہے کہ وہ تقوی وتدین کیواسطے حنفی نہیں تھا بلکہ اسلام میں فساد ورخنہ ڈالنے کیلئے کبھی مقلد بنتا ہے اور کبھی غیر مقلد ہو جاتا ہے تا کہ اسلام میں باہم نزاع وپھوٹ ڈالے باہمی اختلاف جو مسلمانوں میں فرض ہے اس کی مخالفت کرے اللہ تعالیٰ ہم کو سب مسلمانوں کو ایسی معصیت سے بچاوے اور ایمان واسلام پر ثابت قدم رکھے آمین۔

مورخہ ۴/ رجب المرجب ۱۳۵۵ھ

الجواب

اس مسئلہ سماع موتی میں اگر صرف احادیث اور اقوال فقہاء ومحدثین وتصریحات متقدمین ومتاخرین کے اجماع کو مد نظر رکھتے ہوئے کسی مبسوط کتاب کا قصد کیا جائے تو کئی سو صفحات کا ایک مبسوط رسالہ تیار ہو جائے لیکن میں اختصار کو ملحوظ رکھ کر اس مسئلہ میں چند تصریحات واقوال پیش کرتا ہوں کہ منصف کے لئے انشاء اللہ تعالیٰ بہت کافی ووافی ہونگے اور مولی تعالیٰ معاندین کو بھی اس مختصر تحریر سے

قبول حق کی توفیق دے۔

اقول، جب کوئی شخص غلط بات کی تائید کرتا ہے تو پھر وہ کسی صحیح نتیجہ تک نہیں پہنچ سکتا اس
سارے مقدمات تمام استدلالات مغالطہ اور افتراء وفریب پر مبنی ہونگے اللہ تعالی اس کی حمایت باطل
وجہ سے اس کی عقل وفہم کو بھی معطل کر دیتا ہے یہاں تک کہ وہ نور ہدایت سے مستفیض نہیں ہوتا
صاحب غالبا محض حصول شہرت کی خاطر ترجمہ پر آمادہ ہوئے ہیں اگر ان میں علم ولیاقت کا ادنی شائبہ
ہوتا تو وہ ایسی لغویات زبان پر نہ لاتے کہ نفس ترجمہ بھی ان کے مفید مدعا نہیں۔ یہی آیۃ کریمہ فانک لا
تسمع الموتی کا مترجم صحیح ترجمہ ہی کرتا تو ایسی فضول گئی سے باز رہتا اور اگر خود تیر ترجمہ کرنے کی لیاقت
نہیں تو حضرت شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی کا ترجمہ دیکھ لیا ہوتا کہ وہ اس آیت کا ترجمہ
ہیں ''پس تحقیق تو نہیں سناتا مردوں کو'' تو اس ترجمہ سے ہی یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس آیۃ میں سماع موتی
مردوں کے خود سننے کی نفی نہیں ہے بلکہ سماع میں کوئی فرق نہیں ہے اسماع کی نفی سے سماع کی نفی کس
ہوئی لہذا اس آیۃ کریمہ کو سماع موتی کی نفی میں پیش کرنا بالکل بے علاقہ اور خلاف محل ہے۔

آیۃ کا حاصل یہ ہے کہ اہل قبور کا سن لینا تمہاری طرف سے نہیں اللہ تعالی کی طرف سے
،جس طرح دوسری آیت میں ہے انک لا تھدی من احببت ۔یعنی لوگوں کا ہدایت پانا تمہاری
سے نہیں اللہ تعالی کی طرف سے ہے۔ چنانچہ اسی آیت کے متعلق منکرین کے پیشوا مولوی اشرف
تھانوی ابن کثیر سے نقل کرتے ہیں۔

یعنی اے محمد جس طرح مردوں کو سنانا تیرے اختیار میں نہیں ہے اور نہ بہروں کو تو سنا سکتا
،اسی طرح اندھوں گمراہوں کو تو ہدایت نہیں کر سکتا اور راہ راست پر نہیں لاسکتا بلکہ بات اللہ تعالی
اختیار میں ہے چاہے تو مردوں کو سنوادیوے اور گمراہوں کو سیدھی راہ پر لادے

(۱۱۲ابن کثیر حاشیہ ۵۷۹ قرآن مجید ترجمہ مولوی اشرف علی تھانوی)

اب یہ امر نہایت واضح طور پر ثابت ہو گیا کہ اس آیت سے عدم سماع موتی کا اثبات سخت
اور انتہائی جہالت اور آیۃ کریمہ کا صرف ترجمہ ہی اس کی کافی دلیل ہے اور تھانوی صاحب نے ابن
تفسیر نقل کر کے اس مدعا کو اور زیادہ واضح کر دیا۔

اور اگر مترجم کی فہم ناقص میں اسماع کی نفی اور سماع کی نفی کا فرق نہ آیا اور صیغہ لاتسمع کا باب
سکا ہو اور اپنی ہٹ دھرمی سے بیجا طور پر آیۃ سے سماع موتی کی نفی ہی ثابت کرے تو وہ اپنی قابلیت

اردو کی چھوٹی سی تفسیر موضح القرآن دیکھ لے کہ اس میں حضرت شاہ عبدالقادر صاحب برادر حضرت شاہ
عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی زیر آیت وما انت بمسمع من فی القبور'' لکھتے ہیں کہ

حدیث میں آیا ہے کہ مردوں سے سلام علیک کروہ سنتے ہیں اور بہت جگہ مردوں کو خطاب کیا کہ
اس کی حقیقت یہ ہے کہ مردے کی روح سنتی ہے اور قبر میں پڑا ہے دھڑ وہ نہیں سن سکتا ہے تو اس تفسیر نے
صاف طور پر یہ ثابت کر دیا کہ سماع کی نفی موتی سے ہے اور موتی کون ہیں ابدان واجسام کہ روح تو کبھی
مرتی ہی نہیں۔ چنانچہ اس آیۃ میں نفی من فی القبور سے کی گئی۔ اور قبر میں اجسام ہیں نہ ارواح کہ روح کے
مقام تو علیین وسجین وغیرہ ہیں۔ لہذا سماع موتی یعنی اجسام کی نفی سے روح کے سماع کی نفی ثابت نہیں
ہوئی کہ روح مرتی نہیں اور وہ اہل سنت وجماعت کے نزدیک موتی میں داخل نہیں۔

مسایرہ میں ہے: لا تفنی بفناء البدن۔ (از مسایرہ ص ۱۰۸)

روح بدن کے فنا ہونے کے ساتھ فنا نہیں ہوتی۔

حضرت ملا علی قاری علیہ الرحمۃ شرح فقہ اکبر میں تحریر فرماتے ہیں۔

اختلف الناس هل تموت الروح ام لا فقالت طائفة تموت لا نها نفس وكل نفس
ذائقة الموت وقال آخرون لا تموت فانها خلقت للبقاء وانما تموت الا بدان وقد دل على
ذلك الاحاديث الواردة في نعيم الارواح وعذابها بعد المفارقة الى ان يرجعها الله في
اجساد ها۔ (شرح فقہ اکبر مصری ص ۱۱۵)

ترجمہ: لوگوں نے اختلاف کیا کہ کیا روح کو موت ہے یا نہیں تو ایک گروہ نے کہا کہ اس کو موت
ہے اس لئے کہ روح پاک نفس ہے اور ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور باقی لوگوں نے کہا کہ اس کو مو
ت نہیں کہ روح بقا کیلئے پیدا کی گئی اور ابدان کو موت ہے اور اسی پر وہ احادیث دلالت کرتی ہیں جن میں
ان کا ابدان سے جدا ہونے کے بعد نعمتیں اور عذاب پانا وارد ہے یہاں تک اللہ تعالی ان کو ان کے
جسموں کی طرف لوٹائے۔

اور علامہ سبکی علیہ الرحمۃ شفاء السقام میں فرماتے ہیں:

لا ندعي ان الموصوف بالموت موصوف بالسماع انما السماع بعد الموت لحي
وهو الروح۔ (حیات الموات ص ۴۲)

ترجمہ: ہم اس کا دعوی نہیں کرتے کہ جو موت کے ساتھ موصوف ہے وہی سماع کے ساتھ

موصوف ہے کہ موت کے بعد سماع تو زندہ کیلئے ہے اور وہ روح ہے۔

لہٰذا آیۃ مذکورہ میں اگر بلحاظ مترجم یہ تسلیم کر بھی لیا جائے کہ سماع موتی کی نفی ہے تو زیادہ سے زیادہ یہ ثابت ہوا کہ موتی یعنی ابدان واجسام کے لئے سماع نہیں اور تو ارواح تو موتی میں داخل نہیں ان کے سماع کی نفی کس طرح ثابت ہوگی۔ حاصل کلام یہ ہے کہ آیۃ کریمہ سے روح کے سماع کی نفی پر استدلال کرنا نادانی ہے۔

یہ دو جواب تو آیۃ کریمہ سے متعلق تھے ان سے واضح طور پر ثابت ہوگیا کہ مترجم نے آیۃ کریمہ سے بغیر سمجھے غلط استدلال کرلیا ہے جو نہ آیت کی مراد نہ اس سے اموات کی ارواح کا سماع منفی۔ اب سماع موتی یعنی میت کی روح کے سمع وبصر علم اور ادراک کو احادیث سے ثابت کردوں۔

حدیث صحیح مسلم شریف میں حضرت امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی طبرانی میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں بدر کی قتل گاہیں دکھاتے تھے کہ یہاں فلاں کافر قتل ہوگا اور یہاں فلاں جہاں جہاں حضور نے بتایا تھا وہیں ان کی لاشیں گریں پھر حضور ہی کے حکم سے وہ جیفے ایک کنویں میں بھر دیے گئے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہاں تشریف لے گئے اور نام بنام ان کافروں کو پکارا۔

یا فلان بن فلان ویا فلان بن فلان هل وجدتم ما وعدکم الله ورسوله حقا فانی وجدت ما وعدنی الله حقا قال عمر یا رسول الله کیف تکلم اجساد الا رواح فیها قال ما انتم باسمع لما اقول منهم غیر انهم لا یستطیعون ان یرد و اعلیی شیا

(مواہب جلد۱ ص۸۴)

اے فلاں ابن فلاں اور یا فلاں بن فلاں کیا تم نے پایا جو سچا وعدہ خدا اور رسول نے تمہیں دیا میں نے تو پالیا جو حق وعدہ اللہ نے کیا تھا حضرت عمر نے عرض کی یا رسوال اللہ حضور ایسے جسموں سے کلام کرتے ہیں جن میں روحیں نہیں فرمایا میں جو کچھ کہہ رہا ہوں اسے کچھ تم ان سے زیادہ نہیں سنتے مگر انہیں یہ طاقت نہیں کہ مجھ کو لوٹ کر جواب دیں۔

حدیث بخاری شریف میں حضرت ابی طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہی حدیث کا مضمون مروی ہے کہ اس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان الفاظ سے جواب دیا

فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم والذی نفس محمد بیده ما انتم باسمع

اقول منهم۔ (بخاری شریف مصطفائی جلد۲ ص۵۶۶)

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی جان ہے میں جو کہہ رہا ہوں اسے تم ان سے زیادہ نہیں سنتے۔

حدیث عقیلی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

قال ابو رزین یا رسول الله ان طریقی علی الموتی فهل من کلام اتکلم به اذا مررت علیهم قال قل السلام علیکم یا اهل القبور من المسلمین والمو منین انتم لنا سلف ونحن لکم تبع وانا ان شاء الله بکم لا حقون قال ابو رزین یا رسول الله یسمعون قال یسمعون ولکن لا یستطیعون ان یجیبوا۔

(شرح الصدور ص۸۴)

حضرت ابو رزین نے عرض کی میرا راستہ مقابر پر ہے تو کیا کوئی ایسا کلام ہے کہ جب ان پر گذروں کہا کروں فرمایا یوں کہہ تم پر سلام ہوا ے قبرستان والو، اہل اسلام اور اہل ایمان تم ہمارے آگے ہو اور ہم تمہارے پیچھے اور ہم انشاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں ابو رزین نے عرض کی یا رسول اللہ کیا مردے سنتے ہیں فرمایا سنتے ہیں مگر جواب نہیں دے سکتے۔

علامہ جلال الدین سیوطی اس حدیث کے تحت میں فرماتے ہیں:

قو له لا یستطیعون ان یجیبو ای جوا بایسمعه الجن والانس فهم یردون حیث لایسمع۔

(شرح صدور مصری ص۸۴)

جواب نہیں دے سکتے یعنی مراد یہ ہے کہ مردے ایسا جواب نہیں دے سکتے جس کو جن وانس سن لیں پس وہ جواب تو دیتے ہیں جو سننے میں نہیں آتا۔

حدیث علامہ ابن عبدالبر نے کتاب الاستذ کار والتمہید میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ما من احد یمر بقبر اخیه المومن کان یعر فه فی الدنیا فیسلم علیه الاعرفه وردعلیه السلام۔

(شرح الصدور ص وبشری الکئیب ص۱۰۳)

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی قبر پر گذرتا ہے اور

سلام کرتا ہے اگر وہ اسے دنیا میں پہچانتا تھا اب بھی پہچانتا ہے اور اس کے سلام کا جواب دیتا ہے۔

علامہ جلال الدین سیوطی نے اپنی دونوں کتابوں شرح الصدور وبشری الکئیب میں اس حدیث نقل کر کے فرمایا صححہ عبدالحق یعنی امام ابومحمد عبدالحق جو اجلہ محدثین سے ہیں انھوں نے اس حدیث کی کی۔

اس مسئلہ میں بلحاظ عدد خلفاے راشدین وائمہ مجتہدین صرف چار احادیث پیش کیں ورنہ اس موضوع ہی میں احادیث کے جمع کا التزام کیا جائے تو ایک مبسوط رسالہ ہو جائے۔ اب اسی موقع سماع وبصر ادراک وشعور پر چند اقوال وواقعات صحابہ کرام اور صحابیات رضوان علیہم اجمعین کے او کردیے جائیں۔

حدیث امام احمد اور امام حاکم ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی فرماتی ہیں:

قالت كنت ادخل بيتي الذي فيه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وابي واضع ثوبي واقول انما هو زوجي وابي فلما دفن عمر معهم ما دخلته الا وانا مشدو على ثيابي حياء من عمر۔ (مشکوۃ شریف ص ۱۵۴ وشرح الصدور ص ۸۴)

میں اس مکان جنت آسمان میں جہاں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مزار پاک ہے یونہی بے ستر وحجاب چلی جاتی اور دل میں کہتی وہاں کون ہے میرے شوہر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا میرے وا (حضرت ابوبکر صدیق) جب سے عمر دفن ہوئے ہیں بغیر سر سے قدم تک چھپائے ہوئے اس (رو منورہ) میں داخل نہ ہوئی عمر سے شرم کے باعث۔

حدیث: امام حاکم تاریخ نیشاپور میں اور بیہقی اور ابن عساکر تاریخ دمشق میں حضرت سعید ا مسیب سے راوی ہیں:

قال دخلنا مقابر المدينة مع علي بن ابي طالب كرم الله وجهه فنادى يا اهل القبو السلام عليكم ورحمة الله تخبرونا باخباركم ام تريدون ان نخبركم فسمعنا صوتا داخل القبر وعليك السلام ورحمة الله وبركاته يا امير المومنين اخبرنا عما كان بعد فقال علي اما ازواجكم فقد تزوجن واموالكم فقد اقتسمت والاولاد فقد حشر في زم اليتامى والبناء الذي شيدتم فقد سكنها اعداءكم فهذه اخبار ما عندنا فما اخبار ما عند

فاجابه ميت قد تخرقت الاكفان وانتثرت الشعور وتقطعت الجلود وسالت الاحداق على الخدود وسالت المناخر بالقيح والصديد وما قدمناه وجدناه وما خلفناه خسرناه ولنحن مرتهنون بالاعمال۔ (شرح الصدور ص ۸۷)

ہم حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ کے ہمرکاب مدینہ طیبہ کے قبرستان میں داخل ہوئے۔ حضرت مولی نے اہل قبر پر سلام کر کے فرمایا تم ہمیں اپنے خبر بتاؤ گے یا یہ چاہتے ہو کہ ہم تمہیں خبر دیں۔ سعید بن مسیب فرماتے ہیں ہم نے قبر کے اندر سے آواز سنی کہ کسی نے حضرت مولی کو جواب سلام دے کر عرض کی یا امیر المومنین آپ بتائے کہ ہمارے بعد کیا گذرا۔ حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا تمہاری عورتوں سے تو نکاح کر لئے اور تمہارے مال تقسیم ہو گئے اور اولاد یتیموں کے گروہ میں آئی اور وہ عمارت جس کا تم نے استحکام کیا تھا کہ اس میں تمہارے دشمنوں نے سکونت کی ہمارے پاس کی خبریں تو یہ ہیں۔ اب تمہارے پاس کی کیا خبر ہے؟۔ تو اک مردے نے عرض کی کفن پھٹ گئے، بال جھڑ گئے، کھالوں کے پرزے پرزے ہو گئے۔ آنکھوں کے ڈھیلے بہہ کر رخساروں تک آگئے۔ نتھنوں سے گندہ پانی او پیپ جاری ہے اور جو آگے بھیجا تھا اس کا نفع ملا اور جو پیچھے چھوڑا تھا اس کا خسارہ ہوا اور ہم اپنے اعمال میں محبوس ہیں۔

حدیث ابن عساکر نے ایک طویل حدیث روایت کی جس کا حاصل یہ ہے

کہ عہد فاروقی میں ایک عابد تھا امیر المومنین حضرت فاروق اعظم اس سے بہت خوش تھے وہ دن بھر مسجد میں رہتا اور بعد عشاء باپ کے پاس جاتا راہ میں ایک عورت کا مکان تھا وہ اس پر عاشق ہو گئی تھی وہ ہمیشہ اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتی تھی مگر یہ جوان اس کی طرف نظر نہ کرتا۔ ایک شب قدم نے لغزش کی اور اس کے ساتھ ہولیا دروازے تک پہونچ کر جب اندر جانا چاہتا تھا کہ خدا یاد آ گیا اور بے ساختہ یہ آیۂ کریمہ اس کی زبان پر جاری ہو گئی۔

ان الذين اتقوا اذا مسهم طائف من الشيطن تذكروا فاذاهم مبصرون۔

ڈر والوں کو جب کوئی شیطان کی جھپٹ پہنچتی ہے خدا کو یاد کرتے ہیں اسی وقت ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

یہ آیت پڑھتے ہی غش کھا کر گر پڑا عورت نے اپنی کنیز کے ساتھ اس کو اٹھا کر اس کے دروازہ پر ڈال دیا باپ منتظر تھا جب اس کے آنے میں دیر ہوئی تو نکلا اور دیکھا کہ وہ دروازے پر بیہوش پڑا ہے گھر

والوں کو بلایا اور انھیں اٹھا کر اندر لے گے کچھ رات گئے ہوش آیا باپ نے حال پوچھا کہا خیر ہے۔ دے ناچار قصہ سنایا باپ نے کہا جان پدر وہ کونسی آیۃ ہے۔ جوان نے پھر پڑھی پڑھتے ہی غش آ[گیا] دی تو مردہ پایا رات ہی کو اسے نہلا کر کفنا کر دفن کر دیا۔

فلما اصبحوا رفع ذلك الی عمر رضی الله عنه فجاء عمر الی ابیه فعزاه به [و قال هلا] الاذنتنی قال یاامیر المومنین کان لیلا قال عمر فاذهبوا بنا الی قبره فاتی عمر و من مع[ه] فقال عمر یافلان ولمن خاف مقام ربه جنتن فاجابه الفتی من داخل القبر [یا] عمر قداعطانیهماربی فی الجنة مرتین ۔ (شرح الصدور ص ۸۸،۸۹)

جب صبح ہوئی تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک اس کی خبر پہنچی فرمایا تو نے مجھکو کیوں نہیں [خبر دی] عرض کی اے امیر المؤمنین رات تھی حضرت عمر نے فرمایا تم مجھ اس کی قبر تک لے چلو حضرت عمر [اپنے] ہمراہیوں کو لیکر اس کی قبر پر تشریف لائے اور اس کا نام لیکر فرمایا اے فلاں جو اپنے رب کے پاس کھ[ڑے] ہونے کا ڈر کرے اس کے لئے دو باغ ہیں جوان نے قبر میں سے باآواز جواب دیا۔ اے عمر مجھے رب نے یہ دولت عظمی جنت میں دوبار عطا فرمائی۔

اس وقت یہ تین احادیث منقول ہوئیں پہلی حدیث میں حضرت ام المؤمنین عائشہ صدی[قہ رضی] اللہ تعالیٰ عنہ کے فعل سے یہ ثابت ہوا کہ اصحاب قبور زائرین کو دیکھتے ہیں ورنہ حضرت عمر کے دفن کے بعد حضرت صدیقہ کے شرم کرنے کے کیا معنی تھے اور ان کے دفن سے قبل اس لفظ کا کیا منشا تھا [کہ ان] میں میرے باپ اور میرے شوہر ہی تو ہیں غیر کون ہے۔؟

دوسری حدیث میں حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا اہل قبور سے خطاب کرنا ور[ان سے] استفسار حال کرنا پھر ان کی درخواست پر ان کو حالت سنانا پھر انھیں حکم دینا کہ کہ تم اپنی خبریں بتا[ؤ ان] تمام باتوں سے ثابت ہو گیا کہ اموات کے لئے شعور، ادراک الم، ارادہ خطاب کی قدرت ثا[بت ہے] ورنہ حضرت مولیٰ علی کے یہ افعال کیا لغو ہو سکتے ہیں۔

تیسری حدیث سے یہ صاف طور پر ثابت ہو گیا کہ مردہ کو سماع، ادراک کلام کی طاقت ہے ورنہ اس سے امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خطاب کرنا اور اس سے سوال کرنا [اور] جواب کی امید کرنا کیا معنی رکھتا ہے۔ اب مترجم صاحب بتائیں کہ حضرت عمر فاروق و حضرت [علی] رضی اللہ عنہ کو اس مسئلہ کا علم نہیں تھا کہ موتی کے لئے سماع ثابت نہیں یا ان کو احادیث انکار سماع ن[ہیں]

پہنچی تھیں یا ان کو آیۃ فانك لاتسمع الموتی کا پتہ نہیں تھا۔ یا اس کا تو علم تھا مگر یہ دونوں آیۃ کے صحیح معنی سمجھنے سے قاصر رہے اور آیت کا صحیح ترجمہ و مراد ان مترجم صاحب نے تیرہ سو برس کے بعد آج سمجھی ہے۔

کہئے مترجم صاحب! اب آپ کون سی صورت اختیار کرتے ہیں۔ اور آپ اس کم فہمی اور کج فہمی سے باز آؤ اور قرآن و حدیث میں اپنی ناقص فہم کو دخل نہ دیجئے اور صریح احادیث کا انکار نہ کیجئے اور ان خلفاء کا دامن نہ چھوڑئے۔

لطف یہ ہے کہ مترجم صاحب نے بلا سوچے سمجھے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث بھی نقل کی اور اس کی صحت تسلیم کر کے یہ بات بھی مان لی کہ مردہ احیاء کے سلام کا جواب دیتا ہے بلکہ غالبا اس قدر بات کا تو آپ انکار بھی نہ کر سکیں گے کہ اس مضمون میں بکثرت احادیث وارد ہیں لہذا مترجم صاحب یہ بتائیں کہ جب آپ کو اتنی بات تسلیم ہے کہ مردے احیاء کے سلام کا جواب دیتے ہیں تو اموات کے لئے آپ نے بھی سلام احیاء کا سماع ضرور مسلم رکھا اور سماع سلام میں آپ بھی سماع موتی کے قائل ثابت ہوئے۔

دوسری بات یہ ہے کہ آیۃ کریمہ فانك لا تسمع الموتیٰ آپ کے نزدیک سماع موتی کی بالکل نفی کرتی ہے اور اس میں سماع سلام کی کوئی تخصیص نہیں ہے تو آپ ہی کا مسلمہ سماع سلام بھی آپ کے ہی طور پر اس آیۃ سے باطل ہوا جاتا ہے۔ لہذا آپ یا تو اپنے مسلمہ سماع سلام کو غلط اور باطل ٹھہرائیں یا اپنی لکھی ہوئی آیۃ کی اس مراد کو غلط قرار دیں کہ آیۃ مطلق سماع موتی کی نفی کرتی ہے۔

اور اگر آپ کی تحریر کردہ آیت کی مراد صحیح ہے تو آپ کی بات غلط اور حدیث ابن عباس یا اور جس قدر اس باب میں وارد ہیں وہ سب باطل ہوئی جاتی ہیں کہئے مترجم صاحب اب آپ کا سفر کدھر ہے۔

اب باقی رہی آپ کی یہ بات کہ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سماع موتی کا انکار فرماتی ہیں اس کے چند جواب پیش کئے جاتے ہیں۔

اولا: حضرت ام المومنین کے متعلق یہ کہنا ہی غلط ہے کہ وہ سماع روحانی کی منکر ہیں بلکہ ان کا انکار صرف سماع جسمانی کے متعلق ہے اور ام المومنین نے آیۃ لا تسمع الموتیٰ پیش فرمائی اور اسی لئے واقعہ بدر کی تاویل فرمائی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یعلمون فرمایا ہوگا یعنی ان کی روحیں جانتی ہیں لیکن راوی کو یسمعون یاد رہا کہ ان کے جسم سنتے ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ علم صفت روح ہے اور یہ وقت

کفار کی حیات جسمانی کا نہ تھا تو اس وقت اثبات اسماع اجسام منافی آیت ہے ہاں علم حاصل ہے کہ
روحوں کا خاصہ ہے اور وہ باقی ہے چونکہ حضرت ام المومنین واقعہ بدر میں حاضر نہ تھیں تو انھوں نے آیت
سے اسماع جسمانی کی ممانعت مدنظر رکھتے ہوئے اس واقعہ کے سماع اجسام کا انکار کیا نہ کہ ادراک روحانی
کا لہذا حضرت ام المومنین کا انکار مترجم کو مفید نہیں کہ ہم سماع جسمانی کے مدعی نہیں تو ام المومنین کا کلام نہ
ہمارے مخالف کہ سمع وادراک روحانی کا رد کرے نہ مترجم کی دلیل کہ سماع روحانی کی مخالفت کرے۔

ثانیا: حضرام المومنین کی خود حدیث گذری کہ جب سے روضۃ شریف میں حضرت عمر دفن ہو
ئے میں ان کی شرم سے بے حجاب داخل نہیں ہوتی تو جب ام المومنین نے اصحاب قبور کا ابصار (دیکھنا) مانا
تو وہ سماع کیوں کر نہ مانیں گی کہ سماع حال ابصار سے محل قریب میں قلیل الشرائط ہے اور حجاب ابصار کا تو
مانع ہو جاتا ہے سماع کا نہیں ہوتا۔

ثالثا: حضرت ام المومنین کی وہ حدیث صحیح جو ترمذی شریف وغیرہ میں مروی ہے کہ ام المومنین
جب مکہ مکرمہ آئیں تو اپنے بھائی حضرت عبدالرحمن کے مزار پر گئیں اور درود شعر پڑھ کر اپنے بھائی سے
مخاطب ہو کر فرمانے لگیں۔

والله لو حضرتك ما دفنت الا حيث مت ولو شهد تك ما زرتك ۔

خدا کی قسم اگر میں آپ کے وقت انتقال موجود ہوتی تو آپ وہیں دفن ہوتے جہاں آپ کا
انتقال ہوا تھا۔ اور اگر میں اس وقت آپ کے پاس ہوتی تو اب آپ کی زیارت کو نہ آتی۔

اس حدیث سے واضح طور معلوم ہو گیا کہ اگر حضرت ام المومنین ادراک وسماع کی منکر ہوتیں تو
اس کلام وخطاب کے کیا معنی تھے کیا کوئی عاقل اینٹوں پتھروں سے بھی کلام کرتا ہے۔

رابعا: حضرت علامہ شہاب الدین قسطلانی نے مواہب لدینہ میں اس کے جواب میں فرمایا۔

ان فی المغازی لابن اسحاق من رواية يونس بن بكير باسناد جيد عن عائشة
حديثا وفيه ما انتم باسمع لما اقول منهم واخرجه الامام احمد باسناد حسن فان كان
محفوظا فكانها رجعت عن الانكار لما ثبت عندها من رواية هو لاء الصحابة لكونها لم
تشهد القصة ۔　(مواہب جلد ا ص ۸۴)

بیشک ابن اسحاق کے مغازی میں بسند جید یونس بن بکیر کی روایت سے خود حضرت عائشہ سے
حدیث مروی ہے کہ انھوں نے اسی قصہ بدر میں یہی الفاظ روایت کئے کہ حضور نے فرمایا تم میرا فرمانا کچھ

ان سے زیادہ نہیں سنتے اور اس حدیث کو امام احمد نے بھی بسند حسن حضرت عائشہ سے روایت کیا تو اگر یہ
محفوظ ہے تو حضرت عائشہ نے انکار سے رجوع فرمایا جب انھیں حاضرین واقعہ صحابہ کرام کی روایت ثابت
ہوگئی کہ ام المومنین خود واقعہ بدر میں موجود نہ تھیں۔

لہذا اس جواب کی بنا پر حضرت ام المومنین کا اب بھی منکر سماع قرار دینا مترجم کی نادانی اور
جہالت ہے۔

خامسا: انھیں علامہ قسطلانی نے اسی میں حضرت امام اسماعیل کا جواب نقل فرمایا۔

والجمع بين الذين ان انكرته واثبته غيرها ممكن لان قوله تعالىٰ انك لا تسمع الموتىٰ لا
ينافی قوله عليه الصلوه والسلام انهم الان يسمعون لان الاسماع هو ابلاغ الصوت من
السمع فی اذن السامع فالله تعالىٰ هو الذی اسمعهم بان ابلغهم صوت النبی صلی الله
تعالىٰ عليه وسلم بذلك واما جوابها بانه انما قال انهم فيعلمون فان كانت سمعت ذلك
فلا ينافی رواية يسمعون بل يوئيدها ۔ (مواہب شریف جلد ا ص ۴)

حضرت عائشہ کے انکار سماع اور دیگر صحابہ کے اثبات میں جمع ممکن ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے اس
قول انك لا تسمع الموتىٰ اور حضور علیہ السلام کے اس قول انهم الان يسمعون میں تنافی نہیں۔ ا
سلئے کہ اسماع کے معنی سنانے والے کی آواز کا سننے والے کے کان میں پہنچانا ہے تو اللہ تعالیٰ نے کفار کو اس
طرح سنایا کہ ان کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آواز پہنچادی لیکن حضرت واشہ کا یہ جواب کہ حضور نے
انهم ليعلمون فرمایا اگر انھوں نے اس کو سنا تھا تو یہ يسمعون کی روایت کی منافی نہیں بلکہ اس کی موئد
ہے۔

بنظر اختصار اس وقت یہ پانچ جواب منقول ہوئے جن سے روشن طور پر ثابت ہو گیا کہ منکرین
سماع موتی نے نہ آیت کے صحیح معنی سمجھے نہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے انکار کی حقیقت سمجھ
سکے بلکہ محض اپنی جہالت سے حضرت ام المومنین کا کلام بغیر سوچے سمجھے سماع میں پیش کر دیتے ہیں اور ا
س سے غلط استدلال کیا کرتے ہیں۔

پھر اس مترجم نے حضرت قتادہ کا کلام بھی بلا غور وفکر نقل کر دیا ہے علامہ قسطلانی اسی مواہب
شریف میں فرماتے ہیں۔

قال قتادة احياهم الله تعالىٰ تو بيخاو تصغير او نقمةوحسرة وفيه رد على من انكرا

نهم يسمعون ۔ (مواہب شریف جلد ۱ ص ۸۴)

حضرت قتادہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے کفار مقتولین بدر کو ملامت و ذلت اور عقوبت وحسرت کیلئے زندہ کیا، اس میں منکرین سماع پر رد ہے۔

لیکن اس جاہل مترجم نے حضرت قتادہ کے کلام کو اپنی سند بنا کر پیش کر دیا۔

اصل جواب

مترجم نے اس آیۃ کریمہ کے تحت میں یہ لکھا کہ امام ابوحنیفۃ وصاحبین وتمام فقہائے حنفیہ جماعت علماء کا یہی قول ہے کہ مردے نہیں سنتے ہیں پھر مترجم صاحب نے اپنی ساری بحث کا دارومدار اسی کو قرار دیکر احناف پر طعن و تشنیع کی اور اپنا غیر مقلد اور دشمن احناف ہونا ظاہر کیا اور سائل صاحب کے سوال کا مقصود اصلی بھی اس مسئلہ کا تصریحات فقہاء سے جواب حاصل کرنا ہے۔

مترجم صاحب کے لئے تو احادیث اور اقوال صحابہ سے بلکہ خود اسی آیۃ کریمہ سے یہ ثابت کر دیا گیا کہ موتے کے لئے سماع، ادراک، علم، کلام، ابصار ثابت ہے۔ اب مترجم کا اس سے انکار گویا احادیث اور اقوال صحابہ کی کھلی ہوئی مخالفت ہے۔

اب باقی رہی فقہاء کی تصریحات ان کو بھی ہم بطور نمونہ پیش کرتے ہیں اگر چہ ہمیں اس کی کوئی حاجت نہیں تھی کہ جب اس قدر احادیث اور اقوال وافعال صحابہ اس مسئلہ میں موجود ہیں تو کیا فقہاء حنفیہ اور جماعت علماء بلکہ خود امام الائمہ سراج الامۃ امام اعظم اور حضرات صاحبین سے یہ متوقع ہو سکتا ہے کہ تمام حضرات ان صریح احادیث کی مخالفت کر کے سماع موتی کا انکار کریں۔

سراج الامہ امام الائمۃ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی کتاب فقہ اکبر میں اہل اسلام کا عقیدہ تحریر فرماتے ہیں۔

واعادة الروح الى جسد العبد فى قبر حق ۔ (فقہ اکبر مصری ص ۴)

قبر میں بندے کے جسم کی طرف روح کا لوٹانا حق ہے۔

علامہ قاری علیہ رحمۃ اللہ الباری اسی کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں۔

اعلم ان اهل الحق اتفقوا على ان الله تعالىٰ يخلق فى الميت نوع حياة فى القبر قدر مايتألم او يتلذذ لكن اختلفوا فى انه هل يعاد الروح اليه والمنقول عن ابى حنيفة رحمة الله التوقف الا ان كلامه هنا يدل على اعادة الروح ۔

(شرح فقہ اکبر مصری ص ۹۰)

جانو کہ تمام اہل حق کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اللہ تعالیٰ قبر کے اندر مردے میں اس قدر نوع حیات پیدا کرتا ہے جس سے وہ تکلیف اور راحت کا احساس کرتا ہے لیکن انھوں نے اس میں اختلاف کیا کہ جسم کی طرف روح لوٹائی جاتی ہے تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا اس میں توقف منقول تھا مگر یہاں امام اعظم کا کلام روح کے اعادہ پر دلالت کرتا ہے۔

نیز یہی ملا علی قاری اسی شرح میں روح وجسم کے تعلقات ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

الرابع تعلقها به فى البرزخ فانها وان فارقته وتجردت عنه فانها لم تفارقه فراقا كليا بحيث لا يبقى لها اليه التفات البتة فانه ورد ردها اليه وقت سلام المسلم عليه وورد انه يسمع خفق نعالهم حين يولون عنه وهذا الرد اعادة خاصة لا توجب حياة البدن قبل يوم القيمة ۔ (شرح فقہ اکبر مصری ص ۱۱۵)

چوتھا روح کا بدن کے ساتھ برزخ میں تعلق تو اگر چہ روح نے بدن سے مفارقت اور علیحدگی کی مگر اس نے بدن سے ایسا فراق کلی نہ کیا کہ اب اس کو بدن کی طرف کسی طرح کا التفات ہی باقی نہ رہا بلکہ قبر پر مسلمانوں کی سلام کے وقت اس کا بدن کی طرف لوٹنا وارد ہوا ہے اور جب لوگ قبر سے واپس ہوتے ہیں اس وقت اس کا ان کی جوتیوں کی پہچل کا سننا وارد ہوا ہے اور روح کا یہ لوٹنا ایک خاص طور کا مراد ہے جو روز قیامت سے قبل بدن کی حیات کو واجب نہیں کرتا ہے۔

ان عبارات سے واضح طور پر ثابت ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ قبر میں مردے کو ایک خاص طرح کی حیات دیتا ہے اور روح بدن سے نکلنے کے بعد اسے بالکل جدا اور علیحدہ نہیں ہو جاتی بلکہ بدن سے تعلق خاص رکھتی ہے زائرین کے سلام کے وقت بدن کی طرف لوٹ کر آ جاتی ہے۔ ان کی جوتیوں کی پہچل سنتی ہے لہٰذا ان عبارات نے سماع کو تو بصراحت ثابت کر دیا۔ اب رہے ادراک، علم، شعور، کلام وغیرہ کہ یہ ساری باتیں حیات پر مرتب ہیں اور جب میت میں ایک نوع حیات ثابت ہوئی تو اب ان باتوں کا انکار سخت نادانی وجہالت ہے علامہ شامی شارح لباب سے ناقل ہیں۔

قال محمد بن واسع الموتىٰ يعلمون بزوارهم يوم الجمعة ويوما قبله ويوما بعده فتحصل الى يوم الجمعة افضل ۔ (شامی مصری جلد ۱ ص ۶۳)

محمد بن واسع نے فرمایا مردے جمعہ کے دن اور اس کے قبل ایک دن اور اسکے بعد ایک دن اپنے

زائرین کو پہچانتے ہیں تو حاصل یہ ہے کہ زیارت جمعہ کے دن افضل ہے۔

ملاعلی قاری شرح لباب میں زیارت قبور کے آداب میں تحریر فرماتے ہیں۔

ثم من ادب الزيارة ماقالوا من انه يا تى الزائر من قبل رجلى الموتى لا من قبل رأسه لانه اتعب لبصرالميت بخلاف الاول لانه يكون مقابل بصره ـ

(شامی مصری جلد ۱ ص ۶۳۱)

زیارت قبور کے آداب سے ایک یہ بات ہے جو علماء نے فرمائی کہ زیارت کو قبر کی پائینی سے جائے نہ سرہانے سے کہ اس میں میت کی نگاہ کو مشقت ہوگی (یعنی سر اٹھا کر دیکھنا پڑے گا۔) اور پائینی سے جائیگا تو اس کی نظر کے حصہ کے سامنے ہوگا۔

طحطاوی شرح مراقی الفلاح میں سماع موتی کی بحث میں ہے۔

قدورد ان ارواح السعداء تطلع على قبورهم قالوا واكثر ما يكون منها ليلة الجمعة ويومها وليلة السبت الى طلوع الشمس قيل واذا كانوا على قبورهم يسمعون من يسلم عليهم ولو اذن لهم لردوا السلام ـ (طحطاوی مصری ص ۳۲۷)

بیشک وارد ہوا کہ نیکوں کی روحیں اپنی قبروں پر جلوہ افروز ہوتی ہیں علماء نے فرمایا کہ اکثر وہ جمعہ کی رات اور اس کے دن اور ہفتہ کی رات میں طلوع آفتاب تک رہتی ہیں تو جب وہ اپنی قبور پر ہوئیں تو ان پر سلام کرے ان کا سلام سنتی ہیں اور ان کو اذن دیا جاتا ہے تو سلام کا جواب دیتی ہیں۔

اسی طحطاوی اور شرح منیہ میں ہے اور عبارت شرح منیہ کی یہ ہے۔

وانما لا ينهى عن التلقين بعد الدفن لانه لا ضرر فيه بل فيه نفع فان الميت يستانس بالذكر على ما ورد في الآثار ـ (شامی مصری جلد ۱ ص ۵۹۶)

دفن کرنے کے بعد تلقین سے منع نہ کیا جائے کیونکہ اس میں کوئی نقصان نہیں ہے بلکہ فائدہ ہے بیشک اللہ تعالیٰ کے ذکر سے مردے کا جی بہلتا ہے جیسا کہ حدیثوں میں آیا ہے۔

علامہ جلال الدین سیوطی شرح الصدور میں فتاوے قاضی خاں سے ناقل ہیں۔

من قرأ القران عند القبور فان نوى بذلك ان يو سعهم صوت القرآ ن فانه يقرأ

(شرح الصدور ص ۱۳۰)

مقابر کے پاس قرآن پاک پڑھنے سے اگر یہ نیت ہو کہ قرآن کی آواز سے مردوں کا جی بہلے

تو بیشک پڑھے۔

اور شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی اپنی کتاب جذب القلوب میں تحریر فرماتے ہیں۔

بدانکہ تمامہ اہلسنت و جماعت اعتقاد دارند بہ ثبوت ادراکات مثل علم وسمع مر سائر اموات را از احاد بشر۔ (جذب القلوب مطبوعہ ناصری ص ۱۴۳)

جانو کہ تمام اہل سنت و جماعت اس بات کا اعتقاد رکھتے ہیں کہ احاد بشر سے تمام مردوں کے لئے ادرکات جیسے علم اور سماع ثابت ہے۔

یہی شیخ علیہ الرحمۃ اسی جذب القلوب میں علامہ قونوی کا کلام نقل فرماتے ہیں۔

درمیان قبور سائر مومنین وارواح ایشان نسبت خاصی ست مستمر کہ بداں زائراں رامی شناشد ورد وسلام بر ایشان میکند بدلیل استحباب زیارت در جمیع اوقات بعد ازاں احادیث دلالت دراد برآں کہ اموات را ادراک وسماع حاصلست وشک نیست کہ سمع از اعراضی ست کہ مشروط ست بحیات پس ہمہ حی اند لیکن حیات ایشاں در مرتبہ کمتر از حیات شہدا است۔ (جذب القلوب ناصری ص ۱۴۷)

تمام مسلمانوں کی قبور اور ان کی ارواح کے درمیان ہمیشہ ایک ایسا خاص تعلق رہتا ہے جس سے وہ زائرین کو پہچانتے ہیں اور ان کے سلام کا جواب دیتے ہیں کہ تمام اوقات میں زیارت کا مستحب ہونا اس کی دلیل ہے پھر اس باب میں بہت سی احادیث لا کر کہا کہ یہ تمام احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ مردوں کو ادراک اور سماع حاصل ہے اور اس میں شک نہیں کہ سمع اعراض سے ایک عرض ہے جو حیات کے ساتھ مشروط ہے تو وہ تمام حی ہیں لیکن ان کی حیات شہداء کی حیات سے رتبہ میں بہت کم ہے۔

ان عبارات سے نہایت واضح طور پر موتی کے علم، ادراک، ابصار، کلام، جواب سلام اور سماع کا ثبوت فقہائے حنفیہ بلکہ خود حضرت امام اعظم رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تصریحات سے ثابت ہو گیا۔ مترجم کا یہ افترا اور بہتان ہے کہ امام ابوحنیفہ وصاحبین وتمام فقہائے حنفیہ و جماعت علماء کا یہی قول ہے کہ مردے نہیں سنتے ہیں۔ ابھی حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی عبارت سے ثابت ہوا کہ تمام اہل سنت و جماعت کا یہی اعتقاد ہے کہ مردوں کو ادراک وسماع حاصل ہے۔ لہذا یہ کس طرح ممکن ہے کہ حضرت امام اعظم اور تمام ائمہ حنفیہ تمام اہل سنت و جماعت کے اعتقادی مسئلہ کی مخالفت کریں۔ تو اب تمام اہل سنت و جماعت کے عقیدے کا مخالف صراط مستقیم سے منحرف، قطعی غیر مقلد، بندہ نفس، اسلام میں فساد اور

رخنہ ڈالنے والا، اہل اسلام میں باہم نزاع اور پھوٹ ڈالنے والا، مسلمانوں کے اختلاف کی مخالفت کر
نے والا، احادیث صریحہ کا انکار کرنے والا، اقوال ائمہ سے روگردانی کرنے والا، آیت کی مراد کو بد
والا، یہی مترجم بددین اور اس کا فرقہ ضالہ ہے۔ مولیٰ تعالیٰ ایسے بدینوں کے شر سے محفوظ رکھے اور
ہمیں ہمیشہ صراط مستقیم پر ثابت قدم رکھے۔ بجاہ سید المرسلین وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ
واصحابہ اجمعین۔ **کتبہ**: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

یاعبادی
(۱۱۲۲)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مدظلہم العالی مسئلہ ذیل کے متعلق
سوال: ولید (جو دیوبندی ہے) کہتا ہے کہ قل یعبادی الایۃ کی ضمیر یا کسی مفسر نے حضور
جانب راجع نہیں بتائی۔ حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا شعر بحوالہ بحر العلوم دفتر اول جلد اص ۴
پیش کیا جاتا ہے تو کہتا ہے کہ مولانا روم مفسر نہیں ہیں مفسر کا حوالہ دریافت کرتا ہوں۔ حضرت مولانا روم
شعر یہ ہے۔

بندہ خود خواند احمد در رشاد جملہ را بخواند قل یعباد

المستفتی۔ عبد سید الخلائق والبشر محمد ریاض الحسن نیر جودھپوری

الجواب:

آئے دن نت نئے اختلافات کرنا اہل اسلام میں طرح طرح کے فتنے پیدا کرنا دیوبندی قوم
ایک شعار ہوگیا ہے۔ پھر دنیا میں ہر قوم وملت کے کچھ اصول ہوتے ہیں جن کی پابندی وہ اپنے اوپر لازم
کر لیتی ہے مگر دیوبندی قوم کسی اصول کسی قاعدہ کی پابند نہیں اگر اپنے جاہل پیروں کم فہم علاموں کا
بڑھائیں تو اس قدر بڑھائیں۔ کہ ان کو ہم استاد انبیاء ٹھہرادیں۔ ان کو بے وساطت حضرات انبیاء حصول
علوم مانیں۔ ان پر وحی کا اثبات کردیں۔ ان کو جزئی جزئی معاملہ پر مطلع تسلیم کرلیں۔ انھیں جنت
۔ دوزخ۔ سدرۃ المنتہیٰ اور بیت المعمور اور امارات افلاک کے واقعات کا علم حتیٰ کہ لوح محفوظ کا کشف

لیں بلکہ ان کے لئے زمیں کی چیزوں کا تفصیلی علم۔ اسی طرح مسلمانوں کا علم بتادیں۔

اور اگر کسی کا علم گھٹانا چاہیں تو اس قدر گھٹادیں کہ علم الخلق قاسم علوم امکان واقف اسرار جہان
عالم ما کان وما یکون۔ مطلع علی الغیوب سید انبیاء محبوب کبریا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کے اپنے ملایان کا شاگرد قرار دیدیں۔ نہیں نہیں بلکہ حضور کے علم رفیع کو شیطان اور ملک الموت کے علم
سے کم بتادیں۔ پھر اتنے ہی پر اکتفا نہیں بلکہ حضور اعلم الخلق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم اقدس کو گدھے
اور سور کے علموں کی برابر ٹھہرانا یہی لوگ عالم ما کان وما یکون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے
لئے آسمان وزمین کے مقامات کا تفصیلی علم لوح محفوظ پر اطلاع کائنات کی جزئی جزئی کا علم ثابت کرنا
شرک قرار دیں لہٰذا ان کے نزدیک کسی کے علم کے زائد اور کم ہونے کا کوئی معیار نہیں جس کو چاہیں تو قاسم
علوم منبع علوم علم وفضل کا بادل اور سرچشمہ کہدیں اگرچہ وہ نہایت ناقابل کم فہم بے علم جاہل ہو اور جس کو
چاہیں نارقف، غیر قابل کج فہم۔ جاہل بتادیں۔ اگرچہ وہ کیسا ہی بڑا جید عالم بحر العلوم منبع علم وفضل قاسم
علوم ہی کیوں نہ ہو۔

پھر ایسی قوم سے حضرت مولانا جلال الدین رومی کے وقار علمی گھٹانے کی کیا شکایت کی جائے جو
ان کے آقا ومولیٰ اعلم الخلق عالم ما کان وما یکون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کمال علمی
کا گھٹانا اپنا شعار مذہبی سمجھتی ہو، اس کور باطن کو مولانا کی جلالت کیا نظر آئے۔ اہل نظر سے دریافت کیجئے
کہ مولانا کیا چیز تھے۔ اسی مثنوی شریف کے اختتام میں عمدہ السالکین زبدۃ العارفین قدوۃ المحققین مولانا
وفاء فرماتے ہیں۔

روح مولانا جلال الدین روم مہر برج معرف بحر علوم
جملہ دانیان بفضلش معترف گشتہ از دریائے علمش مغترف

بعض بزرگوں نے مولانا مرحوم کے اوصاف میں یہ فرمایا جس کو مثنوی شریف کے ٹائٹل پر درج
کیا گیا۔

من چہ گویم وصف آن عالیجناب نیست پیغمبر و لے دارد کتاب
مثنوی مولوی معنوی ہست قرآں در زبان پہلوی
کاشف قرآن وحلال مثل درج در وے حال اقطاب ورسل

سفینۃ الاولیاء میں مولانا کے حالات میں تحریر فرماتے ہیں۔

چہار صد طالب علم ہر روز بدرس ایشاں حاضر میشدند۔

ان کے درس میں روزانہ چار سو طالب علم حاضر ہوتے۔

لہٰذا تعجب ہے کہ ایسے بحر علوم، منبع فنون، مرجع طلبہ، کاشف الاسرار قرآنی، حلال رموز فرقانی، واقف مخفیات، تو مفسر نہ ہو سکے اور اگروہ کا نا ایک نابینا ملا ایسا مفسر بن جائے جس کے مرثیہ میں شیخ الہند مولوی محمود حسن دیوبندی لکھتے ہیں۔

مفسر ایسا لائینگے کہاں سے یا خدا جس کے ہوں قول وفعل دونوں کاشف اسرار قرآنی

اور یہی مسیح الہنود انھیں گنگوہی جی اور ایک نانوتوی ملا کے متعلق لکھتے ہیں۔

ہے اگر انکار کے قابل تو رسالت ان کی ورنہ ہیں جامع ہر خوبی امکان دونوں

اہل انصاف غور فرمائیں کہ یہ چند محدود کتابیں جاننے والے گنگوہی جی ونانوتوی جی تو مفسر اور جامع ہر خوبی امکان ہو جائیں اور حضرت مولانا روم جیسا بحر العلوم مفسر نہ ہو سکے اور پھر ان گنگوہی ونانوتوی کے اقوال جو آیات واحادیث اور اجماع سلف وخلف کے صریح مخالف ہوں وہ تو تفسیر قرآن بن جائیں چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رحمۃ العلمین ہونے کی صفت خاصہ قرار دے۔

وما ارسلنٰك الا رحمة اللعلمين ۔

ہم نے آپ ہی کو رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا۔

اور گنگوہی مفسر یہ کہے کہ رحمۃ للعالمین صفت خاصہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہیں۔

(فتاویہ رشیدیہ جلد ۲ ص ۱۲)

اسی طرح اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سب انبیاء میں آخر نبی فرمایا

ما کان محمد ابااحد من رجالکم ولکن رسول الله و خاتم النبيين۔

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی کے باپ نہیں لیکن رسول اللہ اور آخر الانبیا ہیں۔

اور دیوبندیوں کا نانوتوی مفسر یہ کہے کہ عوام کے خیال میں تو رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خاتم ہونا بایں معنی ہے کہ آپ اس میں آخری نبی ہیں مگر اہل فہم پر روشن ہوگا کہ تقدم یا تاخر زمانی میں بالذات کچھ فضیلت نہیں۔ (تحذیر الناس ص ۳)

پھر اسی مضمون کو اور صاف کر دیا) بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کوئی نبی

پیدا ہوتو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کوئی فرق نہ آئیگا (تحذیر الناس ص ۲۸)

مسلمانو! دیکھو دیوبندیوں کے یہ پیشوا ان آیات کے مضامین کی صریح مخالفت کررہے ہیں اور ان کے یہ اقوال تمام متقدین ومتاخرین مفسرین کے خلاف ہیں احادیث ان کی مخالفت کرتی ہیں مگر دیوبندی قوم ان کے ان اقوال کو ان آیات کی تفسیر مانتی ہے اور ان دونوں کو ماہر خوبی امکان اور بے مثل مفسر کاشف اسرار قرآنی کہتی ہے۔

حضرت مولانا روم علیہ الرحمۃ کے قل یاعبادی کے متعلق شعر مذکور فی السوال کو تفسیر نہیں مانتے اور مولانا کو مفسر تسلیم نہیں کرتے باوجودیکہ مولانا کا یہ مضمون تفاسیر کے موافق، احادیث وآیات کے موافق، تصریحات علماء کے موافق۔ اگر ان کے جمع کرنے کا قصد کیا جائے تو ایک مستقبل رسالہ اسی بحث میں تیار ہو جائے۔ اور پھر کسی ایسے ہی دریدہ دین دیوبندی کو کہتے کیا لگتا ہے کہ سلف وخلف سے جس کا قول پیش کروں اس کے متعلق یہ کہدے کہ یہ مفسر نہیں۔ یا جس حدیث کو پیش کروں اس کے متعلق بلا تحقیق یہ بک دے یہ محدث نہیں۔

میں مخالف کی دہن دوزی کے لئے اس قدر حوالے پیش کئے دیتا ہوں۔

وہابیہ سنو اور خوب غور سے سنو! کہ تمہارے ہی دیوبندی قوم کے پیرومرشد حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی نفحہ مکیہ ترجمہ شمائم امدادیہ میں لکھتے ہیں۔

عباد اللہ کو عباد رسول کہہ سکتے ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

قل يعبادى الذين اسرفو اعلى انفسهم لا تقنطو امن رحمة الله۔

مرجع ضمیر متکلم کا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں (نفحہ مکیہ ترجمہ شمائم امدادیہ ص ۱۳۵)

طرفہ یہ ہے کہ دیوبندی قوم کے حکیم سرگروہان وہابیہ کے آخری یادگار جماعت بھر کے سب سے بڑے مفسر مولوی اشرفعلی صاحب تھانوی اس عبارت پر یوں حاشیہ چڑھاتے ہیں۔ قرینہ بھی اسی معنی کا ہے۔

آگے فرماتا ہے لا تقنطو امن رحمة الله اگر مرجع اس کا اللہ ہوتا تو فرماتا من رحمتی کہ مناسبت عبادی کی ہوتی۔

مسلمانو! سچ وہ ہے جو سر پر چڑھ کر بولے۔ دیوبندی قوم کیلئے اس سے زیادہ معتبر ومستند اور اس [illegible] وصریح اور اس سے بڑھتا چڑھتا منہ توڑ جواب اور مسکت حوالہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ ان کی

قوم بھر کے پیر نے صاف لکھدیا کہ یعبادی کی یا ضمیر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف راجع ہے
اور پھر تھانوی صاحب نے اسی کو موافق قرینہ بتایا اور آیت میں اسی یائے ضمیر کو اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہونے کو نامناسب ٹھہرایا۔

لہذا ولید کو ان سے بڑا اور کونسا مفسر مل سکتا ہے جس کا مقابلہ میں تمام متقدین ومتاخرین مفسرین کی تفاسیر رد اور باطل کردی جاتی ہیں۔

اب باقی رہے ہمارے برادران اہل سنت ان کیلئے مولانا روم علیہ الرحمۃ کا شعر کافی دلیل ہے اور اس شعر کی نفیس شرح بحر العلوم سے اور چند عبارات عبدالنبی نام رکھنے کے جواب میں نقل کر چکا ہوں۔ یہ فتوے اسی فتاوی میں موجود ہے۔ من شاء فلیرجع الیہ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

رسالہ الفرقان کے ایڈیٹر کا رد

وہابیہ علم غیب کا ایک جزئی بھی خدا کے سوا کسی کو کسی طرح حاصل نہیں مانتے، اسی کو آپ نے سلب کلی سے تعبیر کیا ہے۔ مصنف صاحب اب آپ یہاں یہ تاویل بھی نہیں کر سکتے کہ ہمارے یہ پیشوا حضور نبی کریم اور انبیائے مرسلین کے لئے علم جزی بالعطا مانتے ہیں کہ آپ کی یہ تاویل بھی ان کی تصریحات کے خلاف ہے۔

(۱) فتاوے رشیدیہ جلد اول ص ۹ میں گنگوہی جی لکھتے ہیں ''اگر عقیدہ (زید کا اس سبب سے ہے کہ آپ کو حق تعالیٰ نے علم دیا تھا تو خطا صریح ہے ایسا کہنا اور کفر نہیں اور جو یہ عقیدہ کہ خود بخود آپ کو علم تھا بدوں اطلاع حق تعالیٰ تو اندیشہ کفر کا ہے۔

(۲) مولوی عزیز الرحمٰن مفتی دیوبند اپنے فتوے میں لکھتے ہیں جو اسی فتاوے رشیدیہ حصہ سوم کے ص ۳۶ پر درج ہے اور یہ جو کہتے ہیں کہ علم غیب جمیع اشیاء آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ذاتی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا عطا کیا ہوا ہے۔ سو محض باطل اور خرافات میں سے ہے۔

(۳) اور خود آپ کے امام نافرمان مولوی اسمٰعیل دہلوی نے اس تاویل کا قلع قمع ہی کر دیا کہ اپنی کتاب تقویۃ الایمان میں امور غیبیہ کے علم کو اللہ تعالیٰ کا خاصہ ثابت کرتے ہوئے صاف طور پر لکھتے ہیں ''اللہ کا علم اور کو ثابت کرنا سو اس عقیدے سے آدمی البتہ مشرک ہوجاتا ہے خواہ یہ عقیدہ انبیاء و اولیاء سے خواہ پیر وشہید سے خواہ امام و امام زادہ سے خواہ بھوت و پری سے پھر خواہ یوں کہے کہ یہ بات ان کو اپنی ذات سے ہے خواہ اللہ کے دینے سے غرض اس عقیدے سے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔

(تقویۃ الایمان س ۱۰)

ان تینوں عبارتوں سے صاف طور پر معلوم ہوگیا کہ آپ کے امام و پیشوا ایک بات کا علم غیب بالعطا بھی حضرات انبیاء و مرسلین کے لئے نہیں مانتے بلکہ جو ان کے لئے علم غیب عطائی مانے اس کو مشرک کہتے ہیں۔

لہذا اب آپ کے مذہب کا خلاصہ یہ ہوا کہ امور غیبیہ کا علم سوائے خدا کے کسی کو کسی طرح حاصل نہیں۔ نہ ذاتی وعطائی ہے، نہ کلی وجزمی، نہ علوم خمس۔ باقی غیوب کا جب کہ ابھی ان منقولہ تیرہ عبارا

سے ظاہر طور پر ثابت ہوگیا اسی کو آپ نے سلب کلی کہا۔ تو اس دوسرے احتمال کے قائل پیشوایان وہابیہ
میں اور یہی لوگ اپنے اس مدعیٰ پر آیات نفی سے استدلال کیا کرتے ہیں۔ اور ایڈیٹر صاحب آپ
دوسری احتمال کو غلط اور باطل کہتے ہیں۔ تو آپ کے نزدیک آپ کے پیشواؤں کا مذہب غلط اور باطل
ہے۔ پھر آپ ان غلط گو باطل پرستوں کو اپنا پیشوا کیوں بنائے ہوئے ہیں۔ بہت جلد ان سے بیزاری
ظاہر کیجئے ورنہ اپنی اس غلطی کا اظہار کیجئے۔ یا اس کی کوئی صفائی پیش کیجئے۔

اب باقی رہا ایڈیٹر صاحب کا یہ کہنا کہ

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بتعلیم خداوندی ان امور نزول باراں اور مافی الارحام وغیرہ کی
بعض منتشرہ جزئیات کا علم ہونا ناقابل انکار حقیقت ہے۔ (الفرقان ص ۱۳)

اور یہ قول کہ

مدعیان علم غیب اس سے امور خمس کا علم ثابت کرنے کے لئے جو روایات پیش کرتے ہیں ان
سے صرف بعض جزئیات منتشرہ کا علم ثابت ہوتا ہے اور ہم اس کے منکر نہیں۔ ہم تو کہتے ہیں ہوسکتا ہے کہ
حق تعالیٰ نے ایسی ایسی سیکڑوں ہزاروں جزئیات منتشرہ کا علم آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اپنے
دوسرے مقبولین ومقربین کو عطا فرمایا ہو۔ (الفرقان ص ۱۴)

یہ آپ کے پیشواؤں کی انھیں عبارات منقولہ سے باطل ہے بلکہ آپ اس اعتقاد کی بنا پر خود اپنے
مقتداؤں کے حکم سے مشرک ہیں کہ انھوں نے صاف کہہ دیا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے
علم غیب ثابت کرنا صریح شرک ہے۔ اور انھوں نے صاف طور پر لکھ دیا کہ کلام اللہ اور احادیث حضور
اثبات علم غیب کی مخالفت کرتی ہیں۔ اور چاروں ائمہ اور جملہ علماء کا اتفاق ہے کہ انبیاء کرام غیب پر مطلع
نہیں۔

لہٰذا ایڈیٹر صاحب آپ اپنے اکابر کے حکم سے صریح مشرک باطل پرست۔ کلام الٰہی اور احادیث
کے مخالف۔ چاروں ائمہ جملہ علماء کے اتفاق کے قادح۔ غیر خدا کے لئے خاصہ خدا کے مثبت قرار پائے
اور بفتوائے گنگوہی جی آپ کے پیچھے نماز نادرست۔ ہم نے ابھی ان کی اصلی عبارات بقید صفحات نقل
کیں۔

اور اس علم خمس کے متعلق آپ کے امام مولوی اسمٰعیل دہلوی نے تقویۃ الایمان کے ص ۔۔۔ پر
صاف لکھدیا۔

وہ پانچ باتیں کہ سورہ لقمان کے آخر میں مذکور ہیں اور ان کی تفسیر اس فصل کے اول میں گذر گئی کہ
جتنی غیب کی باتیں ہیں سو انھیں پانچ میں داخل ہیں سو جو کوئی یہ بات کہے کہ پیغمبر خدا وہ پانچوں باتیں
جانتے تھے یعنی سب غیب کی باتیں جانتے تھے سو وہ بڑا جھوٹا ہے بلکہ غیب کی بات اللہ کے سوا کوئی نہیں
جانتا۔ (تقویۃ الایمان ص ۳۱)

دیکھئے آپ کے امام تو یہ کہتے ہیں اور آپ انھیں علوم خمس کے سیکڑوں ہزاروں جزئیات کو ثابت
کرکے اپنے امام کے حکم سے صدہا ہزار ہا جھوٹوں کے برابر ٹھہرے اور آپ نے یہ کہہ کر کہ (ہم اس کے
منکر نہیں) اپنی غلط بیانی اور صریح کذب گوئی کا اظہار کیا۔ تو آپ ہر اعتبار سے سخت جھوٹے اور انتہائی
کاذب ہوئے کہ آپ کا عقیدہ تو وہی ہے جو انھوں نے اپنی تصنیفات میں لکھا۔

علاوہ بریں آپ نے جس قدر اس سے قبل احادیث واقوال صحابہ مفسرین نقل کئے ان سب سے
آپ نے یہی نتیجہ نکالا تھا کہ علوم خمس کا علم خاصہ حق تعالیٰ کا ہے اس کو کوئی غیر خدا کسی طرح نہیں
جانتا خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان امور خمس کے علوم کی اپنی ذات سے نفی کی اور اپنے لئے ان کی
عطا کا صاف انکار کیا۔ یہاں بھی آپ نے دو حدیثیں نقل کیں جن کا مضمون یہ تحریر کیا۔

ربعی بن حراش رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہم نے نقل کی ہے وہ حضور کی حیات طیبہ کے آخری
زمانے کی ہے اور اس میں بھی حضور نے سائل کے اس سوال کے جواب میں کہ کیا علم میں سے کوئی چیز
ایسی بھی ہے جس کو آپ نہ جانتے ہوں۔ ارشاد فرمایا کہ بیشک اللہ نے مجھے بہت سے اچھے علوم عطا
فرمائے اور یقیناً بعض علوم وہ بھی ہیں جن کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

(مثلاً) وہ پانچ چیزیں جو سورہ لقمان کی اس آخری آیۃ ان اللہ عندہ علم الساعۃ الایۃ میں
مذکور ہیں۔ اور علی ہذا حضور کی عمر شریف کے آخری حصہ میں جب حضرت جبریل نے ایک اجنبی کی شکل
میں آکر حضور سے چند اور سوالات کے بعد یہ سوال کیا کہ قیامت کب آئیگی۔ تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم نے حسب روایت حضرت ابن عباس وابو عامر اشعری رضی اللہ عنہم) جواب دیا کہ سبحان اللہ پانچ
چیزیں تو وہ ہیں جن کا علم سوائے خدا کے کسی کو بھی نہیں اور وہ وہی ہیں جو سورۂ لقمان کی اس آیتُ میں مذکور
ہیں۔ (الفرقان جلد ۳ نمبر ۵ ص ۱۳ و ۱۴)

لہٰذا اب آپ کا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے علم خمس کے صدہا وہزار ہا جزئیات کا علم
ثابت کرنا خود آپ ہی کے نقل کردہ اقوال مفسرین اور ارشادات صحابہ اور احادیث کے مخالف ہے بلکہ

آپ بقول خود آیت لقمان کے سات کفر کرتے ہیں۔

حاصل کلام یہ ہے کہ امور خمس کے علوم کا حضور علیہ السلام کے لئے اثبات کرنا اہلسنت وجما[عت] کا مسلک ہے لیکن آپ جو اس کے سیکڑوں ہزاروں جزئیات کا علم حضور کے لئے ثابت مانتے ہیں [...] کے تمام پیشواؤں اماموں کی تصریحات سے مردود اور خود آپ کے کلام کے مخالف ہے بلکہ آپ [...] مقتداؤں کے احکام سے مشرک، کافر، ملحد بددین ہوئے۔

پھر ایڈیٹر نے ان دو احتمال کو ذکر کیا۔

اور صرف تیسرا احتمال باقی رہا اور وہ یہ کہ ان آیات میں امور خمس کے صرف علم کلی کی نفی کی گئی [...] اور یہی احتمال صحیح ہے۔ اور ہماری پیش کردہ چودھویں اور پندرہویں آیتوں کا مطلب یہی ہے کہ پا[نچوں] چیزوں کا علم کلی صرف خدا کو ہے اس کے سوا کسی کو نہیں نہ بالذات نہ بالعطا۔ (الفرقان ص ۱۴)

ایڈیٹر صاحب آپ کی پیش کردہ چودھویں آیۃ (عندہ مفاتیح الغیب لا یعلمھا الا ھو) اور پندرہویں آیت یہی سورہ لقمان کی آخری آیت ہے۔ ان دونوں کے بیانوں میں کہیں اس کا شائبہ [بھی] نہیں کہ ان آیات میں امور خمس کے صرف علم کلی کی نفی کی گئی ہے، نہ کسی حدیث نے اس کا اثبات کیا [...] اس دعوے کے ثبوت میں کوئی صحابی کا قول نہ مفسرین کی کوئی تفسیر کی عبارت پیش کی، کذب بیانی و در[وغ] گوئی اس شخص کی قدیمی عادت ہے، میں اب اعلان کرتا ہوں کہ آپ کسی تفسیر وحدیث سے بصراحت [یہ] بات ثابت کردیجئے کہ ان آیات میں امور خمس کے صرف علم کلی کی نفی کی گئی ہے، اور ان کا علم کلی صرف [خدا] کو ہے اس کے سوا کسی کو نہیں نہ بالذات نہ بالعطاء۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر ان دونوں آیات کا یہی مطلب تھا تو آج تک آپ کے کسی پیشوا وامام نے اس کا کیوں نہیں اظہار کیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امور خمس کے بعض جزئیات کا کیوں نہیں اثبات کیا۔ اور ان آیات میں صرف علم کلی کی نفی کیوں نہیں مراد لی۔ اور اس تیسرے احتمال کی صحت کیوں نہیں ذکر کیا۔ اس کا کافی جواب دیجئے اس کے بعد ایڈیٹر صاحب اپنی شان استدلال کا شرمناک مظاہرہ پیش کرتے ہیں۔

امور خمس کے علاوہ بعض دیگر کائنات کا علم بھی حق تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں۔

سولھویں آیت وما یعلم جنود ربك الا ھو۔

اور کوئی نہیں جانتا تیرے رب کے لشکر مگر وہی۔

مسلمانو! مبحث یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے جمیع ما کان وما یکون کا علم عطا فرمایا یا نہیں۔ اہل سنت فرماتے ہیں کہ حضور کو اللہ تعالیٰ نے جمیع ما کان وما یکون کا علم عطا فرمایا اس کا بکثرت احادیث واقوال سلف وخلف سے اثبات کیا گیا ہے وہابیہ حضور کے لئے ایسا علم عطا ہونے کا انکار کرتے ہیں ایڈیٹر صاحب اس کتاب بوارق الغیب میں اسی باطل دعوے پر اپنی ناقص فہم سے آیت کہ غلط استدلات کررہے ہیں اسی سلسلہ میں یہ سولہویں آیۃ پیش کی ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ ایڈیٹر صاحب نے محض عدد بڑھانے کے لئے اس آیت شریفہ کو پیش کردیا ہے کیونکہ اس مبحث سے تو کوئی علاقہ ہی نہیں اس لئے کہ اس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم جمیع ماکان وما یکون عطا ہونے نہ ہونے کی بحث ہی نہیں۔

علاوہ بریں جاہل کو یہ پتہ بھی نہیں کہ جس کیلئے علم بالذات ثابت ہو اس کے لئے حصر کردینا اور دوسرے سے اس کی نفی کرنا علم عطائی کی نفی کو مستلزم نہیں نیز اس نادان کو یہ معلوم نہیں کہ اس آیۃ میں تعلیم کی نفی کہاں ہے۔ اور یہ کہاں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کسی کو ان کا علم نہیں دیتا ذرا آنکھیں کھول کر تقویۃ الایمان ہی دیکھ لیتا کہ خود اس کا امام لکھتا ہے۔

غیب کے خزانے کی کنجی اللہ ہی کے پاس ہے اس نے کسی کے ہاتھ نہیں دی اور کوئی اس کا خزانچی نہیں مگر اپنے ہی ہاتھ سے قفل کھول کر اس میں سے جتنا جس کو چاہا بخش دے اس کا ہاتھ کوئی نہیں پکڑ سکتا۔ (تقویۃ الایمان ص ۲۴)

کہئے جب عطا اس کے اختیار میں ہے تو بیشک ایڈیٹر جب تک یہ نہ ثابت کرے کہ اللہ تعالیٰ نے آخر تک حضور کو فرشتوں کے لشکر کا علم عطا ہی نہ فرمایا اس وقت تک آپ کا مدعا ثابت نہیں ہوسکتا تفسیر معالم وخازن وابن کثیر نے اس کا اثبات نہیں کیا تو یہ تفاسیر آپ کی مفید مدعا نہیں۔

تاریخ میلاد: الفرقان کے ص ۱۷ سے ص ۲۴ تک قیام میلاد شریف پر بلحاظ عقیدہ وعمل پر ایک نہایت عامیانہ گفتگو کی ہے کہ قیام میلاد شریف کو اہل سنت فرض سمجھتے ہیں یہ صریح افترا پردازی اور بہتان طرازی ہے اس کے لئے حکیم صاحب انتہائی عرق ریزی کے بعد یہ لکھا کہ: حیرت ہوتی ہے واللہ جب اس امر مباح یا مستحب کے لئے یہ سامان ہے تو اب فرض کے لئے کیا باقی رہ گیا ہے اس سے صاف ثابت ہوگیا کہ مجوزین اب صرف عملا نہیں بلکہ قولا بھی قیام مولد کو فرض سمجھتے ہیں بلحاظ عقیدہ قیام مولد کے متعلق یہ انتہائی ترقی ہے۔ (الفرقان ص ۲۲)

﴿۱۴﴾

باب مسائل شتی

مسئلہ (۱۱۲۳)

بخدمت علمائے اہل سنت بعد السلام علیکم کے گذارش ہے کہ

ایک آریہ کا یہ سوال ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لقب مسلمان شروع ہوا ہے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لقب مسلمان نہیں تھا اور تھا تو کیا لقب تھا، یعنی حضرت آدم وابراہم خلیل اللہ وموسیٰ وعیسیٰ (علیہم السلام) کے ماننے والے کس لقب سے پکارے جاتے ہیں؟ جو بحوالہ کتب دین، کلام اللہ شریف یا ان کتب سے جو بزمانہ پیغمبروں وصحف کے دیا جائے۔ بینوا توجروا

الجواب

نحمد ونصلی ونسلم علی رسوله الکریم

قرآن مجید کے دیکھتے ہی متعدد جگہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ پہلے انبیائے اعظام (علیہم الصلوۃ والسلام) اوران کی امتوں پر لفظ مسلم کا اطلاق آیا ہے چنانچہ حضرت ابراہیم علیہ اسلام کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

(۱) ما كان ابراهيم يهوديا ولا نصرانيا ولكن كان حنيفا مسلما

یعنی سیدنا ابراہیم علیہ السلام نہ تو یہودی تھے نہ نصرانی، البتہ طریق مستقیم والے مسلمان تھے۔ لہٰذا اس آیت شریفہ میں سیدنا ابراہیم علیہ اسلام پر لفظ مسلم کا اطلاق ہوا۔

(۲) ووصى ابراهيم بنيه ويعقوب يا بنی ان الله اصطفیٰ لکم الدین فلا تموتن الا وانتم مسلمون۔

یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور یعقوب علیہ اسلام نے اپنے بیٹوں کو وصیت فرمائی کہ اے میرے بیٹو اللہ تعالیٰ نے اس دین اسلام کو تمہارے لئے منتخب فرمایا تو تم مت جان دینا مگر مسلمان ہو کر لہٰذا اس آیت میں ان دونوں بزرگوں نے اپنی اپنی اولاد کو نہایت وضاحت سے مسلمان ہونے کی وصیت فرمائی سیدنا ابراہیم علیہ السلام اپنے اوراپنے صاحبزادہ حضرت اسمعیل علیہ السلام کے اوراپنی آئندہ آنے والی ذریت کے لئے دعافرئی:

(۳) واجعلنا مسلمين لك ومن ذريتنا امة مسلمة لك

یعنی اے پروردگار ہم کو اپنا مسلمان (یعنی زیادہ مطیع) بنا اور ہماری اولاد میں سے ایک مسلمان جماعت پیدا کر۔

(٤) فلما احس عيسى منهم الكفر قال من انصاری الی اللّٰه تعالیٰ قال الحوريون نحن انصار اللّٰه واشهد بانا مسلمون۔

یعنی جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان سے کفر دیکھا تو فرمایا کہ ایسا کون ہے کہ جو میرا مددگار ہوگا حواریون نے کہا ہم اللہ کے دین کے مددگار ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے اور آپ گواہ ہیں کہ ہم مسلمان ہیں لہٰذا ان تمام آیات سے نہایت واضح طور پر لفظ مسلم کا اطلاق قرآن مجید سے ثابت ہوا یہ چند آیات عدم فرصت کی وجہ سے پیش کی گئی ورنہ بیشمار آیات واحادیث اس مضمون میں موجود ہیں مسلمانوں کے اطمینان خاطر کے لئے بہت کافی ووافی ہیں اوران کے لئے اس سے زائد بھی کیا مفید ہوسکتی ہیں۔ واللّٰه تعالیٰ اعلم بالصواب وعلمه جل مجده اتم واحكم۔

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل، العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۲۴)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ طریقہ بیعت کس طرح ہے اور سلسلہ کا موجد کون ہے؟۔ بینوا توجروا

الجواب

نحمد ونصلی ونسلم علی رسوله الکریم

سلسلہ بیعت کی اصل اللہ ورسول جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ بکثرت

آیات واحادیث سے مستفاد ہے،قرآن عظیم میں ہے:

ان الذین یبایعونك انما یبایعون اللّٰہ یداللّٰہ فوق ایدیھم فمن نکث فانما
علی نفسه ومن اوفیٰ بما عھد علیه اللّٰہ فسیوتیه اجرا عظیما۔ (سورہ فتح)

وہ جوتمہاری بیعت کرتے ہیں وہ تو اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں ان کے ہاتھوں پر اللہ
ہے تو جس نے عہد توڑا اس نے اپنے برے کو عہد توڑا اور جس نے پورا کیا وہ عہد جو اس نے اللہ
تو بہت جلد اللہ اسے بڑا ثواب دے گا۔

بخاری ومسلم شریف میں حضرت عبادہ ابن صامت سے مروی ہے:

عن عبادة ابن الصامت قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم و
عصابة من اصحابه بایعونی علی ان لا تشرکوا باللّٰہ شیئا ولاتسرفوا ولا تزنوا ولا
اولادکم ولاتاتوا ببھتان تفترونه من ایدیکم وارجلکم ولا تعصوا فی معروف فمن
منکم فاجره علی اللّٰہ ومن اصاب من ذلك شیئا فعوقب به فی الدنیا فھو کفارة له
اصاب من ذلك شیئا ثم ستره اللّٰہ علیه فھو الی اللّٰہ ان شاء عفا عنه ان شاء عاقبه فبا
علی ذلك۔ (مشکوۃ شریف ص ۱۳)

عبادہ بن صامت سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اور آپ
پاس صحابہ کی ایک جماعت تھی کہ مجھ سے تم اس بات پر بیعت کرو کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک
،اور چوری نہ کرو،اور زنا نہ کرو،اور اپنی اولاد کو قتل نہ کرو،اور ایسا بہتان نہ باندھو جس کو تم نے خود گڑ
،اور نیک بات میں نافرمانی نہ کرو۔جس نے تم میں سے اس کو پورا کیا تو اس کا اجر اللہ پر ہے اور جس
ان سے کسی چیز کو کیا تو وہ اس کی وجہ سے دنیا میں عذاب دیا جائے گا اور وہ اس کے لئے کفارہ
جس نے ان میں سے کوئی بات کی پھر اللہ نے اس کو چھپالیا تو وہ اللہ کی مشیت پر ہے اگر چاہے
معاف کرے اگر چاہے اس کو عذاب کرے۔پس ہم نے حضور کی اس بات پر بیعت کی۔

اس آیت وحدیث سے واضح طور پر ثابت ہوگیا کہ اس سلسلہ کے موجد اللہ ورسول جل
وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

بیعت چند قسم کی ہے آج کل جو بیعت عام طور پر رائج ہے یہ بیعت برکت ہے۔اس
معاصی سے توبہ کرنا اور اعمال خیر کی تاکید ہے اور تبرک کے لئے داخل سلسلہ ہو جانا اس کی غرض

اگر مرشد میں یہ چاروں شرائط پائے جائیں۔(۱)اتصال سلسلہ(۲)بدمذہب نہ ہونا(۳)اعتقادیات ومسائل فقہ کا عالم ہونا(۴)فاسق معلن نہ ہونا۔تو اس کے خاندان میں جو طریقہ بیعت ہو وہی بہتر ہے۔
واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل،الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول،ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۲۵)

معظمی ومحترمی حضرت مفتی اعظم صاحب سنبھل دامت برکاتہم

مؤدبانہ گذارش ہے کہ مندرجہ ذیل واقعہ صحیح ہے یا غلط،اس واقعہ پر صوفی عزیز احمد صاحب بریلوی نے اور اس پر چند علماء نے اعتراض کیا تھا،اس لئے اب قبلہ مفتی اعظم صاحب ہند بریلوی وشاہ محمد حامد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب قبالہ جنت میں نہ چھپے گا۔

واقعہ بنام عدل عمر

حضرت فاروق اعظم کے دور میں سیدین کریمین حسنین رضی اللہ عنہما کا بچپن کا زمانہ تھا اور آپ کسی کھیل میں مصروف تھے کہ اتنے میں فرزند عمر بھی بغرض کھیلنے آگیا امامین نے پسر فاروق سے فرمایا کہ ہم شاہزادے ہیں اور تو ہمارے غلام کا لڑکا ہے اس لئے ہم تجھے اپنے ساتھ نہیں کھلائیں گے۔یہ جواب سنکر ابن فاروق فاروق اعظم کے پاس پہنچا اور شکایت کی کہ مجھے حسنین ایسا کہتے ہیں۔فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ اگر وہ ہمیں غلام کہتے ہیں تو چٹھی میں لکھوالاؤ پھر میں ترے مقدمہ کا فیصلہ کرونگا چنانچہ پسر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس پہنچے اور کہنے لگا کہ اگر غلام ہمیں کہا تو اس کاغذ پہ لکھدو چنانچہ حضرت سیدین امامین رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے چٹھی میں لکھدیا کہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارا غلام ہے جب یہ نوشتہ فاروق اعظم نے دیکھا تو مارے خوشی کے چومنے لگے اور بہت خوش ہوئے پھر فرزند سے بولے کہ بیٹا اب میں سند یافتہ غلام اہلبیت بن گیا ہوں اور جنت کا حقدار ہوگیا ہوں تو اس چٹھی کو میرے کفن میں رکھدینا منکر نکیر مجھ سے باز پرس نہ کریں گے نہ مجھے خوف مطلق رہا۔اس کے بعد بیٹے کو نصیحت کی اور یہ جملے کہے امام حسن حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما تو بیٹا بیشک جہان کے سرتاج ہیں اور اللہ ان کا ہے خدائی سب انہی کی اور انہی کے سب تاج وتخت ہیں ہمیں اور جہان کو انہی کے صدقہ میں نجات ملے گی۔ان کے لئے فردوس سے جھولا آیا۔حوروں نے جھولا جھلایا خدا نے

اورخدا کے حبیب نے انکا ناز اٹھایا۔ان کی والدہ شریفہ وہ خاتون جنت ہیں جن کے واسطے رب [...]
نے چادر تطہیر نازل فرمائی۔اس واقعہ کوفقیر نے اپنے کلام میں بھی بیان کیا ہے اوروہ کلام شائع بھی [...]
اس پراب جواعتراض ہوا۔نجانے کیوں ہوا حالانکہ اگر یہ صحیح شدہ نہ ہوتو خود مفتی اعظم صاحب [...]
جنت میں کیوں طبع ہوتا۔اب عرض ہے کہ جواب عنایت فرمائیں صحیح ہے یا غلط۔یہ سوال دوسری مرتبہ
قبلہ کے پاس بھیج رہاہوں پہلے ارسال کیا تھا مگر آپ دوماہ کے طویل سفر میں تشریف لے جارہے [...]
اپنے جواب میں فرمایا تھا کہ دوماہ بعد استفتاء بھیجنا لہذا پیش خدمت ہے۔

المستفتی قاضی سید محمد غیورعلی قادری رضوی مصطفوی جاوئی
حال واردبڑی سادڑی ضلع چتوڑگڑھ۔راجستھان

نوٹ براہ کرم دارالافتا کی مہراور تصدیق بھی ہرفتوی پرہونی چاہئے۔

الجواب

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

یہ واقعہ کسی عربی کی معتبر ومستند کتاب میں میری نظر سے نہیں گذرا تو یقین کے ساتھ نہ اس کو [...]
جاسکتا ہے نہ غلط۔واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔۲۴ جمادی الاخری ۱۳۷۷ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل،الفقیر الی اللہ عزوجل
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول،ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۲۶)

کیافرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع عظام دامت برکاتہم العالیہ مسائل حسب ذیل [...]

(۱) حضور اقدس سید عالم ﷺ نے یہ فرمایا ہے کہ ہرصدی کے ختم پر اللہ عزوجل ایک مجدد [...]
ہے۔یہ کیا صحیح ہے اور مجدد بھیجنے سے کیا مصلحت ہے اور مجدد کا کام کیا ہے۔اس کے آنے سے کیا فائدہ
ہے؟ ہرصدی کے ختم پر آتا ہے یااس سے پہلے یا ہرصدی کے ختم پرآتا ہے۔یادو چار مجدد بھی آتے
؟یعنی بھیجے جاتے ہیں اوراس چودھویں صدی کا مجدد کون ہے؟

(۲) "علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل" کا مطلب اورترجمہ کا خلاصہ بیان کیا جائے
کیا یہ حدیث شریف میں ہے یا نہیں؟

الجواب

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

(۱) ابوداؤد شریف اور حاکم نے مستدرک میں بیہقی نے معرفہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

ان اللہ تعالیٰ یبعث لهذه الامة علی راس کل مائة سنة من یجدد لها دینها۔

(جامع صغیر السیوطی مصری ج ۱ ص ۶۲)

علامہ سیوطی نے اس حدیث کے صحیح ہونے کی تصریح کی۔مجدد کے بھیجنے کی مصلحت اور فائدہ امت کے لئے دین کی تقویت وتائید ہے۔مجدد کا کام دین کی نصرت اوراس کا تازہ کرنا۔سنت کوقوت دینا اوراسے رائج کرنا علم کا نشر کرنا۔کلمہ کو بلند کرنا۔گمراہی کا قلع قمع کرنا۔اہل بدعت کارد وابطال کرنا ہے۔
یہ مجدد ہرصدی کے ختم کے کنارہ پرآتا ہے۔اکثر محدثین یہی فرماتے ہیں کہ حدیث شریف سے یہی مستفاد ہوتا ہے کہ ہرصدی کے لئے ایک مجدد ہوتا ہے۔اوربعض فرماتے ہیں کہ ایک صدی میں چند محدثین بھی ہوسکتے ہیں۔هذا کله فی اشعة اللمعات و المرقاة۔

عرب وعجم اورحرمین محترمین کے علماء کرام ومفتیان عظام نے اس چودھویں صدی کے مجدد عالم علامہ فاضل فہامہ عمدۃ المحققین زبدۃ المدققین محی الشریعۃ السنیۃ مؤید الطریقۃ المرضیہ باقر مشکلات العلوم مبین المنطوق منہا والمفہوم عین الاعیان وحید العصر والزمان مولانا الشاہ احمد رضا خاں رضی اللہ عنہ ہیں۔
واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

(۲) حضرت علامہ قاری نے موضوعات کبیر میں فرمایا: حدیث "علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل قال الدمیری والعسقلانی لا اصل له و کذا قال الزرکشی۔

(موضوعات کبیر مجتبائی ص ۴۴)

یعنی علامہ دمیری وعسقلانی وعلامہ زرکشی نے فرمایا کہ اس حدیث کی کچھ اصل نہیں۔یعنی یہ حدیث موضوع ہے اور جب اس کا موضوع ہونا ثابت ہوگیا تو پھر اس کے صحیح مطلب کا سوال ہی باقی نہیں رہتا۔واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

نوٹ:

﴿یہاں اصل میں نہ سوال ہے اورنہ اس کا جواب، یہ کسی جواب پرتصدیق ہے﴾

جواب صحیح وصواب ہے اور موافق سنت وکتاب ہے حقیقت تو وہ ہے کہ حضرت مولانا
علی خاں صاحب کا اپنی غلطی کو مان لینا اور توبہ کی اشاعت کر دینا وہ مبارک اقدام ہے جو قابل تقلید
یہ مبارک فعل وہی شخص کر سکتا ہے جس کے قلب میں خوف الٰہی اور احترام حکم رسالت پناہی موجود ہو
وہ جذبہ ایمانی اور امتثال احکام دینی کی دولت کا مالک ہو، بلکہ یہ ان کے اچھے عالم دین وملت وعامل
شریعت ومفتی ملت غراو حامل سنت بیضا ہونے کی روشن دلیل ہے۔ مولانا المکرم نے یہ کام کر کے اس
پرفتن میں سلف کرام کی سنت کو زندہ کر دیا ہے اور علماء حقانی اور علماء سوء مین امتیاز کی بین نظیر قائم کر
ہے۔ نیز توبہ کی توفیق اسی قلب میں ہوتی ہے جس میں صحت عقائد اور سچے عملی جذبات ہوں، اور
اپنے نفس پر پورا پورا قابو حاصل ہو۔ لوگوں کے طعن اور عار کا دل پر اثر نہ ہو۔ اور خوف الٰہی اس کے
میں موجزن ہو۔ لہذا ہر منصف مزاج صحیح العقیدہ دیندار مسلمان کے قلب میں تو حضرت مفتی صا
موصوف کی عزت وعظمت پہلے سے زائد ہونی چاہیے۔ اور انکے سچے عالم ملت ومفتی ہونے کا راسخ ا
قائم ہونا چاہیے۔ پھر جو شخص حضرت مفتی صاحب کی اس بے مثل خلوص مذہبی اور بے نظیر جذبہ دینی
اس مبارک اقدام اور قابل اتباع کام کی قدر نہ کرے اور اسکے خلاف پروپگنڈہ کرے اس کو یا
صاحب سے ذاتی بغض وعناد ہے یا وہ بدعقیدہ وہابی ہے۔ کہ اس کے ناپاک مذہب میں اپنی غلطی
عتراف کر لینا زبردست گناہ ہے اور خدا کے حضور توبہ واستغفار کرنا جرم عظیم ہے اور انتہائی عار
سبب ہے بلکہ ان کے گندے عقیدہ میں لوگوں کا خوف خدا کے خوف سے زیادہ ہے۔ اور خدا کے
توبہ کرنا بھی بدترین گناہ ہے۔ اور ذلیل ترین کام ہے۔ جیسے اکابر وہابیہ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی شان
گستاخیاں لکھیں۔ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جناب میں بڑی بڑی گالیاں دیں اور چھاپ
شائع کیں پھر انہوں نے نہ تو اپنی غلطیوں کو مانا، نہ علماء عرب وعجم کے فتووں پر اپنی طرف سے توبہ شا
بلکہ انہیں لوگوں کا طعن توبہ سے مانع وحاجب رہا۔ اور وہ آج تک اپنی غلطیوں اور صریح کفروں کی
کر رہے ہیں۔ تو یہ مفتی صاحب کے خلاف پروپگنڈہ کرنے والے کس قدر قرآن وحدیث کی مخالفت
اتر پڑے ہیں۔ قرآن کریم کی مخالفت تو اوپر کی پیش کی ہوئی آیت سے ظاہر ہے اور حدیث
مخالفت ملاحظہ ہو۔

ترمذی شریف وابن ماجہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اللہ یقبل توبۃ العبد مالم یغر

(مشکوۃ شریف۔ص۲۰۴)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ قبول فرماتا ہے جب تک
اسی کی روح گلے میں نہ پہونچے۔ (یعنی حضور موت کے وقت توبہ قبول نہیں)
حدیث شریف سے ثابت ہو گیا کہ حضور موت سے پہلے کی ہر توبہ مقبول ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر
ایسی توبہ کو قبول فرما لیتا ہے۔ تو مفتی صاحب کی توبہ مقبول ثابت ہوئی۔ لیکن ان مخالفین کے نزدیک غیر
مقبول ہے تو انہوں نے حدیث پاک کا کھلا ہوا مقابلہ کیا۔

ابن ماجہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم التائب من الذنب کمن لا ذنب لہ۔
(مشکوۃ شریف۔ص۲۰۶)

گناہ سے توبہ کرنے والا مثل اس شخص کے ہے جس پر کوئی گناہ نہیں ہے

اس حدیث شریف سے ثابت ہو گیا کہ توبہ کرنے والا مثل گناہ نہ کرنے والا کے غیر مجرم ہے۔
اور یہ مخالفین اسکو بعد توبہ کے بھی مجرم قرار دے رہے ہیں۔ تو کیا یہ حدیث کی کھلی ہوئی مخالفت نہیں ہے۔
ابن عساکر حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے
فرمایا:

اذا تاب العبد انسی اللہ الحفظۃ ذنوبہ وانسی ذلک جوارحہ و معالمہ من الارض
حتی یلقی اللہ و لیس علیہ شاھد من اللہ بذنب۔ (جامع الصغیر۔ص۱۸)

جب بندہ توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ فرشتوں کو بھلا دیتا ہے۔ اور اس کے جوارح اور
زمین کے معالم کو بھی بھلا دیتا ہے یہاں تک کہ وہ جب اللہ سے ملاقات کرے گا تو اس پر گناہ کا کوئی شاہد
نہ ہوگا۔

اس حدیث شریف نے تو یہ ثابت کر دیا کہ اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والے کے گناہوں کو اس اہتمام
سے میٹ دیتا ہے کہ اسکے گناہ پر کوئی شاہد تک نہ چھوڑتا ہے۔ اور یہ مخالفین اس کے مقابل میں بعد توبہ کے
بھی اس کے جرم کو اچھالتے ہیں۔ اور اس کے خلاف پروپگنڈہ کر رہے ہیں۔ اور اس کے لئے منافرت
پیدا کر رہے ہیں۔ تو یہ مخالفین قرآن وحدیث کی مخالفت کرنے والے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی
اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلاف پروپگنڈہ کرنے والے ثابت ہوئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۲۷)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین کہ

زید کہتا ہے کہ سورج غروب نہیں ہوتا ہے تو بکر نے کہا تو غلط کہتا ہے سورج ضرور ڈوبتا ہے آنکھوں سے مشاہدہ کرتے ہیں، کہ آفتاب صبح مشرق سے طلوع ہوتا ہے اور مغرب میں غروب ہوجاتا ہے تو زید نے کہا ہاں یہ بات تو صحیح ہے کہ صبح آفتاب نکلتا ہے اور شام کو ڈوبتا ہے لیکن ڈوبتا نہیں۔ ہم تو یہاں سے یہ دیکھتے ہیں کہ آفتاب ڈوب گیا اور عرش معلی کے نیچے ہے، یہ غلط ہے بلکہ اس وقت آفتاب امریکہ میں نظر آتا ہے۔ اب بتاؤ کہ آفتاب کہاں ڈوبتا ہے، اور کہاں عرش معلی کے نیچے گیا تو زید کہتا ہے کہ اب کیا جواب دیا جائے۔ اس دلیل سے وہ تو آفتاب کو ایک جگہ پر مستقل رہنا بتاتے ہیں۔ لہذا اصل حقیقت سے مطلع کیا جاوے کہ شمس غروب ہوتا ہے، یا نہیں اور ہوتا ہے تو ثبوت دے کر واضح فرمادیں تاکہ سائنس والوں کی فہم میں آجاوے اور جواب عقلی دلیل سے ہو، کیوں کہ زید حدیث وقرآن کو مانتا نہیں جواب دیکر عنداللہ ماجور ہوں۔

الجواب

نحمد ونصلی ونسلم علی رسوله الکریم

روزانہ آفتاب بلاشبہ صبح کو مشرق سے طلوع کرتا ہے، اور شام کو مغرب میں غروب کرتا ہے، اس انکار یقیناً مشاہدہ کا انکار ہے، جو ادنی سی عقل سے بھی بعید ہے۔ اب باقی رہا یہ امر کہ آفتاب تمام مکان زمین پر بیک وقت طلوع یا غروب ہوتا ہے یا مختلف اوقات میں۔ تو ظاہر ہے کہ وہ تمام مکان زمین بیک وقت طلوع یا غروب نہیں ہوسکتا کہ جب زمین گول اور مدور ہے، اور ربع مسکوں کی جانب سکونت تسلیم ہے۔ اور آفتاب اپنے فلک کی منازل میں دورہ کرتا ہے۔ تو ایک گول چیز کی ہر جانب والوں پر آفتاب کا بیک وقت طلوع یا غروب ممکن ہی نہیں کہ ہر حصہ زمین کا رہنے والا اس کی گولائی جہت سے آفتاب کے طلوع یا غروب کو مختلف وقتوں میں پائے گا۔ چنانچہ جس قدر مشرق سے قریب جائیگا طلوع وغروب پہلے ہوتا جائے گا۔ اور جتنا مشرق سے بعد ہوتا جائے گا، اسی تناسب سے طلوع غروب میں دیر ہوتی جائے گی۔ مثلا کلکتہ، دہلی، بمبئی ہی کو لے لیجئے کہ کلکتہ میں جب آفتاب

ہوگا دہلی اس وقت رات کا آخری حصہ ہوگا کہ اس میں تخمینا نصف گھنٹہ کے بعد یہاں طلوع ہوگا، اسی طرح غروب کی نسبت کو سمجھ لیجئے کہ کلکتہ میں جس وقت غروب آفتاب ہوگا اس وقت دہلی میں دن ہوگا اور جب دہلی میں غروب ہوگا تو اس وقت بمبئی میں دن ہوگا تو ثابت ہوگیا کہ ہر مشرق کی طرف رہنے والے کے لئے غروب آفتاب بہ نسبت مغرب کی طرف رہنے والے کے پہلے ہوگا، اور مغرب کی طرف رہنے والے کے لئے بہ نسبت مشرق والے کے غروب آفتاب بعد میں ہوگا۔ سورج برابر اپنی منازل مین ضرور دورہ کرتا ہے ہر مقام کا باعتبار دوسرے مقام کے طلوع وغروب آفتاب میں ضرور تفاوت ہوتا ہے تو بعض حصہ زمین والوں کے لئے جو رات ہے دوسروں کے لئے وہ دن ہوسکتا ہے۔ اس کو ہر ذی عقل تسلیم کرنے کے لئے مجبور ہے۔

اب باقی رہا سورج کا عرش معلی کے نیچے رہنا تو اس کا کوئی عاقل کس طرح انکار کرسکتا ہے کہ عقلا جس کو نواں آسمان کہتے ہیں، اہل شرع اسکو عرش کہتے ہیں۔ اور آفتاب فلک چہارم پر ہے۔ اور آفتاب جب اپنے فلک میں سیر کریگا تو بہر صورت فلک نہم کے نیچے ہی تو رہے گا تو اس کا انکار کرنا مسلمات کا انکار ہے جو عاقل کے لئے کسی طرح مناسب نہیں، اور آفتاب کا ایک جگہ پر مستقل ماننا اگر اس کی یہ مراد ہے کہ وہ اپنے فلک میں متحرک نہیں اور اپنے منازل میں سیر نہیں کرتا تو اس میں شمسی تاریخوں اور اس سے متعلق تمام امور کا صاف انکار ہے۔ اور اگر بجائے آفتاب کے آسمان کی حرکت کا اقرار ہے تو یہ علاوہ عقیدہ اہل اسلام کے خود سائنس والوں کے مسلک کے بھی خلاف ہے، لہذا قول بکر عقلا ونقلا صحیح ہے اور زید کا قول خلاف عقل ونقل ہے۔ واللہ تعالی اعلم بالصواب

کتبہ : المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۲۸۔۱۱۲۹۔۱۱۳۰)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسائل ذیل میں۔

(۱) حدیث۔ ان الله عزوجل یبعث لهذه الامة علی راس کل مأة سنة من یجدد لها دینها۔ ابوداؤد کے علاوہ۔

کیا کسی دوسری حدیث میں یا فقہ حنفی کے کسی جزئیہ میں اس حدیث کے خلاف یہ تصریح بھی وارد ہوئی ہے کہ یہ مجدد ایک ہزار سال کے بعد ہوا کریگا تو جو شخص حدیث کی بیان کردہ مدت تجدید کے خلاف

مجدد ہونے کا دعوی کرے اور دین الٰہی اور عقائد حقہ کی تخریب کرے تو وہ مجدد ہو سکتا ہے یا نہیں اور جو شخص ایسے کو مجدد مانے وہ از روئے شریعت وطریقت کس جرم کا مرتکب ہے؟۔

(۲) زید پیر عبدالبصیر میاں مرحوم کا مرید ہے اور ان کو اللہ یا اللہ ہو یا اللہ میاں یا اللہ ہو میاں یا اللہ میاں کہتا اور کہلواتا ہے لہذا بالتفصیل علیحدہ علیحدہ پانچوں الفاظ کے متعلق تحریر فرمایا جائے کہ ان کا اطلاق بطور اسم ذات یا نام یا لقب یا خطاب کسی پیر مرشد کے لئے استعمال کرنا کفر ہے یا نہیں اور ایسے پیر سے مرید ہونا جائز ہے یا نہیں اور ایسا شخص کسی ولی اللہ کے مزار کا سجادہ نشین یا متولی یا مجاور یا منتظم بنایا جا سکتا ہے یا نہیں اور ایسے شخص سے جو لوگ مرید ہو چکے ہوں یا اس کے شریک ہوں ان کے لئے شریعت وطریقت کا کیا حکم ہے؟۔

(۳) سئل الصادق عن الصلوة يلبس السوداء فقال لايصلين فانها لباس اهل النار وقال اميرالمومنين فيما علم اصحابه لاتلبسوا لسوداء عنه فانها لباس فرعون من لايحضره الفقيه باب يصلى فيه۔

امام جعفر صادق کے فرمان کے مطابق شیعہ عورتوں کو کالا لباس پہننا ممنوع فرمایا ہے اور اس کو دوزخیوں کا لباس فرمایا ہے اور علی مرتضی کے فرمان کے مطابق شیعہ مرد عورت کو کالا لباس پہننا ممنوع ہے سیاہ لباس کو فرعون کا لباس فرمایا ہے اس کے متعلق کتب اہلسنت میں کیا تحقیق وتصریح ہے اگر سنی حنفی مذہب میں بھی سیاہ لباس لباس اہل نار ہو اور لباس فرعون ہو اور ممنوع ہو اور کالے کپڑوں کو پہننا ناجائز ہو تو بحوالہ کتاب وصفحہ وسطر تحریر فرمایا جاوے کالے کپڑے پہننے کی ممانعت میں اہلسنت احناف مذکورہ جزیہ شیعہ کو تسلیم نہیں کرتے تاوقتیکہ وہ اہلسنت کی احادیث وفقہ حنفی کے دلائل نہ دیکھ لیں۔ لہذا جو شخص اپنے کو سنی حنفی کہے اور کالے کپڑے پہنے اس کے متعلق از روئے شریعت وطریقت کیا حکم ہے عمامہ سیاہ کے مسنون ہونے کی حدیث معلوم ہے۔

نوٹ۔ چونکہ ہندوستان بھر میں کوئی مفتی یا شیخ اتنی تحقیق یا ثبوت سے جواب نہیں لکھتا ہے جیسا کہ آپ تحریر فرماتے ہیں جس سے ہر شخص کی تسکین ہو جاتی ہے اور مخالف کو گنجائش کا پہلو نہیں ملتا اس لئے

سوال آپ کی خدمت مین بھیجا جا رہا ہے مزید توجہ سے تحریر فرمادیں جواب کے لئے لفافہ حاضر ہے

والسلام۔ اولاد حسین ماسٹر اسکول بارہ دری شہر کہنہ بریلی

الجواب

نحمد ونصلي ونسلم على رسوله الكريم

(۱) اس حدیث شریف کے خلاف ایک ہزار سال کے بعد مجدد کا ہونا نہ کسی دوسری حدیث شریف میں نہ فقہ کی کسی کتاب میں میری نظر سے گذرا۔ نہ اس حدیث شریف کی شروح ہی میں سے کسی شرح نے اس مضمون کی طرف اشارہ کیا۔ فقہ کی کسی کتاب میں تو یہ مضمون کیا ہوتا۔ اگر ہوتا تو کسی حدیث شریف میں ہوتا۔ اور اگر کسی حدیث میں ہوتا تو شراح اس کی اس حدیث سے توفیق دکھاتے مگر شراح نے تو بجائے اس کے ہر صدی کے مجددوں کی شمار کرائی ہے۔

چنانچہ علامہ محمد طاہر نے مجمع بحار الانوار میں اس حدیث کے تحت میں فرمایا:

والحديث اشارة الى جماعة من الاكابر على رأس كل مائة ففى رأس الاولى عمر بن عبدالعزيز ومن الفقهاء والمحدثين وغيرهم مالايحصى۔ وفى الثانية المامون والشافعى والحسن بن زياد واشيب المالكى وعلى بن موسى ويحى بن معين ومعروف الكرخى۔ وعلى الثالثة المقتدر وابو جعفر الطحاوى الحنفى وابو جعفر الامامى وابوالحسن الاشعرى والنسائى۔ وعلى الرابعة القادر بالله وابو حامد الاسفراينى وابوبكر محمد الخوازمى الحنفى والمرتضى اخوالرضا الامامى وعلى رأس الخامس المستظهر بالله والغزالى والقاضى فخرالدين الحنفى وغيرهم۔ **از مجمع بحار کشوری ج ا ص ۱۷۷**

اور حدیث مذکور میں ہر صدی کے کنارہ پر اکابر کی ایک جماعت کی طرف اشارہ ہے تو پہلی صدی کے کنارہ پر عمر بن عبدالعزیز اور ان کے سوا فقہاء ومحدثین سے کثیر ہیں۔ اور دوسری صدی میں خلیفہ مامون اور امام شافعی اور حسن بن زیاد اور اشہب مالکی اور علی بن موسی اور یحیی بن معین اور معروف کرخی ہیں تیسری صدی پر خلیفہ مقتدر۔ اور امام ابو جعفر طحاوی حنفی۔ اور امام ابو جعفر امامی اور حضرت ابوالحسن اشعری۔ اور امام نسائی۔ اور چوتھی صدی پر خلیفہ قادر باللہ اور ابو حامد اسفراینی اور امام ابوبکر خوارزمی حنفی۔ اور مرتضی برادر رضا امامی۔ اور پانچویں صدی پر خلیفہ مستظہر باللہ اور امام غزالی۔ اور قاضی فخر الدین حنفی وغیرہم اس عبارت سے ثابت ہو گیا کہ اگر کوئی حدیث شریف یا قول ہزار سال کا ہوتا تو پھر ہر صدی پر مجددین کے اسماء کے ذکر کرنے کی کوئی ضرورت ہی نہ ہوتی۔ اب جو دعوی کرتا ہے کہ ہزار سال کا قول بھی ہے تو وہ پیش کرے اور اپنے دعوے کو کسی صحیح حدیث یا فقہ کی معتبر کتاب کے مفتیٰ بہ قول سے ثابت کرے۔ پھر

جب وہ دلیل شرعی سے ثابت نہ کرسکے تو دعوے کا غلط و باطل ہونا خود ہی ظاہر ہوجائے گا۔ پھر شراح حدیث نے ان مجددین کے یہ خدمات اور کارنامے شمار کیے۔

حضرت شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں:

بدانکہ اکثر مردم ازیں حدیث چناں فہمیدہ اند کہ مراد یک شخص ست از امت کہ ممتاز میگرد وازبیان اہل زبان خود بتجدید ونصرت دین وترویج وتقویت سنت وقلع وقمع بدعت ونشر علم واعلائے کلمہ اسلام تا آنکہ تعیین کردہ اند کہ در مائۃ اولی فلاں بود و در مائۃ دوم فلاں وبعض گفتہ اند کہ اولی حمل بر عموم ست خواہ یک کس باشد یا جمع باشند۔ (اشعۃ اللمعات ج ا ص ۱۶۹)

جانو۔ اس حدیث سے اکثر محدثین یہ سمجھے ہیں کہ مجدد سے امت کا ایسا ایک شخص مراد ہے جو اپنے زمانے میں سب لوگوں سے ان امور میں ممتاز ہو۔ دین کی تجدید ونصرت کرنے میں۔ سنت کو تقویت وترویج دینے میں بدعت کا قلع قمع کرنے میں۔ علم کی اشاعت میں۔ کلمہ اسلام کے بلند کرنے میں یہاں تک کہ انہوں نے معین کردیا ہے کہ پہلی صدی میں فلاں تھے۔ دوسری صدی میں فلاں۔ اور بعض نے کہا ہے کہ بہتر عموم پر حمل کرنا ہے خواہ ایک شخص ہو یا جماعت ہو۔

اس عبارت سے ثابت ہوگیا کہ مجدد وہ ہے جو دین حق کی مدد کرے۔ سنت کی ترویج کرے۔ بدعت وگمراہی کا قلع قمع کرے۔ علم دین کو پھیلائے۔ اعلائے کلمۃ الاسلام کرے۔ لہذا جو شخص بجائے ان امور کے دین الٰہی اور عقائد اسلام کی تخریب کرے۔ گمراہی کو پھیلائے۔ کلمہ باطل کو بلند کرے وہ مجدد کیسے ہوسکتا ہے۔ بلکہ وہ تو گمراہ گر اور مضل ہے۔ پھر جو ایسے کھلے ہوئے گمراہ اور مضل کو مجدد کہتا اور مانتا ہے وہ شرعا گمراہ گر وبیدین ہے۔ اس پر توبہ واستغفار ضروری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۲) زید کا اپنے پیر کو اللہ۔ یا اللہ ہو۔ یا اللہ میاں۔ یا اللہ ہو میاں کہنا کہلوانا یعنی خدا کے اسم ذات کا اپنے پیر پر بطور نام کے یا لقب وخطاب کے اطلاق کرنا کفر ہے۔

عقائد کی مشہور کتاب شرح فقہ اکبر میں ہے:

من قال للمخلوق یاقدوس او القیوم او الرحمن او قال اسما من اسماء الخالق کفر انتھی وھو یفید انه من قال المخلوق یاعزیز او نحوه یکفر الخ۔

تو جو ایسا صریح کفر بکے اس سے مرید ہونا کسی طرح جائز نہیں بلکہ اس کو کسی بزرگ کے مزار کا سجادہ۔ یا متولی۔ یا مجاور۔ یا منتظم ہرگز ہرگز نہ بنایا جائے۔ ایسے شخص سے جو مرید ہوگیا وہ اپنے آپ

اس کی بیعت سے جدا سمجھے کہ جب وہ شرعا مسلمان ہی نہیں تو اس سے کسی مسلمان کو کیا واسطہ اور کیسی بیعت۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(۳) یہ شیعوں کی روایت ہے جس پر کسی طرح کا نہ اعتبار نہ اعتماد۔ فقہ حنفی میں سیاہ لباس جائز ہے۔ خود امام اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے مروی ہے:

عن ابی حنیفة لاباس بالصبغ الاسود ۔ عالمگیری بلکہ فتاوی برہنہ میں سیاہ لباس کو مستحبات میں شمار کرایا۔ ولباس سفید وسبز وہمچنیں سیاہ جبہ باشد یا عمامہ۔

اور سیاہ چادر۔ سیاہ عمامہ۔ سیاہ موزے کا پہننا خود نبی کریم ﷺ سے ثابت ہے۔ اور سیاہ موزہ تو خف العلماء کے نام سے مشہور ہے۔ ہاں میت کے سوگ میں سیاہ لباس کا پہننا ناجائز ہے۔

فتاوی عالمگیری میں ہے:

لایجوز صبغ الثیاب اسود واکهب تاسفا علی المیت قال صدر الحسام لایجوز تسوید الثیاب فی منزل المیت کذا فی القنیة۔

لہذا سیاہ کپڑا پہننا شرعا جائز بلکہ مستحب ثابت ہوئے۔ تو سیاہ کپڑا پہننے والے پر نہ شریعت سے کوئی ممانعت نہ طریقت سے کچھ ملامت۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۴ رشوال المکرم ۱۳۷۸ھ

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عز وجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

مسئلہ (۱۱۳۱)

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع اس مسئلہ میں کہ

زید کہتا ہے کہ مدرسہ دیوبند مرتبہ پاخانہ کا رکھتا ہے اور اس میں پڑھنے والا شیطان اور دجال ہے اور مولوی اشرف علی تھانوی خود کافر اور حسین احمد مدنی خود دجال کا شاگرد ہے۔ بکر کہتا ہے مدرسہ دیوبند اچھا مدرسہ ہے اور اس کے مقابلہ میں ہندوستان مین کوئی مدرسہ نہیں اس میں قرآن وحدیث اللہ ورسول کی تعریف ہوتی ہے لہذا اسی مدرسہ کو اور علم کو کفر اور دجال کہنا خود کفر ہو۔

سائل محمد ادریس حسین آسامی

الجواب

نحمد ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

کون نہیں جانتا ہے کہ پاخانہ نجاست ظاہری کا مقام ہے اس بنا پر اس سے طبعا نفرت وکراہت ہوتی ہے اور حدیث شریف میں اس کو شیطان کا مقام ومکان قرار دیا گیا ہے جیسا کہ ابوداؤد وابن ماجہ کی حدیث میں زید ابن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔

ان ھذہ الحشوش محتضرۃ ۔ یعنی یہ پاخانہ شیطان وجنات کے حاضر ہونے کا مقام ومحل ہے۔ تو وہ مدرسہ دیو بند جو نجاست باطنی کفر وضلالت کا محل ہے تو وہ پاخانے سے بدتر ونجس تر مقام ثابت ہوا اور وہ محل راس الشیاطین ثابت ہوا اب اس میں پڑھنے والے کا شیطان ودجال کہنا محل تعجب نہیں اور کوئی شرعی مواخذہ نہیں کیا جاسکتا تو قول زید میں کوئی قباحت شرعی ثابت نہ ہوسکی اور مولوی اشرف علی تھانوی اور حسین احمد فیض آبادی کے اقوال کفران کی تصانیف سے ظاہر ہیں تو ان کے شاگرد دجال وکفار ہونے میں کوئی شک نہیں یعنی شرعی مواخذہ نہیں کیا جاسکتا اس زید کے مقابلہ میں بکر کا قول نہ فقط غلط بلکہ سرتاپا دجل وفریب ہے اس کا یہ قول کہ مدرسہ دیو بند کے مقابلہ میں ہندوستان میں کوئی مدرسہ نہیں ہے اس معنی کر صحیح ہوسکتا ہے کہ اس میں بظاہر تو قرآن وحدیث اور درس وتعلیم کا دعویٰ کیا جاتا ہے اور در حقیقت اس میں جس قدر کفر وضلالت وگمراہی وبیدینی کی تعلیم دی جاتی ہے تو اس امر میں ہندوستان کا کوئی مدرسہ مقابلہ نہیں کرسکے گا بلکہ یہ دعوی (اس میں قرآن وحدیث کی تعریف ہوتی ہے) غلط اور باطل ہے کہ اس میں قرآن وحدیث کی مخالفت اللہ ورسول جل جلالہ۔ صلی اللہ علیہ سلم کی توہین ہوتی ہے اور طلبہ کو سکھائی جاتی ہے اسی بنا پر اہل اسلام اس مدرسہ کو اس کی تعلیم کو برا اور خلاف شرع جانتے ہیں اس کو کفر قرار دینا کی جہالت اور لاعلمی کی بین دلیل ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: المعتصم بذیل سید کل نبی ومرسل، الفقیر الی اللہ عزوجل،
العبد محمد اجمل غفرلہ الاول، ناظم المدرسۃ اجمل العلوم فی بلدۃ سنبھل

فہرست مآخذ ومراجع

﴿الف﴾

کتاب	مصنف	متوفی
الاشباہ والنظائر	شیخ ابراہیم ابن نجیم	۹۷۰
ارشاد الساری شرح بخاری	شہاب الدین احمد محمد قسطلانی	۹۲۳
احیاء العلوم	امام محمد بن محمد الغزالی	۵۰۵ھ
اخبار المدینہ	زبیر بن بکار الزبیری	۲۵۶ھ
اخبار مدنیہ	محمد حسن المدنی ابن زبالہ	۳۰۰ھ
الادب المفرد	امام محمد بن اسماعیل بخاری	۲۵۶
الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب	ابوعمر یوسف بن عبدالبر	۴۵۳
اشعۃ اللمعات	شیخ محقق عبدالحق الدہلوی	۱۰۵۲
اخبار الاخیار	الشیخ عبدالحق محدث دہلوی ۱۰۵۲	
الاصابہ فی تمیز الصحابۃ	ابونعیم احمد بن عبداللہ الاصبہانی	۴۳۰
الام للشافعی	محمد بن ادریس الشافعی	۲۰۴
اسد الغابہ	ابوالحسن علی بن محمد الجزری	۶۳۰

امداد الفتاح	حسن بن عمارہ شرنبلالی	[illegible]۹
الاتقان	جلال الدین عبد الرحمٰن السیوطی	۹۱۱
انباء الاذکیاء	جلال الدین عبد الرحمٰن السیوطی	۹۱۱
الانتباہ فی سلاسل الاولیاء	شاہ ولی اللہ بن عبد الرحیم الدہلوی	۱۱۷۹
ازالۃ الخفا	شاہ ولی اللہ بن عبد الرحیم الدہلوی	۱۱۷۹
الانصاف	شاہ ولی اللہ بن عبد الرحیم الدہلوی	۱۱۷۹
الانصار لامام ائمۃ الامصار	سبط امام ابن جوزی	
اتحاف الزائرین	حافظ ابوالیمان	
الاصلاح والایضاح	احمد بن سلیمان بن کمال باشا	۹۴۰
انباء المصطفیٰ	امام احمد رضا محدث بریلوی	۱۳۴۰
اتحاف السادۃ المتقین	سید محمد بن محمد مرتضیٰ زبیدی	۱۲۰۵

﴿ب﴾

بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع	علاء الدین بن ابی بن مسعود الکاسانی	[illegible]۷
بلوغ المرام	حافظ شہاب الدین احمد بن حجر عسقلانی المکی	[illegible]۲
البنایہ شرح الہدایۃ	بدر الدین ابی محمد محمود بن احمد العینی	۸۵۵
البحر الرائق	شیخ زین الدین بن ابراہیم بن نجیم	[illegible]۰
بہجۃ الاسرار	یوسف بن جریر شطنوفی	[illegible]
براہین قاطعہ	رشید احمد گنگوہی	[illegible]۵
بدر المنتقیٰ شرح الملتقیٰ	علامہ علاء الدین حصکفی	

بشری الکتب	جلال الدین عبد الرحمٰن السیوطی	۹۱۱

﴿ت﴾

تاریخ البخاری	امام محمد بن اسماعیل البخاری	۲۵۶
تاریخ نیشاپور	امام احمد بن محمد بن حنبل	۲۴۱
تاریخ الحاکم	ابوعبد اللہ الحاکم نشاپوری	۴۰۵
تاریخ الطبری	ابوجعفر محمد بن جریر الطبری	
تاریخ دمشق	علی بن حسن الدمشقی باابن عساکر	۵۷۱
تاریخ بغداد	علی بن حسن الدمشقی معروف باابن عساکر	۵۷۱
تبیین الحقائق	فخر الدین عثمان بن علی الزیلعی	۷۴۳
التجنیس والمزید	برہان الدین علی بن ابی بکر مرغینانی	۵۹۳
تحفۃ الفقہاء	علاء الدین محمد بن احمد سمرقندی	۵۴۰
تخریج احیاء العلوم	حافظ شہاب الدین احمد بن حجر المکی	۹۷۳
تدریب الراوی	جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
تذکرۃ الحفاظ	امام ابوعبد اللہ الذہبی	۷۴۸
الترغیب والترہیب	حافظ زکی الدین عبد العظیم بن عبد القوی المنذری	۶۵۶
التعقبات علی الموضوعات	جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
تفسیر ابن حبان	ابو الشیخ محمد بن حبان	۳۵۴
تفسیر بن ابی حاتم	ابومحمد عبد الرحمٰن بن ابی حاتم محمد الرازی	۳۲۷
تفسیر ابن جریر	ابوجعفر محمد بن جریر الطبری	۳۱۰

تفسیر ابن مردویہ	احمد بن موسیٰ بن مردویہ
تفسیر احکام القرآن	حجۃ الاسلام ابوبکر رازی
تفسیرات احمدیہ	احمد بن ابوسعید ملاجیون
تفسیر ثعلبی	ابواسحاق احمد بن محمد
تفسیر واحدی	ابوالحسن علی بن احمد الواحدی
التفسیر الکبیر	امام فخر الدین الرازی
تفسیر لباب التاویل فی معانی التنزیل	علاء الدین علی بن محمد البغدادی معروف بہ خازن
تفسیر صاوی	
تفسیر جمل	علامہ جمل
التقریب	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی
تقریرات الرافعی	امام عبدالقادر الرافعی فاروقی
التہذیب	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی
تہذیب التہذیب	امام ابوعبداللہ الذہبی
تکمیل الایمان	شیخ عبدالحق محدث دہلوی
تنویر المقیاس	ابوطاہر محمد بن یعقوب فیروز آبادی
تنویر الابصار	شمس الدین محمد بن عبداللہ احمد تمرتاشی
تلویح شرح توضیح	سعد الدین مسعود بن عمر بن عبداللہ تفتازانی
تحفۂ اثنا عشریہ	الشاہ عبدالعزیز محدث دہلوی
تقویۃ الایمان	شاہ اسمٰعیل دہلوی

تفریح الخاطر		
تطہیر الجنان واللسان	ابن حجر مکی	
تجلی الیقین	امام احمد رضا محدث بریلوی	۱۳۴۰
تحذیر الناس	اشرف علی تھانوی	
تنویر العینین	نواب صدیق حسن خاں بھوپالی	
تاریخ الخلفاء	امام سیوطی	
التصدیقات (المہند)	خلیل احمد انبیٹھوی	
تکملہ شرح اربعین		
التعظیم والمنۃ	جلال الدین عبدالرحمٰن السیوطی	۹۱۱
تقدیمہ شرح مقدمہ ابواللیث		
تعطیر الکلام	علامہ عبدالغنی نابلیسی	
﴿ج﴾		
الجامع الصحیح، اول، ثانی	امام محمد بن اسماعیل البخاری	۲۵۶
الجامع الصحیح	امام مسلم بن حجاج القشیری	۲۶۱
جامع الترمذی	ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی	۲۷۹
الجامع الکبیر	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
الجامع الصغیر للسیوطی	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
جامع الرموز	شمس الدین محمد الخراسانی القہستانی تقریبا	۹۶۲
جذب القلوب الی دیار المحبوب	شیخ عبدالحق محدث الدہلوی	۱۰۵۲

جوہر منظم	شہاب الدین بن احمد بن حجر العسقلانی المکی	[illegible]
الجوہر النقی	علاء الدین علی	
جامع الفصولین	شیخ محمود بن اسرائیل بن قاضی	[illegible]
جواہر الاخلاطی	برہان الدین ابراہیم بن ابوبکر اخلاطی	[illegible]
جواہر الفتاوی	رکن الدین ابوبکر بن محمد بن ابی المفاخر	[illegible]
الجوہرۃ النیرۃ	ابوبکر بن علی بن محمد الحداد الیمنی	۸۰۰
جامع البیان فی تفسیر القرآن	محمد بن جریر الطبری	۳۱۰
الجامع الصغیر فی اصول الفقہ		
جمل شرح دلائل	سلیمان جمل	
جواہر البحار	سید یوسف بن اسمٰعیل نبہانی جزریہ	
جامع العلوم	قاضی عبد النبی احمد نگری	

﴿ح﴾

الحدیقۃ الندیۃ شرح الطریقۃ محمدیہ	شیخ اسماعیل بن الغنی النابلسی	[illegible]
حلیۃ الاولیاء	ابونعیم احمد بن عبد اللہ الاصبہانی	[illegible]
الحلیۃ	علامہ ابراہیم الحلبی	[illegible]
حاشیۃ الدرر	محمد بن مصطفیٰ ابوسعید خادمی	[illegible]
حاشیہ ابن شلبی علی التبیین	احمد بن محمد شلبی	[illegible]
حاشیہ علی الدرر	قاضی محمد بن فراموز ملاخسرو	[illegible]
الحصن الحصین	شمس الدین محمد بن محمد ابن جزری	[illegible]

حجۃ اللہ البالغہ	شاہ ولی اللہ بن شاہ عبد الرحیم دہلوی	۱۱۷۹
الحاوی للفتاوی	جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر سیوطی	۹۱۱
الحموی شرح الاشباہ	سید احمد حنفی	
حسام الحرمین	امام احمد رضا محدث بریلوی	۱۳۴۰
حفظ الایمان	مولوی اشرف علی تھانوی	

﴿خ﴾

خلاصۃ الحقائق		
خزانۃ الرویات مستند مائۃ مسائل	قاضی جکن الحنفی	
الخصائص الکبری	جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
الخلاصۃ	محی الدین زکریا یحیی بن شرف لنووی	۶۷۶
خزانۃ المفتیین	محمد بن محمد السمعانی السیقانی	۷۴۰
خلاصۃ الدلائل	حسام الدین علی بن احمد المکی الرازی	۵۹۸
خلاصۃ الفتاوی	طاہر بن احمد عبد الرشید البخاری	۵۴۲
خیرات الحسان	شہاب الدین احمد بن حجر المکی	۹۷۳
الخصائص الکبری	جلال الدین عبد الرحمٰن بن کمال الدین السیوطی	۹۱۱
خلاصۃ الوفا	علی احمد السمہودی	۹۱۱
خالص الاعتقاد	امام احمد رضا بریلوی	۱۳۴۰
خزلۃ الاکمل		
خزائن الاسرار شرح تنویر الابصار		

کتاب	مصنف	وفات
﴿د﴾		
الدرالثمینة فی تاریخ المدینة	محمد بن محمود بن بغدادی ابن النجار	۶۴۳
الدرالمنثور للسیوطی	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
درمنظم	امام ابوالقاسم محمد لولوی لبستی	
دقائق الطریقه	محمد بن ابوالحسن المکی	
دلائل النبوة	ابوبکر احمد بن حسین بن علی البیہقی	۴۵۸
دلائل النبوة	ابونعیم احمد عبداللہ الاصبہانی	۴۳۰
الدلائل (دلائل الخیرات)	محمد بن سلیمان الجزولی	۸۷۰
الدرایة فی تخریج احادیث الہدایة	شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر العسقلانی	۸۵۲
دررالاحکام	قاضی محمد بن فراموز ملاخسرو	۸۸۵
الدرالمختار	علاء الدین الحصکفی	۱۰۸۸
درمنثور	علامہ جلال الدین عبدالرحمٰن السیوطی	۹۱۱
الدرالسنیه	علامہ احمد بن زینی دحلان	
الدرج المنیفه فی الآباء الشریفه	امام سیوطی	
الدولة المکیه	امام احمد رضا بریلوی	
الدلائل المبینه	حافظ ابوالحسن یحیٰ قریشی	
دارالمنتقی شرح الملتقی		
﴿ذ﴾		
ذخیرة العقبے	یوسف بن جنید الجلبی (چلپی)	[illegible]

کتاب	مصنف	وفات
ذخیرة الفتاوی	برہان الدین محمود بن احمد	۶۱۶
﴿ر﴾		
رسالہ قشیریہ	عبدالحکم بن ہوازن القشیری	۴۶۵
الریاض النضرة فی فضائل العشرة	ابوجعفر احمد بن احمد الشہید بالمحب الطبری	۶۹۴
ردالمحتار	محمد امین ابن عابدین الشامی	۱۲۵۲
رحمة الامة فی اختلاف الائمة	ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن الدمشقی	۷۸۱
رغائب القرآن	ابومروان عبدالملک بن حبیب السلمی القرطبی	۲۳۹
رمزالحقائق شرح کنزالدقائق	بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد العلینی	۸۵۵
﴿ز﴾		
زوائد کتاب الزہد	عبداللہ بن الامام احمد	۳۹۰
زواجر	الحافظ شہاب الدین احمد بن حجر العسقلانی المکی	۹۷۲
زیادات	امام محمد بن حسن الشیبانی	۱۸۹
رسالہ شرنبلالیه		
﴿س﴾		
سراج منیر شرح جامع صغیر	امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث السجستانی	۲۷۵
السنن، اول، دوم	ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب النسائی	۳۰۳
السنن الکبری	ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجه	۲۷۲
السنن الطحاوی	ابوجعفر احمد محمد الطحاوی	۳۲۱
السنن الکبری	ابوبکر احمد بن حسین بن علی البیہقی	۳۵۸

السنن	امام ابوالحسن علی بن عمر الدار قطنی	۳۸۵
السنن	عبداللہ بن عبداللہ الدارمی	۲۵۵
السنن سعید بن السکن	ابن السکن سعیدی بن عثمان	۳۵۳
السنن	سعید بن منصور الخراسانی	۲۷۳
السنن عثمان بن ابی شیبۃ	عثمان بن ابی شیبۃ الکوفی	۲۳۹
السیرۃ الکبری لابن اسحٰق	محمد بن اسحاق بن یسار	۱۵۱
سیرت بن ہشام	ابومحمد عبدالملک بن ہشام	
السنن للدارمی	عبداللہ بن عبدالرحمٰن الدارمی	۲۵۵
سراجی فی المیراث	سراج الدین سجاوندی	
السبیل الجلیۃ	جلال الدین عبدالرحمٰن السیوطی	۹۱۱
سیرۃ النبویہ	علامہ سید احمد دحلان مکی	

﴿ش﴾

شرح معانی الآثار	ابوجعفر احمد بن محمد الطحاوی	۳۲۱
شرح السنۃ	عبداللہ بن محمد البغوی	۵۱۶
شرف النبوۃ	ابوسعید الملک بن عثمان	
شرف المصطفی	حافظ ابوسعید	
شرح الشفاء	علی بن سلطان ملا علی القاری	۱۰۱۴
شرح الصدور	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
شرح شفاء شریف	محمد بن احمد بن محمد بن ابی بکر فرزوق التلمسانی	۷۸۱

شرح المواہب اللدنیہ	علامہ محمد بن عبدالباقی الزرقانی	۱۲۲
شرح السیر الکبیر		
شرح المہذب	محی الدین ابوزکریا یحیی بن شرف النووی	۶۷۶
شرح مسند	عبدالقادری الرافعی الفاروقی	۱۳۳۲
شرح الطیبی علی مشکوۃ المصابیح	شرف الدین حسین بن محمد بن عبداللہ الطیبی	۷۴۳
شرح احیاء العلوم	سید مرتضی بلگرامی	۱۲۰۵
شرح المصابیح	شہاب الدین فضل بن حسین توریشتی حنفی	۶۶۱
شرح منتقی		
شرح المصابیح	قاضی ناصر الدین ابوالخیر عبداللہ محمد بن الشیر ازی ۶۳۱ یا ۶۸۵	
شرح المؤطا	علامہ محمد بن عبدالباقی الزرقانی	۱۱۲۲
شعب الایمان	ابوبکر احمد بن حسین بن علی البیہقی	۴۵۸
شفاء السقام فی زیارت خیر الانام	تقی الدین علی بن عبدالکافی السبکی	۷۵۶
الشفاء تعریف حقوق المصطفی	ابوالفضل عیاض بن موسی	۵۴۴
شعب الایمان	ابوبکر احمد بن حسین بن علی البیہقی	۴۵۸
شرح الاشباہ والنظائر	ابراہیم بن حسین بن احمد بن محمد	۱۰۹۹
شرح الدرر	شیخ اسمعیل بن عبدالغنی النابلسی	۱۰۶۲
شرح المسلم للنووی	شیخ ابوزکریا یحیی بن شرف النووی	۶۷۶
شرح مواہب اللدنیہ	علامہ محمد بن عبدالباقی الزرقانی	۱۱۲۲
شرح موطا امام مالک	علامہ محمد بن عبدالباقی الزرقانی	۱۱۲۲

شرح المہذب للنووی	شیخ ابوزکریا یحیی بن شرف النووی	۶۷۶
شرح النقایہ	مولانا عبدالعلی البرجندی	۹۳۲
شرح الوقایہ	صدرالشریعۃ عبیداللہ بن مسعود	۷۴۷
شرح الہدایۃ	محمد بن محمد بن محمد ابن شحنۃ	۸۹۰
شفاءالسقام فی زیارۃ خیرالانام	تقی الدین علی بن عبدالکافی السبکی	۷۵۶
شرح عقائدالنسفی	سعدالدین مسعود بن عمر تفتازانی	۷۹۲
شرح المقاصد	سعدالدین مسعود بن عمر تفتازانی	۷۹۲
شرح المواقف	سیدشریف علی بن محمدالجرجانی	۸۱۶
شرح السراجی	سیدشریف علی بن محمدالجرجانی	۸۱۶
شرح فقہ اکبر	علی بن سلطان محمدالقاری	۱۰۱۴
شرح قصیدہ اطیب النغم	شاہ ولی اللہ بن شاہ عبدالرحیم الدہلوی	۱۱۷۹
شرح فواتح الرحموت	شاہ ولی اللہ بن شاہ عبدالرحیم الدہلوی	۱۱۷۹
شفاءالعلیل	شاہ ولی اللہ بن شاہ عبدالرحیم الدہلوی	۱۱۷۹
شرح النقایہ لابی المکارم	ابوالمکارم بن عبداللہ بن محمدالدہلوی	۹۰۷
شرح الملتقی	محمد بن محمدالمعروف بابن الہنسی	۹۸۷
شرف النبوۃ	حافظ ابوسعید	
الشہاب الثاقب	مولوی حسین احمد ٹانڈوی	
شریفیہ	علامہ سیدشریف جرجانی	

﴿ص﴾

صحیح ابن حبان	ابوالشیخ محمد بن حبان	۳۵۴
صحیح ابن ابان	عیسی بن ابان بن صدقۃ	۲۲۱
صحیح ابوعوانۃ	یعقوب بن اسحاق الاسفرائنی	۳۱۶
صحیح ابن خزیمۃ	محمد بن اسحق بن خزیمۃ	۳۱۱
صحیح بن السکن	ابن السکن سعید بن عثمان	۳۵۳
صحیح التقاسیم و الانواع	ابوالشیخ محمد بن حبان	۳۵۴
الصحاح	ابوعبداللہ الحاکم نیشاپوری	۴۰۵
صفۃ قبرالنبی ﷺ	ابوبکر محمد بن حسین الآجری	۳۰۶
الصواعق المحرقۃ	الحافظ شہاب الدین احمد بن حجرالمکی	۹۷۳
صغری شرح منیہ	ابرہیم الحلبی	۹۵۶
صراط مستقیم	شاہ اسمعیل دہلوی	۱۲۴۶
الصواعق المحرقۃ	شہاب الدین احمد بن حجرالمکی	۹۷۳
الصوارم الہندیہ	علامہ حشمت علی پیلی بھیتی	
الصارم المسلول	شیخ ابن تیمیہ	
صراط مستقیم	شاہ اسمعیل دہلوی۔	
الصراح		

﴿ض﴾

الضعفاء	امام موسی کاظم	

﴿ط﴾

الطب النبوی	ابونعیم احمد بن عبد اللہ الاصبہانی	۴۳۰
طبقات ابن سعد	محمد بن سعد	۲۳۰
طبقات الحفاظ	امام ابوعبد اللہ الذہبی	۷۴۸
الطحطاوی علی الدر	سید احمد الطحطاوی	۱۳۰۲
الطحطاوی علی المراقی	سید احمد الطحطاوی	۱۳۰۲
الطریقۃ المحمدیۃ	محمد بن بیر علی المعروف ببرکلی	۹۸۱

﴿ظ﴾

ظفر جلیل شرح حص حصین		

﴿ع﴾

علوم الحدیث	ابوعبد اللہ الحاکم النیشاپوری	۴۰۵
عمل الیوم واللیلۃ	حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن اسحاق بن السنی	۳۶۴
عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری	علامہ بدر الدین محمد احمد العینی	۸۵۵
العنایۃ	اکمل الدین محمد بن محمد البابری	۷۸۶
عنایۃ القاضی	شہاب الدین الخفاجی	۱۰۶۹
عمل الیوم واللیلۃ	ابوبکر احمد بن محمد بن السنی	۳۶۴
عوارف المعارف	شہاب الدین سہروردی	۶۳۲
عقد الجید	شاہ ولی اللہ بن شاہ عبد الرحیم الدہلوی	۱۱۷۶
عمدۃ الرعایہ فی حل شرح الوقایہ	محمد بن عبد الحی لکھنوی	۱۳۰۴

﴿غ﴾

غریب الحدیث	ابوعبید اللہ القاسم بن سلام	۲۲۴
الغنیۃ شرح منیۃ	علامہ ابراہیم الحلبی	۹۷۱
غایۃ البیان	شیخ قوام الدین امیر کاتب ابن امیر الاتقانی	۷۵۸
غرر الاحکام	قاضی محمد بن فراموز ملاخسرو	۸۸۵
غمز عیون البصائر	احمد بن محمد الحموی المکی	۱۰۹۸
غنیۃ ذوالاحکام	حسن بن عمار بن علی الشرنبلالی	۱۰۶۹
غنیۃ المستملی	محمد ابراہیم بن محمد الحلبی	۹۵۶
غایۃ الاوطار ترجمہ در مختار	مولوی خرم علی	
غیاث اللغات	غیاث الدین خاں رامپوری	

﴿ف﴾

فتوح المصر	ابوالقاسم بن عبد الحکیم	
فتوح الشام	ابوحذیفہ	
فتح القدیر	کمال الدین محمد بن عبد الواحد ابن الہمام	۸۶۱
فتوح الغیب	شیخ محی الدین ابو محمد عبد القادری الجیلانی	۵۶۱
الفتوحات المکیہ	امام محی الدین محمد بن علی ابن العربی	۶۳۸
فتح الباری	الحافظ شہاب الدین احمد بن حجر العسقلانی المکی	۱۷۳
فتاوی حدیثیہ	الحافظ شہاب الدین احمد بن حجر العسقلانی	۹۷۳
فضائل الصحابۃ	ابونعیم احمد بن عبد اللہ الاصبہانی	۴۳۰
فتاوی النسفی	امام نجم الدین النسفی	۵۳۷

فتاوی رضویہ	امام احمد رضا محدث بریلوی	۱۳۴۰
فتاوی بزازیہ	محمد بن محمد بن شہاب ابن بزاز	۸۲۷
فتاوی حجۃ		
فتاوی خیریۃ	علامہ خیر الدین بن احمد بن علی الرملی	۱۰۸۱
فتاوی سراجیہ	سراج الدین علی بن عثمان الاوشی	۵۷۵
فتاوی قاضی خان	حسن بن منصور قاضی خان	۵۹۲
فتاوی ہندیہ	جمعیت علماء اورنگ زیب عالمگیر	
فتاوی ظہیریۃ	ظہیر الدین ابوبکر محمد بن احمد	۶۱۹
فتاوی ولوالجیۃ	عبد الرشید بن حنفیہ الولوالجی	۵۴۰
فقہ الاکبر	الامام الاعظم ابی حنیفۃ نعمان بن ثابت الکوفی	۱۵۰
فتح المعین شرح قرۃ العین	زین الدین بن علی بن احمد الشافعی	۹۲۸
الفتوحات المکیۃ	محی الدین محمد بن علی ابن عربی	۶۳۸
فواتح الرحموت	عبد العلی محمد بن نظام الدین الکھنوی	۱۲۲۵
فتاوی تاتارخانیہ	عالم بن العلاء الانصاری الدہلوی	۷۸۶
فتح المغیث	امام محمد بن عبد الرحمن السخاوی	۹۰۳
فتاوی غزی	محمد بن عبد اللہ التمر تاشی	۱۰۰۴
فتاوی	شمس الدین الرملی	
فتح الملک المجید		
فتح العزیز (تفسیر عزیزی)	عبد العزیز بن ولی اللہ الدہلوی	۱۲۳۹

فتح المتعال فی مدح النعال	امام فتح محمد بن مغرب	
فتاوی غزی	علامہ محمد بن عبد اللہ تمر تاشی	
فتاوی افریقہ	امام احمد رضا محدث بریلوی	۱۳۴۰
فتاوی صوفیہ		
فتاوی عزیزیہ	الشاہ عبد العزیز محدث دہلوی	
فتاوی برہنہ		
فتاوی دیوبند		

﴿ق﴾

قرۃ العین	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	۱۱۷۶
قصر الامل	ابوبکر عبد اللہ بن محمد بن عبید بن ابی الدنیا القرشی	۲۸۱
قضاء الحوائج	ابوبکر عبد اللہ بن محمد بن عبید بن ابی الدنیا القرشی	۱۸۱
قضاء الحوائج	ابو الغنائم الفرسی	
قوۃ القلوب فی معاملۃ المحبوب	ابو طالب محمد بن علی المکی	۳۸۶
القول الصواب فی فضل عمر بن الخطاب	ابراہیم بن عبد اللہ المدنی الشافعی	
القول المسدد	شہاب الدین احمد بن علی القسطلانی	۸۵۲
قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین	شاہ ولی اللہ بن شاہ عبد الرحیم الدہلوی	۱۱۷۹
القول الجمیل	شاہ ولی اللہ بن شاہ عبد الرحیم الدہلوی	۱۱۷۹
قصیدہ بردہ شریفہ	امام بوصیری	
القول الجمیل	الشاہ ولی اللہ محدث دہلوی	

﴿ک﴾

کتاب الاستذکار والتمہید — ابوعمر یوسف بن عبدالبر — ٤٦٣
کتاب الاسماء والصفات — ابوبکر احمد بن حسین بن علی البیہقی — ٤٥٨
کتاب الآثار — ابوعبداللہ محمد بن الحسن الشیبانی — ١٨٩
کتاب البعث والنشور — ابوبکر احمد بن حسین بن علی البیہقی — ٤٥٨
کتاب التاریخ — ابوبکر احمد بن علی الخطیب البغدادی — ٤٦٣
کتاب التمہید — ابوبکر عبداللہ بن محمد بن عبید بن ابی الدنیا القرشی — ٢٨١
کتاب التمہید — ابونعیم احمد بن عبداللہ الاصبہانی — ٤٣٠
کتاب الترغیب — امام ابوالقاسم الاصبہانی — ٥٣٥
کتاب التذکرۃ — ابوعبداللہ محمد بن احمد القرطبی
کتاب الزہد — امام احمد بن محمد بن حنبل — ٢٤١
کتاب الزہد — امام عبداللہ بن المبارک — ١٨٠
کیمیائے سعادت — امام محمد بن محمد الغزالی — ٥٠٥
کتاب الشمائل — ابوعیسی محمد بن عیسی الترمذی — ٢٧٩
کتاب الضعفاء الکبیر — ابوجعفر محمد بن عمرو العقیلی المکی — ٣٢٢
کتاب الضعفاء — ابوالشیخ محمد بن حبان — ٣٥٤
کتاب الطب — حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن اسحٰق بن السنی — ٣٦٤
کتاب العلل — ابوعیسی محمد بن عیسی الترمذی — ٢٧٩

کتاب العلل — ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن الجوزی — ٥٩٨
کنز العمال — علاء الدین علی المتقی حسام الدین الہندی — ٩٧٥
کشف الغمۃ عن جمیع الامۃ — شیخ عبدالوہاب بن احمد الشعرانی — ٩٨٣
کتاب فضل العلم — الموہبی
الکامل لابن عدی — ابواحمد عبداللہ بن عدی — ٣٦٥
کتاب المراسیل — امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث السجستانی — ٢٧٥
کتاب المناقب — امام احمد بن محمد بن حنبل — ٢٤١
کتاب المعرفۃ — ابوبکر احمد بن حسین بن علی البیہقی — ٤٥٨
کتاب المغازی — محمد بن عمر بن واقد الواقدی — ٢٠٧
کتاب الناسخ والمنسوخ — محمد بن موسی الحازمی — ٥٨٤
کتاب الوفاء — سید نور الدین علی بن احمد سمہودی المدنی الشافعی — ٩١١
کتاب العلل علی ابواب الفقہ — ابومحمد عبدالرحمٰن ابن ابی حاتم محمد الرازی — ٣٢٧
الکفایہ — جلال الدین بن شمس الدین الخوارزمی — تقریبا ٨٠٠
کنز الدقائق — عبداللہ بن احمد بن محمود — ٧١٠
کتاب الجرح والتعدیل — محمد بن حبان التمیمی — ٣٥٤
کتاب المغازی — یحیی بن سعید القطان — ١٩٨
کتاب الزہد — عبداللہ بن مبارک — ١٨٠
الکشاف عن حقائق التنزیل — جاراللہ محمود بن عمر الزمخشری — ٥٣٨
کتاب الضعفاء الکبیر — ابوجعفر محمد بن عمرو العقیلی المکی — ٣٢٢

کیمیائے سعادت	امام محمد بن محمد الغزالی	۵۰۵
کشف الغمہ	شیخ عبدالوہاب بن احمد الشعرانی	۹۷۳
کتاب المغازی	محمد بن عمر بن واقد الواقدی	۲۰۷
کتاب الاعتقاد	ابوبکر احمد بن حسین بن علی البیہقی	۴۵۸
الکلمۃ العلیا	صدرالافاضل محمد نعیم الدین مرادآبادی	
کبیری	علامہ حلبی	
کشف الغطاء		
کتاب الاذکار	امام نووی	
کتاب اخبار المدینہ		
کریم اللعات		

﴿ل﴾

اللآلی المصنوعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
لمعات التنقیح	علامہ شیخ عبدالحق المحدث الدہلوی	۱۰۵۲

﴿م﴾

مسند امام اعظم	امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت	۱۵۰
المدخل	ابوبکر احمد بن حسین بن علی البیہقی	۴۵۸
مسند امام احمد بن حنبل	امام احمد بن حنبل،	۲۴۱
مؤطا امام مالک	امام مالک بن انس المدنی	۱۷۹
مؤطا امام محمد	ابوعبداللہ بن محمد بن الحسن الشیبانی	۱۸۹

معانی الآثار	ابوجعفر احمد بن محمد الطحاوی	۳۲۱
مکارم اخلاق	محمد بن جعفر الخرائطی	۳۲۱
مبسوط امام محمد	ابوعبداللہ عبداللہ حسن الشیبانی	
المعجم الاوسط	ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی	۳۶۰
مصنف ابن ابی شیبۃ	ابوبکر عبداللہ بن محمد	۲۳۵
المائتین	ابوعثمان اسماعیل بن عبدالرحمٰن الصابونی	۴۴۹
مسند ابوداؤد	سلیمان بن داؤد الطیالسی	۲۰۴
موضوعات ابن جوزی	ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی بن الجوزی،	۵۹۷
مقدمۃ ابن الصلاح	ابوعمرو تقی الدین عثمان بن عبدالرحمٰن	۶۴۳
مسند البزار	ابوبکر احمد بن عمرو بن عبدالخالق البزار	۲۹۲
مجمع البحار	علامہ محمد بن طاہر الفتنی (پٹنی) ہندی	۹۸۶
مدارک التنزیل (تفسیر نسفی)	ابوالبرکات عبداللہ بن احمد النسفی	۷۱۰
المقاصد الحسنۃ	شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی	۹۰۲
مطالع المسرات	ابوحامد بن ابی المحاسن یوسف بن محمد الفاسی	۱۰۵۲
المغنی عن حمل الاسفار (تخریج احیاء العلوم)	حافظ عبدالرحیم بن حسین العراقی	۸۰۶
المستدرک للحاکم	ابوعبداللہ الحاکم النیشاپوری	۴۰۵
مرقاۃ شرح مشکوۃ	علی بن سلطان ملا علی القاری	۱۰۱
مدخل الشرع الشریف	ابن الحاج ابی عبداللہ محمد بن العبدری	۷۳۷
میزان الشریعۃ الکبری	شیخ امام عبدالوہاب بن احمد الشعرانی	۹۷۳

مسند شافعین	ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبری	۳۶۰
المعجم الصغیر	ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی	۳۶۰
مرقاۃ الصعود	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
مصنف عبدالرزاق	ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام الصنعانی	۲۱۱
مقدمہ غزنویۃ		
مسند الفردوس	شہردار بن شیرویہ الدیلمی	۸۵۸
المعجم الکبیر	ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی	۳۶۰
مسند کبیر		
موضوعات کبیر	علی بن سلطان ملا علی القاری	۱۰۱۴
المواہب اللدنیہ	شہاب الدین احمد بن محمد القسطلانی الشافعی	۹۲۳
مشکوۃ المصابیح للتبریزی	شیخ ولی الدین العراقی	۷۴۲
مبسوط خواہرزادہ	بکر خواہرزادہ محمد بن حسن البخاری الحنفی	۴۸۳
مبسوط السرخسی	شمس الائمۃ محمد بن احمد السرخسی	۴۸۳
مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر	نورالدین علی الباقانی	۹۹۵
مجمع بحار الانوار	محمد طاہر الفتنی	۹۸۱
مجمع الانہر	الشیخ عبداللہ بن محمد بن سلیمان المعروف بداماد آفندی	۱۰۷۸
المحیط البرہانی	امام برہان الدین محمود بن تاج الدین	۶۱۶
المحیط الرضوی	رضی الدین محمد بن محمد السرخسی	۶۷۱
مختارات النوازل	برہان الدین علی بن ابی بکر المرغینانی	۵۹۳

مختار الصحاح	محمد بن ابی بکر عبدالقادر الرازی	۶۶۰
مدخل الشرع الشریف	ابن الحاج ابی عبداللہ محمد بن محمد العبدری	۷۳۷
مراقی الفلاح بامداد الفتاح	حسن بن عمار بن علی الشرنبلالی	۱۰۶۹
مرقات شرح مشکوۃ	علی ابن سلطان ملا علی قاری	۱۰۱۴
مرقات الصعود	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
المستدرک للحاکم	ابوعبداللہ الحاکم	۴۰۵
مسلم الثبوت	محب اللہ البہاری	۱۱۱۹
المقامۃ السندسیہ	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
مسالک الحنفاء	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱
مظاہر الحق ترجمہ مشکوۃ		
المناصحہ فی تحقیق المصافحہ		
مجمع الانہر	شیخ زادہ	
المسوی شرح الموطا	الشاہ ولی اللہ محدث دہلوی	
مثیر العزم	ابن جوزی	
مرثیہ رشید احمد گنگوہی	مولوی محمود الحسن دیوبندی	
المولد الکبیر	علامہ ابن حجر مکی	
المنح الفکریہ فی شرح الجزریہ	علامہ علی قاری	
مجمع البحرین		
ماثبت بالسنہ	الشیخ عبدالحق محدث دہلوی	۱۰۵۲

مالابدمنہ

﴿ن﴾

نسیم الریاض	علامہ شہاب الدین الخفاجی	۱۰۶۹
نصب الرایۃ	عبداللہ بن یوسف الزیلعی	۷۶۲
نوادرالاصول فی معرفۃ اخبار الرسول	ابوعبداللہ بن محمد بن علی الحکیم الترمذی	۲۵۵
النہایہ فی غریب الحدیث والاثر	محب الدین مبارک بن محمد الجزری ابن اثیر	۶۰۶
نورالایضاح	حسن بن عمار بن علی الشرنبلالی	۱۰۶۹
نیل الاوطار	محمد بن علی الشوکانی	۱۲۵۵
نیل الشفاء بنعل المصطفی	مولوی اشرف علی تھانوی	
نشر العلمین المنیفین فی احیاء الابوین الشریفین		

﴿و﴾

وفاءالوفاء	سیدنورالدین علی بن احمد سمہودی مدنی الشافعی	۹۱۱

﴿ہ﴾

الہدایۃ	برہان الدین علی ابوالحسن الفرغانی	۵۹۳یا۵۹۶

﴿ی﴾

الیواقیت والجواہر	برہان الدین علی ابوالحسن الفرغانی	۵۹۳یا۵۹۶